# فتاویٰ دارالعلوم زکریا

جلد چہارم

★ کتاب الطلاق ★ کتاب الأیمان والنذر

★ کتاب الحدود والقصاص ★ کتاب الوقف


افادات

حضرت مولانا مفتی رضاء الحق صاحب دامت برکاتہم

استاذ الحدیث ومفتی دارالعلوم زکریا، جنوبی افریقہ

زیر اہتمام


حضرت مولانا شبیر احمد سالوجی مدظلہ

مہتمم دارالعلوم زکریا، لینیشیا، جنوبی افریقہ

تہذیب وتحقیق

محمد الیاس شیخ عفی عنہ

رفیق دارالافتاء دارالعلوم زکریا، جنوبی افریقہ


زمزم پبلشرز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
فاسئلوا أهل الذكر إن كنتم لا تعلمون

# فتاویٰ دار العلوم زکریا

جلد چہارم

کتاب الطلاق ، کتاب الأیمان والنذر
کتاب الحدود والقصاص ، کتاب الوقف


افادات
حضرت مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ
شیخ الحدیث ومفتی دار العلوم زکریا، جنوبی افریقہ

زیر اہتمام
حضرت مولانا شبیر احمد سالوجی مدظلہ
مہتمم دار العلوم زکریا، لینیشیا، جنوبی افریقہ

تہذیب وتحقیق
محمد الیاس شیخ عفی عنہ
رفیق دار الافتاء دار العلوم زکریا، جنوبی افریقہ



ناشر
زمزم پبلشرز
نزد مقدس مسجد، اردو بازار، کراچی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ھیں

کتاب کا نام ـــــ فتاویٰ دار العلوم زکریا جلد چہارم

تاریخ اشاعت ـــــ دسمبر ۲۰۱۰ء

صفحات ـــــ ۷۷۲

باہتمام ـــــ احباب زمزم پبلشرز

ناشر ـــــ زمزم پبلشرز کراچی

شاہ زیب سینٹر نزد مقدس مسجد، اُردو بازار کراچی

فون: 021-32729089

فیکس: 021-32725673

ای میل: zamzam01@cyber.net.pk

ویب سائٹ: www.zamzampublishers.com

ملنے کے دیگر پتے

- مکتبہ بیت العلم، اردو بازار کراچی۔ فون: 32726509
- مکتبہ دار الھدیٰ، اردو بازار کراچی۔ فون: 32711814
- دار الاشاعت، اُردو بازار کراچی
- قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی
- مکتبہ رحمانیہ، اُردو بازار لاہور

- **Darul Uloom Zakaria**
  P.O. Box 10786, Lenasia
  1820 Gauteng
  South Africa
- **Azhar Academy Ltd.**
  54-68 Little Ilford Lane
  Manor Park London E12 5QA
  Phone: 020-8911-9797
- **ISLAMIC BOOK CENTRE**
  119-121 Halliwell Road, Bolton Bl1 3NE
  U.K
  Tel/Fax : 01204-389080

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اجمالی فہرست

## فہرست کتب وابواب

# کتاب الطلاق


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| باب......﴿۱﴾طلاق واقع ہونے نہ ہونے کابیان | ۴۱ |
| باب......﴿۲﴾صریح الفاظ سے طلاق دینے کابیان | ۶۴ |
| باب......﴿۳﴾طلاقِ ثلاثہ کابیان:........................ | ۷۵ |
| باب......﴿٤﴾ کنایاتِ طلاق کابیان:........................ | ۱۲۳ |
| باب......﴿۵﴾طلاق بالکتابت کابیان:.................. | ۱۵۷ |
| باب......﴿٦﴾تفویض، توکیل اورتعلیق طلاق کابیان | ۱۸۳ |
| باب......﴿۷﴾سکران،مجنون اورمکرَہ کی طلاق کابیان:.. | ۲۰۹ |
| باب......﴿۸،۹،۱۰﴾ظہار،ایلاء اورخلع کابیان:..... | ۲۱۹ |
| باب......﴿۱۱﴾فسخ وتفریق کابیان:...................... | ۲۳۹ |
| باب......﴿۱۲﴾عدت کابیان:.............................. | ۲۸۷ |
| باب......﴿۱۳﴾ثبوت نسب کابیان:......................... | ۳۳۰ |
| باب......﴿۱٤﴾حضانت کا بیان:........................... | ۳۴۶ |
| باب......﴿۱۵﴾نفقہ اورسکنی کابیان:....................... | ۳۶۰ |

باب الرضاع: ۳۸۸
باب حقوق الزوجین: ۴۰۹

# كتاب الأيمان والنذور

باب ﴿۱﴾ ایمان کا بیان: ۴۴۴
باب ﴿۲﴾ نذر کا بیان: ۴۶۹
باب ﴿۳﴾ کفارۂ یمین کا بیان: ۴۹۹

# كتاب الحدود والقصاص

باب ﴿۱﴾ حدود اور قصاص کا بیان: ۵۰۹
باب ﴿۲﴾ تعزیرات کا بیان: ۵۷۱
باب ﴿۳﴾ احکام الضمان: ۶۰۶

# كتاب الوقف

باب ﴿۱﴾ مطلق وقف کا بیان: ۶۲۵
باب ﴿۲﴾ ما یتعلق بالمساجد: ۶۵۹
باب ﴿۳﴾ ما یتعلق بالمدارس: ۷۳۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## فہرستِ عنوانات

# فتاویٰ دار العلوم زکریا جلد چہارم


مقدمہ: .......... ۳۴

فتاویٰ دار العلوم زکریا پر تعارف وتبصرے: .......... ۳۷

دار العلوم زکریا پر ایک طائرانہ نظر: .......... ۳۹


# کتاب الطلاق

## باب ۱

## طلاق واقع ہونے نہ ہونے کا بیان


جھوٹا اقرار کرنے اور اس پر گواہ پیش کرنے سے وقوعِ طلاق کا حکم: .......... ۴۲

کسی مصلحت سے بلانیت طلاق کہہ دینے سے وقوع طلاق کا حکم: .......... ۴۳

آئندہ طلاق دینے کے ارادہ سے وقوعِ طلاق کا حکم: .......... ۴۴

| | |
|---|---|
| صیغۂ حال سے وقوعِ طلاق کا حکم: | ۴۵ |
| بحالتِ حمل طلاق دینے کا حکم: | ۴۶ |
| بغیر نسبت طلاق دینے سے وقوعِ طلاق کا حکم: | ۴۷ |
| ''سمجھ لینا کہ طلاق ہے'' کو طلاق مت سمجھو: | ۴۸ |
| ڈرامہ میں حکایۃً طلاق دینے سے وقوع طلاق کا حکم: | ۴۹ |
| لفظ ''طاق'' سے وقوع طلاق کا حکم: | ۵۰ |
| اخرس کی طلاق کا حکم: | ۵۰ |
| ٹیلی فون پر طلاق دینے سے وقوعِ طلاق کا حکم: | ۵۲ |
| بذریعہ ایس ایم ایس (SMS) طلاق دینے کا حکم: | ۵۳ |
| متصلاً اِن شاء اللہ کہنے سے وقوعِ طلاق کا حکم: | ۵۵ |
| سراً ان شاء اللہ کہنے سے وقوع طلاق کا حکم: | ۵۵ |
| شوہر کا منہ بند کر لینے سے وقوعِ طلاق کا حکم: | ۵۷ |
| والدین کے کہنے پر طلاق دینے کا حکم: | ۵۸ |
| امساک بالمعروف نہ کرنے پر طلاق کا حکم: | ۶۰ |
| بے جا اور بلا وجہ شرعی ہونے والی طلاق روکنے کی تدبیر: | ۶۲ |


## باب ﴿۲﴾

## صریح الفاظ سے طلاق دینے کا بیان


| | |
|---|---|
| تین طلاق دیکر تاکید کی نیت کرنے کا حکم: | ۶۵ |
| الفاظِ صریحہ میں تاکید کی نیت کا حکم: | ۶۶ |
| خالی الذہن کی طلاق کا حکم: | ۶۷ |
| مذاق میں صریح الفاظ سے طلاق دینے کا حکم: | ۶۸ |

طلاق کہکر زوج اول کی طلاق مراد لینے کا حکم: ............ ۶۹
" أنت طالق واحدة في ثنتين " کہنے کا حکم: ............ ۷۰
ڈر کی وجہ سے لاعلمی میں تین مرتبہ "أنت طالق" کہنے کا حکم: ............ ۷۱
تعداد میں شک ہونے سے طلاق کا حکم: ............ ۷۲
''تجھے ایک دو تین طلاق'' کہنے کا حکم: ............ ۷۲
''تین شرط پر طلاق'' کہنے کا حکم: ............ ۷۳

## باب ...... ﴿۳﴾

## طلاقِ ثلاثہ کا بیان

''رسالہ''

## جمع الاثاث فی حکم الطلقات الثلاث

ایک مجلس میں ایک کلمہ سے تین طلاق واقع ہونے کا حکم: ............ ۷۷
کتاب اللہ سے دلائل: ............ ۷۷
احادیث سے دلائل: ............ ۸۱
آثارِ صحابہ سے دلائل: ............ ۸۶
اجماع امت سے دلائل: ............ ۸۹
☆ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف مخالفتِ اجماع کی غلط نسبت: ............ ۹۱
مخالف دلائل پر ایک نظر: ............ ۹۲
امام ابوداودؒ کی تصحیح پر اشکال اور جواب: ............ ۹۷
ابوداود کے رجال کی تحقیق: ............ ۹۸
دوسری سند کی تحقیق: ............ ۹۹

| | |
|---|---|
| مسند احمد کی روایت کی تحقیق: | ۱۰۰ |
| طلاق، طلاق، طلاق سے طلاقِ ثلاثہ کا حکم: | ۱۰۳ |
| دو طلاق دیکر تین کہنے کا حکم: | ۱۰۴ |
| ''ایک دی دو دے رہا ہوں'' سے تین طلاق کا حکم: | ۱۰۵ |
| زوجہ کے مطالبہ پر شوہر نے کہا آپ کو مل گئی: | ۱۰۶ |
| مطالبہ پر تین مرتبہ (I talaaq you) کہنے کا حکم: | ۱۰۷ |
| دو طلاق کے بعد فسخ کرانے پر مغلظہ ہونے کا حکم: | ۱۰۸ |
| غصہ کی حالت میں تین طلاق کا حکم: | ۱۰۹ |
| بحالتِ غصہ سو طلاق دینے کا حکم: | ۱۱۰ |
| حالتِ حیض میں طلاقِ ثلاثہ کا حکم: | ۱۱۲ |
| طلاقِ ثلاثہ کے بعد شوہر کے منکر ہونے کا حکم: | ۱۱۳ |
| طلاقِ ثلاثہ میں مفتی کے فیصلہ پر قاضی کے فیصلہ کی ترجیح: | ۱۱۵ |
| فقہاء کی اصطلاح ''المرأة كالقاضي'' کی تحقیق: | ۱۱۶ |
| مطلقہ ثلاثہ کے مرتد ہونے سے سقوطِ حلالہ کا حکم: | ۱۱۹ |
| حلالہ میں دخول کی شرط ساقط کرنے کا حکم: | ۱۲۰ |


## باب ...... ﴿۴﴾

## کنایاتِ طلاق کا بیان


| | |
|---|---|
| ''تمہارے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں'' کہنے کا حکم: | ۱۲۴ |
| ''تو مجھ پر حرام ہے'' تین مرتبہ کہنے کا حکم: | ۱۲۵ |
| ''تجھ کو چھوڑ دیا'' تین مرتبہ کہنے کا حکم: | ۱۲۷ |
| ''طلاق دیتا ہوں... یہ حرفِ آخر ہے'' کہنے کا حکم: | ۱۲۸ |

| | |
|---|---|
| ’’میری بیوی نہیں، گھر سے نکل جا‘‘ ان الفاظ سے طلاق کا حکم: | ۱۲۹ |
| طلاقِ بائن کے بعد بنیتِ انشاء طلاقِ بائن کا حکم: | ۱۳۰ |
| It's all over (سب کچھ ختم) کہنے کا حکم: | ۱۳۲ |
| ’’ہماری اسلامی شادی ختم ہوگئی‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۳۳ |
| ’’دوسری جگہ شادی کرنے کی اجازت ہے‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۳۵ |
| ’’تم ہمارے گھر سے چلی جاؤ‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۳۶ |
| ’’نکل جا اپنی ماں کے گھر چلی جا‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۳۷ |
| ’’نہ میں تیرا شوہر ہوں نہ تو میری بیوی ہے‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۳۸ |
| مذاکرۂ طلاق کا مطلب: | ۱۳۹ |
| ’’سامان لیکر اپنے والدین کے گھر چلی جا‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۴۰ |
| ریٹائرڈ (Retired) کردیا کہنے کا حکم: | ۱۴۱ |
| ’’جاؤ تم آزاد ہو، آزاد کرتا ہوں‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۴۲ |
| ’’تم چلی جاؤ‘‘ سے تین طلاق کی نیت کرنے کا حکم: | ۱۴۳ |
| ’’اپنا مطبخ لیکر چلی جاؤ‘‘ کہنے سے طلاق کا حکم: | ۱۴۴ |
| ’’نکاح کا رشتہ ٹوٹ گیا‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۴۵ |
| ’’أخرجتك من نكاحي‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۴۷ |
| ’’نکاح سالم نہیں رہا‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۴۷ |
| ’’گھر سے نکل جاؤ‘‘ بغیر نیتِ طلاق کہنے کا حکم: | ۱۴۸ |
| ’’خدا کی قسم اس عورت کو کبھی نہیں رکھوں گا‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۴۹ |
| ’’تو میری بیوی نہیں‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۵۱ |
| بیٹے کو طلاقی کے بچے کہنے کا حکم: | ۱۵۱ |
| طلاقن کہنے سے طلاق کا حکم: | ۱۵۲ |
| ’’تو میری بہن کے برابر ہے‘‘ کہنے کا حکم: | ۱۵۳ |

''تم سب سے کہدو کہ طلاق دیدی'' کہنے کا حکم:............ ۱۵۴
''والدہ کے گھر چلی جا، یہاں تک کہ عقل ٹھیک ہوجائے'' کہنے کا حکم:............ ۱۵۵
''والدین کے گھر گئی تو تیسری'' کہنے کا حکم:............ ۱۵۵

## باب......﴿۵﴾

## طلاق بالکتابت کا بیان

''رسالہ''

## ''الدلائل الباهرة فی تنفیذ کتابة الطلاق للزوجة الحاضرة''

زوجہ کی موجودگی میں طلاق بالکتابت کا حکم:............ ۱۵۹
طلاق بالکتابت فی الحاضر کا ایک مسئلہ:............ ۱۶۸
غیر معتاد طریقہ پر طلاق بالکتابت کا حکم:............ ۱۷۱
بجبر واکراہ تحریری طلاق کا حکم:............ ۱۷۲
بحالتِ نشہ طلاق نامہ پر دستخط کروانے کا حکم:............ ۱۷۳
زبان سے کہے بغیر محض تحریری طلاق کا حکم:............ ۱۷۴
مولوی صاحب کے کہنے پر طلاق نامہ لکھنے کا حکم:............ ۱۷۵
طلاق نامہ پر دستخط کرنے سے طلاق کا حکم:............ ۱۷۷
طلاق نامہ بھیجنے کے بعد تصدیق کے لیے دوسرا خط بھیجنے کا حکم:............ ۱۷۸
میاں بیوی کے ایک معاہدے پر دستخط کرنے کا حکم:............ ۱۷۹
تحریری طلاق معلق کرنے کا حکم:............ ۱۷۹
شوہر خط کا منکر ہو تو طلاق کا حکم:............ ۱۸۱

## باب ......﴿۶﴾

## تفویض، توکیل اور تعلیقِ طلاق کا بیان


| | |
|---|---|
| تفویض طلاق کی ایک صورت: | ۱۸۴ |
| تفویض طلاق اور توکیل طلاق میں فرق: | ۱۸۶ |
| تفویض طلاق کے بعد رجوع کرنے کا حکم: | ۱۸۸ |
| تفویض طلاق کا مجلس تک محدود رہنے کا حکم: | ۱۸۸ |
| ''پہلی طلاق شوہر کا حق دوسری بیوی کا حق اور تیسری شوہر کا حق'' کہنے کا حکم: | ۱۸۹ |
| ''إن دخلت دار أمك فأنت طالق ثلاثاً'' سے تعلیق کا حکم: | ۱۹۱ |
| ''اگر میں لینس گیا تو مجھ پر تین طلاق'' کہنے کا حکم: | ۱۹۲ |
| ''مکان میں جاؤ تو واپس نہ آنا'' اس جملہ سے تعلیق کا حکم: | ۱۹۳ |
| ''جب ہوا چلے گی تو تجھ کو طلاق'' سے تعلیق کا حکم: | ۱۹۴ |
| ''فلاں چیز دیکھوں تو میری بیوی کو طلاق'' کہنے سے تعلیق کا حکم: | ۱۹۵ |
| ''اگر وجہ بیان نہیں کرتی تو ایک طلاق کے ساتھ الگ ہو جا'' کہنے کا حکم: | ۱۹۶ |
| تعلیق اور تنجیز میں زوجین کے اختلاف کا حکم: | ۱۹۷ |
| ''بیوی کی اجازت کے بغیر نکاح کروں تو طلاق'' کہنے کا حکم: | ۱۹۸ |
| تعلیق طلاق کی ایک صورت: | ۱۹۹ |
| ''مجھے دوبارہ فون کرلے تو سمجھ لیجئے کہ طلاق'' کہنے کا حکم: | ۱۹۹ |
| ''تقریر سنوں تو میری بیوی کو طلاق'' کہنے کا حکم: | ۲۰۱ |
| ''جب بھی میں شادی کروں تو میری بیوی کو طلاق'' کہنے کا حکم: | ۲۰۲ |
| تعلیق طلاق میں شافعی قاضی سے فیصلہ کرانے کا حکم: | ۲۰۳ |

## باب ......﴿۷﴾

## سکران، مجنون اور مکرَہ کی طلاق کا بیان


| | |
|---|---|
| بحالتِ نشہ وقوعِ طلاق کا حکم: ........ | ۲۱۰ |
| حالتِ غصہ میں عقل زائل ہونے پر طلاق کا حکم: ........ | ۲۱۳ |
| مسحور اور آسیب زدہ کی طلاق کا حکم: ........ | ۲۱۴ |
| بحالتِ جبر واکراہ وقوعِ طلاق کا حکم: ........ | ۲۱۶ |
| پولیس کی دھمکی اکراہ میں داخل ہے: ........ | ۲۱۷ |


## باب ......﴿۸، ۹، ۱۰﴾

## ظہار، ایلاء اور خلع کا بیان


| | |
|---|---|
| شریعتِ مطہرہ میں ظہار کا صحیح مفہوم: ........ | ۲۲۰ |
| ظہار کے ارکان وشرائط: ........ | ۲۲۱ |
| مطلق ظہار کا حکم: ........ | ۲۲۳ |
| ظہار کا حکم ختم ہونے یا باطل ہونے کا حکم: ........ | ۲۲۴ |
| کفارۂ ظہار کا حکم: ........ | ۲۲۵ |
| ظہار میں عزت واحترام کی نیت کا حکم: ........ | ۲۲۵ |
| ''تو میری ماں ہے'' کہنے سے ظہار یا طلاق کا حکم: ........ | ۲۲۶ |
| ''تجھے رکھوں تو ماں بہن کو رکھوں'' کہنے کا حکم: ........ | ۲۲۹ |


## باب ......﴿۹﴾

## ایلاء کا بیان

ایک سال تک عدم قربان کی قسم کھانے کا حکم: ........ ۲۳۰

ہم بستری پر چار رکعت نماز کی قسم سے ایلاء کا حکم: ........ ۲۳۱

شرعاً ایلاء محقق ہونے کے لیے کچھ شرائط ہیں، ملاحظہ فرمائیں: ........ ۲۳۲

ایلاء کی چند اقسام: ........ ۲۳۳

ایلاء کے احکام: ........ ۲۳۳

ایلاء سے رجوع کرنے کا حکم: ........ ۲۳۴


## باب ...... ﴿۱۰﴾

## خلع کا بیان


شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کرنے کا حکم: ........ ۲۳۶

شوہر کے ظلم کی بنا پر خلع کرنے کا حکم: ........ ۲۳۷


## باب ...... ﴿۱۱﴾

## فسخ وتفریق کا بیان


شوہر کا نفقہ ادا نہ کرنے پر تفریق کا حکم: ........ ۲۴۰

کورٹ میں غیر مسلم جج کا فیصلہ معتبر نہیں: ........ ۲۴۲

شوہر کے طویل عرصہ قید ہونے کی وجہ سے تفریق کا حکم: ........ ۲۴۳

شوہر کے مجنون ہونے کی وجہ سے فسخِ نکاح کا حکم: ........ ۲۴۶

مرض ایڈس (Aids) کی وجہ سے فسخ نکاح کا حکم: ........ ۲۴۷

تعدیہ امراض اور احادیث میں تطبیق: ........ ۲۵۰

زوجین میں شقاق کی وجہ سے فسخ وتفریق کا حکم: ........ ۲۵۲

مار پیٹ اور زوجہ کی تحقیر پر فسخ وتفریق کا حکم: ........ ۲۵۷

| | |
|---|---|
| شیعہ شوہر کے چھوڑ کر چلے جانے پر فسخ نکاح کا حکم: | ۲۶۱ |
| شوہر کا مدتِ طویلہ تک خبر گیری نہ کرنے پر فسخ نکاح کا حکم: | ۲۶۲ |
| دائم المرض کی زوجہ کے لیے فسخ نکاح کا حکم: | ۲۶۳ |
| جنگ میں مفقود الخبر کی بیوی کا حکم: | ۲۶۴ |
| شوہر کے اکثر غائب رہنے کی وجہ سے فسخ نکاح کا حکم: | ۲۶۶ |
| اجنبی عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات کی بنا پر فسخ کا حکم: | ۲۶۷ |
| ایک مولوی صاحب کے تفریق کرنے پر فسخ کا حکم: | ۲۶۸ |
| مرتد ہونے سے فسخ نکاح کا حکم: | ۲۷۰ |
| غیر مسلم جج کے تفریق کرنے سے فسخ نکاح کا حکم: | ۲۷۲ |
| غیر مسلم عدالتوں میں فسخ کی متبادل صورتیں: | ۲۷۳ |
| ''ہاں غیر مسلم جج کو وکیل بنادے پھر وہ طلاق کا فیصلہ کردے تو نافذ ہوجائے گا'': | ۲۷۵ |
| وقوعِ طلاق کی دوسری صورت: | ۲۷۶ |
| ﴿اختیار نامہ﴾ | ۲۷۸ |
| ﴿اقرار نامہ﴾ | ۲۷۹ |
| AGREEMENT: | ۲۸۰ |

## فصل دوم

## فسخ وتفریق کے بنیادی اصول کا بیان

| | |
|---|---|
| فسخ وتفریق کا مفہوم اور عورت کو رشتہ نکاح ختم کرنے کا اختیار: | ۲۸۱ |
| شرائط قضاء اور جماعت مسلمین یا جمعیت العلماء کے احکام: | ۲۸۳ |
| منصبِ قضاء سے متعلق وضاحت: | ۲۸۳ |

| | |
|---|---|
| قاضی کی کچھ صفات کا بیان:........................................ | ۲۸۳ |
| جماعتِ مسلمین کی شرائط:........................................ | ۲۸۵ |
| حکمین کی شرائط:........................................ | ۲۸۶ |

## باب ......﴿۱۲﴾

## عدت کا بیان

## فصل اول

## عدت گزارنے کے احکام

| | |
|---|---|
| شریعت مطہرہ میں عدت کا صحیح:........................................ | ۲۸۸ |
| وجوب عدت کے شرائط:........................................ | ۲۸۸ |
| مدتِ عدت:........................................ | ۲۸۹ |
| عدت کی ابتداء:........................................ | ۲۸۹ |
| نابالغ شوہر کی خلوت سے عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۱ |
| نامرد کی خلوت سے وجوبِ عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۱ |
| حائضہ کے ساتھ ایک شب گزار کر طلاق دینے سے عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۲ |
| عورت کے نا قابل جماع ہونے سے عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۳ |
| شوہر کے مرتد ہونے سے وجوبِ عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۴ |
| غلط فہمی میں صحبت کرنے سے وجوبِ عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۵ |
| نابالغہ پر وجوبِ عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۶ |
| معتدہ کے ساتھ وطی بالشبہ سے نئی عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۶ |
| رخصتی سے پہلے طلاق ہونے پر عدت کا حکم:........................................ | ۲۹۷ |

| | |
|---|---|
| صغیرہ قابل جماع نہ ہوتو عدت کا حکم:........................ | ۲۹۹ |
| غیر مسلمہ پر عدتِ وفات کا حکم:........................ | ۳۰۰ |
| نومسلمہ پر عدتِ وفات کا حکم:........................ | ۳۰۱ |
| طلاقِ سنت میں عدت گزارنے کا طریقہ:........................ | ۳۰۲ |
| مطلقاً مہینوں سے تعیین عدت کا حکم:........................ | ۳۰۲ |
| قرآن وحدیث سے چند دلائل:........................ | ۳۰۳ |
| ممتدۃ الطہر کی عدت کا طریقہ:........................ | ۳۰۶ |
| رخصتی سے قبل شوہر کی وفات پر عدت کا حکم:........................ | ۳۰۸ |
| مدتِ عدت ختم ہونے کے بعد وفات کی خبر ملنے پر عدت کا حکم:........................ | ۳۰۹ |
| عدتِ طلاق کے دوران عدتِ وفات کا حکم:........................ | ۳۱۰ |
| حاملہ کے پیٹ میں بچہ مرجانے سے عدت کا حکم:........................ | ۳۱۱ |
| حمل خشک ہونے سے عدت کا حکم:........................ | ۳۱۲ |
| اسقاطِ حمل سے عدت ختم ہونے کا حکم:........................ | ۳۱۳ |
| دوسال کی جدائیگی کے بعد طلاق ہونے پر عدت کا حکم:........................ | ۳۱۴ |
| وجوبِ عدت کی حکمت:........................ | ۳۱۵ |
| اشکال وجواب:........................ | ۳۱۶ |

## فصل دوم

## سوگ منانے کا بیان

| | |
|---|---|
| دوران عدت سر دھونے، نہانے اور تیل لگانے کا حکم:........................ | ۳۱۷ |
| دوران عدت جائز امور کا بیان:........................ | ۳۱۸ |
| دورانِ عدت ناجائز امور کا بیان:........................ | ۳۲۰ |

معتدہ کا والدین کے انتقال پر گھر سے نکلنے کا حکم: ۳۲۲
بوڑھی عورت کے لیے بیٹے کے گھر عدت گزارنے کا حکم: ۳۲۵
عدت میں میاں بیوی کے ساتھ رہنے کا حکم: ۳۲۶
طلاق ثلاثہ کے بعد ساتھ رہنے کا حکم: ۳۲۷
دورانِ عدت نکاح کا حکم: ۳۲۸

## باب ......﴿۱۳﴾

## ثبوتِ نسب کا بیان

زانیہ سے نکاح کے بعد ثبوتِ نسب کا حکم: ۳۳۱
ہندو عورت سے نکاح کرنے پر بچے کے نسب کا حکم: ۳۳۲
ثبوتِ نسب کے بارے چند اصول کی وضاحت: ۳۳۳
طویل عرصہ جدائی کے بعد بچہ پیدا ہونے پر ثبوتِ نسب کا حکم: ۳۳۵
گم شدہ عورت کی اولاد کے نسب کا حکم: ۳۳۷
ٹسٹ ٹیوب بیبی کے نسب کا حکم: ۳۳۷
اشکالات اور ان کے جوابات: ۳۳۹
حلق کی ممانعت کی اصل حکمت: ۳۳۹
ثبوتِ نسب کا حکم: ۳۴۱
تیسری صورت کا حکم: ۳۴۱
اجنبی کے مادہ سے تولید عمل میں آنے پر بچے کے نسب کا حکم: ۳۴۲
زوجین کا مادۂ منویہ کا اجنبیہ کے رحم میں نشو ونما پانے سے نسب کا حکم: ۳۴۴

## باب ......《۱۴》

## حضانت کا بیان


| | |
|---|---|
| پرورش کی پہلی حقدار ماں ہے: | ۳۴۷ |
| ☆ ماں کے بعد پرورش کی حقدار کی ترتیب: | ۳۴۷ |
| ☆ پرورش کی شرائط: | ۳۴۸ |
| ☆ بچے کی پرورش کی مدت: | ۳۴۸ |
| ☆ پرورش کے ساتھ تعلیم وتربیت کی اہمیت: | ۳۴۸ |
| لڑکا سات سال کے بعد والد کے پاس رہیگا: | ۳۴۹ |
| والد کے روزانہ ملاقات کرنے اور ملاقات کا موقع نہ دینے کا حکم: | ۳۵۱ |
| سات سال کے بعد اختیار دینے کا حکم: | ۳۵۳ |
| حق حضانت میں نانی پھوپھی پر مقدم ہے: | ۳۵۴ |
| نانی کی موجودگی میں دادا، دادی حقدار نہیں: | ۳۵۴ |
| مدتِ حضانت کے بعد ماں کے پاس رکھنے کا حکم: | ۳۵۶ |
| بچہ ماں کی پرورش میں ہوتو مناسب جگہ نکاح کرانے کا حکم: | ۳۵۷ |
| لڑکے کو فون کرنے اور چھٹی میں لے جانے کا حکم: | ۳۵۸ |


## باب ......《۱۵》

## نفقہ اور سکنی کا بیان


| | |
|---|---|
| مطلقہ بائنہ کے میکے میں عدت گزارنے پر نفقہ کا حکم: | ۳۶۱ |
| نفقہ سے متعلق ضروری وضاحت: | ۳۶۲ |
| نفقہ کی حقیقت: | ۳۶۲ |

| | |
|---|---|
| وجوبِ نفقہ کے اسباب: | ۳۶۳ |
| چھ سالہ بچہ کا نفقہ والد پر واجب ہونے کا حکم: | ۳۶۴ |
| مطلقہ حاملہ ناشزہ کے نفقہ وسکنی کا حکم: | ۳۶۶ |
| میڈیکل وغیرہ شوہر کے ذمہ ہونے کا حکم: | ۳۶۷ |
| تفریق کے بعد چھ سات سالہ بچہ کا حکم: | ۳۷۰ |
| بچہ ملنے کا امکان نہ ہو تو نفقہ کا حکم: | ۳۷۱ |
| بالغہ لڑکی ماں کے ساتھ رہنے پر مصر ہو تو نفقہ کا حکم: | ۳۷۳ |
| لڑکے کی شادی کے بعد گھر دینے کا حکم: | ۳۷۴ |
| بیوی کی تمام ضروریات پورا کرنے کا حکم: | ۳۷۵ |
| متاع البیت کا حکم: | ۳۷۷ |
| عصری تعلیم کے لئے مفقود کے مال سے نفقہ کا حکم: | ۳۷۹ |
| بوڑھے محتاج والد کا نفقہ اولاد کے ذمہ ہونے کا حکم: | ۳۸۰ |
| معذور فقیر بھائی کا نفقہ بہنوں کے ذمہ ہونے کا حکم: | ۳۸۲ |
| والد اور اولاد کی موجودگی میں نفقہ کا حکم: | ۳۸۳ |
| بالغ اولاد کا نفقہ والد کے ذمہ ہونے کا حکم: | ۳۸۵ |
| غیر مسلم والدین کے نفقہ کا حکم: | ۳۸۶ |
| والدین کا مرتد لڑکے سے نفقہ قبول کرنے کا حکم: | ۳۸۷ |
| **باب الرضاع** | |
| مطلق رضاعت سے حرمت کا ثبوت اور خمس رضاعات کی تحقیق: | ۳۸۹ |
| اشکال وجواب: | ۳۹۳ |
| نانی کا دودھ پینے سے خالہ کی لڑکی سے ثبوتِ رضاعت کا حکم: | ۳۹۵ |

| | |
|---|---|
| قبل النکاح دودھ پلانے سے ثبوتِ رضاعت کا حکم: | ۳۹۶ |
| رضاعی بیٹے کی بہن سے جوازِ نکاح کا حکم: | ۳۹۶ |
| دوسال سہ ماہ بعد شیر خوردنی سے ثبوتِ نسب کا حکم: | ۳۹۷ |
| رضاعی بیٹے کی مطلقہ سے نکاح کا حکم: | ۳۹۹ |
| زوجہ کا دودھ چوسنے سے ثبوتِ رضاعت کا حکم: | ۴۰۰ |
| بانجھ پن میں دودھ اترنے سے ثبوتِ رضاعت کا حکم: | ۴۰۲ |
| دوا اور انجکشن کے ذریعہ دودھ پیدا ہو تو ثبوتِ رضاعت کا حکم: | ۴۰۳ |
| مخلوط دودھ سے ثبوتِ رضاعت کا حکم: | ۴۰۵ |
| خون دینے سے حرمتِ رضاعت کا حکم: | ۴۰۷ |
| غیر فطری طریقہ پر دودھ دینے سے ثبوتِ حرمت کا حکم: | ۴۰۸ |


## باب حقوق الزوجین


| | |
|---|---|
| زوجین کے آپس میں ایک دوسرے کے حقوق کی تفصیل: | ۴۱۰ |
| مختصراً مردوں کے حقوق: | ۴۱۰ |
| عورتوں کے حقوق مختصراً: | ۴۱۱ |
| دونوں کے درمیان مشترکہ حقوق: | ۴۱۱ |
| عورت کے ذمہ گھریلو کام کاج کا حکم: | ۴۱۴ |
| وضع حمل کے اخراجات شوہر کے ذمہ ہونے کا حکم: | ۴۱۶ |
| بیوی کی مرضی کے بغیر دوسری جگہ قیام کرنے کا حکم: | ۴۱۷ |
| بیوی کا والدین کی زیارت کے لئے جانے کا حکم: | ۴۱۹ |
| غیر مسلم والدین کی زیارت کے لئے نکلنے کا حکم: | ۴۲۰ |
| محارم کی زیارت کے لئے جانے کا حکم: | ۴۲۱ |

| | |
|---|---|
| میاں بیوی کے لئے الگ بستر کا حکم:...................... | ۴۲۲ |
| شوہر کے سامنے برہنہ ہونے کا حکم:...................... | ۴۲۶ |
| میاں بیوی کا آپس میں مخصوص عضو کو دیکھنے کا حکم:...................... | ۴۲۸ |
| وظیفہ زوجیت ادا کرتے وقت بات چیت کرنے کا حکم:...................... | ۴۲۹ |
| عضو تناسل کو منہ میں لینے کا حکم:...................... | ۴۳۰ |
| ملاعبت میں انگشت استعمال کرنے کا حکم:...................... | ۴۳۱ |
| عورت سے استمناء بالید کرانے کا حکم:...................... | ۴۳۱ |
| شوہر کی خوشنودی کے لئے پستان کو بڑا کرنا:...................... | ۴۳۲ |
| شوہر کی اجازت کے بغیر صدقہ کرنا:...................... | ۴۳۴ |
| دو بیویوں کے درمیان برابری کرنے کا حکم:...................... | ۴۳۵ |
| شوہر کا شرعی حجاب سے مانع بننے کا حکم:...................... | ۴۳۷ |
| بیوی کو چھوڑ کر سال میں جانے کا حکم:...................... | ۴۳۷ |
| جنسی خواہش کی تکمیل کے لئے مصنوعی آلات کے استعمال کا حکم:...................... | ۴۳۹ |
| متعدد شوہر والی خاتون جنت میں کس کو ملے گی؟...................... | ۴۴۰ |
| زوجین کا ایک دوسرے کو نام سے پکارنے کا حکم:...................... | ۴۴۲ |

# کتاب الأیمان والنذور

## باب ......﴿۱﴾

## ایمان کا بیان

| | |
|---|---|
| غیر اللہ کی قسم کھانے کا حکم اور " أفلح و أبیه" کا جواب:...................... | ۴۴۵ |
| دونوں روایتوں میں تطبیق:...................... | ۴۴۶ |

قسم دینے سے قسم منعقد ہونے کا حکم: ۴۴۹
ترکِ فعل بد پر قسم کھانے کا حکم: ۴۵۱
قرآنِ کریم کی قسم کھانے کا حکم: ۴۵۲
یمینِ فور کا حکم: ۴۵۴
تحریم الحلال سے قسم کا حکم: ۴۵۵
کافر یا یہودی ہونے کی قسم کھانے کا حکم: ۴۵۵
بطورِ تکیہ کلام واللہ باللہ تاللہ کہنے کا حکم: ۴۵۶
واللہ میں فلاں عالم کی تقریر نہیں سنوں گا'' کہنے سے قسم کا حکم: ۴۶۰
''آپ کے گھر آیا تو خنزیر'' کہنے سے قسم کا حکم: ۴۶۰
گھر میں قدم نہ رکھنے کی قسم کھانے کا حکم: ۴۶۱
کسی شئ کی طرف اشارہ کر کے قسم کھانے کا حکم: ۴۶۲
خانۂ کعبہ کی قسم کھانے کا حکم: ۴۶۳
''لا إله إلا الله'' سے قسم کھانے کا حکم: ۴۶۳
کعبہ پر غلاف چڑھانے کی قسم کھانے کا حکم: ۴۶۴
''اليمين على نية المستحلف'' کا مطلب: ۴۶۵
قسم میں تعیینِ زمانہ کا حکم: ۴۶۷

## باب ...... ﴿۲﴾

## نذر کا بیان

نذر منعقد ہونے کے لئے تلفظ ضروری ہے: ۴۷۰
کسی معین شئ کی نذر میں اس کے خلاف کرنے کا حکم: ۴۷۱

| | |
|---|---|
| نذرِ ذبح منعقد ہونے کا حکم: | ۴۷۲ |
| دوگانہ نفل کی منت کا حکم: | ۴۷۳ |
| روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود پڑھنے کی نذر کا حکم: | ۴۷۴ |
| نذر بالمعصیۃ کا حکم: | ۴۷۵ |
| ایک اشکال اور جواب: | ۴۷۹ |
| نذر بالمعصیۃ لعینہ پر ایک شبہ کا ازالہ: | ۴۸۰ |
| نذر میں اغنیاء اور فقراء کو شامل کرنے سے نذر کا حکم: | ۴۸۱ |
| نذر میں لفظ اللہ ذکر کرنے کا حکم: | ۴۸۲ |
| حج کرانے یا چلہ میں بھیجنے کی نذر کا حکم: | ۴۸۴ |
| نذرِ معین غیر معلق میں تعیین کا حکم: | ۴۸۵ |
| نذر معین معلق میں تعیین کا حکم: | ۴۸۶ |
| صوم الدہر کی نذر کی تحقیق: | ۴۸۷ |
| نذرِ اطعام میں قیمت صدقہ کرنے کا حکم: | ۴۸۸ |
| تجارت میں ترقی کی نذر کا حکم: | ۴۸۹ |
| اولاد کی نذر میں ولد الزنا کا حکم: | ۴۹۱ |
| نذرِ ذبح مع تقسیم لحم کی منت میں تصدق بالقیمۃ کا حکم: | ۴۹۱ |
| نذرِ ذبح میں مقصود اراقۃ الدم کی واضح نظیر: | ۴۹۳ |
| توبہ توڑنے پر صدقہ کی نذر کا حکم: | ۴۹۳ |
| مطلق صدقہ کی نذر کا حکم: | ۴۹۴ |
| مدرسہ بنانے کی نذر کا حکم: | ۴۹۵ |
| ذکر اللہ کی نذر کا حکم: | ۴۹۵ |

| | |
|---|---|
| خانۂ کعبہ کے لیے تیل لے جانے کی منت کا حکم:........................ | ۴۹۷ |
| طلباء پر خرچ کرنے کی نذر کا حکم:........................ | ۴۹۷ |

## باب ﴿۳﴾

## کفارۂ یمین کا بیان

| | |
|---|---|
| کفارۂ یمین میں روزے کا حکم:........................ | ۵۰۰ |
| طعامِ کفارہ مدرسہ کے طلباء کو کھلانے کا حکم:........................ | ۵۰۱ |
| ایک مسکین کو متعدد فدیئے دینے کا حکم:........................ | ۵۰۲ |
| تداخلِ کفارات کا حکم:........................ | ۵۰۳ |
| روزے کی نذر میں فدیہ دینے کا حکم:........................ | ۵۰۴ |
| نذرِ صوم میں بوقتِ عجز فدیہ دینے کا حکم:........................ | ۵۰۶ |
| تداخل کفارہ کی ایک صورت:........................ | ۵۰۷ |

# کتاب الحدود والقصاص

﴿رسالہ﴾

## البراهين الرفيعة لإثبات الرجم فى الشريعة

| | |
|---|---|
| رجم کا ثبوت اور اس پر ہونے والے اعتراضات کا جواب:........................ | ۵۱۰ |
| قرآنِ کریم سے رجم کا ثبوت:........................ | ۵۱۰ |
| اشکال اور جواب:........................ | ۵۱۲ |
| احادیثِ مبارکہ سے رجم کا ثبوت:........................ | ۵۱۲ |
| اجماعِ صحابہ اور اجماعِ امت سے رجم کا ثبوت:........................ | ۵۱۶ |
| رجم کا انکار موجبِ ضلال ہے:........................ | ۵۱۹ |

| | |
|---|---|
| اشکالات کے جوابات:........................ | ۵۲۰ |
| اشکال (۱) اوراس کے جوابات:........................ | ۵۲۰ |
| اشکال (۲) اوراس کا جواب:........................ | ۵۲۱ |
| اشکال (۳) اوراس کا جواب:........................ | ۵۲۳ |
| اشکال (۴) اوراس کا جواب:........................ | ۵۲۵ |
| اشکال (۵) اوراس کا جواب:........................ | ۵۲۷ |
| اشکال (۶) اوراس کا جواب:........................ | ۵۲۹ |
| اشکال (۷) اوراس کا جواب:........................ | ۵۳۰ |
| کوڑوں کا متحمل نہ ہوتو حیلہ کا حکم:........................ | ۵۳۲ |
| قرائن محضہ سے ثبوتِ حد کا حکم:........................ | ۵۳۳ |
| اخرس کی شہادت سے ثبوتِ زنا کا حکم:........................ | ۵۳۴ |
| اجارہ سے سقوط حد کا حکم:........................ | ۵۳۵ |
| پاگل عورت سے زنا پر حداور "**لولا علی لهلک عمر**" کی مزید تحقیق:........................ | ۵۳۸ |
| بعدالسرقہ مال ہبہ کرنے سے سقوط حد کا حکم:........................ | ۵۴۰ |
| موجودہ دور میں شاربِ خمر کا حکم:........................ | ۵۴۰ |
| زہر دیکر قتل کرنے پر قصاص کا حکم:........................ | ۵۴۴ |
| دوسرا قول:........................ | ۵۴۵ |
| سحر کے ذریعہ قتل کرنے پر قصاص کا حکم:........................ | ۵۴۵ |
| غیر مسلم ملک میں کسی مسلمان کو قتل کرنے پر کفارہ کا حکم:........................ | ۵۴۶ |
| بادشاہ یا حکومتِ وقت کے مجبور کرنے پر قتل کا حکم:........................ | ۵۴۷ |
| قتل کے یقین یا ظن غالب پر قتل کرنے کا حکم:........................ | ۵۴۸ |

| | |
|---|---|
| قتل خطا میں دیت کا حکم: | ۵۴۹ |
| عصر حاضر میں عاقلہ کی تعیین: | ۵۵۰ |
| تغریق کا حکم: | ۵۵۲ |
| یوتھینیز یا(EUTHANASIA) کا حکم: | ۵۵۳ |
| یوتھینیز یا(EUTHANASIA) کا مختصر تعارف: | ۵۵۳ |
| یوتھینیز یا(EUTHANASIA) کی اقسام: | ۵۵۳ |
| یوتھینیز یا کا حکم: | ۵۵۴ |
| یوتھینیز یا(EUTHANASIA) کی دوسری صورت کا حکم: | ۵۵۶ |
| سائنسی تحقیقات سے حدود وقصاص کا حکم: | ۵۵۸ |
| فورنسک سائنس(Forensic,science) کا حکم: | ۵۵۹ |
| حرمت خمر پر شبہات: | ۵۶۱ |
| حرمتِ خمر پر چند شبہات اوران کے جوابات: | ۵۶۲ |
| پہلا شبہ اوراس کا جواب: | ۵۶۲ |
| (۲)تحقیقی جواب: | ۵۶۲ |
| دوسرا شبہ اوراس کا جواب: | ۵۶۵ |
| تیسرا شبہ اوراس کا جواب: | ۵۶۶ |
| چوتھا شبہ اوراس کا جواب: | ۵۶۷ |
| شراب کی اقسام اوران کے احکام: | ۵۶۸ |
| وطی بالبہیمہ کا حکم: | ۵۶۹ |

## باب ......﴿۲﴾

# تعزیرات کا بیان

﴿رسالہ﴾

## تنقیح المقال فی حکم التعزیر بالمال

| | |
|---|---|
| شریعتِ مطہرہ میں تعزیر بالمال کا حکم: ........ | ۵۷۳ |
| ✿ تعزیر بالمال کے دلائل ملاحظہ فرمائیں: ........ | ۵۷۴ |
| ☆ احادیث سے تعزیر بالمال کا ثبوت: ........ | ۵۷۴ |
| ☆ فقہی عبارات سے تعزیر بالمال کا ثبوت: ........ | ۵۷۵ |
| ☆ عدم جواز والوں کے دلائل پر ایک نظر: ........ | ۵۷۹ |
| ☆ دلائل کے جوابات: ........ | ۵۸۰ |
| پہلی دلیل کا جواب: ........ | ۵۸۰ |
| دوسری دلیل کا جواب: ........ | ۵۸۱ |
| تیسری دلیل کا جواب: ........ | ۵۸۱ |
| تعزیر کی دوسری صورت تعزیر با ہلاک المال کا حکم: ........ | ۵۸۲ |
| ☆ تعزیر با ہلاک المال کے دلائل: ........ | ۵۸۳ |
| ☆ احادیث مبارکہ سے دلائل: ........ | ۵۸۴ |
| فقہی عبارات: ........ | ۵۸۷ |
| غیر امیر کے اتلاف کی ایک نظیر: ........ | ۵۸۹ |
| اشکال وجواب: ........ | ۵۸۹ |
| تعزیر بالمال کی تیسری صورت "التغییر" کا حکم: ........ | ۵۹۰ |

| | |
|---|---|
| کافر یا منافق کہنے پر تعزیر کا حکم:........................ | ۵۹۲ |
| تعزیر میں حالات واشخاص کا اعتبار ہوگا:........................ | ۵۹۳ |
| تعزیر بالقتل کا حکم:........................ | ۵۹۳ |
| تعزیراً بائیکاٹ (حقہ پانی بند کرنا) کا حکم:........................ | ۵۹۴ |
| احادیثِ مبارکہ سے بائیکاٹ کا ثبوت:........................ | ۵۹۵ |
| شریعتِ مطہرہ میں تادیب کا حکم:........................ | ۵۹۷ |
| ☆ تأديب الزوجة : (زوجہ کی سرزنش کا حکم):........................ | ۵۹۸ |
| ☆ تأديب الأولاد الصغار : (نابالغ اولاد کی سرزنش کا حکم):........................ | ۶۰۱ |
| ☆ تأديب الأولاد الكبار :........................ | ۶۰۳ |
| تادیب میں دست و پا توڑنے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۰۴ |

## باب ......﴿۳﴾

## احکام الضمان

| | |
|---|---|
| موٹر کار کے گھوڑے کے ساتھ ٹکرانے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۰۷ |
| کار کے تصادم یا الٹنے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۰۸ |
| بلاقصور جانور ہلاک ہوجانے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۱۰ |
| تصادم سیارات سے تاوان کا حکم:........................ | ۶۱۱ |
| بلااجازت کار لے کر ایکسیڈنٹ کرنے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۱۲ |
| بلاقصور گاڑی کے نیچے دب کر مرجانے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۱۳ |
| موجودہ دور میں دیت کس پر لازم ہوگی؟........................ | ۶۱۵ |
| آدمی کے نیچے دب کر ہلاک ہونے پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۱۶ |
| طبیب کی غلطی پر تاوان کا حکم:........................ | ۶۱۷ |

متروک التسمیۃ عمداً کے ہلاک کرنے پر ضمان کا حکم:............ ۵۱۸
ملازم کی کوتاہی پر تاوان کا حکم:............ ۶۲۰
سامنے رکھی ہوئی چیز توڑنے پر تاوان کا حکم:............ ۶۲۱
پنجرہ میں سے پرندہ اڑانے پر تاوان کا حکم:............ ۶۲۱
رنگریز کے مالک کی مخالفت کرنے پر تاوان کا حکم:............ ۶۲۲
کپڑا خراب کر دینے پر ضمان کا حکم:............ ۶۲۳
دھوبی کے کپڑا گم کرنے پر تاوان کا حکم:............ ۶۲۴

# کتاب الوقف

## باب......﴿۱﴾

## مطلق وقف کا بیان

وقف کا تعارف اور خیر القران میں وقف کا ثبوت:............ ۶۲۶
خیر القرون میں وقف کا ثبوت:............ ۶۲۷
الفاظ برائے وقف کردن:............ ۶۲۹
آخری جہت کی عدمِ تعیین پر وقف کا حکم:............ ۶۳۱
"وقف علی الأولاد، وأولاد الأولاد" کا حکم:............ ۶۳۲
مذکر ومؤنث میں تقسیم کا حکم:............ ۶۳۴
وقف علی الزوجہ کا حکم:............ ۶۳۵
دراہم ودنانیر کے وقف کا حکم:............ ۶۳۶
موقوفہ دراہم ودنانیر کے مصارف کا حکم:............ ۶۳۷
وارث کا منکرِ وقف ہونے کا حکم:............ ۶۳۸

| | |
|---|---|
| تادمِ حیات شئی موقوفہ سے منتفع ہونے کی شرط کا حکم: | ۲۳۹ |
| اشیاءِ منقولہ کے وقف کا حکم: | ۲۴۱ |
| عمارتِ وقف کو منہدم کر کے از سرِ نو تعمیر کا حکم: | ۲۴۲ |
| مرض الموت میں وقف کرنے کا حکم: | ۲۴۳ |
| وقف میں اجارۂ طویلہ کا حکم: | ۲۴۴ |
| موقوفہ جائداد کو فروخت کرنے کا حکم: | ۲۴۵ |
| موقوفہ فروخت شدہ جائداد کی تلافی کا حکم: | ۲۴۷ |
| ارضِ موقوفہ پر تعمیر کا حکم: | ۲۴۹ |
| آمدنی وقف کے مصارف کا حکم: | ۲۵۱ |
| واقف کا شرائطِ وقف میں تبدیلی کرنے کا حکم: | ۲۵۲ |
| تنخواہ دار شخص کی تولیت کا حکم: | ۲۵۳ |
| متولی وقف کی ذمہ داریاں: | ۲۵۵ |

## باب ......﴿۲﴾

## ما یتعلق بالمساجد

### فصل اول

### احکامِ مساجد کا بیان

| | |
|---|---|
| مسجد کی ذاتی ملک اور قانون شخصی کا حکم: | ۲۶۰ |
| اشکال وجواب: | ۲۶۵ |
| خانہ کعبہ کی ذاتی ملک اور قانونِ شخصی کا حکم: | ۲۶۵ |
| مسجد کی توسیع کا حکم: | ۲۶۶ |

| | |
|---|---|
| تہ خانہ مسجد سے علیحدہ کرنے کا حکم: .......... | ۶۶۷ |
| عمارتِ مسجد کی تبدیلی کا حکم: .......... | ۶۶۸ |
| مسجد کی پارینہ قالین کا حکم: .......... | ۶۷۰ |
| محض تعمیر سے مسجدِ شرعی بننے کا حکم: .......... | ۶۷۳ |
| مسجد کی مد سے طریق کی مرمت کا حکم: .......... | ۶۷۴ |
| توسیعِ مسجد کے لیے قرب وجوار کی زمین شامل کرنے کا حکم: .......... | ۶۷۵ |
| مسجد کے ایک حصہ کو راستہ یا چبوترے میں تبدیل کرنے کا حکم: .......... | ۶۷۷ |
| مسجد میں پائپ لگانے کا حکم: .......... | ۶۷۸ |
| مسجد کے احاطہ میں پھل دار درخت لگانے کا حکم: .......... | ۶۷۹ |
| مدرسہ سے ملحق مسجد بنانے کا حکم: .......... | ۶۸۰ |
| محراب مسجد کا حصہ ہے: .......... | ۶۸۱ |
| مکانِ منبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحقیق: .......... | ۶۸۱ |
| مساجد میں مینار کی تحقیق: .......... | ۶۸۴ |
| مسجد میں مؤذن کی جگہ متعین کرنے کا حکم: .......... | ۶۸۵ |


## فصل دوم

## آدابِ مساجد کا بیان


| | |
|---|---|
| مسجد میں تعزیت کے لیے بیٹھنے کا حکم: .......... | ۶۸۷ |
| عقدِ نکاح مسجد میں رکھنے کا حکم: .......... | ۶۸۹ |
| مسجد میں سونے اور اشیاءِ مسجد استعمال کرنے کا حکم: .......... | ۶۹۱ |
| ناسمجھ بچوں کو مسجد میں لانے کا حکم: .......... | ۶۹۴ |
| مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنے کا حکم: .......... | ۶۹۵ |

| | |
|---|---|
| مسجد میں اشعار پڑھنے کا حکم:............................ | ۶۹۶ |
| مسجد میں عورتوں کے اعتکاف کا حکم:............................ | ۶۹۸ |
| مسجد میں سائل کو کچھ دینے کا حکم:............................ | ۷۰۰ |
| مسجدِ کبیر میں بلا اتصالِ صفوف نماز کا حکم:............................ | ۷۰۱ |
| مسجد سے کسی کا جوتا اٹھانے کا حکم:............................ | ۷۰۲ |
| ایک مسجد کے امام کا مسئلہ:............................ | ۷۰۳ |
| امام کا مصلیوں کی طرف پھرنے کا حکم:............................ | ۷۰۵ |
| مساجد میں جہری دعا کا حکم:............................ | ۷۰۷ |
| مطلق دعا بالجہر کی احادیث:............................ | ۷۰۹ |
| دعا میں ہاتھ اٹھانے کا طریقہ:............................ | ۷۱۴ |
| مسجد میں ذکر یا تلاوت کے وقت جھومنے کا حکم:............................ | ۷۱۷ |
| اعتراضات اوران کے جوابات:............................ | ۷۱۹ |
| نجاست آلود کپڑا پہن کر مسجد میں آنے کا حکم:............................ | ۷۲۲ |
| غیر مسلم کا مسجد میں عبادت کرنے کا حکم:............................ | ۷۲۴ |
| مسجد چھوڑ کر میدان میں جماعت کا حکم:............................ | ۷۲۶ |
| مساجد میں ذکر جہری کا حکم:............................ | ۷۲۹ |
| مسجد میں کرسی پر بیٹھنے کا حکم:............................ | ۷۳۵ |


## باب......﴿۳﴾

## ما یتعلق بالمدارس


| | |
|---|---|
| ایک مدرسہ کی مد کی رقم دوسری مد میں خرچ کرنے کا حکم:............................ | ۷۳۸ |
| ایک مدرسہ کا چندہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنے کا حکم:............................ | ۷۳۹ |

| | | |
|---|---|---|
| | اساتذۂ مدرسہ کا شرائطِ مدرسہ کے خلاف کرنے کا حکم: ........................ | ۷۴۰ |
| | مدرسہ کے لیے مکان وقف کرنے کا حکم: ........................ | ۷۴۲ |
| | بعد تکمیل وقف شرط لگانے کا حکم: ........................ | ۷۴۳ |
| | موقوفہ زمین پر تعمیر مکان کا حکم: ........................ | ۷۴۴ |
| | وقتی ضرورت ختم ہونے پر واپسی کا حکم: ........................ | ۷۴۶ |
| | مدرسہ کی زمین کو دوسرے کام میں استعمال کرنے کا حکم: ........................ | ۷۴۷ |
| | مدارس میں سالانہ جلسہ کرنے کا حکم: ........................ | ۷۴۹ |
| | مطبخِ مدرسہ سے کھانا لے جانے کا حکم: ........................ | ۷۵۰ |
| | مدارس میں گھنٹی بجانے کا حکم: ........................ | ۷۵۰ |
| | مصادر و مراجع: ........................ | ۷۵۴ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ فتاویٰ دار العلوم زکریا کی چوتھی جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے۔رب ذوالجلال کا شکر کس زبان سے ادا کیا جائے کہ اس نے ہم ناچیزوں کو اس کارِ خیر کی توفیق عطا فرمائی۔

نیز تخصص کے جن طلبہ نے حوالوں کی فراہمی میں محنت فرمائی،اللہ تعالیٰ ان کو اس نیک عمل کا اجر عطا فرمائے اور اس محنت کو ان کے علم وعمل میں ترقی کا ذریعہ بنادے،ان شاء اللہ تعالیٰ یہ محنت ان کی علمی عمارت کے لیے خشتِ اول بنے گی۔

محترم مفتی محمد الیاس صاحب بھی لائق تشکر ہے جن کی مسلسل جدوجہد سے یہ محنت منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی،اور قارئین وناظرین اس سے فائدہ اٹھارہے ہیں۔

بعض علماء نے کتاب الزکوٰۃ کے ایک مسئلہ کی دوبارہ تحقیق کی طرف توجہ دلائی،ہم نے فتاویٰ (۱۰۳/۳) میں لکھا تھا کہ ۹/ کیرٹ سونے میں احتیاطاً زکوٰۃ دیں،کیونکہ ہمیں یہ معلوم ہوا تھا کہ اس میں غالب دوسری دھات ہے اور اس میں سے سونا بآسانی الگ نہیں ہوسکتا،اور فقہی عبارات کے علاوہ بہشتی زیور وغیرہ کا صاف حوالہ بھی موجود تھا،اس سلسلہ میں فقہاء کی عبارات یہ ہیں:

**لكن في المحيط والبدائع الدنانير الغالب عليها الذهب كالمحمودية حكمها حكم الذهب والغالب عليها الفضة كالهروية والمروية إن كانت ثمناً رائجاً أو للتجارة تعتبر قيمتها وإلا يعتبر قدر ما فيها من الذهب والفضة وزناً لأن كل واحد منها يخلص بالإذابة.**

(فتاوى الشامي:۲/۳۰۲، سعيد، وهكذا في البدائع:۲/٤١١، وكشف الحقائق شرح كنز الدقائق:١/١٠٦).

**قال العيني: يريد به إذاكانت الفضة لاتخلص بالناروإن كان شيء يخلص منها لايكون حكمها حكم العروض بل يجمع ما فيها من الفضة ويضمه إلى ما عنده من ذهب أوفضة أو مال تجارة ويزكي الكل.** (البناية شرح الهداية للعلامة العيني:۲/۵ ۱۲۰).

یہ مضمون شرح تحفۃ الملوک میں بھی (۱۰۸۵) پر مذکور ہے۔

الجوہرۃ النیرۃ میں ہے:

**وإنما تكون نفي حكم العروض إذاكانت بحال لوأحرقت لايخلص منهانصاب أماإذا كان يخلص منها نصاب وجب زكاة الخالص .** (الجوهرة النيرة:۱/۱۵۸).

یہ مضمون فقہ کی دوسری کتابوں میں بھی ہے۔لیکن ہمیں یہ معلوم ہوا کہ آج کل کے ۹/ کیرٹ سونے کے زیورات میں عام آگ سے سونا اور غیر سونا الگ نہیں ہوتا، بلکہ غیر سونا جل جاتا ہے،اس لیے ہماری معروف آگ سے چار پانچ گونہ قوی آگ چاہئے یعنی چار سوڈگری آگ ہونا چاہئے اور صرف گلانا کافی نہیں بلکہ اس میں ایسڈ (تیزاب) نامی ایک کیمیکل ڈالنی پڑتی ہے جس پر بہت خرچ ہوتا ہے، عام طور پر۹، کیرٹ میں سونا مغلوب ہوتا ہے، پھر چاندی اس میں کبھی کبھی ۴/ فیصد اور کبھی دس فیصد کبھی ۲۰/ فیصد ہوتی ہے۔

مذکورہ بالاحقائق کودیکھتے ہوئے احتیاط اسی میں ہے کہ اس میں جتنا سونا چاندی ہے اگر وہ بقدرِنصاب ہے یاقدرِنصاب سے کم ہے لیکن مالک کے پاس دوسرا سونا چاندی یا رینڈ یا روپے ہیں، جوحدِنصاب کوپہونچتے ہیں تو مالک کواس کی زکوٰۃ دینی چاہئے ،اوراگر یہ زیورات تجارت کے لیے ہوں تو پھر ۹/ کیرٹ کے تمام زیورات پرزکوٰۃ دیناچاہئے کیونکہ مالِ تجارت پرزکوٰۃ لازم ہے،اور یہ پورے زیورات مالِ تجارت بن گئے۔

فتاوی رحیمیہ میں مذکور ہے:

امدادالفتاوی میں ہے: الجواب: ذہب وفضہ کے ساتھ غیر ذہب وفضہ کےمخلوط ہونے کی دوصورتیں ہیں: ایک تو یہ کہ دونوں متمیز ہوں اور گلاکر نہ ملائی گئی ہواس میں تو مجموعہ کا ایک حکم نہ ہوگا، ذہب وفضہ کی مقدار میں تو ذہب وفضہ کے احکام جاری ہوں گے ،اورغیر ذہب وفضہ میں اس کے احکام جاری ہوں گے،مثلاً بیع صرف وزکوٰۃ صرف مقدارِذہب وفضہ میں معتبر ہوگی مجموعہ میں نہ ہوگی۔

دوسری صورت یہ ہے کہ ایک دوسرے سے متمیز نہ ہوں اور گلا کر دونوں کو ایک کر دیا ہو اس میں فقہاء نے کہا ہے کہ غالب کا اعتبار ہے یعنی اگر غالب ذہب یا فضہ ہو تو مجموعہ کو سب احکام ذہب وفضہ کیا جائیگا، اور اگر غالب دوسری چیز ہے تو مجموعہ کو دوسری چیز کے حکم میں کہیں گے، اس میں جس قدر ذہب وفضہ ہے اس میں بھی احکام ذہب وفضہ کے جاری نہ ہوں گے نہ اس پر زکوٰۃ ہوگی اور نہ احکام بیع صرف اس میں معتبر ہوں گے۔ امداد الفتاوی:۲/۶۔ (فتاوی رحیمیہ:۷/۱۵۶)۔

گلا کر متمیز ہونے کی عبارت حضرت تھانویؒ اور مفتی عبدالرحیم صاحبؒ کی نظر سے گزری ہوگی، لیکن گلا کر متمیز کرنا عام طور پر پہلے زمانہ میں نہیں ہوسکتا تھا اس لیے ان حضرات نے غالب کا اعتبار کرلیا، ہاں شامی نے بعض خاص اقسام کا ذکر کیا ہوگا جس میں بآسانی گلانے سے سونا غیر سونے سے الگ ہوسکتا ہو۔

فتاوی دارالعلوم دیوبند مکمل ومدلل میں ایک سوال کے جواب میں تحریر فرمایا ہے جس میں غالب سونا یعنی نصف سے زائد سونا ہو وہ سونے کے حکم میں ہے، اور مثل خاص سونے کے اس میں زکوۃ ہے۔ (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند مکمل ومدلل:۶/۱۱۵)۔

بہر حال اگر گلانے سے سونا اور دوسری دھاتیں بآسانی الگ ہوسکتی ہیں تو پھر سونے میں زکوٰۃ لازم ہے ورنہ احتیاطاً زکوٰۃ دیدیں۔

بطورِ التماس واعتذار عرض ہے کہ قارئین کو جو خطائیں اور لغزشیں نظر آئیں، برائے کرم ہمیں مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ طباعتوں میں یا آئندہ جلدوں میں ان کی تصحیح کرسکیں۔

اس میں جو کوتاھیاں اور غلطیاں ہوئی ہیں ہم ان پر اللہ تعالیٰ سے معافی کے خواستگار ہیں۔

کتبہ:

(حضرت مفتی) رضاء الحق (صاحب، ادام اللہ فیوضہم)

دارالافتاء، دارالعلوم زکریا، لینیشیا، جنوبی افریقہ

مؤرخہ: ۹/ شعبان المعظم ۱۴۳۱ھ۔

مطابق: ۲۱/ جولائی ۲۰۱۰ء۔

## ﴿ فتاویٰ دارالعلوم زکریا پر تعارف وتبصرے ﴾

تبصرہ از ماہنامہ ''الحق'' دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک:

فتویٰ اور افتاء کا تاریخی سلسلہ بہت ہی قدیم ہے۔حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر آج تک علماء صالحین اس عظیم منصب پر فائز ہوتے چلے آرہے ہیں۔اور اکثریت کے صادر کردہ فتاویٰ کا مجموعہ کتابی شکل میں اس وقت دنیا بھر کی لائبریریوں میں موجود ہے۔جن سے اربابِ علم وکمال استفادہ کرتے ہیں اور اہل فتویٰ،فتویٰ نویسی میں رہنمائی لیتے ہیں۔فتاویٰ دارالعلوم زکریا بھی اسی سلسلے کی ایک اور کڑی ہے،جو حضرت مفتی رضاء الحق شاہ منصوری مدظلہ کے جاری کردہ فتاویٰ کا مجموعہ ہے،حضرت مفتی صاحب ایک باکمال،جامع صفاتِ علمی شخصیت ہیں اور آپ مدظلہ کا تعلق ضلع صحابی صوبہ سرحد کے ایک مشہور ومعروف گاؤں شاہ منصور کے زہد وتقویٰ،علم وفضل کے پیکر خاندان سے ہے،اور جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے ان فرزندان میں سے ہیں جن پر جامعہ فخر کرتی ہے۔اللہ پاک جزاء دے مولانا عبدالباری صاحب اور مولانا محمد الیاس شیخ صاحب کو جنہوں نے حضرت مفتی صاحب کے ان گرانقدر علمی اور تحقیقی فتاویٰ کو جمع کر کے بہترین انداز میں مرتب کیا اور زمزم پبلشرز کراچی نے دیدہ زیب ٹائٹل،عمدہ کتابت اور شاندار طباعت کے ساتھ علماء اور طلباء بلکہ ہر خاص اور عام پر احسان کرتے ہوئے اس گنجینہ علم کی پہلی جلد کو شائع کیا۔فتاویٰ کی یہ پہلی جلد کتاب الایمان والعقائد،کتاب التفسیر والتجوید، کتاب الحدیث والاثار،کتاب السلوک والطریقہ اور کتاب الطہارۃ پر مشتمل ہے۔فتاویٰ میں استفتاء کا ہر جواب انتہائی تدقیق اور تحقیق کے ساتھ دیا گیا،جس کے لئے ہر مذہب کے علماء،محدثین اور فقہاء کی کتابوں کی طرف مراجعت کی گئی ہے اور ہر کتاب کا مکمل حوالہ مع عبارت کے درج ہے،بعض ایسے جوابات بھی ہیں جو دوسرے فتاویٰ میں نہیں ہے اور اگر ہے بھی تو اجمالی ہے،اس لئے یہ فتاویٰ ہر خاص وعام کی علمی پیاس بجھانے کے لئے انتہائی مفید ہے اور ہر لائبریری کی زیب ہے،کتاب کا مطالعہ کرکے دل سے یہ دعاء نکلتی ہے کہ خدا کرے کہ یہ عظیم فقہی انسائیکلوپیڈیا پایۂ تکمیل تک پہنچ کر شائع ہوجائے۔(ماہنامہ ''الحق'' دارالعلوم حقانیہ،اکوڑہ خٹک)۔

تبصرہ از ماہنامہ ''البینات'' جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن:

ایک دورتھا جب افریقہ، امریکہ، کنیڈا اور دوسرے یورپی ممالک میں دینی مدارس کا خاطرخواہ نظام نہیں تھا اور وہاں کے متلاشیانِ علم وہنر ہندو پاک کا رخ کرتے تھے اور یہاں کے اربابِ فضل وکمال اور اصحابِ علم و تحقیق کی خدمت میں زانوئے تلمذ طے کرکے علم ومعرفت کے جام لنڈھاتے تھے۔

یہاں سے اکتسابِ فیض کے بعد مختلف ممالک کے مخلصین نے جب ضرورت محسوس کی تو انہوں نے اپنے اپنے علاقوں اور ممالک میں دینی مدارس کا جال بچھانا شروع کردیا، چنانچہ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے نامور فاضل تلامذہ میں سے حضرت مولانا شبیر احمد سالوجی مدظلہ اور ان کے رفقاء نے جنوبی افریقہ کے شہر جوہانسبرگ میں دارالعلوم زکریا کے نام سے ادارہ قائم کیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس نے ترقیات کے مدارج طے کئے تو انہون نے اپنی سرپرستی اور اپنے دینی ادارے کی ترقی کے لئے اپنی مادرعلمی سے ایک بڑے استاذ ومفتی اور شیخ الحدیث کی درخواست کی، اس پر اربابِ جامعہ علوم اسلامیہ نے اپنے ایک لائق، فائق، عظیم محقق مدرس اور مفتی حضرت مولانا رضاء الحق صاحب کو جنوبی افریقہ بھیج کر ایثار وقربانی کا ثبوت دیا۔ حضرت مولانا مفتی رضاء الحق دامت برکاتہم کی فیض رساں شخصیت نے افریقہ کو تعلیم وتدریس، علم وتحقیق اور فقہ وفتویٰ کے اعتبار سے بجا طور پر مستغنی کردیا۔

پیش نظر فتاویٰ دارالعلوم زکریا کی جلد اول انھیں کی علمی تحقیقات کا منہ بولتا ثبوت ہے، جس میں نہایت خوبصورت انداز میں کتاب الایمان، کتاب التفسیر، کتاب الحدیث والآثار، کتاب السلوک والطریقۃ اور کتاب الطہارۃ کو مرتب اور مدون کرکے کتابی شکل دی گئی ہے۔

بلاشبہ فتاویٰ میں درج مسائل واحکام اہل حق اسلاف اور اکابر دیوبند کی تحقیق کی ترجمانی کے علاوہ ان کے ذوق ومزاج کا آئینہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس فتاویٰ کے مرتبین مولانا مفتی عبدالباری اور مولانا مفتی محمد الیاس شیخ کو جزائے خیرعطافرمائے، جنہوں نے اس اہم خدمت کو سرانجام دیا۔ امید ہے کہ اہل ذوق اس کی قدردانی میں بخل سے کام نہیں لیں گے، خدا کرے کہ فتاویٰ جلد از جلد مکمل ہوکر متلاشیانِ علم وتحقیق کی پیاس کو بجھائے، آمین۔ (ماہنامہ ''بیّنات'' رجب المرجب ۱۴۲۹ھ، اگست ۲۰۰۸ء)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## ﴿دارالعلوم زکریا پر ایک طائرانہ نظر﴾

۞ ۱۹۸۱ء میں حضرت برکۃ العصر شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نور اللہ مرقدہ نے جنوبی افریقہ تشریف لاکر دعا فرمائی تھی اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور حضرت ہی کے نام پر دارالعلوم زکریا کی بنیاد رکھی گئی تھی۔

۞ ۱۹۸۳ء دسمبر میں حضرت قاری عبدالحمید صاحب اور مولانا شبیر احمد صاحب اور ان کے رفقاء کی سرپرستی میں مدرسہ کا باقاعدہ افتتاح ہوا، اور ۱۹۸۵ء تک مہتمم قاری عبدالحمید صاحب رہے۔

۞ قاری عبدالحمید صاحب کے ہندوستان تشریف لے جانے کے بعد مولانا شبیر احمد سالوجی صاحب مہتمم اور حافظ بشیر صاحب ناظم مدرسہ مقرر ہوئے، اور تاہنوز خدمت انجام دے رہے ہیں، اور انھیں کی توجہات وشبانہ روز محنت سے دارالعلوم ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔فجزاهم الله تعالىٰ أحسن الجزاء۔

## ﴿دارالعلوم زکریا کے مختلف شعبے﴾

۞ شعبۂ تحفیظ القرآن: اکابرین کی توجہ اور دعا کی برکت اور اساتذۂ کرام کی محنت سے ماشاء اللہ خوب روبہ ترقی ہے۔ اساتذۂ درجاتِ حفظ کی تعداد: ۱۲، اور طلبائے عزیز کی تعداد: ۲۸۵، اور درسگاہوں کی تعداد: ۱۰ ہے۔

۞ درسِ نظامی: طلبائے کرام علومِ عالیہ وآلیہ سے تشنگی کی آگ بجھا رہے ہیں۔ اساتذۂ کرام کی تعداد ۲۱ ہے۔ اور طلبائے کرام کی تعداد ۴۱۶ ہے، مقامی ان میں سے ۲۹۷، اور دیگر ۵۵ ممالک کے تقریباً ۳۸۲ طلباء تحصیلِ علم میں مشغول ہیں۔

۞ شعبۂ افتاء واستفتاء: ۱۹۸۷ء سے حضرت مفتی رضاء الحق صاحب کی نگرانی میں رواں دواں ہے ابتدا میں حضرت بذاتِ خود تحریر فرماتے تھے پھر ۱۹۹۲ء میں مستقل دارالافتاء کا نظام شروع ہوا۔

۞ شعبۂ قراءت وتجوید: ۱۹۸۸ء میں قراءت وتجوید کا مستقل شعبہ شروع ہوا۔

۞ شعبۂ ''النادی العربی'': طلبائے عزیز کا عربی ادب سے ذوق وشوق بڑھا اور تقریراً وتحریراً اس میں حصہ لیا اور مستقل شعبہ ''النادی العربی'' کے نام سے شروع ہوا۔

۞ دارالعلوم زکریا کی شاخ: برائے حفظ منتظمین حضرات نے مدرسہ ہذا سے تقریباً ۱۰ کلومیٹر کے فاصلہ پر ۲۰۰۰ء میں جناب عبدالرحمٰن میاں صاحب کی درخواست پر ان کی والدہ کی خواہش پر انھیں کی زمین پر ایک چھوٹا سا مدرسہ قائم کیا ہے جس میں تقریباً ۱۰۵ طلباء اور ۵، اساتذۂ کرام ہیں، اور ۵ درسگاہیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام اساتذۂ کرام و منتظمین اور کارکنانِ مدرسہ ہذا کو جزاء خیر عطا فرمائیں۔ نیز دارالعلوم کو اور دیگر علمی اداروں کو دن دوگنی رات چوگنی ترقیات سے نوازے اور ہر قسم کے فتنوں سے محفوظ فرما کر اپنی رحمتِ خاصہ نازل فرمائیں۔آمین۔

اکابرین وائمہ اور دیگر مہمانانِ کرام کے قدومِ میمنت لزوم سے یہ وادی خوشنما اور دلرُبا بنتی گئی۔ان میں سے: حضرت مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ مفتی دارالعلوم دیوبند۔حضرت مولانا قاری صدیق احمد صاحب باندویؒ۔حضرت مفتی احمد الرحمٰن صاحبؒ۔حضرت مفتی ولی حسن صاحبؒ۔ڈاکٹر عبدالرزاق صاحب۔حضرت مولانا محمد یوسف صاحب لدھیانویؒ۔حضرت حاجی فاروق صاحبؒ۔حضرت مولانا عمر صاحب پالنپوریؒ۔حضرت قاضی مجاہدالاسلام صاحبؒ۔بھائی پاڈیا صاحبؒ۔ حضرت مولانا عمر جی صاحبؒ۔ حضرت مولانا عبد الحفیظ مکی صاحب۔حضرت مفتی احمد خانپوری صاحب۔حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر صاحب۔حضرت مولانا عبداللہ کاپودروی۔حضرت مولانا ادریس صاحب میرٹھیؒ۔شیخ عبدالفتاح ابوغدہ صاحبؒ۔شیخ عبدالرحمٰن السدیس۔شیخ شریم۔شیخ صالح بن حمید۔شیخ عبدالرحمٰن حذیفی۔شیخ سبیل۔شیخ صلاح بدیر۔شیخ محمد علی صابونی۔حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب۔حضرت مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب۔حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب۔حضرت مولانا ارشد صاحب مدنی۔حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب۔دکتور عبداللہ عمر نصیف صاحب۔حضرت مولانا سید رابع صاحب۔حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب۔حضرت مولانا سلمان صاحب۔حضرت حکیم اختر صاحب۔حضرت مفتی سعید احمد صاحب پالنپوری۔حضرت مفتی فاروق صاحب میرٹھی۔ حضرت مولانا یونس صاحب پوناؒ۔حضرت مولانا ابراہیم صاحب دیولا۔شیخ الحدیث مولانا یونس صاحب۔حضرت مولانا بدیع الزمان صاحبؒ۔ حضرت مولانا سالم صاحب۔حضرت مولانا انظر شاہ کشمیریؒ۔حضرت بھائی طلحہ بن حضرت شیخ الحدیثؒ۔حضرت مولانا رحمۃ اللہ کشمیری صاحب۔حضرت مولانا ابوالقاسم بنارسی۔

بندۂ عاجز محمد الیاس شیخ،عفی عنہ

رفیقِ دارالافتاء دارالعلوم زکریا،لینیشیا،جنوبی افریقہ

مؤرخہ:۱۹/ شعبان ۱۴۳۱ھ مطابق:۳۱/ جولائی ۲۰۱۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

یایها النبي إذا طلقتم النساء فطلقوهن لعدتهن،
...واتقوا اللہ ربکم﴾.

(سورة الطلاق:الآية: ١).

عن عبد اللہ بن عمر رضي اللہ تعالیٰ عنہ قال:
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:
"أبغض الحلال إلی اللہ الطلاق"

(رواه ابن ماجه)

# کتاب الطلاق

## باب......(۱)

## طلاق واقع ہونے نہ ہونے کابیان

# باب......۱

# طلاق واقع ہونے نہ ہونے کا بیان

## جھوٹا اقرار کرنے اور اس پر گواہ پیش کرنے سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے مصلحت کی وجہ سے طلاق کا جھوٹا اقرار کرلیا کہ میں نے بیوی کو طلاق دی ہے اور اس اقرار پر گواہ پیش کردیے تو طلاق ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جھوٹے اقرار سے دیانۃً طلاق واقع نہیں ہوئی اور اگر گواہی سے ثابت کردیا کہ میں نے جھوٹا اقرار کیا تھا تو قضاءً بھی طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**لو أقر بالطلاق هازلاً أو كاذباً، فقال في البحر: إن مراده لعدم الوقوع في المشبه به عدمه ديانةً ، ثم نقل عن البزازية والقنية لو أراد به الخبر عن الماضي كذباً لا يقع ديانةً، وإن أشهد قبل ذلك لا يقع قضاءً أيضاً.** (فتاوى الشامي:۳/۲۳۷،كتاب الطلاق،سعيد).

طحطاوی میں ہے:

**الإقرار بالطلاق كاذباً يقع به قضاءً لا ديانةً .** (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار:۲/۱۱۳،باب الصريح،كوئته) .

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

**وفي الصغرى : في أمالي أبي يوسفؒ : اذا قال لها: قد طلقتک ، أوقال لها: أنت طالق، وأراد الخبر عما مضى كذباً ، وسعه فيما بينه وبين الله تعالىٰ أن يمسكها.** (الفتاوى التاتارخانية:۳/۲٦۱،الفصل الرابع فيمايرجع الى صريح الطلاق،ادارة القرآن).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

جب شوہر نے محض دفع الوقتی کے لیے طلاق کا اقرار کرلیا اور حقیقۃً عدالت میں طلاق نہیں دی تھی تو دیانۃً طلاق واقع نہ ہوگی۔ (فتاوی محمودیہ:۱۲/ ۲۳۷،مبوب ومرتب).

نیز دوسری جگہ مرقوم ہے:

اگر مخاطب کے سامنے جھوٹی خبر دینا تھا اور جھوٹ کا اقرار کرنا تھا تو دیانۃً فیما بینہ وبین اللہ تعالی طلاق نہیں ہوگی ،اگر پہلے سے اس پر گواہ بنالیا تھا کہ میں جھوٹا اقرار کروں گا تو قضاء بھی نہیں ہوگی۔ (فتاوی محمودیہ:۱۲/۲۳۴،مبوب ومرتب).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

از اخبار کاذب دیانۃً طلاق واقع نمی شود واگر قبل از اخبار کاذب بینہ قائم کردہ باشد اصلاً طلاق واقع نہ شود نہ قضاء نہ دیانۃً واگر مقصود شوہر اخبار نیست بلکہ مقصود انشاء طلاق است فی الحال طلاق واقع می شود۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند: جلد دوم ص ۵۰۰). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## کسی مصلحت سے بلانیت طلاق کہہ دینے سے وقوع طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص کسی مصلحت کی وجہ سے بغیر نیتِ طلاق کے اپنی بیوی کو طلاق کہہ دے یا لکھ دے، لیکن مقصود طلاق دینا نہ ہو بلکہ کوئی خاص مصلحت مقصود ہو تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** طلاق کے صریح لفظ کے ساتھ زبانی کہنے یا لکھ دینے سے طلاق واقع ہوجاتی ہے، پھر نیت وارادہ کی ضرورت نہیں ہے، چاہے کسی مصلحت کے پیش نظر کہا ہو یا لکھا ہو۔

ملاحظہ فرمائیں ترمذی شریف میں ہے:

**عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث جدهن جد و هزلهن جد، النكاح، والطلاق، والرجعة، هذا حديث حسن غريب.** (رواه الترمذي: ۱/۲۲۵، باب ماجاء في الجد والهزل في الطلاق).

ملاحظہ فرمائیں فتاوی شامی میں ہے:

**صريحه ما لم يستعمل إلا فيه أي غالباً كما يفيد كلام البحر، وعرفه في التحرير بما يثبت حكمه الشرعي بلا نية، وأراد بما اللفظ أوما يقوم مقامه من الكتابة المستبينة أو الإشارة المفهومة... لأن ركن الطلاق اللفظ أومايقوم مقامه مماذكر، قوله ولوبالفارسية فما لايستعمل فيها إلا في الطلاق فهو صريح يقع بلا نية.** (فتاوى الشامي: ۲۴۷/۳، باب الصريح، سعيد).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

طلاق صریح کا حکم یہ ہے کہ نیت کے بغیر بھی اس سے طلاق واقع ہو جائے گی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ص ۱۳۸، دفعہ ۱۵، آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ، زیر نگرانی حضرت قاضی مجاہد الاسلام قاسمی صاحبؒ)۔

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی محمودیہ: ۳۳۴/۱۲، مبوب ومرتب)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## آئندہ طلاق دینے کے ارادہ سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین مرتبہ اس طرح کہا تھا کہ (I want to give you talaq) یعنی میں تجھے طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہوں، جب ان سے پوچھا کہ آپ نے کیا کہا تھا تو شوہر نے کہا مجھے نہیں معلوم میں نے کیا کہا تھا، شریعت کی نگاہ میں کیا حکم ہوگا؟ طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** طلاق کے باب میں خالص استقبال کے الفاظ سے طلاق دینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں بھی ان الفاظ سے طلاق واقع نہیں ہوئی، نیز جب شوہر کو یاد نہیں کہ اس نے کیا کہا تھا، اور بیوی کہتی ہے کہ اس نے صرف ارادۂ طلاق کا اظہار کیا تھا، تو اس صورت میں بھی عورت کی بات مانی جائے گی اور

طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے:

**صیغة المضارع لا یقع بها الطلاق إلا إذا غلب فی الحال کما صرح به الکمال ابن الهمام** . (تنقیح الفتاوی الحامدیة:۱/۳۸،کتاب الطلاق،دارالاشاعة العربیة).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**قالت لزوجها: من با تونمی باشم، فقال الزوج: مباش، فقالت: طلاق بدست تو است مرا طلاق کن، فقال الزوج : طلاق مي کنم طلاق مي کنم وکرر ثلاثاً، طلقت ثلاثاً بخلاف قوله کنم لأنه استقبال فلم یکن تحقیقاً بالتشکیک، وفی المحیط:لوقال بالعربیة: أطلق، لا یکون طلاقاً إلا إذا غلب استعماله للحال فیکون طلاقاً**. (الفتاوی الهندیة:۱/۳۸٤،باب الطلاق بألفاظ الفارسیة) .

مزید ملاحظہ فرمائیں:(احسن الفتاوی:۵/۱۴۸۔وفتاوی محمودیہ:۱۲/۲۴۷،مبوب ومرتب)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## صیغۂ حال سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے جھگڑے میں اپنی بیوی سے کہا میں تم کو طلاق دیتا ہوں، تین بار کہا، طلاق دی، نہیں کہا، اس سے طلاق ہوئی یا نہیں؟ اگر اس میں مستقبل کی دھمکی کی نیت کرے تو یہ قابل قبول ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ صیغۂ حال ''یعنی طلاق دیتا ہوں'' سے طلاق واقع ہوجاتی ہے، البتہ مفتی کفایت اللہ صاحبؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ لفظ دیتا ہوں اس نیت سے کہا تھا کہ میں نے طلاق دی تو اس کی بیوی پر طلاق مغلظ پڑگئی، (یعنی جب اس کے ساتھ تین کا لفظ ہو) لیکن اگر وہ کہے کہ طلاق دیتا ہوں سے مراد یہ تھی کہ طلاق دینے کا ارادہ ہے تو طلاق نہ ہوگی۔ (کفایت المفتی:۶/۷۹،۸۰).

فتاوی الشامی میں ہے:

**وکذا المضارع إذا غلب فی الحال مثل أطلقک کما فی البحر** . (فتاوی

الشامی:۲۴۸/۳، سعید،والبحر الرائق:۲۵۲/۳، کوئٹہ).

فتح القدیر میں ہے:

**ولايقع بأطلقك إلا إذا غلب في الحال.** (فتح القدير:٧/٤، دارالفكر).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**قالت: لزوجها : من با تو نمی باشم ، فقال الزوج: مباش، فقالت: طلاق بدست تو است، مرا طلاق کن، فقال الزوج: طلاق می کنم، طلاق می کنم، و کرر ثلاثاً، طلقت ثلاثاً، بخلاف كنم، لأنه استقبال.** (الفتاوى الهندية:٣٨٤/١).

احسن الفتاوی میں ہے:

لفظ طلاق دیتاہوں حال کے لیے موضوع ہے لہذا اس سے طلاق واقع ہوگئی اگرچہ یہ جملہ مستقبل قریب کے لیے بھی گاہے گاہے استعمال ہوتا ہے...الخ.(احسن الفتاوی:۱۵۳/۵).

**مزید ملاحظہ ہو:** (تنقيح الفتاوى الحامدية:٣٨/١). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بحالتِ حمل طلاق دینے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے اپنی بیوی کو حالتِ حمل میں طلاق دی تو واقع ہوئی یانہیں؟ اور مکروہ ہوگی یا مباح؟

**الجواب:** طلاق جس حالت میں بھی دی جائے واقع ہوجاتی ہے، البتہ حالت حیض میں بدعت اور نامناسب ہے، اور حالت حمل میں احسن ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی ہندیہ میں ہے:

**الأحسن أن يطلق امرأته واحدة رجعية في طهرها لم يجامعها فيه ثم يتركها حتى تنقضي عدتها أو كانت حاملاً قد استبان حملها.** (الفتاوى الهندية:٣٤٨/١، كتاب الطلاق،الباب الاول).

نیز مذکور ہے:

**والبدعي من حيث الوقت أن يطلق المدخول بها وهي من ذوات الأقراء في حالة الحيض.** (الفتاوی الھندیة: ۱/ ۳۴۹، کتاب الطلاق، الباب الاول) .

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

سوال: عورت کو حمل کی حالت میں طلاق ہوگی یا نہیں؟

الجواب: جی ہاں! حالت حمل میں بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ ﴿**و أولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن**﴾. سورۂ طلاق۔ (فتاوی رحیمیہ: ۸/ ۲۵۷، مبوب ومرتب، دارالاشاعت).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی دارالعلوم دیوبند: جلد دوم: ص۴۹۸، دارالاشاعت). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بغیر نسبت طلاق دینے سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کا اس کی بیوی کے بھائیوں کے ساتھ جھگڑا تھا، اور جھگڑے کا سبب بیوی تھی، اس نے یہ الفاظ کہے "مجھ پر تین طلاق کے ساتھ مطلقہ ہے" اپنی بیوی کا نام یا اس کی طرف نسبت نہیں کی تو طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں جب بیوی کے حق میں یہ الفاظ "مجھ پر تین طلاق کے ساتھ مطلقہ ہے" کہدئے تو طلاق واقع ہوگئی، اس لیے کہ طلاق بیوی ہی کو دی جاتی ہے کسی اور کو نہیں دی جاتی، تاہم اگر شوہر قسم کھا کر کہدے کہ میری مراد بیوی نہیں تھی تو پھر طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**قيد بخطابها لأنه لو قال: إن خرجت يقع الطلاق أو لا تخرجي إلا بإذني فإني حلفت بالطلاق فخرجت لم يقع لتركه الإضافة إليها. وفي رد المحتار: والمفهوم من تعليل الشارح تبعاً للبحر عدم الوقوع أصلاً لفقد شرط الإضافة، مع أنه لو أراد طلاقها تكون الإضافة موجودة و يكون المعنى فإني حلفت بالطلاق منک أو بطلاقک، ولا يلزم كون الإضافة صريحة في كلامه، لما في البحر لو قال: طالق فقيل له من عنيت؟ فقال: امرأتي**

**طلقت امرأته.** (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۲۴۸/۳، باب الصریح، سعید).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

وقوعِ طلاق کے لیے اضافتِ صریحہ کا ہونا لازمی نہیں ہے۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند: جلد دوم: ص ۵۰۴).

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے حضرت علامہ کشمیریؒ کا ایک رسالہ بعنوان ''حکم الانصاف فی الطلاق الغیر المضاف''، نقل فرمایا ہے، ملاحظہ فرمائیں: (فتاوی دارالعلوم دیوبند: جلد دوم: ص ۵۰۵-۵۱۰، دارالاشاعت).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

جب بیوی کے حق میں شوہر لفظ طلاق کہتا ہے تو اس سے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے، اگر چہ جملہ تامہ (میں نے تجھ کو طلاق دی) نہ کہا ہو، مگر مطلب اس کا یہی ہوتا ہے، تاہم اگر شوہر یہ کہے کہ میں نے طلاق نہیں دی اور لفظ یہ بیوی کے حق میں نہیں کہا تو قسم کے ساتھ شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ (فتاوی محمودیہ: ۲۷۴/۱۲، مبوب و مرتب).

کفایت المفتی میں ہے:

زید کے ان الفاظ میں جو سوال میں مذکور ہیں لفظ طلاق تو صریح ہے لیکن اضافت الی الزوجۃ صریح نہیں ہے، اس لیے اگر زید قسم کھا کر یہ کہدے کہ میں نے اپنی بیوی کو یہ الفاظ نہیں کہے تھے تو اس کے قول اور قسم کا اعتبار کر لیا جائے گا، اور طلاق کا حکم نہیں دیا جائے گا۔ (کفایت المفتی: ۵۴/۶، دارالاشاعت).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی رحیمیہ: ۲۷۵/۸، مبوب و مرتب). واللہ ﷻ اعلم۔

## ''سمجھ لینا کہ طلاق ہے'' کو طلاق مت سمجھو:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو جھگڑے کے وقت یہ الفاظ کہے ''تو چلی جا اور سمجھ لینا کہ طلاق ہے'' ان الفاظ سے طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کا یہ کہنا کہ ''تو چلی جا اور سمجھ لینا کہ طلاق ہے'' ان الفاظ سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں ہے:

**امرأة قالت لزوجها مرا طلاق ده ، فقال الزوج : داده انگار أو کرده انگار، لایقع وإن نوی ولو قال لها بعد ماطلبت الطلاق.** (الفتاوی الهندیة:۱/ ۳۸۰،باب الطلاق بالفاظ الفارسیة).

یعنی کسی عورت نے اپنے شوہر سے کہا مجھے طلاق دیدو،تو شوہر نے کہادی ہوئی سمجھ لے،یا کی ہوئی سمجھ لے،توان الفاظ سے طلاق واقع نہیں ہوتی،اگر چہ شوہر نے ان الفاظ سے طلاق کی نیت کی ہو،اوراگر چہ عورت کے طلاق کا مطالبہ کرنے کے بعد یہ الفاظ کہے ہوں۔

فتاویٰ قاضیخان میں ہے:

**امرأة قالت لزوجها مرا طلاق ده ... ولو قال الزوج داده انگار أو کرده انگار لایقع الطلاق وإن نوی کأنه قال بالعربیة : احسبي أنک طالق، وإن قال ذلک لایقع وإن نوی.**

(فتاوی قاضیخان علی هامش الهندیة:۱/ ٤٥٧،کتاب الطلاق) .

مزید ملاحظہ ہو:(خیرالفتاوی:۵/ ۱۴۸،مکتبہ امدادیہ)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ڈرامہ میں حکایۃً طلاق دینے سے وقوع طلاق کا حکم:

**سوال:** اگرشوہر بیوی نے کسی ڈرامہ میں کام کیااوراس میں کسی کہانی کے ضمن میں شوہر نے بیوی کو طلاق دی،تو یہ طلاق واقع ہوئی یانہیں؟ مثلاً لیلیٰ مجنون کی کہانی پیش کی،اورشوہر بیوی نے لیلیٰ مجنون کا کردارادا کیا۔

**الجواب:** حضرت مفتی ولی حسن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ اس میں طلاق واقع نہیں ہوتی، کیونکہ یہ طلاق حکایت اورنقل کے طور پر ہے،گویا مجنون نے لیلیٰ کوطلاق دی یافرہاد نے شیرین کوطلاق دی،جو فرضی واقعہ کی تصویر ہے یہ انشاء طلاق نہیں،دوسروں سے حکایت اورنقل ہے،جیسے صاحبِ مقامات نے ابوزید سروجی اورحارث بن ہمام کی حکایات کوفرضی طور پرنقل فرمایا،اس لیے صاحبِ مقامات پرجھوٹ کا گناہ بھی نہیں، کیونکہ فرضی حکایات کسی امرواقع کی غلط خبر نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں الفقہ الاسلامی وادلتہ میں ہے:

**يشترط بالاتفاق القصد في الطلاق وهو إرادة التلفظ به ولولم ينوه فلا يقع طلاق فقيه يكرره ولاطلاق حاكٍ عن نفسه أوغيره لأنه لم يقصد معناه ، بل قصد التعليم والحكاية .**
(الفقه الاسلامی وادلته:۷/۳٦۸،شروط الطلاق،دارالفکر) .

فتح القدیر میں ہے:

**لوكرر مسائل الطلاق بحضرة زوجته ويقول: أنت طالق ولاينوي طلاقاً لاتطلق.** (فتح القدیر:٤/٤،باب ایقاع الطلاق،دارالفکر).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (الاشباہ والنظائر:۱/۹۱۔وفتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/۲۸۴،مدلل ومکمل۔وفتاوی محمودیہ:۱۲/۲۴۹، مبوب ومرتب). واللہ ﷻ اعلم۔

## لفظ ’’طاق‘‘ سے وقوع طلاق کا حکم:

**سوال:** اگرکسی شخص نے اپنی بیوی سے کہاتم کوطاق ہےتو طلاق ہوئی یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ لفظ ’’طاق‘‘ کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فتاوی ہندیہ میں ہے:

**وان حذف اللام فقط فقال : أنت طاق لايقع وان نوى.** (الفتاوی الهندیة:۱/۳۵۷،باب فی ایقاع الطلاق۔ وکذا فی البحرالرائق:۳/۲۵۵،کتاب الطلاق،کوئٹه).

احسن الفتاوی میں ہے: لفظ ’’تاک‘‘ سے کوئی طلاق نہیں ہوئی۔(احسن الفتاوی:۵/۱۹۷۔وفتاوی محمودیہ:۱۲/۳۲۸،مبوب ومرتب). واللہ ﷻ اعلم۔

## اخرس کی طلاق کا حکم:

**سوال:** اخرس کی طلاق کس طرح واقع ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اخرس ( گونگا)اگرلکھ کرطلاق دے یاطلاق نامہ کامضمون معلوم ہوجانے

کے بعداس پردستخط کرے تو طلاق واقع ہوجائے گی،اوراگرلکھنا نہ جانتا ہوتو اس کے مخصوص اشاروں (جن کو اس کے قریب کے لوگ جانتے اور سمجھتے ہوں) سے بھی طلاق واقع ہوجائے گی،اشاروں کے ذریعہ ہی عددطلاق متعین ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**(ويقع طلاق كل زوج بالغ عاقل) ... (ولوعبداً أومكرهاً) ...(أوأخرس) واستحسن الكمال اشتراط كتابته (بإشارته) المعهودة فإنها تكون كعبارة الناطق استحساناً .وفى الشامية : قوله واستحسن الكمال اشتراط كتابته حيث قال: وقال بعض الشافعية:إن كان يحسن الكتابة لايقع طلاقه بالإشارة لاندفاع الضرورة بما هوأدل على المراد من الإشارة، وهو قول حسن، وبه قال بعض مشايخنا، قلت: بل هذا القول تصريح بما هوالمفهوم من ظاهرالرواية، ففى الكافى الحاكم الشهيد ما نصه: فإن كان الأخرس لا يكتب وكان له إشارة تعرف في طلاقه ونكاحه وشرائه وبيعه فهوجائز، وإن كان لم يعرف ذلك منه أو شك فيه فهو باطل، فقد رتب جواز الإشارة على عجزه عن الكتابة، فيفيد أنه إن كان يحسن الكتابة لاتجوز إشارته.** (الدرالمختار مع الشامي: ۲٤۱/۳، كتاب الطلاق، سعيد).

**وفي المبسوط للإمام السرخسيؒ :**

**وإن كان الأخرس لا يكتب وكانت له إشارة تعرف في طلاقه ونكاحه وشرائه وبيعه فهو جائز استحساناً.** (المبسوط :۱٤٤/٦ ،باب طلاق الاخرس،ادارة القرآن) .

**وفي الطحطاوي على الدرالمختار: (قوله واستحسن الكمال اشتراط كتابته) قال فى البحر: وقال بعض المشايخ: إن كان يحسن الكتابة لايقع طلاقه بالإشارة لاندفاع الضرورة بما هو أدل على المراد من الإشارة، قال في فتح القدير: وهوحسن حلبي، قال فى النهر: والخلاف إنما هو في قصر صحة تصرفاته على الكتابة.** (حاشية الطحطاوى على الدرالمختار: ۱۰۸/۲، كتاب الطلاق،كوئته۔ومثله فى البحرالرائق:٤۷۸/۸ ،مسائل شتىٰ، كوئته).

مذکورہ بالاعباراتِ فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اخرس کا اشارہ اس وقت معتبر ہوگا جب کہ وہ کتابت پر قدرت نہ رکھتا ہو اگر کتابت پر قادر ہے تو اشارہ غیر معتبر ہے، اسی کو قاضی مجاہدالاسلام صاحب نے اختیار فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو: (مجموعہ قوانین اسلامی: ص ۱۳۶، دفعہ ۱۰) .

اس کے برخلاف دیگر بعض کتبِ فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اشارہ کے لیے عدم قدرت علی الکتابۃ شرط نہیں ہے، یعنی قادر علی الکتابۃ کا اشارہ بھی معتبر ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں ''الاشباہ والنظائر''میں ہے:

**اختلفوا في أن عدم القدرة على الكتابة شرط للعمل بالإشارة أو لا، والمعتمد لا.**

(الاشباه والنظائر: ۱/۳۷۹، احكام الاشارة، الفن الثالث الجمع والفرق، المكتبة العصرية، بيروت ـ ومثله فى تبيين الحقائق: ۶/۲۱۹، مسائل شتىٰ، امداديه ملتان).

شمس الدین قاضی زادہ آفندی ''نتائج الافکار''میں اس مسئلہ پر روشنی ڈالنے کے بعد فرماتے ہیں:

**غاية الأمر أن يكون في المسئلة روايتان ومثل ذلك كثير.** (نتائج الافكار تكملة فتح القدير: ۱۰/۵۲۷، مسائل شتىٰ، دار الفكر).

خلاصہ یہ ہے کہ موجودہ دور میں کتابت کی اہمیت بام عروج پر ہے، لہٰذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اخرس کے لیے نکاح طلاق وغیرہ معاملات میں کتابت کی شرط لگائی جائے، تا کہ خط او محفوظ باشد و بوقتِ ضرورت کار آید۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ٹیلی فون پر طلاق دینے سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے ٹیلی فون پر بیوی سے خطاب کرتے ہوئے طلاق دی، بیوی کا بیان ہے کہ الفاظِ طلاق بولنے سے پہلے اس نے فون چھوڑ دیا تھا، اور طلاق نہیں سنی، تو کیا طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق واقع ہوگئی، اس لیے کہ وقوعِ طلاق کے لیے بیوی کا سامنے ہونا اور الفاظِ طلاق سننا ضروری نہیں ہے، اس مسئلہ کو اس طرح سمجھ لیجئے کہ کوئی شخص بیوی کو طلاق کا خط لکھے اور خط اس

کے مکان پر پہونچ جائے، اور وہ گھر پر موجود نہ ہو تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

ملاحظہ فرمائیں فتاویٰ شامی میں ہے:

**ثم المرسومة لاتخلو اما أن أرسل الطلاق بأن كتب أما بعد فانت طالق فكما كتب هذا يقع الطلاق.** (فتاوى الشامي:٣/٢٤٦،مطلب في الطلاق بالكتابة،سعيد).

عزیز الفتاویٰ میں ہے:

سامنے ہونا زوجہ کا وقوع طلاق کے لیے شرط نہیں ہے...الحاصل حاضر ہونا عورت کا بوقتِ طلاق شرط نہیں ہے۔ (عزیز الفتاویٰ: جلد اول:۴۸۸).

فتاویٰ رحیمیہ میں ہے:

طلاق واقع ہونے کے لیے عورت کا سامنے ہونا یا طلاق کے الفاظ سنانا یا عورت کا نام لے کر طلاق دینا شرط نہیں ہے۔ (فتاویٰ رحیمیہ:۸/۲۶۶،مبوب ومرتب). واللہ ﷻ اعلم۔

## بذریعہ ایس ایم ایس (SMS) طلاق دینے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو فون میں (SMS) کے ذریعہ ایک طلاق دی، ایک ہفتہ کے بعد دوسری طلاق دی (SMS) کے ذریعہ پھر تین سال کے بعد ہم نے یہ طے کرلیا کہ ساتھ رہنا چاہئے، کیا ہمارا نکاح باقی ہے یا نہیں؟ نیز ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ایس ایم ای (SMS) کے ذریعہ دی ہوئی دونوں طلاقیں واقع ہوگئیں، اب اگر دوبارہ ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو ازسرنو دو گواہوں کے سامنے تجدید نکاح کے بعد ساتھ رہ سکتے ہیں۔ لیکن آئندہ شوہر کو صرف ایک طلاق کا اختیار ہوگا، اگر کسی وقت ایک طلاق دیدیگا تو عورت مغلظہ ہو جائے گی۔

ملاحظہ ہو در مختار میں ہے:

**ولو كتب على وجه الرسالة والخطاب ؛كان يكتب يافلانة: إذا أتاك كتابي هذا فأنت طالق طلقت بوصول الكتاب. وفي الشامية : قوله طلقت بوصول الكتاب أي إليها**

ولايحتاج الى النية في المستبين المرسوم ، ولايصدق فى القضاء أنه عنى تجربة الخط ، بحر .

وفيه : وإن كانت مرسومة يقع الطلاق نوى أولم ينو ثم المرسومة لاتخلوإما أن أرسل الطلاق بأن كتب: أما بعد فأنت طالق ، فكما كتب هذا يقع الطلاق وتلزمها العدة من وقت الكتابة وإن علق طلاقها بمجئ الكتاب بأن : إذا جاء ک كتابي فأنت طالق فجاء ها الكتاب فقرأ ته أولم تقرأ يقع الطلاق كذا فى الخلاصة. (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۲٤٦،مطلب فى الطلاق بالكتابة،سعيد).

ہدایہ میں ہے:

وإذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها فى العدة وبعد انقضائها لأن حل المحلية باقٍ لأن زواله معلق بالطلقة الثالثة فينعدم قبله ومنع الغير فى العدة لاشتباه النسب ولا اشتباه في إطلاقه . (الهداية:۲/۳۹۹،باب الرجعة،فصل فيماتحل به المطلقة) .

البحر الرائق میں ہے:

قوله ويهدم الزوج الثاني مادون الثلاث حتى لوطلقها واحدة وانقضت عدتها وتزوجت بآخر وطلقها وانقضت عدتهامنه ثم تزوجها الأول يملك ثلاثاً إن كانت حرة ... وعند محمدؒ يملک عليها ثنتين فى الحرة وواحدة فى الأمة ومراده إن دخل بها ولو لم يدخل بها لايهدم اتفاقاً كما فى القنية وقد أخذ أبوحنيفةؒ وأبويوسفؒ فيها بقول شبان الصحابة رضي الله تعالىٰ عنهم كابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما وابن عمررضي الله تعالىٰ عنهما وأخذ محمدؒ بقول الأكابر كعمررضي الله تعالىٰ عنه وعلي رضي الله تعالىٰ عنه وحاصل ما استدلوا به من قوله صلى الله عليه وسلم: لعن الله المحلل له بطريق الدلالة أنه لماكان محللاً فى الغليظة ففى الخفيفة أولىٰ أو بالقياس بجامع كونه زوجاً، ورده المحقق في فتح القديروالتحرير بأن التحليل إنما جعل في حرمتها بالثلاث فلاحرمة قبلها فظهر أن

**القول ما قاله محمدؒ وباقي الأئمة الثلاث**. (البحر الرائق: ٤/ ٥٨، باب الرجعة، کوئٹہ).

مزید ملاحظہ ہو: (الهداية: ٢/ ٤٠٠، باب الرجعة). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## متصلاً اِن شاء اللہ کہنے سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک آدمی نے اپنی بیوی کو بایں الفاظ طلاق دی: ''طلاق، طلاق، طلاق ان شاء اللہ'' تو کیا واقع ہوئی یا نہیں؟ اور کتنی واقع ہوئی؟

**الجواب:** طلاق دیتے وقت زبان سے متصلاً ان شاء اللہ کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوتی، لہذا صورتِ مسئولہ میں بھی طلاق واقع نہیں ہوئی۔

**قال العلامة التمرتاشي في تنوير الأبصار: قال لها: أنت طالق إن شاء الله متصلاً مسموعاً لايقع**. (تنویر الابصار: ٣/ ٣٦٦، سعید).

ہدایہ میں ہے:

**وإذا قال لامرأته أنت طالق إن شاء الله تعالىٰ متصلاً لم يقع الطلاق، لقوله عليه السلام: من حلف بطلاق أو عتاق وقال: إن شاء الله تعالىٰ متصلاً به لاحنث عليه ولأنه أتى بصورة الشرط فيكون تعليقاً من هذا الوجه وأنه إعدام قبل الشرط والشرط لايعلم ههنا فيكون إعداماً من الأصل ولهذا يشترط أن يكون متصلاً به بمنزلة سائر الشروط**. (الهداية: ٢/ ٣٨٩، فصل فی الاستثناء).

مزید ملاحظہ ہو: (امداد الاحکام: ۲/ ۴۱۶۔ وفتاوی محمودیہ: ۱۳/ ۱۱۳، مبوب ومرتب)۔ **واللہ ﷻ اعلم۔**

## سراً ان شاء اللہ کہنے سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے طلاق اس طرح دی کہ اِن شاء اللہ آہستہ کہا، مثلاً یوں کہا: میں تمام لوگوں کے سامنے طلاق دیتا ہوں اور آہستہ ان شاء اللہ کہا، جس کو کسی نے نہیں سنا تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ نیز ایک آدمی کو

تین طلاق دینے پر مجبور کیا گیا کہ اگر طلاق نہیں دو گے تو مار دئے جاؤ گے، اس نے دباؤ میں آکر تین طلاقیں دیں، اور چپکے سے ان شاء اللہ کہا، اس صورت میں اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ جب کہ یہ ان شاء اللہ کسی نے نہیں سنا، اس نے آہستہ کہا، اور اگر بیوی تسلیم نہ کرے تو کیا حکم ہے؟ دیانۃً وقضاءً کوئی فرق ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق کے ساتھ اِن شاء اللہ اس طرح کہا کہ اگر کوئی آدمی اس کے منہ کے ساتھ کان لگا دیتا تو سن لیتا، اور شوہر صالح ومتقی ہے تو اس کا قول مع الیمین معتبر ہوگا اور طلاق واقع نہیں ہوگی۔ نیز اکراہ بھی طلاق دل سے نہ دینے کی دلیل ہے۔

یہ مسئلہ دیانۃً ہے البتہ اگر عورت انکار کردے کہ ان شاء اللہ نہیں کہا، تو شوہر کا قول بغیر بینہ کے قابل قبول نہ ہوگا۔

لیکن اگر صرف دل میں کہا اور زبان سے اس طرح نہیں کہا کہ کان لگانے والا سن لے تو استثناء معتبر نہ ہوگا، اور طلاق واقع ہوجائے گی۔

درمختار میں ہے:

**قال لها أنت طالق إن شاء اللّٰه متصلاً ... مسموعاً بحيث لو قرب شخص أذنه إلى فيه يسمع . وفي الشامية : (قوله بحيث لو قرب) أشار به إلى أن المراد من المسموع ما شأنه أن يسمع وإن لم يسمعه المنشئي لكثرة أصوات مثلاً. وقوله (مسموعاً) هذا عند الهندواني، وهو الصحيح كما في البدائع ، وعند الكرخي ليس بشرط.** (الدر المختار مع فتاوی الشامي: ۳/۳٦۸) .

**وفي الشامي عن البحر : والشرط سماعه لا سماعهم على ماعرف في الجامع الصغير.** (فتاوی الشامي: ۳/ ۳۷۰، سعيد).

**وفي الدر المختار : ويقبل قوله إن ادعاه وأنكرته في ظاهر المروي عن صاحب المذهب وقيل: لا يقبل إلا ببينة وعليه الاعتماد والفتویٰ احتياطاً لغلبة الفساد ،خانية، وقيل إن عرف بالصلاح فالقول له. وفي الشامي: ( قوله ان عرف ...الخ) قائله صاحب الفتح ...**

**قلت: ولایخفی أن هذا تحقیق للقول الثانی المفتی به لأن المشایخ عللوه بفساد الزمان أی فیکون الزوج متهماً وإذا کان صالحاً تنتفی التهمة فیقبل قوله فلایکون هذا قولاً ثالثاً فتدبر.**
(الدرالمختارمع فتاوی الشامی:۳/۳٦۹،سعید).

احسن الفتاوی میں ہے:

استثناء میں یہ تفصیل ہے کہ زوجہ پر بینہ ہے، اگر وہ بینہ نہ پیش کرے تو اگر زوج صلاح وتقویٰ میں معروف ہے تو اس کا قول مع الیمین معتبر ہے ورنہ قول زوج بدون بینہ قبول نہ کیا جائیگا۔ (احسن الفتاوی:۵/۱۹٦).

**مزید ملاحظہ ہو:** (الفتاوی الهندیة: ٦/۳۹٦۔و بدائع الصنائع: ۳/۱۵۵۔و منحة الخالق علی البحر الرائق: ٤/٤۰۔و فتاوی محمودیه :۱۳/۱۵۵۔و فتاوی دار العلوم دیوبند: ۹/۱۳۸) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## شوہر کا منہ بند کر لینے سے وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے غصے اور جھگڑے میں کہا: میں ابھی آپ کا فیصلہ کرنے والا ہوں، میں طلاق کا فیصلہ کر چکا ہوں۔ پھر اس نے بات شروع کی کہ تم میری بات نہیں مانتی، اس لئے تم کو ... اتنی بات کہی تھی کہ بیوی نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھا اور طلاق کا لفظ اس کے منہ سے نہیں نکل سکا تو طلاق ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس شخص کی بیوی پر طلاق واقع نہیں ہوئی۔ وقوعِ طلاق کے لئے تلفظ ضروری ہے، اور تلفظ نہیں پایا گیا۔

عالمگیری میں ہے:

**ولو قال: أنت طالق وهو یرید أن یقول ثلاثاً، فقبل أن یقول ثلاثاً أمسک غیره فمه أو مات تقع واحدة، کذا في محیط السرخسي.** (الفتاوی الهندیة: ۱/۳۵۹).

اس سے معلوم ہوا کہ جب شوہر نے طلاق کا تلفظ کیا اور ثلاثا کا لفظ نہیں کہا تو ایک طلاق واقع ہوئی اور تین نہیں ہوئی۔

نیز محدثین میں مولانا ظفر احمد عثمانیؒ صاحب نے " **لا طلاق في إغلاق**" (رواه أبو داود: صـ ۲۹۸، باب الطلاق

علی غیظ)۔ کاایک مطلب یہ بیان کیا ہے کہ منہ بند کر کے تلفظ کرنے کی صورت میں طلاق نہیں ہوئی۔

**فنقول: المراد من الإغلاق هو إغلاق الفم حيث لا يقدر على التكلم، ولا يمكن له أن يتلفظ بلفظ الطلاق مفسراً وإن تلفظ بشيء يسير مبهماً لايحصل المقصود به، فمثل هذا الطلاق لايقع، لأنه لايقال له عرفاً أنه طلق إذا لم يفهم لفظ الطلاق من كلامه، ولم يصدر منه التلفظ به، حيث يدل على المقصود.** (إعلاء السنن:۱۱/۱۸۰، ادارة القرآن)۔ **واللہ ﷻ اعلم۔**

## والدین کے کہنے پر طلاق دینے کا حکم:

**سوال:** اگر باپ بیٹے کو طلاق دینے کا حکم کرے تو شرعاً اس کا ماننا ضروری ہے یا نہیں؟ مدلل بیان کرے؟

**الجواب:** حدیث میں آیا ہے کہ ایک شخص نے کہا"إن امرأتي لا تدفع يد لامس" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" طلقها" اس شخص نے کہا" إني أحبها" پھر فرمایا:" فاستمتع بها" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر باپ بیٹے کو طلاق کا حکم دے تو یہ مشورہ کے درجہ میں ہے، حکم شرعی کے درجہ میں نہیں ہے، کیونکہ اس حدیث میں بیوی کی تقصیر کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق کا حکم یعنی مشورہ دیا، اور آپ کا درجہ یقیناً باپ سے بڑھ کر ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مشورہ نہیں مانا گیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض بھی نہیں ہوئے، اسی طرح ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے معاملہ میں ان کے والد کا حکم اور ان کے والد کے حکم کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مشورہ تسلیم کرنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے ضروری نہیں تھا، لیکن انہوں نے قبول کرلیا، اگر کوئی قبول نہ کرے تو کوئی حرج نہیں، اور اکثر طلاق کے بارے میں والدین کا مشورہ درست بھی نہیں ہوتا، علی ہذا القیاس حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنے شوہر کے ساتھ رہنے کا مشورہ بھی حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تسلیم نہیں کیا، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض نہیں ہوئے۔

ملاحظہ فرمائیں بیہقی سنن کبریٰ میں ہے:

**عن عبد الكريم بن مالك عن أبي الزبير عن جابر بن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنهما**

**أن رجلاً أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: يارسول الله ! إن لي امرأة وهي لاتدفع يد لامس ، قال: "طلقها" قال: إني أحبها، وهي جميلة ، قال: "فاستمتع بها".** (السنن الكبرى للبيهقي:۷/۱۵۵،دارالمعرفة۔وكذافي المعجم الاوسط للطبراني :۱۰/۴۲۰/۶۵۹۷۔ومجمع الزوائد:۴/۳۳۵،باب فيمن يكثرالطلاق، دارالفكر).

اگر چہ اس حدیث پر یہ کلام کیا جا سکتا ہے کہ ابوالزبیر مدلس ہیں اوران کا عنعنہ محل نظر ہے، تاہم اس رویت سے اتنی بات معلوم ہوتی ہے کہ طلاق دینا لازم نہیں تھا، بلکہ یہ حکم مشورہ کے درجہ میں تھا۔

ترمذی شریف میں ہے:

**عن ابن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما قال: كانت تحتي امرأة أحبها وكان أبي يكرهها، فأمرني أبي أن أطلقها فأبيت فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم ، فقال: ياعبد الله ابن عمر طلق امرأتك .** (رواه الترمذي:۱/۲۲۶، باب ماجاء في الرجل يسأله ابوه ان يطلق امرأته۔وابن ماجه:۱۵۱، باب الرجل يأمره ابوه بطلاق امرأته).

ریاض الصالحین کی شرح میں شیخ محمد بن صالح العثیمین فرماتے ہیں:

**ذكرحديث عبد الله بن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما أنه كان له امرأة يحبها فأمره أبوه أن يطلقها لكنه أبىٰ ذلك، لأنه يحبها، فذكرعمر رضي الله تعالیٰ عنه ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم ، فأمر ابن عمر بطلاقها، وكذلك الحديث الآخر في امرأة كانت تأمر ابنها بطلاق زوجته فبين النبي صلى الله عليه وسلم أن صلة الرحم أوبر الوالدين سبب دخول الجنة، وهو إشارة إلى أنه إذا بر والدته بطلاق زوجته كان ذلك سبباً لدخول الجنة ، ولكن ليس كل والد يأمر ابنه بطلاق زوجته تجب طاعته ، فإن رجلاً سأل الإمام أحمد بن حنبلؒ قال:إن أبي يقول: طلق امرأتك، وأنا أحبها، قال: لاتطلقها، قال: أليس النبي صلى الله عليه وسلم قد أمر ابن عمر أن يطلق زوجته لما أمره عمر، فقال له الإمام أحمد: وهل أبوك عمر؟ لأن عمر نعلم علم اليقين أنه لن يأمر عبد الله بطلاق زوجته إلا بسبب شرعي، وقد يكون ابن لم يعلمه، لأنه من المستحيل أن عمر يأمر ابنه بطلاق زوجته ليفرق بينه وبين**

**زوجته بدون سبب شرعي، فهذا بعيد، وعلى هذا فإذا أمر أبوک أو أمک بأن تطلق امرأتک، وأنت تحبها، ولم تجد عليها مأخذاً شرعياً، فلا تطلقها، لأن هذه من الحاجات الخاصة التي لايتدخل أحد فيها بين الإنسان وبين زوجته.** (شرح رياض الصالحين: ١/ ٢٠٧، باب بر الوالدين وصلة الارحام، دار السلام).

فتاویٰ حقانیہ میں ہے:

والدین کی رضامندی کے لیے بیوی کو قربان کرنا اگر چہ بیٹے کی فرمانبرداری کا اعلیٰ نمونہ ہے، لیکن ایسی حالت میں جب کہ عورت کا کوئی جرم بھی نہ ہوایک عورت کی زندگی سے کھیلنا اوراس کو جدائی کی وادی میں دھکیلنا یا اپنے آپ کو جدائی کے ناقابل برداشت بوجھ کے نیچے دبانا کسی بڑے امتحان سے کم نہیں، عام معاشرہ میں حضرت عمر جیسے والدکس کونصیب ہوتے ہیں کہ جس سے ابن عمر کے کردار کی توقع رکھی جا سکے، اس لیے والدین کی رضامندی کے لیے طلاق دینا اگر چہ جائز ہے، لیکن حالات پر نظر رکھنے کے بغیر یہ اقدام کرنا کسی مصیبت کا پیش خیمہ بن سکتا ہے۔ (فتاوی حقانیہ: ٤/ ٥٨٠).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

جب کہ بیوی میں دینی، اخلاقی، معاشرتی کسی قسم کی خرابی نہیں اور وہ اپنے شوہر کے والدین کونہیں ستاتی، بلکہ ان کی خدمت کرتی ہے اوران کوخوش رکھتی ہے، ادھر شوہر کو یہ بھی اندیشہ ہے کہ اگر بیوی کو طلاق دیدی بیوی کی حق تلفی ہوگی، توان مجموعی حالات کے پیش نظر طلاق نہیں دینی چاہئے، طلاق نہ دینے سے زید گنہگار نہیں ہوگا۔ (فتاوی محمودیہ: ١٣/ ١٦١، مبوب ومرتب)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## امساک بالمعروف نہ کرنے پر طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک صاحب ملکیت شخص نے اپنی عورت کوگھر سے الگ کر دیا، خرچ بھی کچھ نہیں دیتا، اب وہ عورت انتہائی مصیبت سے زندگی کے ایام بسر کر رہی ہے، شخص مذکور نے اپنی ملکیت بھی دوسرے کے نام کر دی ہے، اس لیے بذریعہ عدالت بھی کوئی چارہ جوئی نہیں ہوسکتی، اب وہ عورت اس بے کسی کی حالت میں طلاق لینے

کی مستحق ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اگر کوئی صورت طلاق کی نکل سکے تو تحریر فرمائیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب وہ امساک بالمعروف نہیں کرتا، اور زوجہ کو نفقہ نہیں دیتا، نیز ادائیگی حقوق سے بھی بے پرواہ ہے، تو اس کو طلاق دینا چاہئے، اور اگر شوہر از خود طلاق نہیں دیتا تو اس کو طلاق دینے پر مجبور کیا جائے گا، لیکن بغیر طلاق کے عورت شوہر کے نکاح سے علیحدہ نہیں ہوسکتی، عورت کو چاہئے کہ جمعیت العلماء کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کرے، وہ حضرات تحقیق کرنے کے بعد نکاح فسخ کرسکتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**وإيقاعه مباح ... ويجب لوفات الإمساك بالمعروف.** (الدرالمختار:۳/۲۲۹، کتاب الطلاق، سعید).

البحرالرائق میں ہے:

**ويكون واجباً إذا فات الإمساك بالمعروف... ولذا قالوا: إذا فاته الإمساك بالمعروف ناب القاضي منابه فوجب التسريح باحسان.** (البحرالرائق:۳/۲۳۷، کوئٹہ، کتاب الطلاق).

بدائع الصنائع میں ہے:

**وقال النبي صلى الله عليه وسلم: لا ضرر ولاضرار في الإسلام... لأن الله أوجب على الزوج الإمساك بالمعروف أوالتسريح بالإحسان بقوله عزوجل: ﴿فإمساك بمعروف أوتسريح بإحسان﴾ ومعلوم أن استيفاء النكاح عليها مع كونها محرومة الحظ من الزوج ليس من الإمساك بالمعروف في شيء فتعين عليه التسريح بالإحسان فإن سرح بنفسه وإلا ناب القاضي منابه في التسريح.** (بدائع الصنائع:۲/۳۲۳،فصل فی خلوالزوج عن العیوب، سعید).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/۳۵، مدلل مکمل۔ کتاب الفسخ والتفریق:ص۸۸۔ ومجموعہ قوانین اسلامی: ص۱۹۸۔ والحیلۃ الناجزۃ:ص۱۱۷). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بے جا اور بلا وجہ شرعی ہونے والی طلاق روکنے کی تدبیر:

**سوال:** میاں بیوی آپس میں معاہدہ کرلے کہ اگر شوہر نے بے جا یا بلا وجہ شرعی تین طلاق دیدیں تو شوہر پر یہ لازم اور ضروری ہے کہ بیوی کو مکان دے یا گاڑی دے یا بڑی رقم دیکر رہا کرے، تو کیا بنگاہِ شریعت اس طرح معاہدہ کرنے کی گنجائش ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** اگر شوہر کو طلاق کے بیجا استعمال سے روکنے کے لیے بوقتِ عقدِ نکاح کسی ایسے معاہدہ کا پابند کیا جائے کہ جس کے مطابق وہ عورت کو جلد بلا قصور طلاق دیدے تو بطورِ متعہ ایک خطیر رقم کی ادائے گی اس کے ذمہ لازم قرار دی گئی ہو تو یہ صورت غالباً اوفق بالقرآن بھی ہوگی، جیسا کہ ارشاد باری ہے:

﴿**وللمطلقات متاع بالمعروف حقاً على المتقين**﴾. (سورة البقرة:).

اور طلاق شدہ عورتوں کے لیے معروف طریقہ پر متعہ دینا پرہیزگاروں پر لازم ہے، اگرچہ حسبِ تصریحاتِ فقہاء متعہ کی یہ صورت صرف مستحب کے درجہ میں ہے، تاہم معاہدہ کے بعد اس کا لازم الوفاء ہونا ارشادِ نبوی کے عین موافق ہوگا۔

بخاری شریف میں ہے:

**عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :" أحق ما أوفيتم من الشروط أن توفوا به مااستحللتم به الفروج .** (رواه البخاری:۲/۷۷٤/٤٩٥٧،باب الشروط فی النکاح، فیصل).

وعدہ کو پورا کرنا بعض صورتوں میں لازم ہوتا ہے، جب کہ وعدہ عقد میں ہو۔

ملاحظہ فرمائیں قاضی خان میں ہے:

**وإن ذكر البيع من غير شرط ثم ذكر الشرط على وجه المواعدة جاز البيع ويلزمه الوفاء بالوعد لأن المواعدة قد تكون لازمة فتجعل لازمة لحاجة الناس.** (قاضیخان علی هامش الهندية:۲/١٦٥،فصل فی الشروط المفسدة،تحت مسئلة بيع الوفاء).

نیز یہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ جس طرح عقدِ بیع میں وعدہ پورا کرنا لازم ہے، اسی طرح عقد نکاح میں بھی مصلحت کی وجہ سے لازم الوفاء قرار دے سکتے ہیں۔

ملاحظہ ہو شرح سیر کبیر میں ہے:

**۳۵۷۰۔ فإن شرطوا في أمان الرسل ألا يأخذ عاشر المسلمين منهم شيئاً، فإن كانوا يعاملون رسلنا بمثل هذا فينبغي للمسلمين أن يشترطوا لهم هذا ويوفوا به.**

**لأن هذا شرط موافق لحكم الشرع يجب الوفاء به.** (شرح كتاب السير الكبير لمحمد بن الحسن الشيبانيؒ: ۵/۱۷۹۰، باب الشروط فى المواعدة وغيرها).

آیتِ کریمہ ﴿**وأوفوا بعهد الله**﴾. (سورة النحل: ۹۱). کے تحت علامہ قرطبی فرماتے ہیں:

**لفظ عام لجميع مايعقد باللسان ويلتزمه الإنسان من بيع أوصلة أوموافقة في أمر موافق للديانة.** (الجامع لاحكام القرآن: ۱۰/۱۱۱، بيروت).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (جدید فقہی مباحث: ۱۱/۱۴۳، ادارۃ القرآن۔ وجدید فقہی مسائل: ۳/۳۳۔۶۰، اشتراط فی النکاح).

واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ :

﴿الطلاق مرتٰن فإمساک بمعروف أو تسریح بإحسان﴾

عن أبي هريرة رضي اللہ تعالیٰ عنہ قال :

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :

”ثلاث جدھن جد و ھزلھن جد،

النکاح، والطلاق، والرجعۃ“

(رواہ الترمذی،وقال: ھذا حدیث حسن غریب)

# باب ......﴿۲﴾

# صریح الفاظ سے طلاق دینے کا بیان

# باب ......﴿۲﴾

# صریح الفاظ سے طلاق دینے کا بیان

## تین طلاق دیکر تاکید کی نیت کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے بیوی سے جھگڑا کی حالت میں کہا: تجھے طلاق، طلاق، طلاق اب وہ کہتا ہے کہ میں نے تاکید کے لیے کہا تھا مقصود ایک طلاق تھی، تو بیوی اس کی بات تسلیم کرے یا نہیں؟ جب کہ بیوی نے مقدمہ پیش کردیا۔

**الجواب:** اگر کوئی شخص تین طلاق دیکر کہے کہ میں نے تاکید کی نیت کی تھی، تو دیانۃً اس کی تصدیق کرتے ہوئے ایک طلاق کا فتویٰ دیا جائے گا، لیکن صورتِ مسئولہ میں عورت نے تین طلاق سن کر مقدمہ پیش کردیا تو قاضی یا جمعیت العلماء شوہر کی بات کو تسلیم نہ کرتے ہوئے ظاہر پر فیصلہ فرما کر تین طلاق کا حکم صادر کرنے پر مامور ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**کرر لفظ الطلاق وقع الکل، وإن نوی التاکید دین. وفی الشامیة: دین :أي وقع الکل قضاءً.** (الدرالمختارمع ردالمحتار: ۳/۲۹۳، سعید) .

تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے:

**سئل في رجل قال لزوجته: روحي طالق وكررها ثلاثاً ناوياً بذلک جميعه واحدة وتاكيداً للأولىٰ ... وهو يحلف بالله العظيم أنه قصد ذلک ، لاغيره فهل يقع عليه بذلک واحدة رجعية ديانةً حيث نواها فقط ؟ (الجواب): لا يصدق في ذلک قضاءً ، لأن القاضي مأمور باتباع الظاهر، والله يتولى السرائر، وإذا دار الأمر بين التأسيس والتأكيد تعين الحمل على التأسيس** . (تنقيح الفتاوى الحامدية: ١/٣٦، كتاب الطلاق، دار الاشاعة العربية).

نظام الفتاوی میں ہے:

اگر یہ معاملہ قاضی (یا قائم مقام قاضی جیسے جماعت مسلمین وشرعی کمیٹی) کے سامنے پہنچ جائے گا، تو وہ بھی بحلف بیان کرنے کی تصدیق نہ کرے گا، بلکہ تین طلاق کا ہی حکم ہوگا۔ (نظام الفتاوی: جلد دوم: ص۲۲۳).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## الفاظ صریحہ میں تاکید کی نیت کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کے سامنے "أنت طالق، طالق، طالق" کے الفاظ کہے اور دوسری اور تیسری طلاق سے تاکید کی نیت کی تو ایک واقع ہوگی یا تین؟ اور طلاقِ رجعی واقع ہوگی یا بائن؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تاکید کی نیت کرنے کی وجہ سے دیانۃً ایک طلاقِ بائن واقع ہوگی، لیکن قضاء اس کی تصدیق نہیں کی جائے گی۔

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**رجل قال لامرأته : أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق، فقال: عنيت بالأولىٰ الطلاق وبالثانية والثالثة إفهامها صدق ديانةً وفى القضاء طلقت ثلاثاً**. (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/٤٦١، كتاب الطلاق).

**ومثله في الأشباه والنظائر مع حاشية الحموي: (١/١٧٨) ، القاعدة الثانية الأمور بمقاصدها. والفتاوى التاتارخانية: (٣/٢٨٦)، نوع آخر في تكرار الطلاق وايقاع العدد).**

ہدایہ میں ہے:

**وإذا وصف الطلاق بضرب من الزيادة والشدة كان بائناً.** (الهداية:٢/٣٦٩).

درمختار میں ہے:

**كرر لفظ الطلاق وقع الكل ، وإن نوى التاكيد دين .** (الدرالمختار:٣/٢٩٣، باب طلاق غير المدخول بها، سعيد).

فتاوی دارالعلوم دیو بند میں ہے:

سوال: زید نے اپنی بیوی کو حالتِ غصہ میں تین تین طلاق دیں ساتھ الفاظ متفرقہ اورصریحہ کے وہ الفاظ یہ ہیں: کہ تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، پھر زید کہتا ہے کہ مراد ہماری ان الفاظ سے تاکید ہے؟

الجواب: درمختار میں ہے: کرر لفظ الطلاق ...اس سے معلوم ہوا کہ قاضی اس کا اعتبار نہ کرے گا، اور دیانۃً اس کی نیت معتبر ہے۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/ ۲۲۷، مدلل مکمل).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

شوہر نے لفظ طلاق ایک دفعہ کہنے کے بعد اگر بار بار محض تاکید کی نیت سے دہرایا ہے اور خالی الذہن تھا، اور جدید طلاق کی نیت نہ کی تو دیانۃً ایک ہی طلاق واقع ہوئی۔ (فتاوی محمودیہ:۱۲/۲۸۰، مبوب ومرتب). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## خالی الذہن کی طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا: تم پر طلاق ہے، طلاق ہے، طلاق ہے، اور کوئی نیت نہیں تھی، خالی الذہن تھا، تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی۔

**الجواب:** حضرت مفتی فرید صاحب مدظلہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی نیت مستحضر نہ ہو تو صرف ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی۔ **كما في الدرالمختار: كرر لفظ الطلاق وقع الكل ، وإن نوى التاكيد دين. وفي ردالمحتار** (٢/٤٢ ٨): **أي ووقع الكل قضاءً وكذا إذا أطلق أشباه،أي بأن لم ينو استينافاً ولا تأكيداً لأن الأصل عدم التاكيد ، انتهىٰ. قلت: والفتوىٰ على الديانة دون القضاء فافهم.**

**قال العلامة محمد أمين ابن عابدين: المراد من قولهم يدين ديانة لا قضاءً أنه إذا استفتى فقيهاً يجيبه على وفق ما نوى ولكن القاضي يحكم عليه بوفق كلامه ولا يلتفت إلى نيته إذا كان فيما نوى تخفيف عليه.** (تنقيح الفتاوى الحامدية: ١/٣، فوائد بآداب المفتي). (فتاویٰ فریدیہ: ٥/٤٤٧).

**الأشباه والنظائر** میں ہے:

**ولو كرر لفظ الطلاق، فإن قصد الاستئناف وقع الكل، أو التأكيد فواحدة ديانةً، والكل قضاءً، وكذا إذا أطلق. وفي شرح الأشباه للعلامة الحمويؒ: قوله: وكذا إذا أطلق: يعني لو كرر لفظ الطلاق، ولم ينو الاستئناف، ولا التأكيد يقع الكل قضاءً، لأنه يجعل تأسيساً لا تأكيداً، لأنه خير من التأكيد.** (الاشباه والنظائر مع غمزعيون البصائر: القاعدة الثانية: الامور بمقاصدها: ١/١٧٨، ادارة القرآن).

الاشباہ والنظائر میں ہے:

**يدخل في هذه القاعدة (أي إعمال الكلام أولىٰ من إهماله) قولهم: التأسيس خير من التأكيد فإذا دار اللفظ بينهما تعين الحمل على التأسيس، ولذا قال أصحابنا: لوقال لزوجته: أنت طالق طالق طالق طلقت ثلاثاً.** (الاشباه والنظائر: ١/٣٧٦، القاعدة التاسعة، ادارة القرآن). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مذاق میں صریح الفاظ سے طلاق دینے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے تین مرتبہ یہ الفاظ کہے ''انت طالق انت طالق انت طالق'' پھر کہتا ہے کہ ایک حقیقتاً دی اور دو مذاق میں دی تو کتنی واقع ہوئیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تین طلاقیں واقع ہوگئیں، کیونکہ طلاق کے باب میں حقیقت تو حقیقت ہے ہی مذاق بھی حقیقت ہے، لہذا مذاق کی طلاق بھی حقیقتاً واقع ہوگئی، اب بتصریح نص قرآنی یہ عورت بدونِ حلالہ کے زوج اول کے لیے حلال نہیں ہے، اور یہی جمہور فقہاء کا مذہب ہے۔

نص قرآنی ملاحظہ فرمائیں:

﴿فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره﴾. (سورة البقرة: ۲۳۹).

ترمذی شریف میں ہے:

**عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث جدهن جد و هزلهن جد، النكاح، والطلاق، والرجعة، هذا حديث حسن غريب.** (رواه الترمذي: ۱/۲۲۵، باب ماجاء في الجد والهزل في الطلاق).

علامہ شامی فرماتے ہیں:

**أو هازلاً أي فيقع قضاءً و ديانةً.** (فتاوى الشامي: ۳/۲۳۸، سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**وطلاق اللاعب والهازل به واقع.** (الفتاوى الهندية: ۱/۳۵۳، فيمن يقع طلاقه).

**مزید ملاحظہ فرمائیں:** (الفتاوى التاتارخانية: ۳/۲۵۷، من يقع طلاقه ومن لا يقع، ادارة القرآن).

**واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## طلاق کہکر زوج اول کی طلاق مراد لینے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو پہلے دو طلاقیں دی تھیں، پھر کچھ مدت کے بعد جھگڑے کے وقت طلاق کہا، لیکن وہ کہتا ہے کہ میں نے یہ نیت کی تھی کہ تم کو پہلے شوہر سے طلاق تھی، اب شرعاً بیوی کے لیے شوہر کے ساتھ رہنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ یاد رہے کہ بیوی کو پہلے شوہر سے طلاق ہوئی تھی۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شوہر کی نیت یہی تھی جو سوال میں مذکور ہے تو طلاق واقع نہیں ہوئی اور بیوی شوہر کے ساتھ رہ سکتی ہے، لیکن آئندہ اس قسم کے الفاظ سے اجتناب کرنا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں طحطاوی میں ہے:

**وكذا لو نوى طلاقها من زوجها الأول على الصحيح (خانية) أي يصدق قضاءً و ديانةً إذا كان لها زوج طلقها قبل.** (حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۲/۱۱۳).

الغرض: بہتر صورت یہ ہے کہ زوجین اپنا مسئلہ کسی حَکَم کے پاس لیجائیں، حَکَم شوہر سے قسم لے گا، اگر شوہر نے قسم کھالی اور واقعی بیوی کو پہلے شوہر سے طلاق بھی ہوئی تھی تو بیوی شوہر کے ساتھ رہ سکتی ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## " أنت طالق واحدة في ثنتين " کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے " انت طالق واحدة في ثنتين" کہا تو کتنی طلاق واقع ہوگی؟ اور اس میں کیا اختلاف ہے اور فتویٰ کس کے قول پر ہے؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں ظاہر الروایت کے مطابق ایک طلاق واقع ہوتی ہے، لیکن امام زفرؒ کے نزدیک دو طلاقیں واقع ہوں گی، اور فتویٰ امام زفرؒ کے قول پر ہے، یعنی مفتیٰ بہ قول کے مطابق دو طلاقیں واقع ہوں گی۔

ہدایہ میں ہے:

**ولو قال: أنت طالق واحدة في ثنتين ونوى الضرب والحساب أولم تكن له نية فهي واحدة، وقال زفرؒ: تقع ثنتان لعرف الحساب وهوقول حسن بن زيادؒ.** (الهداية:۲/۳٦۳).

فتح القدیر میں ہے:

**وجه قول زفرؒ أن عرفهم فيه تضعيف أحد العددين بعدد الآخر فقوله واحدة في ثنتين كقوله واحدة مرتين أوثنتين مرة.** (فتح القدير:٤/۲۲،دارالفكر).

درمختار میں ہے:

**وبواحدة في ثنتين واحدة إن لم ينو أونوى الضرب لأنه يكثر الأجزاء لا الأفراد... و في الشامية: وقال زفرؒ والحسن بن زيادؒ والأئمة الثلاثة، يقع ثنتان، لأن عرف أهل الحساب فيه تضعيف أحد العددين بعدد الآخر، ورجحه في الفتح: بأن العرف لايمنع... واختاره أيضاً في غاية البيان...قال الرحمتي: فتزاد هذه المسئلة على المسائل المفتىٰ بها بقول زفرؒ. أي لأن المحقق ابن الهمامؒ من أهل الترجيح كما اعترف به صاحب البحر في**

**كتاب القضاء**. (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۲۶۱،باب الصريح،سعيد) .

شامی میں ہے:

**وقد زدت على ذلک ثماني مسائل : إذا قال أنت طالق واحدة في ثنتين وأراد الضرب تقع ثنتان عنده ، ورجحه المحقق الكمال بن الهمامؒ والاتقانيؒ في غاية البيان.**
(فتاوى الشامي: ۳/۶۰۸،باب النفقة،سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ڈر کی وجہ سے لاعلمی میں تین مرتبہ "أنت طالق" کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک نومسلم شخص کے خسر نے تین طلاقیں انگریزی زبان میں اس سے حاصل کیں، جب کہ اس نومسلم کو معلوم نہیں تھا کہ تین دینے سے کیا ہوگا محض ڈر کی وجہ سے یہ الفاظ بغیر نیت کے کہہ دیئے، تو ان الفاظ "أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق" سے کتنی طلاقیں واقع ہوئیں؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں صرف ایک طلاق رجعی واقع ہوئی، اس لیے کہ بعد والی دوطلاقوں سے نئی طلاق دینا مقصود نہیں تھا، بلکہ ایک اور تین میں فرق معلوم نہ ہونے کی وجہ سے ویسے ہی تکرار کیا، لہذا دیانۃً تصدیق کی جائے گی، ہاں اگر بیوی نے قاضی کے سامنے مقدمہ پیش کردیا تو قاضی تین طلاقوں کا فیصلہ دیگا۔
ملاحظہ فرمائیں تبیین الحقائق میں ہے:

**إذا قال : أنت طالق ،طالق ،طالق، وقال: إنما أردت به التكرار صدق ديانةً لا قضاءً فإن القاضي مأمور باتباع الظاهر والله يتولى السرائر.** (تبيين الحقائق:۲/۲۱۸).

الاشباہ والنظائر میں ہے:

**ولو كرر لفظ الطلاق فإن قصد الاستئناف وقع الكل أو التاكيد فواحدة ديانةً والكل قضاءً وكذا إذا أطلق.** (الاشباه والنظائر:۱/۱۷۸).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوى الهندية:۱/۳۵۵، باب في ايقاع الطلاق۔الدرالمختار مع ردالمحتار:۳/۲۳۵، سعيد۔وفتاوى محموديه :۱۲/۴۴۳، مبوب ومرتب) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تعداد میں شک ہونے سے طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کو شک ہے کہ دو طلاق دی یا تین، تو کتنی طلاق واقع ہوئی؟

**الجواب:** دو یا تین میں شک ہو تو چونکہ دو یقینی ہیں اس وجہ سے دو طلاقیں واقع ہوں گی، لیکن غالب گمان یہ ہے کہ تین طلاقیں دیں تو پھر تین واقع ہو جائیں گی۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ولو شک أطلق واحدة أو أكثر بنى على الأقل . وفي الشامية: بنى على الأقل أى كما ذكره الاسبيجابي ، الا أن يستيقن بالأكثر أو يكون أكبر ظنه.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۲۸۳، باب الصريح، سعيد).

بدائع الصنائع میں ہے:

**شک الزوج لايخلو اما أن وقع في أصل التطليق أطلقها أم لا ؟ ... وان وقع في القدر يحكم بالأقل لأنه متيقن به وفي الزيادة شک.** (بدائع الصنائع:۳/۱۲٦، فصل فی الرسالة فی الطلاق ، سعيد).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوی الہندیہ:۱/۳٦۳ فصل فی الطلاق الصریح۔ وفتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/۳۱٦، مدلل مکمل۔ وفتاوی محمودیہ:۱۲/۱۷۵، مبوب ومرتب)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''تجھے ایک دو تین طلاق'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا ''تجھے ایک دو تین طلاق'' تو کتنی طلاق واقع ہوئی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تین طلاقیں واقع ہوگئیں، لہذا بدونِ حلالہ کے یہ عورت زوج اول کے لیے حلال نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**(والطلاق يقع بعدد قرن به لا به) نفسه عند ذكر العدد، وعند عدمه الوقوع بالصيغة وفي الشامية : قوله والطلاق يقع بعدد قرن به لابه أى متى قرن الطلاق بالعدد كان الوقوع بالعدد بدليل ما أجمعوا عليه من أنه لوقال لغير المدخول بها أنت طالق ثلاثاً طلقت ثلاثاً.**

(الدرالمختارمع ردالمحتار:۲۸۷/۳،مطلب الطلاق يقع بعدد قرن به،سعيد).

خلاصۃ الفتاوی میں ہے:

**ولو قال : یکے ودو وسہ طلاق ثم تزوجها يقع الثلاث وتمام هذا في خزانة الواقعات.** (خلاصة الفتاوى:۸۷/۲،جنس آخر فى العدد،المكتبة الرشيدية).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوى البزازية على هامش الهندية:۱۸۲/٤،فيما يتعلق لصريح الطلاق ـ والفتاوى الحمادية:ص ۱٤۱ ـ والفتاوى التاتارخانية:۲۷۸/۳، ايقاع الطلاق بطريق الاضمار وترك الاضافة).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

''ایک، دو، تین'' سے بھی مغلظہ ہوگئی، بغیر حلالہ کے دوبارہ نکاح بھی نہیں ہوسکتا۔ (فتاوی محمودیہ:۴۶۴/۱۲، مبوب ومرتب).

مزید ملاحظہ ہو: (امدادالاحکام:۵۹۵/۲۔وفتاوی حقانیہ:۴۶۰/۴) . واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تین شرط پرطلاق'' کہنے کا حکم:

**سوال:** کسی شخص نے بیوی سے کہا کہ تم کو تین شرط پرطلاق ہے، ان الفاظ سے کتنی طلاقیں واقع ہونگی؟

**الجواب:** تین شرط بعض علاقوں میں تین عدد کے معنی میں مستعمل ہے، لہذا ان علاقوں میں اس جملہ ''تم کو تین شرط پرطلاق ہے'' سے تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔

ملاحظہ ہو فتاوی فریدیہ میں ہے:

ہمارے بلاد کے عرف میں تین شرط تین دفعہ کو کہا جاتا ہے اس لیے اس عرف کی بناپر یہ بیوی مطلقہ مغلظہ

ہوئی ہے۔

**قال العلامة ابن عابدین: العرف والعادة ما استقر فی النفوس من جهة العقول وتلقته الطباع السليمة بالقبول... اعلم أن اعتبار العادة والعرف رجع إليه في مسائل كثيرة حتى جعلوا ذلک أصلاً فقالوا تترک الحقيقة بدلالة الاستعمال والعادة...الخ.** شرح عقود رسم المفتی، ص۳۷، والعرف فی الشرع له اعتبار. (فتاویٰ فریدیہ:۲۸۱/۵). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ :

﴿فان طلقها فلاتحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره﴾

أخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم

عن رجل طلق امرأته ثلث تطليقات جميعاً

فقام غضباناً ثم قال :

" أيلعب بكتاب الله عز وجل وأنا بين أظهركم ... "

(رواه النسائى)

# باب ...... ﴿۳﴾

# طلاقِ ثلاثہ کا بیان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ”جمع الأثاث
# في حكم
# الطلقات الثلاث“

# ”جمع الأثاث في حکم الطلقات الثلاث“

## ایک مجلس میں ایک کلمہ سے تین طلاق واقع ہونے کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاق دے، تو اس سے ایک طلاق واقع ہوتی ہے یا تین؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل جواب مطلوب ہے؟

**الجواب:** قرآن حدیث واجماعِ امت اور علمائے سلف، ائمہ اربعہ، بزرگانِ دین اور مشائخ مسلمین کا متفقہ فیصلہ ہے کہ ایک مجلس میں ایک کلمہ سے تین طلاق دینے سے تین ہی واقع ہوتی ہے، مثلاً اگر کوئی شخص اپنی مدخول بہا یا غیر مدخول بہا بیوی کو ایک ہی تلفظ میں تین طلاقیں دیں یا اپنی مدخول بہا بیوی کو ایک ہی مجلس میں تین طلاقیں دیں، مثلاً یہ کہے: تجھے طلاق ہے، طلاق ہے، طلاق ہے، ان دونوں صورتوں میں تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں، اور عورت مغلظہ ہوجاتی ہے، لہذا ایک طلاق کا فیصلہ نصوص کے مخالف ہے اور غلط ہے، اب اگر دوبارہ رشتۂ نکاح میں منسلک ہونا چاہیں تو اس کی گنجائش نہیں ہے، ہاں یہ عورت عدتِ طلاق گزار کر دوسرے مرد سے نکاح کرلے، اور حقوقِ زوجیت سے بہرہ ور ہوتے ہوئے شوہر کے ساتھ رہے، پھر اتفاق سے یہ دوسرا شوہر بھی طلاق دیدے، یا وفات پاجائے، تو اس کی عدت ختم ہونے کے بعد پہلے شوہر کے لیے حلال ہوگی۔

طلاقِ ثلاثہ پر جمہور کے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

کتاب اللہ سے دلائل:

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿الطلاق مرتٰن فامساک بمعروف أوتسریح باحسان﴾. (سورة

یعنی ایسی طلاق جس میں رجوع ہوسکتا ہے، دو ہیں پھر قاعدہ کے مطابق رکھ لے، یا اچھے طریقے سے اس کو رخصت کرے۔

تمام مفسرین اس آیت کا شانِ نزول یہ بیان کرتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں طلاقیں دینے اور عدت میں رجوع کرنے کی کوئی حد نہیں تھی، سینکڑوں طلاقیں دی جاتی تھیں، بعض لوگ بیویوں کو ستانے اور پریشان کرنے کی غرض سے طلاق دیکر عدت ختم ہونے سے پہلے رجوع کرلیتے تھے، ابتدائے اسلام میں بھی ایک عرصہ تک یہی طریقہ رائج تھا، بعدازاں مذکورۃ بالا آیتِ کریمہ نازل ہوئی اور یہ دیرینہ رسم منسوخ ہوگئی، نیز طلاق ورجعت کی حد بندی کردی گئی کہ دوطلاقوں تک رجعت کا حق حاصل ہے اس کے بعد رجعت کا اختیار ختم ہوجاتا ہے، پھر طلاق کی آخری حد ﴿فان طلقها فلاتحل له من بعدحتى تنكح زوجاً غيره﴾. (سورة البقرة:۲۳۰) کے ذریعہ بیان کی گئی۔

لہذا اب اگر کسی نے تین طلاقیں دیں، چاہے متفرق مجالس میں یا ایک مجلس میں، چاہے ایک لفظ سے یا الگ الگ لفظ سے تینوں طلاقیں واقع ہوکر عورت مغلظہ ہوجائے گی، اور رجوع کا اختیار نہیں رہے گا۔

**اشکال:** تین طلاق کو ایک ماننے والے حضرات میں سے بعض یہ اشکال کرتے ہیں کہ آیتِ کریمہ میں ''مرّتٰن'' فرمایا گیا ہے، جو" مرة بعد مرة " یعنی یکے بعد دیگرے (ایک کے بعد دوسرا) کے معنی میں ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ دوطلاقیں دو مجلس میں ہوں، گویا آیتِ کریمہ میں ایک مجلس میں دوطلاق کا ذکر نہیں ہے۔

**الجواب:** (الف) اس کا جواب یہ ہے کہ امام ابن جریر طبریؒ نے روایات کی روشنی میں ''مرّتٰن'' کی تفسیر ''تطلیقتان'' سے کی ہے جو ایک مجلس کی دوطلاق کو بھی شامل ہے، اور دو مجلس کی دوطلاق کو بھی شامل ہے، اور روایات کی روشنی میں جو تفسیر کی گئی ہو وہی معتبر ہوگی۔

(باء) نیز "مرتٰن" "مرة بعد مرة" کے معنی میں قطعی بھی نہیں ہے، کیونکہ دو چند اور ڈبل (دوگنا) کے معنی میں بھی قرآن وحدیث میں استعمال ہوا ہے، چند مثالیں بطور ''مشتے نمونہ از خروارے'' ملاحظہ فرمائیں:

(۱) ﴿أولئک یؤتون أجرهم مرتین﴾. (سورة القصص:۵۴).

یعنی یہ لوگ (مؤمنین اہل کتاب) اپنا دوگنا اجر وثواب دیئے جائیں گے۔

(۲) ﴿ومن یقنت منکن للّٰہ ورسولہ وتعمل صالحاً نؤتها أجرها مرتین﴾. (سورة الاحزاب:۳۱).

اور جوکوئی تم میں سے اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرے،اوراچھے عمل کرے،تو ہم اس کواس کا ثواب دوگنا دیں گے۔

ان دونوں آیات مبارکہ میں "مرتین" دوچند اور دوہرے ہی کے معنی میں ہے، یہ مطلب نہیں کہ ان کوالگ الگ دومرتبہ ثواب دیا جائے گا۔

(۳) صحیح بخاری وغیرہ کئی کتبِ حدیث میں وضو کے باب میں حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ روایت موجود ہے:

" أن النبي صلى الله عليه وسلم توضأ مرتين مرتين". (رواه البخاري:۱/۲۷/۱۵۸۔والترمذی: ۱/۱۷ عن أبي هريرةؓ۔وابودؤد:۱/۱۸، عن ابی هريرةؓ۔واحمد فی مسنده: برقم ۱۶۹۱۱،عن عبدالله بن زیدؓ۔والبیهقی فی سننه الکبری:۱/۷۹/۳۸۰،عن عبد الله بن زیدؓ).

اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعضائے وضو کوایک مجلس میں دو دو مرتبہ دھویا، یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ایک مجلس میں ایک مرتبہ اور دوسری مجلس میں دوسری مرتبہ دھویا۔

(۴) " ان أهل مكة سألوا رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم أن يريهم آية فأراهم انشقاق القمر مرتين". (رواه مسلم فی صحيحه:۲/۳۷۳،باب انشقاق القمر،فیصل ۔ وعلی هامشه: قال:مرتین ای قطعتین).

حدیث بالا میں "مرتین" " فِلقتین "دوٹکڑے کے معنی میں ہیں؛ دومجلس میں شق قمر کا معجزہ دکھانا مراد نہیں، کیونکہ یہ معجزہ صرف ایک ہی بار ظہور پذیر ہوا۔

پھر اگر "مرتین" سے "مرة بعد أخرى" مراد ہوتب بھی صرف اتنی بات ثابت ہوگی کہ دو طلاقیں الگ الگ آگے پیچھے دی جائیں، بیک وقت وبیک کلمہ نہ دی جائیں،اس سے زیادہ کوئی اور قید مثلاً تفریق مجلس وغیرہ کی طرف معمولی اشارہ بھی نہیں ہے،اس لیے اگرایک مجلس یا ایک طہر میں انت طالق انت طالق ، تجھے طلاق ہے ، تجھے طلاق ہے،الگ الگ لفظ سے طلاق دی جائے تو یہ صورت بھی " الطلاق مرتٰن " کے عین مطابق ہوگی۔

اور جب اس آیت کی رو سے ایک مجلس یا ایک طہر میں متعدد تلفظ سے دی گئی طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں، تو ایک تلفظ سے دی گئی طلاقیں بھی واقع ہوجائیں گی، کیونکہ ایک مجلس میں دی گئی دونوں طلاقوں کا حکم بغیر کسی اختلاف سب کے نزدیک یکساں ہے۔

**(۲) ﴿فان طلقها فلا تحل له من بعدحتى تنكح زوجاً غيره﴾**. (سورة البقرة: ۲۳۰).

بعض علماء نے اس آیتِ کریمہ سے ایک مجلس میں تین طلاقوں کے وقوع پر اس طرح استدلال کیا ہے کہ "فان طلق" فعل شرط ہے اور وہ عموم کے صیغوں میں سے ہے، جیسا کہ کتبِ اصول میں مصرح ہے، لہذا اس کے عموم میں ایک مجلس کی تین طلاقیں بھی داخل ہیں۔

علامہ ابن حزم ظاہریؒ اس آیتِ کریمہ کے تحت تحریر فرماتے ہیں:

**فهذا يقع على الثلاث مجموعة ومتفرقة ولايجوز أن يخص بهذه الآية بعض ذلك دون بعض بغير نص**. (المحلیٰ: ۱۰/ ۱۷۰).

**(۳) ﴿تلك حدود الله ومن يتعد حدود الله فقد ظلم نفسه، لاتدرى لعل الله يحدث بعد ذلك امراً﴾**. (سورة الطلاق: ۱).

اس آیتِ کریمہ کا ظاہر یہی بتا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تین طلاقوں کا جو حق مرد کو دیا ہے، اگر وہ اس کو ایک ہی دفعہ میں استعمال کرلے، تو تینوں طلاقیں واقع ہوجائیں گی، البتہ وہ اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ حد سے تجاوز کرنے کی بنا پر اپنی ذات پر ظلم کرنے والا ہوگا، کیونکہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دل میں طلاق پر ندامت پیدا کردے، اور بیک وقت تینوں طلاقیں دیدینے کی صورت میں زوجین کے درمیان جدائی واقع ہوجانے سے اس ندامت کا تدارک اور ازالہ نہ ہوسکے گا، اگر ایک دفعہ کی تین طلاقیں ایک ہی طلاق رجعی شمار ہوتی، جیسا کہ بعض اہل ظاہر، علامہ ابن تیمیہؒ، شیخ ابن القیمؒ اور دیگر غیر مقلدین حضرات کہتے ہیں، تو ندامت کس بات پر ہوئی؟ کیونکہ رجعت کے ذریعہ اس کے تدارک اور ازالہ کی گنجائش موجود ہے۔

حاصل کلام: ان تینوں آیاتِ قرانیہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک مجلس میں یا ایک لفظ سے دی گئی تین طلاقیں واقع ہوں گی۔

اس کے برعکس کسی ایک آیت سے اشارۃً بھی یہ بات نہیں نکلتی کہ بیک مجلس یا بیک کلمہ دی گئی تین طلاقیں ایک شمار ہوں گی۔

## احادیث سے دلائل:

**(۱) عن عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها أن رجلاً طلق امرأته ثلاثاً فتزوجت فطلق فسئل النبي صلى الله عليه وسلم : أتحل للأول؟ قال: لا ! حتى يذوق عسيلتها كما ذاق الأول.** (صحیح البخاری:۲/۷۹۱،باب من اجاز طلاق الثلاث ،فیصل).

حدیث بالا میں "**طلق امرأته ثلاثاً**" کا ظاہر یہی ہے کہ تینوں طلاقیں ایک ساتھ دی گئی تھیں، امام بخاریؒ نے اسی پر بنیاد رکھتے ہوئے اس حدیث کو "**باب من أجاز الطلاق الثلاث**" کے تحت ذکر فرمایا ہے۔

چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں:

**فالتمسک بظاهر قوله طلقها ثلاثاً فانه ظاهر في كونها مجموعة.** (فتح الباری:۹/۳۶۷،باب من جوز طلاق الثلاث، الحدیث الثالث حدیث عائشةؓ،لاهور).

(۲) امام بخاریؒ نے "**باب من اجاز الطلاق الثلاث**" کے تحت حضرت سہل بن سعدؓ کی روایت نقل فرمائی ہے، جس میں حضرت عویمر عجلانیؓ کا قصہ لعان ذکر فرمایا ہے۔

اس قصہ میں مذکور ہے کہ جب میاں بیوی لعان سے فارغ ہوئے تو حضرت عویمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کرنے سے پہلے ہی اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں۔

چنانچہ مذکور ہے: "**فطلقها ثلاثاً قبل أن يأمره رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم** . (صحیح البخاری:۲/۷۹۱،باب من اجاز طلاق الثلاث) .

اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ ایک ہی مجلس کی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں۔

**قال العلامة العينيؒ: "فطلقها" وأمضاه رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم ،ولم ينكر عليه فدل على أن من طلق ثلاثاً يقع ثلاثاً.** (عمدة القاری:۱٤/۲۳۸،ملتان).

**اشکال:** تین کو ایک ماننے والے بعض حضرات کہتے ہیں کہ نفس لعان ہی سے فرقت ہوگئی تھی، اور جب

بیوی اجنبیہ ہوگئی تو محل طلاق ہی نہیں، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اس طرح طلاق دینے پر سکوت فرمایا۔

**الجواب (الف)**: حضرت عویمر رضی اللہ عنہ یہی سمجھ رہے تھے کہ نفس لعان سے فرقت نہیں ہوتی، ایک ساتھ تین طلاقیں دینے سے فرقت ہو جائے گی، اس لیے انہوں نے ایک ساتھ تین طلاقیں دے دیں، یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک صحابی ایک ساتھ تین طلاق واقع ہونے کو صحیح سمجھتے ہو، اوران کا یہ صحیح سمجھنا غلط ہو، اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم سکوت فرمائیں، اور کوئی نکیر نہ فرمائیں، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک مجلس کی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں۔

حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے واقعہ لعان سے متعلق کسی روایت میں اس کا ذکر نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مجلس کی تین طلاق کو کالعدم یا ایک طلاق قرار دیا ہو؛ بلکہ اس کے برعکس اسی واقعہ سے متعلق سنن ابی داود کی روایت میں تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان طلاقوں کو نافذ فرمادیا۔

ملاحظہ فرمائیں: "**فطلقها ثلاث تطليقات عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فأنفذه رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان ما صنع عند رسول الله صلى الله عليه وسلم سنة**". (سنن ابی داود: ۱/ ۳۰۶، باب في اللعان، فيصل).

(باء) ان کی تاویل کی بنیاد اس بات پر ہے کہ نفس لعان ہی سے زوجین کے درمیان مفارقت ہوجاتی ہے، حالانکہ یہ بات خود محل نظر ہے، کیونکہ صرف لعان سے فرقت پر نہ لعان کا لفظ دلالت کرتا ہے اور نہ کسی آیت یا کسی صریح حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے، لہٰذا لعان سے فرقت کوئی امر قطعی نہیں بلکہ ایک اجتہادی مسئلہ ہے، اس لیے فقہاء کی مختلف آراء ہیں۔

اور حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کا لعان کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تین طلاق دینا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس پر سکوت بلکہ بروایتِ سنن ابی داود تینوں طلاقوں کو نافذ کرنا ایک امر منصوص ہے، اور ظاہر ہے کہ مسئلہ اجتہادی کے مقابلہ میں ترجیح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، عمل اور تقریر کو ہوگی، یہی تمام محدثین اور فقہاء کا مسلک ہے۔

(۳) ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مسئلہ دریافت کیا گیا:

**عن عائشة رضي الله تعالى عنها أنها سئلت عن الرجل يتزوج المرأة فيطلقها ثلاثاً، فقالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتحل للأول حتى يذوق الآخر عسيلتها وتذوق عسيلته.** (السنن الكبرى للبيهقي مع الجوهر النقي:٧/٣٧٤،باب نكاح المطلقة ثلاثاً ، دارالمعرفة،وقال الامام البيهقي: رواه مسلم في الصحيح عن ابي بكربن ابي شيبة:١/٤٦٣،باب لاتحل المطلقة ثلاثاً لمطلقها،فيصل).

حدیث بالا میں " **فيطلقها ثلاثاً** " کا ظاہر اکھٹی تین طلاق کو بتلا رہا ہے۔

(۴) سنن نسائی میں محمود بن لبید سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم غضب ناک ہوکر کھڑے ہوگئے اور فرمایا کہ کیا کتاب اللہ کے ساتھ کھیلا جائے گا جب کہ میں تمہارے سامنے موجود ہوں؟

" **أخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم عن رجل طلق امرأته ثلاث تطليقات جميعاً فقام غضباناً ثم قال: أيلعب بكتاب الله وأنا بين أظهركم.** (رواه النسائي:٢/٩٩،باب الثلاث المجموعة وما فيه من التغليظ،قديمي).

اس کا صاف مطلب یہ ہوا کہ یہ تینوں طلاقیں واقع ہوگئیں۔

حافظ ابن القیم فرماتے ہیں " **اسناده على شرط مسلم**". (زادالمعاد:٥/٢٤١،فصل في حكمه صلى الله عليه وسلم فيمن طلق ثلاثاً بكلمة واحدة، مؤسسة الرسالة).

اورعلامہ ماردینی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بسند صحیح ہے،(الجوهرالنقي:٧/٣٣٣،دارالمعرفة بيروت).

حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں:"**اسناده جيد**" (نيل الاوطار:٦/٢٤١،باب ماجاء في طلاق البتة،ادارة القرآن).

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: **رواه النسائي ورواته موثقون.** (بلوغ المرام:٣٢١،باب الطلاق،الكويت).

قاضی ابوبکر ابن العربی نے اس حدیث کے متعلق فرمایا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عویمر عجلانی ﷛ کی تین طلاقوں کی طرح اس شخص کی بھی تین طلاقوں کو نافذ فرمادیا تھا۔

" **فلم يرده النبي صلى الله عليه وسلم بل أمضاه كما في حديث عويمر العجلاني في**

**اللعان حيث أمضى طلاقه الثلاث ولم يرده.** (تهذيب سنن ابى داود: ۱۲۹/۳ ،طبع مصر).

**(۵)** دارقطنی میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ مذکور ہے، اس کے آخر میں ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر میں نے تین طلاقیں دی ہوتیں تو کیا میرے لیے رجوع کرنا جائز ہوتا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں اس صورت میں بیوی تم سے جدا ہو جاتی اور تمہارا یہ فعل (تین طلاقیں ایک ساتھ دینا) گناہ ہوتا۔

ملاحظہ ہو دارقطنی میں ہے:

**عن الحسن قال نا عبد الله بن عمر رضی اللہ عنہ أنه طلق امرأته تطليقة وهي حائض ثم أراد أن يتبعها بتطليقتين أخراوين عند القرئين، فبلغ ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: يا ابن عمر ما هكذا أمرك الله انك قد أخطأت السنة ، والسنة أن تستقبل الطهر فتطلق لكل قرء، قال فأمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم فراجعتها ثم قال: اذا هي طهرت فطلق عند ذلك أو أمسك فقلت: يارسول الله ! أرأيت لو أنى طلقتها ثلاثاً أكان يحل لي أن أراجعها قال: لا ، كانت تبين منك وتكون معصية.** (سنن دارقطني: ۸٤/۳۱/٤، كتاب الطلاق، والسنن الكبرى للبيهقي: ۳۳٤/۷، دار المعرفة).

**(۶) عن سويد بن غفلة قال: لمامات على رضی اللہ عنہ جاء ت عائشة بنت خليفة الخثعمية امرأة الحسن بن على رضی اللہ عنہ فقالت له: لتهنك الإمارة ،فقال لها: تهنيني بموت أمير المؤمنين انطلقي فأنت طالق ثلاثاً فتقنعت بثوبها أوقالت: إني لم أرد إلا خيراً فبعث إليها بمتعة عشرة آلاف وبقية صداقها فلما وضع بين يديها بكت وقالت: متاع قليل من حبيب مفارق فأخبره الرسول فبكى وقال: لولا أني أبنت الطلاق لها لراجعتها لكني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: أيما رجل طلق امرأته ثلاثاً عند كل طهر تطليقة أوعند رأس كل شهر تطليقة أو طلقها ثلاثاً جميعاً لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره.** (سنن دارقطني: ۸۳/۱۳/٤، كتاب الطلاق، والخلع. والبيهقي: ۳۳٦/۷، باب ماجاء في امضاء الطلاق الثلاث ،وقال ابن رجب: اسناده صحيح).

اس روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے ایک موقع پر اپنی بیوی عائشہ خثعمیہ کو اس لفظ سے طلاق دی "انطلقي فأنت طالق ثلاثاً" تو چلی جا تجھ کو تین طلاق ہے، عائشہ چلی گئیں، بعد میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ عائشہ کو جدائی کا بہت غم ہے تو روئے اور فرمایا "اگر میں نے بائنہ طلاق نہ دی ہوتی تو رجوع کر لیتا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے (اور ایک دوسری روایت میں ہے اگر میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے میرے جد امجد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہوتا) کہ جو شخص اپنی بیوی کو تین طلاق اس طرح دے کہ ہر طہر میں ایک طلاق دے یا ہر مہینہ کے شروع میں ایک طلاق دے یا تین طلاق ایک ساتھ دیدے تو جب تک وہ عورت دوسرے مرد سے نکاح نہ کرے پہلے کے لیے حلال نہیں ہوسکتی۔

(۷) حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث جو سنن ابن ماجہ میں مذکور ہے اور ابن ماجہ نے خود اس حدیث سے ایک مجلس کی تین طلاقوں کے وقوع پر استدلال کیا ہے، انہوں نے ایک باب کا عنوان یہ قائم کیا ہے۔ "باب من طلق ثلاثاً في مجلس واحد" اور اس باب میں یہ حدیث ذکر کی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: **حدثنا محمد... عن عامر الشعبي قال: قلت لفاطمة بنت قيس: حدثيني عن طلاقك قالت: طلقني زوجي ثلاثاً وهو خارج الى اليمن فأجاز ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم**. (ابن ماجه: ١٤٧۔نسائی: ٢/ ١٠٠۔ابوداود: ١/ ٣١٩،دارقطنی: ٤/ ١٢،القاهرة).

یعنی فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر نے تین طلاقیں بھیج دیں، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں طلاقوں کے واقع ہونے کا فتویٰ دیا۔

(۸) سنن دارقطنی میں ہے: **"عن علي رضي الله عنه قال: سمع النبي صلى الله عليه وسلم رجلاً طلق البتة، فغضب، وقال:" تتخذون آيات الله هزواً، أودين الله هزواً ولعباً، من طلق البتة ألزمناه ثلاثاً، لاتحل له حتى تنكح زوجاً غيره"**. (سنن دارقطنی: ٤/ ٢٠، كتاب الطلاق، القاهرة).

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کے متعلق سنا کہ انہوں نے "طلاق البتۃ" دی ہے، (لفظ البتہ سے ایک طلاق مراد ہوتی ہے اور تین طلاقوں کی بھی نیت ہوسکتی ہے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک ہوگئے، اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو کھیل اور مذاق بناتے ہیں جو کوئی

طلاق البتہ دے گا ہم اس کے ذمہ تین لازم کردیں گے، پھر وہ عورت اس کے لیے حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ وہ دوسرے مرد سے نکاح کر لے۔

**(۹)** مصنف عبدالرزاق میں ہے:

**عن ابراهيم بن عبيد الله بن عبادة بن الصامت عن أبيه عن جده قال: طلق جدي امرأة له ألف تطليقة، فانطلق أبي إلى رسول الله صلى عليه وسلم فذكر ذلک له، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: أما اتقى الله جدک، أما ثلاث فله، وأما تسع مائة وسبعة وتسعون فعدوان وظلم، إن شاء الله تعالىٰ عذبه، وإن شاء غفر له.** (مصنف عبدالرزاق:٦/٣٩٣-باب المطلق ثلاثاً، المجلس العلمي-وسنن دارقطني:٤/٢٠، كتاب الطلاق، القاهرة).

روایتِ مذکورہ بالا میں ایک ہزار طلاقیں ایک ساتھ دی گئیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین طلاقوں کے وقوع کو تسلیم فرمالیا۔

**(۱۰)** **عن صفوان بن عمران الطائي أن امرأة كانت تبغض زوجاً فوجدته نائماً فأخذت شفرة وجلست على صدره ثم حركته وقالت: لتطلقني ثلاثاً أو لأذبحنک فناشدها الله فأبت فطلقها ثلاثاً ثم جاء إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فسأله عن ذلک فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " لا قيلولة في الطلاق".** (سنن سعيد بن منصور:١/٢٧٥/١١٣٠-ورواه محمد باسناده، زجاجة المصابيح:٢/٤٧٦،باب الخلع والطلاق).

(تلك عشرة كاملة)

## آثارِ صحابہ سے دلائل:

**(۱)** خلیفۂ راشد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ:

**عن زيد بن وهب أن بطالاً كان بالمدينة فطلق امرأته ألفاً فرفع ذلک إلى عمر بن الخطاب ﷺ فقال: إنما كنت ألعب، فعلاه عمر ﷺ بالدرة، وقال: إن كان ليكفيک ثلاث.**

(اخرجه البيهقي في سننه الكبرىٰ:٧/٣٣٤،باب ماجاء في امضاء الطلاق الثلاث، دارالمعرفة).

**(۲) خلیفۂ راشد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ:**

**من طريق وكيع عن جعفر بن برقان عن معاوية بن أبي يحيى قال: جاء رجل إلى عثمان بن عفان ﷺ، فقال: طلقت امرأتي ألفاً فقال: بانت منک بثلاث.** (محلی ابن حزم: ۱۷۲/۱۰، کتاب الطلاق).

**(۳) خلیفۂ راشد حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا فتویٰ:**

**ومن طريق وكيع عن الأعمش عن حبيب بن أبي ثابت قال: جاء رجل إلى علي بن أبي طالب ﷺ فقال: إني طلقت امرأتي ألفاً فقال له علي ﷺ: بانت منک بثلاث.** (محلی ابن حزم: ۱۷۲/۱۰، کتاب الطلاق۔ وسنن بیہقی: ۳۳۵/۷ ومصنف ابن ابی شیبۃ: ۱۳/۵۔ وطحاوی شریف: ۳۷/۲).

**(۴) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فتویٰ:**

**عن محمد بن إياس بن بكير عن أبي هريرة وابن عباس وعائشة رضي الله تعالىٰ عنهم فى الرجل يطلق امرأته ثلاثاً قبل أن يدخل بها، قالوا: لاتحل له حتى تنكح زوجاً غيره.** (مصنف ابن ابی شیبۃ: ۲۳/۵، فی الرجل یتزوج المرأۃ ثم یطلقها۔ ومصنف عبدالرزاق: عن ابی سلمۃ: ۳۳٤/٦).

**(۵) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ:**

**عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله بن مسعود ﷺ أنه سئل عن رجل طلق امرأته مائة: قال: ثلاث تبينها منک، وسائرها عدوان.** (طحاوی شریف: ۳۷/۲، باب الرجل یطلق امرأته ثلاثاً معاً۔ مصنف عبدالرزاق: ۳۹۵/٦، باب المطلق ثلاثاً۔ وسنن کبری للبیہقی: ۳۳۲/۷، بیروت).

**(٦) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ:**

**عن نافع قال: كان ابن عمر ﷺ إذا سئل عمن طلق ثلاثاً، قال: لو طلقت مرة أو مرتين، فان النبي صلى الله عليه وسلم أمرني بهذا، فإن طلقها ثلاثاً حرمت عليک حتى تنكح زوجاً غيره.** (صحیح البخاری: ۷۹۲/۲).

**(۷) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فتویٰ:**

**عن سعيد بن جبير عن ابن عباس ﷺ في رجل طلق امرأته ألفاً، فقال: أما ثلاث فتحرم عليک امرأتک، وبقيتهن عليک وزر، اتخذت آيات الله هزواً.** (السنن الكبرى للبيهقى:٧/٣٣٢ـوسنن الدارقطنى:٤/١٤، كتاب الطلاق، القاهرة، وقال الشيخ الالبانى فى الارواء :اسناده صحيح).

**(۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ:**

**عن معاوية بن أبي عياش الأنصاري أنه كان جالساً مع عبد الله بن زبير ﷺ وعاصم بن عمر ﷺ فجاء هما محمد بن إياس بن البكير فقال: إن رجلاً من أهل البادية طلق امرأته ثلاثاً قبل أن يدخل بها فماذا تريان؟ فقال ابن الزبير ﷺ: إن هذا الأمر ما لنا فيه من قول فاذهب إلى ابن عباس ﷺ وأبي هريرة ﷺ فاسئلهما ثم ائتنا فأخبرنا، فذهب فسألهما، فقال ابن عباس لأبي هريرة أفته يا أباهريرة ، فقد جاء تک معضلة ، فقال أبوهريرة ﷺ: الواحدة تبينها و الثلاث تحرمها حتى تنكح زوجاً غيره.** (طحاوى شريف:٢/٣٧،باب الرجل يطلق امرأته ثلاثاً معاًـمؤطاامام مالك :ص٢٠٨ـسنن بيهقى :٧/٣٣٥ـومصنف عبدالرزاق:٦/٣٣٤).

**(۹) حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ:**

**عن عطاء بن يسار أنه جاء رجل إلى عبد الله بن عمرو ﷺ فسأله عن رجل طلق امرأته ثلاثاً قبل أن يمسها قال عطاء فقلت له طلاق البكر واحدة فقال عبد الله: إنما أنت قاص الواحدة تبينها والثلاث تحرمهاحتى تنكح زوجاً غيره.** (طحاوى شريف:٢/٣٧،باب الرجل يطلق امرأته ثلاثاً معاً،سعيد،ـوابن ابى شيبة:٥/٢٢ـومصنف عبدالرزاق:٦/٣٣٤).

**(۱۰) ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اثر:**

**عن أبي الزبيرعن جابر قال سمعت أم سلمة سئلت عن رجل طلق امرأته ثلاثاً قبل أن يدخل بها فقالت: لاتحل له حتى يطأها غيره.** (مصنف ابن ابى شيبة:٥/٢٢،فى الرجل يتزوج المرأة).

(تلك عشرة كاملة).

## اجماع امت سے دلائل:

عہد فاروقی میں حضراتِ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ ایک مجلس کی تین طلاقیں تین ہی شمار ہوں گی۔

اجماع کے ثبوت میں محققین فقہاء ومحدثین کے اقوال ملاحظہ فرمائیں:

☆ حافظ الکتاب والسنۃ الشیخ ابوبکر جصاص رازیؒ فرماتے ہیں:

**فالكتاب والسنة وإجماع السلف توجب إيقاع الثلاث معاً وإن كانت معصية.** (احکام القرآن: ۳۸۸/۱، ذکر الحجاج لایقاع الثلاث معاً، سہیل)۔

☆ شیخ ابن الہمامؒ فرماتے ہیں:

**فإجماعهم ظاهر، فإنه لم ينقل عن أحد منهم أنه خالف عمر رضي الله تعالىٰ عنه حين أمضى الثلاث له.** (فتح القدیر: ۴۷۰/۳، باب طلاق السنۃ، دار الفکر)۔

☆ علامہ بدر الدین عینیؒ ''عمدۃ القاری'' میں تحریر فرماتے ہیں:

**و مذهب جماهير العلماء من التابعين ومن بعدهم منهم : الأوزاعي والنخعي والثوري وأبوحنيفة وأصحابه ومالك وأصحابه والشافعي وأصحابه وأحمد وأصحابه وإسحاق وأبوثور وأبوعبيد وآخرون وكثيرون، على أن من طلق امرأته ثلاثاً وقعن ، ولكنه يأثم، وقالوا: من خالف فيه فهو شاذ مخالف لأهل السنة ، وإنما تعلق به أهل البدع ومن لايلتفت إليه لشذوذه عن الجماعة التي لايجوز عليهم التواطؤ على تحريف الكتاب والسنة .** (عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری: ۲۳۶/۱۴، باب من اجاز طلاق الثلاث، ملتان)۔

☆ شیخ محمد امین الشنقیطیؒ اپنی تفسیر میں ابن عربی مالکیؒ کا قول نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**وقد اتفق علماء الإسلام وأرباب الحل والعقد فى الأحكام على أن الطلاق الثلاث في كلمة وإن كان حراماً في قول بعضهم وبدعة في قول الآخرين لازم ... وما نسبوه إلى الصحابة كذب بحت ، لاأصل له في كتاب ولارواية له عن أحد .** (اضواء البیان: ۱۳۶/۱)۔

☆ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ مذہبِ جمہور کی تائید کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

فالراجح فی الموضعین تحریم المتعة وإیقاع الثلاث للإجماع الذي انعقد في عهد عمر رضي اللّٰه تعالیٰ عنه علی ذلک ، ولایحفظ أن أحداً في عهد عمر ﷺ خالفه في واحدة منهما، وقد دل إجماعهم علی وجود ناسخ وإن کان خفي عن بعضهم قبل ذلک حتی ظهر لجمیعهم في عهد عمر فالمخالف بعد هذا الإجماع منابذ له والجمهور علی عدم اعتبار من أحدث الاختلاف بعد الاتفاق . (فتح الباری:۹/۳٦٥،باب من جوز طلاق الثلاث،لاهور).

☆ حافظ ابن القیمؒ کے تلمیذ رشید علامہ ابن رجب حنبلیؒ اپنی کتاب " بیان مشکل الأحادیث الواردة في أن الطلاق الثلاث واحدة "میں لکھتے ہیں:

اعلم أنه لم یثبت عن أحد من الصحابة ولا من التابعین ولا من أئمة السلف المعتد بقولهم فی الفتاویٰ فی الحلال والحرام شيء صریح في أن طلاق الثلاث بعد الدخول یحسب واحدة إذا سیق بلفظ واحد . (الاشفاق علی احکام الطلاق للعلامة الکوثریؒ:٤١،سعید).

☆ علامہ ابن تیمیہؒ کے جدامجد ابوالبرکات مجدالدین عبدالسلام الملقب بابن تیمیہ الحنبلیؒ اپنی مشہور کتاب "منتقی الأخبار" میں "باب ما جاء في طلاق البتة وجمع الثلاث وتفریقها " کے تحت احادیث وآثار نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

وهذا کله یدل علی إجماعهم علی صحة وقوع الثلاث بالکلمة الواحدة. (منتقی الاخبار:۲۳۷).

☆ "مجلة البحوث الإسلامیة " سعودی عرب سے جاری شدہ رسالہ میں یہ مسئلہ بعنوان"حکم الطلاق الثلاث بلفظ واحد في ضوء الکتاب والسنة ، فتویٰ کبار العلماء والمحققین"بڑی تفصیل سے مذکور ہے، تقریباً ۱۵۰ صفحات پر مشتمل ہے،مختصر عبارت ملاحظہ فرمائیں:

خامساً أن القول بوقوع الثلاث ثلاثاً قول أکثر أهل العلم فلقد أخذ به عمر وعثمان وعلي والعبادلة ابن عباس وابن عمر وابن عمرو وابن مسعود رضي اللّٰه تعالیٰ عنهم

وغيرهم من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال به الأئمة الأربعة : أبوحنيفةؒ ومالكؒ والشافعيؒ وأحمدؒ وابن أبي ليلىٰؒ والأوزاعيؒ وذكر ابن عبد الهادي عن أبي رجب بقوله : اعلم أنه لم يثبت عن أحد من الصحابة ولا من التابعين ولا من أئمة السلف المعتمد بقولهم في الفتاوىٰ في الحلال والحرام شيء صريح في أن طلاق الثلاث بعد الدخول يحسب واحدة إذا سيق بلفظ واحد . وقال شيخ الإسلام ابن تيميةؒ في معرض بحثه الأقوال في ذلك : الثاني أنه طلاق محرم ولازم وهوقول مالكؒ وأبي حنيفةؒ وأحمدؒ في الرواية المتأخرة عنه، اختارها أكثر أصحابه ، وهذا القول منقول عن كثير من السلف من الصحابة والتابعين . وقال ابن القيم : واختلف الناس فيها أى في وقوع الثلاث بكلمة واحدة على أربعة مذاهب أحدها: أنه يقع، هذا قول الأئمة الأربعة وجمهور التابعين وكثيرمن الصحابة . وقال القرطبي: قال علماؤنا واتفق أئمة الفتاوىٰ على لزوم إيقاع الطلاق الثلاث في كلمة واحدة وهوقول جمهور السلف. (مجلة البحوث الاسلامية: المجلد الاول العدد الثالث، سنة ١٣٩٧ھ الرياض، مكة المكرمة) .

☆ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف مخالفتِ اجماع کی غلط نسبت:

امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دورِ فاروقی میں ہونے والے اجماعِ صحابہ سے اختلاف کرنے والا بتایا جاتا ہے، جو حقیقت کے بالکل خلاف ہے، سلیمان اعمشؒ کے نقل کردہ ایک واقعہ سے اس کی قلعی کھل جاتی ہے، جس کو امام بیہقیؒ نے اپنی سنن میں بیان کیا ہے:

عن الأعمش قال: كان بالكوفة شيخ يقول: سمعت علي بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه يقول: إذا طلق الرجل امرأته ثلاثاً في مجلس واحد، فإنه يرد إلى واحدة ، والناس عنقاً واحداً إذ ذاك يأتونه ويسمعون منه، قال:فأتيته فقرعت عليه الباب، فخرج إلىّ شيخ، فقلت له: كيف سمعت علي بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه فيمن طلق امرأته ثلاثاً في مجلس واحد؟ قال: سمعت علي بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه يقول:إذا طلق رجل

**امرأته ثلاثاً في مجلس فإنه يرد إلى واحدة ، فقلت له: أين سمعت من علي ؟ قال: أخرج إليک كتاباً ، فأخرج فإذا فيه :بسم الله الرحمن الرحيم، هذا ما سمعت علي بن أبي طالب ﷺ يقول: إذا طلق رجل امرأته ثلاثاً في مجلس واحد فقد بانت منه ولاتحل له حتى تنكح زوجاً غيره، قال: قلت: ويحک ! هذا غير الذي تقول، قال: الصحيح هو هذا ، ولكن هؤلاء أرادوني على ذلک .** (السنن الكبرى للبيهقي:۳۳۹/۷، باب من جعل الثلاث واحدة ) .

اس واقعہ سے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا صحیح مسلک معلوم ہونے کے ساتھ یہ بھی معلوم ہوگیا کہ ہوس پرستوں نے کس طرح اس باب کی احادیث وآثار میں تحریف کی ہے۔

الغرض حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اجماع سے اختلاف کی نسبت صحیح نہیں ہے۔

## ❁ مخالف دلائل پر ایک نظر:

روافض اور داود ظاہری تین طلاق کے منکر ہیں، ان کا یہ کہنا ہے کہ تین طلاق ایک مجلس میں دینے سے ایک ہی طلاق واقع ہوتی ہے، اور وہ اپنے اس دعوی پر دو دلیلیں پیش کرتے ہیں:

### پہلی دلیل حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ ہے:

صحیح مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقولہ مروی ہے:

**عن ابن عباس ﷺ قال: كانت الطلاق على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبي بكر ﷺ وسنتين من خلافة عمر ﷺ طلاق الثلاث واحدة ، فقال عمربن الخطاب ﷺ: إن الناس قد استعجلوا في أمر كانت لهم أناة فلو أمضيناه عليهم ، فأمضاه عليهم.** (صحيح مسلم شريف : ۴۷۷/۱ ،باب الطلاق الثلاث ،فيصل) .

تین طلاقوں کو ایک ماننے والے کہتے ہیں کہ اس روایت سے ظاہر ہے کہ اصل سنت جس پر رسول اللہ صلی علیہ وسلم کے عہد مبارک میں عمل ہوتا رہا اور اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ زریں میں نیز حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی دو، تین سالوں میں بھی یہی معمول رہا، کہ تین طلاقیں ایک شمار ہوتی تھیں، لہذا یہی قابل اتباع ہے۔

حضراتِ محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس حدیث پر کافی شافی کلام فرمایا ہے۔اور اس حدیث کے متعدد جوابات دیئے ہیں، شراحِ بخاری کے سرخیل وامام الناقدین حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں اس حدیث کے آٹھ جوابات دیئے ہیں۔جمہور کی جانب سے دیئے گئے ان متعدد جوابات میں سے چند پیش خدمت ہیں:

**الجواب(۱)** یہ روایت وہم اور غلط ہے،علماء میں سے کسی نے بھی اس کو قابل التفات نہیں سمجھا۔
الجوہر النقی میں ہے:

**وذكر صاحب الاستذكار أن هذه الرواية وهم وغلط لم يعرج عليها أحد من العلماء.** (الجوهر النقي:۷/۳۳۷،باب من جعل الثلاث واحدة ، دار المعرفة) .

**وفي الاستذكار: قال أبو عمر: ما كان ابن عباس ﷺ ليخالف رسول الله صلى الله عليه وسلم والخليفتين إلى رأي نفسه، ورواية طاؤس وهم وغلط لم يعرج عليها أحد من فقهاء الأمصار بالحجاز والعراق والمغرب والمشرق والشام.** (الاستذكار لابن عبدالبر:٦/٦،باب ماجاء في "البتة"،دار الكتب العمية) .

**(۲)** یہ روایت بحوالہ طاؤسؒ نقل کی جاتی ہے،لیکن حضرت طاؤسؒ ہی اس کی تردید کرتے ہیں۔
ملاحظہ فرمائیں: **قال العلامة محمد زاهد الكوثري: قال الحسين بن علي الكرابيسي في أدب القضاء: " أخبرنا علي ابن عبد الله ــ وهو ابن المديني ــ عن عبد الرزاق عن معمر عن ابن طاؤس عن طاؤس أنه قال: من حدثک عن طاؤس أنه كان يروي طلاق الثلاث واحدة ، كذبه ".** (الاشفاق على احكام الطلاق:ص ۳۹، سعيد) .

**(۳)** حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ کا فتویٰ بھی اس مقولہ کے خلاف ہے۔چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ یہ فتویٰ دیتے تھے کہ جو شخص اپنی بیوی کو تین طلاق دیدے تو تینوں واقع ہوجاتی ہیں،جیسا کہ سنن کبریٰ بیہقی میں ہے:

**عن سعيد بن جبيرؒ عن ابن عباس ﷺ في رجل طلق امرأته ألفاً، قال: أما ثلاث فتحرم**

**علیک امرأتک، وبقیتهن علیک وزر، اتخذت آیات اللّٰه هزواً.** (السنن الکبری للبیهقی:٧/٣٣٢،وسنن دارقطنی:٤/١٣،وقال الشیخ الالبانی فی الارواء: اسناده صحیح).

نیز ان کے تلامذہ: سعید بن جبیر، عطاء بن ابی رباح، مجاہد، عکرمہ، عمرو بن دینار، مالک بن حارث، محمد بن ایاس بن بکیر، اور معاویہ بن ابی عیاش انصاری ان تمام نے یہی نقل کیا ہے کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ ایک مجلس کی تین طلاقوں کے تین ہونے کا فتویٰ دیتے تھے، اور راوی کا فتویٰ اپنی روایت کے خلاف ہو تو وہ روایت یا تو مؤول ہوتی ہے یا منسوخ۔

(۴) عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے اس مقولہ کو بالفرض اگر صحیح تسلیم کیا جائے تو اس کا ایک بہت ہی ظاہر اور بے غبار مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاق دیتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے پہلا لفظ طلاق کے لیے کہا ہے، دوسرا اور تیسرا لفظ محض تاکید کے لیے کہا ہے، طلاق کے لیے نہیں کہا تو زمانہ خیر القرون میں سلامتِ صدر اور غلبہ صدق کی بنا پر اس کا قول قبول کر لیا جاتا اور اس کو قضاءً بھی ایک ہی طلاق کا فیصلہ دیا جاتا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں طلاق کے واقعات بکثرت پیش آنے لگے، نیز صدق و دیانت میں بھی کمی محسوس کی گئی تو انہوں نے اعلان فرمایا کہ آئندہ کوئی شخص اس طرح طلاق دے گا، یعنی تین لفظوں سے طلاق دے تو تاکید کا عذر قبول نہ ہوگا، اور ظاہر الفاظ پر فیصلہ کرتے ہوئے قضاءً اس کو تین طلاق شمار کیا جائے گا۔ (بذل المجهود:١٠/٣٠٠، بیان حکم الطلقات الثلاث،المکتبة الامدادیة).

امام قرطبیؒ نے اس جواب کو پسند فرمایا ہے۔ (الجامع لاحکام القرآن:٣/٨٦).

اور امام نوویؒ نے اس کو اصح الاجوبہ قرار دیا ہے۔ (شرح مسلم للنوویؒ:١/٤٧٨،فیصل).

(۵) عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ مقولہ غیر مدخول بہا کے بارے میں ہے، یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں لوگ غیر مدخول بہا کو اس طرح طلاق دیتے تھے: ”أنت طالق ،أنت طالق،أنت طالق“ اس صورت میں پہلی طلاق سے غیر مدخول بہا بائنہ ہو جاتی تھی، اور دوسری تیسری واقع نہیں ہوتی تھیں، اس کے برخلاف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں لوگوں نے غیر مدخول بہا کو ”أنت طالق ثلاثاً“ کے الفاظ سے طلاق دینی شروع کر دی، اس لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تینوں طلاقوں کے وقوع کا حکم جاری فرما دیا۔

**(٦)** پہلے تین طلاقوں کے بعد رجوع ہوسکتا تھا، مگر بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا، اس کی تائید حسبِ ذیل روایت سے ہوتی ہے۔

**عن ابن عباس رضي الله عنه: ﴿والمطلقات يتربصن بأنفسهن ثلاثة قروء، ولايحل لهن أن يكتمن ماخلق الله في أرحامهن﴾.** (سورة البقرة:٢٢٨). **وذلك أن الرجل كان إذا طلق امرأته فهو أحق برجعتها وإن طلقها ثلاثاً، فنسخ ذلك فقال: ﴿الطلاق مرتٰن﴾ الآية.** (سنن ابی داود: ١/٢٩٧، باب فی نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، فيصل ـ والسنن الكبرى للبيهقي: ٧/٣٣٧، باب من جعل ثلاث واحدة، دارالمعرفة).

**(٧)** محدثِ کبیر حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمیؒ فرماتے ہیں کہ:

یہ حدیث کسی طرح قابل استدلال نہیں ہے، اس لیے کہ: اولاً تو اس میں نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول مذکور ہے نہ فعل اور نہ یہ مذکور ہے کہ تین کو ایک کرنے کی اطلاع آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوتی تھی، اطلاع ملنے پر آپ سکوت کرتے تھے، اور جب ان میں سے کوئی چیز مذکور نہیں ہے تو یہ حدیث نہ ہوئی۔

ابن حزم ظاہریؒ نے اس روایت کو رد کردیا ہے:

**وأما حديث طاؤسؒ فليس شيء أنه عليه السلام هو الذي جعلها واحدة أو ردها إلى الواحدة ولا أنه عليه السلام علمه فأقره.** (المحلی لابن الحزم: ١٠/١٦٨).

ثانیاً: اس روایت میں تین طلاقوں کے ایک شمار کیے جانے کی تصریح نہیں ہے، بلکہ اس میں صرف اتنا مذکور ہے کہ تین طلاق ایک تھی یا ایک کی جاتی تھی، اس سے زیادہ اور اس سے صاف کوئی بات کسی صحیح طریق میں مذکور نہیں ہے۔

پس استدلال کرنے سے پیشتر یہ ثابت کرنے کی ضرورت ہے کہ روایت میں جو کچھ مذکور ہے اس کا کوئی اور مطلب ہو ہی نہیں سکتا بجز اس کے کہ تین طلاقیں ایک شمار کی جاتی تھیں، اور یہ ثابت کرنا ممکن نہیں ہے۔

امام ابوزرعہ رازیؒ اتنے بڑے محدث اور امام ہیں کہ امام مسلمؒ نے ان کے سامنے اپنی صحیح پیش کی، اور انہوں نے جن جن حدیثوں کو معلول قرار دیا ان کو امام مسلمؒ نے بے چوں وچرا حذف کردیا، انھیں ابوزرعہؒ نے

روایتِ مذکورہ کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ یہ طلاق جو آج تین تین دی جاتی ہے عہدِ نبوی وعہدِ صدیقی میں ایک ہی دی جاتی تھی، پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا اور لوگوں نے دھڑ ادھڑ تین طلاقیں دینا شروع کیں تو انھوں نے ان کو لازم بھی کر دیا (دیکھو سنن کبریٰ بیہقی وغیرہ)۔

ثالثاً: روایتِ مسلم میں اس کی تصریح بھی نہیں ہے کہ کون سی تین طلاق ایک تھی، ایک ساتھ دی ہوئی یا الگ الگ طہر میں پھر ایک ساتھ دی ہوئی بھی ایک لفظ میں یا تین لفظوں میں پھر وہ بھی مدخولہ کو یا غیر مدخولہ کو، لہٰذا اس روایت سے استدلال کرنے سے پہلے یہ معلوم کر لینا ضروری ہے کہ اس سے ہر قسم کی تین طلاق مراد ہیں، یا اس کی بعض قسمیں، اگر تمام قسمیں مراد ہیں تو یہ روایت قرآن وحدیث کے خلاف ہو جائے گی، اور اگر بعض قسمیں مراد ہیں، تو وہ کون کون ہیں، اور اس کی کیا دلیل ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے انھیں بعض قسموں کے متعلق یہ بیان کیا ہے اور ان بعض قسموں کے مراد ہونے کی خود حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے تصریح کی ہے۔۔۔جب تک یہ باتیں صاف نہ کر لی جائیں اس وقت تک اس روایت کو استدلال کے لیے لانا صریح مغالطہ ہے۔ (ملخص از مقالاتِ ابو المآثر، جلد اول: ۳۱۵۔۳۱۷، المجمع العلمی، مرکز تحقیقات وخدماتِ علمیہ، مئو)۔

## دوسری دلیل حدیث رکانہ رضی اللہ عنہ ہے۔

ملاحظہ فرمائیں مسند احمد میں ہے:

**عن ابن عباس رضي الله عنه أنه قال: طلق ركانة بن عبد يزيد رضي الله عنه أخو بني مطلب امرأته ثلاثاً في مجلس واحد فحزن عليها حزناً شديداً، قال: فسأله رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف طلقتها؟ قال: طلقتها ثلاثاً، قال: فقال: في مجلس واحد؟ قال: نعم! قال: فإنما تلك واحدة، فارجعها إن شئت، قال: فرجعها.** (مسند احمد: ۱/ ۳٤۷).

**الجواب:** جمہور کی طرف سے جواب یہ ہے کہ حضرت رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واقعہ طلاق کے بارے میں روایات مختلف ہیں، بعض میں "طلق امرأته ثلاثاً"۔ بعض میں "طلق امرأته البتة"۔ امام ابوداؤد، امام شافعی امام ابن حبان، امام حاکم، امام دارقطنی، رحمہم اللہ تعالیٰ جیسے اکابر محدثین نے طلاق "البتة" والی روایت کی تصحیح کی ہے، علامہ شوکانیؒ فرماتے ہیں:" **أثبت ماروي في قصة ركانة أنه طلقها البتة لا**

**ثلاثاً**. (نيل الاوطار: ٦/ ٢٤٦، ادارة القرآن).

اس کے برعکس "طلق امرأته ثلاثاً" والی روایت محدثین کے نزدیک فنی اعتبار سے ساقط ہے، اور قابل استدلال نہیں ہے۔

طلاق "البتة" والی روایت کو امام ابوداؤدؒ نے اصح کہا ہے۔

**قال أبو داود: هذا أصح من حديث ابن جريج أن ركانة طلق امرأته ثلاثاً، لأنهم أهل بيته وهم أعلم به، وحديث ابن جريج رواه عن بعض بني أبي رافع عن عكرمة عن ابن عباس** رضي الله عنه. (سنن ابی داؤد: ١/ ٣٠١، باب فی البتة، کتاب الطلاق، فیصل).

## امام ابوداؤدؒ کی تصحیح پر اشکال اور جواب:

**اشکال:** بلوغ المرام کے محشی صفی الرحمٰن مبارکپوری نے ابوداؤد شریف کی روایت کو ضعیف قرار دیکر مسند احمد کی روایت کو قوی ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، اور امام ابوداؤدؒ کے قول "هذا أصح" کی تاویل کرتے ہوئے کہا ہے کہ دراصل امام ابوداؤدؒ نے دوضعیف روایتوں میں سے ایک کے ضعف کو خفیف اور ہلکا قرار دیا ہے، ورنہ دونوں ضعیف ہیں، ملاحظہ ہو بلوغ المرام کا حاشیہ وتعلیق: (ص ۳۲۱)۔ اس اشکال کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** بلوغ المرام کے محشی کا اعتراض مبنی برانصاف نہیں ہے، وجہ یہ ہے کہ امام حاکمؒ، حافظ ذہبیؒ، ابن حبانؒ وغیرہ نے بھی اس روایت کی تصحیح کی ہے، اور امام ابوداؤدؒ کی تصحیح کو امام دارقطنیؒ، محقق ابن حجرؒ، علامہ صنعانیؒ وغیرہ نے بلاچوں وچرانقل فرمایا ہے، بلکہ محقق ابن حجرؒ نے مسند احمد کی روایت کو (جس میں طلاقِ ثلاثہ ایک مجلس میں دینے کے بعد رجوع کا ذکر ہے) معلول قرار دیا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں حافظ ابن حجرؒ "تلخیص الحبیر" میں فرماتے ہیں:

**وصححه أبو داؤد وابن حبان والحاكم، وفي الباب عن ابن عباس** رضي الله عنه **رواه أحمد والحاكم، وهو معلول أيضاً**. (تلخيص الحبير: ٣/ ٤٤١/ ١٧٤٤، كتاب الطلاق).

علامہ صنعانی سبل السلام شرح بلوغ المرام میں فرماتے ہیں:

وقد صححه أبوداؤد، لأنه أخرجه أيضاً من طريق آخر وهي التي أشار إليها المصنف بقوله "أحسن منه" وهي أنه أخرجه من حديث نافع بن عجيربن عبد يزيد بن ركانة أن ركانة...، الحديث. وصححه أيضاً ابن حبان والحاكم. (سبل السلام شرح بلوغ المرام :۳/۳٦۰، طلاق الثلاث بلفظ واحد).

قال الحاكم فی المستدرک : قد صح الحديث بهذه الرواية، فإن الإمام الشافعيؒ قد أتقنه وحفظه عن أهل بيته...ووافقه الذهبي. (المستدرك :۲/۲۵۰/۲۸۰۸، كتاب الطلاق، دارابن حزم).

وقال الإمام الدارقطني: قال أبوداؤد: هذا حديث صحيح . (سنن الدارقطني:٤/۳۳، كتاب الطلاق،والخلع،القاهرة).

## ابوداؤد کے رجال کی تحقیق:

(۱) أحمد بن عمروبن السرح أبوطاهر المصری:ثقة. (التقريب:۱۵).

(۲) إبراهيم بن خالد الكلبی،الفقيه صاحب الشافعي :ثقة. (التقريب:۲۰).

(۳) محمّد بن إدريس الشافعي الإمام المعروف المحدث الكبير صاحب المناقب.

(۴) محمد بن علي بن شافع: قال الحافظ فی "التقريب" (۳۱۲) والذهبي فی "الكاشف"(۲/۲۰۳): وثقه الشافعي.انتهى .

(۵) عبد اللّٰه بن علي بن السائب: قال الحافظ فی " التقريب "(۱۸۲):مستور.انتهى. وقال الدكتور بشار عواد وشعيب الأرنؤوط في "التحريرعلى التقريب" (۲/۲٤۱/۳٤۸۵): بل صدوق، حسن الحديث، فقد روي عنه أربعة، وذكره ابن حبان فی "الثقات" وقال الذهبي فی " الكاشف"(۲/۹۹): لم يضعف. انتهى .

(٦) نافع بن عجير: قال الحافظ فی "التهذيب" (۱۰/۳٦٤):ذكره ابن حبان فی "الثقات" وذكره ابن حبان أيضاً فی الصحابة وكذا أبوالقاسم البغوي، وأبونعيم، وأبوموسیٰ فی الذيل وغيرهم. انتهى.

وقال الذهبي فی "الكاشف"(۳۱٤/۲) : وثق .انتهی .

**دوسری سند کی تحقیق:**

(۱) جريربن حازم: قال الذهبي فی "الكاشف"(۲۹۱/۱): ثقة. انتهى.

وقال الحافظ فی "التهذيب" (۶۳/۲): قال ابن معين: ثقة ، وقال العجلی:بصری ثقة ، وقال النسائي: ليس به بأس، وقال أبوحاتم: صدوق صالح. انتهى.

وقال الدكتور بشار عواد وشعيب الأرنؤوط فی "التحريرعلى التقريب" (۹۱۱/۲۱۲/۱): أخرج له البخاري في "صحيحه" أحاديث يسيرة ... وقال الذهبي فی "السير" (۱۰۰/۷): اغتفرت أوهامه في سعة ماروى، وأنه اختلط قبل موته بسنة وقد حجبه أولاده فلم يحدث في حال اختلاطه . انتهى.

(۲) زبيربن سعيد بن سليمان أبوهاشم: قال الحافظ فی "التهذيب"(۲۸۰/۳):قال الدوري عن ابن معين: ثقة ، وقال أبوزرعة: شيخ، وقال الدارقطني: يعتبربه، وذكره ابن حبان فی "الثقات". انتهى.

وقال الذهبي فی "الميزان" (۲۵۷/۲): روى عباس عن ابن معين: ثقة، وقال أحمد بن حنبل: فيه لين . انتهى.

(۳) عبد الله بن علي بن يزيد بن ركانة: قال الذهبي فی "الكاشف" (۹۹/۲): وثق.انتهى.

وقال الحافظ فی "التهذيب"(۲۸۹/۵): ذكره ابن حبان فی "الثقات"(۱۶۵/۵). انتهى.

وقال الحافظ فی "التقريب ": لين الحديث. انتهى.

وقال المزي فی " تهذيب الكمال"(۳۲۳/۱۵):ذكره ابن حبان فی "الثقات"، وقد وقع لنا حديثه عالياً أخبرنا به أبوإسحاق...عن عبد الله بن علی بن ركانة عن أبيه عن جده "أنه طلق امرأته على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم البتة...رواه أبو داؤدفوافقناه فيه بعلو.انتهى

(۴) عن أبيه أى علي بن يزيد بن ركانة: قال الحافظ فى "التهذيب"(۳۳۳/۷) والمزي فى" تهذيب الكمال"(۱۷۵/۲۱): ذكره ابن حبان فى "الثقات". انتهى.

وقال الذهبي فى "الميزان"(۸۱/٤): قال البخاري: لم يصح حديثه. انتهى.

الغرض علی بن یزید پرکلام ہے،لہذا یہ روایت ضعیف ہے،لیکن نافع بن عجیر کی روایت کے ساتھ بطورِ شاہد پیش کر سکتے ہیں،جبکہ اس کا قوی متابع بھی موجود ہے۔

ملاحظہ ہومسند ابی داؤدالطیالسی میں ہے:

" قال أبوداود : وسمعت شيخاً بمكة فقال: حدثنا عبد الله بن علي عن نافع بن عجير عن ركانة بن عبد يزيد قال: كانت عندي امرأة يقال لها سهيمة، فطلقتها البتة... الحديث. (۱۱۸۸/۱٦٤/۱، دارالمعرفة، بيروت).

شیخ البانی ارواء الغلیل میں لکھتے ہیں:

و يغلب على ظني أن هذا الشيخ المكي إنما هو محمد بن علي بن شافع فإنه مكي، وعليه فيكون الطيالسي قد تابع الإمام الشافعيؒ في رواية الحديث عنه.والله أعلم .

قلت: وهذا الإسناد أحسن حالاً من الذي قبله، فإن رجاله ثقات. (ارواء الغليل:۱٤۲/۷، باب صريح الطلاق وكنايته، المكتب الاسلامى).

## مسند احمد کی روایت کی تحقیق: (جس میں ایک مجلس کی تین طلاق کے بعد رجوع کا ذکر ہے)

قال الشيخ شعيب الأرنؤوط في " تعليقه على مسند الإمام أحمد بن حنبل": إسناده ضعيف، رواية داؤد عن عكرمة فيها شيء، قال ابن المديني: ماروى عن عكرمة فمنكر، وقال أبوداؤد: أحاديثه عن شيوخه مستقيمة، وأحاديثه عن عكرمة مناكير، وقال الذهبى في كتابه" من تكلم فيه وهوموثق "(۱۰۵): ثقة مشهور له غرائب تستنكر، وقال الحافظ في "التقريب": ثقة إلا عن عكرمة... وقد روى أبوداؤد هذا الحديث بإسناد أجود منه : أن ركانة طلق امرأته البتة...وقال الحافظ ابن حجرؒ فى "الفتح"(۳٦۳/۹): إن أباداؤد رجح أن

ركـانة إنـمـا طـلـق امرأته البتة، كما أخرجه هو من طريق آل بيت ركانة، وهوتعليل قوي...

(مسندالامام احمدبتحقيق شعيب الارنؤوط: ٤/٢١٥-٢١٨/٢٣٨٧، مؤسسة الرسالة) .

وقـال المزي في" تهذيب الكمال " (٨/ ٣٨٠) والـحافظ في "التهذيب" (١٦٣/٣): قال الساجي: منكر الحديث، يتهم برأي الخوارج، وقال ابن عيينة: كنا نتقي حديث داؤد. انتهى.

وقـال ابن الجوازي في "الضعفاء والمتروكين" (١/ ٢٦١): قال ابن حبان: يحدث عن الثقات بما لايشبه حديث الأثبات، يجب مجانة روايته. انتهى.

وقـال أبو الفداء في " تعليقه على الضعفاء والمتروكين" (١/ ٢٦١) بعد ذكر أقوال المحدثين: من ذلک يتضح أن داؤد مضعف لسببين:

(الف) روايته عن عكرمة منكرة .

(باء) كونه خارجياً. ومنكر الحديث.

لہذا صحیح یہ ہے کہ انہوں نے صراحۃً تین طلاق نہیں دی تھی، بلکہ طلاق "البتة" دی تھی اوراس وقت طلاقِ "البتة" بھی تین طلاق کے موقع پراستعمال ہوتی تھی، جیسا کہ سنن دارقطنی میں ص ۴۳۳ پر مذکور ہے، اس لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کوحلف دے کر پوچھا کہ تم نے ایک کاارادہ کیا تھا؟ جب انہوں نے حلف سے بیان کیا کہ میراارادہ ایک ہی طلاق کا تھا تب ان کورجعت کااختیار دیا گیا۔

ملاحظہ فرمائیں ترمذی شریف میں ہے:

عن عبد اللّٰه بن يزيد بن ركانة عن أبيه عن جده قال: أتيت النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فقلت: يارسول اللّٰه ! إني طلقت امرأتي البتة، فقال: ما أردت بها؟ فقلت: واحدة، قال: واللّٰه ؟ قلت: واللّٰه ، قال: فهو ما أردت . (رواه الترمذی: ١/ ٢٢٢، باب فی الرجل طلق امرأته البتة، فيصل).

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں:

وقـد اخـتلف أهـل الـعـلم من أصحاب النبي صلى اللّٰه عليه وسلم وغيرهم في طلاق "البتة" فـروي عن عمربن الخطاب ﷺ أنـه جعل البتة واحدة، وروي عن علي ﷺ أنه جعلها

**ثـلاثاً ، وقال بعض أهل العلم : فيه نية الرجل إن نوى واحدة فواحدة، وإن نوى ثلاثاً فثلاث، وإن ثنتين لم تكن إلا واحدة، وهوقول الثوريؒ وأهل الكوفة ، وقال مالك بن أنسؒ في البتة: إن كـان قـد دخـل بها، فهي ثلاث تطليقات، وقال الشافعيؒ: إن نوى واحدة فواحدة يملك الـرجعة ، وإن نوى ثنتين فثنتين، وإن نوى ثلاثاً فثلاث.** (ترمذی شریف: ۱/۲۲۲، باب فی الرجل طلق امرأته البتة، فیصل).

*مزید جوابات اوران کی تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں:* (فتح الباری شرح صحیح البخاری: ۹/۳۶۲۔۳۶۷، کتاب الطلاق، باب من جوز الطلاق الثلاث۔ وعمدة القاری شرح صحیح البخاری:ج۱۴۔ وبذل المجهود: ۱۰/۲۸۶، باب فی نسخ المراجعة بعد الطليقات الثلاث۔ واوجز المسالك الی مؤطا الامام مالك: ۴/۳۳۱، باب ماجاء فی البتة۔وشرح النووی علی صحيح مسلم :۱/۴۷۸، باب الطلاق الثلاث۔ والجامع لاحكام القرآن: ۳/۸۶۔ونیل الاوطار:۶/۲۴۵۔۲۴۸، ادارة القرآن۔ وازالة الخفاء۔وزادالمعاد۔ واغاثة اللهفان).

وعصر حاضر کے پیچیدہ مسائل اوران کا حل: جلددوم۔وفتاوی محمودیہ: جلددوازدہم ،مبوب ومرتب۔ وفتاوی رحیمیہ: جلدہشتم مبوب ومرتب۔وخیرالفتاوی: جلدپنجم۔ورسالہ تین طلاق کا ثبوت اسلامی شریعت میں، ازمولانا محمد شہاب الدین ندوی۔ورسالہ عمدة الثاث فی حکم الطلقات الثلاث،ازشیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفرازخان صاحبؒ۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

## طلاق، طلاق، طلاق سے طلاقِ ثلاثہ کا حکم:

**سوال:** میاں بیوی کے منازعہ میں شوہر نے بیوی سے کہا ''طلاق، طلاق، طلاق، کیا تم اب خوش ہو! کیا تم اب خاموش رہوگی! بعد میں شوہر کہتا ہے کہ صرف تم کو خاموش کرنے کے لیے ایسا کہا تھا، شریعتِ مطہرہ میں اب کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اس لیے کہ الفاظِ صریحہ میں نیت کی حاجت نہیں ہے، نیز کھیل کود اور مذاق میں بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ لہذا خاموش کرنے والی بات قابل قبول نہیں ہوگی۔ لیکن اگر اس نے پہلے سے گواہ بنالیے تھے، مثلاً یہ کہہ رکھا تھا کہ میں اس طرح کہوں گا، لیکن میری نیت طلاق دینا نہیں، صرف بیوی کو خاموش کرنا ہے تو اس کی تصدیق کی جائے گی اور طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**وأما الهازل فيقع طلاقه قضاءً وديانةً لأنه قصد السبب عالماً بأنه سبب فرتب الشرع حكمه عليه أراده أولم يرده.** (فتاوی الشامی :۳/ ۲۵۰،سعید۔وکذا فی الهداية:۲/ ۳۵۹،باب ایقاع الطلاق).

درمختار میں ہے:

**وإن قال تعمدته تخويفاً لم يصدق قضاءً إلا إذا أشهد عليه قبله وبه يفتي. وفي الطحطاوي: قوله تعمدته تخويفاً ولم يكن من قصدى الطلاق، قوله إلا إذا أشهد عليه قبله أي قبل التكلم بأن قال: امرأتي طلبت مني الطلاق وأناْ لا أطلق فأقول هذا، بحر.**

(الدرالمختارمع حاشیة الطحطاوی :۲/ ۱۱۲،باب الصریح).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

طلاق تین بار بولا گیا ہے، اس لیے تین طلاقیں واقع ہونے کا حکم دے دیا جائے گا، باقی اس کی طلاق کی نیت نہیں تو حقیقت یہ ہے کہ لفظ ''طلاق'' طلاق دینے کے لیے صریح ہے نیت کا محتاج نہیں ہے'' **ولا يفتقر إلى نية لأنه صريح فيه لغلبة الاستعمال**''.(الهداية:۲/ ۳۵۹،باب ایقاع الطلاق)۔ ایسے ہی ڈرانے دھمکانے کی بات

قابل قبول نہیں" وإن قال: تعمدته..." البتہ وقوعِ طلاق کے لیے اضافت ضروری ہے، یعنی نسبت کرنا، یعنی نام لیکر یا اشارہ کر کے یا خطاب کرتے ہوئے طلاق کو بیوی کی طرف منسوب کرنا...لیکن اضافتِ صریحہ لازم نہیں ہے اضافتِ معنویہ جو قرائن اور مذاکرہ اور دلالت حال سے ثابت ہو وہ کافی ہے۔ (فتاوی رحیمیہ:۸/۳۱۳، مبوب ومرتب)۔

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/۲۸۲، مدلل مکمل۔ وفتاوی محمودیہ:۱۲/۴۵۴، ۴۶۵، مبوب ومرتب)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## دوطلاق دیکر تین کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو دوطلاقیں دیں، پھر جب بیوی کے خاندان والے زیارت کے لیے پہونچے اور انہوں نے پوچھا کہ آپ نے کتنی طلاقیں دیں، تو اس نے کہا میں نے تین طلاقیں دیں، بنگاہِ شریعت کتنی واقع ہوئیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کے تین طلاق کا اقرار کرنے سے تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اگرچہ درحقیقت دو ہی طلاقیں دی تھیں۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

وكذا أنت طالق قبل أن أتزوجك أو أمس وقد نكحها اليوم ولو نكحها قبل أمس وقع الآن لأن الإنشاء في الماضي إنشاء في الحال...أنت حر قبل أن أشتريك أو أنت حر أمس وقد اشتراه اليوم فإنه يعتق لما يعتق لو أقر لعبد ثم اشتراه لإقراره بحريته. وفي الشامية: قوله لأن الإنشاء في الماضي إنشاء في الحال لأنه ما أسنده إلى حالة منافية، ولا يمكن تصحيحه إخباراً لكذبه وعدم قدرته على الإسناد، فكان إنشاء في الحال.

(الدرالمختار مع ردالمحتار:۳/۲٦٦، باب الصريح، سعيد).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

وفي الصغرى: في أمالي أبي يوسفؒ: إذا قال لها: "قد طلقتك" أو قال لها: "أنت طالق" وأراد الخبر عما مضى كذباً وسعه فيما بينه وبين الله تعالىٰ أن يمسكها، وإن لم يرد

**الخبر عما مضى وأراد الكذب فهي طالق في القضاء وفيما بينه وبين ربه، وكذا إذا أراد الهزل طلقت قضاءً وديانةً.** (الفتاوى التاتارخانية: ۳/ ۲۶۱، فيما يرجع الى صريح الطلاق، ادارة القرآن).

فتاوی دار العلوم دیوبند میں ہے:

سوال: ایک شخص نے اپنی زوجہ کو دو طلاقیں دی تھی، چند ایام کے بعد ایک مولوی صاحب اس معاملہ کے فیصلہ کے لیے تشریف لائے، اور مجمع عام میں اس مرد مطلق سے دریافت کیا کہ تم نے اپنی زوجہ کو کتنی طلاق دی، اس مرد نے کہا کہ تین طلاقِ مغلظہ، پھر دو چار یوم کے بعد وہ مرد کہنے لگا کہ میں نے دراصل دو طلاق دی تھی، دو گواہ موجود تھے، میں نے جھوٹ بول کر تین کہہ دی، آیا دو طلاق ہوں گی، یا تین؟

الجواب: جب کہ اس مرد نے بجوابِ سوال مذکور یہ کہا کہ تین مغلظہ تو اس کی زوجہ پر تین طلاق واقع ہوئی، اور رجوع کرنا اس کلام سے صحیح نہیں ہے۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند: ۹/ ۲۲۶، ۳۱۴، ۳۴۲، مدلل مکمل)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''ایک دی دو دے رہا ہوں'' سے تین طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے بیوی سے کہا ''کہ میں نے تجھے ایک طلاق دی تھی دو اب دے رہا ہوں'' ان الفاظ سے کتنی طلاق واقع ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ان الفاظ سے ''ایک دی تھی دو دے رہا ہوں'' تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اور بدون حلالہ زوج اول کے لیے حلال نہیں ہے، اس لیے کہ ''طلاق دے رہا ہوں'' صیغۂ حال ہے جس سے فی الحال طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی شامی میں ہے:

**قوله وما يمعناها من الصريح أي مثل ماسيذكره من نحو: كونه طالقاً واطلقي يامطلقة بالتشديد وكذا المضارع إذا غلب في الحال مثل أطلقك كما في البحر.** (فتاوى الشامي: ۳/ ۲۴۸، باب الصريح، سعيد).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**قالت لزوجها: من با تو نمي باشم، فقال الزوج: مباش، فقالت: طلاق بدست تو أست، مرا طلاق كن، فقال الزوج: طلاق في كنم طلاق مي كنم، وكرر ثلاثاً طلقت ثلاثاً.**
(الفتاوى الهندية: ١/ ٣٨٤، باب الطلاق بالفاظ الفارسية).

فتاویٰ رحیمیہ میں ہے:

ایسالفظ جوزمانہ حال میں طلاق دینے پر دلالت کرتا ہواس سے طلاق واقع ہوجاتی ہے، وقوع طلاق کے لیے صیغہ ماضی ہی ہونا ضروری نہیں ہے۔ (فتاوی رحیمیہ: ۲۹۲/۸، مبوب ومرتب)۔

مزید ملاحظہ فرمائیں: (تنقیح الفتاوی الحامدیۃ: ۱/ ۳۸، کتاب الطلاق، دارالاشاعۃ العربیۃ)۔ **واللہ ﷻ اعلم۔**

## زوجہ کے مطالبہ پرشوہر نے کہا آپ کو مل گئی:

**سوال:** میاں بیوی کے درمیان جھگڑا چل رہا تھا، اسی دوران بیوی نے کہا مجھے اپنی طلاق دیدو، یا کہا مجھے طلاق مل سکتی ہے، جواب میں شوہر نے کہا، ٹھیک ہے آپ کو مل گئی، پھر بیوی نے پوچھا کہ کیا تین ہیں؟ شوہر نے کہا جی ہاں! تین ہیں، کونسی طلاق واقع ہوئی رجعی یا بائن اور کیا تین واقع ہوئی یا ایک؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں بیوی کے مطالبۂ طلاق پر شوہر نے مطالبہ پورا کردیا تو ایک طلاق رجعی واقع ہوئی، پھر عدد کے بارے میں دریافت کرنے پر شوہر نے تین کا اقرار کیا تو تین واقع ہوئی، اور عورت مغلظہ ہوگئی، اب بدون حلالہ زوج اول کے لیے حلال نہیں ہے۔
ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں ہے:

**وفي المنتقى: امرأة قالت لزوجها: طلقني، فقال الزوج: قد فعلت، طلقت.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٣٥٦، ايقاع الطلاق).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**ذكر الطلاق بلا عدد فقيل له بعد ماسكت كم؟ فقال: ثلاثاً، وقع ثلاث عندهما خلافاً لمحمدٌ... وفي الجوهرة: قال: أنت طالق، فقيل له بعد ما سكت كم؟ فقال: ثلاث، وفي**

**الخانية: ويحتمل أن هذا قول أبي حنيفةؒ فإن عنده إذا طلق واحدة ثم قال: جعلتها ثلاثاً تصير ثلاثاً.** (فتاوى الشامي:۳/۳۰۵، باب الكنايات،سعيد).

التحریر المختار میں ہے:

**قوله ويحتمل أن هذا قول أبي حنيفةؒ: يبطل هذا الاحتمال جعل أبي يوسفؒ مع الإمام والظاهر أن وجه الوقوع على قولهما أن السوال يتضمن الطلاق كأنه قال: كم طلقت؟ والجواب يتضمن ما في السوال فكأنه قال: طلقت ثلاثاً.** (التحرير المختار على هامش ردالمحتار:۳/۲۱۹، باب الكنايات، سعيد). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## مطالبہ پر تین مرتبہ (I talaaq you) کہنے کا حکم:

**سوال:** میاں بیوی کے درمیان تین گھنٹے سے جھگڑا چل رہا تھا آخر میں بیوی نے کہا مجھے طلاق دیدو، میں گھر جانا چاہتی ہوں، شوہر نے تین مرتبہ (I talaaq you) کہا، کتنی طلاقیں واقع ہوئیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تین طلاقیں واقع ہو کر عورت مغلظہ ہوگئی، اور بدون حلالہ زوج اول کے لیے حلال نہیں رہی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**قالت لزوجها: طلقني، فقال الزوج: فعلت،طلقت. وفي الشامي: أى بقرينة الطلب.**
(الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۲۹٤،سعيدو كذا في الفتاوى الهندية:۱/۳۵٦).

فتاوی شامی میں ہے:

**قوله كرر لفظ الطلاق بأن قال للمدخولة: أنت طالق أنت طالق أوقد طلقتک قد طلقتک أوأنت طالق...قوله وإن نوى التأكيد دين أى وقع الكل قضاءً، وكذا إذا أطلق، أشباه: أى بأن لم ينو استينافاً ولا تأكيداً لأن الأصل عدم التاكيد.** (فتاوى الشامي:۳/۲۹۳،سعيد).

غمز عیون البصائر میں ہے:

**لو كرر لفظ الطلاق، ولم ينو الاستئناف ، ولاالتأكيد، يقع الكل قضاءً ، لأنه يجعل تأسيساً لا تأكيداً، لأنه خير من التأكيد.** (غمز عيون البصائر شرح الاشباه والنظائر:۱/۱۷۸،القاعدة الثانية،الامور بمقاصدها). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## دوطلاق کے بعد فسخ کرانے پر مغلظہ ہونے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے دومختلف اوقات میں اپنی بیوی کوایک ایک طلاق دی اس کے بعد رجوع کیا پھر کافی ساری وجوہات کی وجہ سے جمعیت نے نکاح فسخ کردیا،اس لیے کہ شوہر طلاق نہیں دیتا تھا،اب بیوی پھر سابقہ شوہر کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونا چاہتی ہے،تو کیا بغیر حلالہ کے جائز ہے یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جمعیت کا فسخ شوہر کی کوتاہیوں کے سبب واقع ہوا ہے اس وجہ سے یہ فسخ طلاقِ بائنہ کے حکم میں ہوکر اگلی دوطلاقوں کے ساتھ طلاقِ ثلاثہ کا حکم اختیار کرلے گا،اورعورت کے لیے بغیر حلالہ کے سابقہ شوہر کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونادرست نہیں ہوگا۔

ملاحظہ مختصر القدوری میں ہے:

**والفرقة تطليقة بائنة.** (قدوری:۲۱۹،کتاب النکاح).

ہدایہ میں ہے:

**لأن فعل القاضي أضيف إلى فعل الزوج فكأنه طلقها بنفسه.** (الهداية:۲/۴۲۱).

فتاوی شامی میں ہے:

**قوله فرق الحاكم وهو طلاق البائن.** (فتاوى الشامي:۳/۷۰،سعید).

الحیلۃ الناجزۃ میں ہے:

جن صورتوں میں قاضی عورت کواختیار دے ان میں حکم یہ ہے کہ اگرعورت اسی مجلس میں تفریق چاہے تب توتفریق ہوسکتی ہے ورنہ نہیں،پس اگرعورت نے اسی مجلس میں تخییر کہدیا کہ میں اس شوہر سے علیحدہ ہوناچاہتی ہوں تو قاضی اس کے شوہر سے کہے کہ اس عورت کوطلاق دیدواس پراگرخاوند نے طلاق دیدی تو طلاقِ بائنہ واقع

ہوجائے گی، اگر وہ طلاق دینے سے انکار کردے تو قاضی خود تفریق کردے یعنی مثلاً یوں کہہ دے کہ میں نے تجھ کو اس کے نکاح سے الگ کردیا تو یہ تفریق بھی شرعاً طلاقِ بائنہ کے قائم مقام ہوجاوے گی۔ (الحیلۃ الناجزۃ:۸۲).

دوسری جگہ مذکور ہے:

شرعی پنچایت اگر کسی معاملہ میں متفق ہوکر تفریق کردے تو اس کا حکم قاضی کے حکم قائم مقام ہوگا، اور تفریق وغیرہ صحیح ہوجائے گی۔ (الحیلۃ الناجزۃ:۷۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## غصہ کی حالت میں تین طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شوہر نے اپنی بیوی کو طلاقِ مغلظہ دی، کسی بدعتی عالم کے پاس جاکر فتویٰ پوچھا تو اس نے کہا کہ نکاح فسخ نہیں ہوا، کیونکہ حالتِ غصہ میں طلاق دی، اب اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں بحالتِ غصہ دی ہوئی تینوں طلاقیں واقع ہوگئیں، اب بدون حلالہ زوجِ اول کے لیے حلال نہیں، کیونکہ عام طور پر حالتِ غصہ ہی میں طلاق دی جاتی ہے، پیار و محبت میں نہیں دی جاتی۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے

**ویقع طلاق من غضب خلافاً لابن القیم، وهذا الموافق عندنا لما مر فی المدهوش.**

(فتاوی الشامی:۳/۲۴٤، مطلب فی طلاق المدهوش، سعید).

الفقہ علی المذاہب الاربعہ میں ہے:

**فاعلم أن بعض العلماء قد قسم الغضب إلى ثلاثة أقسام الأول أن يكون الغضب في أول أمره فلا يغير عقل الغضبان بحيث يقصد مايقول ويعلمه، ولاريب في أن الغضبان بهذا المعنى يقع طلاقه وتنفذ عباراته باتفاق.** (٤/٢٢٧، شروط الطلاق، القاهرة).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

غصہ کی حالت میں بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے حنفیہ کا بھی یہی مسلک ہے، بعض متاخرین حنابلہ اس طرف گئے ہیں کہ حالتِ غضب میں طلاق واقع نہیں ہوتی، اور ان میں سے متقدمین کا قول یہ نہیں بلکہ حنفیہ کے موافق

ہے، قال أبوداود: " الغلاق أظنه في الغضب " اس سے ان بعض متاخرین حنابلہ نے استدلال کیا ہے کہ حدیث شریف "لاطلاق ولاعتاق في إغلاق " اغلاق کی تفسیر ابوداود نے غضب سے کی ہے، لہذا غصہ کی حالت میں طلاق واقع نہیں ہوتی ہے۔ اس کا جواب بذل المجہود شرح ابی داود میں اس طرح دیا ہے: " ورده ابن السيد، فقال: لوكان كذلك لم يقع على أحد طلاق لأن أحداً لايطلق حتى يغضب". (بذل المجهود:۳/۲۷٦، باب الطلاق على غيض) .

حافظ ابن حجر فتح الباری شرح بخاری میں فرماتے ہیں:

**قال المطرزي :قولهم إياك والغلق أى الضجروالغضب ورد الفارسي في مجمع الغرائب على من قال الإغلاق الغضب، وغلط في ذلك وقال: إن طلاق الناس غالباً إنماهو في حال الغضب، وقال ابن المرابط: الإغلاق حرج النفس، وليس كل من وقع له فارق عقله، ولوجاز عدم وقوع طلاق الغضبان لكان لكل أحد أن يقول فيماجناه كنت غضباناً، وأراد بذلك الرد على من ذهب إلى أن الطلاق فى الغضب لايقع، وهو مروي عن بعض متاخري الحنابلة ولم يوجد عن أحد من متقدميهم إلا ما أشار إليه أبوداود. وأما قوله فى المطالع " الإغلاق الإكراه" وهومن أغلقت الباب، وقيل الغضب، وإليه ذهب أهل العراق، فليس بمعروف عن الحنفية.** فتح الباری :۹/۳۸۹،باب الطلاق فی الاغلاق والاكراه۔ (فتاوی محمودیہ:۱۲/۳۰۸،مبوب ومرتب)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## بحالتِ غصہ سوطلاق دینے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے غصہ کی حالت میں اپنی بیوی کو کہا میں نے تم کو سوطلاقیں دیں، اب وہ شخص کہتا ہے کہ میں نے غصہ کی حالت میں بلانیت طلاق یہ الفاظ کہے تھے تو طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کے یہ الفاظ "میں نے تم کو سوطلاقیں دیں" طلاق کے بارے میں صریح ہیں اور محتاجِ نیت نہیں ہیں، بدون نیت طلاق واقع ہوجاتی ہے، لہذا شخص مذکور کی بیوی پر تین طلاقیں واقع

ہوگئیں، اور بقیہ (۹۷) ستانوے کا بار شخص مذکور کی گردن پر رہے گا اس سے توبہ اور استغفار لازم ہے۔ نیز غصہ کی حالت میں بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے بلکہ عام طور پر غصہ کی حالت میں طلاق دی جاتی ہے، پیار و محبت میں اکثر طلاق نہیں دی جاتی۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**الصريح ما لايحتاج إلى نية بائناً كان الواقع به أورجعياً** . (الدرالمختار:۳/۳۰۶،باب الصريح ،سعيد ).

حدیث میں ہے:

**عن مجاهدؒ عن ابن عباس ﷺ أنه سئل عن رجل طلق امرأته مائة تطليقة قال: عصيت ربك وبانت منك امرأتك، لم تتق الله فيجعل لك مخرجاً.** (السنن الكبرى :۷/۳۳۱، بيروت).

**وعن سعيد بن جبيرؒ عن ابن عباس ﷺ في رجل طلق امرأته ألفاً، فقال: أما ثلاث فتحرم عليك امرأتك وبقيتهن عليك وزر، اتخذت آيات الله هزواً.** (السنن الكبرى:۷/۳۳۲،بيروت).

**وفي المصنف لعبد الرزاق: عن داؤد بن عبادة [بن] الصامت ﷺ قال: طلق جدي امرأة له ألف تطليقة، فانطلق أبي إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: ...أما ثلاث فله أما تسع مائة وسبعة وتسعون فعدوان وظلم إن شاء الله تعالىٰ عذبه وإن شاء غفر له .** (مصنف عبدالرزاق:۶/۳۹۳، المجلس العلمي).

شامی میں ہے:

**ويقع طلاق من غضب خلافاً لابن القيم ، وهذا الموافق عندنا لما مر في المدهوش.** (فتاوى الشامي:۳/۲۴۴،مطلب في طلاق المدهوش،سعيد).

**مزید ملاحظہ ہو:** (فتح القدير:۴/۷۴،دارالفكر۔والبحرالرائق:۳/۲۷۵، كوئٹہ۔وفتاوى محموديہ:۱۲/۳۳۳،مبوب ومرتب۔وفتاوى دارالعلوم ديوبند:۹/۴۹،مدلل مكمل۔وامدادالاحكام :۲/۴۴۲)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## حالتِ حیض میں طلاقِ ثلاثہ کا حکم:

**سوال:** اگرآدمی نے حالتِ حیض میں اپنی بیوی کو تین طلاق دیدی تو کیا حکم ہے؟ حیض میں طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ حالتِ حیض میں تین طلاقیں واقع ہوگئیں، اور بغیر حلالہ کے زوج اول کے لیے حلال نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو دارقطنی میں ہے:

**عن الحسن قال نا عبد الله بن عمر ﷺ أنه طلق امرأته تطليقة وهي حائض ثم أراد أن يتبعها بتطليقتين أخراوين عند القرئين، فبلغ ذلک رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: يا ابن عمر ما هكذا أمرک الله انک قد أخطأت السنة، والسنة أن تستقبل الطهر فتطلق لكل قرء، قال فأمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم فراجعتها ثم قال: إذا هي طهرت فطلق عند ذلک أو أمسک فقلت: يارسول الله! أرأيت لو أني طلقتها ثلاثاً أكان يحل لي أن أراجعها قال: لا، كانت تبين منک وتكون معصية.** (سنن دارقطني: ٤/٣١/٨٤، كتاب الطلاق، والسنن الكبرى للبيهقي: ٧/٣٣٤، دارالمعرفة).

ہدایہ میں ہے:

**وإذا طلق الرجل امرأته في حالة الحيض وقع الطلاق لأن النهي عنه لمعنى في غيره فلا ينعدم مشروعيته.** (الهداية: ٢/، باب طلاق السنة).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**والبدعي من حيث الوقت أن يطلق المدخول بها وهي من ذوات الأقراء في حالة الحيض، وكان الطلاق واقعاً.** (الفتاوى الهندية: ١/٣٤٩).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

حالت حیض میں طلاق دینا منع ہے، تاہم اگر کوئی حالت حیض میں طلاق دیدے تو وہ واقع ہوجائے گی، جس حیض میں طلاق دی ہے وہ عدت میں شمار نہیں ہوگا، اس کے بعد تین حیض مستقل لازم ہوں گے۔ (فتاوی محمودیہ: ۱۲/ ۱۸۷، مبوب ومرتب)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## طلاقِ ثلاثہ کے بعد شوہر کے منکر ہونے کا حکم:

**سوال:** میرے شوہر نے مجھے خلوت میں غصہ کی حالت میں تین طلاقیں دیں جو میں نے اپنے کانوں سے سنیں، جب میں گھر جانے لگی تو اس نے روک دیا اور تین طلاق سے انکار کردیا، اب میرے لیے کیا راستہ ہے؟

**الجواب:** فقہاء نے لکھا ہے کہ عورت قاضی کی طرح ہے، اس لیے جب آپ نے طلاق خود اپنے کانوں سے سنی تو شوہر سے الگ رہے، لیکن اگر یہ صورت مشکل ہو کہ شوہر نہ چھوڑتا ہو اور نہ خلع کرتا ہو تو آپ اپنا معاملہ کسی شرعی قاضی یا حکم کے سامنے پیش کردے، اور گواہ نہ ہونے کی وجہ سے شوہر پر قسم آتی ہے، اگر شوہر نے قسم کھالی تو پھر آپ اس کے پاس رہ سکتی ہے، گناہ اس پر ہوگا، یہی مضمون فتاوی دارالعلوم دیوبند میں کئی جگہ مذکور ہے۔

لیکن اگر اس پر اشکال کیا جائے کہ اگر کوئی شخص رمضان المبارک کے چاند کی گواہی دے اور گواہی منظور نہیں ہوئی، تو وہ شخص خود روزہ رکھے گا، معلوم ہوا کہ قاضی کے مقابلہ میں صاحبِ واقعہ کا قول معتبر ہے اور طلاق کے مسئلہ میں قاضی کی بات مانی گئی، تو اس کا جواب یوں سمجھ میں آتا ہے کہ رمضان کے مسئلہ میں روزہ کا تعلق صائم سے ہے کسی اور سے نہیں، اس لیے روزہ رکھے، مسئلہ مذکورہ میں نکاح کا تعلق شوہر سے بھی ہے اور وہ حلفاً انکار کرتا ہے، لہذا اس کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے حتی الوسع الگ رہنے کے باوجود ہم بستری میں گناہ شوہر پر ہوگا۔ نیز روزہ میں قضاء اور دیانت میں تعارض بھی نہیں، یہ روزہ رکھے اور لوگ نہ رکھے، لیکن زوجین میں قضاء اور دیانت میں تعارض ہے۔

حضرت مفتی ولی حسن صاحبؒ کے سامنے جب شوہر کے طلاقِ ثلاثہ کے انکار اور عورت کے طلاقِ ثلاثہ کے دعوے کا مسئلہ آتا اور حضرت کو حکم بنایا جاتا تو عورت سے گواہ طلب کرتے اور جب عورت کے پاس گواہ نہ ہوتے تو شوہر سے قسم لیتے اور جب شوہر قسم کھاتا کہ میں نے تین طلاقیں نہیں دیں، تو بیوی سے فرماتے تم شوہر

کے ساتھ رہ سکتی ہوا گرشوہر جھوٹا ہوگا تو گناہ شوہر پر ہوگا، اس میں آسانی ہے اسی کی طرف بندہ کا میلان ہے۔
ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**سمعت من زوجها أنه طلقها ولاتقدرعلى منعه من نفسها إلا بقتله...وقال الأوزجندي: ترفع الأمر للقاضي فإن حلف ولا بينة لها، فالإثم عليه. وفي الطحطاوي: قوله فالإثم عليه ولا إثم عليها بتمكينه من نفسها.** (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۱/ ۱۷۸، باب الرجعة، كوئته).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**والمرأة كالقاضي إذا سمعته أو أخبرها عدل لايحل لها تمكينه والفتوى على أنه ليس لها قتله ولاتقتل نفسها بل تفدي نفسها بمال أوتهرب كما أنه ليس له قتلها إذا حرمت عليه وكلما هرب ردته بالسحر. وفي البزازية عن الأوزجندي: أنها ترفع الأمر للقاضي فإن حلف ولا بينة لها فالإثم عليه. قلت: أى إذا لم تقدر على الفداء أوالهرب ولا على منعه عنها فلا ينافي ما قبله .** (فتاوى الشامي: ۳/ ۲۵۱، باب الرجعة، سعيد).

خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے:

**وفي فتاوى النسفي عن السيد الإمام أبي شجاع هكذا وفي فوائد شمس الإسلام إن لم يكن بينة ترفع إلى القاضي وتحلفه فإن حلف فالإثم عليه .** (خلاصة الفتاوى: ۲/ ۱۲۰، المكتبة الرشيدية).

مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے:

**وفي التتارخانية وغيرها: سمعت المرأة من زوجها أنه طلقها ولاتقدرعلى منعه من نفسها إلا بقتله لها قتله بالدواء ولاتقتل نفسها وقيل لاتقتله وبه يفتى وترفع الأمر إلى القاضي فإن لم تكن لها بينة تحلفه فإن حلف فالإثم عليه.** (مجمع الانهر شرح ملتقى الابحر: ۳/ ۳۲۶، باب الرجعة).

کفایت المفتی میں ہے:

اگر شوہر طلاق دینے سے انکار کرتا ہے تو قاضی کے سامنے طلاق ثابت کرنے کے لیے شہادت کی ضرورت ہے اور دو گواہ نہ ہو تو پھر اس شوہر سے حلف لیا جائے گا، اگر وہ حلف کر لے کہ میں نے طلاق نہیں دی تو قاضی طلاق نہ ہونے کا فیصلہ کر دے گا، لیکن اس فیصلہ سے عورت شوہر کے لیے اگر وہ فی الحقیقت طلاق دے چکا ہے حلال نہ ہوگی اور مدۃ العمر وہ حرام کاری میں مبتلا ہوگا۔ فقط۔ (کفایت المفتی: ۶/ ۸۲، دارالاشاعت)۔

ایضاح النوادر میں ہے:

...لیکن اس شکل میں عورت کو کوئی راستہ نہ ملے اور شوہر جھوٹی قسم کھا کر عورت کو اپنے پاس رکھ لیتا ہے تو عورت گنہگار نہ ہوگی بلکہ سارا گناہ شوہر پر ہوگا، مسئلہ کے اس پہلو کو حضراتِ فقہاء ان الفاظ سے ذکر کرتے ہیں "والمرأة كالقاضي إذا سمعته أو أخبرها عدل لايحل لها تمكينه"۔ (ایضاح النوادر: جلد دوم ۱۰۴)۔

مزید ملاحظہ فرمائیں: (البحر الرائق: ۳/ ۲۵۷، باب الصريح، كوئته۔ والفتاوى الهندية: ۳/ ۳۵۳۔ وفتاوى محموديه: ۱۲/ ۳۱۶، مبوب ومرتب۔ فتاوى رحيميه: ۸/ ۲۶۸، مبوب ومرتب)۔

اس مسئلہ کی ایک نظیر ملاحظہ فرمائیں:

**امرأة زوجها في دار الغصب فتقول لا أقعد معك في أرض الغصب فإني أثمت بذلك ليس لها ذلك والإثم على الزوج** . (الفتاوى السراجية:)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## طلاقِ ثلاثہ میں مفتی کے فیصلہ پر قاضی کے فیصلہ کی ترجیح:

**سوال:** ایک شخص کی بیوی غائب تھی اور شوہر نے اس کو بتایا کہ میں نے " امرأتي طالق" تین مرتبہ کہا تھا لیکن میری نیت تاکید کی تھی اور مفتی صاحب نے ایک طلاق کا فتویٰ دیا اور میں رجوع کرتا ہوں لیکن بیوی قاضی کے پاس گئی اور اس نے حرمتِ مغلظہ کا فیصلہ کیا تو اب فتویٰ اور قضاء میں تعارض ہوا کس کو مانا جائے گا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ قاضی کے فیصلہ کو مفتی کے فیصلہ پر ترجیح ہوگی، لہذا عورت اس شخص کے لیے حرام رہے گی، بدونِ حلالہ زوج اول کے لیے حلال نہ ہوگی، نیز عورت کے لیے اپنے نفس پر قابو دینا ناجائز ہوگا اگر شوہر راضی نہ ہو تو خلع کر کے رہائی حاصل کر لیجائے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**المقلد إذا أفتاه إنسان في حادثة ثم رفعت إلى القاضي فقضى بخلاف رأي المفتي فإنه يأخذ بقضاء القاضي ويترك رأي المفتي لأن رأي المفتي يصير متروكاً لقضاء القاضي.** (بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع:۷/۶، كتاب آداب القاضي، فصل في شرائط القضاء، سعيد).

مبسوط میں ہے:

**وإذا كان الزوج غائباً أو كان يعتقد أن الطلاق غير واقع فعليه أن يتبع رأي القاضي ... وكذا لو حكمنا فقيهاً فحكمه كفتواه لأن سببه تراضيهما لا ولاية ثابتة له حكماً فكان تراضيهما على تحكيمه كسوالهما إياه والفتوى لاتعارض قضاء القاضي فإذا قضى القاضي عليه بخلاف ذلک كان عليه أن يتبع رأي القاضي.** (المبسوط للامام السرخسیؒ:۱۰/۱۸۵، كتاب الاستحسان، باب الرجل يرى الرجل يقتل اباه او غيره، دار الفكر).

ایضاح النوادر میں ہے:

اگر ایک ہی واقعہ سے متعلق صاحب معاملہ مفتی سے فتویٰ لیکر پھر قاضی سے فیصلہ حاصل کرتا ہے، اور مفتی نے دیانت پر فتویٰ دیا تھا اور قاضی نے قضاء اور ظاہر پر فتویٰ دیدیا، مثلاً شوہر نے بیوی سے کہا کہ تجھے طلاق، طلاق، طلاق، اور کہتا ہے کہ میں نے صرف ایک طلاق کی نیت کی تھی تو مفتی نے دیانت کا اعتبار کر کے سائل کی نیت وارادہ کے مطابق ایک طلاق پر فتویٰ دیکر رجعت کا حکم دیدیا، اور قاضی نے ظاہر کا اعتبار کر کے تین طلاق کا فیصلہ دے کر رجعت سے منع کر دیا تو ایسی صورت میں صاحبِ معاملہ پر مفتی کا فتویٰ چھوڑ کر قاضی کے فیصلہ پر عمل کرنا واجب ہے۔ (ایضاح النوادر: جلد دوم:۹۲، مکتبہ علمیہ)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## فقہاء کی اصطلاح "المرأة كالقاضي" کی تحقیق:

**سوال:** فقہاء تحریر فرماتے ہیں "المرأة كالقاضي" اس کا کیا مطلب ہے اور اس کی کیا حدود ہیں؟

**الجواب:** فقہاء کی یہ اصطلاح دو حیثیتوں سے استعمال ہوتی ہے، اور دونوں میں فرق ہے۔

پہلی حیثیت:۔

عورت کو قاضی کی طرح ظاہر کا اعتبار کرتے ہوئے اپنے نفس کے متعلق حلت وحرمت کا از خود فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

مثلاً شوہر نے یہ کہہ دیا کہ تجھے طلاق، طلاق، طلاق، اور کہتا ہے کہ میں نے تکرار وتاکید کا ارادہ کیا تھا، تین کا ارادہ نہیں کیا تھا، اور عورت نے خود بھی تین طلاق شوہر کی زبان سے سن رکھا ہے، اب اگر یہ معاملہ قاضی کی عدالت میں پہنچ جائے تو قاضی شوہر کی نیت کا اعتبار نہیں کریگا بلکہ ظاہر کے موافق تین طلاق کا فیصلہ کردے گا، اور بیوی بالکلیہ آزاد ہوجائے گی۔

لیکن موجودہ دور میں شرعی قاضی نہ ہونے کی بناپر مفتی کے پاس مسئلہ آیا اور مفتی نے شوہر کی نیت کا اعتبار کرتے ہوئے دیانۃً ایک طلاق کا فتویٰ دیا، یعنی شوہر کو رجعت کا اختیار حاصل ہوگا، تو اس صورت میں جس طرح ظاہر پر فیصلہ کرنا قاضی پر لازم ہے، اس طرح عورت پر بھی لازم ہے کہ ظاہری الفاظ یعنی تین طلاق کا اعتبار کرتے ہوئے اپنے نفس کے متعلق فیصلہ کرلے، اور شوہر کو اپنے اوپر قدرت نہ دے، بلکہ خلع کرکے آزادی حاصل کرلے یا مال دے کر طلاق حاصل کرلے، گویا عورت کے اپنے نفس کے متعلق ظاہر پر فیصلہ کرنے کو فقہاء نے " المرأة کالقاضي " کی اصطلاح سے تعبیر فرمایا ہے۔

فقہاء کی عبارات حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

**وإذا قال: أنت طالق، طالق، طالق، وقال: إنما أردت به التكرار صدق ديانةً لا قضاءً فإن القاضي مأمور باتباع الظاهر، والله يتولى السرائر، والمرأة كالقاضي لايحل لها أن تمكنه إذا سمعت منه ذلك أوعلمت به لأنها لاتعلم إلا الظاهر.** (تبيين الحقائق:٢/٢١٨، والفتاوى الهندية:١/٣٥٤).

تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے:

**وقال في الخانية: لوقال: أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق، وقال: إنما أردت به التكرار صدق ديانةً وفي القضاء طلقت ثلاثاً ومثله فى الأشباه والحدادي وزاد الزيلعي أن**

**المرأة كالقاضي فلا يحل لها أن تمكنه إذا سمعت منه ذلك أو علمت به لأنها لا تعلم إلا الظاهر** . (تنقيح الفتاوى الحامدية: ۱/ ۳۷،دارالاشاعة العربية).

طحطاوی علی الدر میں ہے:

**المدار بكون المرأة كالقاضي أن ذلك في عدم التصديق لامطلقاً فإن خبر الواحد يعتبر عند المرأة ولا يعتبر عندالقاضي لأن شأن القاضي التفريق وشأن المرأة عدم التمكين احتياطاً**. (حاشية الطحطاوى على الدرالمختار:۲/ ۱۱۲، كوئته).

درمختار میں ہے:

**المفتي يفتي بالديانة والقاضي يقضي بالظاهر. وفي الشامية: قوله المفتي يفتي بالديانة مثلاً إذا قال رجل : قلت لزوجتي أنت طالق قاصداً بذلك الإخبار كاذباً فإن المفتي يفتيه بعدم الوقوع والقاضي يحكم عليه بالوقوع لأنه يحكم بالظاهر**. (الدرالمختارمع ردالمحتار:۵/ ۳٦۵،سعيد) .

دوسری حیثیت:۔

شوہر تین طلاق دینے کے بعد سرے سے طلاق ہی کا انکار کردے، جب کہ بیوی نے اپنے کان سے تین طلاق سنی ہے، اور معاملہ قاضی کی عدالت میں پہنچ گیا، اور عورت کے پاس شرعی گواہ نہ ہونے کی وجہ سے قاضی نے شوہر سے حلف لے کر عدم طلاق کا فیصلہ کردیا، اور عورت کے بیان کے مطابق مفتی نے دیانت پر فتویٰ دیدیا کہ جب عورت نے خود سن لیا ہے تو اس کو اب شوہر کے پاس رہنا اور شوہر کو اپنے اوپر قابو دینا جائز نہیں ہوگا، اور نہ شوہر کو قتل کردینا یا خودکشی کرلینا جائز ہوسکتا ہے، بلکہ خلع کر کے یا مال دے کر طلاق حاصل کرلینا لازم ہوگا، تو قاضی کی طرح عورت کو اپنے یقین اور ظاہر کا اعتبار کرنے کا اختیار ہے۔ اس کو فقہاء "**المرأة كالقاضي**" کے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں۔

دونوں حیثیتوں میں فرق:

دونوں شکلوں کا فرق یوں واضح ہوجاتا ہے کہ پہلی شکل میں قاضی کا فیصلہ شوہر کے مخالف ہے اور بیوی کے

موافق، اور دوسری شکل میں شوہر کے موافق اور بیوی کے مخالف ہے۔

دوسری شکل میں تمکین کی اجازت:

بعض فقہاء نے فرمایا ہے کہ دوسری شکل میں عورت کو کوئی راستہ نہ ملے اور شوہر جھوٹی قسم کھا کر عورت کو اپنے پاس رکھ لیتا ہے، تو عورت گنہگار نہ ہوگی بلکہ سارا گناہ شوہر پر ہوگا۔

فقہاء کی عبارات حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

فتاوی شامی میں ہے:

**والمرأة كالقاضي إذا سمعته أو أخبرها عدل لايحل لها تمكينه والفتوى على أنه ليس لها قتله ولاتقتل نفسها بل تفدي نفسها بمال أوتهرب كما أنه ليس له قتلها إذا حرمت عليه وكلما هرب ردته بالسحر. وفي البزازية عن الأوزجندي: أنها ترفع الأمر للقاضي فإن حلف ولا بينة لها فالإثم عليه. قلت: أي إذا لم تقدر على الفداء أوالهرب ولا على منعه عنها فلا ينافي ما قبله** . (فتاوی الشامی:۳/۱ ۲۵،باب الرجعة،سعید).

حضرت مفتی ولی حسن صاحبؒ بزازیہ اور خلاصۃ الفتاوی کی بات کو پسند فرماتے تھے کی شوہر کے پاس رہے اور گناہ شوہر پر ہوگا، اور عورت کالقاضی قبل المرافعہ سمجھتے تھے۔

خلاصۃ الفتاوی میں ہے:

**وفي فتاوى النسفي عن السيد الإمام أبي شجاع هكذا وفي فوائد شمس الإسلام إن لم يكن بينة ترفع إلى القاضي وتحلفه فإن حلف فالإثم عليه** . (خلاصة الفتاوی :۲/۱۲۰،المكتبة الرشيدية). واللہ ﷻ اعلم۔

## مطلقہ ثلاثہ کے مرتد ہونے سے سقوط حلالہ کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دی، اس کے بعد اس کی بیوی مرتد ہوگئی (نعوذ باللہ) کچھ مدت کے بعد اپنی مرضی سے مسلمان ہوگئی، اب وہ اپنے سابقہ شوہر سے بغیر حلالہ کے نکاح کرسکتی ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تین طلاق کے بعد بیوی سابقہ شوہر کے لیے بغیر حلالہ کے حلال نہیں ہے، اور ارتداد سے بھی حلالہ کا حکم ساقط نہیں ہوتا۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ولا ملک أمة بعد تطليقتين أوحرة بعد ثلاث وردة وسبي، نظيره من فرق بينهما بظهار أولعان ثم ارتدت وسبيت ثم ملكها لم تحل له أبداً. وفي الشامية: قوله ولاملک أمة أي لوطلقها ثنتين وهي أمة ثم ملكها أوثلاثاً وهي حرة فارتدت ولحقت بدارالحرب ثم سبيت وملكها لايحل له وطؤها بملک اليمين حتى يزوجها فيدخل بها الزوج ثم يطلقها كما في الفتح قوله لم تحل له أبداً أي مالم يكفرفي الظهار ويكذب نفسه أوتصدقه في اللعان، فوجه الشبه بين المسألتين أن الردة واللحاق والسبي لم تبطل حكم الظهار واللعان كما لم تبطل حكم الطلاق.** (الدرالمختارمع ردالمحتار: ٤١٢/٣، باب الرجعة، سعيد).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

اگر ثابت ہوجائے کہ شوہر نے تین طلاق دی تھی، جس سے وہ بائنہ مغلظہ ہوگئی تھی، تو بدون حلالہ کے نکاح نہیں ہوسکتا، مرتد ہوجانے سے طلاقِ ثلاثہ مغلظہ کا اثر باطل نہیں ہوتا ہے۔ (فتاوی رحیمیہ: ۱۵۰/۳، کتاب الطلاق۔ و فتاوی محمودیہ: ۵۰۲/۱۳، مبوب ومرتب)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## حلالہ میں دخول کی شرط ساقط کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، اب وہ شخص اس کے ساتھ دوبارہ شادی کرنا چاہتا ہے مگر حلالہ ضروری ہے، تو کیا حلالہ میں دخول کی شرط ساقط کرنے کا کوئی حیلہ ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ حلالہ میں زوج ثانی کا صحبت کرنا ضروری ہے، اس کے بغیر حلالہ نہیں ہوگا، اورعورت زوج اول کے لیے حلال نہ ہوگی، احادیث اور کتب فقہ سے یہ ثابت ہے، لہذا اس پر عمل پیرا ہونا

ضروری ہے، شریعت کے حکم کے مطابق عمل کرنے میں دنیاوآخرت کی کامیابی کا راز پوشیدہ ہے، اگرچہ اس کی حکمت ہماری ناقص سمجھ سے بالاتر ہے۔

ملاحظہ فرمائیں امام ابوبکر جصاص رازی فرماتے ہیں:

**قوله تعالىٰ: ﴿فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره﴾ منتظم لمعان منها تحريمها على المطلق ثلاثاً حتى تنكح زوجاً غيره مفيد في شرط ارتفاع التحريم الواقع بالطلاق الثلاث العقد والوطء جميعاً لأن النكاح هو الوطء في الحقيقة وذكر الزوج يفيد العقد وهذا من الإيجاز والاقتصار على الكناية المفهمة المغنية عن التصريح وقد وردت عن النبي صلى الله عليه وسلم أخبار مستفيضة في أنها لاتحل للأول حتى يطأها الثاني.** (احكام القرآن: ۱/ ۳۹۰، ذكر الحجاج لايقاع الطلاق الثلاث معاً، سهيل).

بخاری شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها أن رفاعة القرظي تزوج امرأة ثم طلقها فتزوجت آخر فأتت النبي صلى الله عليه وسلم فذكرت أنه لايأتيها وأنه ليس معه إلا مثل هدبة، فقال: لا، حتى تذوقي عسيلته ويذوق عسيلتك.** (رواه البخاري: ۲/ ۸۰۱).

درمختار میں ہے:

**ولاينكح مطلقة من نكاح صحيح نافذ...وفي الشامي: ولاينكح بها أي الثلاث لو حرة وثنتين لو أمة حتى يطأها غيره وتمضي عدته.** (الدر مع الشامي: ۳/ ٤۱۳، باب الرجعة، سعيد).

فتح القدیر میں ہے:

**وإن كان الطلاق ثلاثاً أو ثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها.** (الهداية مع فتح القدير: ٤/ ۱۷۸، دار الفكر).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

بینونۂ غلیظہ میں دوبارہ نکاح کی صورت صرف یہ ہے کہ عورت عدت گزرنے کے بعد دوسرے مرد سے

نکاح کرلے اور وہ مرد اس کے ساتھ جنسی تعلق قائم کرنے کے بعد مرجائے یا طلاق دیدے پھر عدت وفات یاعدت طلاق گزرجائے تو باہمی رضامندی سے دوبارہ نکاح ہوسکتا ہے۔

(مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۴۲دفعہ ۲۰۔ وفتاوی محمودیہ: ۴۷۹/۱۳، مبوب ومرتب)۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عن عبد الله بن يزيد بن ركانة عن أبيه عن جده
قال: أتيت النبي صلى الله عليه وسلم فقلت:
يا رسول الله! إني طلقت امرأتي البتة،
فقال: ما أردت بها؟ فقلت: واحدة،
قال: والله؟ قلت: والله، قال: فهو ما أردت.

(رواه الترمذی)

# باب……(٤)

# کنایاتِ طلاق کا بیان

# باب……﴿۴﴾

# الفاظِ کنایات سے طلاق دینے کا بیان

## ''تمہارے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ تمہارے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں، میرا اور آپ کا معاملہ ختم ہے، طلاق ہوئی یا نہیں؟ نیت کی حاجت ہے یا نہیں؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں اگر شوہر نے ان الفاظ ''تمہارے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں'' سے طلاق کی نیت کی تھی تو ایک طلاق بائن واقع ہوگئی، اور بغیر نیت کے طلاق واقع نہیں ہوتی، نیت کا حال شوہر سے معلوم ہوسکتا ہے۔

ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**وفی الفتاوی: لم يبق بيني وبينک عمل ونوی يقع، كذا في العتابية.** (الفتاوی الهندية ۱/۳۷٦، الفصل الخامس فی الکنایات۔ و كذا فی البحر الرائق:۳/۳۰٤، کوئٹہ).

فتاوی دار العلوم دیوبند میں ہے:

اگر نیت شوہر کی ان الفاظ سے کہ ''مجھے تم سے کوئی تعلق نہیں ہے'' طلاق کی ہے تو ایک طلاقِ بائنہ اس کی زوجہ پر واقع ہوگئی، نیت کا حال شوہر سے معلوم ہوسکتا ہے۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند:۹/۳۹۴، مدلل مکمل).

دوسری جگہ مرقوم ہے:

درمختار میں تصریح ہے کہ ان الفاظ سے جو قطع تعلق پر دال ہیں، اگر چہ حالتِ غصہ میں سرزد ہوں بدون نیت کے طلاق واقع نہیں ہوتی، چنانچہ عبارتِ ذیل درمختار کا یہی مفاد ہے: ''وفي الغضب توقف الأولان، إن نوى وقع وإلا لا. (فتاوی دارالعلوم:۹/۴۳۷).

اور دوسرا جملہ ''میرا اور آپ کا معاملہ ختم ہے'' یہ بھی الفاظِ کنایات میں سے ہے، اور کنایات کے مختلف جملے کہنے سے ایک ہی طلاق واقع ہوتی ہے۔

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں مرقوم ہے:

اگر شوہر کنایہ کے مختلف جملے کہے تو صرف ایک طلاق بائن اس کی زوجہ پر واقع ہوگی، جیسا کہ درمختار میں ہے: ''البائن لا يلحق البائن، المراد بالبائن الذي لا يلحق هو ما كان بلفظ الكناية، لأنه هو الذي ليس ظاهراً في إنشاء الطلاق، كذا في الفتح. (فتاوی دارالعلوم:۹/۴۷۱، مکمل ومدلل).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

لفظِ کنایہ سے واقع طلاقِ بائن کے بعد پھر لفظِ کنایہ سے طلاقِ بائن نہیں واقع ہوسکتی ہے، خواہ ایک ہی لفظ کنایہ کو بار بار استعمال کیا ہو یا متعدد الفاظِ کنایہ استعمال کئے گئے ہوں۔ (مجموعہ قوانین اسلامی ص۱۴۹، دفعہ ۳۴).

واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تو مجھ پر حرام ہے'' تین مرتبہ کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا ''تو مجھ پر حرام ہے حرام ہے حرام ہے'' تو کتنی طلاقیں واقع ہونگی؟ اور یہ لفظ کنائی ہے یا صریح؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ لفظ ''تو مجھ پر حرام ہے'' اصلاً کنایہ ہے لیکن عرف کی وجہ سے طلاقِ بائن بلا نیت واقع ہوتی ہے۔ متأخرین نے اسی پر فتویٰ دیا ہے، اور چونکہ کنایہ کے ساتھ کنایہ ملحق نہیں ہوتا، اس لیے صرف ایک طلاقِ بائن واقع ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

قال لامرأته: أنت علي حرام، ونحو ذلک کأنت معي في الحرام إیلاء إن نوی التحریم... وتطلیقة بائنة إن نوی الطلاق وثلاث إن نواها، ویفتی بأنه طلاق بائن وإن لم ینوه لغلبة العرف.

وفي الشامي: قوله "وإن لم ینوه" هذا في القضاء، وأما في الدیانة فلا یقع ما لم ینو، وعدم نیة الطلاق صادق بعدم نیة شيء أصلاً... قلت: الظاهر أنه إذا لم ینو شیئاً أصلاً یقع دیانة أیضاً. قال في البحر: وذکر الإمام ظهیر الدین: لا نقول: لا تشترط النیة لکن یجعل ناویاً عرفاً. وفي الفتح: فصار کما إذا تلفظ بطلاقها لا یصدق في القضاء، بل فیما بینه وبین الله، فهذا ظاهر فیما قلنا فافهم... وأما کونه بائناً فلأنه مقتضی لفظ الحرام، لأن الرجعي لا یحرم الزوجة ما دامت في العدة، وإنما یصح وصفها بالحرام بالبائن. (الدر المختار مع رد المحتار ۳/۴۳۵، باب الإیلاء، سعید).

وفي الشامي أیضاً: والحاصل أن المتأخرین خالفوا المتقدمین في وقوع البائن بالحرام بلا نیة حتی لا یصدق إذا قال: لم أنو لأجل العرف الحادث في زمان المتأخرین... ثم ظهر لي بعد مدة وهو أن لفظ حرام معناه عدم حل الوطء ودواعیه، وذلک یکون بالإیلاء مع بقاء العقد وهو غیر متعارف، ویکون بالطلاق الرافع للعقد، وهو قسمان: بائن ورجعي، لکن الرجعي لا یحرم الوطئ فتعین البائن. وکونه التحق بالصریح للعرف لا ینافي وقوع البائن به، فإن الصریح قد یقع به البائن کتطلیقة شدیدة ونحوه، کما أن بعض الکنایات یقع به الرجعي مثل اعتدي واستبرئي رحمک، وأنت واحدة. والحاصل أنه لما تعورف به الطلاق صار معناه تحریم الزوجة، وتحریمها لا یکون إلا بالبائن. (فتاوی الشامي: ۳/۲۹۹، باب الکنایات، سعید).

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند میں ہے:

تین دفعہ کہا ''تو مجھ پر حرام ہے'' اس صورت میں چونکہ زید نے صریح طلاق نہیں دی، بلکہ بالفاظِ کنایہ طلاق دی ہے، اور الفاظِ کنایہ میں طلاقِ بائنہ واقع ہوتی ہے اور ایک بائنہ کے بعد دوسری بائنہ واقع نہیں ہوتی، کما صرح به في الدر المختار وغيره، لہٰذا بصورتِ مسئولہ وہ عورت مطلقہ ثلاثہ اور مغلظہ نہیں ہوئی، بلکہ ایک طلاقِ بائنہ اس پر واقع ہوئی ہے۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند: ۹/۳۹۱، مدلل مکمل)۔

مزید ملاحظہ فرمائیں: (فتاوی محمودیہ: ۱۲/۵۲۳، مبوب ومرتب، امداد الاحکام: ۲/۴۵۵)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تجھ کو چھوڑ دیا'' تین مرتبہ کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کو یہ الفاظ کہے ''تجھ کو چھوڑ دیا، چھوڑ دیا، چھوڑ دیا'' تو کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ لفظ چھوڑ دیا کنایہ ہے اور کنایہ نیت کا محتاج ہے، لہٰذا اگر نیت طلاق کی تھی تو ایک طلاقِ بائنہ واقع ہوگئی، اور اگر نیت طلاق کی نہیں کی تھی تو طلاق واقع نہیں ہوئی۔

بعض علماء نے اس کو الفاظِ صریحہ میں شمار کیا ہے، لہٰذا بلا نیت طلاقِ رجعی واقع ہوگی۔

حضرت مفتی محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے الفاظِ صریحہ میں شمار فرما کر طلاقِ رجعی کا فتوی مرحمت فرمایا ہے۔

ملاحظہ ہو: (فتاوی محمودیہ: ۱۲/۳۴۰)۔

نیز حضرت مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا ظفر احمد تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا عبد الحی لکھنوی رحمہ اللہ، ان حضرات نے بھی طلاقِ رجعی تحریر فرمایا ہے۔

لیکن حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے الفاظ کنایہ میں شمار فرما کر طلاقِ بائن فرمایا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں کفایت المفتی میں ہے:

(جواب) اگر مرد نے یہ لفظ (میں نے تجھ کو چھوڑ دیا) تین بار کہے تو اس کی بیوی پر طلاقِ بائن ہوگئی اور وہ اس کے نکاح سے باہر ہوگئی، ہاں دوبارہ وہ شخص اس عورت سے نکاح کر سکتا ہے بشرطیکہ عورت بھی رضامند ہو، حلالہ کی ضرورت نہیں۔ (کفایت المفتی: ۶/۴۴، کتاب الطلاق)۔

حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

الجواب: (ہم نے اس کو چھوڑ دیا، چھوڑ دیا، چھوڑ دیا) اگر شوہر کی نیت طلاق کی تھی اور بنیتِ طلاق اس نے یہ الفاظ کہے تھے تو ایک طلاقِ بائنہ اس کی زوجہ پر واقع ہوگئی، دوسری، تیسری واقع نہ ہوئی، لأن البائن لایلحق البائن کما فی الدر المختار وغیرہ. (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/۳۸۸).

فتاوی حقانیہ میں ہے:

اپنی بیوی کے متعلق یوں کہنا کہ ''میں نے اس کو چھوڑ دیا ہے'' یہ الفاظ طلاقِ کنایہ کے ہیں، نیت کی موجودگی میں ان سے طلاقِ بائن واقع ہوگی، لیکن علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے عرف کے حوالہ سے طلاقِ رجعی میں شمار کیا ہے، جس سے نیت کے بغیر بھی طلاقِ رجعی واقع ہوتی ہے۔ (فتاوی حقانیہ:۴/۴۷۹). واللہ ﷻ اعلم۔

## ''طلاق دیتا ہوں... یہ حرفِ آخر ہے'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے الفاظ ''میں عبد العزیز پورے ہوش کے ساتھ اپنی بیوی زاہدہ سلیمانی کو طلاق دیتا ہوں جس میں وہ پھر سے شادی کر سکتی ہے، اور یہ حرفِ آخر ہے'' کہے، ان الفاظ سے طلاق رجعی ہوگی یا بائن؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق دیتا ہوں صریح الفاظ ہیں، جس سے رجعی طلاق واقع ہوتی ہے، لیکن ساتھ میں تاکید کے الفاظ بھی استعمال کئے ہیں، اس لئے ایک طلاقِ بائن واقع ہوگی۔ لہذا آپس میں رضامندی سے عدت میں یا عدت کے بعد نکاحِ جدید کر سکتے ہیں، اور عدت گزرنے کے بعد عورت دوسری جگہ بھی شادی کر سکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**إذا وصف الطلاق بضرب من الزيادة والشدة كان بائناً.** (الهداية :۲/۳۶۹،باب ايقاع الطلاق).

بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما الصريح البائن...وهو أن يكون بحروف الإبانة أو بحروف الطلاق لكن قبل**

**الدخول حقيقة أو بعده، لكن مقروناً بعدد الثلاث نصاً أو إشارةً أو موصوفاً بصفة تدل عليها**. (بدائع الصنائع:۳/ ۱۰۹ ،بیان صفة الواقع،سعید۔وکذا فی الشامی:۳/ ۲۵۰ ،سعید).

تبیین الحقائق میں ہے:

**أنت طالق بائن أو البتة أو أفحش الطلاق أو طلاق الشيطان أو البدعة أو كالجبل أو أشد الطلاق أو كألف أو ملأ البيت أو تطليقة شديدة أو طويلة أو عريضة فهي واحدة بائنة إن لم ينو الثلاث. وإنما كان بائناً في هذه لأنه وصف الطلاق بما يحتمله وهو البينونة.** (البحرالرائق مع الکنز:۳/ ۲۸۷ ،کوئٹہ).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

سوال: زید نے اپنی زوجہ سے یہ کہدیا کہ میری طرف سے تجھے طلاق ہے،تو چلی جا اس صورت میں کیا حکم ہے؟

الجواب: اس صورت میں زید کی زوجہ پر طلاقِ بائنہ واقع ہوگئی۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/ ۲۷۰، ۲۷۱).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''میری بیوی نہیں، گھر سے نکل جا'' ان الفاظ سے طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا ''تو میری بیوی نہیں'' اور ایک طلاق کی نیت کی، اور کہا'' گھر سے نکل جا'' اور اس سے بھی ایک طلاق کی نیت کی تو اب کتنی طلاقیں واقع ہوں گی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ایک ہی طلاقِ بائنہ واقع ہوئی، اس لیے کہ طلاقِ بائنہ کے بعد بائنہ نہیں پڑتی۔

ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**ولو قال حرمت نفسي عليك فاستتري ونوى بهما طلاقاً فهي واحدة بائنة، لأنه لايقع على بائن بائن. . .والطلاق البائن يلحق الطلاق الصريح. . .ولا يلحق البائن البائن بأن**

**قال لها: أنت بائن، ثم قال لها: أنت بائن، لا يقع إلا طلقة واحدة بائنة.** (الفتاوى الهندية ١/٣٧٧، الفصل الخامس في الكنايات).

درمختار مع الشامی میں ہے:

**البائن لا يلحق البائن.** (الدرالمختار مع ردالمحتار: ٣/٣٠٨، سعيد). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## طلاقِ بائن کے بعد بنیتِ انشاء طلاقِ بائن کا حکم:

**سوال:** فقہاء کا قاعدہ ہے " البائن لا يلحق البائن "، یعنی طلاقِ بائن کے بعد دوسری طلاقِ بائن واقع نہیں ہوتی، اوراس کی وجہ یہ ہے کہ دوسری بائن میں پہلی بائن کی خبر دینے کا احتمال ہے، لیکن اگر کوئی شخص بنیتِ انشاء دوسری طلاقِ بائن دے تو کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ علامہ ابن نجیم مصریؒ اور حضرت مفتی رشید احمد صاحب لدھیانویؒ فرماتے ہیں کہ بائن کے بعد دوسری بائن بنیتِ انشاء دی جائے تو واقع ہوجائے گی۔

ملاحظہ ہو البحرالرائق میں ہے:

**و ينبغي أنه إذا أبانها ثم قال لها " أنت بائن" ناوياً طلقة ثانية ، أن تقع الثانية بنيته ، لأنه بنيته لا يصلح خبراً ، فهو كما قال " أبنتك بأخرى" إلا أن يقال إن الوقوع إنما هو بلفظ صالح له، وهو أخرى، بخلاف مجرد النية.** (البحرالرائق: ٣/٣٠٨، كوئته).

احسن الفتاوی میں ہے:

**أقول و بالله التوفيق وبيده أزمة التحقيق أن محصول المبسوط في الشامية وغيرها من الكتب المعتبرة أن الطلاق... فلا لحاق في صورتين : أى إن كان الطلاق السابق بائناً، صريحاً كان أو بالكناية ، فلا يلحقه البائن بالكناية فقط إلا أن ينوي الإنشاء أو لم يمكن الحمل على الإخبار.** (احسن الفتاوی: ٥/١٣٥).

لیکن علامہ شامیؒ، علامہ طحطاویؒ اور حکیم الامت حضرت مولانا تھانویؒ فرماتے ہیں کہ طلاقِ بائن کے بعد

دوسری طلاقِ بائن کسی بھی صورت میں واقع نہیں ہوگی، اور نیت کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو علامہ شامیؒ صاحب بحر کی عبارت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

**أقول: ويندفع البحث من أصله تعبيرهم بالإمكان، وبأنه لاحاجة إلى جعله إنشاء متى أمكن جعله خبراً عن الأول، لأنه صادق بقوله " أنت بائن" على أن البائن لايقع إلا بالنية، فقولهم " البائن لا يلحق البائن" لاشک أن المراد به البائن المنوي، إذ غير المنوي لا يقع به شيء أصلاً، ولم يشترطوا أن ينوي به الطلاق الأول فعلم أن قولهم : إذا أمكن... الخ احتراز عما إذا لم يمكن جعله خبراً كما في " أبنتک بأخرى" لاعما إذا نوى به طلاقاً آخر، فتدبر.** (فتاوى الشامي: ۳/۳۰۹، سعيد۔ وكذا في منحة الخالق على البحر الرائق: ۳/۳۰۸، كوئته)۔

علامہ طحطاویؒ فرماتے ہیں:

**( إذا أمكن جعله إخباراً عن الأول...فلا يقع، لأنه إخبار) الأولى أن يقول: "لصلاحيته للإخبار" فإنه لو أنشأ ثانياً لايعتبر الشارع، بل جعله بمنزلة الإخبار...وماسيأتي عن المحيط صريح في إلغاء النية.** (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۲/۱۳۷)۔

حضرت حکیم الامت فرماتے ہیں:

جس صورت میں طلاقِ مقدم بائن ہو، صریح ہو یا کنایہ، اور طلاقِ مؤخر کنایہ بائن ہو، اس صورت میں تو طلاقِ مؤخر کا وقوع نہ ہوگا، اگر چہ نیت بھی وقوع کی کرلے....۔ (امدادالفتاوی: ۲/۴۲۳)۔

☆ طلاقِ بائن کے بعد دوسری طلاقِ بائن کے عدم وقوع کی ایک وجہ یہ بھی ہے وہ یہ ہے کہ طلاقِ بائن کے بعد عورت دوسری طلاق کا محل ہی نہیں رہی، اس لیے دوسری واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**وفرق في الذخيرة بين" أنت بائن" للمبانة، وبين وقوع"أنت بائن"المعلق بعدالإبانة: أنه لما صح التعليق أولاً لكونها محلاً له، جعلنا المعلق"الطلاق البائن"وصار بائناً صفة للطلاق، والمعلق بالشرط كالمنجزعند وجوده، فإنه قال في العدة: أنت طالق بائن، ولوقاله**

**وقع، بخلاف أنت بائن، منجزاً في عدة المبانة، لأنه صفة للمرأة، وهي لم تكن محلاً، لأن محله من قام به الاتصال، وقد انقطعت الوصلة بالإبانة.** (البحرالرائق:۳/۳۰۸،کوئٹہ).

لیکن اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ عدمِ محل کی وجہ سے طلاقِ بائن واقع نہیں ہوتی تو پھر طلاقِ بائن کے بعد صریح بھی واقع نہ ہونی چاہئے، حالانکہ طلاقِ بائن کے بعد اگر کوئی شخص طلاقِ صریح دیدے تو واقع ہو جائے گی، اس کا کیا جواب ہے؟

(۱) اس کا جواب یہ دیا جا سکتا ہے کہ وقوعِ طلاق کے بارے میں الفاظِ صریحہ قوی اور مضبوط ہیں، جب کہ کنایات میں دیگر احتمالات موجود ہیں، اور قوی الفاظ کے لیے کوئی چیز مانع نہیں ہوتی وہ اپنا اثر دکھا کر رہتے ہیں۔

(۲) ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ بائن کے بائن میں اخبار غالب ہے، جب کہ صریح میں انشاء غالب ہے، اس لیے صریح سے نئی طلاق واقع ہوتی ہے۔

شامی میں ہے:

**الصريح ـ الذي هو الأصل فى الكلام لما أنه موضوع للإفهام.** (فتاوی الشامی:۳/۲۹۶، سعید). واللہ ﷻ اعلم۔

## It's all over (سب کچھ ختم) کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا ''It's all over'' (سب کچھ ختم، ہمارا آپس میں تعلق ختم ہوگیا) تو کیا حکم ہے؟ طلاق واقع ہوگی یا نہیں، اور واقع ہوگی تو کونسی رجعی یا بائن؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کا یہ کہنا (It's all over) یعنی سب کچھ ختم، ہمارا آپس میں تعلق ختم ہوگیا، دراصل یہ الفاظِ کنایہ میں سے ہے، اگر شوہر نے طلاق کی نیت سے کہا ہے تو ایک طلاقِ بائن واقع ہوگئی، ورنہ بغیر نیت کے طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**فالكنايات لا تطلق بها قضاءً إلا بنية أو بدلالة الحال وهي مذاكرة الطلاق**

**أو الغضب. وفي الشامي: قوله "قضاء" قيد به لأنه لا يقع ديانة بدون النية ولو وجدت دلالة الحال فوقوعه بواحدة من النية أو دلالة الحال إنماهو في القضاء فقط.** (الدر المختار مع رد المحتار: ۲۹٦/۳، سعيد).

خلاصۃ الفتاوی میں ہے:

**ولو قال لم يبق بيني وبينک عمل إن نوى يقع.** (خلاصة الفتاوى:۹۹/۲،الفصل الثاني في الكنايات۔ و كذا في الفتاوى الهندية:۱/۳۷٦،الفصل الخامس في الكنايات).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

ان الفاظ میں نیت سے طلاق پڑتی ہے، اگر شوہر کی نیت طلاق کی تھی تو طلاق واقع ہوگئی۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند۹/۴۵٦). واللہ ﷻ اعلم۔

## ''ہماری اسلامی شادی ختم ہوگئی'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے متعدد بار یہ جملہ کہا ''ہماری اسلامی شادی ختم ہوگئی'' اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ فقہاء نے ان الفاظ ''ہماری اسلامی شادی ختم ہوگئی'' کو کنایات میں شمار کیا ہے، لہذا اگر طلاق کی نیت سے یہ الفاظ کہے تو اس کی بیوی پر ایک طلاق واقع ہوگئی، اور صاحبِ بحر کی تصریح کے مطابق اس سے رجعی طلاق واقع ہوگی۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**وأشار بقوله تطلق إلى أن الواقع بهذه الكناية رجعي.** (البحر الرائق:۳۰٦/۳،کوئٹہ).

لہذا متعدد بار کہنے سے اگر تاسیس کی نیت ہو، تاکید کی نہ ہو تو تین طلاقیں واقع ہونگی۔

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**لو قال لها: لا نكاح بيني وبينک أو قال: لم يبق بيني وبينک نكاح أو قال: فسخت**

**نکاحک یقع الطلاق إذا نوی.** (فتاوی قاضیخان علی هامش الهندیة: ١/ ٤٦٨،فصل فی الکنایات۔وکذا فی الفتاوی الهندیة: ١/ ٣٧٥،الفصل الخامس فی الکنایات)۔

ہمارے اکابر نے بھی اس قسم کے الفاظ کو نیت پر موقوف مانا ہے،نیت ہو تو طلاق واقع ہوگی ورنہ نہیں۔

فتاوی دارالعلوم دیوبند مکمل ومدلل میں یہ الفاظ کہ ''میں نے تجھ کو زوجیت سے علیحدہ کردیا'' سے طلاق کو بشرطِ نیت تسلیم کیا ہے۔

ملاحظہ ہو: (فتاوی دارالعلوم دیوبند ۹/ ۳۸۷، ۹/ ۴۷۱)۔

نیز ملاحظہ ہو''میں نے عورت کے نکاح کا سوتا توڑ دیا'' کو کنایات میں شمار فرمایا ہے،(فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۹/ ۴۷۱)۔''تم میری زوجیت سے باہر ہوگئی'' کہنے سے طلاق بشرطِ نیت فرمایا ہے۔(فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۹/ ۳۸۲)۔

احسن الفتاوی میں مفتی رشید احمد لدھیانویؒ نے بھی اس کے مشابہ الفاظ کو کنایات میں شمار فرمایا ہے،اور بشرطِ نیت طلاقِ رجعی کا حکم فرمایا ہے۔ملاحظہ فرمائیے: (احسن الفتاوی ۵/ ۱۴۲)۔

یہاں ایک اشکال ذہن میں آتا ہے کہ نکاح سے علیحدہ کرنے یا زوجیت ختم کرنے کے الفاظ تو تقریباً صریح ہیں اور انشاءِ طلاق کی طرح ہیں تو پھر ان الفاظ سے طلاق کے وقوع کو نیت پر موقوف رکھنا کہاں درست ہے، بلکہ یہ تو فی الحال نفی نکاح یا طلاق کے لئے ہیں، نیز ان الفاظ کو جحود (یعنی دیدہ دانستہ انکار) پر محمول کرنا بھی مشکل ہے، کیونکہ یہ فوری طور پر نکاح کو ختم کرنے کے لئے ہیں؟

اس کا جواب ذہن میں یہ آتا ہے کہ عرف میں یہ الفاظ نکاح کو باقی رکھتے ہوئے تعلقاتِ نکاح نہ ہونے یا بیوی کے کسی اور سے تعلقات قائم رکھنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔جیسے کسی عورت کے اپنے شوہر سے تعلقات نہ ہوں تو کہا جاتا ہے،''ہمارا نکاح تو فلانہ کے ساتھ نہیں ہے بلکہ وہ تو فلان کی منکوحہ ہے'' الغرض نکاح ختم ہونا یا نکاح کے تعلقات اور ہمبستری ختم ہونے کے لئے استعمال ہوتا ہے،اس لیے فقہاء نے اس کو کنایات میں شمار فرمایا ہے۔

نیز''لا نكاح بيننا أو لست لي بزوجة'' میں ایک احتمال یہ ہے: ''لا نكاح بيننا لأن لكِ صلة وعلاقة بالغير'' اگر یہ ارادہ ہو تو طلاق نہیں ہوگی،اور اگر یہ ارادہ ہو:''لا نكاح بيننا لأني طلقتكِ'' تو اس سے

طلاقِ رجعی واقع ہوجائیگی۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''دوسری جگہ شادی کرنے کی اجازت ہے'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا ''دوسری جگہ شادی کرنا چاہتی ہوتو میری طرف سے اجازت ہے''ان الفاظ سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟اور واقع ہوگی تو کونسی؟واضح رہے کہ کوئی مذاکرۂ طلاق نہیں تھا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ان الفاظ ''دوسری جگہ شادی کرنا چاہتی ہوتو میری طرف سے اجازت ہے'' سے طلاق کی نیت کی تھی تو ایک طلاقِ بائن واقع ہوگئی،اور اگر نیتِ طلاق نہیں کی تھی تو واقع نہیں ہوئی۔
ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**ولو قال: تزوجي ونوى الطلاق أو الثلاث صح، وإن لم ينو شيئاً لم يقع، كذا في العتابية.** (الفتاوى الهندية ١/٣٧٦،باب الكنايات).

دوسری جگہ مذکور ہے:

**وبابتغى الأزواج تقع واحدة بائنة إن نواها، الخ.** (الفتاوى الهندية:١/٣٧٥،باب الكنايات).

نیز مرقوم ہے:

**اذهبي فتزوجي تقع واحدة إذا نوى.** (الفتاوى الهندية:١/٣٧٦،باب الكنايات).

یہ مسئلہ فتاوی دار العلوم دیوبند جدید میں۹/ ۳۸۵،۹/ ۳۹۸،۹/۴۰۳،۹/۴۳۴، ۹/۴۶۰، ۹/ ۴۶۹، ۹/۴۸۱،۹/۴۸۳ پر بھی مذکور ہے۔

درمختار میں "اذهبي فتزوجي" کہنے سے، نیز الفتاوى الانقروية میں انہی الفاظ سے طلاق واقع ہونے کا حکم بغیر نیت کے لکھا ہے۔علامہ شامیؒ نے اسکی تردید فرمائی ہے۔
ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے::

**ويخالفه ما في شرح الجامع الصغير لقاضي خان: ولو قال: اذهبي فتزوجي وقال: لم أنو الطلاق لا يقع شيء،لأن معناه إن أمكنک...ويؤيده ما في الذخيرة: اذهبي فتزوجي لا**

**يقع إلا بالنية، وإن نوى فهي واحدة بائنة، وإن نوى الثلاث فثلاث** . (فتاوى الشامي:٣/ ٣١٤،باب الكنايات ، سعيد).

ہمارے بعض اکابر نے اس قسم کے الفاظ سے مذاکرۂ طلاق کے وقت بغیر نیت کے طلاق کا واقع ہونا لکھا ہے، یاد رہے کہ صورتِ مسئولہ میں مذاکرۂ طلاق نہیں پایا جاتا، کیونکہ مذاکرۂ طلاق کا مطلب فقہاء کی اصطلاح میں یہ ہے کہ بیوی یا بیوی کی طرف سے کوئی اجنبی طلاق کا مطالبہ کرے یا پہلے سے کوئی طلاق دی ہو، صورتِ مسئولہ میں یہ نہیں پایا جاتا، سوال میں اس کی صراحت ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ شوہر سے معلوم کرلیا جائے کہ آپ نے طلاق کی نیت کی تھی یا نہیں؟ اگر شوہر کہدے کہ میری نیت نہیں تھی، اور بیوی کو اطمینان نہ ہوتو شوہر سے قسم کا مطالبہ کرسکتی ہے۔ کذا في كتب الفقه. نیت نہ ہونے کی صورت میں میاں بیوی بغیر تجدید نکاح کے رہ سکتے ہیں، ہاں شوہر نے طلاق کی نیت کی ہوتو اس سے ایک طلاقِ بائن واقع ہوجائیگی۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تم ہمارے گھر سے چلی جاؤ'' کہنے کا حکم:

**سوال:** زید نے اپنی بیوی سے کہدیا ''تم ہمارے گھر سے چلی جاؤ'' اور وہ منکوحہ زید اپنے خاوند کے کہنے پر ماں باپ کے گھر چلی گئی، اور تقریباً دس گیارہ سال گزر گئے، اب طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ اگر واقع ہوگی تو کونسی؟ اس لیے کہ زید نے مذکورہ مدت میں اپنی منکوحہ کو بالکل طلب نہیں کیا۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ الفاظ کنایات میں سے ہیں، لہذا اگر زید نے یہ الفاظ کہتے وقت طلاق کی نیت کی تھی تو ایک طلاقِ بائنہ واقع ہوگئی، ورنہ طلاق نہیں ہوئی، بدستور وہ عورت زید کی زوجیت میں ہے۔

ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**ولو قال لها: إذهبي أي طريق شئت، لا يقع بدون النية وإن كان في حال مذاكرة الطلاق. وفي المنتقى: لو قال لها: إذهبي ألف مرة ونوى الطلاق يقع الثلاث. وفي مجموع النوازل: لو قال لها: إذهبي إلى جهنم ونوى الطلاق يقع، كذا في الخلاصة.** (الفتاوى

الهندية ١/٣٧٦، باب الكنايات).

البحر الرائق میں ہے:

**(قوله أخرجي، إذهبي، قومي) لحاجة أو لأني طلقتكِ، قيد باقتصاره على إذهبي، لأنه لو قال إذهبي فبيعي ثوبك لا يقع وإن نوى. ولو قال لها إذهبي إلى جهنم يقع إن نوى، كذا في الخلاصة. ولو قال إذهبي فتزوجي وقال: لم أنو الطلاق لم يقع شيء، لأن معناه تزوجي إن أمكنك وحل لك، كذا في شرح الجامع الصغير لقاضي خان.** (البحر الرائق:٣/٣٠٢، باب الكنايات في الطلاق، كوئته).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

''میرے یہاں سے نکل جا'' اس صورت میں اگر شوہر نے بنیتِ طلاق کلمہ مذکورہ کہا ہے تو اس کی زوجہ پر ایک طلاقِ بائنہ واقع ہوجائیگی۔ بلا نکاح رجعت اس میں درست نہیں ہے۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند :۹/۳۹۳، ۴۰۹، ۴۱۳۔ وفتاوی محمودیہ:۱۲/۵۵۷). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''نکل جا اپنی ماں کے گھر چلی جا'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اپنی عورت کے ساتھ نزاع کے وقت مرد کی زبان سے یہ الفاظ ''نکل جا اپنی ماں کے گھر چلی جا'' نکلے، ان الفاظ کے کہنے کے بعد جب اسکو نیت کا خیال آیا تو شک میں پڑ گیا کہ نیت کی تھی یا نہیں؟ اب نیت کے مشکوک ہونے کی صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ الفاظ صریح نہیں ہیں، بلکہ کنایہ ہیں، نیت کے محتاج ہیں، اور نیت میں شک ہے اسوجہ سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔ فقہ کا قاعدہ ہے ''اليقين لا يزول بالشک''، محض شک کی وجہ سے طلاق کا حکم نہ ہوگا۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**علم أنه حلف ولم يدر بطلاق أو غيره لغا، كما لو شك أطلق أم لا. وفي حاشية**

**الطحطاوي على الدر: قوله كما لوشک: لأن النكاح ثابت يقيناً والقاطع له مشكوک والشک لايزيل اليقين وقدم الشرح آخرنواقض الوضوء أنه لوشک في نجاسة ماء أوثوب أوطلاق أوعتق لم يعتبر.** (حاشية الطحطاوى على الدرالمحتار:۲/۱۲۷،باب الصريح، كوئته).

امدادالاحکام میں ہے:

**قال في الدر: علم أنه حلف ولم يدر بطلاق أو غيره لغا،كما لوشک أطلق أم لا.** (۲/۷٤٥). چونکہ صورتِ مسئولہ میں لفظ صریح نہیں، بلکہ کنایہ محتاجِ نیت ہے، اور نیت میں شک ہے اسلئے طلاق واقع نہ ہوگی۔ (امدادالاحکام۲/۴۷۲). واللہ ﷻ اعلم۔

## ''نہ میں تیرا شوہر ہوں نہ تو میری بیوی ہے'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا: ''جانہ میں تیرا شوہر ہوں اور نہ تو میری بیوی ہے'' اور طلاق کی نیت نہیں کی تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں اگر بنیتِ طلاق یہ الفاظ کہے ہیں تو طلاقِ رجعی واقع ہوگی، اور اگر طلاق کی نیت نہیں تھی تو طلاق واقع نہ ہوگی، اگر چہ غصہ کی حالت میں کہا ہو۔

ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں مرقوم ہے:

**ولو قال لامرأته لست لي بامرأة أو قال لها ما أنا بزوجک أو سئل فقيل له هل لک امرأة ؟ فقال : لا ، فإن قال أردت به الكذب يصدق في الرضا و الغضب جميعاً ولا يقع الطلاق، وإن قال نويت الطلاق يقع الطلاق في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى.** (الفتاوى الهندية:۱ /۳۷۵).

درمختار میں ہے:

**لست لک بزوج أولست لي بامرأة أو قالت له: لست لي بزوج، فقال: صدقت طلاق إن نواه خلافاً لهما. وفي الشامي: قوله طلاق إن نواه لأن الجملة تصلح لإنشاء**

الطلاق كما تصلح لإنكاره فيتعين الأول بالنية وقيد بالنية لأنه لايقع بدونها اتفاقاً لكونه من الكنايات، وأشارإلى أنه لايقوم مقامها دلالة الحال ، لأن ذلك فيما يصلح جواباً فقط وهو ألفاظ ليس هذا منها، وأشاربقوله طلاق إلى أن الواقع بهذه الكناية رجعي، كذا في البحرمن **الكنايات**. (الدرالمختارمع الشامي:۲۸۳/۳،سعيد۔وكذا في البحرالرائق:۳۰۶/۳،كوئٹه).

ہدایہ میں ہے:

وفي حالة الغضب يصدق في جميع ذلك (أى في جميع أقسام الكنايات) لاحتمال الرد أوالسب إلا فيما يصلح للطلاق ولا يصلح للرد. (الهداية:۳۷٤/۲).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی دارالعلوم دیوبند۹/۳۹۲)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مذاکرۂ طلاق کا مطلب:

**سوال**: فقہاء لکھتے ہیں کہ الفاظِ کنایہ میں مذاکرۂ طلاق ہوتو بغیر نیت کے طلاق واقع ہوتی ہے،تو مذاکرۂ طلاق کا کیا مطلب ہے؟

**الجواب**: فقہاء کی اصطلاح میں مذاکرۂ طلاق کا مطلب یہ ہے کہ بیوی یا بیوی کی طرف سے کوئی اجنبی طلاق کا مطالبہ کرے یا پہلے سے کوئی طلاق دی ہو، اور پھر الفاظِ کنایہ میں سے کوئی لفظ کہدے تو بلا نیت طلاق واقع ہوجاتی ہے۔

ملاحظہ ہو علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

(قوله وهي حالة مذاكرة الطلاق) أشار به إلى ما في النهر من أن دلالة الحال تعم دلالة المقال. قال: وعلى هذا فتفسر المذاكرة بسؤال الطلاق أو تقديم الإيقاع كما في اعتدي ثلاثاً، وقال قبله: المذاكرة أن تسأله هي أوأجنبي الطلاق. (فتاوى الشامي: ۲۹۷/۳، باب الكنايات۔ وكذا في تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق:۲۱۷/۲، باب الكنايات،ملتان).

الجوہرۃ النیرۃ میں ہے:

**قوله فإن لم يكن له نية لم يقع بهذه الألفاظ طلاق إلاأن يكونا في مذاكرة الطلاق وهو أن تطالبه بالطلاق أو تطالبه بطلاق غيرها**.(الجوهرةالنيرة ۲/۱۰۵، کتاب الطلاق).

**وفى الفتاوى الهندية: وحالة مذاكرة الطلاق بأن تسأل هي طلاقها أو غيرها يسأل طلاقها**.(الفتاوی الهندیة ۱/۳۷۵،الفصل الخامس فی الکنایات). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''سامان لیکر اپنے والدین کے گھر چلی جا'' کہنے کا حکم:

**سوال:** شوہر نے درج ذیل الفاظ کہے:

"Pack your things and go to your father's house, I don't want you any more, get out"

یعنی ''چلی جا، مجھے اب ضرورت نہیں، سامان لیکر اپنے والدین کے گھر چلی جا''لیکن وہ کہتا ہے کہ میری نیت ان الفاظ سے وقوعِ طلاق کی نہیں تھی، تو کیا طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر جب انکار کرتا ہے کہ میری نیت طلاق کی نہیں تھی تو طلاق واقع نہیں ہوئی، اسوجہ سے کہ یہ الفاظِ کنایہ میں سے ہے، اور کنایہ سے طلاق اسوقت واقع ہوتی ہے جب نیت کرے یا مذاکرۂ طلاق میں کہے، اگر مذاکرۂ طلاق میں کہے تو قضاءً بغیر نیت کے طلاق واقع ہوجاتی ہے، ہاں دیانۃً فیما بینہ وبین اللہ طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**الكنايات لا يقع بها الطلاق إلا بالنية أوبدلالة الحال، لأنها غيرموضوعة للطلاق بل تحتمله وغيره فلا بد من التعيين أودلالته وهي على ضربين...وبقية الكنايات إذا نوى بها كانت واحدة بائنة، وإن نوى ثلاثا كان ثلاثا...إلا أن يكون في حالة مذاكرة الطلاق فيقع بها الطلاق فى القضاء، ولا يقع فيما بينه وبين الله تعالى إلا أن ينويه.** (الهداية۲/۳۷٤، باب إيقاع الطلاق۔وکذا فی بدائع الصنائع:۳/۱۰٦۔والشامی: ۳/۳۰۱،سعید). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ریٹائرڈ (Retired) کردیا کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے بیوی سے کہا میں نے تم کو ریٹائرڈ (Retired) کردیا، بعد میں بیوی اپنے والدین کے یہاں چلی گئی، شوہر کہتا ہے میں نے غصہ میں کہا تھا لیکن طلاق کی نیت نہیں تھی، اب شرع شریف کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ لفظ کنایات میں سے ہے، اور" فارقتک" دستبردار کردینے کے معنی میں ہے، اور" فــــارقتک " کا حکم یہ ہے کہ غصہ کی حالت میں یا مذاکرۂ طلاق میں بغیر نیت کے طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ لہٰذا صورتِ مذکورہ میں عورت پر ایک طلاقِ بائن واقع ہوگئی، دورانِ عدت نکاحِ جدید کرکے دوبارہ ساتھ رہ سکتے ہیں، اور عدت ختم ہونے کے بعد عورت آزاد ہے، جس سے چاہے نکاح کرسکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

والكنايات ثلاث ، ما يحتمل الرد، أوما يصلح للسب،أو لا ولا، فنحو اخرجي واذهبي وقومي...يحتمل رداً، ونحو خلية، برية، حرام، بائن...يصلح سباً.ونحو اعتدي ...أنت حرة...فارقتک لا يحتمل السب والرد ، ففي حالة الرضا أي غير الغضب و المذاكرة تتوقف الأقسام الثلاثة تأثيراً...وفي الغضب توقف الأولان،إن نوى وقع وإلا لا .

وفي الشامي: والحاصل أن الأول يتوقف على النية في حالة الرضا والغضب والمذاكرة، والثاني في حالة الرضا والغضب فقط ويقع في حالة المذاكرة بلا نية، والثالث يتوقف عليها في حالة الرضا فقط، ويقع في حالة الغضب والمذاكرة بلا نية .

ورسمتها في شباک لزيادة الإيضاح بهذه الصورة:

| الأحوال | رد وجواب، | سب وجواب، | جواب فقط، |
|---|---|---|---|
| | اخرجي اذهبي | خلية | اعتدي، استبرئي |
| | | برية | (وفي معناه فارقتکِ) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رضا | تلزم النية | تلزم النية | تلزم النية |
| غضب | تلزم النية | تلزم النية | يقع بلا نية |
| مذاكرة | تلزم النية | يقع بلا نية | يقع بلا نية |

(الدر المختار مع الشامي: ۳/۲۹۸، ۳۰۲، باب الكنايات).

**وفي الفتاوى الهندية: وإذا قال لها: أبرأتك عن الزوجية يقع الطلاق بغير نية في حالة الغضب وغيره، كذا في الذخيرة.** (الفتاوى الهندية: ۱/۳۷۶).

**وفي البدائع: قال أصحابنا: قوله سرّحتك و فارقتك من الكنايات لا يقع الطلاق بهما إلا بقرينة النية كسائر الكنايات.** (بدائع الصنائع: ۳/۱۰۶). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''جاؤتم آزاد ہو، آزاد کرتا ہوں'' کہنے کا حکم:

**سوال:** جناب مفتی صاحب! مؤدبانہ گزارش ہے کہ ایک مسئلہ لیکر آپ کے پاس حاضر ہوئی ہوں اور آپ کی بزرگانہ رائے کی طلبگار رہوں۔ گھریلو جھگڑے میں میرے شوہر نے مجھ سے کہا'' تمہاری کیا اوقات ہے، طلاق دینے میں ایک منٹ لگتا ہے، تم آزاد ہونا چاہتی ہو، جاؤتم آزاد ہو، آزاد کرتا ہوں'' اس کے جواب میں میں نے کہا: ٹھیک ہے، مجھے ایک منٹ لگتا ہے تو لگاؤ، مجھے بھی تمہارے ساتھ نہیں رہنا، مجھے بھی طلاق چاہئے، اب ان حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے کیا میری طلاق ہو چکی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شوہر نے واقعی سوال میں درج شدہ الفاظ کہے ہوں تو اس کی بیوی پر ایک طلاقِ بائن واقع ہوگئی، ان الفاظ سے طلاقِ بائن کا واقع ہونا دو وجہ سے ہے، ایک تو اس لیے کہ یہ الفاظ عرف میں طلاق کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں، علامہ شامیؒ نے ''**أنت علي حرام**'' یعنی تو مجھ پر حرام ہے، کے متعلق لکھا ہے کہ لوگوں کے عرف کی وجہ سے اس سے طلاقِ بائن پڑتی ہے۔

مفتی رشید احمد صاحب لدھیانویؒ تحریر فرماتے ہیں: تیسرا جملہ ''میں نے آزاد کردیا'' طلاقِ صریح بائن

ہے،لہذا اس سے طلاق کی نیت ہو یا نہ ہو ایک طلاقِ بائن واقع ہوگئی۔(احسن الفتاوی ۵/۲۰۲)۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ پہلے سے طلاق کی بات چل رہی تھی یعنی ''تمہاری کیا اوقات ہے،طلاق دینے میں ایک منٹ لگتا ہے،تم آزاد ہونا چاہتی ہو، جاؤ تم آزاد ہو، آزاد کرتا ہوں تجھے'' لہذا بیوی پر ایک طلاقِ بائن واقع ہوئی۔ غالبًا طلاق کے بعد عدت تو گزر چکی ہوگی، کیونکہ جس عورت کو ماہواری آتی ہو، اس کی عدت تین ماہواریوں کا گزرنا ہے۔ اگر عدت گزر گئی ہو تو عورت کسی اور جگہ نکاح کر سکتی ہے،اور سابقہ شوہر سے بھی نکاح ہوسکتا ہے، کسی قسم کے حلالہ کے ضرورت نہیں۔ اگر شوہر ان الفاظ سے انکاری ہو اور بیوی کے پاس شرعی گواہ نہ ہو تو شوہر پر قسم آئے گی، اگر اس نے نہ کہنے کی قسم اٹھائی تو شوہر کی بات مانی جائے گی،لیکن بیوی کو جب ان الفاظ کے کہنے کا یقین ہے تو وہ شوہر کو اپنے پاس بغیر نکاحِ جدید کے نہ چھوڑے۔ اگر سابقہ شوہر سے دوبارہ نکاح ہو جائے تو آئندہ اس کو صرف دو طلاق دینے کا حق حاصل ہوگا، اگر کسی وقت دو طلاقیں دیدے تو بیوی مغلظہ ہو جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''تم چلی جاؤ'' سے تین طلاق کی نیت کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے بیوی سے کہا ''تم چلی جاؤ'' بیوی نے کہا تم نے تین طلاقیں دیں، شوہر نے کہا ہاں، تو کتنی طلاقیں واقع ہوئیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کا یوں کہنا ''تم چلی جاؤ'' یہ الفاظِ کنایہ میں سے ہے،اور الفاظِ کنایہ کا حکم یہ ہے کہ شوہر سے نیت کے بارے میں پوچھا جائے گا، اگر شوہر نے ایک طلاق کی نیت کی تو ایک طلاقِ بائن واقع ہوگئی، اور اگر تین طلاقوں کی نیت کی تو تین طلاقیں واقع ہو جائے گی۔ بظاہر سوال کی نوعیت سے معلوم ہوتا ہے کہ شوہر نے تین طلاق کا اقرار کیا، لہذا اس کی بیوی پر تین طلاقیں پڑ گئیں اور مغلظہ ہوگئی، اب بغیر حلالہ کے زوجِ اول کے لئے حلال نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**فالكنايات لا تطلق بها إلا بالنية أو دلالة الحال، فنحو اخرجي واذهبي**

**وقومي... وثلاث إن نواه.** (الدرالمختار:۳/۲۹۷،سعید).

ہدایہ میں ہے:

**وبقية الكنايات إذا نوى بها الطلاق كانت واحدة بائنة، وإن نوى الثلاث كانت ثلاثاً.** (الهداية:۲/۳۷٤).

شرح العنایۃ میں ہے:

**وأما جواز نية الثلاث فلأن الواقع بها إذا كان بائناً فالبينونة تتصل بالمرأة للحال.** (شرح العناية على هامش فتح القدير:٤/٦٤، دار الفكر). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''اپنا مطبخ لیکر چلی جاؤ'' کہنے سے طلاق کا حکم:

**سوال:** گزشتہ کل میری بیوی نے مجھ سے کہا تھا کہ بس اب میں تجھ سے بیزار ہوگئی ہوں اور اب میں جانا چاہتی ہوں، تو میں نے اس سے کہا تھا کہ ''اپنا مطبخ لے کر چلی جاؤ'' بیوی نے اپنی والدہ اور چچا کو فون کیا تا کہ اس کو گھر لیجائے، جب وہ آگئے تو میں نے بیوی کو روکنے کی کوشش کی، لیکن وہ جانا چاہتی تھی، تو میں نے اس کے چچا سے کہا کہ اگر آپ اس کو لے جائیں گے تو تین طلاق واقع ہوگی، اس پر انھوں نے سخت برا بھلا کہا اور مجھے پکڑ کر بیوی سے کہا چلی جا، وہ چلی گئی، اب کتنی طلاق واقع ہوگی، شریعتِ مطہرہ میں اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ الفاظ ''اپنا مطبخ لیکر چلی جاؤ'' کنایات میں سے ہیں، لہذا شوہر کی نیت پر موقوف ہے، اگر شوہر نے نیت کی تو ایک طلاق بائن واقع ہوگئی ورنہ کچھ نہیں، لیکن پھر شوہر نے صریح الفاظ میں کہا کہ ''اگر تم بیوی کو لیجاؤ گے تو تین طلاق واقع ہوگی'' یہ تعلیق طلاق ہے، اس کا حکم یہ ہے کہ اگر شرط پائی گئی تو طلاق واقع ہوجائے گی، چنانچہ صورتِ مسئولہ میں بیوی چلی گئی تو شرط کے پائے جانے کی وجہ سے تین طلاقیں واقع ہو گئیں، جس سے وہ عورت مغلظہ ہوگئی اور اب بغیر حلالہ کے زوج اول کے لئے حلال نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**وبقية الكنايات إذا نوى بها الطلاق كانت واحدة بائنة، وهذا مثل قوله اخرجي**

**واذهبي وقومي، لأنها تحتمل الطلاق وغيره فلا بد من النية.** (الهداية:۲/۳۷٤).

درمختار میں ہے:

**الكنايات لا تطلق بها قضاء إلا بنية أو دلالة الحال وهي حالة مذاكرة الطلاق أو الغضب. فالحالات ثلاث: رضا وغضب ومذاكرة، والكنايات ثلاث: ما يحتمل الرد ... فنحو اخرجي واذهبي وقومي... إن الأول يتوقف على النية في حالة الرضا والغضب والمذاكرة.** (الدرالمختارمع الشامي: ۳/۲۹٦-۳۰۱).

ہدایہ میں ہے:

**وإذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط مثل أن يقول لامرأته إن دخلت الدارفأنت طالق.** (الهداية:۲/۳۸٥).

البحرالرائق میں ہے:

**وفى الحاوي القدسي: إذا طلق المباينة فى العدة فإن كان بصريح الطلاق وقع.** (البحرالرائق:۳/۳۰۷،کوئٹہ).

درمختار میں ہے:

**الصريح يلحق الصريح ويلحق البائن بشرط العدة... فإن أبان امرأته ثم طلقها في العدة يقع.** (الدرالمختار مع رد المحتار: ۳/۳۰٦-۳۰۷،مطلب الصريح يلحق الصريح والبائن،سعيد).

**وفى الشامي: الطلاق الثلاث يلحق الصريح والبائن، فإذا أبان امرأته ثم طلقها ثلاثاً فى العدة وقع.** (فتاوى الشامي:۳/۳۰۷،مطلب الصريح يلحق الصريح والبائن،سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''نکاح کا رشتہ ٹوٹ گیا'' کہنے کا حکم:

**سوال:** شوہر نے یوں کہا کہ ''میرے اور بیوی کے درمیان نکاح کا رشتہ اس قدر ٹوٹ گیا ہے کہ اب سنبھالنے کا امکان باقی نہیں ہے۔ یہ جملہ پانچ مرتبہ کہا ہے، یہاں تک کہ ایک مرتبہ کورٹ میں بھی تاکید کے ساتھ

اس کی گواہی دی، لیکن شوہر یوں کہتا ہے کہ کبھی طلاق دینے کی نیت نہیں کی۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کے یہ الفاظ ''نکاح کا رشتہ ٹوٹ گیا...'' کنایاتِ طلاق میں سے ہیں، لہذا بغیر نیت کے طلاق واقع نہیں ہوئی، ہاں اگر طلاق کی نیت کی تھی تو ایک طلاقِ بائن واقع ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں ہے:

**ولوقال فسخت النكاح ونوى الطلاق يقع، وعن أبي حنيفة رحمه الله تعالى: إن نوى ثلاثاً فثلاث كذا في معراج الدراية.** (الفتاوى الهندية: ۱/۳۷۵، الفصل الخامس فى الكنايات)

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

''ہمارے ساتھ نکاح ٹوٹ گیا'' یہ صریح لفظ نہیں، بلکہ کنایہ ہے، شوہر سے دریافت کیا جائے، وہ اگر یہ کہے کہ ہاں طلاق کی نیت سے کہا ہے، تو طلاق واقع ہوگی۔ (فتاویٰ محمودیہ :۱۲/۵۵۹، مبوب ومرتب۔ واحسن الفتاوی:۵/۱۹۳)۔

لیکن صاحبِ بحر علامہ ابن نجیم مصریؒ اور علامہ شامیؒ کے قول کے مطابق طلاق رجعی واقع ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

**والأصل أن نفي النكاح أصلاً لايكون طلاقاً بل جحوداً ونفي النكاح فى الحال يكون طلاقاً إذا نوى وماعداه فالصحيح أنه على هذا الخلاف قيد بالنية لأنه لايقع بدون النية اتفاقاً لكونه من الكنايات ولايخفى أن دلالة الحال تقوم مقامها حيث لم يصلح للرد والشتم ويصلح للجواب فقط وقدمنا أن الصالح للجواب فقط ثلاثة ألفاظ ليس هذا منها فلذا اشترط النية للإشارة إلى أن دلالة الحال هنا لاتكفي وأشار بقوله تطلق إلى أن الواقع بهذه الكناية رجعي.** (البحر الرائق:۳/۳۰۶، باب الكنايات، كوئته۔وكذا فى فتاوى الشامى:۳/۲۸۳،سعيد)۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## "أخرجتک من نکاحي" کہنے کا حکم:

سوال: اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا "أخرجتک من نکاحي" تم کو میں نے اپنے نکاح سے باہر کیا تو طلاق ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ان الفاظ سے اگر طلاق کی نیت کی ہے تو صاحب بحر کی تصریح کے مطابق ایک طلاقِ رجعی واقع ہوگی، اگر چہ یہ الفاظ کنایات میں سے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

**ولو قال لا نكاح بيننا يقع الطلاق، والأصل أن نفي النكاح أصلا لا يكون طلاقاً بل يكون جحوداً، ونفي النكاح في الحال يكون طلاقاً إذا نوى، وما عداه فالصحيح أنه على هذا الخلاف، قيد بالنية لأنه لا يقع بدون النية اتفاقا لكونه من الكنايات. ولا يخفى أن دلالة الحال تقوم مقامها حيث لم يصلح للرد والشتم ويصلح للجواب فقط، وقدمنا أن الصالح للجواب فقط ثلاثة ألفاظ ليس هذا منها فلذا شرط النية للإشارة إلى أن دلالة الحال هنا لا تكفي، وأشار بقوله تطلق إلى أن الواقع بهذه الكناية رجعي.** (البحر الرائق: ۳/۳۰۶، باب الكنايات۔ وكذا في فتاوى الشامي: ۳/۲۸۳، باب الصريح، سعيد).

**ولوقال فسخت النكاح ونوى الطلاق يقع، وعن أبي حنيفة رحمه الله تعالى: إن نوى ثلاثاً فثلاث.** (البحر الرائق: ۳/۳۰۳، باب الكنايات، كوئته۔ وكذا في الفتاوى الهندية: ۱/۳۷۵، الفصل الخامس في الكنايات). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## "نکاح سالم نہیں رہا" کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص اپنی عورت کے بارے میں کسی دوسرے سے مخاطب ہو کر کہے: میرا اور اس عورت کا نکاح سالم نہیں رہا، تو کیا دوبارہ نکاح کی ضرورت ہے؟

**الجواب:** یہ کنایات میں سے ہے اگر یہ نیت کی کہ نکاح باقی نہیں رہا بلکہ ٹوٹ گیا تو طلاق بائن واقع ہوگئی، اور اگر یہ نیت کی ہے کہ نکاح میں عیب اور خرابی پیدا ہوئی اگر چہ نکاح قائم ہے تو طلاق نہیں ہوگی۔

فتاوی سراجیہ میں مرقوم ہے کہ ان تین کنایات ''اعتدي، اختاري، أمرک بيدک'' کے علاوہ جو کنایات ہیں ان میں نیت کی ضرورت ہے۔ نکاح سالم نہیں رہا یہ بھی کنایات میں سے ہے۔ ہاں بعض کنایات میں مذاکرہ طلاق کے وقت بغیر نیت کے طلاق پڑ جاتی ہے مثلاً '' أنت خلية، برية، بتة، بائن'' ان میں سے ہیں، **وفيماعداهامن ألفاظ الكنايات ''أي ما عدا الثلاثة'' يصدق، ولوقال: في مذاكرة الطلاق أحد هذه الألفاظ الثلاثة أوقال: أنت خلية أوبرية أوبتة أوبائن أوحرام لم يصدق.** (فتاوى سراجية: كتاب الطلاق، باب المتفرقات،).

لیکن صاحبِ بحر علامہ ابن نجیم مصریؒ اور علامہ شامیؒ کے نزدیک فی الحال نکاح کی نفی کرنے سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے، کما مرآنفاً۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''گھر سے نکل جاؤ'' بغیر نیتِ طلاق کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے ۵ سال پہلے بیوی سے کہا'' گھر سے نکل جاؤ'' اور اس وقت کہا تھا کہ میری نیت طلاق کی نہیں تھی، اس درمیان میں بچے کی پیدائش بھی ہوئی۔ اب کہتا ہے کہ میری نیت طلاق کی تھی، کیا ۵ سال کے بعد کہنے سے طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ اور بچہ ثابت النسب ہے یا نہیں؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں یہ الفاظ'' گھر سے نکل جاؤ'' کنایاتِ طلاق میں سے ہیں، اور اس کا حکم یہ ہے کہ اگر طلاق کی نیت کی تھی تو طلاق واقع ہوگی، لیکن شوہر نے جب انکار کر دیا کہ میری نیت طلاق کی نہیں تھی تو طلاق واقع نہیں ہوئی، پھر ۵ سال کا عرصہ گزرنے کے بعد کہتا ہے کہ میری نیت طلاق کی تھی، اس سے کوئی اثر مرتب نہ ہوگا، کیونکہ یہ اقرار سے رجوع کرنے کے مترادف ہے اور اس کا اعتبار نہیں ہے، نیز بچے بھی ثابت النسب ہوں گے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**الكنايات لا تطلق بها قضاءً إلا بنية أو دلالة الحال وهي حالة مذاكرة الطلاق أو الغضب. وفي الشامي: قوله قضاءً، قيد به لأنه لا يقع ديانة بدون النية ولو وجدت دلالة الحال، فوقوعه بواحد من النية أو دلالة الحال إنما هو في القضاء فقط، كما هو صريح البحر وغيره.** (الدرالمختارمع الشامي:۳/۲۹۶، باب الكنايات۔وكذافي الفتاوى الهندية:۱/۳۷۴۔والبحرالرائق ۳/۲۹۸، باب الكنايات في الطلاق).

شرح مجلّہ میں ہے:

**لايصح الرجوع عن الإقرار في حقوق العباد.** (شرح المجلة، ص: ۸۷۶).

**وفي تكملة فتح القدير: لأن الرجوع عن الإقرار باطل مفصولاً كان أو موصولاً.** (نتائج الافكار تكملة فتح القدير: ۸/۳۶۴،دارالفكر).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

طلاق کنائی کے الفاظ سے طلاق واقع ہونے کا مدار نیت پر ہے، اگر بہ نیت طلاق یہ الفاظ کہے ہیں تو اس سے طلاقِ بائن واقع ہوگی، اور اگر بہ نیت طلاق یہ الفاظ نہیں کہے تو ان سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، بدستور نکاح قائم ہے۔نیت کے بارے میں شوہر ہی کا قول معتبر ہوگا۔ (فتاویٰ محمودیہ:۱۲/۵۰۰،مبوب ومرتب).

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند میں ہے:

ان الفاظ (کنایات) میں اگر نیت طلاق کی ہو تو ایک طلاقِ بائنہ واقع ہوئی ہے، اور اگر نیت طلاق کی نہ تھی تو طلاق واقع نہیں ہوئی، بدستور وہ عورت اسکی زوجہ ہے۔ (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۹/۳۸۱،مدلل مکمل). واللہ ﷻ اعلم۔

## ”خدا کی قسم اس عورت کو کبھی نہیں رکھوں گا“ کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک آدمی نے اپنی منکوحہ کو مار پیٹ کر گھر سے نکال دیا اور یہ الفاظ کہے ”مجھ کو خدا کی قسم، اس

عورت کو کبھی نہیں رکھوں گا'' چنانچہ چار سال کا عرصہ ہوگیا کہ نان ونفقہ نہیں دیا، تو کیا اس کے ایسے صاف الفاظ ہوتے ہوئے بھی نیتِ طلاق کی ضرورت ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس شخص کی زوجہ پر طلاق واقع نہیں ہوئی، اور نیت کی ضرورت نہیں رہی، وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص صیغہ استقبال کے ساتھ صریح الفاظِ طلاق بولے تو اس سے طلاق نہیں ہوتی، مثلاً یوں کہے'' خدا کی قسم میں تجھے طلاق دونگا'' تو ان الفاظ سے طلاق واقع نہ ہوگی۔ لہٰذا مذکورہ الفاظ سے بدرجہ اولیٰ طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو فتاوی ہندیہ میں ہے:

**بخلاف قوله (طلاق) كنم، لأنه استقبال فلم يكن تحقيقاً بالتشكيك، وفي المحيط: لو قال بالعربية " أطلق" لا يكون طلاقاً إلا إذا غلب استعماله للحال، فيكون طلاقاً.** (الفتاوى الهندية: ۱/ ۳۸٤).

درمختار میں ہے:

**بخلاف قوله "طلقي نفسك" فقالت أنا طالق أو أنا أطلق نفسي، لم يقع لأنه وعد. جوهرة. وفي الشامي: عبارة الجوهرة : وإن قال : طلقي نفسك ،فقالت: أناأطلق لم يقع قياساً واستحساناً.** (الدرالمختارمع رد المحتار :۳/ ۳۱۹،باب تفويض الطلاق،سعيد).

تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے:

**صيغة المضارع لا يقع بها الطلاق إلا إذا غلب في الحال كما صرح به الكمال ابن الهمام.** (تنقيح الفتاوى الحامدية : ۱/ ۳۸).

وينظر: البحر الرائق :۳/ ۳۱٤، كوئته۔و فتح القدير: ٤/ ۷،دارالفكر۔و فتاوى دار العلوم ديوبند: ۹/ ٤۷، واحسن الفتاوى: ٥/ ۱٤۸۔وفتاوى محموديه : ۱۲/ ۲٤۷،مبوب ومرتب. **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''تو میری بیوی نہیں'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے غصہ کی حالت میں اپنی بیوی سے کہا ''اب تو میری بیوی نہیں، اور نہ آئندہ میں تجھے اپنی بیوی سمجھونگا، اس صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر طلاق کی نیت سے کہا ہے تو ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی، اور اگر طلاق کی نیت نہیں کی تھی تو طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**(قوله وتطلق بلست لي بامرأة أولست لک بزوج إن نوى طلاقاً)... ولو قال لا نكاح بيننا يقع الطلاق، والأصل أن نفي النكاح أصلا لا يكون طلاقاً بل يكون جحوداً، ونفي النكاح في الحال يكون طلاقاً إذا نوى، وما عداه فالصحيح أنه على هذا الخلاف، قيد بالنية لأنه لا يقع بدون النية اتفاقا لكونه من الكنايات. ولا يخفى أن دلالة الحال تقوم مقامها حيث لم يصلح للرد والشتم ويصلح للجواب فقط، وقدمنا أن الصالح للجواب فقط ثلاثة ألفاظ ليس هذا منها فلذا شرط النية للإشارة إلى أن دلالة الحال هنا لا تكفي، وأشار بقوله تطلق إلى أن الواقع بهذه الكناية رجعي.** (البحر الرائق: ۳/۳۰٦،باب الكنايات۔ وكذا في الدر المختار مع فتاوى الشامي: ۳/۲۸۳، باب الصريح ، سعيد).

مزید ملاحظہ ہو: (تبيين الحقائق:۲/۲۱۸۔وفتح القدير:٤/٦٧۔وفتاوى دارالعلوم ديوبند:۹/٤۰۰،مدلل مكمل). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## بیٹے کو طلاقی کے بچے کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کو اپنے بیٹے پر غصہ آیا اور اس سے کہا طلاقی کے بچے، اس شخص نے پہلے کبھی بیوی کو طلاق نہیں دی، کیا ان الفاظ سے طلاق ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق واقع نہیں ہوئی، کیونکہ بیوی کی طرف نسبت نہیں پائی گئی، نیز یہ الفاظ اکثر سب وشتم کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، اگر سب وشتم کی نیت ہوتو بیوی کو مخاطب کر کے طلاقن کہدے تب بھی دیانۃً طلاق نہیں ہوگی۔

**قال فی المحیط البرهانی: ولو قال ابن طالق ولیست امرأته في ذلک البیت وقت المقالة لاتطلق امرأته.** (المحیط البرهانی: ۳/۳٥٤).

**وقال في خلاصة الفتاوی: لوقال لامرأته یامطلقة بالتشدید، ولوقال أردت الشتم لم یصدق قضاء ودین.** (خلاصة الفتاوی:۲/۸).

شامی میں ہے:

**یا طالق أو یا مطلقة بالتشدید ولوقال أردت الشتم لم یصدق قضاء ودین ، خلاصة ، ولوکان لها زوج طلقها قبل فقال أردت ذلک الطلاق صدق دیانة باتفاق الروایات وقضاء في روایة أبي سلیمان وهوحسن کما فی الفتح وهو الصحیح کما فی الخانیة ولولم یکن لها زوج لایصدق وکذا لوکان لها زوج قد مات.** (فتاوی الشامی:۳/۲٥۱۔وکذا فی الهندیة:۱/۳٥٥).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## طلاقن کہنے سے طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کا اپنی بیوی کے ساتھ جھگڑا چل رہا تھا باتوں میں اسنے بیوی کو طلاقن کہا، کیا اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاقن کہنے سے اس کی بیوی پر ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی، ہاں اگر اس نے سب شتم کرتے ہوئے کہا تو دیانۃً اس کی بات مانی جائیگی اور طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو امداد الاحکام میں ہے:

...البتہ طلاقن اور مطلقہ کہہ کر پکارنے سے زوجہ پر ایک طلاق رجعی واقع ہو چکی ہے...(امدادالاحکام:۲/۴۱۸).

**وفی الشامية : يا طالق أويا مطلقة بالتشديد ولوقال أردت الشتم لم يصدق قضاء ودين، خلاصة، ولو كان لها زوج طلقها قبل فقال أردت ذلك الطلاق صدق ديانة باتفاق الروايات، وقضاء في رواية أبي سليمان وهوحسن كما في الفتح وهو الصحيح كما في الخانية ولو لم يكن لها زوج لايصدق، وكذا لو كان لها زوج قد مات.** (فتاوى شامي: ٣/ ٢٥١،وكذا في الفتاوى الهندية: ١/ ٢٥٥، وخلاصة الفتاوى: ٢/ ٨٠).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

اگر پہلے شوہر سے طلاق مل چکی ہے اسی لیے اس شخص نے طالقن کہا ہے تو شرعاً اس کا قول معتبر ہوگا۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۲/ ۳۷۰).

خلاصہ یہ ہے کہ سب وشتم کی نیت سے کہا اور بیوی کو کوئی اعتراض نہیں ہے تو مفتی طلاق نہ ہونے کا فتویٰ دے سکتا ہے، کیونکہ عرف میں یہ سب وشتم میں استعمال ہوتا ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تو میری بہن کے برابر ہے'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو کہا ''تو میری بہن کے برابر ہے'' کیا ان الفاظ سے طلاق پڑی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ الفاظ کنایات میں سے ہیں اگر طلاق کی نیت سے یہ الفاظ کہے تو ایک طلاق بائن واقع ہوگئی، اور بلانیت طلاق واقع نہیں ہوئی، لیکن آئندہ اس قسم کے الفاظ سے اجتناب کرنا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**إن نوى بأنت علي مثل أمي أو أمي أو كأمي، وكذا لوحذف "علي" خانية، براً أوظهاراً أوطلاقاً صحت نيته ووقع مانواه لأنه كناية. وفي الشامية: قوله لأنه كناية،أي من كنايات الظهار والطلاق، قال في البحر: وإذا نوى به الطلاق كان بائناً كلفظ الحرام.** (فتاوى الشامي: ٣/ ٤٧٠،باب الظهار،سعيد۔وكذا في البحرالرائق: ٤/ ٩٨، كوئته).

درمختار میں ہے:

**ویکره قوله أنت أمي ويا ابنتي ويا أختي . وفي الشامية: والذي في الفتح: وفي " أنت أمي"... وينبغي أن يكون مكروهاً فقد صرحوا بأن قوله لزوجته ياأخية مكروه. وفيه حديث رواه أبوداود... الخ.** (الدرالمختارمع الشامي:۳/۴۷۰،باب الظهار،سعيد).

**مزید ملاحظہ ہو:** (فتح القدير:۴/۲۵۲،دارالفكر-وفتاوى محموديه:۱۳/۳۲۲-وفتاوى دارالعلوم ديوبند:۹/۳۸۴-وكفايت المفتى:۶/۴۴۰-**واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## ’’تم سب سے کہدو کہ طلاق دیدی‘‘ کہنے کا حکم:

**سوال:** عورت نے اپنے خاوند سے کہا مجھے طلاق دیدو، اس نکاح میں بدنامی ہے، اس کے جواب میں شوہر نے ایک رقعہ لکھا: تمہاری بدنامی جاتی رہے گی، تم سب سے کہدو کہ طلاق دیدی، بظاہر اس سے مقصود طلاق واقع کرنا نہ تھا، اب اس صورت میں طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر واقعۃً طلاق نہیں دی اور عورت سے صرف یہ کہدیا: سب سے کہدو کہ طلاق دیدی، دیانۃً اس سے طلاق واقع نہیں ہوئی، ہاں قضاءً طلاق ہوگئی، مگر پہلے سے اس پر گواہ بنالیے تھے تو قضاءً بھی واقع نہ ہوگی، اور اگر شوہر کا مقصد اس لفظ سے طلاق دینا تھا تو طلاق واقع ہوگئی۔

ملاحظہ ہو شامی میں ہے:

**وأما ما في إكراه الخانية : لو أكره على أن يقر بالطلاق فأقر لايقع، كما لو أقر بالطلاق هازلاً أو كاذباً، فقال في البحر: إن مراده لعدم الوقوع في المشبه به عدمه ديانةً ، ثم نقل عن البزازية والقنية: لوأراد به الخبر عن الماضي كاذباً لايقع ديانةً ، وإن أشهد قبل ذلك لايقع قضاءً أيضاً .** (فتاوى الشامي:۳/۲۳۸،كتاب الطلاق، سعيد).

**مزید ملاحظہ ہو:** (البحرالرائق:۳/۲۴۶-وحاشية چلپى على تبيين الحقائق:۲/۱۹۵-وفتاوى دارالعلوم ديوبند:۹/۱۵۸،مدلل مكمل). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## ''والدہ کے گھر چلی جا، یہاں تک کہ عقل ٹھیک ہو جائے'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے غصہ کی حالت میں اپنی بیوی سے کہا: ''تو اپنی والدہ کے گھر چلی جا، یہاں تک کہ تیری عقل ٹھیک ہو جائے'' یہاں طلاق کی کوئی بات نہ تھی اور نہ شوہر کی نیت طلاق دینے کی تھی، بلکہ بچوں کے بارے میں کوئی جھگڑا ہوا اور شوہر نے یہ جملہ کہدیا، کیا اس سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں اور کیوں؟ جواب دیکر ممنون ومشکور فرمائیں۔

**الجواب:** بشرطِ صحتِ سوال صورتِ مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی۔ وجہ یہ ہے کہ یہ الفاظ ''اپنی والدہ کے گھر چلی جا'' کنایہ میں سے ہیں، اور کنایہ کا حکم یہ ہے کہ اگر طلاق دینے کی نیت ہو تو طلاق واقع ہوگی۔ جبکہ صورتِ مسئولہ میں مابعد کی عبارت خود طلاق کے مخالف ہے، یعنی ''یہاں تک کہ تیری عقل ٹھیک ہو جائے'' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقصود طلاق دینا نہیں تھا، بلکہ کچھ مدت والدہ کے گھر رکھنا مقصود تھا۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**وبقية الكنايات إذا نوى بها الطلاق كانت واحدة بائنة، وإن نوى ثلاثاً كان ثلاثاً ... وهذا مثل قوله أنت بائن، وألحقي بأهلك** . (الهداية: ۲/۳۷٤۔ وكذا في الفتاوى الهندية: ۱/۳۷٥).

عالمگیری میں ہے:

**الفصل الخامس في الكنايات: لايقع بها الطلاق إلا بالنية أوبدلالة الحال كذا في الجوهرة النيرة** . (الفتاوى الهندية: ۱/۳۷٤). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''والدین کے گھر گئی تو تیسری'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو پہلے وقفے وقفے سے دو طلاقیں دی ہیں، اب اس کے اختیار میں ایک طلاق باقی ہے، ایک مرتبہ اس نے بیوی سے کہا ''اگر تم والدین کے گھر گئی تو تم کو تیسری'' اس کے ساتھ طلاق وغیرہ کا لفظ نہیں کہا، اگر بیوی والدین کے گھر گئی تو تیسری طلاق ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شوہر نے تیسری میں طلاق کی نیت کی تو والدین کے گھر جانے سے تیسری واقع ہو جائیگی، اور اگر ویسے ڈرانے کے لئے یہ لفظ کہا تو طلاق نہیں ہوگی۔
عالمگیری میں ہے:

**امرأة قال لها زوجها: أنت طالق واحدة، فقالت له المرأة: هزار، فقال الزوج: هزار، فهذا على وجهين: إما أن ينوي شيئاً أو لم ينو، ففي الوجه الأول هو على ما نوى، وفي الوجه الثاني لا يقع** . (الفتاوى الهندية: ۱/ ۳۸۱) .

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ شوہر نے بیوی کے جواب میں ہزار کا لفظ کہا، لیکن جب نیت نہیں کی تو طلاق نہیں ہوگی۔
دوسری جگہ مذکور ہے کہ شوہر نے بیوی سے کہا: حیلہ زنان کن **يكون إقراراً بالطلاق إذا نوى** ۔ (الفتاوى الهندية: ۱/ ۳۸۶) .
یعنی شوہر نے بیوی سے کہا: عورتوں والا حیلہ کرو، بظاہر مطلب یہ ہے کہ حلالہ کی تدبیر کرو، کیونکہ تین طلاقیں ہوئیں۔ لیکن جب طلاق کا لفظ نہیں کہا تو نیت پر موقوف ہے، اگر نیت ہو تو طلاق ہے ورنہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عن إبراهيم قال: إذا كتب الطلاق بيده، وجب عليه .
وعن حماد قال: إذا كتب الرجل إلى امرأته : إذا أتاك كتابي هذا فأنت طالق ، فإن لم يأتيها الكتاب فليس هي بطلاق ، وإن كتب : أما بعد فأنت طالق ، فهي طالق .
وقال ابن شبرمة: هي طالق.

(مصنف ابن ابي شيبة)

# باب ......(۵)

# طلاق بالکتابت کا بیان

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

﴿رسالہ﴾

# الدلائل الباهرة فی تنفیذ کتابة الطلاق للزوجة الحاضرة

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

## "الدلائل الباهرة فی تنفیذ كتابة الطلاق للزوجة الحاضرة"

### زوجہ کی موجودگی میں طلاق بالکتابت کا حکم:

**سوال:** کیا فرماتے ہیں مفتیانِ کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی حاضری میں طلاق لکھ کر دے دے اور زبان سے کچھ نہ کہے تو کیا یہ طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** تحریری طلاق زبانی طلاق کی طرح ہے بیوی حاضر ہو یا غائب بہرصورت طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ ہاں اگر کسی پر اکراہ کیا جائے تو مکرَہ کی تحریر معتبر نہ ہوگی اور طلاق بھی واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

تحریری طلاق کی چند صورتیں ہیں:

کتابتِ مستبینہ: یعنی کسی کاغذ، دیوار وغیرہ پر ایسی تحریر جو واضح ہو اور باقی رہنے والی ہو، اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) مستبینہ مرسومہ: اگر باضابطہ طلاق نامہ یا مکتوب عنوان اور مخاطب کے ساتھ لکھا گیا ہو تو اسے کتابت مستبینہ مرسومہ کہتے ہیں۔

(۲) مستبینہ غیر مرسومہ: اگر یوں ہی کسی کاغذ کے ٹکڑے یا دیوار پر بیوی کی طرف اضافت کے بغیر صرف یہ لکھے کہ طلاق ہے یا طلاق دی، اور یہ تحریر بیوی کو نہ بھیجے تو یہ کتابتِ مستبینہ غیر مرسومہ ہے۔

کتابتِ مستبینہ مرسومہ تلفظ کے قائم مقام ہے، اس سے طلاق واقع ہوجاتی ہے۔

کتابتِ مستبینہ غیر مرسومہ سے طلاق ایسی صورت میں واقع ہوگی جب کہ شوہر کہے کہ میری نیت بیوی کو طلاق دینے کی تھی۔

کتابتِ غیر مستبینہ: جو تحریر ظاہر نہ ہو اور پڑھنے میں نہ آئے، جیسے پانی اور ہوا پر لکھنا، اس سے کسی حال میں طلاق واقع نہیں ہوگی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۲۹۔۱۳۰، دفعہ ۳/۴، مسلم پرسنل لا بورڈ)۔

فتاوی ہندیہ میں ہے:

الكتابة على ثلاثة أوجه مستبين مرسوم أى معنون وهو يجري مجرى النطق فى الحاضر والغائب على ما قالوا، ومستبين غيرمرسوم كالكتابة على الجدار وأوراق الأشجار وهوليس بحجة إلا بالبينة والبيان وغيرمستبين كالكتابة على الهواء والماء وهوبمنزلة كلام غيرمسموع فلايثبت به الحكم. (الفتاوى الهندية: ٦/٢ ٤ ٤، مسائل شتىٰ).

درمختار میں ہے:

كتب الطلاق، إن مستبيناً على نحو لوح وقع إن نوى، وقيل مطلقاً، ولوعلى نحو الماء فلا، مطلقاً، ولو كتب على وجه الرسالة والخطاب كأن يكتب يافلانة: إذا أتاك كتابي هذا فأنت طالق طلقت بوصول الكتاب جوهرة.

وفى الشامية: (قوله كتب الطلاق الخ) قال فى الهندية: الكتابة على نوعين: مرسومة وغيرمرسومة، ونعني بالمرسومة أن يكون مصدراً ومعنوناً مثل مايكتب إلى الغائب وغيرالمرسومة أن لايكون مصدراً ومعنوناً، وهوعلى وجهين مستبينة وغيرمستبينة، فالمستبينة مايكتب على الصحيفة والحائط والأرض على وجه يمكن فهمه وقراء ته، وغيرالمستبينة مايكتب على الهواء والماء وشيء لايمكن فهمه وقراء ته. ففي غير المستبينة لايقع الطلاق وإن نوى، وإن كانت مستبينة لكنهاغيرمرسومة إن نوى الطلاق يقع وإلا لا، وإن كانت مرسومة يقع الطلاق نوى أولم ينو، ثم المرسومة لاتخلوإما أن أرسل الطلاق بأن كتب: أما بعد فأنت طالق، فكماكتب هذا يقع الطلاق وتلزمها العدة من وقت الكتابة، وإن علق طلاقها بمجئ الكتاب بأن كتب: إذا جاءك كتابي فأنت طالق فجاءها الكتاب فقرأته أولم تقرأ يقع الطلاق كذا فى الخلاصة. (الدرالمختارمع ردالمحتار: ٣/٦ ٤ ٢، مطلب

فی الطلاق بالکتابة،سعید).

ہدایہ میں ہے:

**ثم الكتاب على ثلاثة مراتب : مستبين مرسوم وهو بمنزلة النطق في الغائب والحاضر على ما قالوا، ومستبين غير مرسوم كالكتابة على الجدار وأوراق الأشجار وينوي فيه لأنه بمنزلة صريح الكناية فلا بد من النية وغير مستبين كالكتابة على الهواء والماء وهو بمنزلة كلام غير مسموع فلا يثبت به الحكم**.(الهداية:٤/٥٠٧،كتاب الخنثیٰ).

**وفي الشامية : اعلم أن هذا في كتابة غير مرسومة أي غير معتادة ، لما في التبيين وغيره أن الكتاب على ثلاثة مراتب: مستبين مرسوم وهو أن يكون معنوناً : أي مصدراً بالعنوان ، وهو أن يكتب في صدره من فلان إلى فلان على ماجرت به العادة فهذا كالنطق فلزم حجة... الخ**.(فتاوی الشامی:٦/٧٣٧،مسائل شتیٰ،سعید).

بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما النوع الثاني فهو أن يكتب على قرطاس أو لوح أو أرض أو حائط كتابة مستبينة لكن لا على وجه المخاطبة امرأته طالق فيسئل عن نيته فإن قال : نويت به الطلاق وقع وإن قال : لم أنو به الطلاق صدق في القضاء لأن الكتابة على هذا الوجه بمنزلة الكتابة لأن الإنسان قد يكتب على هذا الوجه ويريد به الطلاق وقد يكتب لتجويد الخط فلا يحمل على الطلاق إلا بالنية ...وإن كتب كتابة مرسومة على طريق الخطاب والرسالة مثل أن يكتب أما بعد يا فلانة فأنت طالق أو إذا وصل كتابي إليك فأنت طالق يقع به الطلاق ولو قال: ما أردت به الطلاق أصلاً لا يصدق إلا أن يقول نويت طلاقاً من وثاق فيصدق فيما بينه وبين الله عزوجل لأن الكتابة المرسومة جارية مجرى الخطاب ألا ترى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يبلغ بالخطاب مرة وبالكتاب أخرى وبالرسول ثالثاً وكان التبليغ بالكتاب والرسول كالتبليغ بالخطاب فدل أن الكتابة المرسومة بمنزلة الخطاب فصار كأنه خاطبها**

**بالطلاق عند الحضرة فقال لها: أنت طالق** .(بدائع الصنائع:۳/۱۰۹،سعید).

درر الحکام شرح مجلۃ الاحکام میں ہے:

**المادة: ٦٩:۔ الكتاب كالخطاب...والحاصل أن كل كتاب يحرر على وجه المتعارف من الناس حجة على كاتبه كالنطق باللسان** .(درر الحكام شرح مجلة الاحكام :۱/٦٢،دارالكتب العلمية).

وكذا في الفتاوى التاتارخانية:۳/۳۷۷، في ايقاع الطلاق بالكتاب۔والأشباه والنظائر:۳/۱۲۳، مع شرح الحموي۔والبحرالرائق:۸/٤٧٧،مسائل شتىٰ،كوئته۔وتبيين الحقائق:٦/۲۱۸،مسائل شتىٰ،ملتان۔ وتنقيح الفتاوى الحامدية: كتاب الدعوى).

مذکورہ بالا عباراتِ فقہاء سے مجموعی طور پر یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ کتابتِ مستبینہ مرسومہ نطق کے قائم مقام ہے، اس سے طلاق واقع ہوجاتی ہے،اوراس میں حاضر وغائب کا کوئی فرق نہیں ہے۔

اکابر کے فتاوی ملاحظہ فرمائیں:

الطرائف والظرائف میں حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے استفتاء کے جواب میں حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب،مفتی دارالعلوم دیوبند کی تحریر ملاحظہ فرمائیں:

عباراتِ کتب متعلقہ کتابت طلاق سے یہی ظاہراً ثابت ہوتا ہے کہ حضور زوجہ فی المجلس کی صورت میں بھی طلاق مکتوب صریح وکنایہ واقع ہوجاوے گی اگر غرض ایقاع طلاق ہو نہ تجربہ خط وغیرہ،نکاح میں چونکہ سماع شہود ایجاب وقبول زوجین کو شرط کیا گیا ہے،لہذا بصورت امکان سماع مکتوب کو لغو کہا جاوے تو ممکن ہے اور طلاق میں اس کی حاجت نہیں،شامی کتاب الاقرار میں طلاق کو بھی دیگر دیون وغیرہ کے اقرار کی مثل باللسان وبالبنان دونوں طرح مساوی قرار دیا ہے: فإنه كما يكون باللسان يكون بالبنان درمختار . اور ظاہر ہے کہ اقرار بالدیون اگر بالبنان ہو اور کاتب کو اقرار ہو کہ یہ تحریر میری ہے تو لزوم دین میں تامل نہ ہوگا،اگرچہ شامی نے مسائل شتیٰ میں ایک عبارت اشباہ ونظائر سے یہ مفہوم ہونا ظاہر کیا ہے کہ ناطق حاضر میں کتابت کا اعتبار نہ ہو،مگر ظاہر اس کا یہ ہے کہ شہود مجرد تحریر وکتابت پر شہادت نہیں دے سکتے،کیونکہ مجرد کتابت میں احتمال ہے کہ تجربہ خط وغیرہ کے لیے لکھا ہو،الغرض راجح ومحقق یہ معلوم ہوتا ہے کہ حاضرہ فی المجلس کو بھی طلاق بالکتابۃ واقع ہوتی ہے اور جانب

احتیاط بھی یہی ہے حضرت مولانا محمود حسن صاحب سلمہ ومولانا انورشاہ کی بھی یہی رائے ہے۔فقط والسلام راقم الحروف عزیز الرحمٰن عفی عنہ از دیوبند ۱۳۳۰ھ بروز پنجشنبہ۔

(الطرائف والظرائف:۱۲۔۱۳، فائدۃ فقہیۃ متعلقۃ بالطلاق بالکتابۃ).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

تحریری طلاق زبانی طلاق کی طرح ہے یعنی جو حکم زبان سے بولنے کا ہے وہی حکم تحریر کا ہے۔البتہ حالتِ اکراہ میں یعنی جبراً لکھوانے کی صورت میں جب تک زبان سے طلاق نہ کہے طلاق نہیں ہوتی۔(فتاوی رحیمیہ: ۳۰۹/۸، مبوب ومرتب).

مزید ملاحظہ ہو: امدادالفتاویٰ:۳۸۶/۲۔ واحسن الفتاویٰ:۱۸۴/۵۔

لیکن علامہ شامیؒ نے ایک جگہ تحریر فرمایا ہے: **وظاهره أن المعنون من الناطق الحاضر غير معتبر**. (فتاوی الشامی: ۷۳۷/۶،مسائل شتیٰ،سعید).

اس جزئیہ سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ گونگے کی معنون طلاق حاضر کے لیے معتبر ہے اور ناطق کی مرسوم طلاق حاضر کے لیے معتبر نہیں ہے، لیکن یہاں علامہ شامیؒ نے جس مفہوم مخالف کو ظاہر کہا ہے اس کے مقابلہ میں فقہاء کی صریح عبارات موجود ہیں، مفہوم مخالف کا اعتبار تب ہوگا جب کہ منطوق اس کے خلاف نہ ہو، خود علامہ شامیؒ نے اس کو ظاہر یعنی قیاس کا درجہ دیا محقق نہیں بتایا، نیز علامہ رافعیؒ نے علامہ شامیؒ کے ظاہر کہنے پر اشکال فرمایا، چنانچہ فرماتے ہیں: **(قوله وظاهره) لم يظهر وجه ظهوره من عبارة الأشباه.** (تقريرات الرافعي: ۳۵۵/۶، مسائل شتیٰ، سعید).

کیونکہ ممکن ہے کہ صاحب اشباہ کی عبارت کا یہ مطلب ہو کہ گونگے کی معنون طلاق کا اعتبار ہے غیر معنون کا اعتبار نہیں ہے۔

نیز یہ علامہ شامیؒ کا مسلک مختار نہیں ان کا مسلکِ مختار وہی ہے جو اوپر کی عبارات میں ان ہی کے حوالہ سے مذکور ہوا، لہٰذا معلوم ہوا کہ طلاق بالكتابة المستبينة المرسومة طلاق صریح کے حکم میں ہے، اور جس طرح زبان سے طلاقِ صریح دینے میں بیوی کی موجودگی اور عدم موجودگی برابر ہے یعنی دونوں صورتوں میں بلاشبہ طلاق

واقع ہوجاتی ہے،اسی طرح طلاق بالکتابة المستبینة المرسومة بھی بہرصورت واقع ہوجائے گی،خواہ بیوی موجود ہو یا غائب،اور زبان سے طلاق کے الفاظ ادا کیے ہوں یا ادا نہ کیے ہوں۔

اکثر فقہاء کرام کی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ کتابت اور نطق احکام کے ثابت کرنے میں برابر ہے اگر چہ نطق وکتابت میں فرق ہے اس لیے کہ نطق کو مشبہ بہ اور کتابت کو مشبہ فرماتے ہیں،" الکتاب کالخطاب" جیسے اخرس کی کتابت اور اشارہ میں فرق ہے لیکن اثبات حکم میں دونوں برابر ہے۔

لیکن شمس الدین قاضی زادہ نے ایک اشکال ظاہر فرمایا ہے،ملاحظہ ہو،نتائج الافکار میں ہے:

**قوله وهو بمنزلة النطق فى الغائب والحاضر على ما قالوا، فإنه إذا كان بمنزلة النطق في حق الحاضر أيضاً لم يكن حجة ضرورية، فينبغي أن يكون حجة فى الحدود أيضاً كما كان النطق حجة فيها أيضاً فليتأمل فى المخلص.** (نتائج الافكار: ۱۰/ ۵۲۵،مسائل شتیٰ،دارالفکر).

یعنی جب کتابت نطق کی طرح ہے تو پھر حدود میں حجت ہونی چاہئے؟

لیکن یہ اشکال درست نہیں، کیونکہ حدود کا ثبوت اس طریقہ پر ہوگا جو طریقہ شریعت میں وارد ہے، کتابت کا طریقہ وارد نہیں ہے، جیسے عام طور پر ایک مرتبہ کا اقرار کافی ہوتا ہے، لیکن حد زنا میں احادیث میں چار مرتبہ اقرار وارد ہے،اس لیے چار مرتبہ ضروری ہوگا۔

نیز حدود شبہات سے ساقط ہوجاتے ہیں۔

اگر نطق کو فی الحاضر مؤثر اور کتابت کو غیر مؤثر مان لیں تو پھر طلاق بالکتابت میں قادر علی النطق کو کتابت کے ساتھ نطق بھی کرنا چاہئے،چاہے گواہوں کے سامنے کرے یا بغیر گواہوں کے،جیسے نکاح میں تلفظ ضروری ہے، مثلاً زید نے ہندہ کو نکاح کا پیغام لکھ کر بھیجا تو قبول کرنے سے پہلے گواہوں کے سامنے اس کا پڑھنا اور پھر قبول کرنا ضروری ہے تاکہ ایجاب وقبول مکمل ہو۔

نیز اگر کوئی شخص دربن سے جہانسبرگ طلاق نامہ لکھ کر بھیج دے تو طلاق واقع ہوجائے گی،حالانکہ اس زمانہ میں وہ تلفظ پر بذریعہ ٹیلی فون مع معرفۃ الصوت قادر ہے، پھر کیوں طلاق واقع ہوتی ہے؟

نیز وصیت میں کتابت چلتی ہے ،لیکن اگر وہ نطق پر قادر ہے تو اس کو زبانی وصیت کرنا چاہئے ،کتابت

کا اعتبار نہیں ہونا چاہئے۔

نیز احادیث کی اجازت بالمشافہہ کتابۃً معتبر ہے، حالانکہ تلفظ پر قادر ہے تو کتابۃً اجازت معتبر نہیں ہونا چاہئے۔

اعلاء السنن میں ہے:

أن يكتب الشيخ مسموعه لحاضر أو غائب بخطه أو بأمره. وأما المجردة فتمنع الرواية بها، وأجازه كثيرون من المتقدمين والمتأخرين. (اعلاء السنن :۸/۱٦٧).

بیع کے لیے شرعاً " اشتریت " کے الفاظ ہیں، حالانکہ تعاطی سے بھی بیع منعقد ہوتی ہے، جب تلفظ پر قادر ہے تو تعاطی سے بیع کیوں منعقد ہوتی ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن جحشؓ کو خط دیا اور فرمایا اس کو فلاں جگہ سے پہلے نہ کھولو، اور وہاں جا کر پڑھو۔ (بخاری کتاب العلم).

اگر کتابت بغیر قراءت کے حاضر میں معتبر نہیں تو یہ مکتوب غیر معتبر ہو جائے گا۔

مدرسہ کے دفتر اہتمام کی طرف سے امتحان کا اعلان آویزاں کیا جاتا ہے، زبانی اعلان نہیں ہوتا، اگر طلبہ امتحان میں شرکت نہ کریں اور کہیں کہ آپ نے باوجود ناطق ہونے کے تحریر لکھی جو غیر معتبر ہے، لہذا یہ اعلان غیر معتبر ہے، تو ہم کیا کہیں گے؟

اگر مسجد کے بورڈ پر نماز کے ٹائم کا اعلان لگا دیا جائے اور امام وقت مقرر پر نہ آئے اور کہیں کہ تلفظ پر قدرت کے باوجود آپ کی تحریر معتبر نہیں تو ہم کیا کہیں گے؟

لہذا تحریر کو غیر معتبر ماننے سے بے شمار مسائل پیدا ہوں گے۔

باقی جہاں فقہاء نے مکرہ کی طلاقِ مکتوب کو نہیں مانا اور صرف طلاق مکرہ میں ایسا کیا اس میں استحسان للضرورۃ یعنی دفع الظلم کا دخل ہے، تا کہ وہ ظلم سے بچے، ظلم سے بچنے کے لیے حیلہ بھی کافی ہے، جیسے ظالم کے استحلاف کے وقت ظلم سے بچنے کے لیے کوئی شخص طلاقِ ثلاثہ دیدے اور گواہ پیش کرے کہ جھوٹی قسم تھی، ہمارے اکراہ طلاق میں بھی اعراض من التلفظ إلى الكتابة کو ظلم سے بچنے کا ذریعہ بنایا گیا۔

لأن الكتابة أقيم مقام العبارة باعتبار الحاجة ولاحاجة ههنا. کا مطلب یہی ہے کہ عبارت کو چھوڑ کر کتابت کو اختیار کرنا کسی حاجت ومقصد کی وجہ سے ہوتا ہے، اور یہاں صرف جان چھڑانا مقصود ہے اور کوئی حاجت نہیں، لہذا اس کی جان چھوٹ گئی اور طلاق واقع نہیں ہوئی، اب اگر کوئی شخص لکھتا ہے تو اس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہے، بیوں کا مطالبہ مکتوب کا ہے، تا کہ آئندہ سندرہے، یا اس کو عدالت میں پیش کرنا ہوگا، یا بیوی سے خائف ہے زبانی طلاق نہیں دے سکتا، یا اس لیے کہ یہ قلم وکتابت کا زمانہ ہے۔صرف جان چھڑانا مقصود نہیں ہے۔

(۲) بے شمار احکام عرف پر مبنی ہوتے ہیں، اس مسئلہ میں جیسے بیع میں عرف کا اعتبار کرلیا جائے اور آجکل کے عرف میں کتابت کالنطق ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ مضبوط ہے، اس لیے حضرت مولانا تھانویؒ، حضرت شیخ الہندؒ، حضرت مفتی عزیز الرحمٰنؒ اور حضرت انور شاہ کشمیریؒ نے کتابت کو تلفظ کے برابر تسلیم کیا۔

خصوصاً اس زمانہ میں کتابت کو غیر مؤثر تسلیم کرنا سمجھ میں نہیں آتا۔

شرح مجلّہ میں مذکور ہے:

(المادة: ١٦٠٩): إن سند الدين الذي يكتبه الرجل أويستكتبه ويعطيه لآخر فمضى بإمضائه أومختوماً بختمه يعد إقراراً بالكتابة ويكون معتبراً ومرعياً كتقريره الشفاهي إذا كان مرسوماً أى إذاكان قدكتب موافقاً للرسم، والعادة والوثائق المعلمة بالقبض المسماة بالوصول هي من هذا القبيل أيضاً... (شرح المجلة: ص٩٠٢).

(المادة: ١٦١٠): من كتب سنداً أواستكتبه مرسوماً على الوجه السابق وأعطاه فمضى أومختوماً إذا أقر بأنه له ولكنه أنكر الدين الذي حواه فلا يعتبر إنكاره ويلزمه أداء ذلک الدين. (شرح المجلة: ٩٠٤).

نیز مفتی محمد اشرف صاحب ''مفتی جامعہ محمودیہ اسپرنگ'' فقہاء کی عبارات ذکر کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں:

مندرجہ بالا مسائل وعبارات سے چند امور ثابت ہوئے:

(۱) کتابت مستبینہ تلفظ کے حکم میں ہے۔

(۲) مستبینہ مرسومہ صریح کے حکم میں ہے۔

(۳) مستبینہ غیر مرسومہ کنایہ کے حکم میں ہے۔

(۴) کتابت اگر معلق نہ ہو تو وہ طلاق منجز کے حکم ہے، اور لکھنے کے ساتھ ہی واقع ہو جائے گی۔

(۵) کتابت مستبینہ کو مٹانا ایسا ہے جیسے تعلیق سے رجوع کرنا اور تعلیق سے رجوع نہیں ہوسکتا۔

(۶) کتابت اگر ثابت ہو جائے تو وہ قضاءً معتبر ہے، شوہر کے انکار کی تصدیق نہیں کی جائے گی۔

...سابق بحث خصوصاً کتابت کے احکام سے متعلق مطلق عبارتیں، تحریر کا قضاءً معتبر ہونا، المرأۃ کالقاضی اورآج کل کے حالات وعرف کے تقاضے کے مطابق ہماری رائے یہ ہے کہ بیوی خواہ سامنے موجود ہو یا غائب ہو، ہرصورت میں کتابت اپنی شرائط وتفصیل کے ساتھ معتبر ہے۔

آج کل کا عرف یہ ہے کہ لوگ تحریر کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں، بعض دفعہ کلام کرنے کے بجائے تحریر ہی کرتے ہیں کیونکہ وہ باقی رہتی ہے، سند بنتی ہے اور بوقتِ ضرورت کام آتی ہے خصوصاً اہم معاہدوں کے وقت تحریر کا زیادہ اہتمام کیا جاتا ہے۔ (ملخص از فتویٰ مفتی اشرف صاحب زید مجدہ، ۱۶/ رجب ۱۴۲۴ھ مطابق ۱۳/ ستمبر ۲۰۰۳ء).

نیز دارالافتاء دارالعلوم کراچی سے بھی تفصیلی فتویٰ شائع ہوا ہے، اس میں بھی ثابت کیا ہے کہ بیوی کی موجودگی میں تحریری طلاق معتبر ہے۔ اور چند مفتی حضرات کی دستخط بھی موجود ہے۔ اور پاکستان کے دارالافتاؤں کا یہی فتویٰ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## طلاق بالکتابت فی الحاضر کا ایک مسئلہ:

**سوال:** یہاں جنوبی افریقہ میں ایک صاحب نے اپنی حاضر بیوی کو تین طلاقیں کاغذ پر لکھ کر دیں، بعض مفتی حضرات نے اس کو لغو قرار دیا اور شامی کی اس عبارت سے استدلال کیا: **لكن في الدر المنتقى عن الأشباه أنه في حق الأخرس يشترط أن يكون معنوناً وإن لم يكن لغائب وظاهره أن المعنون من الناطق الحاضر غير معتبر**. (شامی:۶/۷۳۷) یعنی ناطق حاضر کی طلاق معنون ''جو عرف و عادت کے مطابق لکھی گئی ہو'' معتبر نہیں، اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** بیوی کی موجودگی میں دی ہوئی تحریری طلاق واقع ہوتی ہے اس مسئلہ میں چند سال پہلے یہاں مفتیوں کا اجلاس بھی ہوا تھا، بہت سارے مفتیوں کی رائے آخر میں یہ ٹھہری کہ طلاق ہو جاتی ہے اب اس نئے واقعہ کی وجہ سے یہ مسئلہ دوبارہ اٹھا، فقہاء احناف کی چند عبارات ملاحظہ ہو:

**وهو أى المستبين بمنزلة النطق فى الغائب والحاضر على ما قالوا فإنه إذا كان بمنزلة النطق في حق الحاضر أيضاً لم يكن حجة ضرورية**. (تكملة فتح القدير: ۱۰/۵۲۵، دار الفكر).

شامی میں ہے: **فهذا أى المستبين كالنطق فلزم حجة**. (فتاوى الشامي:۶/۷۳۷، سعيد، وشرح الحموى على الاشباه:۳/۱۲۳، احكام الكتابة).

**وهو يجرى مجرى النطق فى الحاضر والغائب**. (حاشية الكنز من ملامسكين والعينى، ص ۴۹۰، ورمز الحقائق:۲/۴۹۹، مسائل شتىٰ).

**وهو أى هذا المذكور من الكتابة كالنطق فى الغائب والحاضر على ما قالوا فيلزم حجة وفي زماننا الختم شرط لكونه معتاداً**. (مجمع الانهر:۲/۷۳۳، داراحياء التراث العربى).

**ثم الكتابة على ثلاثة أوجه مستبين مرسوم ...وهويجري مجرى النطق فى الحاضر والغائب على ما قالوا**. (عالمكيريه:۶/۴۴۲، مسائل شتىٰ).

**ثم الكتاب على ثلاث مراتب مستبين مرسوم وهو بمنزلة النطق فى الغائب والحاضر**

**علی ما قالوا** .(الهداية ، مسائل شتى: ٤/٥٠٧).

**والحاصل أن كل كتاب يحرر على الوجه المتعارف من الحاضر حجة على كاتبه كالنطق باللسان** .(دررالحكام شرح مجلة الاحكام ،مادة الكتاب كالخطاب ،لعلى حيدر).

**الموسوعة الفقهية** میں ہے:

**وجه انعقاد العقود بالكتابة هو أن القلم أحد اللسانين كما قال الفقهاء بل ربما تكون هي أقوى من الألفاظ ولذلك حث الله المؤمنين على توثيق ديونهم بالكتابة** . (الموسوعة الفقهية الكويتية،مادة : العقدبالكتابة او الرسالة، ٣٠/٢١٠،وزارة الاوقاف ،الكويت).

مذکورہ بالاعبارات سے واضح ہوا کہ تحریری طلاق واقع ہوجاتی ہے بیوی سامنے ہو یا غائب ہو،اور شامی کی عبارت سے جو استدلال کیا جاتا ہے اس کے جوابات حسبِ ذیل ہیں:

(۱) علامہ شامیؒ کی یہ رائے مذکورہ بالا کتبِ فقہیہ کے خلاف ہے اس لیے یہ مرجوح ہے اور وقوعِ طلاق کا قول راجح ہے۔

(۲) شامیؒ کے محشی علامہ رافعیؒ نے اس کی تردید فرما کر غیر ظاہر ہونے کا حکم کیا، چنانچہ فرماتے ہیں: **لم يظهر وجه ظهوره من عبارة الأشباه** . (تقريرات الرافعي ،ضميمه شامي:٦/٣٥٥).

(۳) یہ عبارت خود علامہ شامی کی دوسری عبارت کے خلاف ہے،لہذا جو عبارت بقیہ کتبِ فقہ کے موافق ہے،مثلاً " **فهذا كالنطق فلزم حجة** " (شامي:٦/٧٣٧) تو اسی کا اعتبار ہوگا۔جب کہ علامہ شامی نے "**ظاهره أن المعنون من الناطق الحاضر** ،فرما کر اس کو ماقبل سے بطریق دلالتِ التزامی یا مفہوم مخالف ثابت کیا ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ منطوق غیر منطوق (مفہوم مخالف) پر مقدم ہے۔

(۴) مفتی عزیز الرحمٰن صاحب ،حضرت شیخ الہندؒ ،حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ ،حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ ،ان تمام حضرات نے عام فتاویٰ کی کتابوں کے فتویٰ کو قبول فرمایا،اور شامی کی عبارت کو قبول نہیں فرمایا۔

چنانچہ الطرائف والظرائف (بیاض اشرفی، ص۲۴) کی فوٹو کاپی ملاحظہ فرمائیں:

۲۴

## فائدة فقهية متعلقة بالطلاق بالكتابة

از بندہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ بملاحظہ حضرت مخدومی مکرمی مولانا محمد اشرف علی صاحب مدفیضہ۔ عبارات کتب متعلقہ کتابت طلاق سے یہی ظاہر ثابت ہوتا ہے کہ حضور زوجہ فی المجلس کی صورت میں بھی طلاق مکتوب صریح وکنایہ واقع ہوجاوے، اگر غرض ایقاع طلاق ہو نہ تجربہ خط وغیرہ نکاح میں چونکہ سماع شہود ایجاب وقبول زوجین کو شرط کیا گیا ہے۔ لہٰذا بصورت امکان سماع مکتوب کو لغو کیا جاوے تو ممکن ہے اور طلاق میں اس کی حاجت نہیں۔ شامی کتاب الاقرار میں طلاق کو بھی دیگر دیون وغیرہ کے اقرار کی مثل باللسان وبالبنان دونوں طرح مساوی قرار دیا ہے فانہ کما یکون باللسان یکون بالبنان درمختار اور ظاہر ہے کہ اقرار بالدیون اگر بالبنان ہو اور کاتب کو اقرار ہو کہ یہ تحریر میری ہے تو لزوم دین میں تامل نہ ہوگا۔ اگرچہ شامی نے مسائل شتی میں ایک عبارت اشباہ ونظائر سے یہ مفہوم ہونا ظاہر کیا ہے کہ ناطق حاضرین کتابت کا اعتبار نہ ہو مگر ظاہر اس کا یہ ہے کہ شہود مجرد تحریر کتابت پر شہادت نہیں دے سکتے، کیونکہ مجرد کتابت میں احتمال ہے کہ تجربہ خط وغیرہ کے لئے لکھا ہو۔ الغرض راجح ومحقق یہ معلوم ہوتا ہے کہ حاضرہ فی المجلس کو بھی طلاق بالکتابۃ واقع ہوتی ہے اور جانب احتیاط بھی یہی ہے۔ حضرت مولانا محمد حسن صاحب سلمہ ومولانا انورشاہ کی بھی یہی رائے ہے۔ فقط والسلام

راقم عزیز الرحمٰن عفی عنہ دیوبند

۱۴؍ ۱۳۳۲ھ بروز پنجشنبہ

(۵) اس عبارت کا تعلق مسئلہ اکراہ سے ہے، کیونکہ علامہ شامیؒ نے یہ عبارت اشباہ بلکہ شرح اشباہ سے نقل فرمائی ہے، اور وہ خانیہ سے نقل کرتے ہیں دیکھئے: (اشباہ مع شرح الحموی:۳/۱۲۳) اور شرح اشباہ اور خانیہ کی عبارت میں اکراہ کا مسئلہ موجود ہے، حالتِ اختیار میں حاضر بیوی کا مسئلہ مذکور نہیں ہے۔

فتاوی قاضیخان کی عبارت ملاحظہ ہو:

رجل أكره بالضرب والحبس على أن يكتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان ابن فلان فكتب امرأته فلانة بنت فلان ابن فلان طالق لاتطلق امرأته لأن الكتابة أقيمت مقام العبارة

**باعتبار الحاجة ولاحاجة ههنا.** (فتاوی قاضیخان علی هامش الهندية:۱/۴۷۲ـشرح الاشباه :۱۲۳/۳).

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ حالتِ اکراہ میں اگر کسی نے اپنی بیوی کو طلاق لکھ کر دیدی تو طلاق واقع نہیں ہوگی، کیونکہ کتابت ضرورت کی وجہ سے قائم مقام عبارت ہے اور یہاں ضرورت نہیں یعنی سابقہ عبارات کی روشنی میں کتابت حجتِ اصلیہ ہے لیکن حالتِ اکراہ میں عدم وقوعِ طلاق کا فیصلہ کر کے کتابت کو حجتِ ضروریہ تسلیم کیا گیا۔

عام حالات میں تو کتابت حجتِ اصلیہ اور عبارت کی طرح ہے لیکن حالتِ اکراہ میں اس کے نافذ کرنے کی ضرورت نہیں اور یہ موثر نہیں، یعنی حالتِ اکراہ میں کتابت کا اعتبار نہیں، چاہے بیوی حاضر ہو یا غائب، لہذا اکراہ کے مسئلہ کا تعلق بیوی کے حاضر یا غائب ہونے سے نہیں بلکہ اس صورت میں اس کو حجتِ ضروریہ تسلیم کیا گیا، عام حالات میں کتابت کا حجتِ اصلیہ ہونا سابقہ عبارات میں بحر و فتح القدیر میں مذکور ہے۔

اس مسئلہ کی مزید تفصیل محترم مولانا مفتی محمد رضوان صاحب کے رسالہ ''تحریری اورزبردستی طلاق کی تحقیق'' میں موجود ہے، وہاں ملاحظہ فرمالیں، یہ رسالہ بہت سارے مفتیوں کی تقریظات سے آراستہ ومزین ہے۔واللہ ﷻ اعلم۔

## غیر معتاد طریقہ پر طلاق بالکتابت کا حکم:

**سوال:** زید کرسی پر بیٹھا تھا اس کے سامنے میز پڑی تھی، اس نے میز پر اپنی بیوی کا نام لکھ کر تین طلاق لکھ دی اور یہ لکھا: ''میری بیوی زینب کو تین طلاق'' بعد میں کہا کہ ہمارا کوئی جھگڑا نہیں تھا اور نہ غصہ میں لکھا، بلکہ میں مذاق کر رہا تھا، کیا طلاق ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** غیر معتاد طریقہ پر طلاق لکھنے سے بغیر نیت کے طلاق واقع نہیں ہوتی، ہاں طلاق کی نیت سے لکھا تو طلاق واقع ہوجائیگی۔اورصورتِ مسئولہ میں چونکہ مذاق میں طلاق کے الفاظ میں طلاق واقع کرنے کی نیت نہیں ہے، اس لیے طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ ہو شامی میں ہے:

**ومستبین غیر مرسوم کالکتابة علی الجدران وأوراق الأشجار أوعلی کاغذ لا علی الوجه المعتاد فلا یکون حجة إلا بانضمام شيء آخر إلیه کالنیة** . (فتاوی الشامي ،مسائل شتیٰ ٦/٧٣٧).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

کتابت مستبینہ غیر مرسومہ سے طلاق ایسی صورت میں واقع ہوگی جب کہ شوہر کہے کہ میری نیت بیوی کو طلاق دینے کی تھی۔ ردالمحتار میں ہے: **وإن کانت مستبینة لکنها غیر مرسومة إن نوی الطلاق یقع وإلا لا** . ( مجموعہ قوانین اسلامی،ص ۱۳۰).

**مزید ملاحظہ ہو:** (مجمع الانهر: ٢/٧٣٣، والفتاوی الهندیة: ٦/٤٤٢). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بجبر واکراہ تحریری طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک عورت نے طلاق نامہ لکھواکر ایک پولیس کو اپنے ہمراہ کیا اور شوہر کے پاس گئی، پولیس والے نے شوہر کو دھمکی دی کہ اس پرچہ پردستخط کردو ورنہ گولی ماردوں گا، اس نے پوچھا اس میں کیا لکھا ہے، پولیس والے نے کہا ایک طلاق، شوہر نے بجبر واکراہ بادل ناخواستہ اس طلاق نامہ پردستخط کردی، بعد میں بتایا کہ اس میں تین طلاق لکھی تھی، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کتنی طلاق واقع ہوئی ایک یا تین؟

**الجواب:** طلاق بالکتابۃ میں شرعاً شوہر کی رضامندی سے طلاق واقع ہوتی ہے، یعنی شوہر نے ازخود اپنی رضامندی سے طلاق نامہ لکھایا اس نے برضاورغبت طلاق نامہ پردستخط کردی، لیکن بجبر واکراہ طلاق نامہ لکھوانے یا طلاق نامہ پر جبراً دستخط کرالینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی، لہذا بصورتِ مسئولہ اگر شوہر نے زبان سے کچھ نہیں کہا تو طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**وفي البحر:... فلو أکره علی أن یکتب طلاق امرأته فکتب لا تطلق**. (فتاوی الشامي: ٣/٢٣٦، مطلب في الاکراہ علی التوکیل ...،سعید).

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**رجل أكره بالضرب والحبس على أن يكتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان بن فلان فكتب امرأته فلانة بنت فلان بن فلان طالق لاتطلق امرأته.** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/ ٤٧٣، الطلاق بالكتابة).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

**وفي الظهيرية: رجل أكره بالضرب والحبس على أن يكتب طلاق امرأته فكتب فلانة بنت فلانة امرأته طالق، وفي الحاوي: ولم يعبر بلسانه لا تطلق.** (الفتاوى التاتارخانية: ٣/ ٣٨٠، ايقاع الطلاق بالكتابة).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

بجبر طلاق نامہ پر دستخط کرا لینے سے جب کہ زبان سے طلاق نہیں دی، اور نہ خود لکھی، طلاق واقع نہیں ہوئی۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۹/۱۵۴، مدلل مکمل)۔

کتاب الفتاوی میں ہے: پولیس کی دھمکی بھی ''اکراہ'' میں داخل ہے۔ (کتاب الفتاویٰ: ۵/۹۰)۔

مزید ملاحظہ فرمائیں: (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۳۵، دفعہ ۶۔ وامداد المفتین: جلد دوم: ۶۳۵، دارالاشاعت۔ وکتاب الفتاویٰ: ۵/۱۰۲)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بحالتِ نشہ طلاق نامہ پر دستخط کروانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کے دشمنوں نے اسے شراب پلا کر یا کسی اور طرح بے ہوش کر دیا، پھر ایک وثیقہ نویس (طلاق نامہ لکھنے والے اور عرضی لکھنے والے) کو ساتھ لے کر نشہ کی حالت میں اس طلاق نامہ پر اس کی انگشت کا نشان لگوالیا، یا اس کے دستخط کروا لیے، پھر ان لوگوں نے اس کی زوجہ کو اس کی طرف سے طلاق لکھ دی، لیکن اس شخص کو اور اس کی زوجہ کو طلاق نامہ کی کچھ خبر نہیں، الغرض پوری کارروائی دھوکہ سے کی گئی، کیا اس صورت میں اس کی زوجہ پر طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دھوکہ بازی اور بغیر اطلاع کے سادہ کاغذ پر دستخط کروانے سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ ہو فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

فرضی طور سے کسی کی طرف سے طلاق نامہ لکھ دینے سے اور بدون اطلاع اس امر کے کہ اس کاغذ میں طلاق لکھی ہوئی ہے، شوہر کا انگوٹھا لگوا لینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی، اسی طرح سفید سادہ کاغذ پر کسی حیلہ سے شوہر کا انگوٹھا لگوا کر بعد میں اس کاغذ میں طلاق لکھ دینے سے شوہر کی طرف سے طلاق واقع نہ ہوگی۔

**كما في حديث ابن ماجة: " الطلاق لمن أخذ بالساق" .الخ.** اور شامی میں ہے: **وكذا كل كتاب لم يكتبه بخطه ولم يمله بنفسه لايقع الطلاق مالم يقر أنه كتابه.**

پس اس صورت میں شوہر کی طرف سے طلاق نہیں ہوئی۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند:۹/۱۰۲، دارالاشاعت).

وکذا فی فتاوی محمودیہ:۱۲/۶۴۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## زبان سے کہے بغیر محض تحریری طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو صرف تحریری طلاق لکھ کر بھیج دی، مگر زبان سے کچھ نہیں کہا، اس صورت میں طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اپنی رضامندی سے تحریری طلاق خود لکھنے یا دوسرے سے لکھوانے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے، اگرچہ زبان سے کچھ نہ کہا ہو، اس لیے کہ وقوع طلاق کے لیے تکلم شرط نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو بدائع الصنائع میں ہے:

**وكذا التكلم بالطلاق ليس بشرط فيقع الطلاق بالكتابة المستبينة وبالإشارة المفهومة من الأخرس لأن الكتابة المستبينة تقوم مقام اللفظ.** (بدائع الصنائع:۳/۱۰۰، شرائط ركن الطلاق، سعيد).

درمختار میں ہے:

كتب الطلاق، إن مستبيناً على نحو لوح وقع إن نوى، وقيل مطلقاً ، ولوعلى نحو الماء فلا ، مطلقاً، ولو كتب على وجه الرسالة والخطاب كأن يكتب يافلانة : إذا أتاك كتابي هذا فأنت طالق طلقت بوصول الكتاب جوهرة.

وفي الشامية: (قوله كتب الطلاق الخ) قال في الهندية: الكتابة على نوعين : مرسومة وغيرمرسومة، ونعني بالمرسومة أن يكون مصدراً ومعنوناً مثل مايكتب إلى الغائب وغيرالمرسومة أن لايكون مصدراً ومعنوناً، وهو على وجهين مستبينة وغير مستبينة، فالمستبينة مايكتب على الصحيفة والحائط والأرض على وجه يمكن فهمه وقراء ته، وغيرالمستبينة مايكتب على الهواء والماء وشيء لايمكن فهمه وقراء ته. ففي غير المستبينة لايقع الطلاق وإن نوى ، وإن كانت مستبينة لكنهاغيرمرسومة إن نوى الطلاق يقع وإلا لا ، وإن كانت مرسومة يقع الطلاق نوى أولم ينو ، ثم المرسومة لاتخلوإما أن أرسل الطلاق بأن كتب : أما بعد فأنت طالق، فكماكتب هذا يقع الطلاق وتلزمها العدة من وقت الكتابة ، وإن علق طلاقها بمجئ الكتاب بأن كتب :إذا جاء ک كتابي فأنت طالق فجاء ها الكتاب فقرأ ته أولم تقرأ يقع الطلاق كذا في الخلاصة. (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۲٤٦،مطلب في الطلاق بالكتابة،سعيد).

مزید ملاحظہ ہو: (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار:۲/۱۱۱،كوئته۔والفتاوى الهندية:۱/۳۷۸۔وبدائع الصنائع:۳/۱۰۹،سعيد۔ومجموعه قوانين اسلامى :۱۲۹۔وفتاوى دارالعلوم ديوبند: جلددوم : ٦۳۳۔وفتاوى محموديه:۱۲/۵۸۳). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## مولوی صاحب کے کہنے پر طلاق نامہ لکھنے کا حکم:

**سوال:** میں نے اپنی مخطوبہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ نکاح کرلیا، مگر میری مخطوبہ اس کے باوجود میرے انتظار

میں بیٹھی رہی، آخرلوگوں کے کہنے سے نکاح کی تیاری ہوئی،لیکن عین موقع پراس کے والد نے کہا پہلی زوجہ کو طلاق دیدو، میں نے صاف انکارکردیا،ایک روزمولوی صاحب نے کہاتم کاغذلکھ دوتو ان کی زبان بند ہوجائے گی،اورصرف لکھنے سے طلاق نہیں ہوتی،مولوی صاحب کے کہنے کی وجہ سے مجھے یقین ہوا کہ صرف لکھنے سے طلاق نہیں ہوگی،مولوی صاحب مضمون بتلا تے تھےاور میں لکھتا تھا،تین طلاق کالفظ بھی لکھوایااورزوجہ کا نام وغیرہ بھی لکھوایا،اس صورت میں شریعت کا کیاحکم ہےطلاق ہوئی یانہیں؟

**الجواب:** جس طرح زبانی طلاق واقع ہوتی ہےاسی طرح تحریری طلاق بھی واقع ہوجاتی ہے،چنانچہ بصورتِ مسئولہ باضابطہ طلاق نامہ یامکتوب بعنوان ومخاطب لکھاہے،لہٰذا تلفظ کے قائم مقام ہوکر بلانیت طلاق واقع ہوگئی۔

ملاحظہ ہوفتاوی شامی میں ہے:

اعلم أن هذا في كتابة غيرمرسومة أى غيرمعتادة ، لما فى التبيين وغيره أن الكتاب على ثلاثة مراتب: مستبين مرسوم وهوأن يكون معنوناً : أى مصدراً بالعنوان ، وهو أن يكتب في صدره من فلان إلى فلان على ماجرت به العادة فهذاكالنطق فلزم حجة ومستبين غيرمرسوم كالكتابة على الجدران وأوراق الاشجار...وغيرمستبين كالكتابة على الهواء أوالماء...والحاصل أن الاول صريح والثانى كناية والثالث لغو. (فتاوى الشامي:٦/٧٣٧،مسائل شتىٰ، سعيد).

بدائع الصنائع میں ہے:

وإن كتب كتابة مرسومة على طريق الخطاب والرسالة مثل أن يكتب أما بعد يافلانة فأنت طالق أوإذا وصل كتابي إليک فأنت طالق يقع به الطلاق ولوقال: ما أردت به الطلاق أصلاً لايصدق، إلا أن يقول: نويت طلاقاً من وثاق فيصدق فيما بينه وبين الله عزوجل لأن الكتابة المرسومة جارية مجرى الخطاب ألا ترى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يبلغ بالخطاب مرة و بالكتاب أخرى و بالرسول ثالثاً وكان التبليغ بالكتاب والرسول

**كالتبليغ بالخطاب فدل أن الكتابة المرسومة بمنزلة الخطاب فصار كأنه خاطبها بالطلاق عند الحضرة فقال لها: أنت طالق** .(بدائع الصنائع:۳/ ۱۰۹،سعید).

دررالحکام شرح مجلۃ الاحکام میں ہے:

**المادة : ٦٩ : ــ الكتاب كالخطاب...والحاصل أن كل كتاب يحرر على وجه المتعارف من الناس حجة على كاتبه كالنطق باللسان** . (دررالحكام شرح مجلة الاحكام :٦٢/١،دارالكتب العلمية). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## طلاق نامہ پر دستخط کرنے سے طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص اپنی بیوی کو طلاق دینا نہیں چاہتا تھا،لیکن بیوی نے محکمہ میں جا کر مقدمہ دائر کیا اور طلاق نامہ لکھوا کر شوہر کے سامنے دستخط کے لیے پیش کر دیا،اب اگر شوہر اس طلاق نامہ پر دستخط کر دے تو طلاق ہوگی یا نہیں؟ جب کہ بیوی کے بھائی دستخط کرنے پر مجبور کر رہے ہیں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر اگر اپنی رضامندی سے دستخط کر دے تو طلاق واقع ہو جائے گی،لیکن اگر بیوی کے بھائی انتہائی سخت مار پٹائی یا پولیس وغیرہ کی دھمکی دیکر جبراً دستخط کروالے اور شوہر زبان سے کچھ نہ کہے تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**وفي البحر:...فلو أكره على أن يكتب طلاق امرأته فكتب لاتطلق**.(فتاوى الشامي:۳/ ۲۳٦،مطلب في الاكراه على التوكيل ...،سعيد).

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**رجل أكره بالضرب والحبس على أن يكتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان بن فلان فكتب امرأته فلانة بنت فلان بن فلان طالق لاتطلق امرأته**. (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ۱/ ٤٧٣،الطلاق بالكتابة).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

وفي الظهيرية: رجل أكره بالضرب والحبس على أن يكتب طلاق امرأته فكتب فلانة بنت فلانة امرأته طالق، وفي الحاوي: ولم يعبر بلسانه لاتطلق. (الفتاوى التاتارخانية:۳/۳۸۰،ايقاع الطلاق بالكتابة).

حضرت مفتی محمد شفیع صاحب فرماتے ہیں:

زید سسرال گیا اس کی سسرال والوں نے طلاق دینے پر مجبور کیا اور طلاق نامہ لکھ کر اس پر جبراً انگوٹھا زید سے لگوالیا لیکن زید نے زبان سے الفاظ طلاق نہیں کہے، اس صورت میں زید کی زوجہ پر طلاق واقع نہیں ہوئی۔ (ملخص از امداد المفتین: ۶۳۴، جلد دوم، دارالاشاعت)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## طلاق نامہ بھیجنے کے بعد تصدیق کے لیے دوسرا خط بھیجنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق نامہ لکھ کر بھیج دیا، پھر اس کی تصدیق کے لیے دوبارہ خط لکھ کر بھیجا تو کتنی طلاق واقع ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شوہر نے دوسرے خط میں پہلے خط کی تصدیق کی نیت کی تھی نئی طلاق مقصود نہیں تھی تو اس کی زوجہ پر صرف ایک طلاق واقع ہوگئی۔

اور اگر دوسرا خط دوسری طلاق کے ارادہ سے لکھا تھا تو دو طلاقیں واقع ہوں گی۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

كرر لفظ الطلاق وقع الكل وإن نوى التاكيد دين، قوله وإن نوى التاكيد أى وقع الكل قضاءً وكذا إذا أطلق أشباه: أى بأن لم ينو استينافاً ولا تأكيداً لأن الأصل عدم التاكيد. (فتاوى الشامي:۳/۲۹۳،سعيد).

اگر عدت گزری ہو تو بہر حال دونوں صورتوں میں تجدید نکاح کی گنجائش ہے، البتہ پہلی صورت میں تجدید نکاح کے بعد شوہر کو دو طلاقوں کا حق ملے گا، اور دوسری صورت میں صرف ایک طلاق کا حق حاصل ہوگا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## میاں بیوی کے ایک معاہدے پر دستخط کرنے کا حکم:

**سوال:** میاں بیوی اگر ایسے معاہدہ (Agreement) پر دستخط کریں جس میں اور باتوں کے ساتھ یہ بھی درج ہوں ''ہم میاں بیوی کا باہم مل کر رہنا ناممکن ہو چکا ہے'' تو شرعاً ایسے معاہدہ پر دستخط کرنے سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ایسے معاہدہ پر دستخط کرنے سے طلاق واقع نہیں ہوگی، اس لیے کہ یہ الفاظ طلاق ہی نہیں، ہاں اگر اس کے بعد یا اس کے علاوہ دوسرے الفاظ کہد ئے ہوں تو پھر سوال کیا جائے۔

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب فرماتے ہیں:

سوال: شوہر نے اپنی خوشدامن کو ایک تحریر لکھی کہ آپ کی لڑکی کا اور میرا نباہ دنیا میں مشکل ہے، اب وہ کہتا ہے کہ یہ تحریر میں نے یوں ہی لکھدی تھی قطع تعلق کا ارادہ نہ تھا آیا اس فقرہ سے طلاق بائن پڑی یا نہیں؟

الجواب: اس صورت میں طلاق واقع نہیں ہوئی کیونکہ نباہ کو مشکل کہنا نہ صریح طلاق ہے نہ کنایہ۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۳۸۱/۹، مدلل مکمل)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## تحریری طلاق معلق کرنے کا حکم:

**سوال:** میری اہلیہ اور والدین کا ہمیشہ جھگڑا رہتا ہے، والدین کی شکایت رہتی ہے کہ تمہاری اہلیہ کام کاج وغیرہ نہیں کرتی، اور والدین گھر میں رکھنا نہیں چاہتے، اور والد صاحب نے مجھ کو خط لکھا کہ میں اپنی اہلیہ کو شرطیہ طلاق دیدوں، اور اگر نہ دوں تو والدین ناراض رہیں گے، حالانکہ میرا اور اہلیہ کا کوئی جھگڑا نہیں، بلکہ ہم اچھی طرح زندگی گزارتے ہیں، اور میری اولاد بھی ہیں، نیز شرطیہ طلاق کی تحریر والد صاحب نے خود لکھ کر مجھے دی ہے کہ میں نقل کر کے اہلیہ کو پہنچا دوں، والد صاحب کی تحریر حسب ذیل درج کر رہا ہوں:

میری بیوی شمیمہ خاتون بنت نصیر الدین خوب غور سے سنو تم میری بیوی ہو میں تم کو خرچہ دوں گا جہاں تم رہوگی، لیکن تم نے میری غیر موجودگی میں میرے والدین کے گھر میں چند ہفتے کے لیے مالکانہ تصرف کر کے میرے والدین کو روحی اور جسمانی تکلیف واذیت پہنچائی ہے اس سے مجبور ہوکر وہ مجھ کو اپنی ملکیت سے محروم کرر ہے ہیں، جس کی وجہ سے میں ان کی بات اور شرط کو ماننے پر مجبور ہوں کہ تم اپنی پوری زندگی بھر میں میرے والدین کے ملکیت والے گھر وزمین پر قدم رکھوگی تو تم کو فوراً اسی وقت طلاق، طلاق، طلاق۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا میرے لیے گنجائش ہے کہ میں والدین کو راضی کرنے کے لیے یہ تحریر والدین کو نقل کردوں اور کہہ دوں کہ میں نے اہلیہ کو لکھ کر بھیج دیا، اور میں اپنی اہلیہ سے اس کے بارے میں کوئی تذکرہ نہ کروں تو یہ شرطیہ طلاق معلق ہوگی یا نہیں؟ اور شرط کے پائے جانے پر واقع ہوگی یا نہیں؟ برائے مہربانی جواب عنایت فرمائیں۔

**الجواب:** زبانی طلاق کی طرح تحریری طلاق بھی معلق ہوجاتی ہے، اور شرط کے پائے جانے پر طلاق واقع ہوجاتی ہے، بنابریں اگر آپ نے والدین کو طلاق نامہ لکھ دیا اگر چہ اہلیہ کو نہ لکھا اور نہ کوئی تذکرہ کیا پھر بھی طلاق معلق ہوجائے گی، اور والدین کی زندگی میں آپ کی اہلیہ والدین کے گھر جائے گی تو تین طلاق واقع ہوجائے گی، لہذا آپ طلاق نامہ والدین کو بھی نہ لکھیں، ہاں اگر توریہ کر کے والدین سے یہ کہیں کہ بالکل میں نے بیوی کو خط لکھا ہے، اور خط کا مضمون نہ بتائے اور نہ یہ بتائے کہ میں نے بیوی کو طلاق معلق دی ہے، اور اس خط پر احتیاطاً گواہ بھی رکھ لے تو پھر طلاق واقع نہیں ہوگی، کیونکہ آپ نے طلاق نامہ لکھا ہی نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**وإذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط مثل أن يقول لامرأته إن دخلت الدار فأنت طالق.** (الهداية: ۲/ ۳۸۵).

درمختار میں ہے:

**كتب الطلاق إن مستبيناً على نحو لوح وقع إن نوى وقيل مطلقاً . وفي الشامية: قوله كتب الطلاق) قال في الهندية: الكتابة على نوعين : مرسومة وغير مرسومة، ونعني**

بـالـمـرسـومة أن يكون مصدراً ومعنوناً مثل مايكتب إلى الغائب وغيرالمرسومة أن لايكون مصدراً ومعنوناً، وهوعلى وجهين مستبينة وغيرمستبينة، فالمستبينة مايكتب على الصحيفة والحائط والأرض على وجه يمكن فهمه وقراءته، وغيرالمستبينة مايكتب على الهواء والماء وشيء لايمكن فهمه وقراءته. ففي غير المستبينة لايقع الطلاق وإن نوى، وإن كانت مستبينة لكنهاغيرمرسومة إن نوى الطلاق يقع وإلا لا، وإن كانت مرسومة يقع الطلاق نوى أولم ينو، ثم المرسومة لاتخلوإما أن أرسل الطلاق بأن كتب: أما بعد فأنت طالق، فكماكتب هذا يقع الطلاق وتلزمها العدة من وقت الكتابة، وإن علق طلاقها بمجئ الكتاب بأن كتب: إذا جاءك كتابي فأنت طالق فجاء ها الكتاب فقرأته أولم تقرأ يقع الطلاق كذا في الخلاصة. قوله مطلقاً المراد به في الموضعين نوى أولم ينو. (الدرالمختارمع ردالمحتار: ۲٤٦/۳، مطلب في الطلاق بالكتابة، سعيد. وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۱۱۱/۲، كوئته).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

طلاق لکھنے اور لکھانے سے بھی واقع ہو جاتی ہے اور طلاق کے اندر جد و ہزل برابر ہے یعنی جعلی طور سے یا مذاق سے بھی اگر طلاق دی جاوے یا دوسرے سے کہدے کہ طلاق لکھ دے تو طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۱۴۶/۹، مدلل مکمل)۔

احسن الفتاوی میں ہے:

وقوع طلاق کے لیے طلاق نامہ کا عورت تک پہنچنا شرط نہیں صرف لکھنے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے اور جس قسم کی طلاق لکھوائی ہے اس قسم کی واقع ہوگی۔ (احسن الفتاوی: ۱۴۸/۵)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## شوہر خط کا منکر ہو تو طلاق کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کچھ مدت کے لئے گھر سے چلا گیا، اس کی طرف سے ایک خط اس کے خسر کو ملا کہ:

''میری طرف سے مہر معاف کرادو، اور بیوی کو میری طرف سے اجازت ہے'' اس پر دستخط بھی موجود نہیں تھے، اس شخص کو جب خبر ملی تو اس نے خط کا انکار کیا، تو کیا اب طلاق ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ وقوعِ طلاق کی بظاہر کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی، اس لئے کہ شخص مذکور خط کا انکار کرتا ہے، اور خط میں طلاق کا کوئی لفظ بھی موجود نہیں ہے، بلکہ صرف اتنی بات ہے کہ میری طرف سے اجازت ہے۔ یہ الفاظِ کنایہ میں سے ہے، اور نیت کی ضرورت ہے، اور جب شوہر خود انکار کردے تو وقوع طلاق کا فیصلہ نہیں ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**وإن لم يقر أنه كتابه ولم تقم بينة ، لكنه وصف الأمر على وجهه لا تطلق قضاء ولا ديانة ، وكذا كل كتاب لم يكتبه بخطه ولم يمله بنفسه لا يقع الطلاق ما لم يقر أنه كتابه.**

(فتاوى الشامي:۲۴۷/۳، سعيد۔ وكذا في الفتاوى الهندية:۳۷۹/۱۔ وفتاوى محموديه :۵۹۴/۱۲۔ والمحيط البرهاني: ۴۲۹/۳، رشيديه) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :

”لا طلاق إلا بعد نکاح“.

وعن الشعبيؒ : أنہ سئل عن رجل قال لامرأتہ کل امرأۃ أتزوجہا علیک فہي طالق؟ قال: فکل امرأۃ یتزوجہا علیہا فہي طالق.

(مصنف ابن ابی شیبة)

# باب......﴿۶﴾

# تفویض، توکیل اور تعلیق طلاق کا بیان

# باب......﴿۶﴾

# تفویض، توکیل اور تعلیقِ طلاق کا بیان

## تفویض طلاق کی ایک صورت:

**سوال:** ساؤتھ افریقہ میں کورٹ کا قانون ہے کہ جس طرح شوہر کو طلاق کا اختیار ہوتا ہے اسی طرح بیوی کو بھی طلاق کا اختیار ہوتا ہے، لہذا اس قانون کے مطابق کسی نے اپنی بیوی سے کہدیا کہ اگر کورٹ میں بلائے اور طلاق دینے کو کہے تو دیدینا لیکن شرعی طلاق کا جو اختیار مجھے ہے وہ اختیار میں تجھے نہیں دیتا ہوں، اب سوال یہ ہے کہ اس لفظ سے تفویض سمجھی جائے گی یا نہیں؟ اور عورت مطلقہ ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** شریعتِ مطہرہ نے طلاق کا مکمل اختیار مرد کو دیا ہے، اگر مرد اپنا اختیار عورت کو دینا چاہے تو دے سکتا ہے، شرعاً اس کو تفویض طلاق کہتے ہیں، لیکن شوہر کی اجازت کے بغیر عورت کو طلاق کا کوئی اختیار نہیں، اگرچہ غیر اسلامی قوانین میں ہو، اسلامی قانون پر اس کا کوئی اثر مرتب نہ ہوگا، اسی مسئلہ کے پیش نظر بصورتِ مسئولہ جب کہ شوہر نے صرف غیر اسلامی قانون کی رعایت کرتے ہوئے کہدیا تاکہ کورٹ میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، ورنہ درحقیقت تفویض کی نیت نہیں تھی، نیز شوہر کے صریح الفاظ ''شرعی طلاق کا جو اختیار مجھے ہے وہ اختیار میں تجھے نہیں دیتا ہوں'' سے معلوم ہوتا ہے کہ شوہر نے بیوی کو طلاق کا اختیار نہیں دیا، لہذا شرعاً تفویض نہیں ہوئی اور طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ فتاوی ہندیہ میں ہے:

أولياء المرأة إذا طلبوا من الزوج أن يطلقها، فقال الزوج لأبيها: ماذا تريد مني افعل ما تريد وخرج ثم طلقها أبوها، لم تطلق إن لم يرد الزوج التفويض ويكون القول قوله أنه لم يرد به التفويض، كذا في الخلاصة. (الفتاوى الهندية: ۱/۴۰۷، فصل في المشيئة).

درمختار میں ہے:

(قال لها: اختاري أو أمرك بيدك ينوي) تفويض (الطلاق) لأنها كناية فلا يعملان بلانية (أو طلقي نفسك فلها أن تطلق في مجلس علمها به). وفي الشامية: ثم اعلم أن اشتراط النية إنما هو فيما إذا لم يذكر النفس أو ما يقوم مقامها في كلامه... قوله فلا يعملان بلا نية أي قضاءً وديانةً في حالة الرضاء، أما في حالة الغضب أو المذاكرة فلا يصدق قضاءً في أنه لم ينو الطلاق... قوله طلقي نفسك هذا تفويض بالصريح ولايحتاج إلى نية والواقع به رجعي. (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۳/۳۱۵، باب تفويض الطلاق، سعيد).

تقریرات الرافعی میں ہے:

(ثم اعلم أن اشتراط النية إنما هو) كلماتهم متفقة على اشتراط النية وذكر النفس أو ما يقوم مقامها والاكتفاء بذكر النفس عن النية تكون مخالفاً لما اتفقوا على اشتراطه فلايعول عليه. (تقريرات الرافعي: ۳/۲۱۹، سعيد).

عالمگیری میں ہے:

ثم لابد من النية في قوله اختاري فإن اختارت نفسها في قوله اختاري كانت واحدة بائنة... فإذا اختارت نفسها فأنكر قصد الطلاق فالقول له مع يمينه. (الفتاوى الهندية: ۱/۳۸۸، الباب الثالث في تفويض الطلاق).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

ولو لم يرد الزوج بالأمر باليد طلاقاً فليس بشيء إلا أن يكون في حالة الغضب أوفي

**حالة مذاكرة الطلاق فلا يدين في الحكم.** (الفتاوى التاتارخانية:۳/۳۲۹،تفويض الطلاق۔وكذا في البحر الرائق:۳/۳۱۱،كوئٹه). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## تفویض طلاق اورتوکیل طلاق میں فرق:

**سوال:** تفویض طلاق اورتوکیل طلاق میں کیافرق ہے؟

**الجواب:** مرداپنااختیاراپنی بیوی کودیدے کہ وہ اس کی طرف سے اپنے اوپرطلاق واقع کرلے،یاکسی اورشخص کواس بات کااختیاردیاکہ اگروہ چاہےتواس کی بیوی کوطلاق دیدے،تویہ تفویض ہے۔

اوراگرکسی دوسرے عاقل بالغ کوطلاق دینے کاحکم دےاوراس کےاختیارپرنہ چھوڑے،تویہ توکیل ہے۔

دوسرافرق یہ ہے کہ تفویض تملیک ہےاورتوکیل تملیک نہیں ہے،اسی وجہ سےتفویض طلاق میں رجوع صحیح نہیں اورتوکیل طلاق میں رجوع صحیح ہے،نیز مالک اپنی مشیت پرعمل کرتاہے جب کہ وکیل کامشیت اوررائے سےتعلق نہیں،اس سےفقط فعل مطلوب ہے۔

تیسرافرق یہ ہے کہ تفویض مجلس تک محدودہے برخلاف توکیل کےکہ وہ مجلس تک محدودنہیں ہے۔

بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما قوله طلقي نفسک فهو تمليک عندنا سواء قيده بالمشيئة أولا ويقتصرعلى المجلس... والمراد من المشيئة المذكورة ههنا هواختيارالإيثار لا اختيار الفعل وتركه لأنا لوحملناه عليه للغاكلامه ولوحملناه على اختيارالإيثار لم يلغ وصيانة كلام العاقل عن اللغو واجب عند الإمكان واختيار الإيثار في التمليک لا في التوكيل لما ذكرنا أن الوكيل يعمل عن رأي المؤكل وتدبيره وإنما يستعيرمنه العبارة فقط فكان الإيثار من المؤكل لامن الوكيل وأما المملک فإنما يعمل برأي نفسه وتدبيره وإيثاره لا بالمملک فكان التقييد بالمشيئة مفيداً والأصل أن التوكيل لغة هوالإنابة والتفويض هوالتسليم بالكلية لذلک سمى مشايخنا الأول توكيلاً والثاني تفويضاً ، وإذا ثبت أن المقيد بالمشيئة تمليک**

والمطلق توكيل والتمليك يقتصر على المجلس لماذكرناأن المملك إنمايملك بشرط الجواب في المجلس...ثم التوكيل لايقتصر على المجلس. (بدائع الصنائع:۳/۱۲۳،فصل فی التفویض،سعید).

فتاویٰ شامی میں ہے:

المراد بالتفويض تمليك الطلاق وذكر في الفتح في فصل المشيئة أن صاحب الهداية جعل مناط الفرق بين التمليك والتوكيل مرة بأن المالك يعمل برأي نفسه بخلاف الوكيل، ومرة بأنه عامل لنفسه بخلافه، ومرة بأنه يعمل بمشيئة نفسه بخلافه...ثم قال بعد ما بحث في الأولين أن الفرق الثالث أصوب... (وتفويض الطلاق... تمليك فيتوقف على قبولها في المجلس لاتوكيل فلم يصح رجوعه) تفريع على كونه ليس توكيلاً، فإن الوكالة غير لازمة فلو كان توكيلاً لصح عزلها، قال في البحر عن جامع الفصولين: تفويض الطلاق إليها، قيل هو وكالة يملك عزلها والأصح أنه لايملكه...(قوله طلقي نفسک وأخواته متى شئت...فلا يتقيد بالمجلس ولم يصح رجوعه) لأنه ليس توكيلاً بل لو صرح بتوكيلها لطلاقها يكون تمليكاً لاتوكيلاً كما في البحر عن الفصولين،(وأما في طلقي ضرتک أو قوله لأجنبي طلق امرأتي فيصح رجوعه منه ولم يقيد بالمجلس لأنه توكيل محض) أي بخلاف طلقي نفسک لأنها عاملة لنفسها فكان تمليكاً لا توكيلاً بحر، (وفي طلقي نفسک وضرتک كان تمليكاً في حقها) لأنها عاملة فيه لنفسها(توكيل في حق ضرتها) لأنها عاملة فيه لغيرها ،( إلا إذا علقه بالمشيئة فيصير تمليكاً) فلايملک الرجوع لأنه فوض الأمر إلى رأيه، والمالک هو الذي يتصرف عن مشيئته والوكيل مطلوب منه الفعل شاء أولم يشأ. (فتاوی الشامی:۳/۳۱۵-۳۱۷،سعید-وکذا فی الهدایة:۲/۳۸۱- ومجموعہ قوانین اسلامی:۱۵۰دفعہ ۳۵). واللہ ﷻ اعلم۔

## تفویض طلاق کے بعد رجوع کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے بیوی کو تفویض طلاق کر لی یعنی طلاق کا اختیار دیدیا تو اب اس کو واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تفویض طلاق کے بعد رجوع نہیں کرسکتا ہے یعنی شوہر عورت کو طلاق کا اختیار دینے کے بعد واپس نہیں لے سکتا ہے۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**وإن قال طلقي نفسک فليس له أن يرجع عنه لأن فيه معنى اليمين لأنه تعليق الطلاق بتطليقها واليمين تصرف لازم.** (الهداية: ۲/ ۳۸۱، باب تفويض الطلاق).

**وفي الدرالمختار: ولايملک الزوج الرجوع عنه أي عن التفويض.** (الدرالمختار: ۳/ ۳۳۲، باب المشيئة، سعيد۔ وكذا في الهندية: ۱/ ۳۸۷).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

تفویض طلاق کے بعد شوہر اس سے رجوع نہیں کرسکتا ہے۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۵۴ دفعہ ۴۲).

واللہ ﷻ اعلم۔

## تفویض طلاق کا مجلس تک محدود رہنے کا حکم:

**سوال:** کیا تفویض طلاق مجلس تک محدود رہتی ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شوہر نے اپنی بیوی کو ہمیشہ کے لیے اختیار نہیں دیا اور کوئی مدت بھی متعین نہیں کی تو ایسی صورت میں اسی مجلس تک تفویض طلاق محدود رہے گی، لیکن اگر شوہر نے بیوی کو ہمیشہ کے لیے اختیار دیا مثلاً یہ کہا کہ جب چاہو اپنے اوپر طلاق واقع کرلو، تو ہمیشہ کے لیے اختیار حاصل ہوگا، اور اگر کوئی مدت مقرر کردی ہے، تو اسی مدت تک اختیار حاصل رہے گا، غرض یہ ہے کہ شوہر کے الفاظ سے فیصلہ کیا جائے گا۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**فإن كان مطلقاً بأن قال: أمرک بيدک فشرط بقاء حكمه بقاء المجلس وهو مجلس علمها بالتفويض فما دامت في مجلسها فالأمر بيدها...وسواء قصر المجلس أوطال لأن ساعات المجلس جعلت كساعة واحده، فإن قامت عن مجلسها بطل لأن الزوج يطلب جواب التمليک فى المجلس والقيام عن المجلس دليل الإعراض عن جواب التمليک ... هذا إذا كان التفويض مطلقاً عن الوقت فأما إذاكان موقتاً فإن أطلق الوقت بأن قال: أمرک بيدک إذا شئت أوإذا ما شئت أومتى شئت أوحيثما شئت فلها الخيار فى المجلس وغير المجلس ولايتقيد بالمجلس حتى لو ردت الأمر لم يكن رداً ولو قامت من مجلسها أو أخذت في عمل آخر أوكلام آخر فلها أن تطلق نفسها لأنه ما ملكها الطلاق مطلقاً ليكون طالباً جوابها فى المجلس بل ملكها في أي وقت شاء ت...فإن وقته بوقت خاص بأن قال: أمرک بيدک يوماً أوشهراً أوسنةً أوقال اليوم أوالشهر أوالسنة أوقال: هذا اليوم أوهذا الشهر أوهذه السنة لايتقيد بالمجلس ولها الأمر فى الوقت كله تختارنفسهافيما شاء ت منه.** (بدائع الصنائع:۳/۱۱۳۔۱۱۵،سعید).

وكذا فى الدرالمختار:۳/۳۳۲،فصل فى المشيئة،سعيد۔والفتاوى الهندية:۱/۳۹۰۔ومجموعه قوانين اسلامى :۱۵۱، دفعه ۳٦۔وفتاوى محموديه:۱۳/۱۳۹،مبوب ومرتب). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ’’پہلی طلاق شوہر کا حق دوسری بیوی کا حق اور تیسری شوہر کا حق‘‘ کہنے کا حکم:

**سوال:** میاں بیوی نے نکاح کے وقت یہ شرط لگائی کہ پہلی طلاق دینے کا حق شوہر کو ہوگا اور دوسری طلاق بیوی کی ملک میں ہوگی، اور تیسری طلاق کا حق شوہر کا ہے، اس ترتیب سے تفویض صحیح ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت کو ایک طلاق کی تفویض صحیح اور درست ہوگئی، اب عورت ایک طلاق اپنے اوپر واقع کرسکتی ہے، لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ شوہر کے پاس صرف دو طلاقیں رہ گئیں، بلکہ حسب

سابق شوہر تینوں طلاقوں کا مالک ہے، لہذا اگر شوہر نے تین طلاق دیدی تو اس کی زوجہ پر تین واقع ہو جائیں گی۔

البتہ مذکورہ بالا صورت میں چونکہ ترتیب کی شرط لگائی ہے لہذا اس کا اعتبار کرتے ہوئے جب شوہر ایک طلاق دے گا اس کے بعد ہی بیوی کو ایک طلاق کا اختیار ہوگا اس سے قبل طلاق واقع کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

شوہر نے اگر عدد طلاق یا وصف طلاق ذکر کرتے ہوئے تفویض یا توکیل کو عورت یا وکیل کی مشیت کی شرط کے ساتھ مقید کر دیا ہو تو شوہر کے ذکر کردہ عدد یا وصف کی رعایت ضروری ہوگی، مخالفت کی صورت میں طلاق نہ پڑے گی۔

**قال في الدر: طلقي نفسک ثلاثاً إن شئت فطلقت واحدة وكذا عكسه لايقع فيهما لاشتراط الموافقة لفظاً (قوله لاشتراط الموافقة لفظاً ...ان اشتراط الموافقة لفظاً خاص بالمعلق بالمشيئة فيكون تعليقاً للإتيان بصورة اللفظ.** "الدرالمختار مع ردالمحتار:۳/۳۳٤،فصل في المشيئة، سعيد۔ وهكذا في الهداية على فتح القدير:۳/۱۱۸"۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:۱۵۳،دفعہ۴۰)۔

جدید فقہی مسائل میں ہے:

تفویض کی ایک صورت یہ ہے کہ ایجاب وقبول ہی میں تفویض طلاق کر دیا جائے، درست ہے، البتہ ضروری ہے کہ ایجاب عورت کی طرف تفویض طلاق سے مشروط ہو اور مرد اس کو قبول کر لے، اگر مرد کی طرف سے ایجاب ہو اور وہ ایجاب کے ساتھ تفویض طلاق کرے اور عورت قبول کرے، تو اس کا اعتبار نہیں، خلاصۃ الفتاوی میں ہے: **وعلى هذا لوتزوج امرأة على أنها طالق أوعلى أن أمرها بيدها تطلق نفسها كلما تريد لايقع الطلاق ولايصير الأمر بيدها ولو بدأت المرأة فقالت: زوجت نفسي منک على أني طالق أوعلى أن أمري بيدي أطلق نفسي كلما أريد فقال الزوج: قبلت، وقع الطلاق وصار الأمر بيدها.**

(خلاصة الفتاوى:۲/۲۹،ط: المكتبة الرشيدية)۔

خلاصہ ہی کے حوالہ سے اس کو ابن نجیم نے (البحر الرائق:۳/۳۱۸)۔ اور ابن نجیم کے حوالہ سے علامہ شامیؒ نے (ردالمحتار) بھی اس کو نقل کیا ہے فتاوی بزازیہ میں بھی تفویض طلاق کی اسی صورت کو کسی قدر قیود وحدود کی پابندی کے ساتھ اس طرح ذکر کیا گیا ہے۔ **إذا خافت المرأة أنه إذا تزوجها لايجعل الأمر بيدها بعد التزوج**

تقول زوجت نفسي منک بکذا علی أن أمري بیدي، أطلق نفسي منک بائناً متی شئت کلما ضربتني بغیر جنایة أوتزوجت عليّ أخری أواشتریت أوغبت عني سنة. (البزازیة: ٢٣٤/٤) یہ شوہر کی جانب سے لازم ہے۔ (جدید فقہی مسائل: ۴۶/۳، اشتراط فی النکاح).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

تفویض یا توکیل کی وجہ سے خود شوہر کا حق طلاق ختم نہیں ہوتا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۵۴).

جدید فقہی مباحث میں ہے:

شریعت نے جو طلاق کا اختیار مردوں کو دیا ہے، یہ اختیار تفویض کے نتیجے میں عورت کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، تو اس انتقال اختیار کی وجہ سے مصالح شرع کے ضیاع کا کوئی خطرہ نہیں، کیونکہ عورت کو اختیار دینے کے باوجود شوہر کو از خود طلاق واقع کرنے کا اختیار ختم نہیں ہوتا بلکہ بدستور سابق باقی رہتا ہے۔ (جدید فقہی مباحث: ۳۵۳/۱۱). واللہ ﷻ اعلم۔

## "إن دخلت دار أمک فأنت طالق ثلاثاً" سے تعلیق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا "إن دخلت دار أمک فأنت طالق ثلاثاً" تو کیا دخول دار سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ نیز اس تعلیق سے بچنے کا کوئی راستہ نکل سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تعلیق صحیح ہے، بیوی اگر اپنی والدہ کے گھر جائے گی تو تین طلاق واقع ہو جائے گی، اور بغیر شرعی حلالہ کے شوہر کے لیے حلال نہیں ہوگی۔

ہاں اس تعلیق سے بچنے کا ایک راستہ یہ نکل سکتا ہے، کہ شوہر بیوی کو ایک طلاق دیکر الگ کردے، پھر عدت کے بعد عورت اپنی والدہ کے گھر چلی جائے گی تو اس وقت تعلیق پوری ہو جائے گی چونکہ دخول دار کے وقت اس مرد کے نکاح میں نہیں ہے، لہذا تین طلاق واقع نہ ہوگی، پھر مرد تجدید نکاح کرلے اسکے بعد بیوی اپنی ماں کے گھر جاتی رہے، لیکن یہ حیلہ اس وقت مفید اور کارآمد ثابت ہوگا جب کہ بیوی اب تک اپنی ماں کے گھر نہیں گئی، اگر گئی ہو تو اس پر تین طلاقیں واقع ہو گئیں۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**وإذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط مثل أن يقول لامرأته إن دخلت الدار فأنت طالق وهذا بالاتفاق لأن الملك قائم في الحال، والظاهر بقاؤه إلى وقت وجود الشرط فيصح يميناً أو إيقاعاً.** (الهداية:٢/٣٨٥،باب الايمان في الطلاق).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً مثل أن يقول لامرأته إن دخلت الدار فأنت طالق.** (الفتاوى الهندية:١/٤٢٠،فصل في تعليق الطلاق).

**وفي الدر المختار: وتنحل اليمين بعد وجود الشرط مطلقاً لكن إن وجد في الملك طلقت وعتق وإلا لا، فحيلة من علق الثلاث بدخول الدار أن يطلقها واحدة ثم بعد العدة تدخلها فتنحل اليمين فينكحها.** (الدر المختار:٣/٣٥٥،باب التعليق،سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''اگر میں لینس گیا تو مجھ پر تین طلاق'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا کہ اگر میں لینس گیا تو مجھ پر تین طلاق اور وہ شخص لینس گیا لیکن وہ کہتا ہے کہ میں بھول گیا تھا مجھے اپنی تعلیق یاد نہیں تھی، تو اس صورت میں اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شخص مذکور کی بیوی پر قضاءً طلاق واقع ہوگئی، لیکن دیانۃً طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے:

**سئل في رجل حلف بالطلاق أن لايسافر حتى يعطي زوجته خرجية فسار ولم يعطها خرجية وادعى أنه نسي ذلك فهل يقع عليه الطلاق المذكور (الجواب) نعم، يقع طلاق الساهي قضاءً فقط والمعتمد أن السهو والنسيان مترادفان كما في الأشباه.** (تنقيح الفتاوى الحامدية:١/٣٦،دار الاشاعة العربية).

درمختار میں ہے:

ويقع طلاق كل زوج بالغ عاقل...أومخطئاً...أوغافلاً أوساهياً...يقع قضاءً فقط.

وفي الشامية: قوله أوغافلاً أوساهياً فالظاهر أن المراد هنا بالغافل الناسي بقرينة عطف الساهي عليه، وصورته أن يعلق طلاقهاعلى دخول الدار مثلا فدخلها ناسياً التعليق أوساهياً، قوله يقع قضاءً متعلق بالمخطئ وما بعده، لكن في وقوعه في الساهي والغافل على ماصورناه لايظهر التقييد بالقضاء، إذ لافرق في مباشرة سبب الحنث بين التعمد وغيره. (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۲٤۱،كتاب الطلاق،سعيد).

وفي حاشية الطحطاوي على الدر: قوله أوساهياً صورته أن يحلف أن لايتلفظ بالطلاق فجرى على لسانه الطلاق سهواً منه. (حاشية الطحطاوی على الدرالمختار:۲/۱۰۹،كوئٹه).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''مکان میں جاؤ تو واپس نہ آنا'' اس جملہ سے تعلیق کا حکم:

**سوال:** شوہر نے بیوی سے کہا ''اس مکان میں نہ جاؤ اگر چلی گئی تو واپس مت آنا'' ان الفاظ سے تعلیق صحیح ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ الفاظ کنایہ میں سے ہے، اگر شوہر نے طلاق کی نیت کی ہے تو تعلیق صحیح ہے اور مکان میں جانے پر طلاق واقع ہوجائے گی، ورنہ بغیر نیت کے طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

إذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط مثل أن يقول لامرأته إن دخلت الدار فأنت طالق وهذا بالاتفاق لأن الملك قائم في الحال والظاهر بقاؤه إلى وقت وجود الشرط فيصح يميناً وإيقاعاً. (الهداية:۲/۳۸۵،باب الايمان في الطلاق).

درمختار میں ہے:

الكنايات لاتطلق بها قضاءً إلا بنية أوبدلالة الحال، قوله قضاءً قيدبه لأنه لايقع ديانةً

**بـدون الـنية ، ولـو وجـدت دلالة الـحـال فوقوعه بواحد من النية أو دلالة الحال إنما هو فی القضاء فقط**.(الدرالمختارمع ردالمحتار:٣/٢٩٦،باب الکنایات،سعید).

فتاوی دارالعلوم میں ہے:

اگرصریح طلاق معلق کی ہے،توبعدتحقیق شرط رجعی طلاق واقع ہوگی اوراگر بائنہ کومعلق کیاہے،توبائنہ واقع ہوگی،غرض جیسی طلاق معلق کی ہے بوقت تحقیق ویسی ہی واقع ہوگی۔(فتاوی دارالعلوم دیوبند:١٠/٩١،مدلل مکمل۔وفتاوی رحیمیہ:٦/٣٠٨). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''جب ہوا چلے گی تو تجھ کوطلاق'' سے تعلیق کاحکم:

**سوال:** کسی نے بیوی سے کہاجب ہواچلے گی تو تجھ پرطلاق تواس کا کیاحکم ہے؟تعلیق صحیح ہے یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ شرط''جب ہواچلے گی''باطل ہےاورطلاق فی الحال واقع ہوجائے گی۔

ملاحظہ ہوہدایہ میں ہے:

**فأما لايصح التعليق بمجرد الشرط كقوله إن هبت الريح أوجاء المطر وكذا إذا جعل واحداً منهما أجلاً إلا أنه يصح الكفالة ويجب المال حالاً لأن الكفالة لما صح تعليقاً بالشرط لاتبطل بالشروط الفاسدة، كالطلاق والعتاق**.(الهداية:٣/١١٧،كتاب الكفالة).

**وفی البناية في شرح الهداية للعلامة العينیؒ:قوله كالطلاق والعتاق أی كما أن الشرط المجهول فی الطلاق والعتاق يبطل ويصح الطلاق والعتاق، بأن قال:أعتقت عبدي أو طلقت امرأتي إلى قدوم الحاج أوالحصاد أوالقطاف**. (البناية فی شرح الهداية:٣/٢٣٩،المكتبة الامدادية۔وفتح القدير:٧/١٨٦،دارالفكر۔والعناية على هامش الفتح:٧/١٨٧،دارالفكر).

درمختار میں ہے:

**وشرط صحته كون الشرط معدوماً على خطر الوجود، وفی الشامية: قوله على خطر الوجود أي متردداً بين أن يكون وأن لايكون لامستحيلاً ولامتحققاً لامحالة لأن الشرط**

**للحمل والمنع وكل منهما لايصور فيهما، شرح التحرير.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۳٤۲، باب التعليق، سعيد). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## ''فلاں چیز دیکھوں تو میری بیوی کو طلاق'' کہنے سے تعلیق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے نکاح کے بعد یوں کہا کہ ''اگر میں نے فلاں چیز کو دیکھا تو میری بیوی کو طلاق''اور اس آدمی نے اس چیز کو دیکھ لیا، لیکن اب تک دخول وخلوت صحیحہ نہیں ہوئی تو کیا طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ نیز طلاق ہوگئی تو یہ شخص اس کے ساتھ دوبارہ نکاح کرسکتا ہے یا نہیں؟ اور حلالہ کی ضرورت ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق معلق شرط کے پائے جانے کی وجہ سے واقع ہوگئی، ہاں دوبارہ اس عورت سے نکاح کرنے کے بعد ساتھ رہنے کی اجازت ہے، اور حلالہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**إذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط مثل أن يقول لامرأته إن دخلت الدار فأنت طالق وهذا بالاتفاق لأن الملك قائم في الحال والظاهر بقاؤه إلى وقوع وجود الشرط فيصح يميناً وإيقاعاً.** (الهداية:۲/۳۸۵،باب الايمان في الطلاق).

**وفيه: وإذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها في العدة وبعد انقضائها لأن المحلية باقٍ لأن زواله معلق بالطلقة الثالثة فينعدم قبله.** (هدايه:۲/۳۹۹،باب الرجعة).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

اگر نکاح کا ایجاب وقبول ہونے کے بعد تنہائی ویکجائی ہونے سے پہلے ہی طلاق دیدی خواہ ایک یا دو طلاق دی ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ طرفین کی رضامندی سے دوبارہ نکاح کی اجازت ہے، حلالہ کی ضرورت نہیں۔ (فتاوی محمودیہ:۱۳/۳۶۴،مبوب ومرتب). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## ''اگر وجہ بیان نہیں کرتی تو ایک طلاق کے ساتھ الگ ہو جا'' کہنے کا حکم:

**سوال:** شوہر بیوی کے درمیان اختلاف وجھگڑا ہوا، دوران گفتگو بیوی نے شوہر سے کہا میں تجھ سے الگ ہونا چاہتی ہوں، اور الگ ہونے سے طلاق مراد نہیں تھی، شوہر نے الگ ہونے کی وجہ کافی اصرار کے ساتھ دریافت کی، بیوی نے وجہ بیان کرنے سے انکار کردیا، آخر شوہر نے کہا: اگر تو وجہ بیان نہیں کرتی تو ایک طلاق کے ساتھ الگ ہو جا، بیوی نے کہا ٹھیک ہے، اب طلاق کا کیا حکم ہے، معلق ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر نے بیوی کو طلاق معلق دی یعنی'' اگر تو وجہ بیان نہ کرے تو تجھے ایک طلاق'' اورعدم بیان اس وقت معلوم ہوگا جب کہ شوہر یا بیوی کا انتقال ہو جائے، لہذا شوہر یا بیوی کے انتقال سے پہلے طلاق واقع نہ ہوگی، اور اگر عورت وجہ بیان کردے گی تو طلاق معلق ساقط ہو جائے گی۔

خلاصہ یہ ہے کہ فی الحال کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

ولوقال: أنت طالق إن لم أطلقک، لم تطلق حتى يموت لأن العدم لايتحقق إلا باليأس عن الحياة و هو الشرط كما في قوله إن لم آت البصرة، و موتها بمنزلة موته هو **الصحيح**. (الهداية:۲/۳٦٥،باب ايقاع الطلاق).

فتح القدیر میں ہے:

قوله ولو قال: أنت طالق إن لم أطلقک، لم تطلق حتى يموت باتفاق الفقهاء لأن الشرط أن لايطلقها وذلک لايتحقق إلا باليأس عن الحياة لأنه متى طلقها في عمره لم يصدق أنه لم يطلقها بل صدق نقيضه وهو أنه طلقها واليأس يكون في آخر جزء من أجزاء حياته ولم يقدره المتقدمون بل قالوا: تطلق قبيل موته، فإن كانت مدخولاً بها ورثته بحكم الفرار وإلا لاترثه، وقوله وهوالشرط يعني العدم، قوله كما في قوله إن لم آت البصرة، إعطاء نظير، والمراد أن كل شرط بإن منفي حكمه كذلک وهو أن لايقع الطلاق أوالعتاق

**إذا علق به إلا بالموت كما ذكرنا وزاد قيداً حسناً في المبتغي بالغين المعجمة، قال: إذا قال لامرأته: إن لم تخبريني بكذا فأنت طالق ثلاثاً فهو على الأبد إذا لم يكن ثمة ما يدل على الفور، انتهىٰ.** (فتح القدير: ٤/ ٣١، باب ايقاع الطلاق، دار الفكر). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تعلیق اور تنجیز میں زوجین کے اختلاف کا حکم:

**سوال:** میاں بیوی کے درمیان جھگڑا اور اختلاف ہوگیا، اور اس درمیان شوہر نے کہا ''میں ابھی یہاں سے رخصت ہوں گا تو تجھے دو طلاق کے ساتھ چھوڑ کر رخصت ہوں گا'' بیوی کا بیان ہے کہ شوہر کے یہ الفاظ تھے ''میں تجھے دو طلاق کے ساتھ چھوڑ رہا ہوں'' پھر شوہر چار پانچ روز کے بعد سفر پر روانہ ہوگیا، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کس کا قول معتبر ہوگا اور طلاق ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر طلاق معلق کا دعوی کرتا ہے اور عورت فوری طلاق کو بیان کرتی ہے، لہذا عورت کے ذمہ دو گواہ پیش کرنا ضروری ہے، اور اگر دو گواہ پیش نہ کر سکے تو شوہر کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا، اور اگر عورت نے گواہ پیش کر دیے تو دو طلاق رجعی واقع ہوگئی، اور شوہر کو رجعت کا اختیار ہے عدت ختم ہونے سے پہلے اور عدت کے بعد عورت کی رضامندی سے بغیر حلالہ کے تجدید نکاح کر سکتا ہے۔ اور اگر عورت گواہ پیش کرنے سے قاصر ہے تو قسم کے ساتھ شوہر کا قول معتبر ہوگا اور طلاق معلق ہوگی، پھر تعلیق کی صورت میں طلاق واقع نہیں ہوئی، کیونکہ شوہر نے کہا ابھی میں رخصت ہوتا ہوں، اور وہ اس وقت نہیں گیا چار پانچ روز کے بعد روانہ ہوا۔

ملاحظہ ہو شامی میں ہے:

**(فإن اختلفا في وجود الشرط فالقول له مع اليمين إلا إذا برهنت) قوله في وجود الشرط أي أصلاً أو تحققاً كما في شرح المجمع: أي اختلفا في وجود أصل التعليق بالشرط، أو في تحقق الشرط بعد التعليق، وفي البزازية: ادعى الاستثناء أو الشرط فالقول له، ثم قال: وذكر النسفي: ادعى الزوج الاستثناء وأنكرت فالقول لها ولا يصدق بلا بينة، وإن ادعى تعليق الطلاق بالشرط وادعت الإرسال فالقول له.** (فتاوى الشامي: ٣/ ٣٥٦، مطلب

اختلاف الزوجین فی وجود الشرط، سعید).

ہدایہ میں ہے:

**وإن اختلفا في الشرط فالقول قول الزوج إلا أن تقيم المرأة البينة لأنه متمسك بالأصل وهو عدم الشرط ولأنه منكر وقوع الطلاق وزوال الملك والمرأة تدعيه.** (الهداية: ٢/٣٨٦).

احسن الفتاوی میں ہے:

تعلیق اور وجود شرط میں بینہ زوجہ پر ہے ورنہ قول زوج مع الیمین قبول ہوگا۔ (احسن الفتاوی: ۵/۱۹۶).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ''بیوی کی اجازت کے بغیر نکاح کروں تو طلاق'' کہنے کا حکم:

**سوال:** زید نے اللہ کا نام لے کر قسم کھائی اور اپنی بیوی اور دو مذکر گواہوں کے سامنے یہ کہا کہ میں اگر پہلی بیوی کی اجازت کے بغیر کسی عورت سے نکاح کروں تو اس کو یعنی دوسری بیوی کو طلاق، اب زید نے پہلی کی اجازت کے بغیر دوسرا نکاح کرلیا، اور زید یوں کہتا ہے کہ اس کا دوسرا نکاح برقرار ہے کیونکہ بعض مفتیانِ کرام نے بتلایا کہ قسم توڑنے کی وجہ سے اس پر کفارہ لازم ہے اور اس نے کفارہ ادا کردیا، تو اب زید کی دوسری شادی کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق معلق میں شرط پائی گئی یعنی بغیر اجازت زید نے دوسرا نکاح کرلیا لہذا دوسری بیوی کو طلاق واقع ہوگئی، نیز قسم توڑنے کی وجہ سے کفارہ بھی لازم ہوا۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**إذا أضاف الطلاق إلى النكاح وقع عقيب النكاح مثل أن يقول لامرأة إن تزوجتک فأنت طالق... أن هذا تصرف يمين لوجود الشرط والجزاء فلايشترط لصحته قيام الملک في الحال لأن الوقوع عند الشرط.** (الهداية: ٢/٣٨٥، باب الايمان في الطلاق).

درمختار میں ہے:

**لاتطلق الجديدة في قوله للقديمة إن نكحتها أي فلانة عليك فهي طالق إذا نكح فلانة عليها في عدة البائن، فلو نكح في عدة الرجعي أو لم يقل عليك طلقت الجديدة.** (الدرالمختار: ٣/ ٣٦٥، باب التعليق، سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تعلیق طلاق کی ایک صورت:

**سوال:** ایک شخص کی بیوی ناراض ہوکر چلی گئی، شوہر نے کہا اگر تم یکم جنوری ۲۰۱۰ تک نہیں آئی، تو نکاح ختم اور فسخ ہے، مذکورہ تاریخ تک بیوی نہیں آئی، اب بیوی پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ اور طلاق واقع ہونے کی صورت میں کونسی طلاق ہوئی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شخص مذکور نے طلاق کی نیت سے کہا تھا تو اس کی بیوی پر ایک طلاق بائن واقع ہوگئی، چونکہ عرف میں نکاح ختم ہونا تعلقات ختم ہونے کے لیے استعمال ہوتا ہے اس لیے بظاہر نیت کی ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی قاضیخان میں ہے:

**ولو قال لها لانكاح بيني وبينك أو قال لم يبق بيني وبينك نكاح أوقال فسخت نكاحك يقع الطلاق إذا نوى.** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/ ٤٦٨). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ”مجھے دوبارہ فون کرلے تو سمجھ لیجئے کہ طلاق“ کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی زوجہ کو دو طلاق دیکر رجعت کرلی، حال میں دونوں ٹیلی فون پر گفتگو کر رہے تھے کہ جھگڑے کی صورت پیدا ہوگئی، اور غصہ میں مرد نے بیوی سے فون پر یہ کہا: اگر تو مجھے دوبارہ فون کرے گی تو سمجھ لیجئے کہ تیسری طلاق واقع ہوچکی، اس جملہ سے قبل زوج نے یہ بھی کہا تھا کہ میں تجھے طلاق دونگا، عورت کہتی

ہے کہ یہ پہلا جملہ ''میں تجھے طلاق دونگا'' سن کر میں نے فون نیچے رکھدیا، پس آگے جوبھی شوہر نے کہا وہ میں نے نہیں سنا، اس گفتگو کے پندرہ منٹ بعد زوجہ نے شوہر کوفون کیا معافی کی غرض سے، اب چونکہ زوجہ نے تعلیق نہیں سنی تھی تو شرط پائے جانے پر تیسری طلاق ہوئی یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ان الفاظ سے ''اگر تو مجھے دوبارہ فون کرلے تو سمجھ لیجئے کہ تیسری طلاق واقع ہوچکی'' طلاق واقع نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں ہے:

**داده انگار أو كرده انگار لايقع وان نوى ولوقال لها بعد ماطلبت الطلاق.** (الفتاوى الهندية:۱/ ۳۸۰).

فتاویٰ قاضیخان میں ہے:

**امرأة قالت لزوجها مرا طلاق ده قال الزوج داده انگار أو كرده انگار لايقع الطلاق و إن نوى.** (فتاوى قاضيخان:۲/ ۲۱۰)..

نیز مرقوم ہے:

**كانه قال لها بالعربية : احسبي انك طالق وان قال ذلك لايقع وان نوى.** (قاضيخان:۲/ ۲۱۰).

اردوفتاویٰ میں حضرت مولانا ظفر احمد تھانوی عثمانیؒ نے امدادالاحکام:۲/۴۲۳ پر یہ مسئلہ تحریر فرمایا ہے وہاں ملاحظہ فرمالیا جائے۔

باقی رہا یہ مسئلہ کہ اگر بیوی کوخطاب کیا اور وہ ٹیلی فون سے اٹھ گئی تھی تو اس میں فقیر کی رائے یہ ہے کہ طلاق واقع ہوگی، اس کواس طرح سمجھ لیجئے جیسے کوئی شخص بیوی کوطلاق کا خط لکھ کر خط اس کے مکان پر پہنچادے، اور بیوی گھر پر موجود نہ ہوتو طلاق واقع ہوجائے گی۔

درمختار میں ہے:

**ثم المرسومة لاتخلو إما أن أرسل الطلاق بأن كتب أما بعد فأنت طالق فكما كتب**

**هذا يقع الطلاق**. (الدر المختار معالشامی: ۳/ ۲۹٦، سعید).

یہ مسئلہ فتاوی دارالعلوم دیوبند کی پہلی جلد عزیز الفتاوی میں بھی موجود ہے، لیکن غالبًا اس میں ایک لفظ لکھنے سے رہ گیا ہے عنوان ہے، وقوع طلاق کے لیے زوجہ کا سامنے ہونا شرط نہیں ہے: پھر سوال کے الفاظ یہ ہیں زید نے اپنی زوجہ کو جب کہ وہ اس کے سامنے تھی، یہاں غالبًا ''نہیں'' کا لفظ رہ گیا ہے، کیونکہ جواب میں یہ الفاظ ہیں: سامنے ہونا زوجہ کا وقوع طلاق کے لیے ضروری نہیں ...الحاصل حاضر ہونا عورت کا بوقت طلاق شرط نہیں۔ (عزیز الفتاوی: جلد اول: ۴۸۲، دارالاشاعت)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تقریر سنوں تو میری بیوی کو طلاق'' کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے زید کو بتلایا کہ فلاں مولوی صاحب کی تقریر مت سنو اس کی تقریر میں زہر بھرا ہوا ہے، زید نے کہا: اگر میں فلاں مولوی صاحب کی تقریر سنوں تو میری بیوی پر تین طلاق، پھر زید نے ٹیپ ریکارڈ سے بیان سنا، تو طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر ٹیپ ریکارڈ سے بیان سنا تو زید کی بیوی پر طلاق نہیں پڑے گی اس لیے کہ اس نے تقریر و بیان کا عکس سنا بعینہٖ بیان نہیں سنا جیسے ٹیپ ریکارڈ سے آیتِ سجدہ سننے سے سجدۂ تلاوت لازم نہیں ہوتا یا آوازِ بازگشت سے سجدۂ تلاوت لازم نہیں ہوتا، مسئلہ طلاق بھی اسی طرح ہے۔

ملاحظہ ہو آلاتِ جدیدہ کے شرعی احکام میں ہے:

ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ جو آیتِ سجدہ سنی جائے اس کا وہی حکم ہے جو گراموفون کے ریکارڈ کا کہ اس کے سننے سے سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوتا، کیونکہ سجدۂ تلاوت کے وجود کے لیے تلاوتِ صحیحہ شرط ہے اور آلہ بے جان بے شعور سے تلاوت مقصود نہیں۔ (آلاتِ جدیدہ کے شرعی احکام، ص ۲۲۳)۔

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ٤٨٦، ونظام الفتاوی: ۱/ ۲۷، وفتاوی محمودیہ: ۷/ ۴۷۲، واحسن الفتاوی: ۴/ ۶۵، وفتاوی دارالعلوم زکریا: ۲/ ۴۷۸)۔

**نوٹ:** عام طور پر کتابوں میں مرقوم ہوتا ہے کہ تعلیق الطلاق میں یمین پوشیدہ ہے سو وہ اس طور پر کہ جس طرح یمین توڑنے سے اس پر کفارہ مرتب ہوتا ہے، اسی طرح تعلیق کے بعد طلاق مرتب ہوتی ہے، ورنہ تعلیق طلاق میں حقیقی واصطلاحی یمین نہیں ہے، لہذا طلاق کا مدار حقیقت پر ہوگا اور تقریر کا عکس سننے سے طلاق واقع نہ ہوگی، برخلاف یمین کے کہ کتاب الایمان میں یہ مسئلہ مذکور ہے کہ تقریر کا عکس سننے سے حانث ہوجائیگا۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## ''جب بھی میں شادی کروں تو میری بیوی کو طلاق'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے کہا کہ میں جب بھی شادی کروں تو میری بیوی کو طلاق، اب اس شخص کی شادی کا کیا طریقہ ہے، جب کہ وہ شادی کا شوق بھی رکھتا ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ایسا شخص شافعی قاضی کے پاس اپنا مقدمہ لے جائے، اور چونکہ شوافع کے نزدیک جب وہ شخص یہ جملہ کہے گا، تو لغو ہوجائے گا، کیونکہ اس کے وقوع کا کوئی محل نہیں ہے، پھر قاضی تعلیق ختم کردے گا، اب وہ شخص شادی کرے گا تو طلاق واقع نہیں ہوگی، ورنہ مذہب احناف کے مطابق جب بھی وہ شادی کرے گا اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوجائے گی۔

دوسرا حیلہ یہ ہے کہ کوئی فضولی اس شخص کا نکاح کرادے اور وہ شخص اس نکاح کو بالفعل قبول کرے۔

ملاحظہ ہو علامہ شامی فرماتے ہیں:

**قال في البحر: وللحنفي أن يرفع الأمر إلى شافعي يفسخ اليمين المضافة، فلو قال: إن تزوجت فلانة فهي طالق ثلاثاً فتزوجها فخاصمته إلى قاض شافعي وادعت الطلاق فحكم بأنها امرأته وان الطلاق ليس بشيء حل له ذلك.** (فتاوى الشامي:٣/٣٤٦، مطلب في فسخ اليمين المضافة الى الملك، سعيد).

**وفي الدر المختار: كل امرأة تدخل في نكاحي أو تصير حلالاً لي فكذا فأجاز فضولي**

**بالفعل لایحنث**. (الدرالمختار:۸٤٦/۳،باب الیمین فی الضرب...، سعید).

**وفي الشامي: وينبغي أن يجئ إلى عالم ويقول له ماحلف واحتياجه إلى نكاح الفضولي فيزوجه العالم امرأة ويجيز بالفعل فلا يحنث.** (فتاوی الشامی:۳٤۸/۳،باب التعلیق، سعید).

فتاویٰ سراجیہ میں ہے:

**القاضي إذا فوض إلى شافعي ليقضي ببطلان اليمين بالطلاق جاز وعليه الفتوىٰ.**

(الفتاوی السراجیة: صـ ۱۱۹، کتاب القضاء، باب المتفرقات) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تعلیقِ طلاق میں شافعی قاضی سے فیصلہ کرانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے یہ کہا کہ اگر میں کسی بھی عورت سے نکاح کروں تو اس کو طلاق ہے۔حنفیہ کے نزدیک جس لڑکی سے بھی نکاح کرے گا، تو اس کو طلاق واقع ہوجائے گی۔

یا ایک شخص نے ایک عورت کو شہوت کے ساتھ مس کیا، اور پھر لاعلمی میں اس عورت کی لڑکی سے نکاح کیا، اوراس لڑکی سے اولاد ہوئی۔ یا اولاد نہیں ہوئی لیکن اس سے محبت ہے، اب اگر کوئی حنفی مفتی یا قاضی اس جوڑے کوکسی شافعی کے پاس بھیج دے، اورشافعی قاضی یا جمعیت کے شافعی علماء پہلی صورت میں نکاح کو جائز قرار دے اورطلاق کوکالعدم قرار دے، اوردوسری صورت میں اس لڑکی کے نکاح کو درست قرار دے تو حنفی کے لیے اس فیصلہ کوتسلیم کرنا جائز یا نہیں؟

**الجواب:** بعض کتبِ فقہیہ کی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ شافعی قاضی کے فیصلہ کوتسلیم کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اوراس مسئلہ کے دیگر بہت سارے نظائر دستیاب ہوئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حنفی شافعی قاضی کا فیصلہ تسلیم کرلے تو نافذ ہوجائے گا، اسی طرح شافعی حنفی قاضی کا فیصلہ تسلیم کرلے تو وہ بھی نافذ ہوجائے گا، نیز بوقتِ ضرورت بعض صورتوں میں حنفی قاضی شافعی قاضی کی طرف مقدمہ بھیج سکتا ہے۔

کتب فقہ کی عبارات حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) فتاویٰ سراجیہ میں ہے:

القاضي إذا فوض إلى شافعي ليقضي ببطلان اليمين بالطلاق جاز وعليه الفتوى.
(الفتاوى السراجية: صـ ۱۱۹، كتاب القضاء، باب المتفرقات).

یعنی کسی اجنبی عورت سے کہا: " إن تزوجتک فأنت طالق " پھر نکاح ہوا اور حنفی قاضی نے شافعی قاضی کی طرف مسئلہ بھیج دیا اور اس نے تعلیق کے باطل ہونے کا فیصلہ کیا تو درست ہے۔

البحر الرائق میں ہے:

(الف) وللحنفي أن يرفع الأمر إلى شافعي يفسخ اليمين المضافة فلو قال: " إن تزوجت فلانة فهي طالق ثلثاً " فتزوجها فخاصمته إلى قاضٍ شافعي وادعت الطلاق، فحكم بأنها امرأته وأن الطلاق ليس بشيء، حل له ذلک، ولو وطئها الزوج بعد النكاح قبل الفسخ ثم فسخ يكون الوطء حلالاً إذا فسخ وإذا فسخ بعد التزوج لايحتاج إلى تجديد العقد.

(باء) ولو قال: كل امرأة أتزوجها فهي طالق فتزوج امرأة وفسخ اليمين ثم تزوج امرأة أخرى لا يحتاج إلى الفسخ في كل امرأة كذا ذكر في الخلاصة، و في الظهيرية: أنه قول محمدؒ. وبقوله يفتىٰ. وكذلک في قوله: " كل عبد اشتريته ".

(ج) وإذا عقد أيماناً على امرأة واحدة فإذا قضى بصحة النكاح بعد، ارتفعت الأيمان كلها.

وإذا عقد على امرأة يميناً على حدة لاشک أنه إذا فسخ على امرأة لاينفسخ الأخرىٰ.

(د) وإذا عقد يمينه بكلمة كلما فإنه يحتاج إلى تكرار الفسخ في كل يمين.

فهي أربع مسائل في شرح المجمع للمصنف فإن أمضاه قاضٍ حنفي بعد ذلک كان أحوط. (البحر الرائق: ٦/٤، باب التعليق، كوئته- وكذا في الشامي: ٣٤٦/٣، سعيد- وفتح القدير: ٣٠٦/٧، دار الفكر- خلاصة الفتاوى: ٢٧/٢، الرشيدية).

وفي المحيط البرهاني: وإذا كتب القاضي الحنفي إلى القاضي الشافعي [ في الأصل

الشفعوي] في تقليده في هذه الصورة وأمثالها إن كان التقليد للحكم ببطلان اليمين كان جائزاً في قول أبي حنيفةؒ ... وذكر شمس الأئمة الحلوانيؒ في شرح أدب القاضي للخصاف: أن حكم الحاكم فيماعدا الحدود والقصاص من المجتهدات نحو الكنايات، والطلاق المضاف جائز، هذا هو الظاهر من مذهب أصحابنا رحمهم الله تعالیٰ، وهو الصحيح لكن مشايخنا امتنعوا عن هذه الفتویٰ ... كيلا يتجاسر العوام. (المحيط البرهاني: ٤/ ٢٥٤، كتاب النكاح، المجلس العلمي).

(۲) اگر کسی شخص نے اپنی ساس کے ساتھ زنا کیا، پہلے دینداری نہیں تھی، اب دینداری آنے کے بعد شوہر نے اس کا اقرار کیا، بیوی کو پتہ چلا تو تفریق کے لیے قاضی کے پاس گئی، اتفاق سے وہ قاضی شافعی تھا، اوراس نے بیوی کو شوہر کے ساتھ رہنے کا حکم دیا، تفریق نہیں کی، اب یہ عورت اپنے شوہر کے ساتھ رہ سکتی ہے۔

فتاوی سراجیہ میں ہے:

إذا زنى بأم امرأته فراجعته إلى القاضي، فلم يفرق بينهما وأقرهما على ذلک، فليس لقاضٍ آخر أن يفرق بينهما. (الفتاوی السراجية: ١١٦، كتاب القضاء، مايجوز من القضاء).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

قال صاحب الأقضية: ولو زنى رجل بأم امرأته، ولم يدخل بها، فجلده القاضي ورأى أن لايحرمها عليه، فأقرها معه وقضى بذلک نفذ قضائه. (الفتاوی الهندية: ٣/ ٣٥٨).

وذكر مثله صاحب المحيط عن صاحب الأقضية: وزاد بقوله: نفذ قضاءه لأنه قضى في فصل مجتهد فيه، فإن بين الصحابة اختلافاً في هذه الصورة، فعند ابن مسعودؓ ...قالوا بالحرمة، وابن عباس ﷺ كان لايقول بالحرمة وكان يقول: "الحرام لايحرم الحلال" وربما كان يرويه مرفوعاً إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم. (المحيط البرهاني: ١٢/ ٢٤٧، كتاب القضاء، وكذا في خلاصة الفتاوی: ٤/ ٢٦).

(۳) اگر کسی آدمی نے کسی عورت سے زنا کیا پھر اس کی بیٹی سے شادی کی، اور قاضی نے نکاح کے صحیح ہونے

کا فیصلہ کیا تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نافذ نہ ہوگا، امام محمدؒ کے نزدیک نافذ ہو جائے گا۔ فتاوی ظہیریہ سے معلوم ہوا کہ امام محمدؒ کے قول پر فتویٰ ہے کما مر آنفاً۔

فتح القدیر میں ہے:

**وحكى في الفصول فيما إذا زنى بامرأة ثم تزوج بنتها فقضى بجوازه ...عند أبي يوسفؒ لا ينفذ للنص عليه ، وعند محمدؒ يجوز .** (فتح القدير: ۳۰۳/۷،دارالفكر۔وكذا في الفتاوى الهندية: ۳۵۸/۳۔والمحيط البرهاني:۲۴۷/۱۲) .

(۴) ایک شافعی لڑکی نے ولی کی اجازت کے بغیر حنفی مرد سے نکاح کیا، شوافع کے نزدیک بغیر ولی کے نکاح نہیں ہوسکتا، اور احناف کے نزدیک ہو جاتا ہے، اب اس صورت میں شوہر بیوی کے ساتھ ہم بستری کر سکتا ہے یا نہیں؟ اور بیوی شوہر کو اپنے او پر قدرت دے سکتی ہے یا نہیں؟ یاد رہے کہ جنوبی افریقہ کے مسلمان بعض حنفی ہیں اور بعض شافعی؟

**الجواب:** اولاً لڑکی کو چاہئے کہ والدین کی رضامندی سے نکاح کرے، لیکن اگر ایسا ممکن نہ ہو پھر اس مسئلہ کا حل بھی یہی ہے کہ لڑکی کسی حنفی قاضی یا جمعیت کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کر دے، پھر وہ حضرات نکاح کے درست ہونے کا فیصلہ کر دیں کے تو یہ فیصلہ نافذ ہو جائے گا۔ اگر چہ فقہ حنفی کی روشنی میں یہ نکاح درست ہے، لیکن چونکہ لڑکی مطمئن نہیں ہے اس لیے قاضی کے فیصلہ کی ضرورت محسوس ہوئی۔

**قال الماوردي : وليس للزوج الاستبداد بعقد مختلف فيه، إلا أن كانا من أهل الاجتهاد واداهما إلى ذلک وإلا فوجهان أحدهما: نعم ، وثانيهما: لا، إلا بإفتاء مفتٍ أو حكم حاكم .** (حواشي الشيخ عبدالحميد الشرواني والشيخ احمد بن قاسم العبادي على تحفة المحتاج: ۲۸۳/۷) .

درمختار میں ہے:

**والحنفي كفء لبنت الشافعي، وقال الشامي: يعني لوتزوج حنفي بنت شافعي نحكم بصحة العقد، وإن كان في مذهب أبيها أنه لايصح العقد إذا كانت بكراً إلا بمباشرة وليها ،**

**لأنا نحكم بما نعقد صحته في مذهبنا .**

**قال في البزازية: وسئل شيخ الإسلام عن بكر بالغة شافعية زوجت نفسها من حنفي أوشافعي بلا رضا الأب هل يصح ؟ أجاب : نعم وإن كانا يعتقدان عدم الصحة ، لأنا نجيب بمذهبنا، لا بمذهب الخصم...** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي: ۹۳/۳، باب الكفاءة، سعيد) .

(۵) اگرکسی شخص نے اپنی نابالغ لڑکی کا نکاح غیرعادل گواہوں کی گواہی سے نابالغ لڑکے سے کردیا،اب دونوں بالغ ہوگئے ،لیکن دونوں کے درمیان بہت دوری ہے ملنامشکل ہے،تواگرحنفی قاضی شافعی قاضی کوخط لکھ دے کہ آپ اس نکاح کو باطل کردے،اورشافعی قاضی اس نکاح کے باطل ہونے کا فیصلہ کردے،تو یہ فیصلہ نافذ ہوجائے گا،حنفی اس کے مطابق عمل کرسکتا ہے۔

اسی طرح اگرکوئی آدمی اپنی بیوی کوچھوڑکردوسرے ملک چلا گیااوراس کے واپس آنے کا امکان نہیں ہے، اور یہ نکاح فاسق گواہوں کی گواہی سے ہوا تھا،تواگرحنفی قاضی شافعی قاضی کے پاس عورت کوبھیج دے اورشافعی قاضی نکاح کے باطل ہونے کا فیصلہ کردے تو یہ فیصلہ نافذ ہوجائے گا۔

ملاحظہ ہوفتاوی ہندیہ میں ہے:

**ذكر في مجموع النوازل: سئل شيخ الإسلام عطاء بن حمزة عن أب الصغيرة زوجها من صغير، وقبل أبوه، وكبر الصغيران وبينهما غيبة منقطعة ، وقد كان التزويج بشهادة الفسقة هل يجوز للقاضي أن يبعث إلى شافعي المذهب ليبطل هذا النكاح بسبب أنه كان بشهادة الفسقة ؟ قال: نعم .** (الفتاوى الهندية : ۳٦۲/۳۔ و كذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۱۹٦/۳۔ وفتاوى الشامي: ٤۰۳/٥) .

**وفي المحيط : سئل شيخ الإسلام أبو الحسن عطاء بن حمزة عن رجل غاب عن امرأته غيبة منقطعة ، وقدكان النكاح بينهما بشهادة الفسقة ، هل يجوز للقاضي أن يبعث إلى القاضي الشافعي ليبطل هذا النكاح بهذا السبب ؟ قال: نعم .** (المحيط البرهاني: ٢٥٨/٤) .

(٦) ایک شخص نے کسی لڑکی سے اس کے ولی کی اجازت کے بغیرشادی کی، دخول کے بعداسے تین طلاق

دیدی، اب ولی اس لڑکی کی شادی اسی آدمی سے کرانا چاہتا ہے، لیکن حلالہ سے بچنا چاہتا ہے، تو اس کی صورت یہ ہے کہ قاضی زوجین کو شافعی قاضی کے پاس بھیج دے، جو پہلے نکاح کے باطل ہونے کا فیصلہ کرے گا، اور نکاح ثانی کو جائز قرار دے گا، اور یہ فیصلہ بلا کسی خرابی کے نافذ ہو جائے گا۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

**وكذا لو كان بغير ولي فطلقها ثلاثاً فبعث إلى شافعي يزوجها منه بغير محلل، ثم يقضي بالصحة وبطلان النكاح الأول يجوز إذا لم ياخذ القاضى الكاتب ولا المكتوب إليه شيئاً، ولايظهر بهذا حرمة الوطء السابق ولاشبهة ولاخبث فى الولد، كذا فى الخلاصة .**

(فتح القدير:٣/٢٠٣، كتاب النكاح، دار الفكر۔ وكذا في الفتاوى الهندية:٣/٣٦٢۔ والبحر الرائق:٣/٨٩۔ والمحيط البرهاني:٤/٢٥٩).

خلاصہ یہ ہے کہ ان تمام مسائل کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اگر حنفی قاضی یا مفتی، زوجین کو شافعی قاضی یا جمعیت کے شافعی علماء کے پاس بھیج دے اور وہ حضرات نکاح کے جائز ہونے کا فیصلہ کر دے تو یہ فیصلہ درست ہے، اور حنفی کے لیے اس پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم :
کل طلاق جائز إلا طلاق المعتوہ المغلوب علی عقلہ".

(رواه الترمذي)

وعن مجاہد وعطاء والحسن ومحمد وإبراہیم
وسعید بن المسیب أنہم قالوا: طلاق السکران جائز.
وعن عبد الرحمن بن عنبسۃ: أن عمر بن عبد العزیز
أجاز طلاق السکران وجلدہ.

(مصنف ابن ابی شیبة)

# باب ...... (۷)

# سکران، مجنون اور مکرَہ کی طلاق کا بیان

روی الفرج بن فضالۃ عن عمرو بن شراحیل
أن امرأۃ أکرہت زوجہا علی طلاقہا فطلقہا،
فرفع ذلک إلی عمر فأمضی طلاقہا.

(عمدة القاری)

## باب ...... ﴿۷﴾

# سکران، مجنون اور مکرہ کی طلاق کا بیان

### بحالتِ نشہ وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے نشہ کی حالت میں بیوی کو طلاق دی تو طلاق ہوگی یا نہیں؟ اور اگر کسی کو دوا سے نشہ آ گیا تو کیا حکم ہے؟

**الجواب:** مذہب احناف کے مطابق حالتِ نشہ کی طلاق زجر وتنبیہ اور بطورِ سزا واقع ہوجاتی ہے، بشرطیکہ اس کا نشہ پینا ناجائز طریقہ پر ہو، ہاں اگر کوئی مباح شئ ہواور اتفاقاً اس سے نشہ پیدا ہو گیا، یا اکراہ واضطرار کی وجہ سے نشہ آور چیز استعمال میں آئی ہو تو اسکی طلاق واقع نہ ہوگی۔

اسی طرح بعض ادویات بھی نشہ آور ہوتی ہیں، لہٰذا ان چیزوں کے استعمال سے اگر نشہ آجائے اور اس حالت میں طلاق دیدے تو طلاق واقع نہ ہوگی۔ نیز بعض ایسی چیزیں بھی ہیں کہ شرعاً ان کا کھانا حرام نہیں بلکہ مکروہ ہے، مگر استعمال کی بے اعتدالی کی وجہ سے اس سے بھی کبھی نشہ پیدا ہوتا ہے، جیسا کہ تمباکو وغیرہ تو اس صورت میں بھی طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو بدائع الصنائع میں ہے:

**السكران إذا طلق امرأته فإن كان سكره بسبب محظور بأن شرب الخمر أو النبيذ**

طوعاً حتى سكر وزال عقله فطلاقه واقع عند عامة العلماء وعامة الصحابة رضي الله عنهم... لعموم قوله عزّوجلّ: ﴿الطلاق مرتٰن﴾ إلى قوله سبحانه وتعالى ﴿فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره﴾ من غير فصل بين السكران وغيره إلا من خص بدليل، وقوله عليه الصلاة والسلام: "كل طلاق جائز إلا طلاق الصبي والمعتوه" ولأن عقله زال بسبب هو معصية، فينزل قائماً عقوبة عليه وزجراً له عن ارتكاب المعصية... بخلاف ما إذا زال بالدواء، **لأنه ما زال بسبب هو معصية**. (بدائع الصنائع:۳/۹۹، شرائط ركن الطلاق،سعيد).

وفي الدر المختار: سواء كان سكره من الخمر أو الأشربة الأربعة المحرمة أو غيرها من الأشربة الأربعة المتخذة من الحبوب والعسل عند محمد. قال في الفتح: وبقوله يفتى لأن السكر من كل شراب محرم. وفي البحر عن البزازية: المختار في زماننا لزوم الحد ووقوع الطلاق. وما في الخانية من تصحيح عدم الوقوع فهو مبني على قولهما من أن النبيذ حلال، والمفتى به خلافه. وفي النهر عن الجوهرة أن الخلاف مقيد بما إذا شربه للتداوي فلو للهو والطرب فيقع بالإجماع...قوله أو أفيون أو بنج ...إن كان للتداوي لم يقع لعدم المعصية، وإن للهو وإدخال الآفة قصداً، فينبغي أن لا يتردد في الوقوع.وفي تصحيح القدوري عن الجواهر: وفي هذا الزمان إذا سكر من البنج والأفيون يقع زجراً، وعليه الفتوى، وتمامه في النهر. قوله (لو زال عقله بالصداع أو بمباح لم يقع) كما إذا سكر من ورق الرمان فإنه لا يقع طلاقه ولا عتاقه.ونقل الإجماع على ذلك صاحب التهذيب،كذا في **الهندية**.(الدر المختار مع رد المحتار:۳/۲۳۹، ۲٤۰، مطلب في تعريف السكران وحكمه،سعيد).

(وكذا في المحيط البرهاني في الفقه النعماني: ۳/۳٤۸، الفصل الثالث في بيان من يقع طلاقه ومن لا يقع طلاقه، رشيدية).

وفي الفتاوى الهندية :

ولو أكره على شرب الخمر أو شرب الخمر لضرورة وسكر وطلق امرأته، اختلفوا

**فيه، والصحيح أنه كما لا يلزمه الحد لا يقع طلاقه ولا ينفذ تصرفه. كذا في فتاوى قاضي خان.** (الفتاوى الهندية :۳/۳۵۳، فصل فيمن يقع طلاقه وفيمن لا يقع طلاقه)

**مزید ملاحظہ ہو:** (الفقه على المذاهب الأربعة :۴/۲۱۹، شروط الطلاق۔وجديد فقهي مسائل: ۳/۲۱۵).

مفتی کفایت اللہ صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

نشہ کی حالت کی طلاق واقع ہوجاتی ہے،مگر شرط یہ ہے کہ نشہ اپنے علم واختیار سے کیا ہو۔اگر کسی نے دھوکہ دے کر یا زبردستی پلا دیا اور اس حالت میں طلاق دی گئی تو وہ طلاق نہیں پڑتی۔ (کفایت المفتی:۶/۹۲،حالتِ نشہ میں طلاق دینا،دارالاشاعت).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (خیر الفتاوی:۵/۲۳۷۔وفتاوی رحیمیہ:۸/۲۷۳۔واحسن الفتاوی:۵/۱۸۲)۔

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اسلام میں نشہ کی سخت ممانعت ہے۔اس لیے اگر کوئی شخص نشہ استعمال کرلے اور اس حالت میں طلاق دیدے تو گو وہ ہوش وحواس سے محروم ہے پھر بھی اس کی طلاق واقع ہوجائے گی۔لیکن اگر ناواقفیت میں یا کسی غیر معمولی مجبوری کی بنا پر کسی شخص نے نشہ آور چیز استعمال کی تو ایسے خصوصی مواقع پر وہ گنہگار نہیں ہوگا اور ایسی حالت میں دی گئی طلاق واقع نہ ہوگی،ایسے نشہ کی چند صورتیں ہیں:

(الف) بطور دوا وعلاج کے نشہ آور چیز استعمال کرلی گئی۔

(ب) کوئی شخص بھوک کی وجہ سے مرنے کے قریب تھا اور اس وقت نشہ آور چیز کے سوا کوئی اور ایسی چیز موجود نہ تھی جسے کھا کر وہ جان بچائے اس لیے اضطرار کی حالت میں اس نے نشہ آور چیز کا استعمال کرلیا۔

(ج) کسی شخص کو نشہ آور چیز کے استعمال کرنے پر اس طرح مجبور کیا گیا کہ اسکو غالب گمان ہو کہ اگر وہ اس کا استعمال نہیں کریگا تو اسکو سخت جسمانی مضرت یا کوئی اور ناقابلِ برداشت نقصان پہنچ سکتا ہے۔

(د) اس نے کوئی ایسی چیز استعمال کی جس کے نشہ آور ہونے سے واقف نہیں تھا،اتفاق سے وہ نشہ آور شئ نکلی اور نشہ آگیا۔

ان صورتوں میں اگر وہ طلاق دیدے تو طلاق واقع نہ ہوگی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۳۴، ۱۳۵)۔

نیز ملاحظہ فرمائیں: (نئے مسائل اور علمائے ہند کے فیصلے، حالتِ نشہ کی طلاق، ص ۹۰)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## حالتِ غصہ میں عقل زائل ہونے پر طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر ایک آدمی غصہ میں اپنے اختیار سے باہر ہوجاتا ہے، اپنا سر دیوار سے ٹکراتا ہے، گھر کے سامان کو بھی توڑ دیتا ہے، اور کچھ یاد بھی نہیں رہتا کہ میں نے کیا کیا تھا، اس کی آواز بھی بدل جاتی ہے، اور یہ شخص مسحور بھی ہے، ایسی کیفیت میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تو طلاق واقع ہوجائے گی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شخص مذکور کی حالت واقعی ایسی ہے جو سوال میں درج ہے، تو ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے طلاق واقع نہ ہوگی۔ البتہ آئندہ علاج کی فکر کرنا چاہئے، تاکہ بار باران حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ملاحظہ ہو "الفقه على المذاهب الأربعة" میں ہے:

**فاعلم أن بعض العلماء قد قسم الغضب إلى ثلاثة أقسام: الأول: ـ أن يكون الغضب في أول أمره، فلا يغير عقل الغضبان بحيث يقصد ما يقوله ويعلمه، ولا ريب في أن الغضبان بهذا المعنى يقع طلاقه وتنفذ عباراته باتفاق.**

**الثاني: ـــ أن يكون الغضب في نهايته بحيث يغير عقل صاحبه ويجعله كالمجنون الذي لايقصد ما يقول ولا يعلمه، ولا ريب في أن الغضبان بهذا المعنى لا يقع طلاقه لأنه هو والمجنون سواء.**

**الثالث: ـــ أن يكون الغضب وسطاً بين الحالتين بأن يشتد ويخرج عن عادته، ولكنه لا يكون كالمجنون الذي لايقصد ما يقول ولا يعلمه. والجمهور على أن القسم الثالث يقع به الطلاق. والتحقيق عند الحنفية أن الغضبان الذي يخرجه غضبه عن طبيعته وعادته بحيث يغلب الهذيان على أقواله وأفعاله فإن طلاقه لا يقع وإن كان يعلم ما يقول ويقصده، لأنه**

**یکون في حالة یتغیر فیها إدراکه، فلا یکون قصده مبنیاً علی إدراک صحیح، فیکون کالمجنون، لأن المجنون لا یلزم أن یکون دائما في حالة لا یعلم معها ما یقول، فقد یتکلم في کثیر من الأحیان بکلام معقول، ثم لم یلبث أن یهذي.** (الفقه علی المذاهب الأربعة: ٤/٢٢٧، شروط الطلاق، القاهرة).

وکذا في رد المحتار: ٣/٢٤٤، مطلب في طلاق المدهوش، سعید).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

انتہائی درجہ کا غضب جس میں عقل مغلوب ہو جائے اور انسان یہ نہ سمجھے کہ کیا کہہ رہا ہے اور کیا کر رہا ہے، یہ بھی وہ کیفیت ہے جس میں طلاق واقع نہیں ہوتی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۳۳۔ وامداد المفتین جلد دوم: ۵۹۳)۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## مسحور اور آسیب زدہ کی طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اور اسی حالت میں اس نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیں تو واقع ہوگی یا نہیں؟ اس کی حالت بظاہر مجنون کی سی نہیں ہے۔ نیز اگر مجنون کی طرح ہو تو کوئی فرق ہوگا یا نہیں؟ نیز اگر کوئی کہے اس پر جنات کا اثر ہے اور جنات نے طلاق دی، اس نے نہیں دی تو کیا حکم ہے؟

**الجواب:** سحر اور جنات کا دعوی بظاہر مقبول نہیں، طلاق سے فرار اختیار کرنے کے لئے ہے، لہذا جس شخص نے بیوی کو طلاق دی اور اس کا جنون اور پاگل پن معلوم ومشہور نہ ہو تو اس کی طلاق واقع ہو جائے گی۔ ہاں اگر جنون اور پاگل پن معلوم ومشہور ہو تو پھر طلاق واقع نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**لا یقع طلاق...والمجنون...والمعتوه من العته وهو اختلال فی العقل. وفی الشامیة: قوله "والمجنون" قال فی التلویح: الجنون اختلال القوة الممیزة بین الأمور الحسنة والقبیحة المدرکة للعواقب بأن لا تظهر آثارها وتتعطل أفعالها، إما لنقصان جبل**

علیه دماغه في أصل الخلقة، وإما لخروج مزاج الدماغ عن الاعتدال بسبب خلط أو آفة وإما لاستيلاء الشيطان عليه وإلقاء الخيالات الفاسدة إليه بحيث يفرح ويفزع من غير ما يصلح سبباً. وفي البحر عن الخانية: رجل عرف أنه كان مجنوناً فقالت له امرأته طلقتني البارحة فقال: أصابني الجنون ولا يعرف ذلك إلا بقوله كان القول قوله. (قوله وهو اختلال في العقل) هذا ذكره في البحر تعريفاً للجنون وقال: ويدخل فيه المعتوه، وأحسن الأقوال في الفرق بينهما أن المعتوه هو القليل الفهم المختلط الكلام الفاسد التدبير، لكن لا يضرب ولا يشتم بخلاف المجنون، وصرح الأصوليون بأن حكمه كالصبي. (الدرالمختار مع رد المحتار: ۳/۲٤۳، كتاب الطلاق، سعيد).

بدائع الصنائع میں ہے:

وأما شرائط الركن فأنواع، بعضها يرجع إلى الزوج...أما الذي يرجع إلى الزوج فمنها: ــ أن يكون عاقلاً حقيقةً أو تقديراً، فلا يقع طلاق المجنون والصبي الذي لايعقل، لأن العقل شرط أهلية التصرف، لأن به يعرف كون التصرف مصلحة، وهذه التصرفات ما شرعت إلا لمصالح العباد. (بدائع الصنائع: ۳/۹۹، شرائط ركن الطلاق، سعيد).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

اگر جنون وسحر وغیرہ کی وجہ سے ہوش وحواس قائم نہ رہے اور یہ معلوم نہ ہو کہ زبان سے کیا الفاظ کہہ رہا ہے اوران کا کیا نتیجہ ہوگا تو ایسی صورت میں طلاق واقع نہیں ہوئی، اگر یہ بات نہ ہو بلکہ الفاظ کے مطلب کو سمجھتا ہو پھر اس طرح کہے تو طلاق ہو جاتی ہے۔

طلاق دیتے وقت اس کے دوسرے احوال ومعاملات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ حواس صحیح تھے یا نہیں۔ (فتاوی محمودیہ: ۱۲/ ۶۵۱، مبوب ومرتب).

وكذا في الفتاوى التاتارخانية: ۳/۲٥٥، في بيان من يقع طلاقه ومن لا يقع۔و امداد الاحكام: ۲/ ٥٦٥۔و فتاوى رحيميه: ۸/۲٦۲۔وفتاوى محموديه: ۱۲/۳۰۱۔ومجموعه قوانين اسلامى: ۱۳۱).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بحالتِ جبر واکراہ وقوعِ طلاق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے دوسرے کو طلاق پر مجبور کیا کہ اگر طلاق نہیں دیتے تو تمہاری پٹائی کرتے ہیں، تو کیا پٹائی اکراہ میں آتی ہے یا اکراہ میں قتل اور ہاتھ وغیرہ کا کاٹنا مراد ہے؟ اور مکرہ کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ حالت اکراہ میں مکرہ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے اور اکراہ میں قتل اور قطع ید وغیرہ مراد ہے۔

ملاحظہ ہو خزانۃ الفقہ میں فقیہ ابو اللیث سمرقندیؒ فرماتے ہیں:

**إذا أكره رجلاً بقتل أوتلف عضو من أعضائه أو بأمر يخاف منه تلف نفسه أو ذهاب عضو من أعضائه أن يطلق امرأته ...إلى قوله ففعل ذلك جاز.** (خزانة الفقه:٣٣٣، ٣٣٤، كتاب الاكراه، باب ماتصح مع الاكراه، المكتبة الغفورية).

شرح منظومہ ابن وھبان میں مذکور ہے:

**أن الإكراه يحصل بالضرب أو بالحبس أو بالقيد. قال: واعلم أن أصحابنا أجمعوا على أن الإكراه بوعيد تلف النفس أوعضو من الأعضاء إكراه معتبرشرعاً، سواء حصل على فعل أو قول. وإن حصل الإكراه بالحبس والتقييد، فإن كان على فعل فليس بمعتبر شرعاً، ويجعل كأن المكرَه فعل ذلك بغير إكراه، وإن كان على قول لايستوي فيه الجد والهزل، كالبيع والشراء والوقف والهبة والإجارة والبراءة والصدقة، فيعتبرشرعاً، كما سيأتي في البيت الذي بعد هذا. وإن كان على ما يستويان فيه كالطلاق والعتاق فغيرمعتبر.** (شرح منظومة ابن وهبان:٢/٨٧، فصل من كتاب الحجر والاكراه، الوقف المدني، ديوبند).

ترجمہ: بے شک اکراہ حاصل ہوتا ہے مار پٹائی سے یا قید و بند سے، مصنفؒ فرماتے ہیں کہ جان لو ہمارے فقہائے احناف کا اس بات پر اجماع ہے کہ بے شک اکراہ اگر قتل کرنے یا کسی عضو کو ہلاک کرنے کی دھمکی سے ہو تو یہ اکراہ از روئے شریعت معتبر ہے چاہے فعل پر حاصل ہو یا قول پر، اور اگر قید و بند کے ذریعہ حاصل ہو تو اگر کسی

کام کے کرنے پر کیا جائے تو از روئے شرع معتبر نہیں ہے، اور گویا مکرہ نے یہ کام بغیر کسی اکراہ کے کیا۔

اور اگر کسی قول پر اکراہ کیا جائے اور وہ قول ایسا ہو کہ اس میں حقیقت اور مذاق دونوں کا حکم یکساں نہیں ہے، جیسے خرید وفروخت، وقف، ہبہ، اجارہ، براءت اور صدقہ تو از روئے شرع معتبر ہے، اور اگر ایسے قول پر کیا جائے کہ جس میں جد وہزل کا حکم یکساں ہے، جیسے طلاق وعتاق تو اس میں یہ اکراہ (یعنی غیر ملجئی) معتبر نہیں ہے۔

فتاوی قاضی خان میں ہے:

**والإكراه بوعيد القتل وإتلاف العضو يظهر في الأقوال والأفعال جميعاً.** (فتاوى قاضيخان: ٤٨٣/٣). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## پولیس کی دھمکی اکراہ میں داخل ہے:

**سوال:** اگر کسی شخص کو اس کے خسر یا کسی اور نے کہا کہ تم اپنی بیوی کو تین طلاق لکھ دو ورنہ تم کو پولیس کے حوالہ کردوں گا، تو یہ اکراہ ہے یا نہیں؟ اور طلاق ہوگی یا نہیں؟ کیا طلاق میں اکراہ ملجی مؤثر ہے؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ بجبر واکراہ طلاق لکھنے سے طلاق واقع نہ ہوگی، ہاں زبان سے طلاق دیدے تو مکرہ کی طلاق واقع ہوجائے گی، اور پولیس کی دھمکی بھی اکراہ میں داخل ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ويقع طلاق كل زوج بالغ عاقل ولو عبداً أومكرهاً فإن طلاقه صحيح. وفي الشامي: وفي البحر: أن المراد الإكراه على التلفظ بالطلاق، فلو أكره على أن يكتب طلاق امرأته فكتب لاتطلق.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٢٣٦/٣، مطلب في الإكراه، سعيد).

**وفي البزازية: أكره على أن يكتب على قرطاس "امرأته طالق أوأمرها بيدها" لم يصح إلا إذا نوى.** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ١٣١/٦، كتاب الاكراه۔ وكذا في البحرالرائق: ٢٤٦/٣).

**وفي الهندية: وأما أنواعه فالإكراه في أصله على نوعين، إما أن كان ملجئاً أوغير ملجئ، فالإكراه الملجئ هو الإكراه بوعيد تلف النفس أو بوعيد تلف عضو من الأعضاء،**

**والإكراه الذي هو غير الملجئ هو الإكراه بالحبس والتقييد.** (الفتاوى الهندية: ٥/ ٣٥).

عالمگیری میں ہے:

**ولو كانت هي المسلطة فأكرهت على أن يطلقها بوعيد تلف ففعل لم يكن لها عليه شيء من المهر ولو كانت المكرهة بالحبس أخذته بنصف الصداق.** (الفتاوى الهندية: ٥/ ٤٣).

فتاوی دارالعلوم میں ہے:

بجز طلاق نامہ پر دستخط کرا لینے سے جب کہ زید نے زبان سے طلاق نہیں دی، اور نہ خود لکھی، طلاق واقع نہیں ہوئی۔ (فتاوی دارالعلوم: ۹/ ۱۵۴۔ وکتاب الفتاوی: ۵/ ۱۰۲).

کتاب الفتاوی میں ہے:

پولیس کی دھمکی بھی اکراہ میں داخل ہے۔ (کتاب الفتاوی: ۵/ ۹۰).

فتاوی قاضی خان میں ہے:

**رجل أكره بالضرب والسجن على أن يكتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان بن فلان، فكتب: امرأته فلانة بنت فلان بن فلان طالق، لا تطلق امرأته.** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/ ٤٧٢، فصل في الطلاق بالكتابة). **واللہ ﷻ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ :

﴿والذين يظاهرون منكم من نسائهم ماهن أمهتهم ...﴾

(سورة المجادلة : الآية:٢).

وقال تعالیٰ:

﴿للذين يؤلون من نسائهم تربص أربعة أشهر،
فإن فاء وا فإن الله غفور رحيم﴾

(سورة البقرة:الآية:٢٢٦).

# باب...... ﴿۸، ۹، ۱۰﴾

# ظہار، ایلاء اور خلع کا بیان

وقال تعالیٰ:

﴿فإن خفتم أن لايقيما حدود الله،
فلاجناح عليهما فيما افتدت به﴾.

(سورة البقرة:الآية:٢٢٩).

# باب...... ﴿۸﴾

# ظہار کا بیان

## شریعتِ مطہرہ میں ظہار کا صحیح مفہوم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ تمہاری شرمگاہ میرے لیے ماں بہن کی طرح ہے، اس پر بعض علماء نے اس سے کہا کہ یہ ظہار ہے تم کو کفارہ دینا پڑے گا، حالانکہ وہ شخص نہ ظہار جانتا ہے نہ اس نے ظہار کی نیت کی تھی، شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بعض علماء کا قول صحیح ہے، یہ ظہار ہے اور کفارہ بھی لازم ہوگا، اور حکم شریعت سے ناواقف ہونا کوئی عذر نہیں ہے، اگر ناواقف ہے تو ہم ظہار کے باب میں سیر کراتے ہیں، چنانچہ ظہار کا صحیح مفہوم حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:۔

ظہار کے لغوی معنی پشت کو پشت کے مقابل کرنا یا ملانا ہے۔

شریعت کی اصطلاح میں بیوی کو یا اس کے کسی ایسے عضو کو جس سے پوری ذات مراد لی جاسکتی ہو اپنی محرماتِ ابدیہ یا اس کے کسی ایسے عضو کے ساتھ تشبیہ دینا جس کی طرف دیکھنا حرام ہے، ظہار کہلاتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتح القدیر میں ہے:

**والظهار لغة مصدر ظاهر وهو مفاعلة من الظهر فيصح أن يراد به معانٍ مختلفة ترجع إلى الظهر معنىً ولفظاً بحسب اختلاف الأغراض، فيقال: ظاهرت، أى قابلت ظهرك بظهره حقيقة، وإذا غايظه أيضاً وإن لم تدابره حقيقة.** (فتح القدير: ٤/٢٤٥، باب الظهار، دارالفكر۔ وكذا فى الدرالمختار: ٣/٤٦٥، باب الظهار، سعيد).

**وفى العناية في شرح الهداية: وفي اصطلاح الفقهاء: تشبيه المنكوحة بالمحرمة على سبيل التأبيد اتفاقاً بنسب أو برضاع أو مصاهرة.** (شرح العناية على هامش فتح القدير: ٤/٢٤٦، دارالفكر۔ ومجموعه قوانين اسلامى: ١٦١، قانون ظهار).

نیز ظہار کے کچھ ارکان وشرائط ہیں، جو حسبِ ذیل درج ہیں:

(۱) شوہر کا عاقل بالغ ہونا۔

(۲) بیوی کی پوری ذات یا اس کے کسی ایسے عضو کو تشبیہ دینا جس سے پوری ذات مراد لی جاسکتی ہو۔

(۳) محرماتِ ابدیہ میں سے کسی سے یا اس کے کسی ایسے عضو سے تشبیہ دینا جس کی طرف دیکھنا حرام ہے۔

(۴) حرف تشبیہ یعنی لفظ مثل، طرح، جیسے، وغیرہ الفاظ کا صراحۃً ذکر کرنا، ورنہ کلام لغو ہو جائے گا، مثلاً اگر کوئی یہ کہے ''تو میری ماں ہے'' یا ''میری ماں کی پشت ہے'' تو کلام لغو ہوگا۔

ملاحظہ ہو در مختار میں ہے:

**وشرعاً تشبيه المسلم ...زوجته...أو تشبيه ما يعبر عنها من أعضائها كالرأس والرقبة أو تشبيه جزء شائع منها كنصفك ونحوه بمحرم عليه تأبيداً أي بعضو يحرم النظر إليه من أعضاء محرمة عليه نسباً أوصهريةً أورضاعاً كما فى البحر، أو بجملتها كأنت علي كأمي فإنه تشبيه بالظهر و زيادة.** (الدرالمختارمع الشامى: ٣/٤٦٦، سعيد۔ وكذا فى فتح القدير: ٤/٢٤٥، دارالفكر).

البحر الرائق میں ہے:

**والحاصل أن هنا أربعة أركان المشبه، والمشبه به...أما الأول: وهو المشبه وهو**

بكسر الباء فهو الزوج البالغ العاقل المسلم...وأما الثاني وهو المشبَه بفتح الباء المنكوحة أو عضو منها يعبر به عن كلها أو جزء شائع ، وأما الثالث : وهو المشبه عضو لايحل النظر إليه من محرمة تأبيداً. وأما الرابع. وهو الدال عليه وهو ركنه وهو صريح و كناية.

(البحر الرائق:٤/٩٥،باب الظهار،كوئته۔وكذا فى فتح القدير:٤/٢٤٥،ط:دارالفكر۔وبدائع الصنائع:٣/٢٣٠۔٢٣٣،شرائط الظهار،ط:سعيد۔ومجموعه قوانين اسلامى:١٦٢،قانون ظهار).

## اقسام ظہار:۔

ظہار کی دو تقسیم کی گئی ہے۔(۱) باعتبار الفاظ۔اس کی بھی دو قسمیں ہیں:

(الف) ظہار صریح (باء) ظہار کنایہ۔

(الف) صریح :محرمات ِابدیہ کے کسی ایسے عضو سے تشبیہ دینا جس کی طرف دیکھنا حرام ہے ۔مثلاً ''تو میری ماں کی پشت کی مانند ہے''۔تو یہ صریح ظہار ہے اس میں نیت کا اعتبار نہیں بلا نیت ظہار متحقق ہوجائے گا۔

(باء) محرمات ِابدیہ کی پوری ذات سے تشبیہ دینا۔مثلاً کوئی یہ کہے ''تو میری ماں کی مثل ہے''۔تو یہ ظہار کنائی ہوگا،جس میں ظہار،طلاق،ایلاء اور عزت وکرامت میں مماثلت سب ہی کا احتمال ہے۔

جیسی نیت ہوگی اس کے مطابق حکم ہوگا،لیکن مذاکرۂ طلاق اور باہمی جھگڑے کے وقت عند القضاء عزت وکرامت کی نیت معتبر نہ ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

لو قال لامرأته أنت علي كظهر أمي كان مظاهراً سواء نوى الظهار أولا نية له أصلاً لأن هذا صريح فى الظهار إذ هو ظاهر المراد مكشوف المعنى عند السماع بحيث يسبق إلى أفهام السامعين فكان صريحاً لايفتقر إلى النية كصريح الطلاق،... وكذا إذا قال: أناْ منك مظاهر أو قد ظاهرتک فهو مظاهر نوى الظهار أولا نية له لأن هذا اللفظ صريح فى الظهار أيضاً...وكذا لوقال: أنت علي كبطن أمي أو كفخذ أمي أو كفرج أمي فهذا وقوله أنت علي كظهر أمي على السواء لأنه يجري مجرى الصريح لما ذكرنا.

**ولوقال لها: أنت علي كأمي أومثل أمي يرجع إلى نيته فإن نوى به الظهار كان مظاهراً وإن نوى به الكرامة كان كرامة وإن نوى به الطلاق كان طلاقاً وإن نوى به اليمين كان إيلاء لأن اللفظ يحتمل كل ذلك إذ هو تشبيه المرأة بالأم فيحتمل التشبيه في الكرامة والمنزلة**... (بدائع الصنائع:۳/۲۳۱،شرائط الظهار،سعيد).

**وفي الشامي: وينبغي أن لا يصدق قضاءً في إرادة البر إذا كان في حال المشاجرة وذكر الطلاق**. (فتاوى الشامي:۳/۴۷۰باب الظهار،سعيد۔وفتح القدير:۴/۲۵۱،باب الظهار،دارالفكر۔ومجموعه قوانين اسلامی:۱۶۲، قانون ظهار).

ظہار کی دوسری تقسیم باعتبار مدت کے ہے،اس کی بھی دو قسمیں ہیں:

(الف) ظہار موقت۔

(باء) ظہار مطلق۔

(الف) ظہار موقت وہ ہے جس میں کسی خاص وقت کی طرف نسبت کی گئی ہو مثلاً یوں کہا گیا ہو: **أنت علی كظهر أمي يوماً أوشهراً أوسنةً**.

اس کا حکم یہ ہے کہ وقت ختم ہونے سے ظہار بھی ختم ہو جاتا ہے کفارہ ادا کرنا بھی ضروری نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو بدائع الصنائع میں ہے:

**وإن كان موقتاً بأن قال لها: أنت علي كظهر أمي يوماً أوشهراً أوسنة صح التوقيت وينتهي بانتهاء الوقت بدون الكفارة عند عامة العلماء ...لأن تحريم الظهار أشبه بتحريم اليمين من الطلاق لأن الظهار تحله الكفارة كاليمين يحله الحنث ثم اليمين تتوقت كذا الظهار**. (بدائع الصنائع:۳/۲۳۵،سعيد۔وكذا فی فتح القدير:۴/۲۵۷،دارالفكر).

(باء) ظہار مطلق: وہ ہے جس میں کسی وقت کی طرف نسبت نہ کی گئی، مثلاً یوں کہا گیا ہو: "**أنت علي كظهر أمي**".

مطلق ظہار کا حکم ملاحظہ فرمائیں:

(۱) ظہار سے طلاق واقع نہیں ہوتی ہے الا یہ کہ طلاق کی نیت کرے، البتہ جب تک کفارہ ادا نہ کیا جائے بیوی سے صحبت اور بوس وکنار حرام ہے۔

(۲) اگر شوہر کفارہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے بیوی سے ہم بستر نہیں ہوتا ہے تو عورت قاضی کے ذریعہ شوہر کو کفارہ ادا کرنے یا طلاق دینے پر مجبور کر سکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما حكم الظهار فللظهار أحكام (۱) منها حرمة الوطء قبل التكفير لقوله عزوجل ﴿والذين يظاهرون من نسائهم ثم يعودون لما قالوا فتحرير رقبة من قبل أن يتماسا﴾. (۲) ومنها حرمة الاستمتاع بها من المباشرة والتقبيل واللمس عن شهوة والنظر إلى فرجها عن شهوة قبل أن يكفر. (۳) ومنها مع بقاء النكاح كحرمة الفعل في المطلقة بعد زوال النكاح وتلك الحرمة تعم البدن كله كذا هذه...(۴) ومنها أن للمرأة أن تطالبه بالوطء وإذا طالبته به فعلى الحاكم أن يجبره حتىٰ يكفر ويطأ...** (بدائع الصنائع: ۲۳٤/۳، احكام الظهار، سعيد۔ وكذا في فتح القدير: ۲٤٦/٤، ط: دارالفكر۔ ومجموعه قوانين اسلامى: ١٦٣، قانون ظهار).

ظہار کا حکم ختم ہونے یا باطل ہونے کا حکم:

ظہار کا حکم ختم ہو جاتا ہے یا باطل ہو جاتا ہے مندرجہ ذیل امور میں سے کسی ایک سے:

(۱) زوجین میں سے کسی ایک کے انتقال کرنے کی وجہ سے، چونکہ محل باطل ہو گیا۔

(۲) کفارۂ ظہار ادا کرنے کی وجہ سے ظہار کا حکم ختم ہو جاتا ہے۔

(۳) اگر ظہار مؤقت ہے تو وقت کے ختم ہونے سے ظہار کا حکم بھی ختم ہو جاتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما بيان ماينتهي به حكم الظهار أو يبطل فحكم الظهار ينتهي بموت أحد الزوجين لبطلان محل الظهار ولايتصور بقاء الشيء في غير محله وينتهي بالكفارة وبالوقت إن كان موقتاً.** (بدائع الصنائع: ۲۳٥/۳، سعيد۔ وفتح القدير: ۲٤٦/٤، دارالفكر).

کفارۂ ظہار ملاحظہ فرمائیں:

(۱) کفارۂ ظہار میں دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہے اس طور پر کہ ان میں رمضان کے روزے اور وہ پانچ دن شامل نہ ہوں جن میں روزہ رکھنا حرام ہے۔

اگر کفارہ کے روزوں کے درمیان رمضان مبارک شروع ہو جائے یا دس ذی الحجہ کی تاریخ آ گئی تو از سرنو دو ماہ کے روزے رکھنا ضروری ہوگا۔

(۲) جو شخص روزے پر قادر نہ ہو اس کے لیے کفارہ ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت متوسط درجہ کا پیٹ بھر کر کھانا کھلانا یا ساٹھ مسکینوں میں سے ہر ایک کو نصف صاع گیہوں یا اس کی قیمت دینا ہے۔

ہدایہ میں ہے:

**وكفارة الظهار عتق رقبة فإن لم يجد فصيام شهرين متتابعين فإن لم يستطع فإطعام ستين مسكيناً للنص الوارد فيه فإنه الكفارة على هذا الترتيب ...صوم شهرين متتابعين ليس فيهما شهر من رمضان ولا يوم الفطر و لا يوم النحر ولا أيام التشريق ...وإن أفطر منها يوماً بعذر أو بغير عذر استأنف لفوات التتابع وهو قادر عليه عادة.** (الهداية:۲/ ۴۱۳، ۴۱۴،فصل فی الكفارة۔ ومجموعه قوانين اسلامی : ۱۶۳، قانون ظهار، مسلم پرسنل لا بورڈ). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ظہار میں عزت واحترام کی نیت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ ”تو میری ماں بہن کی طرح ہے“ اس کے بعد بیوی اپنے میکے چلی گئی شوہر کہتا ہے میری نیت طلاق کی نہیں تھی، بلکہ احترام وعزت کی تھی حالانکہ اس وقت جھگڑا چل رہا تھا، شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں دیانۃً اس کی نیت کا اعتبار ہے، لیکن قضاء یہ ظہار ہے اور جھگڑے واختلاف کے وقت عزت واحترام کی نیت کا اعتبار نہیں ہوتا، لہٰذا عند القضاء شرعاً کفارہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

وينبغي أن لا يصدق قضاءً في إرادة البر إذا كان في حال المشاجرة وذكر الطلاق.
(فتاوى الشامي:٣/٤٧٠،باب الظهار،سعيد۔وفتح القدير:٤/٢٥١،باب الظهار،دارالفكر).

وفي البدائع: ولوقال لها: أنت علي كأمي أومثل أمي يرجع إلى نيته فإن نوى به الظهار كان مظاهراً وإن نوى به الكرامة كان كرامة وإن نوى به الطلاق كان طلاقاً وإن نوى به اليمين كان إيلاء لأن اللفظ يحتمل كل ذلك إذ هوتشبيه المرأة بالأم فيحتمل التشبيه في الكرامة والمنزلة...(بدائع الصنائع:٣/٢٣١،شرائط الظهار،سعيد).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگرمحرماتِ ابدیہ کی پوری ذات سے تشبیہ دی گئی ہو،مثلاً کوئی یوں کہے:''تو میری ماں کی مثل ہے'' تو یہ ظہار کنائی ہوگا،جس میں ظہار،طلاق،ایلاء،اورعزت وکرامت میں مماثلت سب ہی کا احتمال ہے،جیسی نیت ہوگی اسی کے مطابق حکم ہوگا،حتی کہ اگرشوہر کی مرادعزت وکرامت کے اندرمماثلت ہے تب بھی تسلیم کیا جائے گا،اوراگریہی جملہ مذاکرۂ طلاق اور باہمی جھگڑے کے وقت استعمال کیا جائے تو عندالقضاء عزت وکرامت کی نیت معتبر نہ ہوگی۔(مجموعہ قوانین اسلامی:۱۶۲،دفعہ۴۸)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''تو میری ماں ہے'' کہنے سے ظہار یا طلاق کا حکم:

**سوال:** اگرکسی نے اپنی بیوی سے کہا کہ''تو میری ماں ہے''اورطلاق یا ظہار کی نیت کرلی تو ظہار یا طلاق ہوگی یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بغیرحرفِ تشبیہ کے یہ کہنا''تو میری ماں ہے''اس لفظ سے ظہارنہیں ہوگا اور نہ طلاق واقع ہوگی، بلکہ کلام لغو ہوجائے گا۔

قاضی مجاہدالاسلام تحریرفرماتے ہیں:

حرفِ تشبیہ یعنی لفظ مثل،طرح،جیسے وغیرہ کا صراحۃً ذکر،...اور یہ رکن اعظم ہے جس کے بغیر کلام لغوقرار پائے گا،مثلاً کوئی کہے''تو میری ماں ہے''یا''میری ماں کی پشت ہے''تو کلام لغوہوگا۔(مجموعہ قوانین اسلامی:ص۱۶۲)۔

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**لـو قـال أنـت أمي لايكون مظاهراً، وينبغي أن يكون مكروهاً، ومثله أن يقول يا ابنتي، ويا أختي.** (الفتاوی الهندية: ١/٥٠٦، باب الظهار).

درمختار میں ہے:

**ويكـره قـوله " أنت أمي" و "يا ابنتي" و "يا أختي". وفي الشامية: والذي في الفتح: وفـي " أنـت أمي" لا يكون مظاهراً، وينبغي أن يكون مكروهاً، فقد صرحوا بأن قوله لزوجته "يا أخية" مكروه. وفيه حديث رواه أبو داود أن رسول الله صلى الله عليه وسلم سمع رجلاً يـقول لامرأته "يا أخية" فكره ذلک ونهى عنه ... ولولا هذا لأمكن أن يقال: هو ظهار، لأن التشبيه في "أنت أمي" أقوى منه مع ذكر الأداة.** (الدرالمختارمع فتاوی الشامي: ٣/٤٧٠).

**وفـي البـدائـع: وروى ابـن سماعة عن محمد فيمن قال لامرأته "إن فعلت كذا فأنت أمـي" يريد التحريم، قال: هو باطل، لأنه لم يجعلها مثل أمه ليكون تحريماً، وإنما جعلها أمه فيـكـون كذباً. قال محمد: ولو ثبت التحريم بهذا لثبت إذا قال: أنت حواء، وهذا لا يصح.** (بـدائـع الـصـنـائع: ٣/١٧٠ـ سعيد ـ وكذا في فتح القدير: ٤/٢٥٢ ـ والبحر الرائق: ٤/٩٨ ـ ومجمع الأنهر: ٢/٣٣٨، باب الظهار).

اس مسئلہ کے بارے میں احسن الفتاوی میں مفتی رشید احمد صاحب نے تفصیلی فتویٰ تحریر فرمایا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ طلاق بائن واقع ہو جائیگی۔ تفصیلی فتویٰ ملاحظہ فرمائیں: (احسن الفتاوی: ۵/۱۸۵-۱۸۷).

لیکن حضرت مفتی صاحب کا فتوی ہماری سمجھ میں نہیں آیا، کیونکہ حدیث میں اس کو طلاق قرار نہیں دیا۔ اگر اس میں نیت کی ضرورت ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیت کے بارے میں دریافت فرماتے، جیسا کہ آپ نے حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا۔

ملاحظہ ہو حدیث میں ہے:

**عـن نـافـع بـن عجير بن عبد يزيد بن ركانة أن ركانة بن عبد يزيد طلق امرأته سهيمة**

**ألبتة ، فأخبر النبي صلى الله عليه وسلم بذلك وقال: ما أردت إلا واحدة، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: والله ما أردت إلا واحدة ؟ فقال ركانة: ما أردت إلا واحدة، فردها إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم.** (ابو داود شریف:۱/۳۰۰).

بلکہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ظہار کے مخصوص الفاظ ہیں، ان سے طلاق یا ظہار ہوتا ہے، باقی الفاظ جن میں کاف محذوف ہو، ظہار یا طلاق کا سبب نہیں، ورنہ تشبیہ کے وقت کاف کا حذف کرنا عرب کے عرف میں عام ہے۔

نیز اس زمانے میں طلاق کی کثرت اور اس کے نتیجے میں بے شمار گھروں کی ویرانی کا تقاضہ بھی یہ ہے کہ طلاق واقع نہ ہونے کا حکم دیا جائے۔ باقی حضرت مفتی رشید احمد صاحب کا یہ فرمانا کہ اس زمانے میں طلاق کا واقع ہونا ان الفاظ سے معروف ہے، تو دراصل بات یہ ہے کہ جب یہ الفاظ ہی طلاق کے نہیں ہیں تو عرف کا کوئی اعتبار نہیں، جیسے تین طلاق کے لئے تین پتھروں کا پھینکنا معروف ہے، لیکن تین پتھروں کے پھینکنے سے طلاق نہیں پڑتی جب تک تین پتھروں پر طلاق کا تلفظ نہ کرے۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**(وركنه لفظ مخصوص)... وبه ظهر أن من تشاجر مع زوجته فأعطاها ثلاثة أحجار ينوي الطلاق، ولم يذكر لفظاً صريحاً ولا كناية لا يقع عليه ،كما أفتى به الخير الرملي وغيره .** (فتاوى الشامي :۳/۲۳۰).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**وفي مجموع النوازل: سئل شيخ الإسلام عمن ضرب امرأته فقال: دار طلاق (أي خذي الطلاق) قال: لا تطلق .** (الفتاوى الهندية:۱/۳۸۲) .

**وفيه أيضاً: ولو قالت لزوجها طلقني، فأشار بثلاث أصابع وأراد بذلك ثلاث تطليقات لا يقع مالم يقل بلسانه .** (الفتاوى الهندية:۱/۳۵۷۔وكذا في الخانية على هامش الهندية:۱/٤٦٢). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ''تجھے رکھوں تو ماں بہن کو رکھوں'' کہنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا ''تجھے رکھوں تو اپنی ماں بہن کو رکھوں'' ان الفاظ سے ظہار یا طلاق ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بغیر حرفِ تشبیہ کے یہ کہنا ''تجھے رکھوں تو اپنی ماں بہن کو رکھوں'' ان الفاظ سے ظہار نہیں ہوگا اور نہ طلاق واقع ہوگی، بلکہ کلام لغو ہو جائے گا۔ البتہ اس قسم کے الفاظ کہنا مکروہ ہے۔

قاضی مجاہد الاسلام تحریر فرماتے ہیں:

حرفِ تشبیہ یعنی لفظ مثل، طرح، جیسے وغیرہ کا صراحۃً ذکر،...اور یہ رکنِ اعظم ہے جس کے بغیر کلام لغو قرار پائے گا، مثلاً کوئی کہے ''تو میری ماں ہے'' یا ''میری ماں کی پشت ہے'' تو کلام لغو ہوگا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ص ۱۶۲،).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

سوال: ایک شوہر نے اپنی بیوی کو سخت غصہ کی حالت میں جس میں اپنا سر خود کئی جگہ سے پھوڑ لیا کہا: اگر میں تجھ سے صحبت کروں، اپنی ماں سے صحبت کروں''۔ کیا یہ الفاظ یمین ہیں، کفارہ دینا ہوگا؟

الجواب: **لوقال: إن وطئتک وطئت أمي، فلا شيء عليه، كذا في غاية السروجي،** فتاوی عالمگیریہ، عبارتِ منقولہ سے معلوم ہوا کہ الفاظ مذکورہ کہنے سے شوہر پر کوئی کفارہ لازم نہیں، بیوی پر طلاق بھی نہیں ہوئی اس کا یہ قول لغو ہے۔ **فلو قال: إن فعلت كذا فأنت أمي، وفعله، فهو باطل إن نوى التحريم، سكب الأنهر.** (فتاوی محمودیہ: ۱۳/۳۲۶، فاروقیہ).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**لوقال: أنت أمي، لا يكون مظاهراً، وينبغي أن يكون مكروهاً، ومثله أن يقول يا ابنتي ويا أختي.** (الفتاوى الهندية: ۱/۵۰۶).

**وللاستزادة انظر:** (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۳/۴۷۰، سعيد، وبدائع الصنائع: ۳/۱۷۰، سعيد، و المحيط البرهاني: ۳/۶۱۱). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

# باب......﴿۹﴾

# ایلاء کا بیان

## ایک سال تک عدم قربان کی قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے قسم کھا کر اپنی بیوی سے کہا: ''میں ایک سال تک آپ سے ہم بستری نہیں کروں گا'' شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب:** اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی ہمبستری سے چار ماہ سے زیادہ مثلاً ایک سال کی قسم کھائے، اور چار ماہ بغیر جماع کے گزر گئے، تو اس کی بیوی پر طلاق بائن واقع ہو جائے گی، اور اگر چار ماہ کی مدت میں جماع کیا تو کفارہ لازم ہوگا قسم کا کفارہ، اگر اس مدت میں جماع پر قادر نہ ہو تو زبانی رجوع بھی طلاق سے بچنے اور کفارہ کے لیے کافی ہے۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

**والإيلاء لغة اليمين ...وفي الشرع هو اليمين على ترك قربان الزوجة أربعة أشهر فصاعداً بالله أو بتعليق مايستشقه على القربان.** (فتح القدير: ٤/ ١٨٩، باب الايلاء، دار الفكر۔ و كذا في البحر الرائق: ٤/ ٦٠، كوئته).

البحر الرائق میں ہے:

فإن وطئ في المدة كفر وسقط الإيلاء بإجماع الفقهاء حتى لومضت أربعة أشهر لايقع طلاق لإخلال اليمين بالحنث وسواء حلف على أربعة أشهر أوأطلق أوعلى الأبد... وإلا بانت أي إن لم يطأ في المدة وهي أربعة أشهر وقعت عليه طلقة بائنة. (البحر الرائق: ٤/٦٢، باب الايلاء، كوئته).

ہدایہ میں ہے:

وإن كان المولي مريضاً لايقدر على الجماع أوكانت مريضة أورتقاء أوصغيرة لاتجامع أوكانت بينهما مسافة لايقدر أن يصل إليها في مدة الإيلاء ففيئه أن يقول بلسانه فئت إليها في مدة الإيلاء فإن قال ذلك سقط الإيلاء. (الهداية: ٢/٤٠٣، باب الايلاء). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ہم بستری پر چار رکعت نماز کی قسم سے ایلاء کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے قسم کھائی کہ اپنی بیوی سے صحبت کروں تو مجھ پر چار رکعت نماز پڑھنا لازم ہے، اس صورت میں ایلاء ہوگا یا نہیں؟ نیز ایلاء میں کسی مدت کی تعیین شرط ہے یا مطلقاً بھی صحیح ہے؟ نیز برائے مہربانی شرعاً ایلاء متحقق ہونے کے لیے ضروری چیزیں بتلادیں؟

**الجواب:** چار ماہ یا اس سے زائد عرصہ کے لیے یا مدت کی تعیین کے بغیر بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا، یا بیوی سے صحبت کرنے پر کسی کام کو اپنے اوپر لازم کرنا جو فی نفسہ بہت مشکل ہو، ایلاء ہے، لیکن اگر ایسی چیز کو لازم کیا جو عموماً بہت دشوار نہ ہو تو ایلاء نہ ہوگا، مثلاً یوں کہے: ''اگر میں تم سے صحبت کروں تو مجھ پر چار رکعت نماز یا ایک دن کا روزہ لازم ہوگا''۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

والإيلاء لغة اليمين ...وفي الشرع هو اليمين على ترك قربان الزوجة أربعة أشهر فصاعداً بالله أوبتعليق مايستشقه على القربان. (فتح القدير: ٤/١٨٩، باب الايلاء، دارالفكر۔ وكذافي

البحر الرائق: ٤/ ٦٠، کوئٹہ).

**وفی العناية: وهو فی اللغة عبارة عن اليمين... وفی الشريعة عبارة عن منع النفس عن قربان المنكوحة أربعة أشهر فصاعداً منعاً مؤكداً باليمين.** (شرح العناية: على فتح القدير: ٤/ ١٨٨، دار الفكر).

شرعاً ایلاء متحقق ہونے کے لیے کچھ شرائط ہیں، ملاحظہ فرمائیں:۔

(الف) ایلاء کرنے والے کا عاقل بالغ ہونا۔ (ب) بوقتِ ایلاء عورت کا حقیقتاً یا حکماً شوہر کے نکاح میں ہونا۔ (ج) اگر ایلاء کسی اجنبیہ سے کیا گیا ہے تو وہ اس وقت صحیح ہوگا جب کہ ایلاء کو اس عورت سے نکاح پر موقوف رکھا گیا ہو۔ (د) صحبت نہ کرنے کو کسی جگہ کے ساتھ مقید نہ کرنا۔ (ھ) چار ماہ سے کسی دن کا استثناء نہ کرنا۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**لركن الإيلاء في حق هذا الحكم شرائط بعضها يعم كل يمين بالطلاق وبعضها يخص الإيلاء أما الذي يعم... من العقل والبلوغ وقيام ملك النكاح والإضافة إلى الملك حتى لا يصح إيلاء الصبي والمجنون لأنهما ليسا من أهل الطلاق... وكذا جميع ما ذكرنا من شرائط صحة التطليق فهو من شرط صحة الإيلاء في حق الطلاق وأما الذي يخص الإيلاء فشيئان أحدهما المدة... والثاني ترك الفئ فی المدة...** (بدائع الصنائع: ٣/ ١٧١-١٧٣- سعيد).

فتح القدیر میں ہے:

**وشرطه محلية المرأة وأهلية الحالف وعدم النقص عن أربعة أشهر.** (فتح القدير: ٤/ ١٨٩، باب الايلاء، دار الفكر).

البحر الرائق میں ہے:

**ولو حلف لا يقربها في زمان أومكان معين لايكون مولياً لأنه يمكنه قربانها في مكان آخر أو زمان آخر.** (البحر الرائق: ٤/ ١٦، باب الايلاء، كوئٹه).

فتاوی شامی میں ہے:

**يشترط أن لايستثنى بعض المدة مثل لاأقربك سنة إلا يوماً**.(فتاوى الشامي:٣/٤٢٤، سعيد ـ وبدائع الصنائع:٣/١٧٢، سعيد ـ ومجموعه قوانين اسلامى:١٧٤، قانون ايلاء).

## ایلاء کی چند اقسام ہیں جو حسب ذیل درج ہیں:۔

ایلاء کی دو تقسیم کی گئی ہے (۱) باعتبار مدت (۲) باعتبار الفاظ۔

(۱) تقسیم اول کی دو قسمیں ہیں:

(الف) ایلاء مؤقت: مدتِ معینہ کے لیے (جو چار ماہ سے کم نہ ہو) بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا۔

(باء) ایلاء مؤبد: بغیر تعیین مدت یا ہمیشہ کے لیے بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا۔

(۲) تقسیم دوم کی بھی دو قسمیں ہیں:

(الف) ایلاء صریح: ان الفاظ سے ایلاء کرنا جن کو سنتے ہی ترک جماع کا مفہوم ذہن میں آئے، تو ان الفاظ سے ایلاء صریح کہلائے گا۔

(باء) ایلاء کنایہ: اور جو الفاظ ایسے نہ ہوں وہ ایلاء کے سلسلہ میں کنائی کہلائیں گے، اور شوہر کی نیت پر اس کا حکم موقوف رہے گا، اگر اس نے ترک جماع مراد لیا ہے تو ایلاء ہوگا ورنہ نہیں۔

## ایلاء کے احکام:

ایلاء مؤقت میں چار ماہ کے اندر صحبت کرنے سے کفارہ یا وہ مشکل کام لازم ہو جاتا ہے جو اس نے اپنے اوپر لازم کیا تھا۔

اور چار ماہ تک صحبت نہ کرنے سے اس مدت کے گزرتے ہی طلاق بائن واقع ہو جاتی ہے، اور دونوں صورتوں میں ایلاء ختم ہو جاتا ہے۔

ایلاء مؤبد میں چار ماہ کے اندر صحبت کرنے سے کفارہ لازم ہو کر ایلاء ختم ہو جائے گا، اور چار ماہ تک صحبت نہ کی تو طلاق بائن واقع ہو جائے گی، مگر ایلاء ختم نہ ہوگا، اور یہ سلسلہ چلتا رہے گا، حتی کہ وہ عورت پھر اس کے نکاح

میں آئے اور چار ماہ کے اندر اس سے صحبت کرے تو کفارہ لازم آئے گا، اور ایلاء بھی ختم ہوجائے گا، اور صحبت نہ کی تو طلاق بائن واقع ہوگی، یہاں تک کہ تین طلاق واقع ہوجائے تو طلاق کی حد تک ایلاء ختم ہوجائے گا، اب حلالہ کے بعد جب وہ عورت اس کے نکاح میں آئے اور صحبت کرے تو طلاق واقع نہ ہوگی، مگر کفارہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**فإن كان حلف على أربعة أشهر فقد سقطت اليمين لأنها كانت موقتة به وإن كان حلف على الأبد فاليمين باقية لأنها مطلقة ولم يوجد الحنث لترتفع به إلا أنه لايتكرر الطلاق قبل التزوج لأنه لم يوجد منع الحق بعد البينونة فإن عاد فتزوجها عاد الإيلاء فإن وطئها وإلا وقعت بمضي أربعة أشهر تطليقة أخرى لأن اليمين باقية لإطلاقها وبالتزوج ثبت حقها فيتحقق الظلم ويعتبر ابتداء هذا الإيلاء من وقت التزوج فإن تزوجها ثالثاً عاد الإيلاء ووقعت بمضي أربعة أشهر أخرى إن لم يقربها لما بيناه فإن تزوجها بعد زوج آخر لم يقع بذلک الإيلاء طلاق لتقيده بطلاق هذا الملک واليمين باقية لإطلاقها وعدم الحنث فإن وطيها كفر عن يمينه لوجود الحنث.** (الهداية: ٢/ ٤٠١، باب الايلاء كتاب الطلاق۔والبحر الرائق: ٤/ ٦٠، باب الايلاء ۔ وكذا في فتح القدير: ٤/ ١٨٩، دارالفكر۔ومجموعه قوانين اسلامى: ١٧٧، قانون ايلاء).

فتح القدیر میں ہے:

**وحكمه لزوم الكفارة أو الجزاء المعلق بتقدير الحنث بالقربان، ووقوع طلقة بائنة بتقدير البر...** (فتح القدير: ٤/ ١٨٩۔ وكذا في بدائع الصنائع: ٣/ ١٧٥، سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ایلاء سے رجوع کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے ایلاء کیا چار ماہ یا اس سے زیادہ، اب ایلاء سے رجوع کرنا چاہتا ہے تو اس کیا طریقہ ہے؟ نیز رجوع کرنے سے طلاق یا کفارہ لازم ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** اگر کوئی شخص ایلاء سے رجوع کرنا چاہتا ہو اور صحبت پر قادر ہو تو ایلاء کی مدت کے اندر صحبت

کرلے،کفارہ لازم ہوگا،اورایلاء ختم ہوجائے گا،صحبت پرقادرہونے کی صورت میں زبان سے رجوع کرنا کافی نہیں،اوراگرکوئی شخص کسی عارضی یا مستقل مرض یاکسی اورقوی مانع کے سبب چار ماہ تک مسلسل صحبت پرقادرنہ ہوتو اس کازبان سے رجوع کرلینا کافی ہوگا،طلاق واقع نہیں ہوگی،اورکفارہ بھی لازم نہیں ہوگا۔

البحرالرائق میں ہے:

**فإن وطئ في المدة كفر وسقط الإيلاء بإجماع الفقهاء حتى لومضت أربعة أشهر لايقع طلاق لإخلال اليمين بالحنث وسواء حلف على أربعة أشهر أوأطلق أوعلى الأبد... وإلا بانت أي إن لم يطأ في المدة وهي أربعة أشهر وقعت عليه طلقة بائنة.** (البحرالرائق: ٤/٦٢، باب الايلاء، کوئٹہ).

ہدایہ میں ہے:

**وإن كان المولي مريضاً لايقدر على الجماع أوكانت مريضة أورتقاء أوصغيرة لاتجامع أوكانت بينهما مسافة لايقدر أن يصل إليها في مدة الإيلاء ففيئه أن يقول بلسانه فئت إليها في مدة الإيلاء فإن قال ذلك سقط الإيلاء.** (الهداية: ٢/٤٠٣، باب الايلاء۔ومجموعہ قوانین اسلامی: ١٧٨، قانون ایلاء). **واللہ ﷻ اعلم۔**

# باب ...... ﴿۱۰﴾

# خلع کا بیان

## شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کرنے کا حکم:

**سوال:** عورت نے شوہر کے مظالم سے تنگ آ کر طلاق نہ ملنے کی صورت میں از خود خلع کرلیا اور شوہر کے بیان کے مطابق نہ اسے کسی قسم کی خلع کے سلسلہ میں پیش کش کی گئی اور نہ ہی کوئی اختیار دیا گیا، تو اس صورت میں خلع ہوا یا نہیں؟ عورت دوسری جگہ شادی کر سکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** شریعتِ مطہرہ میں خلع بھی دیگر عقود کی طرح ایک عقد ہے، جو فریقین کی رضامندی کے بغیر تام نہیں ہوتا، لہذا بصورتِ مسئولہ خلع منعقد نہیں ہوا اور عورت کا خلع کا دعوی کرنا لغو اور بے بنیاد ہے، وہ حسب سابق اس مرد کے نکاح میں ہے، طلاق یا تفریق کے بغیر کسی اور سے نکاح کرنا ناجائز ہے۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**وأما ركنه فهو كما في البدائع: إذا كان بعوض الإيجاب والقبول لأنه عقد على الطلاق بعوض، فلا تقع الفرقة، ولا يستحق العوض بدون القبول.** (فتاوى الشامي: ۳/۴۴۱، باب الخلع، سعيد).

علامہ زیلعی فرماتے ہیں:

**ولا بد من قبولها لأنه عقد معاوضة أوتعليق بشرط فلا تنعقد المعاوضة بدون القبول...إذ لا ولاية لأحدهما في إلزام صاحبه بدون رضاه.** (تبيين الحقائق:۲/۲۷۱،ملتان).

شمس الائمہ سرخسیؒ فرماتے ہیں:

**فيحتمل الفسخ بالتراضي أيضاً وذلك بالخلع واعتبر هذه المعاوضة المحتملة للفسخ بالبيع والشراء في جواز فسخها بالتراضي.** (المبسوط:۶/۱۷۱، باب الخلع، ادارة القرآن۔و كذا في بدائع الصنائع:۳/۱۴۵، سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## شوہر کے ظلم کی بنا پر خلع کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شوہر اپنی بیوی پر ظلم وزیادتی کرتا ہے اور وہ طلاق دینا بھی نہیں چاہتا ہے، تو عورت کیسے رہائی حاصل کرے، بنگاہِ شریعت عورت کے چھٹکارے کی کیا شکل ہوسکتی ہے؟

**الجواب:** سب سے پہلے خاندان والوں کو کوشش کرنی چاہئے کہ کسی طریقہ پر دونوں کے درمیان صلح صفائی ہوجائے اور آپس میں الفت ومحبت کی زندگی بسر کرنا شروع کردے۔لیکن کسی طرح صلح کی شکل نہ نکل سکے اور شوہر کے ظلم کی وجہ سے عورت اس کے ساتھ رہنا گوارہ نہ کرے تو پھر شوہر کو طلاق پر آمدہ کرنا چاہئے، لیکن شوہر کو کچھ منظور نہ ہو تو مہر یا کچھ مال دیکر خلع کرلے، اور اس طرح عورت شوہر کے پنجۂ ظلم سے نجات حاصل کرلے، لیکن خلع میں بھاری معاوضہ طلب کرنا بھی جائز نہیں ہے، بلکہ جو مہر دیا ہے وہی واپس کرکے خلع کر لینا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں:

**قال الله تعالىٰ: ﴿ وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا حكماً من أهله وحكماً من أهلها إن يريدا إصلاحاً يوفق الله بينهما﴾.** ( سورة النساء:الآية:۳۵).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**إذا تشاق الزوجان وخافا أن لا يقيماحدود الله فلا بأس بأن تفتدي نفسها منه بمال يخلعها به فإذا فعلا ذلک وقعت تطليقة بائنة ولزمها المال كذا فى الهداية.** (الفتاوى الهندية: ١/٤٨٨۔ وكذا في بدائع الصنائع: ٣/١٤٥، سعيد).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

خلع ایک طرح کا معاہدہ ہے جس میں شوہر نکاح سے حاصل ہونے والے اپنے اختیارات کسی طے شدہ بدل کے عوض ختم کر دیتا ہے اس لیے یہ طلاق بائن کے حکم میں ہے، اور چونکہ اس میں عوض زوجہ کو ادا کرنا پڑتا ہے اس لیے اس کی رضامندی ضروری ہے، خلع کی پیش کش زوجین میں سے کسی کی طرف سے ہو سکتی ہے، مثلاً شوہر کہے کہ میں نے مہر کے عوض تم کو خلع دیا، اور عورت کہے کہ میں نے قبول کیا، یا عورت کہے کہ مجھے مہر کے عوض خلع دے دو، اور شوہر کہے کہ میں نے خلع دے دیا۔

خلع کے ذریعہ وہی حقوق ساقط ہوں گے اور وہی عوض واجب الاداء ہوگا جن کے اسقاط اور جن کی ادائیگی پر باہم اتفاق ہو گیا ہو۔

خلع میں اگر عورت صراحۃً نفقۂ عدت کو ساقط کر دے تو ساقط ہو جائے گا، لیکن عدت کا سکنیٰ اور بچوں کا نفقہ ساقط کرنے سے بھی ساقط نہیں ہوگا۔

خلع میں مال کی جو مقدار طے ہو جائے درست ہے، لیکن مقدار مہر سے زیادہ مال متعین کرنا اور لینا بہر حال ناپسندیدہ ہے۔ (مجموعہ قوانین اسلامی، قانون خلع: ۱۸۱۔۱۸۳، مسلم پرسنل لا بورڈ)۔

اور اگر شوہر کے برے اخلاق کی وجہ سے بیوی شوہر کو ناپسند کرے تب بھی خلع کی گنجائش ہے اسی طرح بغیر کسی وجہ کے ناپسند کرے اور دونوں خلع پر راضی ہیں، تب بھی خلع کرنے کی اجازت ہے۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شعرانیؒ "المیزان الکبری" میں فرماتے ہیں:

**واتفق الأئمة على أن المرأة إذا كرهت زوجها لقبح منظر أو سوء عشرة جاز لها أن تخالعه على عوض وإن لم يكن من ذلک شيء وتراضيا على الخلع من غير سبب جاز و لم يكره.** (الميزان الكبرى: ٢/١١٩، كتاب الخلع، دار الفكر). **واللہ ﷻ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللّٰہ تعالیٰ:

﴿وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا حكماً من أهله وحكماً من أهلها إن يريدا إصلاحاً يوفق اللّٰه بينهما﴾.

(سورة النساء:الآية:۳۵).

وقال تعالیٰ:

﴿وإن يتفرقا يغن اللّٰه كلاً من سعته﴾.

(سورة النساء:الآية: ۱۳۰).

# باب......﴿۱۱﴾

# فسخ وتفریق کا بیان

# باب......(۱۱)

# فسخ وتفریق کا بیان

## شوہر کا نفقہ ادا نہ کرنے پر تفریق کا حکم:

**سوال:** ایک عورت شوہر کے متعلق یہ کہتی ہے کہ وہ گھر کا ضروری خرچہ نہیں دیتا ہے، مثلاً بہت کم رقم دیتا ہے جس سے گزارہ مشکل ہوتا ہے اور اس کا حساب بھی مانگتا ہے، نیز بیوی کے رشتہ داروں کی مہمان نوازی سے انکار کرتا ہے، لڑائی جھگڑے روزانہ کا معمول ہے، بیوی سخت کوفت میں مبتلا ہے، شوہر کے ساتھ بالکل رہنا نہیں چاہتی، اور شوہر کے مطالبات ظالمانہ ہونے کے وجہ سے خلع بھی مشکل ہے، لہذا اس مسئلہ میں کوئی عالم تفریق کرسکتا ہے یا نہیں؟ جبکہ کورٹ میں تفریق ہوچکی ہے۔

**الجواب:** اگر شوہر زوجہ کو نفقہ کے معاملہ میں پریشان کرتا ہو اور سخت مجبوری کی بنا پر تفریق کے سوا کوئی چارہ نہ ہو تو ایسے وقت میں علمائے احناف عورت کو مصیبت سے نکالنے کے لئے مذہبِ مالکیہ پر فتویٰ دیتے ہیں، یعنی جب کسی قسم کی مصالحت یا خلع وغیرہ کی گنجائش باقی نہ رہے تو عورت کو اپنا مقدمہ قاضی یا جمعیۃ العلماء کے سامنے پیش کر کے تفریق کرانے کا اختیار ہے۔

ملاحظہ ہو ''الحیلۃ الناجزۃ'' میں ہے:

زوجۂ متعنت (باوجود قدرت کے بیوی کے حقوق نفقہ وغیرہ ادا نہ کرے) کو اول تو لازم ہے کہ کسی طرح خاوند

سے خلع وغیرہ کرلے، لیکن اگر باوجود سعیٔ بلیغ کے کوئی صورت نہ بن سکے تو سخت مجبوری کی حالت میں مذہب مالکیہ پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔ اور سخت مجبوری کی دوصورتیں ہیں:

(۱) ایک یہ کہ عورت کے خرچ کا کوئی انتظام نہ ہوسکے یعنی نہ تو کوئی شخص عورت کے خرچ کا بندوبست کرتا ہو اور نہ خود عورت حفظِ آبرو کے ساتھ کسبِ معاش پر قدرت رکھتی ہو۔

(۲) اور دوسری صورت مجبوری کی یہ ہے کہ اگرچہ بسہولت یا بدقت خرچ کا انتظام ہوسکتا ہے، لیکن شوہر سے علیحدہ رہنے میں ابتلائے معصیت کا قوی اندیشہ ہو۔

اور صورت تفریق کی یہ ہے کہ عورت اپنا مقدمہ قاضی یا مسلمان حاکم، اور ان کے نہ ہونے کی صورت میں جماعت مسلمین کے سامنے پیش کرے، اور جس کے سامنے پیش ہو وہ معاملہ کی شرعی شہادت وغیرہ کے ذریعہ پوری تحقیق کرے، اور اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہو کہ باوجود وسعت کے خرچ نہیں دیتا تو اس کے خاوند سے کہا جاوے کہ اپنی عورت کے حقوق ادا کرو یا طلاق دو، ورنہ ہم تفریق کردیں گے، اس کے بعد بھی اگر وہ ظالم کسی صورت پر عمل نہ کرے تو قاضی یا شرعاً جو اس کے قائم مقام ہو طلاق واقع کردے، اس میں کسی مدت کے انتظار ومہلت کی باتفاقِ مالکیہ ضرورت نہیں۔

" **للرواية الثانية والعشرين من الفتوى للعلامة سعيد بن صديق المالكي**". (الحيلة الناجزة للحليلة العاجزة: ص ٦٣، حكمِ زوجه متعنت في النفقة، ط:دارالاشاعت، ديوبند).

جماعتِ مسلمین مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق تحقیق کرکے فیصلہ کردے تو وہ نافذ ہوگا۔

جماعتِ مسلمین کی شرائط:

جماعتِ مسلمین کے بارے میں مندرجۂ ذیل باتیں ملحوظ رکھنا ضروری ہیں:

(۱) فتاویٰ مالکیہ میں "جماعة المسلمين العدول" کے الفاظ ہیں، اور عدول سے مراد وہ شخص ہے جو فاسق نہ ہو۔

(۲) اگر فیصلہ جماعت کے سپرد کیا جائے تو وہ عوام کی پنچایت اور جماعت نہ ہو یعنی یا تو سب علماء ہوں یا کم از کم ایک معاملہ شناس عالم ہو۔

(۳) جماعت کا عدد کم از کم تین ہو۔

(۴) ایسی جماعت اگر تفریق کردے تو اس کا فیصلہ نافذ ہوگا، لیکن فیصلہ اتفاقِ رائے سے ہونا ضروری ہے۔ پس اگر ارکان میں اختلاف رہے تو مقدمہ خارج کر دیا جائے۔

(ملخص از "الحيلة الناجزة" ص ۱۳۵، صورتِ قضاء قاضی در ہندوستان)۔

مالکی مفتی کا فتویٰ ملاحظہ فرمائیں:

**الجواب من العلامة سعيد بن صديق الفلاتي متعنا الله بعلومه:**

**بسم الله الرحمن الرحيم، ولا حول ولا قوة إلا بالله العلي العظيم، سبحانک لا علم لنا إلا ما علمتنا إنک أنت العليم الحكيم، أتم الصلاة وأتم التسليم على سيدنا محمد الهادي الحليم، وعلى آله وصحبه والآتي ربه بقلب سليم... أما الجواب عن المتعنت الممتنع عن الإنفاق ففي مجموع الأمير ما نصه: إن منعها نفقة الحال فلها القيام، فإن لم يثبت عسره أنفق أو طلق، وإلا طلق عليه. قال محشّيه: قوله وإلا طلق أي طلق عليه الحاكم من غير تلوم إلى أن قال: وإن تطوع بالنفقة قريب أو أجنبي...قال ابن عبد الرحمن: لا مقال لها، لأن سبب الفراق هو عدم النفقة قد انتفى.** (الحيلة الناجزة: ص ۱۱۵، ۱۱۹، ط: دار الاشاعت، ديوبند).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (مجموعہ قوانین اسلامی، مسلم پرسنل لا بورڈ، از قاضی مجاہد الاسلام: ص ۱۹۸، دفعہ ۷۹۔ و کتاب الفسخ والتفریق، از مولانا عبد الصمد رحمانی، مکتبہ امارت شرعیہ: ص ۸۹)۔

## کورٹ میں غیر مسلم جج کا فیصلہ معتبر نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں ''ایضاح النوادر'' میں ہے:

غیر مسلم جج اگر طلاق وغیرہ کے متعلق فیصلہ دیتا ہے تو شرعی طور پر اس کا فیصلہ صحیح اور معتبر نہ ہوگا، اس فیصلہ کی وجہ سے مسئلہ طلاق میں بیوی کو آزادی حاصل نہ ہوگی۔ اس مسئلہ کو علامہ شامیؒ نے ان الفاظ میں نقل فرمایا ہے:

''لم ينفذ حكم الكافر على المسلم، وينفذ للمسلم على الذمي''. (ایضاح النوادر: ص ۱۵۲)۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## شوہر کے طویل عرصہ قید ہونے کی وجہ سے تفریق کا حکم:

**سوال:** قیدی کی بیوی اگر عفت کے ساتھ زندگی نہیں گزار سکتی اور اس کے خرچے کا انتظام ہے تو کیا قاضی یا جماعۃ المسلمین تفریق کر سکتے ہیں یا نہیں؟ جبکہ قیدی کی مدت لمبی ہو؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شدید مجبوری اور زنا سے تحفظ کے لیے امام مالکؒ کے قول پر فتویٰ دیا جائے تو خلافِ صواب نہ ہوگا۔ یعنی مذہب مالکی میں ترک مجامعت بھی وجہ تفریق ہے، لہذا عورت اپنا مقدمہ قاضی کی عدالت میں یا جمعیت العلماء کے سامنے پیش کردے کہ فلاں میرا شوہر فلاں جیل میں ہے اور اس کی سزا کافی طویل ہے، اور اتنی مدت انتظار کرنا میرے بس سے باہر ہے، مجھے نکاح کی سخت ضرورت ہے، بصورتِ دیگر گناہ میں پڑنے کا سخت اندیشہ ہے۔ قاضی یا جمعیۃ العلماء باقاعدہ تحقیق کریں کہ عورت کے بیان میں کس حد تک صداقت پائی جاتی ہے، اگر عورت کا بیان صحیح ثابت ہو جائے تو اس کے پاس حکم بھیجے کہ بیوی کے حقوق ادا کرو یا اس کو بلالو یا وہیں سے کوئی انتظام کرو، ورنہ اس کو طلاق دیدو، اگر کچھ منظور نہ ہو تو پھر ہم خود تفریق کردیں گے، اس پر بھی خاوند کوئی صورت قبول نہ کرے تو قاضی عورت کو مزید ایک ماہ کے انتظار کا حکم دے، اگر اس مدت میں شوہر کی رہائی یا سزا میں تخفیف کے کچھ اسباب پیدا نہ ہوئے تو قاضی یا جمعیۃ العلماء عورت کو اس مرد کی زوجیت سے الگ کردے۔ اس کے بعد عورت عدت گزار کر دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

ترک مجامعت اور بیوی کو معلقہ بنا کر رکھنا بھی تفریق کے اسباب میں سے ایک سبب ہے، کیونکہ حقوق زوجیت کی ادائیگی واجب ہے، حقوق زوجیت ادا نہ کرنا اور بیوی کو معلقہ بنا کر رکھنا ظلم ہے، اور رفع ظلم قاضی کا فرض ہے، نیز صورتِ مذکورہ میں عورت کا معصیت میں مبتلا ہونا بھی ممکن ہے، قاضی کا فرض ہے کہ ایسے امکانات کو بند کردے، اس لیے کہ اگر عورت قاضی کے یہاں مذکورہ بالا شکایت کے ساتھ مرافعہ کرے تو قاضی تحقیق حال کے بعد لازمی طور پر رفع ظلم کرے گا اور معصیت سے محفوظ رکھنے کے مواقع پیدا کرے گا، مذہب مالکی میں بھی ترک مجامعت وجہ تفریق ہے۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۹۲، دفعہ ۳ے)۔

**وإذا ثبت لها التطليق بذلک فبخشية الزنا أولى، لأن ضرر ترک الوطئ أشد من ضرر عدم النفقة، ألا ترى أن إسقاط النفقة يلزمها، وإن أسقطت حقها فى الوطئ فلها الرجوع فيه، ولأن النفقة يمكن تحصيلها بنحو تسلف وسؤال بخلاف الوطئ.** (من فتوى العلامة سعيد بن صديق الفلاتي، بحواله: الحيلة الناجزة: ١١٨، دارالاشاعت، ديوبند).

ملاحظہ فرمائیں ''الحیلۃ الناجزۃ'' میں ہے:

ہر چند کہ حنفیہ کا مذہب از روئے دلیل نہایت قوی اور غایتِ احتیاط پر مبنی ہے، مگر فقہائے حنفیہ میں سے بعض متأخرین نے وقت کی نزاکت اور فتنوں پر نظر فرماتے ہوئے اس مسئلہ میں امام مالک کے مذہب پر فتوی دیا ہے جیسا کہ علامہ شامیؒ نے "الدر المنتقى" سے قہستانی کا قول نقل کیا ہے: "**لو أفتى به في موضع الضرورة لا بأس به على ما أظن**". (فتاوى الشامي: ٤/٢٩٥، مطلب في الافتاء بمذهب مالكؒ، سعيد) **اور ایک عرصے سے** اربابِ فتوی اہلِ ہند و بیرونِ ہند تقریباً سب نے اسی قول پر فتوی دینا اختیار کرلیا ہے، اور یہ مسئلہ اسوقت ایک حیثیت سے فقہ حنفی ہی میں داخل ہوگیا، لیکن جب تک عورت صبر کر سکے اس وقت تک اصل مذہبِ حنفی پر عمل کرنا لازم ہے، ہاں بوقتِ ضرورتِ شدیدہ کہ خرچ کا انتظام نہ ہو سکے یا بوجہ خوف معصیت کے بیٹھنا مناسب نہ سمجھا جاوے، اس وقت مذہبِ مالکیہ پر عمل کرنے میں مضائقہ نہیں، اور ایسے ہی مواقع کے لئے یہ فتوی مرتب کیا گیا ہے۔ (الحيلة الناجزة: ٥٠، دارالاشاعت، ديوبند، من فتوى العلامة سعيد بن صديق الفلاتي المالكيؒ).

کتاب الفسخ والتفریق میں ہے:

اگر عورت کو نفقہ نہ ملنے کی وجہ سے طلاق کے مطالبہ کا حق ثابت ہے تو زنا کے اندیشہ سے بدرجہ اولیٰ یہ حق ہوگا، اس لئے کہ ترکِ وطی کا ضرر عدمِ نفقہ کے ضرر سے زیادہ سخت ہے۔ ...دوسری وجہ یہ کہ قرض یا سوال کے ذریعہ نفقہ حاصل کرنا ممکن ہے، لیکن وطی میں ایسا ممکن نہیں ہے۔ (کتاب الفسخ والتفریق: ص۷۳).

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

بہتر یہ ہے کہ کسی طرح طلاق حاصل کرلی جائے، اگر طلاق نہ دے تو کچھ مال دے کر خلع کرلے، ایسا بھی نہ ہو سکے تو پھر کسی مسلمان حاکم کی عدالت میں اپنا معاملہ پیش کرے، وہ حاکم اس قیدی کو طلاق دینے

پر مجبور کرے، نہ دے تو پھر یہ حاکم خود طلاق کا حکم کردے، حاکم کا یہ حکم قائم مقام طلاق کے ہوجائے گا، بشرطیکہ حاکم مسلمان ہو۔

وهـذا في الأصـل مذهب الإمام مالكؒ إلا أن علمائنا الحنفية أفتوا عليه لمكان الضرورة الشديدة ... (ملخص از امداد المفتین: جلد دوم: ۶۷۲، دارالاشاعت، کراچی)۔

فتاویٰ دارالعلوم کبیر میں ہے:

سوال کا ماحصل یہ ہے کہ زید کو کسی جرم میں تیس سال کی قید ہوگئی، تین سال گزر چکے، ستائیس سال باقی ہیں، زوجہ کہتی ہے کہ میں اس قدر مدت مدید بلا خاوند صبر نہیں کرسکتی، نکاح فسخ کرایا جائے۔ زید طلاق دینا یا علیحدہ کرنا نہیں چاہتا، دور کے رشتہ دار کے مکان میں رکھنا چاہتا ہے، اس پر اطمینان نہیں، آبروریزی کا ظنِ غالب ہے، بحالت موجودہ حکم شرعی کیا ہے، جبراً نکاح فسخ ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب: اصل مذہب حنفیہ کا اس صورت میں یہ ہے کہ نکاح فسخ نہیں ہوسکتا، اور بدون طلاق دینے شوہر کے نکاحِ ثانی عورت کو کرنا درست نہیں ہے۔ لیکن بعض دیگر ائمہ ایسی صورت میں فسخِ نکاح کو جائز فرماتے ہیں، اور حنفی کو بضرورت اس پر عمل کرنا درست ہے، لہٰذا موقعِ ضرورت میں حنفی کو گنجائش ہے کہ تفریق کرادے اور عدت کے بعد جوازِ نکاحِ ثانی کا فتویٰ دیدے۔ (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۱۰/ ۲۳۰)۔

نیز فقہاء احناف نے ظہار کے باب میں تحریر فرمایا ہے کہ اگر مظاہر کفارہ ادا نہ کرے اور عورت کو معلق رکھے تو عورت قاضی کے پاس مرافعہ کرسکتی ہے اور حاکم عورت سے دفع ضرر کرے گا۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

أن للمرأة أن تطالبه بالوطء وإذا طالبته به فعلى الحاكم أن يجبره حتى يكفر ويطأ لأنه بالتحريم بالظهار أضر بها حيث منعها حقها في الوطء مع قيام الملك فكان لها المطالبة بايفاء حقها ودفع التضرر عنها وفي وسعه ايفاء حقها بازالة الحرمة بالكفارة فيجب عليه ذلك ويجبر عليه لو امتنع... (بدائع الصنائع: ۳/ ۲۳۴، احکام الظهار، سعید)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## شوہر کے مجنون ہونے کی وجہ سے فسخِ نکاح کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص پاگل ہو تو اس کی بیوی کی تفریق کی کیا صورت ہے، جبکہ عورت کو یہ بات معلوم تھی، لیکن اب عزت کا خطرہ ہے، اوراس سے خوف زدہ بھی ہے؟

**الجواب:** اگر کسی عورت کا شوہر مجنون یا پاگل ہو، دنیا ومافیہا سے بے خبر ہو، بیوی کے حقوق کی ادائیگی کی ان کو خبر ہی نہ ہو اگر چہ عورت کو پہلے سے جنون معلوم تھا، لیکن اب شوہر کے پاس رہنا مشکل بلکہ خطرہ بھی ہے، اور نان ونفقہ کا معاملہ بھی بیوی کے لئے مشکل ہے، نیز عفت و پاکدامنی کے ساتھ زندگی بسر کرنا بیوی کے بس سے باہر ہے، تو ان تمام صورتوں میں یہ عورت شرعی قاضی کے پاس، اور اگر شرعی قاضی نہ ہو تو علماء کی جمعیت کے پاس اپنا مقدمہ دائر کردے، جمعیت اس کے دعوی کو صحیح پا کر شوہر کے علاج کے لئے ایک سال کی مہلت دیدے، اگر ایک سال میں صحیح نہیں ہوا تو دوبارہ عورت اپنا مقدمہ اسی جمعیت کے پاس دائر کرکے جمعیت والے حضرات دونوں کے مابین تفریق کردے، اس کے بعد جب عدت گزر جائے تو بیوی دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔ (ملخص از امدادالمفتیین از مفتی شفیع صاحب ۲/۶۷۳)۔

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

شوہر کے جس جنون سے بیوی کے جسم وجان کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے وہ جنون موجبِ تفریق ہے، لیکن شوہر کو قاضی علاج کے لئے ایک سال کی مہلت دے گا، اس کے بعد بھی اگر افاقہ نہ ہو اور بیوی علیحدگی چاہے تو قاضی تفریق کردے گا۔

**قال محمد: إن كان بالزوج عيب لا يمكنه الوصول إلى زوجته، فالمرأة مخيرة بعد ذلك، ينظر إن كان العيب كالجنون الحادث والبرص ونحوهما، فهو والعنة سواء فينظر حولاً، وإن كان الجنون أصلياً أو به مرض ولا يرجى برءه فهو والجب سواء، وهي بالخيار إن شاءت رضيت بالمقام معه، وإن شاءت رفعت الأمر إلى الحاكم حتى يفرق بينهما.**

(الفتاوى الحمادية للعلامة ركن الدين ناغوري ص ٧٦ نقلاً عن المضمرات، بحواله: الحيلة الناجزة ص ٣٩).

لیکن چونکہ جنونِ حادث کی تفسیر نہ اس جگہ لکھی ہے اور نہ کہیں دوسرے مواقع میں دستیاب ہوئی، جس کی وجہ سے اس کے مقابلہ میں مطبق کی تفسیر بھی پوری طرح واضح نہیں ہوسکتی، اور دوسرے مواقع میں جو مطبق کی تفسیر بمقابلہ غیر مطبق لکھی ہے اس کو محض قیاس سے اس جگہ جاری کرنا احتیاط کے خلاف ہے...اس لئے احتیاط اسی میں ہے کہ اس تفسیر سے قطع نظر کرکے ہر حال میں سال بھر کی مہلت دی جاوے، اس کے بعد حکم کیا جاوے۔ الحیلۃ الناجزۃ: ص۶۲/۶۳ زیر عنوان: حکم زوجہ مفقود۔ (ماخوذ از مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۹۵ دفعہ ۷۶).

مزید ملاحظہ فرمائیں: ( كتاب الفسخ و التفريق: ص ١١٣ـ١١٥ ، از مولانا عبد الصمد رحماني نائب امير شريعت بهارواڑیسہ ـو الحيلة الناجزة : ٤١، ٤٨).

نیز نان ونفقہ اور دیگر اخراجات کے اسباب مہیا کرنا بیوی کے لئے مشکل ہوجاوے تب بھی تفریق ہوسکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: ( الحيلة الناجزة :ص ٦٣ حكمِ زوجه متعنت فى النفقة) كما مرّ .

اسی طرح حقوقِ زوجیت ادا نہ کرسکتا ہو اور بیوی کے لیے عفت وپاکدامنی کی زندگی بسر کرنا مشکل ہوجاوے، بلکہ معصیت میں مبتلا ہونے کا قوی اندیشہ ہو تب بھی عورت مقدمہ دائر کرکے قاضی یا جمعیت المسلمین سے تفریق کراسکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں: (كتاب الفسخ و التفريق: ص ٧٣، والحيلة الناجزة) كما مرّ. واللہ ﷻ اعلم۔

## مرض ایڈس (Aids) کی وجہ سے فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایڈس (Aids) کی بیماری کی وجہ سے فسخ نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں، جبکہ حدیث میں آیا ہے: "**لا عدوى ولا طيرة**". (رواه البخاري:).

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے مذہب کے موافق تو عورت کو کسی بیماری کی وجہ سے فسخ نکاح کا اختیار نہیں، ہاں امام محمدؒ کے نزدیک جنون، برص، جذام وغیرہ بیماریوں کی وجہ سے عورت کو فسخ کرانے کا اختیار حاصل ہے۔ چونکہ عصر حاضر میں ایڈس (Aids) ایک مہلک خطرناک بیماری ثابت ہوچکی ہے،

اور عام طور پر متعدی بھی ہوتی ہے، اس وجہ سے امام محمد کے قول پر فتوی دیتے ہوئے عورت کو اختیار ہوگا کہ قاضی شرعی یا جمعیت العلماء کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کرے اور جمعیت العلماء تحقیق فرما کر جب بیماری ثابت ہو جائے تو دونوں کے درمیان تفریق کرنے کی مجاز ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ولا يتخير أحد الزوجين بعيب الآخر ولو فاحشاً كجنون وبرص ورتق وقرن، وخالف محمدؒ فى الثلاثة الأول وخالف الأئمة الثلاثة فى الخمسة .**

**وفي حاشية الطحطاوي: قوله وخالف محمدؒ في الثلاثة الأول هي الجنون والجذام والبرص، وألحق به القهستاني كل عيب لا يمكنها المقام معه إلا بضرر، ونقله المؤلف في شرح الملتقى.** (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار:۲/۲۱۳،کوئٹه).

ہدایہ میں ہے:

**وإذا كان بالزوج جنون أو برص أو جذام فلا خيار لهاعند أبي حنيفةؒ وأبي يوسفؒ، وقال محمدؒ: لها الخيار دفعاً للضرر عنها كما فى الجب والعنة.**

**وفى العناية في شرح الهداية: لها الخيار لأنه تعذر عليها الوصول إلى حقها لمعنى فيه فكان بمنزلة الجب والعنة، فتخير دفعا للضرر حيث لا طريق لها سواه.** (العناية في شرح الهداية مع الهداية على هامش فتح القدير:۴/۳۰۵،ط: دارالفكر).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**قال محمد: إن كان الجنون حادثاً يؤجله سنة كالعنة، ثم يخير المرأة بعد الحول إذا لم يبرء، وإن كان الجنون مطبقاً فهو كالجب، وبه نأخذ، كذا فى الحاوى القدسي.** (الفتاوى الهندية ۱/۵۲۶).

بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما خلو الزوج عما سوى هذه العيوب الخمسة من الجب والعنة والتأخذ والخصاء**

**والخنوثة فهل هو شرط لزوم النكاح، قال أبو حنيفةؒ وأبو يوسفؒ: ليس بشرط ولا يفسخ النكاح به، وقال محمد: خلوه من كل عيب لا يمكنها المقام معه إلا بضرر كالجنون والجذام والبرص شرط لزوم النكاح حتى يفسخ النكاح به... لأن هذه العيوب في إلحاق الضرر بها فوق تلك، لأنها من الأدواء المتعدية عادة، فلما ثبت الخيار بتلك فلأن يثبت بهذه أولى.** (بدائع الصنائع ۲/۳۲۷، شروط لزوم النكاح).

"**الموسوعة الفقهية الكويتية**" میں ہے:

**جاء ت هذه العيوب بصيغة التمثيل، هذا إلى جانب أن نصوص الفقهاء عامة كانت تعلل التفريق للعيب بالضرر الفاحش وبالعدوى، وعدم القدرة على الوطء، وهو ظاهر في جواز القياس عليها.**

**وعلى هامشه قال: وترى اللجنة أن هذه العيوب المنصوص عليها ليست للحصر، وإنما هي للتمثيل، ولذلك فإنه يلحق كل ما كان في معناها أو زاد عليها، كالإيدز وما شابهه من الأمراض التي تفوق بعض ما ذكر.** (الموسوعة الفقهية الكويتية مع التعليقات :۲۹/۶۹، التفريق للعيب، ط: وزارة الأوقاف بالكويت).

جدید فقہی مسائل میں ہے:

چونکہ امام محمد کا مسلک اس مسئلہ میں شریعت کی روح ومزاج سے قریب بھی ہے، اور مصلحتِ عامہ کے مطابق بھی، اس لئے فقہاء احناف نے امام محمد ہی کی رائے پر فتوی دیا ہے۔ (جدید فقہی مسائل:۳/۱۷۷).

جدید فقہی مباحث میں ہے:

زیلعی کہتے ہیں: **وقال محمد: ترد المرأة إذا كان بالرجل عيب فاحش بحيث لا تطيق المقام معه، لأنها تعذر عليها الوصول إلى حقها لمعنى فيه كالجب والعنة.** (تبيين الحقائق :۳/۲۵،باب العنين وغيره، ملتان).

گویا امام محمد کے نزدیک ہر متعدی اور قابل نفرت مرض کی بناء پر عورت تفریق کا مطالبہ کرسکتی ہے، اور یہی شریعت

کے مزاج ومذاق سے ہم آہنگ اوراس کے اصول ومقاصداورروحِ قواعد کے مطابق ہے۔

ان تفصیلات کی روشنی میں غور کیا جائے تو ائمہ ثلاثہ کے علاوہ حنفیہ کے نزدیک بھی ایڈز ان امراض میں سے ہے جن کی وجہ سے عورت کوحق تفریق حاصل ہوتا ہے، کیونکہ یہ برص وجذام سے زیادہ قابل نفرت بھی ہے اورمتعدی بھی، اور چونکہ جنسی ربط بھی اس مرض کی منتقلی کا ایک اہم سبب ہے، اس لئے ایڈز کا مریض شوہراس کی بیوی کے حق میں نامرد ہی کے حکم میں ہے کہ وہ مرض کی منتقلی کے خوف سے اس مرد کے ذریعہ داعیہ نفس کی تکمیل نہیں کرسکتی۔(جدید فقہی مباحث:۱۰/۶۶).

دوسری جگہ مرقوم ہے:

ایڈز کا مرض مہلک امراض میں سے ہے بشرطیکہ ٹیسٹ (Test) سے یہ ثابت ہوجائے کہ وائرس اس پر حملہ آور ہوا ہے، اوراس نے مرض کی شکل اختیار کرلی ہے، ورنہ کسی شخص کے خون میں وائرس کی محض موجودگی یہ معنی نہیں رکھتی کہ وہ ایڈز کے مرض میں مبتلا ہوگیا ہے، اگر کوئی واقعی ایڈز کے مرض میں مبتلا ہوجاتا ہے تو عورت کو فسخِ نکاح کا مطالبہ کرنے کا اختیار ہے۔(جدید فقہی مباحث:۱۰/۱۲۰).

طبی اخلاقیات میں ہے:

اگر کوئی مردایڈز کا مریض ہو،مگراس نے اپنا مرض ظاہر کئے بغیر کسی خاتون سے نکاح کرلیا تو ایسی صورت میں عورت کوفسخِ نکاح کا حق ہوگا۔ اور اگر نکاح کے بعد مرداس بیماری میں مبتلا ہوجائے اوخطرناک حدتک پہنچ جائے تو خاتون کے لئے فسخِ نکاح کا حق ہوگا۔(طبی اخلاقیات:ص۴۰۶،ترتیب از: قاضی مجاہدالاسلام صاحب قاسمیؒ).

واللہ ﷻ اعلم۔

## تعدیہ امراض اوراحادیث میں تطبیق:

مرض کے متعدی ہونے کے متعلق دوقسم کی احادث ملتی ہیں:بعض احادیث سے متعدی ہونے کی نفی اور بعض سے متعدی ہونا معلوم ہوتا ہے،

مثلاً حدیث" **لا عدوی ولا طیرة... الخ** " (رواه البخاري:۲/۸۵۰،۵۴۸۸،باب الجذام) سے مفہوم ہوتا ہے کہ مرض متعدی نہیں ہوتا،اورحدیث" **فر من المجذوم فرارک من الأسد**"(رواه البخاري:۲/۸۵۰،۵۴۸۸،

باب الجذام۔وکذا فی مسند احمد برقم ۹۳٤٥) یعنی ''جذامی سے ایسے بھاگو جیسے تم شیر سے بھاگتے ہو'' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرض متعدی ہوتا ہے۔ نیز '' لا یوردن ممرض علی مصح '' (رواہ البخاری:۲/۸٥۹/٥٥٤٥، باب لا ھامۃ) یعنی بیمار اونٹ کو تندرست اونٹ کے پاس نہ لایا جائے، اس سے بھی مرض کا تعدیہ معلوم ہوتا ہے، نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت کے وقت مجذوم کو ہاتھ نہیں لگایا، بلکہ دور سے بیعت فرمائی، دوسری جگہ مجذوم شخص کی بابت منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ کھانا تناول فرمایا اور ارشاد فرمایا: '' ثقۃ باللّٰہ وتوکلاً علیہ '' (رواہ ابوداود فی الطیرۃ۔والترمذی فی باب ماجاء فی الاکل مع المجذوم۔وابن ماجہ فی باب الجذام) یعنی اللہ کے بھروسہ اور توکل پر۔

محدثین نے ان روایات میں مختلف طریقوں پر تطبیق فرمائی ہے، جن میں آسان اور ذہن میں اترنے والی بات یہ ہے کہ بعض امراض متعدی ہوتے ہیں لیکن ان کا متعدی ہونا اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے، زمانہ جاہلیت میں لوگ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ بعض چیزوں میں ذاتی تاثیر ہے، ان میں اللہ تعالیٰ کے حکم کا کوئی دخل نہیں، جیسے ستاروں کو قسمت میں مؤثر مانتے تھے، اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی ضرورت نہیں سمجھتے تھے، لہذا حدیث ''لا عدوی'' میں اس عقیدہ کی نفی مقصود ہے کہ مرض کا متعدی ہونا بذاتِ خود نہیں، اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے۔ اس وجہ سے جب ایک اعرابی نے '' لا عدوی'' کے بعد کہا کہ ہم تندرست اونٹ کو خارشی اونٹ کے پاس لاتے ہیں اور وہ بیمار ہوجاتا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے کو کس نے خارشی بنایا، (بخاری شریف:۲/۸٥۲) یعنی مرض تو دوسرے اونٹوں سے لگ گیا، لیکن اس کا لگنا اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوا، جیسے پہلے میں بھی اللہ تعالیٰ کا حکم کارفرما ہے۔ الغرض ہمارے زمانہ میں بہت سے امراض کا متعدی ہونا نظر وخیال سے بڑھ کر مشاہدہ بن چکا ہے، اس لئے صحیح یہی ہے کہ بعض امراض جراثیم کے ذریعہ متعدی ہوتے ہیں، البتہ یہ من جملہ اسباب کے ایک سبب کے درجہ میں ہے، ورنہ بیماری کا پیدا ہونا نہ کسی بیمار سے میل جول پر موقوف ہے، اور نہ یہ ضروری ہے کہ بیمار شخص سے میل جول لازماً بیماری کو لاتا ہے، ہاں ان اسباب سے متأثر ہونا اور نہ ہونا بہرحال مشیتِ خداوندی اور قدرِ الٰہی کے تابع ہے کہ بغیر حکمِ ایزدی کے درخت کا ایک پتہ بھی نہیں ہل سکتا۔

دلائل کی تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: فتح الباري شرح صحيح البخاري: ۱۰/۱٥۹۔۱٦۲،

باب الجذام۔وعمدة القاري شرح صحيح البخاري:١٤/٦٩٢،٦٩٣، باب الجذام، دار الحديث، ملتان۔ومرقاة المقاتيح:٩/٣۔ شرح الطيبي: ٨/٣١٥۔ وبذل المجهود :١٦/٢٤١۔واللہ ﷻ اعلم۔

## زوجین میں شقاق کی وجہ سے فسخ وتفریق کا حکم:

**سوال:** سوال کا ماحصل اوراشکالات کا خلاصہ حسب ذیل درج ہے:۔

بیوی اوراس کے خاندان والوں کا بیان حقیقت پرمبنی ہوتوان کی شکایات کا خلاصہ مندرجہ ذیل ہے،جن کی وجہ سے بیوی اوراس کے خاندان والے نکاح فسخ کرانا چاہتے ہیں:

(۱) شوہر بیوی سے کئی دن بات چیت نہیں کرتا،اوراس کوذہنی اذیت میں مبتلا رکھتا ہے۔

(۲) شوہر کی اجازت سے جانے کے بعد بھی شوہر بیوی کونفقہ نہیں دیتا۔

(۳) اولاد شرعاً اورطبعاً مرغوب ہے۔ "تزوجوا الودود الولود"(رواہ ابوداود) کی حدیث اور" نسائکم حرث لکم "(سورة البقرة : الآية :٢٢٣) اورانبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی دعائیں اوران جیسی بے شمار نصوص اس حقیقت کو واضح کرتی ہیں، جبکہ شوہر اولاد کو بوجھ سمجھتا ہے اور اولاد کو روکنے کی کوشش کرتا ہے یا ناپسندیدگی کا اظہار کرتا ہے۔

(۴) شوہر بیوی سے حد درجہ بیزار ہے، یہاں تک کہ بیوی کے رشتہ داروں سے بھی تعلق رکھنے کا روادار نہیں،اوراس بیزاری کے نتیجہ میں بیوی بھی شوہر سے بیزار ہوچکی ہے،اس لئے شوہر سے الگ رہنا چاہتی ہے۔

(۵) شوہر بیوی سے بیزاری کے نتیجہ میں طلاق کا خواہاں ہے،لیکن طبعی حرص یا لالچ کی وجہ سے یا بیوی کو تنگ کرنے کی نیت سے دولاکھ کی خطیر رقم کا مطالبہ کرتا ہے جوایک نامعقول مطالبہ ہے۔

(۶) شوہر کے مزاج میں یہاں تک ضد ہے کہ اپنے والد کی عیادت سے بھی گریزاں رہا، یہاں تک کہ ان کی نمازِ جنازہ میں بھی شرکت گوارا نہیں کی۔

**الجواب:** جمعیت کے اربابِ بست وکشاد سے درخواست ہے کہ ان امور کی تحقیق فرمادیں،اگر واقعی یہ الزامات درست ہوں،تو میرے خیال میں ان امور کی وجہ سے اگر شوہر طلاق پرآمادہ نہ ہو، یا جو کچھ شوہر نے مہر

میں دیا ہواس کو واپس لے کر خلع پر بھی آمادہ نہ ہو تو جمعیت نکاح فسخ کر سکتی ہے۔ مفتیانِ عظام نے زوجہ کو برا بھلا کہنے، گالی دینے کو باعثِ تفریق قرار دیا ہے، کئی کئی دنوں تک بات نہ کرنا اس سے بھی زیادہ باعثِ اذیت ہے۔ مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگر شوہر زوجہ کو برا بھلا کہے، گالی دے جو عورت کے لئے انتہائی تحقیر اور اذیت کا باعث ہو، شدید زدوکوب کرے تو اس کو حق تفریق حاصل ہوگا۔

قرآن مجید میں ﴿ ولا تمسكوهن ضراراً لتعتدوا ، ومن يفعل ذلك فقد ظلم نفسه﴾. (سورة البقرة: ۲۳۱). وارد ہوا ہے، ظاہر ہے کہ ضرب شدید اور گالی گلوچ سے بڑھ کر ضرر رساں بات اور کیا ہوگی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی، ص:۱۹۹، دفعہ ۸۱).

اسی طرح اگر زوجین میں شقاق پایا جاتا ہو جس کی اصلاح کی صورت ممکن نہ ہو تب بھی تفریق ہو سکتی ہے۔

## لفظِ ''شقاق'' کی تحقیق:

''شقاق'' کے معنی عداوت، دشمنی اور مخالفت کے ہیں، اور چونکہ یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے اس لئے اس کے معنی یہ ہے کہ باہم شقاق میں اس حالت پر ہو جانا کہ ایک شخص ایک شق پر ہو یعنی ایک سرے پر ہو اور دوسرا دوسرے سرے پر ہو، یعنی دو آدمیوں کے درمیان شقاق (عداوت، دشمنی، مخالفت) نے انتہائی صورت اختیار کر لی ہو، اسی کی تعبیر مفرداتِ امام راغب میں ان الفاظ سے ہے:

الشقاق: المخالفة وكونك في شق غير شق صاحبك .(المفردات في غريب القرآن، ص ٢٦٤).

زن وشوہر میں جب شقاق رونما ہو جائے تو اس کے متعلق شرعی حکم قرآن مجید میں موجود ہے:

﴿ وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا حكماً من أهله وحكماً من أهلها ، إن يريدا إصلاحاً يوفق الله بينهما، إن الله كان عليما خبيراً﴾. (سورة النساء: ٣٥).

یہ شقاق عام ہے چاہے شوہر کے بلاوجہ مار پیٹ سے باہم زن وشوہر میں پیدا ہوا ہو، یا بیوی کی جائیداد پر ناجائز تصرف کی وجہ سے پیدا ہوا ہو، یا بے پردگی اور موجودہ فیشن کی عریانی اختیار کرنے پر جبر کرنے کی بنا پر پیدا ہوا ہو، یا دیگر قسم کے محرمات پر اکراہ اور جبر کرنے کے وجہ سے پیدا ہوا ہو، یا فرائض وواجبات کی ادائیگی سے

روکنے کی بنا پر پیدا ہوا ہو، یا اسی طرح کے اور امور کی وجہ سے رونما ہوا ہو، سب کے لئے قرآن کا حکم یہ ہے کہ حکمین کے ذریعہ اس شقاق کو دور کیا جائے۔ (کتاب الفسخ والتفریق:ص:۱۵۲)۔

ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن صاحب ''مجموعہ قوانین اسلام'' فرماتے ہیں:

''شقاق'' کے لفظی معنی ''اختلاف'' کے ہیں یہ لفظ شق سے ماخوذ ہے جس کے معنی ''طرف یا جانب'' کے ہیں، چونکہ باہمی اختلاف کے سبب میاں بیوی دو اطراف میں بٹ جاتے ہیں اس لیے اس صورتِ حال کو قرآن کریم ''شقاق'' سے تعبیر کرتا ہے، جیسے اردو زبان میں ''ناچاقی'' کہا جاتا ہے۔ (مجموعہ قوانین اسلام:۲/۶۴۴،بحوالہ اسلامی قانون نکاح وطلاق، از مولانا یعقوب قاسمی صاحب ص ۱۳۳)۔

علامہ نسفی فرماتے ہیں:

**الشقاق :العداوة، لأن كلا منهما يفعل ما يشق على صاحبه أو يميل إلى شق أي ناحية غير شق صاحبه.** (تفسير النسفي:١/٢٢٤۔ وكذا في التفسير المنير:٥/٥٨۔وأحكام القرآن للجصاص:٢/١٩٠).

علامہ آلوسی فرماتے ہیں:

**والشقاق : الخلاف و العداوة ، و اشتقاقه من الشق ، و هو الجانب ، لأن كلاً من المتخالفين في شق غير شق الآخر.** (روح المعاني: ٥/٢٦).

**وفيه أيضاً : واختلف في أنهما(أى الحكمين) هل يليان الجمع والتفريق إن رأيا ذلك؟ فقيل: لهما ، وهو المروي عن علي كرم الله وجهه وابن عباس رضي الله عنهما، وإحدى الروايتين عن ابن جبير، وبه قال الشعبي، فقد أخرج الشافعي فى الأم والبيهقي فى السنن وغيرهما عن عبيدة السلماني قال: جاء رجل وامرأة إلى علي كرم الله وجهه ومع كل واحد منها فئام من الناس، فأمرهم علي كرم الله وجهه أن يبعثوا حكماً من أهله وحكماً من أهلها، ثم قال للحكمين: تدريان ما عليكما؟ عليكما إن رأيتما أن تجمعا أن تجمعا، وإن رأيتما أن تفرقا أن تفرقا، قالت المرأة: رضيت بكتاب الله تعالىٰ بما علي فيه ولي، وقال الرجل: أما الفرقة فلا ، فقال علي كرم الله وجهه : كذبت والله حتى تقر بمثل الذي أقرت**

**به**. (روح المعاني: ٥/٢٦).

**وفي التفسير المظهري: فقال مالک: يجوز لحكم الزوج أن يطلق المرأة بدون رضا الزوج، ولحكم المرأة أن يختلع بدون رضا المرأة، ويجب عليها المال إذا رأى الصلاح في ذلک حيث ملک علي الحكمين الجمع والتفريق، وكذب الزوج على نفي الفرقة ...الخ**. (التفسير المظهري: ٢/١٠١، بلوجستان).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگر زوجین کے درمیان شدید نفرت پیدا ہو جائے کہ دونوں کا اللہ کے حدود کو قائم رکھتے ہوئے ازدواجی زندگی گزارنا ممکن نظر نہ آئے تو ایسی صورت میں:

(الف) قاضی حکمین مقرر کریگا، تا کہ اصلاح کی صورت نکل سکے۔

(ب) اگر تحکیم کے باوجود اصلاح حال یا باہمی رضامندی سے علیحدگی کی کوئی صورت نہیں نکل سکے تو قاضی بر بنائے شقاق، زوجہ کے مطالبہ کی صورت میں تفریق کر دیگا۔

تشریح: اگر زوجین میں اختلاف وشقاق پیدا ہو جائے یعنی کسی وجہ سے زوجین کے درمیان ایسی شدید نفرت پیدا ہو جائے کہ حسن معاشرت کی گنجائش باقی نہ رہے، اور اللہ کے حدود پر قائم رہنا مشکل ہو جائے تو ایسی صورت میں ابتداءً اصلاح کی کوشش کی جائے گی اور اس کے لئے حکمین مقرر کئے جائیں گے، حکمین کی کوشش ہوگی کہ یہ منافرت دور ہو جائے یا دونوں کی رضامندی سے علیحدگی ہو جائے، لیکن اگر اس کوشش میں بھی ناکامی ہو تو قاضی کے ذریعہ تفریق کر دی جائے گی، واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم معاشرت بالمعروف کا ہے، اس کے لئے دونوں طرف سے محبت ضروری ہے، معاشرت بالمعروف کے امکانات اس وقت ختم ہو جائیں گے جب زوجین ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگیں، یا زوجین میں سے کوئی ایک نفرت کرنے لگے تو بھی شقاق قرار دیا جائیگا کہ دونوں کی رضا معاشرت بالمعروف کے لئے ضروری ہے، اور ایک کی طرف سے بھی محبت و رضا کا فقدان معاشرت بالمعروف کو ختم کرنے کے لئے کافی ہے، پس دونوں ہی ایک دوسرے سے نفرت کریں یا کسی بھی وجہ سے عورت شدید نفرت میں مبتلا ہو تو قاضی کو چاہئے کہ حکمین مقرر کرے جو اصلاحِ حال کی صورت نکالیں، اور اگر

باوجودان کی کوششوں کے اصلاحِ حال ممکن نہ ہواور نکاح اپنے مقاصد سے خالی ہوجائے یعنی امساک بالمعروف سخت دشوار ہوجائے تو شوہر کی ذمہ داری تسریح بالاحسان ہے لیکن اگر شوہر اس سے گریز کرے تو قاضی نیابۃً عن الزوج تفریق کردے گا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۲۰۰، ۲۰۲ دفعہ ۸۲، مسلم پرسنل لابورڈ)۔

مجموعہ قوانین اسلام میں ہے:

ظلم یاناچاقی کے سبب عدالت (یااس کے قائم مقام مثلاً جمعیت العلماء) میاں بیوی کے درمیان جو تفریق کردے گی تو وہ تفریق اپنے حکم کے اعتبار سے ''ایک طلاق بائن'' ہوگی،'' والفراق في ذلک طلاق بائن''. (مجموعہ قوانین اسلام، از ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن صاحب: ۲/ ۶۷۵، بحوالہ اسلامی قانون نکاح وطلاق، ۱۳۳)۔

حکمین کی شرائط ملاحظہ فرمائیں:

حکمین کے تقرر میں ان قیود وشرائط کا پوراپورا لحاظ رکھے، جن کا مسلکِ مالکیہ میں ملحوظ رکھنا ضروری ہے، ملاحظہ فرمائیں ''الأحوال الشخصية'' میں ہے:

و يشترط فی الحكمين عندهم أربعة شروط: وهي الذكورة، والعدالة، والرشد، والعلم بما هو بسبيله ، فلا يجوز تحكيم النساء ولا الصبيان ولا العبيد ولا المجانين ولا الكفار ولا الفسقة ولا السفهاء، ولا من لا علم عندهم بأحكام النشوز والصلح. ثم إن وجد حكمان من أهل الزوجين وأمكن تحكيمهما وجب تحكيمهما، ولم يجز للقاضي أن يبعث أجنبيين. ويندب كون الحكمين من جيران الزوجين، ولا يشترط رضاء الزوجين بما يحكمان به . (الأحوال الشخصية: ٤٠٨).

مالکیہ کے نزدیک حکمین میں چار شرطوں کا پایا جانا ضروری ہے:

(۱) مرد ہونا۔

(۲) عادل ہونا۔

(۳) رشید ہونا۔

(۴) جس کام کے لئے حکم بنایا جارہا ہے اس کے مسائل سے واقف ہونا۔

لہذا عورت، بچہ، مجنون، کافر، فاسق اور سفیہ کو حکم بنانا جائز نہیں، اسی طرح اس شخص کو بھی جس کو نشوز اور صلح کے احکام کا علم نہ ہو، حکم بنانا جائز نہیں۔

پھر اگر زوجین کے گھرانے سے دو حکم موجود ہوں اور ان دونوں کو حکم بنانا ممکن ہو تو ان دونوں کو حکم بنانا واجب ہوگا، اور قاضی کے لئے جائز نہیں ہوگا کہ دو اجنبیوں کو حکم بنا کر بھیجے، اور مستحب یہ ہے دونوں حکم زوجین کے پڑوسی ہوں اور حکمین کے فیصلہ پر زوجین کا راضی ہونا شرط نہیں ہے۔ (ملخص از ''کتاب الفسخ والتفریق'' ص ۱۵۷).

الموسوعۃ الفقہیۃ میں ہے:

**ذهب الفقهاء إلى أنه يشترط في الحكمين العدالة، والفقه بأحكام النشوز، واختلفوافي اشتراط الذكورة والحرية، وذلك في الجملة، ولهم تفصيل :**

**قال المالكية: شرط الحكمين الذكورة والرشد والعدالة والفقه بما حكما فيه، وبطل حكم غير العدل، وهو الفاسق والصبي والمجنون بإبقاء أو بطلاق بغير مال أو بمال في خلع، وبطل حكم سفيه"وهو المبذر في الشهوات ولو مباحة على المذهب" وحكم امرأة، وحكم غير فقيه بأحكام النشوز ما لم يتشاور العلماء في ما يحكم به، فإن حكم بما أشاروا به عليه كان حكمه نافذاً.** (الموسوعة الفقهية الكويتية: ۱۱/٤۷، وزارة الأوقاف والشؤون الإسلامية).

واللہ ﷻ اعلم۔

## مار پیٹ اور زوجہ کی تحقیر پر فسخ وتفریق کا حکم:

**سوال:** دو عورتوں نے اپنے شوہروں کو چھوڑ دیا اور والد کے گھر چلی گئیں، پہلی بیوی کا شوہر اس کو بہت سخت مار پیٹ کرتا تھا، جس کی وجہ سے عورت کا اس کے ساتھ رہنا مشکل ترین اور دشوار ہوگیا تھا۔ دوسری عورت کا شوہر اس کو زبانی تکلیف دیتا تھا اور اس کی تقبیح وتحقیر اور گالی گلوچ کرتا تھا، بنابریں عورت کہتی ہے کہ اس کے ساتھ رہنا سخت مشکل اور دشوار ترین ہے۔

کیا یہ افعال نشوز میں داخل ہیں یا نہیں؟ جس مدت تک عورتوں نے شوہروں کو چھوڑ دیا اس مدت کا نفقہ شوہر پر

واجب ہے یا نہیں؟ چھوٹے بچے ساتھ ہوں تو ان کا نفقہ والد پر واجب ہے یا نہیں؟ کیا یہ ضرر اور تکلیف فسخِ نکاح کے لئے ذریعہ بن سکتی ہے یا نہیں؟ یعنی عورتوں کو مطالبہ تفریق کی گنجائش ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کا سخت مار پیٹ کرنا اور قسم قسم کے مظالم ڈھانا، نیز زبانی تقبیح وتحقیر کرنا اور گالی گلوچ وسخت الفاظ استعمال کرنا کہ عورت کی عصمت کا تحفظ مشکل ہو جائے یہ سب نشوز میں داخل ہیں اور ان تمام صورتوں میں دونوں عورتوں کو قاضی شرعی یا جمعیت کے سامنے مقدمہ پیش کرنے اور مطالبہ فسخِ نکاح کا حق ہوگا۔ جمعیت العلماء معاملہ کی تحقیق فرما کر دونوں نکاح کے فسخ کرنے کی مجاز ہوگی۔ نیز دونوں عورتیں اپنے شوہروں کے مظالم کی وجہ سے اپنے والدین کے گھر چلی گئیں، لہذا ناشزہ شمار نہ ہوں گی، اور ان دنوں کے نفقہ کی بھی مستحق ہوں گی، اسی طرح نابالغ اولاد کا نفقہ بھی والد کے ذمہ ہے، لہذا ان ایام کا نفقہ والد ادا کریگا۔

ملاحظہ فرمائیں ''کتاب الفسخ والتفریق'' میں ہے:

آئین اسلامی یہ کسی طرح جائز نہیں کہ عورت کو اس طرح مار پیٹ کی جائے، اور اگر کوئی شوہر اس طرح کی حرکتِ ناشائستہ کا ارتکاب کرے تو عورت کو یہ حق ہے کہ قاضی کی عدالت میں مقدمہ دائر کرے اور قاضی سے تعزیر کا مطالبہ کرے، یہ حنفیہ کا مسلک ہے، لیکن حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک یہ ہے کہ وہ قاضی سے تطلیق کا مطالبہ کرسکتی ہے۔

'' **الأحوال الشخصية** '' میں ہے:

**مذهب الحنفية أن الزوج الذي يضار زوجته بنحو الضرب الأليم المبرح يستحق التعزير، وللزوجة أن ترفع أمرها إلى القاضي طالبته تعزيره، ومذهب المالكية أن للزوجة في هذه الحالة أن تطلب إلى القاضي أن يطلقها منه، وأخذ المشروع المصري أخير المذهب المالكية في هذه المسئلة، وسنستوفي بحث هذا الموضوع في الكلام على فرق الزوج.**

(الأحوال الشخصية: ١٥٤).

حالات کے پیش نظر اگر مار پیٹ حد ضرر تک ہو اور عورت تنگ ہو کر تفریق کا مطالبہ کرے اور حنفی قاضی کو فریقین سے تحقیق حال کے بعد شواہد وثبوت سے یہ ظن غالب ہو جائے کہ عورت اپنے دعوی میں سچی ہے تو امام

مالک کے مسلک پر ان کی تصریحات کے مطابق فیصلہ دے سکتا ہے۔

مذہبِ مالکیہ کی تصریحات حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

ومذهب المالكية أن الزوج إذا كان يضار زوجته بالضرب ونحوه كالإكراه على فعل أمر حرام كان لها أن ترفع أمرها إلى القاضي، وكان لها أن تطلب من القاضي تأديبه وزجره ليكف أذاه عنها كما أن تطلب التطليق منه، فإن طلبت من القاضي كفه عنها وعظه أول الأمر فبين له ما يجب على الزوج من حسن معاشرة زوجته وما عسى أن يترتب على سوء العشرة من التفريق الشمل وضياع الولد إن كان، فإن أجدت الموعظة فبها، وإن جائته ثانية تخبره أنه لم ينته ضربه، فإن استمر الأشكال بينهما بعث حكمين، ويجب على حكمين أن يسعيا في إصلاح ذات بينهما وتأليف قلبيهما على المودة وحسن المعاشرة، فإن تعذر عليهما ذلك نظرا فيمن تجيئ الإساءة من جهته إلى صاحبه، فإن كانت الإساءة تأتي من قبل الزوج طلقا الزوجة عليه بغير عوض... (الأحوال الشخصية ص: ٤٠٧، بحوالہ''کتاب الفسخ والتفریق'': ۱۴۹، تفریق کی تیرہویں بنیاد شوہر کا تکلیف دہ مار پیٹ کرنا)۔

''الموسوعة الفقهية الكويتية'' میں ہے:

الشقاق هنا: هو النزاع بين الزوجين، سواء أ كان بسبب من أحد الزوجين أو بسببهما معاً أو بسبب أمر خارج عنهما، فإذا وقع الشقاق بين الزوجين وتعذر عليهما الإصلاح، فقد شرع بعث حكمين من أهلهما للعمل على الإصلاح بينهما وإزالة أسباب النزاع والشقاق بالوعظ وما إليه، قال تعالى: ﴿وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا حكماً من أهله وحكماً من أهلها، إن يريدا إصلاحاً يوفق الله بينهما﴾ ومهمة الحكمين هنا الإصلاح بين الزوجين بحكمة وروية .

وقد اختلف الفقهاء في مهمة الحكمين...وذهب المالكية إلى أن واجب الحكمين الإصلاح أولا، فإن عجزا عنه لتحكم الشقاق كان لهما التفريق بين الزوجين دون التوكيل،

**ووجب على القاضي إمضاء حكمهما بهذا التفريق إذا اتفقا عليه وإن لم يصادف ذلك اجتهاده.** (الموسوعة الفقهية الكويتية :۲۹/۵۳،التفريق للشقاق، وزارة الأوقاف،الكويت).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگر شوہر زوجہ کو برا بھلا کہے، گالی دے جو عورت کے لئے انتہائی تحقیر واذیت کا باعث ہو، یا شدید زدوکوب کرے تو اس کو حق تفریق حاصل ہوگا۔

تشریح: قرآن مجید میں ہے: ﴿ **ولا تمسكوهن ضراراً لتعتدوا ، ومن يفعل ذلك فقد ظلم نفسه**﴾. (سورة البقرة :۲۳۱). وارد ہوا ہے کہ ظاہر ہے کہ ضرب شدید اور گالی گلوچ سے بڑھ کر ضرر رساں بات اور کیا ہوگی، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ضرب مبرح سے منع فرمایا ہے، اور یہ مار پیٹ، گالی گلوچ " **لا ضرر ولا ضرار فى الإسلام** " کے مسلمہ اصول کے خلاف ہے، اس لئے ایسی حالت میں اس ضرر کے تدارک کے لئے عورت کو قاضی کے یہاں درخواست دینے کا حق حاصل ہوگا۔ قاضی تحقیق حال کے بعد مناسب فیصلہ صادر کرے گا، خواہ افہام وتفہیم کر کے چھوڑ دے یا شوہر سے ضمانت ومچلکہ لے کر چھوڑ دے، یا میاں بیوی میں تفریق کر کے اس ضرر کا تدارک کرے۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:۱۹۹دفعہ۸۱۔وکذا فی فتاوی دار العلوم دیوبند:۱۰/۲۵۲).

کفایت المفتی میں ہے:

اگر شوہر کے مظالم نا قابل برداشت ہوں اور وہ طلاق بھی نہ دے اور عورت کی عصمت خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو عورت کسی مسلمان حاکم کی عدالت سے اپنا نکاح فسخ کرا سکتی ہے، اور بعد حصولِ فسخ وانقضائے عدت دوسرا نکاح کرسکتی ہے۔ (کفایت المفتی:۶/۱۵۲).

عورت شوہر کے ظلم وزیادتی کی وجہ سے گھر سے نکلی ہے، نافرمان اور ناشزہ نہیں ہے، اس لئے نفقہ کی مستحق ہوگی۔

ملاحظہ ہو در مختار میں ہے:

**لا نفقة لأحد عشر... وخارجة من بيته لغير حق وهي الناشزة. وفى الشامية: قوله "بغير حق" ذكر محترزه بقوله: بخلاف ما خرجت الخ، وكذا هو احتراز عما لو خرجت حتى يدفع لها المهر، ولها الخروج في مواضع مرت فى المهر.** (الدر المختار مع الشامي: ۳/۵۷۶

باب النفقة، ط: سعید).

البحر الرائق میں ہے:

**قولـه ( ولـو مـانعة نفسها للمهر) أي يجب عليه النفقة ولو كانت المرأة مانعة نفسها بحق كالمنع لقبض مهرها، والمراد منه المعجل إما نصاً أو عرفاً كما أسلفناه، لأنه منع بحق، فكان فوت الاحتباس لمعنى من قبله، فيجعل كلا فائت.** (البحر الرائق: ١٧٩/٤ باب النفقة۔وكذا في مجمع الانهر: ٤٨٩/١ ۔والفتاوى الهندية: ٥٤٥/١، باب في النفقة).

فتاویٰ رحیمیہ میں ہے:

زمانہ پرورش میں بچہ کا نفقہ باپ کے ذمہ ہے، اگر بچہ کا باپ مالدار ہے تو بچہ کی ماں زمانہ پرورش کا معاوضہ بھی طلب کرسکتی ہے۔ (فتاوی رحیمیہ: ۴۵۱/۸)۔ **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## شیعہ شوہر کے چھوڑ کر چلے جانے پر فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک سنی عورت نے ایک شیعہ مرد سے شادی کی ایک رات گزارنے کے بعد اس شیعہ مرد نے کہا بس میں تو گیا واپس نہیں آؤنگا، اب کیا کرنا چاہئے؟

**الجواب:** علمائے کرام کا فتویٰ یہ ہے کہ شیعہ اپنے عقائد کی روشنی میں مسلمان نہیں، کیونکہ وہ تحریف قرآن سب صحابہ، عقیدۂ امامت، وغیرہ کفریہ عقائد کے قائل ہیں، لہذا بصورتِ مسئولہ نکاح ہی منعقد نہیں ہوا، لیکن چونکہ صورتِ نکاح پائی گئی، اس وجہ سے جمعیت العلماء کے ذریعہ نکاح فسخ کرانا چاہئے، پھر عدت کے بعد لڑکی دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔

مسئلہ بالا کے دلائل ''فتاویٰ دارالعلوم زکریا جلد سوم کتاب النکاح'' کے تحت ص ۵۹۸ پر ملاحظہ فرمالیں۔ **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## شوہر کا مدتِ طویلہ تک خبر گیری نہ کرنے پر فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک عورت کی شادی ہوئے تقریباً چودہ سال گزر گئے، اور اولاد بھی ہیں، لیکن تقریباً ۹ سال ہو گئے، شوہر نے بیوی بچوں کی کوئی خبر نہیں لی، اور اخراجات کا بھی کوئی انتظام نہیں کیا، نیز اس نے گھر میں آنا بھی چھوڑ دیا اس صورت میں شریعتِ مطہرہ کی جانب سے کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب طویل عرصہ سے شوہر نے بیوی بچوں کی خبر گیری نہیں کی، اور نیز نان ونفقہ کا انتظام بھی نہیں کیا اور گھر میں آنا بھی چھوڑ دیا تو شرعاً بیوی کو حق ہے کہ وہ شرعی قاضی یا جمعیت العلماء کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کردے، قاضی یا جمعیت العلماء معاملہ کی تحقیق کے بعد شوہر کو نفقہ وغیرہ ادا کرنے پر مجبور کرے، ادا نہ کرنے کی صورت میں طلاق پر مجبور کرے، اور کوئی صورت قبول نہ کرے تو قاضی یا جمعیت العلماء نکاح فسخ کردے، عورت عدت گزار کر دوسری جگہ شادی کرسکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی شامی میں ہے:

**قال في غرر الأذكار: ثم اعلم أن مشايخنا استحسنوا أن ينصب القاضي الحنفي نائباً "من مذهبه التفريق" بينهما إذا كان الزوج حاضراً وأبى عن الطلاق، لأن دفع الحاجة الدائمة لايتيسر إلا بالاستدانة، إذ الظاهر أنها لاتجد من يقرضها وغنى الزوج مآلاً أمر متوهم، فالتفريق ضروري إذا طلبته،... والحاصل أن التفريق بالعجز عن النفقة جائز عند الشافعيؒ حال حضرة الزوج، وكذا حال غيبته مطلقاً... نعم يصح الثاني عند أحمد كما ذكره في كتب مذهبه وعليه يحمل ما في فتاوى قارئ الهداية حيث سأل عمن غاب زوجها، ولم يترك لها نفقة فأجاب: إذا قامت بينة على ذلك وطلبت فسخ النكاح من قاضٍ يراه ففسخ نفذ وهو قضاء على الغائب، وفي نفاذ القضاء على الغائب روايتان عندنا، فعلى القول بنفاذه يسوغ للحنفي أن يزوجها من الغير بعد العدة.** (فتاوى الشامي: ۳/ ۵۹۰، مطلب في فسخ النكاح، سعيد).

علامہ سعید بن صدیق فلاتی مالکی کا فتویٰ ملاحظہ فرمائیں:

**أما الجواب عن المتعنت الممتنع عن الإنفاق ففي مجموع الأمير ما نصه: إن منعها نفقة الحال فلها القيام، فإن لم يثبت عسره أنفق أو طلق، وإلا طلق عليه. قال محشّيه: قوله وإلا طلق أي طلق عليه الحاكم من غير تلوم إلى أن قال: وإن تطوع بالنفقة قريب أو أجنبي...قال ابن عبد الرحمن: لا مقال لها، لأن سبب الفراق هو عدم النقفة قد انتفى.**

(الحيلة الناجزة :ص ۱۱۵، ۱۱۹، ط:دارالاشاعت،دیوبند).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگر شوہر نفقہ پر قدرت کے باوجود زوجہ کا نفقہ ادا نہ کرتا ہو اور نہ عورت عزت وآبرو کی حفاظت کے ساتھ خود نفقہ کا انتظام کرسکتی ہو اور نہ کوئی دوسرا شخص اس کے نفقہ کا کفیل ہو، یا دقت و پریشانی سے نفقہ کا انتظام تو ہوسکتا ہو لیکن شوہر سے علیحدہ رہنے میں ابتلاء معصیت کا قوی اندیشہ ہو اور شوہر خلع یا طلاق پر بھی راضی نہ ہو تو ایسی سخت مجبوری کی حالت میں زوجہ قاضی کے یہاں تفریق کی درخواست دے سکتی ہے، قاضی شہادت وغیرہ کے ذریعہ معاملہ کی پوری تحقیق کرے، اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہو تو قاضی شوہر کو حکم کرے کہ بیوی کے حقوق ادا کرو یا طلاق دیدو ورنہ ہم خود تفریق کردیں گے، اگر شوہر کسی صورت پر عمل نہ کرے تو قاضی ان دونوں کے درمیان تفریق کردے، اور یہ تفریق طلاق رجعی قرار پائے گی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی، مسلم پرسنل لابورڈ:ص ۱۹۸، دفعہ ۷۹).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (الحیلۃ الناجزۃ:ص ۶۳ حکم زوجہ متعنت فی النفقہ۔ وکتاب الفسخ والتفریق، از مولانا عبدالصمد رحمانی، مکتبہ امارت شرعیہ:ص ۸۹۔ وکفایت المفتی: ۶/ ۱۱۷، فسخ وانفساخ). واللہ ﷻ اعلم۔

## دائم المرض کی زوجہ کے لیے فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک عورت نکاح کے بعد کچھ مدت خاوند کے ساتھ رہی، اس کے بعد خاوند کو سخت مرض کا عارضہ ہوگیا، جس کی وجہ سے بدن سے خون و پیپ جاری ہوجاتا ہے، خاوند نامرد تو نہیں لیکن قلتِ توانائی اور مرض کے باعث ہمبستر نہیں ہوسکتا، اگر ہوتا ہے تو زیادہ تکلیف ہوتی ہے، خاوند کی طرف سے اخراجات میں کوئی کمی نہیں

ہے، مگر عورت رہنا نہیں چاہتی اور اپنی خوشی سے نکاح فسخ کرنا چاہتی ہے تو نکاح فسخ ہوسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شوہر کے دائم المرض ہونے کی وجہ سے جوان بیوی کے حقوق ادا کرنے سے قاصر ہے، اور عورت صبر نہیں کرسکتی ہے اور معصیت میں مبتلا ہونے کا قوی اندیشہ ہو تو علماء نے اندیشۂ زنا و معصیت کے پیش نظر فسخ کرنے کی اجازت دی ہے، بنا بریں عورت اپنا مقدمہ قاضی یا جمعیت العلماء کے سامنے پیش کردے، وہ حضرات تحقیق حال کے بعد شوہر کو ایک قمری سال علاج ومعالجہ کی مہلت دیدیں، پھر بھی افاقہ نہ ہو اور بیوی دوبارہ مقدمہ دائر کرکے تفریق کا مطالبہ کرے تو قاضی یا جمعیت العلماء نکاح فسخ کرنے کی مجاز ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

شوہر کے وطی پر قادر نہ ہونے کی متعدد صورتیں ہوسکتی ہیں، مثلاً شوہر مقطوع الذکر ہے، یا آلہ تناسل اتنا چھوٹا ہے کہ اس کے باعث وہ صحبت پر قادر نہیں ہے، یا آلۂ تناسل موجود ہے لیکن کسی مرض کے باعث عورت سے جماع پر قادر نہیں ہے، تو ان تمام صورتوں میں عورت کو قاضی کے ذریعہ نکاح فسخ کرانے کا اختیار ہوگا، پہلی اور دوسری صورت میں قاضی فوراً نکاح فسخ کردے گا، اور تیسری صورت میں ایک قمری سال تک علاج کی مہلت دے گا، علاج کے بعد بھی جماع پر قادر نہ ہوسکا تو عورت کے مطالبہ پر فوراً قاضی نکاح فسخ کردے گا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ص ۱۹۳، دفعہ ۲۷۴)۔

نیز مذکور ہے:

اگر شوہر کسی موذی مرض میں نکاح کے بعد مبتلا ہوا تو عورت کی درخواست پر قاضی تحقیق حال اور ثبوت شرعی کے بعد شوہر کو ایک قمری سال علاج کی مہلت دیگا، اس کے بعد بھی اگر افاقہ نہ ہو اور بیوی پھر تفریق کا مطالبہ کرے تو قاضی تفریق کردیگا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ص ۱۹۴، دفعہ ۲۷۵)۔

مزید ملاحظہ ہو: (کتاب الفسخ والتفریق: ۱۰۶۔ وفتاوی دار العلوم دیوبند: ۱۰/ ۲۳۱، مدلل مکمل)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## جنگ میں مفقود الخبر کی بیوی کا حکم:

**سوال:** کسی ملک میں جنگ کی فضاء بننے کی وجہ سے بعض لوگ مفقود الخبر ہوگئے، یعنی چند سالوں سے

ان کا کوئی پتہ نہیں ہے، نہ ان کے مکان کی خبر ہے اور نہ حیات وممات کی کچھ خبر ہے، ایسے آدمیوں کو مفقود الخبر کے حکم میں شمار کیا جائے گا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بلاشبہ یہ لوگ مفقود الخبر کے حکم میں ہیں، اور مفقود کے بارے میں علمائے حنفیہ نے مذہبِ مالکیہ پر فتویٰ دیا ہے، اور مذہبِ مالکیہ کے مطابق چار سال کے بعد قاضی چند شرائط کے ساتھ اس پر موت کا حکم جاری کر دیگا، اور عورت کو نکاح ثانی کی اجازت دیدیگا۔

حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کہ جس وقت قاضی کو قرائن وحالات سے اس کا ظن غالب ہو جائے کہ یہ لوگ جو معرکہ جنگ میں مفقود الخبر ہو گئے ہیں زندہ نہیں ہیں، اس وقت ان پر موت کا حکم کر دیا جائیگا، اور ان کی بیویوں کو نکاح ثانی کی اجازت حکم قاضی کے بعد ہو جائے گی، (اس وقت جبکہ قاضی شرعی مفقود ہے تو اس کے قائم مقام جمعیت العلماء یا جماعۃ المسلمین تحقیق حال کے بعد موت کا حکم لگا کر نکاح ثانی کی اجازت دیدے گی)۔ (مستفاد از امداد المفتین: ص ۵۵٦، دارالاشاعت، کراچی)

مجموعہ قوانین اسلامی ہے:

(فائدہ) زوجۂ مفقود کے لئے چار سال کے مزید انتظار کا حکم اس صورت میں بالاتفاق ضروری ہے جب کہ عورت اتنی مدت صبر وتحمل اور عفت کے ساتھ گزار سکے، لیکن اگر یہ صورت ممکن نہ ہو یعنی عورت اندیشۂ ابتلاء ظاہر کرے، اور اس نے ایک عرصہ دراز تک مفقود کا انتظار کرنے کے بعد مجبور ہو کر اس حالت میں درخواست دی ہو جب کہ صبر سے عاجز ہو گئی، تو اس صورت میں اس کی بھی گنجائش ہے کہ مذہبِ مالکیہ کے موافق چار سال کی میعاد میں تخفیف کر دی جائے، کیونکہ جب عورت کے ابتلاء کا شدید اندیشہ ہو تو ان کے نزدیک کم از کم ایک سال صبر کے بعد تفریق جائز ہے... یہ تفریق طلاقِ رجعی ہوگی۔ اور اس صورت میں زوجۂ مفقود کو بجائے عدتِ وفات کے عدتِ طلاق گزارنی ہوگی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی ۱۹٦ بحوالہ الحیلۃ الناجزۃ ٦۹-۸۰)۔

تفصیلی دلائل ملاحظہ فرمائیں: (الحیلۃ الناجزۃ: ۹۸-۱۱۰۔ وکتاب الفسخ والتفریق: ٦۲-٧۴۔ وفتاوی دارالعلوم دیوبند: جلد دوم: ۵۵٦)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## شوہر کے اکثر غائب رہنے کی وجہ سے فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک عورت کا شوہر شادی کے ۵ ماہ بعد اچانک غائب ہوگیا نہ بیوی کو بتلایا اور نہ کسی دوسرے کو، کافی ایام کے بعد واپس آیا چند ایام کے بعد دوبارہ بغیر کسی اطلاع کے غائب ہوگیا، کچھ مدت کے بعد واپس آیا، غائب رہنے کی کوئی معقول وجہ بیان نہیں کرتا، غائب رہنا اس کی عادت بن چکی ہے، کسی جگہ ملازمت یا اور کوئی کاروبار وغیرہ بھی نہیں کرتا، بیوی کو جو کچھ مدد ملتی تھی اس میں سے شوہر کو دیا کرتی تھی، ایک مرتبہ بہت ساری رقم کاروبار کے بہانہ سے ضائع کردی، نیز بیوی کی اشیاء بھی چوری کر کے فروخت کردی، بیوی کو نہ رہائش کے لیے مکان دیا اور نہ اخراجات کا انتظام کیا، سمجھانے والوں کا یہ کہنا ہے کہ شوہر اپنی حالت درست نہیں کریگا، کیا ان حالات کے پیش نظر عورت کو فسخ نکاح کا اختیار ہوگا یا نہیں؟ شریعت کا اس بارے میں کیا فیصلہ ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت کا بیان حقیقتِ حال کے مطابق ہے تو عورت کو یہ حق حاصل ہے کہ جمعیت العلماء کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کردے، وہ حضرات معاملہ کی پوری تحقیق کرنے کے بعد اگر عورت کا دعویٰ صحیح ہے تو شوہر کو حقوق ادا کرنے پر مجبور کریں گے، اگر وہ تیار نہیں ہے تو طلاق دینے پر مجبور کریں گے، ظالم شوہر کوئی صورت قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہو تو جمعیت العلماء مزید ایک ماہ کی مہلت دینے کے بعد عورت کے مطالبہ پر دونوں کے درمیان تفریق کرنے کی مجاز ہوگی، تفریق کے بعد عورت عدت گزار کر دوسری جگہ رشتہ نکاح قائم کرسکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

وہ شخص جس کا زندہ ہونا معلوم ہو، لیکن اس کا پتہ معلوم نہ ہو، یا پتہ بھی معلوم ہو لیکن نہ بیوی کے پاس آتا ہو نہ اس کو بلاتا ہو اور نہ اس کا نفقہ ادا کرتا ہو، جس سے عورت سخت تنگی اور پریشانی میں مبتلا ہو، ایسی صورت میں عورت ظالم شوہر سے نجات کے لیے قاضی کے یہاں تفریق کی درخواست دے سکتی ہے، درخواست کی وصولی کے بعد:

(الف) بیوی کو قاضی حکم کریگا، کہ وہ دو گواہوں اور حلف کے ذریعہ غائب شوہر سے اپنا نکاح اور اس پر نفقہ کا وجوب ثابت کرے بایں طور کہ وہ مجھ کو نفقہ دے کر نہیں گیا ہے اور نہ اس نے نفقہ بھیجا ہے، نہ یہاں کوئی

انتظام کیا ہے نہ میں نے معاف کیا ہے۔

(باء) نکاح اور وجوب نفقہ کے ثبوت کے بعد قاضی اس شخص کے پاس حکم بھیجے کہ یا تو خود حاضر ہو کر اپنی بیوی کے حقوق ادا کر دیا اس کو بلالو (بشرطیکہ عورت کے وہاں جانے میں کوئی خطرہ نہ ہو) یا وہیں سے انتظام کر دو ورنہ اس کو طلاق دیدو، اگر تم نے ان باتوں میں سے کوئی بات قبول نہ کی تو پھر ہم خود تم دونوں میں تفریق کر دیں گے۔

...اب اگر شوہر قاضی کے حکم کی تعمیل کرلے تو ٹھیک ہے ورنہ قاضی مزید ایک ماہ یا اپنی صوابدید پر اس سے کچھ زیادہ دن کی مہلت دینے کے بعد عورت کے مطالبہ پر تفریق کر دے، اور یہ تفریق طلاق رجعی قرار پائے گی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۹۷، دفعہ ۸۷، مسلم پرسنل لا بورڈ)۔

مفتی القاہاشم مالکی کا فتویٰ ملاحظہ فرمائیں:

**طريق تطليق زوجة المفقود أو الغائب الذي تعذر الإرسال إليه أو أرسل إليه فتعاند إن كان لعدم النفقة فإن الزوجة تثبت بشاهدين أن فلاناً زوجها وغاب عنها ولم يترك لها نفقة ولا وكيلاً بها ولا أسقطتها عنه وتحلف على ذلك فيقول الحاكم فسخت نكاحه أو طلقتك منه أو يأمره بذلك ثم يحكم به وهذا بعد التلوم بنحو شهر أو باجتهاده عند المالكية.** (الحيلة الناجزة: ۱۱۰، دار الاشاعت، ديوبند).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (الحيلة الناجزة: ۱۹۲، امداديه۔ وكتاب الفسخ والتفريق: ۷۵۔۷۸)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## اجنبی عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات کی بنا پر فسخ کا حکم:

**سوال:** ایک عورت کا بیان ہے کہ اس کا شوہر اجنبی شادی شدہ عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات رکھتا ہے، اور اس کی وجہ سے گھر اور بچوں کی طرف بالکل توجہ نہیں دیتا، حتی کہ اپنے فارغ اوقات کا اکثر و بیشتر حصہ اس عورت کے پاس گزارتا ہے، نیز مار پٹائی، ذہنی دباؤ اور طعن و تشنیع وغیرہ کرتا ہے، اخراجات کی پوری رقم نہیں دیتا بلکہ اکثر میرے والد صاحب خرچہ پورا کرتے ہیں، نیز بچوں کا ڈاکٹری خرچہ بھی نہیں دیا، ان تمام وجوہات کی

بناپرعورت فسخ نکاح کا مطالبہ کرسکتی ہے یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت کا بیان صحیح ثابت ہوجائے تو عورت کوطلاق کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہوگا، اور طلاق نہ ملنے کی صورت میں جمعیت العلماء کے سامنے مقدمہ پیش کردے وہ حضرات تحقیق حال کے بعد اگر شوہر حقوق ادا نہیں کرتا اور ناجائز تعلقات سے بھی باز نہیں آتا تو نکاح فسخ کرنے کے مجاز ہوں گے۔

ملاحظہ فرمائیں مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگر شوہر زوجہ کو برا بھلا کہے، گالی دے جوعورت کے لئے انتہائی تحقیر اوراذیت کا باعث ہو، شدید زدوکوب کرے تو اس کوحق تفریق حاصل ہوگا۔

قرآن مجید میں ﴿ ولا تمسکوھن ضراراً لتعتدوا ، ومن یفعل ذلک فقد ظلم نفسه﴾. (سورة البقرة :٢٣١). وارد ہوا ہے، ظاہر ہے کہ ضرب شدید اور گالی گلوچ سے بڑھ کرضرررساں بات اور کیا ہوگی۔ (مجموعہ قوانین اسلامی،ص:١٩٩،دفعہ ١٨١).

نیز مذکور ہے:

اگر زوجین کے درمیان شدید نفرت پیدا ہوجائے کہ دونوں کا اللہ کے حدود کو قائم رکھتے ہوئے ازدواجی زندگی گزارنا ممکن نظر نہ آئے تو ایسی صورت میں:

(الف) قاضی حکمین مقرر کریگا، تاکہ اصلاح کی صورت نکل سکے۔

(ب) اگر تحکیم کے باوجود اصلاح حال یا باہمی رضامندی سے علیحدگی کی کوئی صورت نہیں نکل سکے تو قاضی بربنائے شقاق، زوجہ کے مطالبہ کی صورت میں تفریق کردیگا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی،ص:٢٠٠،دفعہ ١٨٢).

مزید دلائل مسئلہ ''شقاق کی وجہ سے فسخ تفریق'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ایک مولوی صاحب کے تفریق کرنے پر فسخ کا حکم:

**سوال:** ایک عورت کسی شخص کے نکاح میں تھی، دونوں میں نااتفاقی پیدا ہوگئی، آخرکار عورت اپنے میکے میں بیٹھ گئی شوہر کا مطالبہ تھا کہ شریعت کے مطابق بچے میرے حوالہ کردو تو میں طلاق دینے کے لیے تیار ہوں، مگر

عورت بچے شوہر کو دینا نہیں چاہتی، الغرض عورت نے شوہر کے علم کے بغیر ایک مولوی صاحب سے تفریق کرالی، اور دوسرے مرد سے نکاح کرلیا، اب (۱) نکاح فسخ ہوایا نہیں؟ (۲) فسخ نہیں ہوا تو دوسرے مرد سے پیدا ہونے والے بچے ثابت النسب ہے یا نہیں؟ (۳) دوسرے شوہر کے انتقال پر یہ عورت وارث ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ (۱) عورت کا نکاح فسخ نہیں ہوا اس لیے کہ فسخ نکاح کے لیے قاضی شرعی کا فیصلہ ضروری ہے اور قاضی شرعی نہ ہونے کی صورت میں جماعت المسلمین یا جمعیت العلماء یا حکمین کے ذریعہ نکاح فسخ کرایا جاسکتا ہے، اوران کے لیے بھی شرائط وضوابط ہیں، جن کی پابندی لازم ہے، لہٰذا صرف ایک عالم کے فسخ کرنے سے نکاح فسخ نہیں ہوتا، بنابریں دوسرا نکاح صحیح نہیں ہوا یہ عورت بدستور پہلے مرد کے نکاح میں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ''الحیلۃ الناجزۃ'' میں ہے:

عورت کی رہائی کی سب صورتوں میں یہ بات مشترک ہے کہ عورت یا اس کے اولیاء خود مختار نہیں بلکہ قضائے قاضی شرط ہے یعنی ضروری ہے کہ عورت اپنا مقدمہ قاضی کی عدالت میں دائر کرے اور قاضی باقاعدہ شرعی تحقیق کے بعد تفریق وغیرہ کا حکم کرے، اگر کسی جگہ قاضی شرعی موجود نہ ہو تو مسلمانوں کی جماعت کا حکم بھی قضائے قاضی کے قائم مقام ہوجائیگا، اوراس کی صورت یہ ہے کہ محلّہ یا بستی کے دیندار اور بااثر مسلمانوں کی ایک جماعت کے سامنے جن کا عدد کم ازکم تین ہو اپنا معاملہ پیش کیا جائے اور وہ جماعت واقعہ کی تحقیق کرکے شریعت کے موافق حکم کردے۔ (الحیلۃ الناجزۃ: ۲۴۸، امدادیہ۔ وچند اہم فقہی مسائل: ۶۰).

نوٹ: جماعت مسلمین وحکمین کے شرائط وضوابط مختصراً ذکر کیے گئے، مزید تفصیلی بحث آخر باب میں مذکور ہوگی۔

(۲) جب نکاح فسخ نہیں ہوا تو دوسرا نکاح فاسد ہے، لیکن دوسرے نکاح میں پیدا ہونے والے بچے ثابت النسب ہوں گے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی عالمگیری میں ہے:

**ویثبت نسب الولد المولود فی النکاح الفاسد وتعتبر مدۃ النسب من وقت الدخول**

**عـنـد محمدؒ وعليه الفتوىٰ قاله أبو الليثؒ كذا في التبيين.** (الفتاوى الهندية١/ ٣٣٠،باب في النكاح الفاسد).

(۳) شوہراول کے انتقال پرعورت مستحق میراث ہوگی، کیونکہ اس کی زوجیت میں ہے، ہاں دوسرے شوہر کےانتقال پر مستحق میراث نہ ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**قـولـه و يثبـت الـنسـب** (فـي الـنكـاح الفاسد) **أما الأرث فلا يثبت فيه.** (فتاوى الشامي: ٣/ ١٣٤، مطلب في النكاح الفاسد۔ط: سعيد).

ومثله في الطحطاوي على الدرالمختار:٢/ ٦٠،باب المهر، ط: كوئته). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مرتد ہونے سے فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک عورت اپنے شوہر سے بہت تنگ آچکی ہے شوہر طلاق نہیں دیتا، اس کوکسی نے حیلہ بتلایا کہ نعوذ باللہ تم مرتد ہوجاؤ تمہارا نکاح ٹوٹ جائیگا، اس کے بعد مسلمان بن جاؤ، چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا، کیا اس عورت کا نکاح ٹوٹ گیا یا نہیں؟ اور مسلمان ہونے کے بعد وہ اپنے سابقہ شوہر کے علاوہ دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** ہمارے اکابرؒ نے بڑی تفصیل سے اس مسئلہ کو اپنے فتاوی میں تحریر فرمایا ہے، امداد المفتین یعنی فتاوی دارالعلوم دیوبند قدیم میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے ص ۵۷۰ سے ۵۷۵ تک اس مسئلہ کی تفصیلات اور فقہائے کرام کی عبارات تحریر فرمائی ہے، فتح القدیر:۳/ ۲۹۷، نکاح اہل الشرک، والبحر الرائق: ۲/ ۲۳۰، وفتاوی ہندیہ، الباب العاشر فی نکاح الکفار:۲/ ۳۱۷، وشامی:۲/ ۴۰۳، سے عبارات نقل فرمائی ہیں، اس کے بعد تحریر فرمایا: عورت اگر مرتد ہوجائے اور مرد مسلمان ہوتو یہ نکاح اگر چہ فسخ ہوجائیگا، لیکن یہ عورت دوسرے شخص سے نکاح نہیں کرسکتی، بلکہ شرعاً وہ مجبور ہے کہ بعد تجدید اسلام اسی خاوند سے تجدید نکاح کرلے اور اس نکاح جدید میں مہر بھی بہت کم رکھا جائیگا، اور اس نکاح جدید میں عورت کی رضا وعدم رضا کا کوئی اعتبار نہیں بلکہ

بلا رضا بھی اس کا نکاح جدید بحکم قاضی صحیح ہو جائیگا، یہ مشائخ بخاری کا فتویٰ ہے اور یہی ظاہر الروایہ ہے جو عام متون وشروح میں منقول ہے،...الخ۔

ایک دوسرے سوال کے جواب میں تحریر فرمایا کہ مذہب حنفیہ میں اس مسئلہ سے متعلق تین قول ہیں:

اول یہ کہ نکاح فسخ ہو جاتا ہے ،لیکن قاضی اس کو تجدید نکاح پر مجبور کریگا،اور اسی خاوند کو جبراً دلا ئیگا، یہ ظاہر الروایہ ہے جو عام متون میں مذکور ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ نکاح ہی فسخ نہیں ہوتا جیسا کہ بہت سے مشائخ بلخ و بخاری کا فتویٰ ہے،اور درمختار نے اس پر فتویٰ دینے کو جائز کہاہے، نیز نہر فائق سے شامی نے بھی اس پر فتویٰ دینا نقل کیا ہے اور فتاوی قنیہ میں بھی اس پر فتویٰ دیا گیا ہے۔

تیسرا قول نوادر کی روایت ہے کہ اس کو بجائے بیوی ہونے کے باندی بنا کر اس خاوند کے ساتھ رکھا جائیگا،صرح بہ فی الدر المختار وغیرہ یہ تینوں قول فتاوی قاضیخان، فتح القدیر،قنیہ، درمختار،شامی میں مفصل منقول ہیں،اور یہ تینوں اتنی بات پر متفق ہیں کہ عورت مرتد ہونے کے بعد اپنے سابقہ خاوند کے قبضہ سے ہرگز نہیں نکل سکتی بلکہ قول اول کی بنا پر اسے تجدید نکاح پر بعد تجدید اسلام مجبور کیا جائیگا،اور قول ثالث کی بنا پر کنیز بنا کر رکھا جائیگا

لیکن ہندوستان میں بحالتِ موجودہ ان دونوں صورتوں پر مسلمانوں کو قدرت نہیں اس لیے وہی دوسرا قول یعنی عدم فرقت جو مشائخ بخاریٰ کا مفتیٰ بہ ہے،اس پر فتویٰ دیا جائے اس لیے صورتِ مسئولہ میں عورت کا نکاح فسخ نہیں ہوا،البتہ احتیاطاً تجدید نکاح کے بغیر اس سے وطی نہ کرنی چاہئے ،لیکن اپنے قبضہ میں رکھنا بہرحال جائز ہے۔واللہ تعالیٰ اعلم۔(امداد المفتین:۲/۵۷۴)

لیکن غیر مسلم ممالک میں وہاں کی جمعیتوں اور علماء کی جماعتوں کو سنجیدگی سے اس مسئلہ پر غور کرنا چاہئے اور اگر واقعی عورت مصائب میں مبتلا ہے اور وہ ابتلا نکاح فسخ کرنے کا سبب بن سکتی ہو تو حتی الوسع جلدی شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں حیلہ ناجزہ وغیرہ کی تفصیلات کو سامنے رکھ کر نکاح فسخ کرنے کی تدبیر فرمالیں،تاکہ ارتداد کا دروازہ بند ہو جائے۔واللہ ﷻ اعلم۔

## غیر مسلم جج کے تفریق کرنے سے فسخ نکاح کا حکم:

**سوال:** امریکہ میں ایک عورت نے عدالت میں جا کر طلاق کا مقدمہ دائر کیا، اور عدالت کے ذریعہ طلاق کا فیصلہ چاہا، جس کے نتیجہ میں عدالت نے شوہر پر طلاق کا فیصلہ کر دیا تو کیا یہ طلاق کا فیصلہ نافذ ہوگا یا نہیں؟ جب کہ شوہر راضی نہیں ہے۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ طلاق وتفریق زوجین کی بابت غیر مسلم جج کا فیصلہ معتبر نہیں ہے، لہذا یہ عورت بدستور اس مرد کے نکاح میں ہے۔ اگر چہ حکومت کے رجسٹر میں نکاح ختم ہو گیا، لیکن اسلامی نکاح باقی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**الصلاحية للقضاء لها شرائط منها العقل ومنها البلوغ ومنها الإسلام ومنها الحرية ومنها البصر ومنها السلامة عن حد القذف.** (بدائع الصنائع:۷/۳، کتاب ادب القضاء، ط: سعید).

الحیلۃ الناجزۃ میں ہے:

جہاں قاضی شرعی نہیں ان میں وہ حکام جج مجسٹریٹ وغیرہ جو گورنمنٹ کی طرف سے اس قسم کے معاملات میں فیصلہ کا اختیار رکھتے ہیں، اگر وہ مسلمان ہوں اور شرعی قاعدہ کے موافق فیصلہ کریں تو ان کا حکم بھی قضائے قاضی کے قائم مقام ہو جاتا ہے، لیکن اگر کسی جگہ فیصلہ کنندہ حاکم غیر مسلم ہو تو اس کا فیصلہ بالکل غیر معتبر ہے، اس کے حکم سے فسخ وغیرہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ "**لان الكافر ليس باهل للقضاء على المسلم كما هو مصرح في جميع كتب الفقه**"۔ (الحیلۃ الناجزۃ:۲۳، مقدمہ، دارالاشاعت، دیوبند).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

غیر مسلم مجسٹریٹ (جج) کا فیصلہ شرعاً معتبر نہیں ہے۔ (فتاوی رحیمیہ:۸/۲۷۷).

کفایت المفتی میں ہے:

غیر مسلم حاکم کا فیصلہ کافی نہیں۔ (کفایت المفتی:۶/۱۳۲، دارالاشاعت).

ایضاح النوادر میں ہے:

غیر مسلم جج اگر طلاق وغیرہ کے متعلق فیصلہ دیتا ہے تو شرعی طور پر اس کا فیصلہ صحیح اور معتبر نہ ہوگا، اس فیصلہ کی وجہ سے مسئلہ طلاق میں بیوی کو آزادی حاصل نہ ہوگی، اس مسئلہ کو علامہ شامیؒ نے ان الفاظ میں نقل فرمایا ہے:

" لم ينفذ حكم الكافر على المسلم وينفذ للمسلم على الذمي". (ایضاح النوادر:۱۵۲). واللہ ﷻ اعلم۔

## غیر مسلم عدالتوں میں فسخ کی متبادل صورتیں:

**سوال:** غیر مسلم عدالتوں کا فیصلہ طلاق اور فسخ وتفریق میں از روئے شرع نافذ ہوتا ہے یا نہیں؟ جب کہ دور حاضر میں غیر مسلم ممالک میں مسلمانوں کی مستقل رہائش ہے، اور اس قسم کے معاملات بھی پیش آتے ہیں، نیز بعض ممالک میں تو اس قسم کے مسائل کے لیے کورٹ میں جانا ضروری ہوتا ہے، لہذا اگر نافذ نہیں ہے تو نافذ کرنے کی کوئی متبادل صورت نکل سکتی ہے یا نہیں؟ یا اس کے علاوہ دیگر صورتیں اختیار کرنے کا کوئی راستہ ہے یا نہیں؟

**الجواب:** غیر مسلم جج کے فیصلہ کی چند صورتیں ہیں، شرعی حکم کے ساتھ حسب ذیل درج ہیں:

(۱) شوہر کورٹ میں اپنی بیوی سے طلاق کے لیے مقدمہ دائر کرتا ہے، اور کورٹ کا غیر مسلم جج قانونی کاروائی کے بعد دونوں کے درمیان طلاق کا فیصلہ کر دیتا ہے۔

شرعی نقطۂ نظر سے اس فیصلہ میں طلاق واقع ہو جائیگی، کیونکہ اگر چہ شریعت نے طلاق کا مکمل اختیار مرد کو دیا ہے، لیکن مرد نے مقدمہ دائر کر کے کورٹ کے غیر مسلم جج کو اپنا وکیل بنالیا کہ وہ وکیل بن کر دونوں کے درمیان نکاح ختم کر دے۔

لہذا ''The said marriage will be dissolved''

اس صورت میں نکاح ٹوٹ جائے گا، اور شرعاً ایک طلاق بائن پڑ جائے گی، کیونکہ غیر مسلم کو وکیل بنا کر اس طرح کا کام کرانا درست ہے، اور ڈکری ''decree'' (یعنی حکم جاری کرنے) کی تاریخ سے عدت شمار ہوگی۔

(۲) بیوی ملکی قانون کے مطابق کورٹ میں مقدمہ دائر کرتی ہے، اور جدائی طلب کرتی ہے، اور غیر مسلم جج دونوں کے درمیان جدائی (طلاق) کا فیصلہ کر دیتا۔ اس صورت میں کورٹ کے فیصلہ اور جدائی کی تفصیل درج ذیل ہیں:

(۱) سرکاری کاروائی شروع ہوئی اور جج کی طرف سے شوہر کو اطلاع ملی اور شوہر نے جج کو مقدمہ کی کاروائی کی باقاعدہ اجازت دیدی تو اس صورت میں طلاق واقع ہوجائیگی۔

(۲) جب کاروائی شروع ہوئی اور جج کی طرف سے شوہر کو اطلاع ملنے پر وہ وکیل کے پاس گیا، وکیل نے مشورہ دیا کہ مقدمہ کے دفاع سے سوائے تاخیر اور خرچ کے کوئی اور فائدہ نہیں ہوگا، کورٹ سے جدائی کا فیصلہ ہوجائیگا لہذا شوہر کی رضامندی سے وکیل نے لکھدیا کہ دونوں کے درمیان جدائی کردی جائے یا شوہر نے خود طلاق نامہ پر رضامندی سے دستخط کردی، اس صورت میں بھی شرعی طلاق واقع ہوجائیگی۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:

" إذا قال الرجل طلق امرأتي كان توكيلاً ولم يقتصر على المجلس. (الفتاوى الهندية: ١/ ٤٠٢).

یعنی جب مرد نے کسی کو کہا میری عورت کو طلاق دیدو تو یہ طلاق دینے کے لیے وکیل ہوجائیگا۔

دوسری جگہ صفحہ ۴۰۷ پر لکھا ہے کہ:

"من قال لامرأته انطلقي إلى فلان حتى يطلقك، فذهبت فطلقها فلان ويصير فلان وكيلاً بالتطليق وإن لم يعلم بوكالته".

یعنی کسی نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم میرے ساتھ فلاں کے پاس چلو کہ وہ تجھے طلاق دے، پس وہ گئی اس فلانے نے (جج نے) اس کو طلاق دیدی تو طلاق صحیح ہوجائے گی، اور وہ فلانہ آدمی (یعنی جج) طلاق دینے کے لیے وکیل قرار دیا جائے گا اگر چہ اس کو وکیل بنایا جانے کا علم نہ ہو۔

(۳) عورت نے مقدمہ دائر کیا جج نے شوہر کو اطلاع بھیجی مرد نے مقدمہ کا دفاع کیا اور طلاق پر رضامندی ظاہر نہ کی بلکہ مخالفت کی، اس کے باوجود قانون کی وجہ سے جج نے طلاق کا فیصلہ کر دیا۔

(۴) شوہر نے اپنی غلطیوں کا اقرار کیا اور آئندہ حقوق زوجیت ادا کرنے کا پورا یقین دلایا لیکن اس کے

باوجود جج نے طلاق کا فیصلہ کر دیا۔

(۵) مرد نے کوئی کاروائی شروع نہیں کی، اور طلاق پر رضامندی ثابت ہوا ایسا بھی کوئی کام نہیں کیا، اس کے باوجود جج نے طلاق کا حکم دیدیا۔

(۶) مرد نے مقدمہ کا دفاع کرنے سے انکار کر دیا لیکن طلاق دینے پر صراحۃً انکار کر دیا، اس کے باوجود جج نے طلاق کا فیصلہ کر دیا۔

ان چاروں (۳،۴،۵،۶) صورتوں میں حکومت کے قانون کے اعتبار سے دونوں نکاح سے الگ شمار ہوں گے، لیکن اسلامی فقہ کے اعتبار سے دونوں کا نکاح بدستور باقی رہے گا، اور عورت ان حالات میں دوسرے مرد سے نکاح نہیں کرسکتی۔ البتہ عورت کو حق ہے کہ شرعی پنچایت سے رجوع کرے، اور شرعی پنچایت باقاعدہ تحقیق حال کے بعد اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہو جائے تو تفریق کرنے کی مجاز ہوگی۔

(مستفاد از فتویٰ مفتی اسماعیل کچھولوی صاحب، اسلامی قانون طلاق نکاح وطلاق)۔

## ''ہاں غیر مسلم جج کو وکیل بنادے پھر وہ طلاق کا فیصلہ کر دے تو نافذ ہو جائے گا''۔

برطانوی نئے قانون ۲۰۰۴ء کے مطابق کورٹ جو سوالات خاوند کو روانہ کرتا ہے، اس میں مزید ایک سوال کا اضافہ ہے، جو حسب ذیل درج ہے:

''Do you consent to the decree being granted ?''(5)

ترجمہ: (۵) تمہاری طرف سے ڈکری نائس (طلاق) جاری (Issue) کرنے کی (کورٹ) کو اجازت ہے؟ اس کے جواب میں اگر خاوند ہاں (yes) لکھتا ہے، تو گویا خاوند نے کورٹ کے غیر مسلم جج کو اپنی طرف سے طلاق واقع کرنے کا وکیل بنایا، اور غیر مسلم جج خاوند کی طرف سے وکیل بن کر عورت پر طلاق واقع کرتا ہے، اس سے اسلامی اور شرعی طلاق بھی واقع ہو جاتی ہے، کیونکہ وکیل کا مسلمان ہونا ضروری نہیں ہے، غیر مسلم وکیل کے ذریعہ بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ (ملخص از اسلامی قانون نکاح وطلاق، بعنوان ''برطانیہ میں طلاق کا قانونی طریقہ کار'' ص ۱۴۰۔ ۱۴۳، از مولانا یعقوب قاسمی صاحب)۔

مختصر دلائل ملاحظہ فرمائیں مبسوط میں ہے:

**إذا وكلت الذمية مسلماً بخلعها من الذمي على خمر أو خنزير جاز، وكذلك النكاح ... ولو كان أحد الزوجين مسلماً والوكيل كافراً جاز الخلع ويبطل الجعل ... لأن الوكيل سفير و معبر لايتعلق به شيء من حقوق العقد هنا.** (المبسوط للامام السرخسیؒ: ۱۳۲/۱۹، باب توكيل الزوج بالطلاق والخلع، ط: ادارة القرآن۔ وكذا فی الفتاوی الهندية: ۶۱۳/۶).

ہدایہ میں ہے:

**إن الوكيل في النكاح معبر وسفير والتمانع في الحقوق دون التعبير ولا ترجع الحقوق إليه بخلاف البيع لأنه مباشر حتى رجعت الحقوق إليه.** (الهداية: ۳۲۲/۲، فصل فی الوكالة بالنكاح۔ ومثله فی البحر الرائق: ۱۳۶/۳، فصل فی الوكالة، كوئٹه).

شامی میں ہے:

**الوكيل في النكاح وما بعده سفير محض فلا بد من إضافة هذه العقود المذكورة إلى المؤكل.** (فتاوی الشامی: ۸۱۷/۳، مطلب فی العقود التی لابدمن اضافتها الی المؤكل، سعید). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## وقوعِ طلاق کی دوسری صورت:

**سوال:** آج کل قاضی شرعی نہ ہونے کی وجہ سے جو مشکلات عورتوں کو پیش آرہی ہے محتاج بیان نہیں، کبھی مرد ظلم کرتا ہے اور بیوی کے حقوق ادا نہیں کرتا، نہ نان نفقہ دیتا ہے نہ طلاق، نیز نکاح کے قدیم وجدید ذہنیت کا ٹکراؤ عام ہو رہا ہے جس کے نتیجہ میں حصولِ طلاق کے واقعات بڑھ رہے ہیں، لہٰذا ان مسائل کو نمٹنے کے لیے بوقتِ نکاح مرد سے اقرار نامہ لکھوالیا جائے جس کی وجہ سے عورتوں کو بوقت ضرورت اپنے اوپر طلاق واقع کرنے کا اختیار حاصل ہو جائے۔ از روئے شرع اس کی اجازت ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس قسم کا اقرار نامہ لکھوانا جس میں طلاق کا اختیار عورت کے ہاتھ میں دیدیا گیا ہو اور بوقتِ ضرورت احتیاط کے ساتھ اس سے کام لینا جائز اور درست ہے۔

اقرارنامہ یا کابین نامہ جوعوام کے لیے آسان اورعورتوں کے لیے مفید ہوحسب ذیل درج کیا جاتا ہے:

(مستفاد از اسلامی قانون نکاح وطلاق، ازمولانا یعقوب قاسمی صاحب، ناشر جامعہ علوم القرآن جمبوسر۔ وکذا فی الحیلۃ الناجزۃ:۱۳۱، دارالاشاعت، دیوبند)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ﴿اختیار نامہ﴾

میں مسمی.................موضع.................ضلع.................صوبہ.................

ملک.................پتہ.................

میں پورے ہوش وحواس اور بغیر نشہ اور کسی قسم کے دباؤ اور زبردستی کے بغیر اپنی خوشی سے یہ مذکورہ اختیار نامہ لکھتا ہوں۔

میری بیوی مسماۃ.................کو نکاح کے بعد ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ میں اپنی جانب سے کوئی ایذاء رسانی کروں یا اس کے شرعی حقوق کو ادا نہ کروں یا ذہنی اعتبار سے کوئی تکلیف پہونچاؤں تو میں جناب.................کو میری طرف سے اختیار دیتا ہوں کہ میری بیوی مسماۃ.................کو میری جانب سے کسی قسم کی تکلیف پر مطلع ہوتے ہی وہ کسی مستند ماہر مفتی سے اس کے متعلق مشورہ کر کے ان کی رہنمائی میں وہ اسی وقت یا بعد میں کسی بھی وقت وہ میری مسماۃ کو طلاق بائن دے کر میرے نکاح سے الگ کر سکتا ہے۔

میں نے اختیار نامہ پڑھا، سمجھا اور منظور کرتے ہوئے دستخط کرتا ہوں۔

دستخط:.................

مذکورہ اختیار نامہ جناب.................نے ہماری موجودگی میں پڑھا اور رضامندی سے قبول کیا اس بات پر ہم گواہ ہیں۔

(۱) گواہ:۔ .................

(۲) گواہ:۔ .................

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## «اقرار نامہ»

میں مسمیٰ.............................موضع..................ضلع..................صوبہ.....................

ملک................................پتہ................................................

میرا نکاح مسماۃ...........................پتہ...............................................

کے ساتھ بعوض مہر۔نقد/سونا.........................تاریخ........................بمقام...................

طے ہوا۔ بیوی کی رخصتی ساؤتھ افریقہ/ برطانیہ ہی میں ہوگی۔

ساؤتھ افریقہ/ برطانیہ جا کر میں اپنے خاوند کے ساؤتھ افریقہ/ برطانیہ میں داخلہ ویزا اور مستقل ویزا کے لیے مخلصانہ طور پر قانونی کاروائی کرنے کی کوشش کروں گی، تا کہ ہمارا گھر جلد آباد ہو۔

سعی وکوشش کے باوجود میرا (خاوند) ویزا نہ ہو سکے یا کسی وجہ سے ہم دونوں میاں بیوی کے درمیان ایسا اختلاف ہو جائے کہ ساتھ رہنا دشوار ہو کر نکاح کا مقصد فوت ہو جائے، ایسے حالات پیدا ہونے پر میں اپنی بیوی مسماۃ.....................اور اس کے والدین کے اطمینان کے لیے اپنے پورے ہوش وحواس اور بغیر نشہ اور کسی قسم کے دباؤ اور زبردستی کے بغیر اپنی پوری رضامندی وخوشی سے مندرجہ ذیل اقرار نامہ گواہوں کی موجودگی میں لکھ دیتا ہوں کہ مجھے.....................ویزا نہ ملنے یا ہمارے درمیان اختلاف کی وجہ سے نکاح کا مقصد فوت ہو جائے اور میری بیوی مسماۃ.....................کے والد مخلصانہ طور پر یہ محسوس کریں کہ اصلاح کی قرآنی تدابیر کے باوجود ہمارے درمیان رشتہ کے نباہ کی کوئی صورت باوجود ہر طرح کی سعی وکوشش کے ممکن نہیں اور علاحدگی کے سوا کوئی چارہ نہ ہو اور بیوی طلاق کا مطالبہ کرے تو میری طرف سے میرے خسر مسمیٰ.....................

میری بیوی مسماۃ.....................پر ایک طلاقِ بائن واقع کر کے میرے نکاح سے الگ کر دے۔

دستخط:۔ .....................

(۱) گواہ:۔ .....................

(۲) گواہ:۔ .....................

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# AGREEMENT

I, .................... reside in : Province: ..............................................,City ............................................... ,Town: ................................................... . My nikaah was performed with ........................, daughter of .................................................... with .............................. as my Mahr, in the presence of a number of people. It was agreed that ................................................ would come to stay with me as my wife only after my reaching South Africa / U.K. Both the parties have started the procedure for my entry into South Africa / U.K., and I have trust in Allah that I will succeed. In case I fail to get an entry visa or leave to stay permanently in South Africa / U.K. , the said will be in a difficult situation. So for the satisfaction of .................... ................................ , I am signing the following agreement in my full senses willingly without any pressure or coercion.

The agreement is that, if I enter into Nikaah with ........................................... daughter of ................................................ and thereafter fail to obtain an entry visa or leave to stay permanently in South Africa / U.K. in two years time, and if ........ ................................, father of.................................., thinks it proper to exercise one Talaaq-e-Baain and free her from my Nikaah , he will have full right to do so. I accept this agreement, and after going through it and understanding it I put my signature here .................................. .

Mr. ................................................................ read the above agreement, willingly accepted and signed it, in our presence. We are witnesses thereof:

1............................................

2............................................

# فصل دوم

# فسخ وتفریق کے بنیادی اصول کا بیان

## فسخ وتفریق کا مفہوم اور عورت کو رشتہ نکاح ختم کرنے کا اختیار:

**سوال:** شریعتِ مطہرہ نے طلاق کا مکمل اختیار مرد کو دیا ہے، عورت از خود اپنے اوپر طلاق واقع کرنے کی مختار نہیں ہے، لیکن کوئی ایسی شکل ہے کہ جس میں عورت کو بھی رشتہ نکاح ختم کرنے کا کوئی اختیار ہو؟ اگر ہے تو اس کو تفصیل کے ساتھ بتلا کر اجر عظیم کے مستحق ہوں؟

**الجواب:** ازدواجی بندھن کے بعد کسی مرحلہ میں اگر زن وشو کی زندگی خوشگواری کی حد سے نکل کر نا قابل برداشت ہو جائے اور باہم مل جل کر رہنا اور زندگی گزارنا ناممکن ہو جائے تو شریعت مطہرہ نے جس طرح مرد کو حق دیا ہے کہ دینی حدود کے اندر رہتے ہوئے طلاق کے ذریعہ رشتہ نکاح کو ختم کر دے، اسی طرح عورت کو بھی حق حاصل ہے کہ بذریعہ خلع یا بذریعہ فسخ وتفریق ازدواجی تعلق کو ختم کر دے۔

لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی تنبیہ کی ہے کہ خواہ مخواہ معمولی رنجش پر تفریق کرا کر اس قانون سے غلط فائدہ نہ اٹھائے، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

"أيما امرأة اختلعت من زوجها من غير بأس لم ترح رائحة الجنة". (رواه الترمذي: ۱/۲۲٦، باب ماجاء في المختلعات).

نیز ارشاد فرمایا:

"**أيما امرأة سألت زوجها طلاقاً في غير ما بأس به فحرام عليها رائحة الجنة**". (رواه الترمذی: ۱/۲۲٦، باب ماجاء فی المختلعات).

ترجمہ: "جوعورت اپنے شوہر سے بے وجہ اور بے محل طلاق چاہے گی تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہوگی"۔

ہاں مجبوری اور نازک حالت میں جب کوئی دوسرا شرعی چارۂ کار نہ رہا ہو تو عورت کو فسخ وتفریق کے مطالبہ کا حق حاصل ہوگا۔

☆ تفریق رشتہ ازدواج کو ختم کرنے کا نام ہے۔

تفریق کی دو قسمیں ہیں:۔(۱) قضائے قاضی شرط ہے۔(۲) قضائے قاضی شرط نہیں ہے۔

(۱) تفریق کی وہ صورتیں جن میں قضائے قاضی شرط ہے، حسب ذیل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) نکاح کا غیر کفو میں ہونا۔

(۲) مہر میں غیر معمولی کمی یعنی غبن فاحش کے ساتھ نکاح ہونا۔

(۳) نابالغہ کا خیار بلوغ کو اختیار کرنا۔

(۴) شوہر کا حقوق زوجیت ادا نہ کرنا۔

(۵) شوہر کا وطی پر قادر نہ ہونا۔

(٦) شوہر کا جذام، برص، ایڈس یا اس جیسے کسی موذی مرض میں مبتلا ہونا۔

(۷) شوہر کا مجنون ہونا۔(۸) شوہر کا مفقود الخبر ہونا۔(۹) شوہر کا غائب غیر مفقود ہونا۔

(۱۰) شوہر کا استطاعت کے باوجود نفقہ نہ دینا۔(۱۱) شوہر کا نفقہ ادا کرنے سے عاجز ہونا۔

(۱۲) شوہر کا بیوی کو تکلیف دینا، سخت مار پٹائی کرنا۔(۱۳) زوجین میں شقاق کا پایا جانا۔

(۱۴) مرد کا اپنی حالت کے بارے میں عورت کو دھوکے میں ڈال کر نکاح کرنا۔

(۱۵) تفریق بسبب حرمت مصاہرت۔(اگر زوجین از خود متارکت اختیار کرلے، تو قضائے قاضی شرط نہیں ہے، ورنہ قضائے قاضی واجب ہے)۔

(۱۶) تفریق بسبب فساد نکاح ۔ (اگر زوجین از خود متارکت اختیار کرلے، تو قضائے قاضی شرط نہیں ہے، ورنہ قضائے قاضی واجب ہے)۔

(۲) تفریق کی وہ صورتیں جن میں قضائے قاضی شرط نہیں ہے، حسب ذیل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) ثبوت مصاہرت کے بعد شوہر کا متارکت اختیار کرلینا نکاح ختم کرنے کے لئے کافی ہے۔

(۲) نکاح فاسد میں زوجین میں سے کسی کا متارکت اختیار کرنا نکاح ختم کرنے کے لیے کافی ہے۔

(۳) فرقت بسبب ایلاء۔ (۴) فرقت بسبب ارتداد زوج۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں:

(مجموعہ قوانین اسلامی: ۱۸۷۔ ۲۰۸، قانون فسخ تفریق۔ وکتاب الفسخ والتفریق، از مولانا عبدالصمد رحمانی نائب امیر شریعت بہار۔ والحیلۃ الناجزۃ: جزو دوم، دارالاشاعت، دیوبند۔ وجدید فقہی مسائل: جلد سوم، کتب خانہ نعیمیہ۔ وطبی اخلاقیات، از قاضی مجاہد الاسلام، ادارۃ القرآن)۔

## شرائط قضاء اور جماعت مسلمین یا جمعیت العلماء کے احکام۔

فسخ وتفریق کی اکثر صورتوں میں قضائے قاضی شرط ہے، لیکن اگر قاضی شرعی موجود نہ ہوتو اس کے قائم مقام جمعیت العلماء یا جماعت المسلمین کا فیصلہ بھی کافی ہوجاتا ہے، لیکن کچھ شرائط وضوابط کی پابندی لازم ہے، نیز ہر کس وناکس قضا کی اہلیت نہیں رکھتا ہے اس کی بھی کچھ شرائط ہیں، حسب ذیل ملاحظہ فرمائیں:

### منصبِ قضاء سے متعلق وضاحت:۔

اللہ تعالی کے اتارے ہوئے قانون کے مطابق حق کے ساتھ لوگوں کے نزاعات میں فیصلہ دینا قضاء ہے۔

قاضی کے فیصلہ کے لیے ضروری ہے کہ اجماع کے خلاف نہ ہو۔

قاضی کا فیصلہ خبر نہیں بلکہ انشاءِ حکم کے درجہ میں ہوگا۔

### اہلیتِ قضاء کے لیے ضروری شرطیں:

(۱) عاقل ہونا، کسی مجنون اور مختل الحواس منصب قضاء کا اہل نہیں۔

(۲) بالغ ہونا، کسی نابالغ کی تقرری بھی درست نہیں ہے۔

(۳) مسلمان ہونا، غیر مسلم قاضی نہیں بنایا جا سکتا، اگر قاضی غیر مسلم ہو اور فیصلہ کرے تو نافذ نہیں ہوگا۔

(۴) آزاد ہونا۔

(۵) بینا ہونا۔ کسی نابینا کو قاضی نہیں بنایا جائے گا۔

(۶) بولنے والا ہو اخرس نہ ہو، سننے والا ہو بہرا نہ ہو۔

(۷) حد قذف میں سزا یافتہ نہ ہو۔

## قاضی کی کچھ صفات حسب ذیل درج ہیں:۔

☆ صاحب علم وفضل ہو حلال وحرام اور دیگر ضروری احکام پر اس کی نگاہ ہو۔

☆ کتاب وسنت اور طریقہ اجتہاد سے واقف ہونا چاہئے، تا کہ واقعات وحوادث میں اچھی طرح فیصلہ کر سکے۔

☆ عربی زبان، اس کی مختلف تعبیرات ومحاورات اور زبان وادب کا ضروری علم ہو۔

☆ جس ملک وعلاقہ میں ہو اس علاقہ کی زبان، معاشرت وعرف، محاورات اور لغت سے آشنا ہو۔

☆ مشورہ لینے میں علماء سے عار نہ کرے۔

☆ صفت عدل سے متصف ہو۔ اصطلاحِ فقہاء میں عادل وہ ہے جو گناہ کبیرہ سے اجتناب کرے، صغیرہ پر اصرار نہ کرے۔

☆ حسنات صغائر کے مقابلہ میں غالب ہوں۔

☆ محل تہمت سے بچنے والا ہو۔

☆ مزاج میں عجلت نہ ہو۔

☆ بداخلاق نہ ہو۔ ☆ کردار کا مضبوط، دانش مند، سمجھدار اور صالح ہو۔

(ملخص از اسلامی عدالت، از قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ۔ وایضاح النوادر از مفتی شبیر احمد قاسمی)۔

## جماعتِ مسلمین کی شرائط:

اس جماعت کو قاضی کے قائم مقام کرنے کے لیے چند شرائط ہیں، جس جماعت میں یہ شرطیں موجود نہ ہوں وہ شرعاً معتبر نہ ہوگی۔

(۱) کم از کم تین آدمیوں کی جماعت ہو ایک یا دو آدمی فیصلہ کریں تو وہ معتبر نہیں۔

(۲) اس جماعت کے سب ارکان کا عادل ہونا شرط ہے، اور عادل وہ شخص ہے جو تمام کبیرہ گناہوں سے بچتا ہو اور صغائر پر مصر نہ ہو اور اگر کبھی کوئی گناہ سرزد ہو جاتا ہو تو فوراً توبہ کر لیتا ہو، لہذا سودخوار اور رشوت لینے والا، ڈاڑھی منڈانے والا، جھوٹ بولنے والا، اور بے نمازی جماعت کا رکن نہیں بن سکتا۔ (اگر بدقسمتی سے کسی جگہ بااثر لوگ دیندار نہ ہوں تو یہ تدبیر کر لیجائے کہ وہ بااثر اشخاص چند دینداروں کو اختیار دیدیں تا کہ شرعاً فیصلہ کی نسبت دیندار جماعت کی طرف ہو اور ان بااثر اشخاص کو کوشش کا ثواب حاصل ہو جائے)۔

(۳) فیصلہ میں علماء کی شرکت لازم اور شرط ہے صرف عوام کی جماعت کا فیصلہ حکم قاضی کے قائم مقام نہیں ہوسکتا اس لیے اولاً تو یہ چاہئے کہ جماعت کے سب ارکان اہل علم ہوں اور اگر یہ میسر نہ ہو تو کم از کم ایک معاملہ فہم عالم کو ضرور جماعت کا رکن بنائیں اور دوسرے ارکان معاملہ کے تمام پہلوؤں کو ان عالم صاحب سے خوب سمجھ کر رائے قائم کریں، اور اگر کسی جگہ یہ بھی ممکن نہ ہو تو پھر یہ لازم ہے کہ جماعت کے ارکان معاملہ کی کاروائی مکمل کر کے علمائے محققین سے ہر ہر جزئی کا حکم دریافت کریں، اور جو ان کا فتویٰ ہو اس کے موافق فیصلہ کیا جاوے، اگر ایسا نہ کیا بلکہ عوام نے محض اپنی رائے سے فیصلہ کر دیا تو وہ حکم نافذ نہ ہوگا اور فیصلہ بالکل بے کار و غیر معتبر رہے گا، اگرچہ وہ فیصلہ شریعت کے موافق بھی ہو۔

(۴) چوتھی شرط یہ ہے کہ جماعت مسلمین کے سب ارکان متفقہ فیصلہ دیں اگر رائے مختلف رہے اور کثرت رائے کی بنا پر فیصلہ کرنا چاہیں تو وہ فیصلہ معتبر نہ ہوگا، پس اگر ارکان میں اختلاف رہے تو مقدمہ خارج کر دیا جائے۔

فائدہ: اگر اختلاف رائے کی وجہ سے کسی درخواست پر تفریق کا حکم نہ ہوسکا تھا تو وہ درخواست ہمیشہ کے لیے مسترد نہیں ہو جائیگی، بلکہ مستغیثہ کو اختیار ہوگا کہ معاملہ کی حالت بدل جاوے یا ضرورت کی شدت بڑھ جائے

تو دوبارہ درخواست پیش کرے، اوردوبارہ درخواست دینے پر اگرارکان کی رائے متفق ہوجائے تو تفریق کردی جاوے۔ ("الحیلة الناجزة" ص۱۳۵،صورتِ قضاء قاضی درہندوستان، دارالاشاعت، دیوبند۔وکذا فی اسلامی فقہ:۲/۲۶۱).

## حکمین کی شرائط:

مالکیہ کے نزدیک حکمین کوتفریق کا اختیار ہے، البتہ جمہور علماء کے نزدیک ان کو یہ حق نہیں ہے۔ فسخ وتفریق کے باب میں چونکہ حنفیہ نے مالکیہ کے قول پرفتویٰ دیا ہے، لہذا احناف کے نزدیک بھی حکمین تفریق کرسکتے ہیں، جس کی قدرے تفصیل حکمین کی شرائط کے ساتھ مسئلہ ''شقاق'' کے تحت گزرچکی ہے، وہاں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

مزید ایک عبارت ملاحظہ فرمالیں:

الفقہ الاسلامی وادلتہ میں ہے:

**والحكمان: حران مسلمان ذكران عدلان مكلفان فقيهان عالمان بالجمع والتفريق لأن التحكيم يفتقر إلى الرأي والنظر، ويجوز أن يكونا من غير أهلهما؛ والأولىٰ أن يكونا من أهلهما؛ لأن القرابة ليست شرطاً في الحكم ولا الوكالة. وينبغي لهما أن ينويا الإصلاح لقوله تعالىٰ: ﴿إن يريدا إصلاحاً يوفق الله بينهما﴾ وأن يلطفا القول، وأن ينصفا، ويرغبا ويخوفا، ولا يخصا بذلك أحد الزوجين دون الآخر، ليكون أقرب للتوفيق بينهما.**

**وينفذ عند المالكية تصرف الحكمين في أمر الزوجين بما رأياه من تطليق أو خلع، من غير إذن الزوج ولا موافقة الحاكم، بعد أن يعجز عن الإصلاح بينهما، وإذا حكما بالفراق فهي طلقة بائنة.** (الفقه الاسلامی وادلته:۷/۳۴۰-۳۴۱،دارالفکر). **واللہ ﷻ اعلم۔**

بسم الله الرحمٰن الرحيم

قال الله تعالىٰ:

﴿والمطلقٰت يتربصن بأنفسهن ثلٰثة قروء﴾

(سورة البقرة:الآية:۲۲۸)

وقال تعالىٰ:

﴿والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجاً
يتربصن بأنفسهن أربعة أشهر وعشراً﴾

(سورة البقرة:الآية:۲۳۴)

# باب......﴿۱۲﴾

# عدت کا بیان

وقال الله تعالىٰ:

﴿والٰئ يئسن من المحيض من نسائكم ان ارتبتم
فعدتهن ثلٰثة أشهر والٰئ لم يحضن،
وأولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن﴾

(سورة الطلاق:الآية:٤)

# فصل اول
# عدت گزارنے کے احکام

## شریعت مطہرہ میں عدت کا صحیح مفہوم:

آثارِ نکاح ختم ہو جانے کے لئے شریعت نے عورت کے واسطے جو مدت مقرر کی ہے اس کا نام عدت ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**فالعدة في عرف الشرع اسم لأجل ضرب لانقضاء ما بقي من آثار النكاح** . (بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع:۳/۱۹۰، سعید).

## وجوب عدت کے شرائط:

نکاحِ صحیح کی صورت میں اگر وطی یا خلوت سے پہلے علیحدگی ہوگئی تو عدت واجب نہیں ہے، لیکن اگر شوہر کا انتقال ہو جائے تو بہر حال عدت واجب ہے، مطلق خلوت سے عدت واجب ہو جاتی ہے، خواہ خلوتِ صحیحہ ہو یا فاسدہ۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**وسبب وجوبها عقد النكاح المتأكد بالتسليم وما جرى مجراه من موت أو خلوة أى صحيحة فلا عدة بخلوة الرتقاء وشرطها الفرقة .**

**وفي الشامي :قوله وما جرى مجراه ... وهذا خاص بالنكاح الصحيح أما الفاسد فلا**

**تجب فيه العدة إلا بالوطء . قوله أي صحيحة: فيه نظر فإن الذي تقدم في باب المهر أن المذهب وجوب العدة للخلوة صحيحة أو فاسدة.** (الدر المختار مع الشامی:۳/۵۰٤، باب العدة، ط: سعيد۔و كذا فی البحر الرائق: ٤/۱۲۸، ط: كوئٹه۔وفتح القدير: ٤/۳۳٤، باب العدة، دار الفكر).

**❁ مدتِ عدت:**

(الف) عدتِ وفات قمری چار مہینے دس دن ہیں، اور اگر زوجہ حاملہ ہو تو وضع حمل ہے۔

(باء) مطلقہ کی عدت اگر اسے حیض آتا ہو تو مکمل تین حیض ہے، اور اگر کم عمری یا زیادہ عمر کی وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو قمری تین مہینے ہیں، اگر مطلقہ حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل ہے۔

**❁ عدت کی ابتداء:**

تفریق، طلاق، خلع، متارکت یا موت کے بعد سے عدت شروع ہو جاتی ہے، خواہ عورت کو ان باتوں کا علم ہو یا نہ ہو۔

(الف) فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**عدة الحرة فی الوفات أربعة أشهر وعشرة أيام سواء كانت مدخولاً بها أو لا مسلمة أو كتابية تحت مسلم صغيرة أو كبيرة أو آئسة وزوجها حر أو عبد حاضت في هذه المدة أو لم تحض ولم يظهر حبلها كذا فی فتح القدير هذه العدة لا تجب إلا في نكاح صحيح كذا فی السراج الوهاج .** (الفتاوی الهندية: الباب الثالث عشر فی العدة: ۱/۵۲۹۔وكذا فی البحر ٤/۱۳۱، كوئٹه).

(باء) البحر الرائق میں ہے:

**قوله عدة الحرة للطلاق أو الفسخ ثلاثة أقراء أی حيض ... أطلق الطلاق فشمل البائن والرجعي ولم يقيد بالدخول بناء على أن الأصل فی النكاح الدخول ولا بد منه حقيقة أو حكماً حتى تجب على مطلقة بعد الخلوة ولو فاسدة... وشمل جميع أسبابه من الفسخ ... قوله وثلاثة أشهر إن لم تحض أي عدة الحرة إن لم تكن من ذوات الحيض لصغر أو**

كبـر مـدة ثـلاثة أشهـر لـقـوله تعالى: ﴿ واللآئي يئسن من المحيض من نسائكم إن ارتبتم فـعـدتهن ثلاثة أشهر ﴾ في حق الآيسة، وقوله تعالى: ﴿واللآئي لم يحضن﴾ في حق الصغيرة ومـن بـلـغـت بـالسن ولم تحض، وشمل قوله إن لم تحض أيضاً البالغة إذا لم تر دماً أو رأت وانقطع قبل التمام . (البحر الرائق مع كنز الدقائق: ٤/ ١٢٨ - ١٣٠، باب العدة، كوئٹه).

وأيـضـاً فيـه : وعدة الحامل وضع الحمل لقوله تعالى: ﴿ وأولات الأحمال أجلهن أن يـضـعـن حـمـلهـن﴾ أطـلـقهـا فشمل الحرة والأمة المسلمة والكتابية مطلقة أو متاركة فى النكاح الفاسد أو وطء بشبهة والمتوفى عنها زوجها لإطلاق الآية. (البحرالرائق: ٤/ ١٣٣)

بدائع الصنائع میں ہے:

وقـت وجـوب الـعـدة أنها تجب من وقت وجود سبب الوجوب من الطلاق والوفاة وغيـر ذلک حتـى لو بلغ المرأة طلاق زوجها أو موته فعليها العدة من يوم طلق أو مات عند عـامة الـعـلـماء وعامة الصحابة رضى الله عنهم. (بدائع الصنائع: ٣/ ١٩٠، ط: سعيد-وكذا فى الدر المختار ٣/ ٥٢٠، ط: سعيد)

✿ اگر عدت کا آغاز قمری مہینہ کی پہلی تاریخ سے نہیں ہو رہا ہے تو ہر مہینہ تیس دن کا شمار ہوگا۔ اس صورت میں عدت وفات کے کل ایام ایک سو تیس ہوں گے، اور طلاق، تفریق، متارکت میں عدت کے کل ایام صغیرہ وآئسہ کے لیے نوے ہوں گے۔

ملاحظہ ہو بدائع الصنائع میں ہے:

إن سبـب وجـوب هذه العدة من الوفاة والطلاق ونحو ذلک إذا اتفق في غرة الشهر اعتبـرت الأشهـر بـالأهـلة وإن نقصت عن العدد في قول أصحابنا جميعاً لأن الله تعالىٰ أمر بـالـعـدة بالأشهر بقوله عز و جل : ﴿ فعدتهن ثلاثة أشهر﴾ وقوله عز وجل: ﴿أربعة أشهر و عشـراً ﴾ فـلـزم اعتبـار الأشهر والشهر قد يكون ثلاثين يوماً وقد يكون تسعة وعشرين يوماً بدليل ما روي عن النبي ﷺ أنـه قـال:" الشهر هكذا وهكذا وهكذا وأشار بأصابع يديه كلها

**ثـم قـال الشهـر هـكـذا وهكذا وهكذا وحبس إبهامه في المرة الثالثة" وإن كانت الفرقة في بـعض الشهر اختلفوا فيه قال أبو حنيفة: يعتبر بالأيام فتعتد من الطلا ق وأخواته تسعين يوماً ومـن الوفاة مائة وثلاثين يوماً.** (بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع:۳/۱۹۵۔ ط:سعید۔ وکذا في فتح القدير: ٤/٣٣٥، ط: دارالفكر). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نابالغ شوہر کی خلوت سے عدت کا حکم:

**سوال:** نابالغ اور نابالغہ کا نکاح ہوا خلوت بھی ہوئی پھر بلوغ کے بعد طلاق دیدی، کیا عدت واجب ہے یا نہیں؟ جبکہ بلوغ کے بعد کوئی خلوت نہیں ہوئی؟

**الجواب:** نکاح کے بعد زوجین کا ایسی خلوت میں ملاقات کرنا جہاں کسی اور کے جانے کا اندیشہ نہ ہو، لڑکی پر عدت کو واجب کردیتا ہے، اگرچہ یہ ملاقات بلوغ سے پہلے ہوئی ہو، لہذا بصورتِ مسئولہ عدت واجب ہے۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**لا فـرق بيـن أن يـكـون الـزوج أو الـزوجة أو كل منهما صغيراً، قال في البحر: وفي خـلـوة الصغير الذي لا يقدر على الجماع قولان، وجزم قاضيخان بعدم الصحة فكان هو الـمـعـتـمـد ولـذا قيـد فـي الـذخيرة بالمراهق، وتجب العدة بخلوته وإن كانت فاسدة؛ لأن تـصـريـحهم بوجوبها بالخلوة الفاسدة شامل لخلوة الصبي.** (فتاوى الشامي: ۳/۱۱٤، باب المهر، احكام الخلوة، ط:سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نامرد کی خلوت سے وجوبِ عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے شادی کی لیکن وہ نامرد ہونے کی وجہ سے صحبت پر قادر نہیں ہوسکتا ہے، اس نے

اپنی بیوی کو طلاق دیدی تو اس کی زوجہ پر عدت لازم ہے یا نہیں؟ جب کہ کچھ ایام ساتھ گزارے ہیں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب کچھ ایام ساتھ رہے ہیں یعنی خلوت ہو چکی ہے، لہذا عدت واجب ہے اگر چہ صحبت پر قادر نہیں تھا، خلوت چاہے صحیحہ ہو یا فاسدہ، عدت واجب ہو جاتی ہے۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**ولها كمال مهرها إن كان خلا بها فإن خلوة العنين صحيحة ويجب العدة وفي شرح العناية: قوله ويجب العدة لتوهم الشغل احتياطاً استحساناً.** (شرع العناية مع الهدايه على هامش فتح القدير ٤/ ٣٠٠، باب العنين، دار الفكر).

درمختار میں ہے:

**ولو كان الزوج مجبوباً أو عنيناً أو خصياً ... عن شرح الوهبانية أن العنة قد تكون لمرض أو ضعف خلقة أو كبر سن في ثبوت النسب ولو من المجموب وفي تأكد المهر المسمى ومهر المثل بلا تسمية والنفقة والسكنى والعدة وفى الشامي: قوله والعدة. وجوبها من أحكام الخلوة سواء كانت صحيحة أم لا ، أى إذا كانت في نكاح صحيح ، أما الفاسد فتجب فيه العدة بالوطء.** (الدرالمختار مع الشامي: باب المهر، احكام الخلوة ٣/ ١١٨، سعيد).

واللہ ﷻ اعلم۔

## حائضہ کے ساتھ ایک شب گزار کر طلاق دینے سے عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا اور رات ساتھ رہے لیکن بیوی حالت حیض میں تھی اس لئے ہم بستری نہ ہو سکی، بعد ازاں طلاق کی نوبت آئی اور شوہر نے مہر ادا کر دیا ہے، کیا عدت واجب ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت پر عدت واجب ہوگی، اگر چہ خلوتِ صحیحہ متحقق نہیں ہوئی لیکن خلوتِ

فاسدہ سے بھی عدت واجب ہو جاتی ہے۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

(قوله عدة الحرة للطلاق أو الفسخ ثلاثة أقراء ولم يقيد بالدخول بناء على أن الأصل في النكاح الدخول ولا بد منه حقيقةً أو حكماً حتى تجب على مطلقة بعد الخلوة ولو فاسدة. (البحر الرائق ٤/١٢٨، ط: كوئٹه).

ہدایہ میں ہے:

وإن كان أحدهما مريضاً أو كان صائماً في رمضان أو محرماً بحج فرض أو نفل أو بعمرة أو كانت حائضاً فليست الخلوة صحيحة ...إلى قوله وعليها العدة في جميع هذه المسائل احتياطاً واستحساناً لتوهم الشغل والعدة حق الشرع. (الهداية: ٢/٣٢٦،باب المهر).

مزید ملاحظہ ہو فتاوی شامی: ٣/١١٤، باب المهر ، احكام الخلوة ، ط:سعيد)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## عورت کے نا قابل جماع ہونے سے عدت کا حکم:

**سوال:** نکاح کے بعد معلوم ہوا کہ عورت کسی مرض یا کسی عارض کی وجہ سے نا قابل جماع ہے، اس پر طلاق کی نوبت آ گئی تو عدت واجب ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ میاں بیوی نکاح کے بعد خلوت میں یکجا جمع ہوئے پھر طلاق واقع ہوئی، لہٰذا عدت واجب ہوگئی، اگر چہ عورت نا قابل جماع تھی اس سے وجوبِ عدت کا حکم ساقط نہ ہوگا۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

والخلوة ... بلا مانع حسي كمرض لأحدهما يمنع الوطء ومن الحسي رتق ... التلاحم وقرن عظم وعفل غدة. وفى الشامى : قوله عظم فى البحر عن المغرب: القرن فى الفرج مانع يمنع من سلول الذكر فيه إما غدة غليظة أو لحم أو عظم وامرأة رتقاء بها ذلك ومقتضاه ترادف القرن والرتق . قوله عفل وغدة ، أي في خارج الفرج ، ففى القاموس: أنه

**شيء يخرج من قبل المرأة شبيه بالأدرة للرجال... وتجب العدة... وإن كانت فاسدة ؛ فأن تصريحهم بوجوبها بالخلوة الفاسدة.** ( الدرالمختار مع رد المحتار:۳/ ۱۱٤، باب المهر، أحكام الخلوة ).

والله ﷻ اعلم۔

## شوہر کے مرتد ہونے سے وجوبِ عدت کا حکم:

**سوال:** شوہر کے مرتد ہوجانے کی وجہ سے عورت خود بخود اس کے نکاح سے نکل جاتی ہے، لیکن دوسری جگہ شادی کرسکتی ہے یا عدت لازم ہے؟

**الجواب:** شوہر کے مرتد ہوجانے کی وجہ سے اس کی بیوی خود بخود اس شخص کے نکاح سے نکل گئی، مگر دوسرے مسلمان کے ساتھ شادی کرنے کے لئے اس پر بھی عدت لازم اورضروری ہے، بغیر عدت گزارے دوسری جگہ نکاح صحیح نہیں ہوگا، اورزمانہ عدت شوہر کے مرتد ہوتے ہی شروع ہوجائے گا۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وارتداد أحدهما فسخ عاجل ... وعليه نفقة العدة الخ. وفي الشامي:قوله وعليه نفقة العدة ، أي لو مدخولاً بها إذ غيرها لا عدة عليها ، وأفاد وجوب العدة سواء ارتد أو ارتدت بالحيض أو بالأشهر لو صغيرة أو آيسة أو بوضع الحمل كما في البحر.** (الدرالمختار مع الشامي: ۳/ ۱۹۳،۱۹٤ باب نكاح الكافر ، ط:سعيد).

**وفيه أيضا وهي في حق حرة ولو كتابية تحت مسلم تحيض لطلاق ولو رجعياً أو فسخ بجميع أسبابه ... ثلاث حيض كوامل . وفي الشامية: قوله بجميع أسباب مثل الانفساخ بخيار البلوغ والعتق وعدم الكفائة وملك أحد الزوجين الآخر والردة في بعض الصور .** ( الدر المختارمع ردالمحتار: ۳/ ۵۰٤،ط:سعيد).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگرشوہرمرتد ہوجائے تو نکاح خود بخود ختم ہوجائیگا۔ ( مجموعہ قوانین اسلامی،ص ۲۰۸).

فتاوی دار العلوم دیوبند میں ہے:

صورتِ مسئولہ (شوہر کے مرتد ہونے) میں ہندہ زید کے نکاح سے خارج ہوگئی اور عدت ہندہ پر لازم ہے بعد عدت وہ دوسرا نکاح کرسکتی ہے، اور زمانہ عدت وقت ارتداد شوہر سے شمار ہوگا۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند: ۱۰/۳۳۳، مدلل مکمل).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوی التاتارخانیۃ: ۵/۵۴۶، وکتاب الفتاوی: ۵/۱۸۹). واللہ ﷻ اعلم۔

## غلط فہمی میں صحبت کرنے سے وجوبِ عدت کا حکم:

**سوال:** کسی دوسرے کی بیوی کو اپنی بیوی سمجھ کر اس سے صحبت کر لی، پھر معلوم ہوا کہ اس کی بیوی نہ تھی تو اس عورت پر عدت لازم ہوگی یا نہیں؟ اسی طرح نکاح فاسد میں عدت کا کیا حکم ہے؟ نیز بچہ پیدا ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ وطی بالشبہ اور نکاح فاسد بعد الدخول دونوں صورتوں میں عدت لازم اور ضروری ہے، اور عدت مکمل تین حیض ہے، اور اگر کم عمری یا زیادہ عمر کی وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو عدت تین ماہ قمری ہے اور حاملہ ہونے کی صورت میں عدت وضع حمل ہے۔ اور یہ بچہ حرامی نہیں اس کا نسب ٹھیک ہے جس نے غلط فہی سے صحبت کی ہے اس کا بچہ ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی ہندیہ میں ہے:

**إذا دخل الرجل بالمرأة على وجه شبهة أو نكاح فاسد فعليه المهر وعليها العدة ثلاث حيض إن كانت حرة...فإن كانت لا تحيض من صغر أو كبر فعدة الحرة ثلاثة أشهر.**

(الفتاوى الهندية: ١/٥٢٧، وكذا في بدائع الصنائع: ٣/١٩٢، سعيد۔ و الدر المختار: ٣/٥٠١، سعيد).

واللہ ﷻ اعلم۔

## نابالغہ پر وجوبِ عدت کا حکم:

**سوال:** ایک بالغ شخص نے نابالغہ کے ساتھ نکاح کیا پھر خلوت کے بعد طلاق واقع ہوگئی تو عدت لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بالغ شوہر نے خلوت صحیحہ کے بعد نابالغہ کو طلاق دی ہے لہذا عدت لازم ہے اگر چہ صحبت نہ ہوئی ہو، وجوب عدت کے لئے خلوت کا پایا جانا کافی ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**قال في النهر: وتعريف البدائع شامل لعدة الصغيرة، بخلاف تعريف المصنف، وأكثر المشايخ لا يطلقون لفظ الوجوب عليها بل يقولون تعتد، والوجوب إنما هو على الولي بأن لا يزوجها حتى تنقضي العدة. قال شمس الأئمة: إنها مجرد مضي المدة، فثبوتها في حقها لا يؤدي إلى توجيه خطاب الشرع عليها، فإن قلت: كون مسماها المدة لا يستلزم انتفاء خطاب الولي أن لا يزوجها. قلت: إذا كان كذلك فالثابت فيها عدم صحة التزوج لا خطاب أحد بل وضع الشارع عدم صحة التزوج لو فعل، وهو ملخص من الفتح. والحاصل أن الصغير أهل لخطاب الوضع وهذا منه كما خوطب بضمان المتلفات.** (فتاوی الشامی: ۳/۵۰۲، باب العدة ـ وكذا في الفتاوى التاتارخانيه: ٤/٥٨، ادارة القرآن). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## معتدہ کے ساتھ وطی بالشبہ سے نئی عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق بائن یا تین طلاق دی تھی، پھر عدت کے اندر غلطی سے صحبت کر لی تو از سر نو عدت لازم ہے یا اسی کو پوری کرے؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ دوران عدت غلط فہمی میں صحبت کرنے سے از سرے نو عدت واجب ہوگی،

اور دونوں عدتوں میں تداخل ہوگا، یعنی پہلی عدت ختم ہونے کے بعد دوسری عدت کے بقیہ ایام گزار لے، دونوں مستقل علیحدہ گزارنا لازم نہیں ہے، لیکن نئی طلاق اور نفقہ کے حق میں پہلی عدت کا اعتبار ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**العدتان إذا وجبتا أنهما يتداخلان سواء كانتا من جنس واحد أو من جنسين وصورة الجنس الواحد المطلقة إذا تزوجت فى عدتها فوطئها الزوج ثم تتاركا حتى وجبت عليها عدة أخرى فإن العدتين يتداخلان عندنا وصورة الجنسين المختلفين المتوفى عنها زوجها إذا وطئت بشبهة تداخلت أيضا وتعتد بما رأته من الحيض فى الأشهر من عدة الوطء عندنا.** (بدائع الصنائع:۳/ ۱۹۰، باب العدة ،ط: سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**لو طلقها بتطليقة بائنة أو بتطليقتين بائنتين ثم وطئها فى العدة مع الإقرار بالحرمة كان عليها أن تستقبل العدة استقبالاً بكل وطأة وتتداخل مع الأولى إلا أن تنقضى الأول فإذا انقضت الأولى وبقيت الثانية والثالثة كان الثانية والثالثة عدة الوطء حتى لو طلقها في هذه الحالة لا يقع طلاق آخر فالأصل أن المعتدة بعدة الطلاق يلحقها الطلاق والمعتدة بعدة الوطء لا يلحقها الطلاق وأما المطلقة ثلاثا إذا جامعها زوجها فى العدة.. وادعى الشبهة بأن قال ظننت أنها تحل لي تستأنف العدة بكل وطء وتتداخل مع الأولى إلا أن تنقضى الأولى فإذا انقضت الأولى وبقيت الثانية والثالثة كان هذه عدة لوطء لا تستحق النفقة في هذه الحالة.** (الفتاوى الهندية:١/ ٥٣٣، باب العدة ـ وكذا فى الفتاوى التاتار خانية:٤/ ٦٣). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## رخصتی سے پہلے طلاق ہونے پر عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے شادی کی ابھی رخصتی نہیں ہوئی تھی کہ طلاق ہوگئی تو زوجہ پر عدت لازم ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر شادی کے بعد کسی قسم کی کوئی خلوت یعنی تنہائی میں ملاقات نہیں ہوئی تھی تو

عدت واجب نہیں ہے، لیکن اگر خلوت ہوئی تھی اگر چہ فاسدہ ہو، عدت واجب ہوگئی۔

**قال اللّٰہ تعالی: ﴿ثم طلقتموهن من قبل أن تمسوهن فما لكم عليهن من عدة﴾.** (سورة الاحزاب: الآية: ٤٩).

فتح القدیر میں ہے:

**أن الطلاق قبل الدخول لاتجب فيه العدة ، قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿إذا نكحتم المؤمنات ثم طلقتموهن من قبل أن تمسوهن فمالكم عليهن من عدة تعتدونها﴾.** (فتح القدير: ٤/٣٠٨، باب العدة، دارالفكر).

فتاوی قاضی خان میں ہے:

**وإن كان الفساد بعجزه عن الوطء حقيقة لا يجب عليها العدة وكذا لو طلقها قبل الخلوة:** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/٥٤٩).

البحر الرائق میں ہے:

**وأما سبب وجوبها فلكل نوع منها سبب فعدة الأقراء لوجوبها أسباب منها الفرقة فى النكاح الصحيح سواء كانت بطلاق أو بغير طلاق بعد وطء أو خلوة.** (البحر الرائق: ٤/١٢٨).

**وفى الدر المختار: وسبب وجوبها عقد النكاح المتأكد بالتسليم أى بالوطء وما جرى مجراه من موت أو خلوة أى صحيحة ، قال الشامي: فيه نظر ، فإن الذى تقدم فى باب المهر أن المذهب وجوب العدة للخلوة صحيحة أو فاسدة .** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٣/٥٠٤، باب العدة ، ط:سعيد).

معلوم ہوا کہ عدت واجب ہونے کا سبب خلوت یا صحبت ہے اگر خلوت یا صحبت کے بغیر طلاق ہوئی تو عدت واجب اور لازم نہیں ہوگی۔

فتاوی محمودیہ میں ہے:

اگر شوہر نے اس عورت سے نہ جماع کیا، نہ تنہائی کی ہے اور بغیر ان دونوں باتوں کے طلاق دی ہے تو اس عورت پر شرعاً عدت واجب نہیں، جب چاہے نکاح کر سکتی ہے۔ (فتاوی محمودیہ ۱۳/۳۸۱، مبوب و مرتب)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## صغیرہ قابل جماع نہ ہوتو عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے صغیرہ سے شادی کی جو جماع کی متحمل نہیں ہے پھر چند ایام کے بعد طلاق واقع ہوگئی تو عدت واجب ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ ایسی صغیرہ جو قابل جماع اور متحمل جماع نہ ہو اور خلوت کے بعد طلاق مل گئی اس پر بھی عدت لازم ہے۔

ملاحظہ ہو:

**وفی الدر المختار: والخلوة ... كالوطء ... وفي تأكد المهر المسمى ... والنفقة والسكنى والعدة . و فى الشامية : قوله و العدة وجوبها من أحكام الخلوة سواء كانت صحيحة أم لا أي إذا كانت في نكاح صحيح .** (الدرالمختار مع الشامی: ۳/۱۱۸، باب المهر أحكام الخلوة).

**وفى البحر الرائق: والحاصل أن الصغيرة أهل لخطاب الوضع وهذا منه كما خوطب الصغير والصغيرة بضمان المتلفات ولو حاضت الصغيرة فى الأشهر الثلاثة تستأنف العدة بالحيض.** (البحر الرائق: ٤/١٣١،ط:كوئٹه۔وكذا فی فتح القدير: ٤/٣١٢، ٣١٣، باب العدة ،ط: دار الفكر).

فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ہے:

سوال: اگر ہندہ نابالغہ شوہر کے ساتھ رہی ہو لیکن ہندہ قابل صحبت نہ ہو تو اس صورت میں عدت طلاق کی ہوگی یا نہیں؟

الجواب: خلوت ہو جانے سے عدت لازم ہو جاتی ہے اگر چہ صحبت نہ ہوئی. کذا صرح بہ فی الشامی.

(فتاوی دارالعلوم ۱۰/ ۳۲۷). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## غیر مسلمہ پر عدتِ وفات کا حکم:

**سوال:** کافرہ نصرانی عورت کی شادی کسی کافر کے ساتھ ہوئی تھی پھر کافر مرد کا انتقال ہوگیا، اب وہ عورت بغیر عدت گزارے کسی مسلمان مرد کے ساتھ شادی کرسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ غیر مسلمہ پر کافر شوہر کے مرنے کی وجہ سے عدت لازم نہیں ہے، اس کا نکاح کسی مسلمان مرد کے ساتھ فی الفور ہوسکتا ہے، ہاں نکاح کے بعد مسلمان شخص فوراً صحبت نہیں کریگا بلکہ ایک حیض آنے کے بعد صحبت کرسکتا ہے، لیکن اگر حاملہ ہے تو وضع حمل کی عدت گزارنا لازم ہے۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں:

**ذمية غير حامل طلقها ذمي أو مات عنها لم تعتد عند أبي حنيفة إذا اعتقدوا ذلك لأنا أمرنا بتركهم وما يعتقدون، ولو كانت الذمية حاملاً تعتد بوضعه اتفاقاً، وفي الشامية: قوله طلقها ذمي احترز به عن المسلم. قوله لم تعتد عند أبي حنيفة فلو تزوجها مسلم أو ذمي في فور طلاقها جاز كما في فتح القدير بحر. ..نعم ذكر في الخانية هناك الذمي إذا أبان امرأته الذمية فتزوجها مسلم أو ذمي من ساعته ذكر بعض المشايخ أنه يجوز نكاحها ولا يباح له وطؤها حتى يستبرئها بحيضة في قول أبي حنيفة.** (الدر المختار مع رد المحتار: ۵۲۶/۳، باب العدة، سعيد۔ وكذا في فتح القدير مع الهداية: ۳۳۳/٤، باب العدة، دار الفكر).

**وفي البدائع: وإن كانت (الكتابية) تحت ذمي فلا عدة عليها في الفرقة ولا في الموت في قول أبي حنيفة إذا كان كذلك في دينهم حتى لو تزوجت في الحال جاز... وذكر الكرخي في جامعه في الذمية تحت ذمي إذا مات عنها أو طلقها فتزوجت في الحال جاز إلا أن تكون حاملاً فلا يجوز نكاحها.** (بدائع ۱۹۱/۳، شرط وجوب العدة). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نومسلمہ پرعدتِ وفات کا حکم:

**سوال:** ایک کافرہ عورت کا نکاح کافر مرد سے ہوا تھا پھر اس کافر مرد کا انتقال ہوگیا اس کے بعد کافرہ عورت اسلام لے آئی، تو عدت لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر ایام عدت باقی ہیں تو عدت گزارنا لازم ہے، اس لئے کہ اسلام لانے کے بعد اسلامی احکام کی مکلّف ہوگئی اور عدت بھی اسلامی احکام میں سے ایک حکم ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی ہندیہ میں ہے:

**لو أسلمت الكافرة فى العدة لزمها الإحداد فيما بقي من العدة كذا فى الجوهرة النيرة.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٣٤).

بدائع الصنائع میں ہے:

**فإن أسلمت الكتابية فى العدة لزمها فيما بقي من العدة ما يلزم المسلمة بأن المانع من اللزوم هو الكفر وقد زال بالإسلام.** (بدائع الصنائع: ٣/٢٠٨، أحكام العدة، ط: سعيد).

فتاوی شامی میں ہے:

**قوله مسلمة شمل من أسلمت فى العدة، فتحد فيما بقي منها.** (فتاوى الشامي: ٣/٥٣٠، باب الحداد، ط: سعيد).

**و فيه أيضا : لأن المرأة إن كانت مسلمة فقد التزمت أحكام الإسلام ومن حكمه وجوب العدة.** (فتاوى الشامي: ٣/ ١٨٩، باب نكاح الكافر، ط: سعيد).

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند (۱۰/ ۳۰۸) پر یہ مرقوم ہے کہ نومسلمہ سے فوراً نکاح درست ہے۔ لیکن مذکورہ بالا دلائل کی روشنی میں یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## طلاقِ سنت میں عدت گزارنے کا طریقہ:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک طہر میں ایک طلاق دی، دوسرے طہر میں دوسری طلاق دی، پھر تیسرے طہر میں تیسری طلاق دی، اب عدت گزارنے کا کیا طریقہ ہوگا، یعنی تیسری طلاق کے بعد تین حیض گزارے گی یا صرف ایک حیض؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں دوطلاقوں کے بعد عدت کے دوحیض گزر چکے ہیں، لہٰذا تیسری طلاق کے بعد صرف ایک حیض گزارنا لازم ہے، ایک حیض گزرنے سے عدت ختم ہوجائے گی، تین طلاق کے بعد مستقل تین حیض گزارنا لازم نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ابن ماجہ شریف میں روایت مذکور ہے:

**عن عبد الله بن مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال فی طلاق السنة: يطلقها عند كل طهر تطليقة ، فإذا طهرت الثالثة طلقها وعليها بعد ذلک حيضة.** (رواه ابن ماجه: ۱/۱٤٥).

مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے:

**عن إبراهيم، قال: عليهاحيضة أخرى بعد آخر تطليقة .** (مصنف ابن ابی شيبة: ۹/۵۱۵، المجلس العلمی).

محقق ابن ہمامؒ فرماتے ہیں:

**إذا أوقع الثلاثة في ثلاثة أطهار فقد مضت من عدتها حيضان إن كانت حرة، فإذا حاضت حيضة انقضت .** (فتح القدير: ۳/٤٦٨، باب طلاق السنة، ط: دار الفكر۔ وكذا فی بدائع الصنائع: ۳/۸۹، طلاق السنة، ط: سعيد). واللہ ﷻ اعلم۔

## مطلقاً مہینوں سے تعیین عدت کا حکم:

**سوال:** پاکستان کے عائلی قوانین (Family Laws Ordinance) دفعہ ۷ طلاق وعدت

کے مسائل ضمن (۳) میں یہ قانون مقرر ہوا ہے کہ عورت طلاق دینے کے بعد نوے دن عدت گزارے، اس کے بعد کسی اور جگہ نکاح کرسکتی ہے، آپ شریعت کی روشنی میں بتلادیں کہ عدت تین حیض ہیں، یا تین طہر یا تین ماہ؟

**الجواب:** کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں ذوات الاقراء (ماہواری آتا ہو) عورتوں کی عدت مذہبِ احناف کے مطابق تین حیض ہیں، مطلقاً تین ماہ عدت گزارنا کافی نہیں ہے، مکمل تین حیض گزرنے کے بعد از روئے شرع عورت دوسری جگہ نکاح کرنے کی مجاز ہوگی۔

❁ قرآن وحدیث سے چند دلائل حسب ذیل درج ہیں:

(۱) قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿والمطلقٰت يتربصن بأنفسهن ثلٰثة قروء﴾. (سورة البقرة:الآية: ۲۲۸).

مفتی اعظم پاک وہند حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اور طلاق دی ہوئی عورتیں (جن میں اتنی صفتیں ہوں، خاوند نے ان سے صحبت یا خلوت صحیحہ کی ہو، ان کو حیض آتا ہو، آزاد ہوں، یعنی شرعی قاعدہ سے لونڈی نہ ہوں) اپنے آپ کو (نکاح سے) روکے رکھیں، تین حیض (ختم ہونے) تک (اور اس کو عدت کہتے ہیں)۔ (معارف القرآن:۱/۵۴۵، از حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ).

مذکورہ بالا آیتِ کریمہ میں لفظ ''قروء'' سے مراد حیض ہے، جس کے دلائل حسب ذیل درج ہیں:

(۱) سنن ابن ماجہ میں روایت ہے:

عن عروة بن الزبير أن فاطمة بنت أبي حبيش حدثته أنها أتت رسول الله صلى الله عليه وسلم، فشكت إليه الدم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنما ذلک عرق، فانظري إذا أتى قرءک فلا تصلي فإذا مر القرء فتطهري ...الخ. (رواه ابن ماجه:٤٥-وابوداود ١/٣٧-والبيهقي في سننه الكبرى: ١/٣٣٢-والنسائي في سننه الكبرى:٣/١٠٤).

یعنی ''جب حیض آجائے تو نماز چھوڑ دو'' اس حدیث میں قرء صراحۃً حیض کے معنی میں ہے۔

(۲) ابوداود شریف میں ہے:

عن عدي بن ثابت ...عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: المستحاضة تدع الصلاة

**أيام أقراء ها، ثم تغتسل وتتوضأ لكل صلاة ثم تصلي...** (رواه ابوداود:١/٣٧، ٤١، ٤٣۔وابن ماجه:٤٦۔والترمذي:١/٣٣۔والبيهقي في سننه الكبرى:١/٣٤٥، ٣٤٦).

یعنی مستحاضہ حیض کے ایام میں نماز چھوڑ دے گی، یہاں بھی اقراء حیض کے معنی میں ہے۔

(۳) طبرانی میں روایت ہے:

**عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إن للحائض دفعات، ولدم الحيض ريح ليس لغيره، فإذا ذهب قرء الحيض فلتغتسل إحداكن ثم لتغسل عنها الدم.** (رواه الطبراني في الكبير:١١/٢٠٨/١١٥١٤۔وذكره الهيثمي في المجمع:١/٢٨٠،في الحيض والاستحاضة،ط: دارالفكر).

(۴) سنن نسائی میں روایت ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها أن أم حبيبة رضي الله تعالىٰ عنها... استحيضت... قال: لتنظر قدر قرء ها التي كانت تحيض لها....** (سنن النسائي:١/٦٥۔ومسندالامام احمدبن حنبل:٦/١٢٨/٢٥٠١٦).

اس روایت میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو استحاضہ ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیض کے ایام کے بقدر انتظار کرے۔ اور لفظ حیض کی جگہ قرء کا لفظ استعمال فرمایا۔

علاوہ ازیں روایاتِ کثیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عدت حیض کے ساتھ ہے۔

❁ احادیث سے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) ترمذی شریف میں ہے:

**عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما، أن امرأة ثابت بن قيس اختلعت من زوجها على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فأمرها النبي صلى الله عليه وسلم أن تعتد بحيضة.**

(رواه الترمذي:١/٢٢٥۔وابوداود:١/٣٠٣۔والحاكم وصححه ووافقه الذهبي:٢/٢٥٧/٢٨٢٥، ٢٨٢٦).

(۲) ابن ماجہ شریف میں ہے:

**عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: طلاق**

**الأمة اثنتان، وعدتها حيضتان.** وفيه عطية وهو ضعيف۔(رواه ابن ماجه:۱/ ۱۵۰).

**وله شاهدمن حديث عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها،انظر:** ابوداود:۱/ ۲۹۸،سنة طلاق العبد۔ والترمذی:۱/ ۲۲٤، طلاق الامة تطليقتان۔ والسنن الكبرى للبيهقى:۷/ ۳٦۹۔والمستدرك على الحاكم وقال الحاكم:الحديث صحيح،ووافقه الذهبى:۲/ ۲٥٦/ ۲۸۲۲،ط:دارابن حزم).

(۳)سنن ابن ماجہ میں ہے:

**عن عبد اللّٰه رضى اللّٰه تعالىٰ عنه قال في طلاق السنة: يطلقها عند كل طهر تطليقة، فإذا طهرت الثالثة،طلقها، وعليها بعد ذلك حيضة.**(سنن ابن ماجه:۱/ ۱٤٥).

(۴) **عن عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها قالت: أمرت بريرة أن تعتد بثلاث حيض.** (سنن ابن ماجة:۱/ ۱۵۰۔مصنف عبدالرزاق:۷/ ۲۵۰).

(۵)سنن کبری میں ہے:

**عن ابن عمررضي اللّٰه تعالىٰ عنهما فى الأمة تكون تحت الحر: تبين بتطليقتين وتعتد حيضتين، وإذا كانت الحرة تحت العبد بانت بتطليقتين وتعتد ثلاث حيض.** (السنن الكبرى للبيهقى:۷/ ۳٦۹۔وسنن الدارقطنى:٤/ ۳۹).

(نوٹ:اس روایت میں طلاق کے بارے میں شوہریعنی عبدکااعتبارکیا گیا ہےشاید یہ ابن عمرؓ کا مسلک ہوگا)۔

(٦) **عن عطاء بن أبي رباح أن مارية اعتدت بثلاث حيض بعد النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يعني أم إبراهيم.**(السنن الكبرى :۷/ ٤٤۸).

(۷) **سئل عمرؓ عن رجل غاب عن امرأته، فبلغها أنه مات فتزوجت،ثم جاء الزوج الأول، فقال عمررضي اللّٰه تعالىٰ عنه: يخير الزوج الأول بين الصداق وامرأته ،فإن اختار الصداق تركها مع الزوج الآخر، وإن شاء اختار امرأته، وقال علي رضي اللّٰه تعالىٰ عنه: لها الصداق بما استحل الآخرمن فرجها، ويفرق بينه وبينها، ثم تعتد ثلاث حيض ثم ترد على الأول.** (مصنف ابن ابى شيبة:۹/ ۲۱۱،المجلس العلمى).

(۸)**عن معمرعن الزهري في امرأة بكرطلقت لم تكن حاضت، فاعتدت شهراً أوشهرين ثم**

**حاضت ، قال : تعتد ثلاث حيض** . (مصنف عبدالرزاق:٦/٣٤٣).

علاوہ ازیں مصنف ابن ابی شیبہ ومصنف عبدالرزاق اور شرح معانی الآثار میں متعدد روایات وآثار موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ عدت حیض کے ذریعہ گزارنی ہوگی۔

مفتی بغداد علامہ آلوسی روح المعانی میں فرماتے ہیں:

**وذهب ساداتنا الحنفية إلى أن المراد بالقرء الحيض ، وهو المروي عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما ، ومجاهد ، وقتادة ، والحسن ، وعكرمة ، وعمرو بن دينار ، وجم غفير** ...(روح المعانی:٢/١٣٢). واللہ ﷻ اعلم۔

## ممتدۃ الطہر کی عدت کا طریقہ:

**سوال:** اگر مطلقہ مرضعہ ممتدۃ الطہر ہو تو اس کی عدت گزارنے کا کیا طریقہ ہے؟ نیز جس عورت کو طویل مدت تک حیض نہ آئے تو عدت کس طریقہ پر گزارے، کیا حیض کا انتظار کرے یا مہینوں سے عدت گزارے گی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مرضعہ عورت بظاہر ممتدۃ الطہر نہیں ہوتی، بلکہ اکثر وبیشتر چند ماہ کے بعد ماہواری جاری ہوجاتی ہے، لہٰذا حیض کے ساتھ عدت گزارنا لازم ہے، ہاں اگر کوئی عورت واقعی ممتدۃ الطہر ہو کہ اس قدر انتظار کرنا عدت گزارنے کے لئے ناقابل برداشت ہے تو اجرائے حیض کے لئے علاج کرائے اگر ناکامی ہو اور گناہ میں مبتلا ہونے کا قوی اندیشہ ہو تو مالکی مفتی سے عدت بالاشہر ۹ ماہ یا ایک سال کی مدت کا فتویٰ حاصل کرے یا شرعی پنچایت سے فیصلہ کرائے اور اس کے مطابق عمل کرے۔

البحر الرائق میں ہے:

**عدة الحرة للطلاق أو الفسخ ثلاثة قروء وثلاثة أشهر إن لم تحض أى عدة الحرة إن لم تكن من ذوات الحيض لصغير أو كبير... وخرج بقوله إن لم تحض الشابة الممتد طهرها فلا تعتد بالأشهر ، وصورتها إذا رأت ثلاثة أيام وانقطع ومضى سنة أو أكثر ثم طلقت فعتدها بالحيض إلى أن تبلغ إلى حد الإياس وهو خمس وخمسون سنة فى المختار ، كذا**

**فی البزازية ومن الغريب ما فی البزازية: قال العلامة والفتوى في زماننا على قول مالكؒ في عدة الآيسة، و لو قضى قاضٍ بانقضاء عدة الممتدة طهرها بعد مضي تسعة أشهر نفذ كما في جامع الفصولين ونقل فی المجمع إن مالكاً يقول إن عدتها تنقضي بمضي حول وفي شرح المنظومة إن عدة الممتد طهرها تنقضي بتسعة أشهر كما فی الذخيرة معزيا إلى حيض منهاج الشريعة ونقل مثله عن ابن عمر ﷺ قال وهذه المسئلة يجب حفظها لأنها كثيرة الوقوع وذكر الزاهدي وقد كان بعض أصحابنا يفتون بقول مالكؒ في هذه المسئلة للضرورة خصوصاً الإمام والدي.** (البحر الرائق: ٤/١٣٠، باب العدة، کوئٹہ۔و فتاوی الشامی:٣/٥٠٩).

**وفی الفتاوی البزازية: بلغت فرأت يوماً دماً ثم انقطع ومضى حول ثم طلقت فعدتها بالأشهر وإن رأت ثلاثة أيام وانقطع ومضى سنة أو أكثر ثم طلقت فعدتها بالحيض إلى أن تبلغ حد الإياس وهو خمس وخمسون سنة فی المختار، وعند مالكؒ للآيسة تسعة أشهر بستة أشهر لاستبراء الرحم وثلاثة أشهر للعدة، قال العلامة والفتوى في زماننا على قول مالكؒ فی عدة الآيسة.** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ٤/٢٥٦، الثامن فی العدة).

فتاوی شامی میں ہے:

**قلت: ونظير هذه المسئلة عدة ممتدة الطهر الذي بلغت برؤية الدم ثلاثة أيام ثم امتد طهرها فإنها تبقى فی العدة إلى أن تحيض ثلاث حيض، وعند مالكؒ تنقضي عدتها بتسعة أشهر، وقد قال فی البزازية: الفتوى في زماننا على قول مالكؒ وقال الزاهدي: كان بعض أصحابنا يفتون به للضرورة.** (رد المحتار: ٤/٢٩٦، كتاب المفقود، سعيد).

کفایت المفتی میں ہے:

حنفیہ کے نزدیک ممتدۃ الطہر کی عدت حیض سے ہی پوری ہوگی تا آنکہ سن ایاس تک پہنچے لیکن امام مالکؒ کے نزدیک ایک روایت میں نو مہینے، دوسری روایت میں سال بھر تک حیض نہ آنے کی صورت میں انقضائے عدت کا حکم دے دیا جاتا ہے، تو اگر کوئی سخت ضرورت لاحق ہو اور نکاح ثانی نہ ہونے کی صورت میں قوی خطرہ

وقوع فی الحرام یا کسی ایسے مفسدہ کا ہو تو کسی مالکی سے فتویٰ لے کر اس پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ (کفایت المفتی:۶/۴۰۱).

احسن الفتاوی میں ہے:

جس عورت کو شروع ہی سے حیض بالکل نہ آیا ہو اس کی عمر تیس سال ہو جانے پر وہ آیسہ شمار ہو گی، اور اگر حیض آنے کے بعد بالکل بند ہو گیا یا بہت مدت کے بعد آتا ہو تو یہ پچپن سال کی عمر ہونے پر آیسہ ہو گی، دونوں قسم کی آیسہ کی عدت تین مہینے ہے، مگر صورتِ ثانیہ میں یہ شرط ہے کہ کم از کم چھ ماہ سے حیض بند ہو، یہ چھ ماہ کی مدت پچپن سال کی عمر پوری ہونے سے قبل گزر چکی ہو تو وہ بھی معتبر ہے، یعنی اس صورت میں پچپن سال پورے ہونے کے بعد تین ماہ گزرنے پر عدت پوری ہو جائے گی، دونوں قسم کے ایاس میں اگر عدت کے تین ماہ پورے ہونے سے قبل حیض جاری ہو گیا تو از سر نو عدت تین حیض پوری کرے، اگر سن ایاس سے قبل عدت کی نوبت آ جائے تو بذریعہ علاج حیض جاری کر کے تین حیض عدت پوری کرے، اگر کسی علاج سے بھی حیض جاری نہ ہو تو بوقت ضرورت کسی مالکی قاضی سے ایک سال کی عدت کا فیصلہ کرایا جائے اگر مالکی قاضی میسر نہ ہو اور ضرورتِ شدیدہ ہو تو بدونِ قضاء بھی ایک سال کی عدت کا فتویٰ دیا جا سکتا ہے۔ (احسن الفتاوی:۵/۴۳۵).

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (امداد الفتاوی:۲/۴۹۰۔ وفتاوی دارالعلوم دیوبند:۱۰/۳۰۷۔ وکفایت المفتی:۶/۴۱۷۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## رخصتی سے قبل شوہر کی وفات پر عدت کا حکم:

**سوال:** ایک لڑکی کا نکاح ہو گیا اب تک رخصتی نہیں ہوئی، اور نہ کوئی خلوت پیش آئی تھی کہ شوہر کا انتقال ہو گیا تو عورت پر عدت گزارنا لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ متوفی عنہا زوجہا پر ہر حال میں عدت لازم اور ضروری ہے، چاہے رخصتی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، نیز خلوت ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ چار ماہ دس دن عدت گزارنا ضروری ہے اور اگر حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع میں ہے:

وأما الـذي يـجب أصلاً بنفسه فهو عدة الوفاة وسبب وجوبها الوفاة، قال الله تعالى: ﴿ والـذيـن يتـوفـون مـنـكـم ويذرون أزواجاً يتربصن بأنفسهن أربعة أشهر وعشراً﴾. وإنها تـجـب لإظهـار الـحزن بفوت نعمة النكاح إذ النكاح كان نعمة عظيمة في حقها فإن الزوج كان سبب صيانتها وعفافها وايفائها بالنفقة والكسوة والمسكن فوجبت عليها العدة إظهاراً لـلحزن بفوت النعمة تعريفاً لقدرها وشرط وجوبها النكاح الصحيح فقط فتجب هذه العدة عـلـى الـمتـوفى عنها زوجها سواء كانت مدخولاً بها أو غير مدخولاً بها وسواء كانت ممن تـحـيـض أو ممن لا تحيض لعموم قوله عز وجل. (بدائع الصنائع: ۱۹۲/۳، سعيد، والفتاوى الهندية: ۵۲۹/۱ـ و الدر المختار مع الشامي: ۵۱۰/۳، باب العدة، سعيد). **والله ﷻ اعلم۔**

## مدتِ عدت ختم ہونے کے بعد وفات کی خبر ملنے پر عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کا انتقال ہوگیا لیکن بیوی کو اطلاع نہ مل سکی عرصہ دراز گزرجانے کے بعد خبر ملی تو اب عدت گزارنا لازم ہے یا نہیں؟ جبکہ چار ماہ دس دن پورے ہوچکے ہیں بلکہ اس سے زائد عرصہ گزرگیا۔ یا جس وقت اطلاع ملی اسوقت سے عدت شروع ہوگی۔ برائے مہربانی حکم شرعی سے مطلع فرماکر اجر عظیم کے مستحق ہوں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جس دن شوہر کی وفات ہوئی اسی دن سے عدت شروع ہوچکی تھی اور چاہ ماہ دس دن گزرتے ہی عدت ختم ہوگئی، اب عرصہ دراز کے بعد خبر واطلاع ملنے پر دوسری عدت کی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ عدت کا تعلق وفات سے ہے۔ خبر واطلاع سے نہیں ہے، لہذا بغیر اطلاع کے بھی عدت شروع ہوجاتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع میں ہے:

وتـنـقـضـى العدة بدون العلم به ... وعلى هذا يبنى وقت وجوب العدة أنها تجب من وقت وجود سبب الوجوب من الطلاق والوفاة وغير ذلک حتى لو بلغ المرأة طلاق زوجها أو موته فعليها العدة من يوم طلق أو مات عند عامة العلماء وعامة الصحابة رضى الله عنهم.

(بدائع الصنائع:۳/ ۱۹۰، احکام العدۃ، ط: سعید۔وکذا فی الهداية:۲/ ۴۲۵).

البحر الرائق میں ہے:

**ومبدأ العدة بعد الطلاق والموت يعني ابتداء عدة الطلاق من وقته وابتداء عدة الوفاة من وقتها سواء علمت بالطلاق والموت أو لم تعلم حتى لو لم تعلم ومضت العدة فقد انقضت.** (البحر الرائق:۴/ ۱۴۴، کوئٹہ). واللہ ﷻ اعلم۔

## عدتِ طلاق کے دوران عدتِ وفات کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے عورت کو طلاق دیدی، عورت عدت طلاق میں تھی کہ شوہر کا انتقال ہوگیا، تو اب عورت طلاق کی عدت ختم کرلے یا وفات کی شروع کرلے یا علیحدہ گزارے کس طرح عدت گزارے گی؟

**الجواب:** دورانِ عدتِ طلاق شوہر کے انتقال ہونے پر تین صورتیں ہیں، اور ہر ایک کا حکم علیحدہ ہے۔

(۱) اگر عورت حاملہ ہے، تو اس کی عدت وضع حمل ہی رہے گی، اور بچے کی پیدائش سے دونوں عدتیں ختم ہوجائیں گی اگرچہ پیدائش چند لمحوں میں ہوجائے۔

(۲) عورت حاملہ نہ ہو اور عدت طلاق رجعی کی ہو تو پہلی کالعدم ہوکر صرف عدت وفات گزارے گی۔

(۳) عدت طلاق بائن کی ہو تو ابعد الاجلین گزارے گی یعنی جو زیادہ لمبی ہو وہ اختیار کرے گی۔ ان میں سے ایک جلد پوری ہوجائے تو دوسری کے بقیہ ایام بھی گزارلے اس طرح دونوں پوری ہوں گی۔ (آپ کے مسائل:۵/ ۴۱۳).

فتح القدیر میں ہے:

**وإذا ورثت المطلقة في المرض فعدتها أبعد الأجلين أي الأبعد من أربعة أشهر وعشر وثلاث حيض، فلو تربصت حتى مضت أربعة أشهر وعشر ولم تحض لها ثلاث حيض بأن امتد طهرها لم تنقض عدتها حتى تمضي وأن مكثت سنين مالم تدخل سن الإياس فتعتد بالأشهر . ثم المراد بذلك الطلاق الطلاق البائن واحدة أو ثلاثاً أما إذا طلقها رجعياً فعدتها عدة الوفاة سواء طلقها في مرضه أو في صحته ودخلت في عدة الطلاق ثم**

**مات الزوج فإنها ينتقل عدتها إلى عدة الوفاة وترث.** (فتح القدير مع الهداية: ٤/٣١٥، دار الفكر۔ والبحر الرائق: ٤/١٣٦، کوئٹہ۔ وبدائع الصنائع: ٣/٢٠٠. فصل فی بیان انتقال العدة، سعید). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## حاملہ کے پیٹ میں بچہ مرجانے سے عدت کا حکم:

**سوال:** ایک عورت وضع حمل کی عدت گزار رہی تھی کہ اچانک بچہ پیٹ میں مرگیا تو اب عدت کیسے ختم کرے گی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دوا یا آپریشن کے ذریعہ رحم کی صفائی کرائی جائے اور حمل چار ماہ یا زیادہ مدت کا ہوتو عدت ختم ہوگئی، اور اگر حمل چار ماہ سے کم کا تھا تو تین حیض گزارنے پر عدت ختم ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

**وإذا أسقطت سقطاً استبان بعض خلقه انقضت به العدة لأنه ولد وإن لم يستبن بعض خلقه لم تنقض لأن الحمل اسم لنطفة متغيرة بدليل أن الساقط إذا كان علقة أو مضغة لم تنقض به العدة لأنها لم تتغير فلا يعرف كونها متغيرة بيقين إلا باستبانه بعض الخلق كذا فى المحيط.** (البحر الرائق: ٤/١٣٥، باب العدة، کوئٹہ).

**وفى الدر المختار: وفى حق الحامل مطلقاً ... وضع جميع حملها. وفى الشامي: قوله وضع حملها والمراد به الحمل الذي استبان بعض خلقه أو كله، فإن لم يستبن بعضه لم تنقض العدة لأن الحمل اسم لنطفة متغيرة فإذا كان مضغة أو علقة لم تتغير فلا يعرف كونها متغيرة بيقين إلا باستبان بعض الخلق بحر عن المحيط، وفيه عنه أيضاً أنه لا يستبين إلا في مائة وعشرين يوماً وفيه عن المجتبى أن المستبين بعض خلقه يعتبر فيه أربعة أشهر وتام الخلق ستة أشهر، وقدمنا فى الحيض استشكال صاحب البحر لهذا بأن المشاهد ظهور الخلق قبل أربعة أشهر، فالظاهر أن المراد نفخ الروح لأنه لايكون قبلها.** (الدر المختار مع الشامي: ٣/٥١١، سعيد۔ وفتاوى قاضيخان: ١/٥٤٩، باب العدة على هامش الهندية۔ وبدائع الصنائع: ٣/١٩٦، سعيد)

مزید ملاحظہ ہو: (احسن الفتاوی: ۵/۴۲۹)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## حمل خشک ہونے سے عدت کا حکم:

**سوال:** متوفی عنہا زوجہا حاملہ تھی کہ اچانک اس کا حمل خشک ہوگیا، تو اب عدت کس طرح گزارے گی؟

**الجواب:** متوفی عنہا زوجہا کا حمل یقینی طور پر متحقق ہے تو اس کی عدت وضع حمل ہے، لیکن اگر حمل متحقق نہیں ہے یا تھا مگر خشک ہوگیا تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں:

**قال الله تعالیٰ:** ﴿**وأولات الأحمال أجلهن أن يضعن حملهن**﴾. (سورة الطلاق: الآية: ٤).

اگر حمل متحقق نہیں تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہے:

**قال الله تعالیٰ:** ﴿**والذي يتوفون منكم ويذرون أزواجاً يتربصن بأنفسهن أربعة أشهر وعشراً**﴾. (سورة البقرة: الآية: ٢٣٤).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**عدة الحرة في الوفاة أربعة أشهر وعشرة أيام سواء كانت مدخولاً بها أو لا مسلمة أو كتابية تحت مسلم صغيرة أو كبيرة أو آيسة وزوجها حر أو عبد حاضت في هذه المدة أو لم تحض ولم يظهر حبلها كذا في فتح القدير.** (الفتاوی الهندية: ١/٥٢٩).

بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما عدة الحبل فمقدارها بقية مدة الحمل قلت أو كثرت حتى لو ولدت بعد وجوب العدة بيوم أو أقل أو أكثر انقضت العدة ... وشرط انقضاء هذه العدة أن يكون ما وضعت قد استبان خلقه أو بعض خلقه ... لأنه إذا استبان خلقه أو بعض خلقه فهو ولد فقد وجد وضع الحمل فتنقضي به العدة وإذا لم يستبن لم يعلم كونه ولداً بل يحتمل أن يكون**

**ویحتمل أن لا یکون فیقع الشک في وضع الحمل فلا تنقضی العدة بالشک.** (بدائع الصنائع: ۱۹٦/۳، سعید).

فتاوی دارالعلوم میں ہے:

جب کہ حمل پیٹ میں خشک ہوگیا، تو شریعت میں وہ حاملہ متصور نہ ہوگی، اور عدت اس کی چار ماہ دس ہوگی مثل غیر حاملہ کے...پس مراد حاملہ سے وہ ہے کہ حمل اس کا متحقق ہو، اور جب کہ خشک ہوگیا تو حاملہ ہونا اس کا متحقق نہ رہا۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند۱۰/۳۵۲، مدلل مکمل)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## اسقاطِ حمل سے عدت ختم ہونے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی عورت نے حمل ساقط کرادیا، تو اس کی عدت کا کیا حکم ہوگا، حمل ساقط کروانے سے عدت ختم ہوگئی یا تین حیض گزارنے لازم ہوں گے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر حمل پر چار ماہ گزر چکے تھے اور حمل ساقط کروایا تو عدت ختم ہوگئی، اب کسی نئی عدت کی ضرورت نہیں ہے، ہاں حمل اگر چار ماہ سے کم کا تھا تو تین حیض گزارنے سے عدت ختم ہوگی محض اسقاط سے عدت ختم نہیں ہوگی۔ لیکن چار ماہ کے بعد بلا کسی قوی عذرِ شرعی حمل ساقط کروانا ناجائز اور گناہ ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی شامی میں ہے:

**قوله وضع حملها والمراد به الحمل الذي استبان بعض خلقه أو كله، فإن لم يستبن بعضه لم تنقض العدة لأن الحمل اسم لنطفة متغيرة فإذا كان مضغة أو علقة لم تتغير فلا يعرف كونها متغيرة بيقين إلا باستبان بعض الخلق بحر عن المحيط، وفيه عنه أيضاً أنه لا يستبين إلا في مائة وعشرين يوماً وفيه عن المجتبى أن المستبين بعض خلقه يعتبر فيه أربعة أشهر وتام الخلق ستة أشهر، وقدمنا في الحيض استشكال صاحب البحر لهذا بأن المشاهد ظهور الخلق قبل أربعة أشهر، فالظاهر أن المراد نفخ الروح لأنه لا يكون قبلها.**

(الدرالمختارمع الشامي: ۵۱۱/۳، سعید۔ وبدائع الصنائع: ۱۹٦/۳، سعید۔ وكذا في (فتاوى قاضيخان على هامش

الهندية: ١/ ٥٤٩، باب العدة).

احسن الفتاوی میں ہے:

اگر حمل چار ماہ یا اس سے زائد مدت کا ہو تو اس کے اسقاط سے عدت ختم ہو جائے گی، ورنہ اس کے بعد تین حیض گزارنے سے عدت ختم ہوگی۔ حمل پر چار ماہ گزرنے کے بعد اس کا اسقاط جائز نہیں، اس سے قبل جواز میں اختلاف ہے راجح یہ ہے کہ بدونِ سخت مجبوری کے یہ بھی جائز نہیں، ولادت تک عدت میں کوئی ضرر نہیں۔ (احسن الفتاوی: ۵/۴۳۲، ۴۳۳۔ وفتاوی رحیمیہ: ۸/۴۰۴)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## دو سال کی جدائی کے بعد طلاق ہونے پر عدت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کے بیوی سے دو بچے ہیں، لیکن اختلاف کی وجہ سے دو سال سے شوہر سے الگ ہے، ملاپ نہیں ہوا اور اب طلاق دیدی بعض لوگ کہتے ہیں کہ چونکہ عدت کا مقصد رحم کے خالی ہونے کا یقین کرنا ہے اور وہ یقین پہلے سے موجود ہے، لہذا اب عورت پر عدت نہیں، شریعت کا کیا حکم ہے۔ اور عدت کی کیا حکمتیں ہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دو سال کی جدائیگی کے بعد طلاق ملنے پر عدتِ طلاق گزارنا لازم اور ضروری ہے، اس لیے کہ عدت کا مقصد رحم کے خالی ہونے کے ساتھ ساتھ پہلا نکاح ختم ہونے اور رشتہ منقطع ہونے پر ملال وافسوس اور حزن کا اظہار بھی مقصود ہے، گویا رشتہ نکاح کے احترام کی رعایت ہے، یہی وجہ ہے کہ عدت ان عورتوں پر بھی لازم قرار دی گئی ہے جو نابالغہ ہوں یا سن ایاس کو پہنچ چکی ہوں، حالانکہ بلوغ سے قبل اور سن ایاس کو پہنچنے کے بعد عورتیں حاملہ نہیں ہوسکتیں، اور نسب کے اختلاط کا کوئی شبہ نہیں، اس کے باوجود شریعتِ مطہرہ نے ان پر بھی عدت واجب قرار دی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

ثلاث حيض كوامل ... فالأولى لتعرف براءة الرحم، والثانية لحرمة النكاح. وفي الشامية: قوله فالأولى الخ بيان لحكمة كونها ثلاثاً مع أن مشروعية العدة لتعرف براءة

**الرحم أی خلوه عن الحمل وذلک یحصل بمرة فبین أن حکمة الثانیة لحرمة النکاح أی لإظهار حرمته** .(الدرالمختارمع فتاوی الشامی:۳/ ۵۰۵،باب العدة،ط: سعید).

ہدایہ میں ہے:

**لأن العدة وجبت للتعرف عن براء ة فی الفرقة الطاریة علی النکاح. وفي فتح القدیر: ثم کونها تجب للتعرف لاینفي أن تجب لغیره أیضاً، وقد أفاد المصنف فیما سیأتي أنها أیضاً تجب لقضاء حق النکاح بإظهار الأسف علیه، فقد یجتمعان کما في مواضع وجوب الأقراء وقد ینفرد الثاني کما في صور الأشهر** .(الهدایة مع فتح القدیر: ٤/ ٣٠٨،باب العدة ، ط: دارالفکر).

فتاوی دارالعلوم میں مذکور ہے کہ پانچ سال علیحدہ رہنے کے باوجود عدت واجب ہے،اگرشوہر نے اس سے وطی یا خلوت کی ہے۔ملاحظہ ہو:(فتاوی دارالعلوم دیوبند:۱۰/ ۳۲۰،مدلل مکمل).

مزید ملاحظہ ہو:(فتاوی رحیمیہ:۸/ ۴۱۳،شوہر سے دوبرس کی جدائیگی کے بعد عدت کا وجوب)۔واللہ ﷻ اعلم۔

## وجوبِ عدت کی حکمت:

تفصیل بالا سے یہ بات بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ عدت کی دوحکمتیں ہیں:

(۱)استبراءرحم یعنی بچہ دانی کے خالی اور فارغ ہونے کا یقین ہونا۔اس میں نسب کی حفاظت ہے۔

(۲)رشتۂ نکاح منقطع ہونے پرملال وحزن کا اظہار۔

ملاحظہ فرمائیں ''اسلامی قانون نکاح وطلاق'' میں مرقوم ہے:

عدت کی حکمت شوہر کی جدائی پررنج وغم کرنااوراس کی وفات پرسوگ منانا ہے،عدت میں دوسری حکمت استبراءرحم ہے،یعنی اس بات کااطمینان کرلینا ہے کہ اب اس عورت کے رحم میں شوہر کا مادہ (semen) بالکل نہیں رہا ہے،اب اگردوسری شادی کرے تواس کااندیشہ نہیں ہے کہ نسب میں اختلاط پیداہواوراشتباہ ہوجائے کہ نہ معلوم بچہ کس مرد کا ہے۔(اسلامی قانون نکاح وطلاق،ازمولانا یعقوب قاسمی صاحب،ص ۱۶۷).

مزید ملاحظہ ہو:(کتاب الفتاوی:۵/ ۱۴۰،ط:زمزم۔واسلامی فقہ:۲/ ۱۸۸،عدت کا مقصد).

**اشکال:** لیکن یہاں پر ایک اشکال ذہن میں آتا ہے کہ نعمتِ نکاح کے فوت ہونے پر عدت لازم ہوتی ہے، تو دخول اور خلوت سے پہلے طلاق ہونے پر بھی عدت لازم ہونی چاہئے، حالانکہ فقہاء کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ دخول اور خلوت سے پہلے طلاق ہونے پر عدت نہیں ہے، اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ دخول اور خلوت سے پہلے نعمتِ نکاح مؤکد نہیں ہوئی، یعنی عورت نے ابھی الفت ومحبت کا مزہ نہیں چکھا، لہٰذا نعمت تام ومکمل نہیں ہوئی، اس وجہ سے عدت بھی لازم نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں محقق ابن ہمامؒ فرماتے ہیں:

**وقد أفاد المصنف فيما سيأتي أنها أيضاً تجب لقضاء حق النكاح بإظهار الأسف عليه... بخلاف غير المتأكد وهو ما قبل الدخول لا يؤسف عليه إذ لا ألف ولا مودة فيه.**

(الهداية مع فتح القدير: ٤/ ٣٠٨، باب العدة، ط: دار الفكر). **والله ﷻ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:

”لایحل لامرأۃ تؤمن باللّٰہ والیوم الآخر أن تحد علی میت فوق ثلاثۃ أیام إلا علی زوجہا أربعۃ أشہر وعشراً“.

(متفق علیہ).

# فصل دوم

# سوگ منانے کا بیان

## دورانِ عدت سر دھونے، نہانے اور تیل لگانے کا حکم:

**سوال:** عدت کے دوران سر دھونا، نہانا، اور تیل لگانا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دورانِ عدت سر دھونا، نہانا اور تیل لگانا جائز اور درست ہے، لیکن بقصد زینت استعمال نہ کرے، عادت کے طور پر یا عذر کی وجہ سے یعنی اگر استعمال نہ کرنے کی صورت میں دردِ سر یا سخت تکلیف کا اندیشہ ہو تو درست ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

وعلى المبتوتة والمتوفى عنها زوجها إذا كانت بالغة مسلمة الحداد والحداد أن تترك الطيب والزينة والكحل والدهن المطيب وغير المطيب إلا من عذر وفي الجامع الصغير إلا من وجع ... والدهن لا يعرى عن نوع طيب وفيه زينة الشعر ولهذا يمنع المحرم

**عنه قال إلا من عذر لأن فيه ضرورة والمراد الدواء لا الزينة ولو اعتادت الدهن فخافت وجعاً فإن كان ذلک أمراً ظاهراً يباح لها لأن الغالب كالواقع.** (الهداية:۲/۴۲۷، فصل في الحداد).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**على المبتوتة والمتوفى عنها زوجها إذا كانت بالغة مسلمة الحداد في عدتها كذا في الكافي والحداد الاجتناب عن الطيب والدهن والكحل والحناء والخضاب... وإنما يلزمها الاجتناب في حالة الاختيار أما في حالة الاضطرار فلا بأس بها إن اشتكت رأسها أو عينها فصبت عليها أو اكتحلت لأجل المعالجة فلا بأس به ولكن لا تقصد به الزينة كذا في المحيط، لو اعتادت الدهن فخافت وجعاً يحل بها لو لم تفعل فلا بأس به إذا كانت الغالب هو الحلول كذا في الكافي.** (الفتاوى الهندية :۱/۵۳۳، باب في الحداد۔ وكذا في بدائع الصنائع :۳/۲۰۸، سعيد).

اسلامی فقہ میں ہے:

نہانے دھونے، بدن اور کپڑوں کو صاف ستھرا رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔(اسلامی فقہ:۲/۱۸۷).

واللہ ﷻ اعلم۔

## دوران عدت جائز امور کا بیان:

(۱) نہانا، سر دھونا، بدن اور کپڑوں کو صاف ستھرا رکھنا جائز اور درست ہے۔(آپ کے مسائل ۵/۴۱۰).

(۲) بوقت ضرورت سر میں تیل ڈالنا، سر میں کنگھی کرنا بھی جائز ہے، مثلا سر میں جوئیں پڑنے کا اندیشہ ہو۔(احسن الفتاوی ۵/۴۴۲).

(۳) گھر میں کسی مخصوص کمرہ میں بیٹھنا ضروری نہیں ہے، بلکہ گھر میں جہاں چاہے رہے، نیز گھر ہی کے اندر چلنا پھرنا بھی جائز ہے۔

(۴) گھریلو کام کاج وغیرہ کی بھی اجازت ہے اس میں کوئی ممانعت نہیں۔

(۵) بوقتِ ضرورت ہسپتال میں جا کر ڈاکٹر کو دکھانے کی بھی گنجائش ہے، حتی الامکان گھر بلا کر علاج

کرالے، نیز ہسپتال میں رہنے کی ضرورت ہوتو اس کی بھی اجازت ہے۔ (آپ کے مسائل: ۴۱۰/۵، واحسن الفتاویٰ: ۴۴۳/۵)

(۶) خاوند کے انتقال کے بعد کوئی معاش نہ ہو، اور اس کے پاس بھی کچھ موجود نہیں ہے جس سے اخراجات کا انتظام کر سکے تو پردے کے ساتھ محنت مزدوری اور ملازمت کے لئے جاسکتی ہے، لیکن رات گھر آکر گزارے اور دن میں بھی کام سے فارغ ہوکر فوراً گھر آجائے، بلاضرورت گھر سے باہر رہنا جائز نہیں ہے۔ (آپ کے مسائل: ۴۱۰/۵)۔

(۷) اگر عورت کو عدالت میں حاکم کے سامنے گواہی دینا ہو یا ضروری دستاویز پر دستخط کرنے ہوں، نیز عدالت میں حاضری سے اس کا اور اس کے بچوں کا مالی مفاد وابستہ ہو تو ایسی ضرورت کے لئے عورت عدات میں جاسکتی ہے، کام ختم ہوتے ہی گھر آجانا ضروری ہے۔ (آپ کے مسائل: ۴۱۰/۵)۔

(۸) پنشن وغیرہ کی وصولیابی کی دفتری کاروائی کے لئے بھی جانے کی اجازت ہے، جبکہ اس کا جانا ضروری ہو۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۳۶۴/۱۹، غیر مرتب)۔

(۹) عورت کو سودا وغیرہ ضروری چیزوں کی ضرورت ہو اور کوئی لانے والا نہ ہو تو اس صورت میں بقدرِ ضرورت گھر سے نکلنے کی اجازت ہے، اور ضرورت پوری ہوتے ہی گھر واپس آجائے۔ (عصر حاضر کے پیچیدہ مسائل: ۱۳۵/۲)۔

(۱۰) مکان کے منہدم ہونے کا خطرہ ہو یا مکان میں عورت کو اپنے اسباب ومتاع یا جان کے نقصان کا اندیشہ ہو یا رہائشی مکان کرایہ کا ہو اور عورت کرایہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو یا یہ مکان ترکہ بن کر تقسیم ہو رہا ہو اور عورت کے حصہ میں آنے والا رہائش کے لئے ناکافی یا عورت کو اس مکان میں سخت وحشت محسوس ہوتی ہو۔

ان مذکورہ بالا صورتوں میں عورت کو قریب تر دوسرے مکان میں منتقل ہونے کی اجازت ہے۔ عدت طلاق کی صورت میں شوہر کے پسند کردہ قریبی مکان میں چلی جائے گی اور عدت وفات میں اپنی پسند کے قریبی مکان میں منتقل ہوگی۔ (عصر حاضر کے پیچیدہ مسائل، جلد دوم، ۱۳۴۔ واحسن الفتاویٰ: ۴۴۰/۵)۔

(۱۱) عدت طلاق رجعی میں پان کھانا جائز ہے۔ (احسن الفتاویٰ: ۴۴۶/۵۔ وآپ کے مسائل: ۴۱۰/۵)۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## دورانِ عدت ناجائز امور کا بیان:

(۱) بطور زینت ریشمی یا عمدہ یا رنگا ہوا کپڑا پہننا۔

(۲) زمانۂ عدت میں زیورات کا استعمال کرنا۔

(۳) چوڑیاں پہننا۔

(۴) خوشبو، سینٹ، کریم، پاؤڈر وغیرہ استعمال کرنا۔

(۵) بقصد زینت سرمہ لگانا، اگر کسی تکلیف کی وجہ سے رات کے وقت لگائے تو گنجائش ہے۔

(۶) پان کھا کر منہ لال کرنا، میک اَپ کرنا۔

(۷) مہندی لگانا۔

(۸) بقصد زینت سر میں تیل ڈالنا۔

(۹) بقصد زینت کنگھی کرنا۔

(۱۰) عدت کے دوران سفر کرنا۔

(۱۱) عدت کے دوران غمی خوشی میں شرکت کرنا، تقریب عیادت، نکاح کی تقریب وغیرہ میں شرکت کرنا۔

(۱۲) عدت میں نکاح کرنا۔

(۱۳) باہر رات گزارنا۔

(۱۴) والدین یا شوہر کا منہ دیکھنے کے لئے گھر سے باہر نکلنا۔ (بضرورت جائز ہے، جس کی تفصیل آنے والے مسئلہ ''معتدہ کا والدین کے انتقال پر گھر سے نکلنے کا حکم'' کے تحت موجود ہے)۔

(۱۵) ٹیلی فون وغیرہ پر نامحرموں سے غیر ضروری بات چیت کرنا۔ ہاں ضروری بات چیت کی گنجائش ہے، اور یہ حکم صرف زمانہ عدت کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ عام حالات میں بھی یہی حکم ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار مع الشامی میں ہے:

**تحد مكلفة مسلمة ولو أمة منكوحة نكاح صحيح ودخل بها بدليل قوله إذا كانت**

معتدة بت أو موت وإن أمرها المطلق أو الميت بتركه لأنه حق الشرع،إظهاراً للتأسف على فوات النكاح بترك الزينة بحلي أي بجميع أنواعه من فضة وذهب وجواهر، بحر . قال القهستاني : والزينة ما تتزين به المرأة من حلي أو كحل كما في الكشاف، ( أو حرير) أي بجميع أنواعه وألوانه ولو أسود ، بحر، (أو امتشاط بضيق الأسنان) فلها الامتشاط بأسنان المشط الوسعة ذكره في المبسوط، وبحث فيه في الفتح ، لكن يأتي عن الجوهرة تقييده بالعذر والطيب وإن لم يكن لها كسب إلا فيه والدهن ولو بلا طيب كزيت خالص . قوله والطيّب أي استعماله في البدن أو الثوب قهستاني، وأعم منه قوله في البحر والفتح: فلا تحضر عمله ولا تتجر فيه، قوله كزيت خالص أي من الطيب وكالشيرج والسمن وغير ذلک، لأنه يلين الشعر فيكون زينة زيلعي، وبه ظهر أن الممنوع استعماله على وجه يكون فيه زينة ، فلا تمنع من مسه بيد لعصر أو بيع أو أكل كما أفاده الرحمتي.( والكحل) والظاهر أن المراد به ما تحصل به الزينة كالأسود ونحوه، بخلاف الأبيض مالم يكن مطيباً (الحناء ولبس المعصفر والمزعفر) أي لبس الثوب المصبوغ بالعصفر والزعفران، والمراد بالثوب ما كان جديداً تقع به الزينة وإلا فلا بأس به ، لأنه لا يقصد به إلا ستر العورة والأحكام تبتنى على المقاصد كما في المحيط وقهستاني.

إلا بعذر راجع للجميع، إذ الضرورات تبيح المحظورات فإن كان وجع بالعين فتكتحل أو حكة فتلبس الحرير أو تشتكي رأسها فتدهن وتمشط بالأسنان الغليظة المتباعدة من غير إرادة الزينة لأن هذا تداو لا زينة ...قلت:وقيد بعض الشافعية الاكتحال للعذر بكونه ليلاً ثم نزعه نهاراً كما ورد في الحديث، وأخرج الحديث في الفتح أيضاً، ولم أر من قيد بذلک من علمائنا ، وكأنه معلوم من قاعدة أن الضرورة تتقيد بقدرها، لكن إن كفاها الليل أو النهار اقتصرت على الليل ولا تعكس لأن الليل أخفى لزينة الكحل وهو محمل الحديث،والله سبحانه أعلم.( الدرالمختارمع رد المحتار: ۳/ ۵۳۰ـ۵۳۲،فصل في الحداد، سعيد).

وأيضـا فيـه : ولا تخرج معتدة رجعي وبائن بأي فرقة كانت على ما في الظهيرية ولو مـختلعة على نفقة عدتها في الأصح... مكلفة من بيتها أصلاً لا ليلاً ولا نهاراً ولا إلى صحن دار فيهـا مـنازل لغيره ولو بإذنه لأنه حق الله تعالى. وفي الشامية: قوله في الأصح: لأنها هي التـي اختـارت إبـطـال حـقها فلا يبطل به حق عليها ومقابله ما قيل أنها تخرج نهاراً لأنها قد تحتاج كالمتوفى عنها .

قـا ل فـي الـفتـح : والـحق أن على المفتي أن ينظر في خصوص الوقائع ، فإن علم في واقـعة عـجـز هـذه المختلعة عن المعيشة إن لم تخرج أفتاها بالحل، وإن علم قدرتها أفتاها بـالـحرمة، وأقره في النهر والشرنبلالية . قوله من بيتها متعلق بقوله ولا تخرج والمراد به ما يـضـاف إليهـا بـالسـكـنـى حال وقوع الفرقة والموت، هداية، سواء كان مملوكاً للزوج أو غيـره، حتـى لـو كان غائباً وهي في دار بأجرة قادرة على دفعها فليس لها أن تخرج بل تدفع وترجع إن كان بإذن الحاكم، بحر وزيلعي، قوله فيها منازل بغيره أي غير الزوج بخلاف ما إذا كـانـت لـه فـإن لهـا أن تـخـرج إليهـا وتبيـت فـي أي مـنـزل شـاء ت لأنها تضاف إليها **بالسكنى**. (الدر المختار مع الشامي:۳/۵۳۵، فصل الحداد،ط: سعيد).

**مزید ملاحظہ فرمائیں:** الهـداية :۲/۴۲۷ ۔ والفتاوى الهندية:۱/۵۳۳،الباب الرابع عشرفي الحداد وبـدائع الصنائع :۳/۲۰۸ ، سعيد۔ وعصر حاضر کے پیچیدہ مسائل اوران کا حل:۲/۱۳۲-۱۳۷۔وآپ کے مسائل اور ان کا حل: ۵/۴۱۰۔ واحسن الفتاوی: ۵/۴۳۰-۴۴۳۔ ومجموعہ قوانین اسلامی: ص۲۱۴۔ ورسالہ عدت کے شرعی احکام: ص۳۹-۵۳۔واللہ ﷻ اعلم۔

## معتدہ کا والدین کے انتقال پر گھر سے نکلنے کا حکم:

**سوال:** ایک عورت عدتِ وفات یا عدتِ طلاق میں ہے،دورانِ عدت اس کی والدہ یا والد کا انتقال ہوگیا،اگر وہ اپنے والد یا والدہ کو دیکھنے نہ جائے تو پوری زندگی غم اور افسوس رہے گا اور طعنے سننے پڑیں گے۔کیا

تھوڑی دیر کے لئے اپنی والدہ کے دیکھنے کے لئے جاسکتی ہے یانہیں؟ یادرہے کہ میت کا اس کے پاس لانا بہت مشکل اور مشقت طلب ہے۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ والدین میں سے کسی کا انتقال ہوگیا اور وہ عدت میں ہے، اگر نہ جائے گی تو پوری زندگی غم اور افسوس اور پریشانی سوار رہے گی، نیز خاندان والوں کی طرف سے طعنہ وتشنیع کا بھی قوی اندیشہ ہے، تو ان دونوں صورتوں میں ضرورت وحاجت کی وجہ سے نکلنے کی گنجائش ہوگی، فقہاء نے متوفی عنہا زوجہا کو بوقتِ ضرورت نکلنے کی اجازت دی ہے۔ نیز سنن ابن ماجہ کی روایت ہے کہ حضرت جابر ﷺ کی خالہ کو طلاق ہوئی، وہ اپنے کھجوروں کو توڑنے کے لئے نکلنا چاہتی تھی تو کسی نے ان کو منع کیا، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: توڑلو، شاید آپ صدقہ یا کارِخیر کروگی۔

اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ ضرورت کے لئے نکل سکتی ہے، حالانکہ یہ کوئی ایسی ضرورت نہیں جس میں بدل نہ ملتا ہو، لیکن عورت کو پریشانی لاحق ہوتی ہے، اس لئے اجازت مل گئی، لیکن اس اجازت کا یہ مطلب نہیں کہ عورت حالتِ عدت میں عیادت اور بیمار پرسی کے نام پر گھوم پھر کر اپنی عدت خراب کرتی رہے۔

ملاحظہ فرمائیں ابن ماجہ میں ہے:

**عن جابر بن عبد اللّٰه ﷺ قال: طلقت خالتي فأرادت أن تجد نخلها، فزجرها رجل أن تخرج إليه، فأتت النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فقال: بلى، فجدي فإنک عسى أن تصدقي أو تفعلي معروفاً.** (ابن ماجة:ص ١٤٦، باب هل تخرج المرأة في عدتها).

ضرورت کے وقت نکلنے میں متوفی عنہا زوجہا اور مطلقہ دونوں کا حکم یکساں ہے۔

**وأما الخروج للضرورة فلا فرق فيه بينهما كما نصوا عليه فيما يأتي ... ولا يخرجان منه إلا أن تخرج أو يتهدم المنزل ... ونحو ذلک من الضرورات الخ.** (الدرالمختارمع الشامي:٣/٥٣٦، سعيد).

عالمگیری میں ہے:

**إن اضطرت إلى الخروج من بيتها ... فلا بأس عند ذلک أن تنتقل.** (الفتاوى الهندية:١/٥٣٥).

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**الحرة المسلمة في عدة طلاق أو فرقة سوى الموت لا تخرج ليلاً و لا نهاراً إلا لضرورة...والمتوفى عنها زوجها تخرج بالنهار لحاجتها إلى النفقة و لا يبيت إلا في بيت زوجها ...** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/٥٥٣، فصل فيما يحرم على المعتدة).

مذکورہ بالاعبارات سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ ضرورت کی وجہ سے نکلنے کی گنجائش ہے۔لیکن یہ بھی جاننا چاہئے کہ ضرورت کی کیا حدود ہیں، چنانچہ جدید فقہی مباحث میں مذکور ہے:

اس لفظ کا مادہ "ضر" ہے، یہ لفظ ض کے زبر اور پیش دونوں کے ساتھ منقول ہے۔بعض اہل لغت نے ان دونوں میں کوئی فرق نہیں کیا ہے، بعض حضرات کا خیال یہ ہے کہ پیش کے ساتھ اسم ہے اور زبر کے ساتھ مصدر۔ یہ لفظ نقصان کے معنی میں ہے اور نفع کی ضد ہے، اس مادہ سے نکلنے والے تمام ہی الفاظ میں یہ معنی ملحوظ ہے۔(خالد سیف اللہ رحمانی) سخت پریشانی، سخت نقصان اور سخت تنگی کا مفہوم اس لفظ میں شامل ہے۔

اصطلاحی تعریف "الموافقات" میں امام شاطبیؒ نے تحریر فرمائی ہے:

**فأما الضرورة فمعناها أنه لا بد منها في قيام مصالح الدين والدنيا بحيث إذا فقدت لم تجر مصالح الدنيا على استقامته، بل على فساد وتهارج وفوت حياة، وفي الآخرة فوت النجاة والنعيم والرجوع بالخسران المبين.** (الموافقات: ٢/٤).

بعض حضرات کے یہاں ضرورت کی تعریف میں کسی قدر توسع ہے، اور وہ تمام باتیں جو نظام حیات کو مختل کردیں اور ان کی وجہ سے مفاسد پیدا ہو جائیں، یہ سب ضرورت کے زمرہ میں داخل ہیں۔شاطبیؒ کی مذکورہ بالا تعریف اسی رجحان کی حامل ہے، اور شیخ ابوزہرة اور شیخ عبدالوہاب خلاف وغیرہ کی تعریفات میں بھی ابواسحاق شاطبی کی پیروی کی گئی ہے۔

اور حضرت مولانا خالد سیف اللہ کی رائے میں ...ضرورت محض کیفیتِ اضطرار کا نام نہیں، بلکہ زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق اساسیات اور ان کے تحفظ کے لئے دئے گئے مستقل اور عارضی احکام بھی ضرورت میں داخل ہوں گے۔(جدید فقہی مباحث: ۱۴/ ۷، تلخیص مقالات ضرورت وحاجت)۔

قاموس الفقہ میں ہے:

شریعت کے بنیادی مقاصد پانچ ہیں: حفظِ دین، حفظِ نفس (جس میں جان، عزت وآبرو، حیثیتِ عرفی اورعزتِ نفس بھی شامل ہے) حفظِ نسل، حفظِ مال اور حفظِ عقل۔ ان پانچوں مقاصد کا حصول اور بقاء جن امور پر موقوف ہو، وہ ضرورت ہے۔ اسی طرح ضرورت صرف جان بچانے ہی کا نام نہیں، بلکہ زندگی کے تمام شعبوں کی اساسیات ضرورت میں داخل ہے۔ (قاموس الفقہ: ۴/۳۱۳).

مذکورہ بالا عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت صرف جان بچانے کا نام نہیں ہے، لہذا معتدہ طلاق اور وفات والدین میں سے کسی کے انتقال کی وجہ سے چہرہ دیکھنے کے لئے نکلے تو گنجائش ہونی چاہئے۔ اگر نہیں نکلے گی تو بعد والی زندگی کے خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## بوڑھی عورت کے لیے بیٹے کے گھر عدت گزارنے کا حکم:

**سوال:** معتدۂ وفات نے کچھ عرصہ عدت کا اپنے گھر گزارا مگر تنہائی اور بڑھاپے کی وجہ سے باقی عدت اپنے بیٹے کے گھر گزارنا چاہتی ہے، کیا اس کی اجازت ہے یا نہیں؟ اور کیا دوبارہ عدت شروع کرنی ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تنہائی اور بوڑھاپے کی وجہ سے بیٹے کے گھر عدت گزارنے کی گنجائش ہے۔ اور از سرِ نو عدت شروع کرنے کی ضرورت نہیں بقیہ ایام کی تکمیل کافی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

وتعتدان أي معتدة طلاق وموت في بيت وجبت فيه ولا يخرجان منه إلا أن تخرج أو يتهدم المنزل أو تخاف انهدامه أو تلف مالها أو لا تجد كراء البيت ونحو ذلک من الضرورات فتخرج لأقرب موضع إليه . قوله نحو ذلک، منه ما في الظهيرية: لو خافت بالليل من أمر الميت والموت ولا أحد معها لها التحول والخوف شديد وإلا فلا .

(الدرالمختارمع الشامی: ۳/۵۳۶، فصل فی الحداد).

وفي الطحطاوي على الدر : قوله ونحو ذلک من الضرورات كما إذا لم يكن معها

أحد في البيت وقلبها يخاف ليلاً من أمر الميت و الموت خوفاً شديداً فلها التحول وإن لم يكن شديداً فليس لها التحول **ظهيرية** . (حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار: ۲/۲۳۱،باب العدة).

احسن الفتاوی میں ہے:

اگر تنہائی کی وجہ سے جان یا عزت یا مال پر خطرہ ہو یا اکیلی ہونے کی وجہ سے سخت وحشت ہوتی ہو تو دوسرے کسی قریبی مکان میں عدت گزار سکتی ہے۔(احسن الفتاوی:۵/۴۴۰). واللہ ﷻ اعلم۔

## عدت میں میاں بیوی کے ساتھ رہنے کا حکم:

**سوال:** عدت کے زمانہ میں شوہر اور بیوی اگر ایک ہی گھر میں رہیں تو کیا حکم ہوگا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مطلقہ مغلظہ کو عدت کے زمانہ میں ایسی جگہ عدت گزارنا چاہئے جہاں شوہر سے اختلاط اور اس کی آمد و رفت نہ ہو، ایک مکان میں رہنے سے اگر ملاقات اور گناہ میں پڑنے کا قوی اندیشہ نہ ہو نیز گھر کے بڑے حضرات روکنے پر قدرت رکھتے ہوں تو ایک گھر میں عدت گزارنا ممنوع نہیں ہے۔

البحر الرائق میں ہے:

ولم يبين المصنف حكم إقامته معها في منزل الطلاق قال في المجتبى: وإذا وجب الاعتداد في منزل الزوج فلا بأس بأن يسكنا في بيت واحد إذا كان عدلاً سواء كان الطلاق رجعياً أو بائناً أو ثلاثاً والأفضل أن يحال بينهما في البيتوتة بستر إلا أن يكون الزوج فاسقاً فيحال بامرأة ثقة تقدر على الحيلولة بينهما وإن تعذر فلتخرج هي وتعتد في منزل آخر ... في الهداية: بأن خروجه أولى من خروجها عند العذر .(البحر الرائق :۴/۱۵۴،باب العدة، کوئٹہ).

وفي الدر المختار : ولا بد من سترة بينهما في البائن لئلا يختلي بالأجنبية ومفاده أن الحائل يمنع الخلوة المحرمة وإن ضاق المنزل عليهما أو كان الزوج فاسقاً فخروجه أولى لأن مكثها واجب لا مكثه ومفاده وجوب الحكم به ذكره الكمال وحسن أن يجعل القاضي بينهما امرأة ثقة قادرة على الحيلولة بينهما وفي المجتبى الأفضل الحيلولة بستر ولو فاسقاً

**فبامرأة . و فی الشامی : فإن السترة لا بد منها کما عبر المصنف تبعاً للهدایة و هو الظاهر لحرمة الخلوة بالأجنبیة .** ( الدرالمختار مع رد المحتار:۳/۵۳۷، فصل فی الحداد، سعید).

احسن الفتاوی میں ہے:

عورت اسی مکان میں عدت گزارے مگر میاں بیوی کے درمیان کوئی حائل یعنی پردہ وغیرہ کرنا ضروری ہے تاکہ خلوت میں دونوں کا اجتماع نہ ہو، اگر ایک مکان میں رہنے سے گناہ میں ابتلاء کا اندیشہ ہوتو کوئی ایسی عورت ساتھ رہے جو دونوں کو الگ رکھنے پر قادر ہو اگر ایسا نہ ہو سکے تو شوہر پر واجب ہے کہ عدت ختم ہونے تک اس مکان کو چھوڑ دے، کسی دوسرے مکان میں رہے اگر اس کو اس پر مجبور نہ کیا جا سکتا ہو تو بیوی یہ مکان چھوڑ کر کسی دوسرے مکان میں عدت گزارے۔ (احسن الفتاوی:۵/۴۴۷)۔ **واللہ ﷻ اعلم۔**

## طلاق ثلاثہ کے بعد ساتھ رہنے کا حکم:

**سوال:** تین طلاق کے بعد میاں بیوی ایک دوسرے کے تعاون وغیرہ کے لئے بڑھاپے کی وجہ سے ساتھ رہ سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ میں بڑھاپے میں ایک دوسرے کے تعاون اور خدمت کے لئے فقہاء نے ساتھ رہنے کی اجازت دی ہے، اسی طرح عورت کا کوئی پرسان حال نہ ہو اور نفقہ، سکنی وغیرہ کا انتظام بھی مشکل ہو اور فتنہ وغیرہ کا کوئی اندیشہ بھی نہ ہو تو آپس میں ساتھ رہنے اور ایک دوسرے کے تعاون کی اجازت ہے لیکن میاں بیوی جیسا معاملہ نہ ہو۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے

**قال : ولهما أن یسکنا بعد الثلاث في بیت واحد إذا لم یلتقیا التقاء الأزواج، ولم یکن فیه خوف فتنة انتهی. وسئل شیخ الإسلام عن زوجین افترقا ولکل منهما ستون سنة وبینهما أولاد تتعذر علیهما مفارقتهم فیسکنان في بیتهم ولا یجتمعان في فراش ولا یلتقیان التقاء الأزواج هل لهما ذلک؟ قال: نعم، وأقره المصنف. وفی الشامیة : قوله**

وسئل شیخ الإسلام حیث أطلقوہ ینصرف إلی بکر المشھور بخواھر زادہ، وکأنہ أراد بنقل ھذا تخصیص ما نقلہ عن المجتبی بما إذا کانت السکنی معھا لحاجۃ، کوجود أولاد یخشی ضیاعھم لو سکنوا معہ أو معھا أو کونھما کبیرین لا یجد ھو من یعولہ ولا ھي من یشتري لھا أو نحو ذلک، والظاھر أن التقیید یکون سنھما ستین سنۃ وبوجود الأولاد مبني علی کونہ کان کذلک فی حادثۃ السؤال. (الدر المختار مع رد المحتار: ۵۳۸/۳، فصل فی الحداد).

(ومثلہ فی البحر الرائق: ۱۵۴/۴، فصل فی الحداد، ط: کوئٹہ).

احسن الفتاویٰ میں ہے:

بڑھاپے اور مرض کی پیش نظر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور خدمت جائز ہے، بشرطیکہ میاں بیوی جیسا معاملہ نہ ہونے پائے اگر کسی ناجائز معاملہ میں ابتلاء کا ادنی سا خطرہ بھی ہو تو بالکل علیحدگی اختیار کرنا فرض ہے، اور ایک مکان میں رہنا جائز نہیں ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۱۶۳/۵). واللہ ﷻ اعلم۔

## دورانِ عدت نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک طلاقِ بائن دی ایک حیض گزرنے پر اس نے تجدیدِ نکاح کیا، پھر دوسری طلاقِ بائن دی، اس کے بعد عدت کا پہلا حیض یکم مارچ سے ۱۱ مارچ تک آیا، پھر عورت بتلاتی ہے کہ ۱۷، مارچ سے ۲۶، مارچ تک دوسرا حیض آیا اس کے بعد کسی اور شخص سے اس نے نکاح کیا پھر ۱۲، اپریل سے ۲۱، اپریل تک تیسرا حیض آنے پر دوبارہ تجدیدِ نکاح کیا نکاح کے بعد اسی دن خون کے چند قطرے نظر آئے تو اب یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نکاحِ ثانی دورانِ عدت واقع ہوا اس لیے کہ جو خون دیکھا، ۱۷، مارچ سے ۲۶، مارچ تک وہ حیض کا خون نہیں ہو سکتا، کیونکہ اس سے پہلے والے حیض کے ختم ہونے کے بعد ۱۵، دن کا وقفہ جو کہ اقل مدتِ طہر ہے نہیں پایا گیا، اور معتدۃ الغیر سے نکاح باطل ہے، لہذا شوہر پر لازم ہے کہ بیوی کو چھوڑ دے اور اگر وہ چھوڑنے پر آمادہ نہ ہو تو بیوی جمعیت کے ذریعہ اپنا نکاح فسخ کرادے، اس کے بعد احتیاطاً

عدت گزارے پھر عورت آزاد ہو جائیگی، اور کسی اور جگہ اگر چاہے تو نکاح کر سکتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**أقل الطهر بين الحيضتين أو النفاس والحيض خمسة عشر يوماً ولياليها إجماعاً .**

(الدر المختار: ١/ ٢٨٥، سعيد).

حضرت تھانوی علیہ الرحمہ امداد الفتاوی میں عربی عبارات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

از یں روایات معلوم شد کہ ایں نکاح (یعنی عدت میں نکاح) باطل است ...نیز واضح گشت کہ وجوبِ عدت دریں صورت مسئول عنہا مختلف فیہ است واحوط وجوب ست۔ (امداد الفتاوی: ۲/ ۵۰۵).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

نکاحِ فاسد کی صورت میں زوجین پر متارکت لازم ہے، اگر دونوں باہم جدا نہ ہوں تو قاضی دونوں کے درمیان تفریق کردیگا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی، ص ۲۰۶).

یہاں چونکہ قاضی مفقود ہے اس لیے جمعیت قاضی کی قائم مقام ہے، وہ ایسے نکاح کو فسخ کرنے کی مجاز ہوگی۔ واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللّٰہ تعالیٰ:

﴿وعلى المولود له رزقهن وكسوتهن بالمعروف﴾

(سورة البقرة: الآية :۲۳۳)

قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم:

"الولد للفراش وللعاهر الحجر".

(رواه البخاری).

# باب......﴿۱۳﴾

# ثبوتِ نسب کا بیان

# باب ﴿۱۳﴾

# ثبوتِ نسب کا بیان

## زانیہ سے نکاح کے بعد ثبوتِ نسب کا حکم:

**سوال:** ایک لڑکے نے کسی لڑکی کے ساتھ زنا کیا اور حمل ظاہر ہونے کے بعد اس لڑکی سے نکاح کیا تو اب وہ بچہ ثابت النسب ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نکاح کے چھ ماہ بعد بچہ پیدا ہوا تو ثابت النسب ہوگا، اور اگر چھ ماہ سے قبل پیدا ہوا تو ثابت النسب نہ ہوگا، ہاں اگر شوہر اس کو اپنا ہی بچہ سمجھے تو وہ اسی کا بچہ سمجھا جائیگا، چونکہ اس ملک میں قانون لعان نہیں ہے، اس لیے نسب کی نفی بذریعہ لعان بھی نہیں ہوسکتی، لیکن شوہر کے لیے ازراہِ دیانت جائز نہیں ہے کہ اس بچے کے نسب کا دعویٰ کرے جو نکاح کے بعد چھ ماہ سے قبل پیدا ہوا ہو، نیز یہ بھی ممکن ہے کہ پہلے خفیہ نکاح کرلیا ہو۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**لو نكحها الزاني حل له وطؤها اتفاقاً والولد له أى إن جاء ت بعد النكاح لستة أشهر مختارات النوازل، فلو لأقل من ستة أشهر من وقت النكاح ، لايثبت النسب، ولايرث منه إلا أن يقول: هذا الولد مني، ولايقول من الزنى خانية ، والظاهر أن هذا من حيث القضاء،**

أمـا مـن حيـث الديانة فلا يجوز له أن يدعيه لأن الشرع قطع نسبه منه، فلا يحل له استلحاقه بـه ولـذا لـو صـرح بأنه من الزنى لايثبت قضاءً أيضاً وإنما يثبت لو لم يصرح لاحتمال كونه بـعـقـد سـابق أو بشبهة حملاً لحال المسلم على الصلاح ، وكذا ثبوته مطلقاً إذا جاء ت به لستة أشهـرمـن الـنـكـاح لاحتـمـال عـلـوقـه بعد العقد وأن ماقبل العقدكان انتفاخاً لاحملاً ويحتاط في إثبات النسب ما أمكن. (الدرالمختارمع فتاوی الشامی:۳/ ۴۹،فصل فی المحرمات،سعید).

وفـي الـطحطاوی علی الدرالمختار: قوله والولد له أی يثبت نسبه منه ولايحرم عليه إلـحاقه به هذا مايعطيه ظاهره ولم ينظروا فيه إلى وقت العلوق وإلا انعكست الأحكام وإنما نظروا إلى النكاح فكأنه صدر من نكاح في ابتداء ه وحرره ثم رأيت في أبي السعود نقلاً عن الـواقعات الحسامية: رجل زنى بامرأة حملت منه فلما استبان حملها تزوجها الذي زنى بها فـالنكاح جائز فإن جاء ت بولد بعد النكاح بستة أشهر فصاعداً يثبت النسب منه ويرث منه لأنهـا جـاء ت بالولد في مدة حمل تامة عقيب نكاح صحيح وإن جاء ت لأقل من ستة أشهر لايثبـت الـنسـب ولايـرث مـنـه لأنهـا لـم تـجـئ به لمدة حمل تامة. (حاشية الطحطاوی علی الدرالمختار:۲/ ۲۳، کتاب النکاح،ط:کوئٹہ). واللہ ﷻ اعلم۔

## ہندوعورت سے نکاح کرنے پر بچے کے نسب کا حکم:

**سوال:** اگرکسی نے ہندوعورت سے نکاح کیا تو بچے ثابت النسب ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ہندوعورت سے نکاح صحیح نہ ہونے کی بناپر اولاد ثابت النسب نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

قـلـت: وفـي مـجـمـع الـفتـاویٰ: نـكـح كافر مسلمة فولدت منه لايثبت النسب منه ولاتـجـب الـعـدة ، لأنه نكاح باطل . و فی الشامية: قوله لأنه نكاح باطل أي فالوطئ فيه زنا لايثبـت بـه الـنسب ، بخلاف الفاسد فإنه وطئ بشبهة فيثبت به النسب، ولذا تكون بالفاسد

**فراشاً لا بالباطل**. (الدر المختار مع رد المحتار:۳/۵۵۵،فصل فی ثبوت النسب،ط:سعید).

امداد الفتاوی میں ہے:

نکاح باطل میں نسب ثابت نہیں ہوتا۔ (امداد الفتاوی:۲/۵۱۴).

نوٹ:۔ نکاح باطل وفاسد کی ضروری وضاحت فتاویٰ کی تیسری جلد میں کتاب النکاح ص۶۰۳ پر گزر چکی ہے، وہاں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

## ثبوتِ نسب کے بارے چند اصول کی وضاحت:

ثبوتِ نسب کے بارے چند اصولی باتیں حسب ذیل درج ہیں:

(۱) نکاح صحیح کے بعد اگر منکوحہ کو چھ مہینے سے کم میں بچہ ہوگا تو وہ بچہ شوہر سے ثابت النسب نہیں ہوگا، اور پورے چھ ماہ یا اس سے زائد پر جو بچہ پیدا ہوگا وہ ثابت النسب ہوگا، اس کے ثابت النسب ہونے کے لیے شوہر کا دعویٰ ضروری نہیں ہے، اگر شوہر بچہ کا باپ ہونے سے انکار کرے تو لعان کے بغیر بچہ کا نسب اس سے منقطع نہیں ہوگا، حمل کی کم سے کم مدت چھ ماہ ہے اور زیادہ سے زیادہ دو سال۔

ملاحظہ فرمائیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

**" الولد لايبقى في بطن أمه أكثر من سنتين ولو بقدر فلكة مغزل ".قال العلامة اللكنويؒ:** ومثله **لايقال إلا سماعاً** . (التعليق الممجد على موطا محمد:۲/۶۰۸،باب الرضاع،دارالقلم دمشق).

ہدایہ میں ہے:

**وإذا تزوج الرجل امرأة فجاء ت بولد لأقل من ستة أشهر منذ يوم تزوجها لم يثبت نسبه لأن العلوق سابق على النكاح فلا يكون منه وإن جاء ت به ستة أشهر فصاعداً يثبت نسبه منه اعترف به الزوج أو سكت لأن الفراش قائم والمدة تامة.** (الهداية:۲/۴۳۲،باب ثبوت النسب).

(۲) جس عورت سے وطی بالشبہہ ہوگئی ہو اور اس وطی کے چھ مہینے یا زائد پر بچہ پیدا ہوا ہو تو جب تک وطی

کرنے والا یہ دعویٰ نہ کرے کہ یہ میرا بچہ ہے اس وقت تک اس سے نسب ثابت نہیں ہوگا۔
البحر الرائق میں ہے:

**أن مـن وطـئ امـرأة أجنبية زفت إليه و قيل له إنها امرأتک فهي شبهة فی الفعل وأن النسب يثبت إذا ادعاه.** (البحر الرائق: ٤/ ١٥٨، باب ثبوت النسب، کوئٹہ).

(۳) اگر معتدہ رجعیہ کو عدت گزر جانے کے اقرار سے پہلے بچہ پیدا ہو تو وہ بچہ ثابت النسب قرار پائیگا، اگر چہ دو سال کے بعد ہی پیدا ہوا ہو، اور اگر عورت نے عدت گزر جانے کا اقرار کرلیا اور اس کے بعد چھ مہینہ سے کم میں بچہ پیدا ہو تو یہ بھی ثابت النسب ہوگا، ورنہ نہیں۔
ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**ويثبت نسب ولـد معتدة الرجعي وإن ولدته لأكثر من سنتين ما لم تقر بمضي العدة وكانت رجعة فی الأكثر منهما لا فی الأقل منهما أي من السنتين لاحتمال العلوق في حالة العدة لجواز أنها تكون ممتدة الطهر، فإن جاء ت به لأقل من سنتين بانت من زوجها لانقضاء العدة وثبت نسبه لوجود العلوق فی النكاح أوفی العدة ...وإن جاء ت به لأكثر من سنتين كانت رجعة لأن العلوق بعد الطلاق والظاهر أنه منه لانتفاء الزنا...ويكون العلوق مستنداً إلى أبعد الأوقات للحاجة إلى إثبات النسب وأمره مبنى على الاحتياط كذا في غاية البيان...وقيد بعدم إقرارها لأنها لو أقرت بانقضائها والمدة محتملة بأن تكون ستين يوماً علی قول أبي حنيفةؒ وتسعة وثلاثين على قولهما ثم جاء ت بولد لايثبت نسبه إلا إذا جاء ت به لأقل من ستة أشهر من وقت الإقرار فإنه يثبت نسبه للتيقن بقيام الحمل وقت الإقرار.**
(البحر الرائق: ٤/ ١٥٦، باب ثبوت النسب، ط: کوئٹہ).

(۴) مطلقہ بائنہ یا مغلظہ کو اگر بعد طلاق چھ مہینے سے کم میں بچہ پیدا ہو تو وہ بھی ثابت النسب ہوگا، چھ مہینہ سے زائد مگر دو سال کے اندر بچہ پیدا ہوا اور عورت نے عدت گزر جانے کا اقرار نہ کیا ہو تو یہ بھی ثابت النسب ہوگا، بلکہ اگر دو سال پر یا دو سال کے بعد بچہ پیدا ہوا اور عورت نے عدت گزر جانے کا اقرار نہ کیا ہو اور شوہر دعویٰ کرے

تو یہ بھی ثابت النسب ہوگا، ورنہ نہیں۔

ہدایہ میں ہے:

**والمبتوتة يثبت نسب ولدها إذا جاء ت به لأقل من سنتين...وإذا جاء ت به لتمام سنتين من وقت الفرقة لم يثبت لأن الحمل حادث بعد الطلاق فلا يكون منه لأن وطيها حرام إلا أن يدعيه لأنه التزمه وله وجه بأن وطيها بشبهة في العدة.** (الهداية:۲/ ۴۳۰، باب ثبوت النسب).

(۵) اگر شوہر کی وفات کے بعد چھ مہینے کے اندر بچہ پیدا ہو تو وہ ثابت النسب ہوگا، اور اگر دو سال کے اندر پیدا ہوا اور اس نے عدت گزر جانے کا اقرار نہ کیا ہو، یا اقرار کر لیا ہو مگر وقت اقرار کے بعد چھ مہینے سے کم میں بچہ پیدا ہوا ہو تو یہ بچہ بھی ثابت النسب ہوگا، ورنہ نہیں۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**ويثبت نسب ولد المتوفى عنها زوجها ما بين الوفاة و بين السنتين...وإذا اعترفت المعتدة بانقضاء عدتها ثم جاء ت بالولد لأقل من ستة أشهر يثبت نسبه لأنه ظهر كذبها بيقين فبطل الإقرار وإن جاء ت به لستة أشهر لم يثبت لأنا لم نعلم ببطلان الإقرار لاحتمال الحدوث بعده.** (الهداية:۲/ ۴۳۱، باب ثبوت النسب).

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (مجموعہ قوانین اسلامی:۲۲۴-۲۲۱). واللہ ﷻ اعلم۔

## طویل عرصہ جدائی کے بعد بچہ پیدا ہونے پر ثبوتِ نسب کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص پچھلے چند سالوں سے سفر پر ہو، اور اس کی عدم موجودگی میں اس کی بیوی کے یہاں بچہ پیدا ہو جائے تو بچہ کا نسب اس آدمی سے ثابت ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** رشتہ نکاح کا وجود ثبوتِ نسب کے لیے کافی ہے، پس نکاح کی موجودگی میں جو بچہ بھی پیدا ہو وہ ثابت النسب ہوگا، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں بھی جب نکاح موجود ہے تو جدائی کا اعتبار نہیں بچہ کا نسب اس آدمی

سے ثابت ہوگا، ہاں شوہر بذریعہ لعان نسب کی نفی کر سکتا ہے، لیکن چونکہ اس ملک میں قانون لعان نافذ نہ ہونے کی بنا پر بذریعہ لعان بھی نفی ممکن نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو حدیث شریف میں ہے:

**قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: " الولد للفراش وللعاهر الحجر".** (رواه البخاري:٢/٩٩٩،باب الولد للفراش وللعاهر الحجر).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**قال أصحابنا: لثبوت النسب ثلاث مراتب(الأولى)النكاح الصحيح وما هو في معناه والحكم فيه أنه يثبت النسب من غير دعوة ولا ينتفي بمجرد النفي وإنما ينتفي باللعان فإن كانا ممن لا لعان بينهما لاينتفي نسب الولد كذا في المحيط.** (الفتاوى الهندية:١/٥٣٦،الباب الخامس عشر في ثبوت النسب).

فتح القدیر میں ہے:

**وحاصله أن الثبوت يتوقف على الفراش وهو يثبت مقارناً للنكاح المقارن للعلوق فتعلق وهي فراش فيثبت نسبه ...قال بعض المشايخ ...قيام الفراش كافٍ ، ولا يعتبر إمكان الدخول بل النكاح قائم مقامه كما في تزوج المشرقي بمغربية.** (فتح القدير:٤/٣٤٩، ٣٥٠، باب ثبوت النسب،ط: دار الفكر).

درمختار میں ہے:

**أن الفراش على أربع مراتب وقد اكتفوا بقيام الفراش بلا دخول كتزوج المغربي بمشرقية بينهما سنة فولدت لستة أشهر مذ تزوجها لتصوره كرامة أو استخداماً...وفي الشامية: قوله على أربع مراتب ...وقوي وهو فراش المنكوحة ومعتدة الرجعي فإنه فيه لا ينتفي إلا باللعان .** (الدر المختار مع فتاوى الشامي:٣/٥٥٠،فصل في ثبوت النسب،ط: سعيد۔وكذا في الدر المختار:٣/٦٩٤،باب الاستيلاد،ط: سعيد). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## گم شدہ عورت کی اولاد کے نسب کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کسی کی عورت اغوا کر کے لے گیا اور طویل عرصہ سے اپنے پاس رکھا ہوا ہے، اور اس درمیان میں بچے بھی ہوئے ہیں، لیکن اب تک خاوند نے طلاق نہیں دی ہے، ایسی صورت میں بچے کا نسب کس سے ثابت ہوگا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شخص مذکور کا اغوا کر کے غیر کی زوجہ سے منافع حاصل کرنا زنا ہے، اور زنا سے نسب ثابت نہیں ہوتا، لہذا بچوں کا نسب تو اصل شوہر ہی سے ثابت ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "الولد للفراش وللعاهر الحجر".** (رواه البخاري: ٢/٩٩٩، باب الولد للفراش وللعاهر الحجر).

درمختار میں ہے:

**أن الفراش على أربع مراتب وقد اكتفوا بقيام الفراش بلا دخول ...وفي الشامية: قوله على أربع مراتب ...وقوي وهو فراش المنكوحة ومعتدة الرجعي فإنه فيه لاينتفي إلا باللعان.** (الدرالمختارمع الشامي: ٣/٥٥٠، فصل في ثبوت النسب، ط: سعيد۔ و٣/٦٩٤، باب الاستيلاد، سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**أما أن قال: إنه مني من الزنا فلا يثبت نسبه ولايرث منه كذا في الينابيع.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٤٠، باب ثبوت النسب).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی دارالعلوم دیوبند: ۱۱/۳۲، مدلل مکمل۔ وفتاوی حقانیہ: ۴/۵۶۳). واللہ ﷻ اعلم۔

## ٹسٹ ٹیوب بیبی کے نسب کا حکم:

**سوال:** ہم پچھلے چھ سال سے شادی شدہ ہیں، مگر اولاد سے محروم ہیں، آج کل کے طریقہ علاج میں

سے ایک طریقہ مصنوعی طریق حمل وتولید ہے، جس کی بہت ساری شکلیں ہیں، ان میں سے تین شکلوں سے متعلق مجھے فتویٰ درکار ہے، کہ ان تین طریقوں سے علاج کرنا اور اولاد حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اولاد ثابت النسب ہوگی یا نہیں؟ وہ شکلیں حسب ذیل درج ہیں:

(۱) (Artificial Insemination) شوہر کا مادۂ تولید انجکشن کے ذریعہ اپنی بیوی کے رحم میں پہنچانا یہ اس لیے ہوتا ہے کہ کوئی مرد کمزوری یا کسی بیماری کے سبب اپنے مادۂ تولید کو اس مقام تک پہنچانے پر قادر نہیں ہوتا۔

(۲) ( [ In Vitro Fertilisation [ IVF ) شوہر اور بیوی دونوں کا مادۂ تولید حاصل کرنے کے بعد رحم سے باہر ٹیوب میں مخصوص مدت تک ان کی پرورش کی جائے پھر بیوی کے رحم میں منتقل کر دیا جائے، یہ صورت ایسی عورت کے لیے اختیار کی جاتی ہے جس کی بچہ دانی تک مادہ پہنچنے کا راستہ بند ہو گیا ہو جس کی وجہ سے استقرار حمل نہ ہوتا ہو۔ اسی کو ٹسٹ ٹیوب بے بی (Test Tube Baby) کہتے ہیں۔

(۳) ( [ Gamete Intrafallopian Transfer [ GIFT ) میاں بیوی کے مادۂ تولید کو باہم خلط ملط کر کے بجائے باہر ٹیوب میں رکھنے کے سیدھا بیوی کی رحم دانی میں داخل کر دیا جاتا ہے، یہ صورت صرف اس عورت کے ساتھ اختیار کی جاسکتی ہے جس کی دو بیض نالیوں (Fallopian Tube) (وہ نالیاں جو بیضۃ المنی کو رحم میں پہنچانے کا کام کرتی ہیں) میں کم از کم ایک صحیح سالم ہو۔

**الجواب:** مذکورہ بالا تینوں صورتوں میں میاں بیوی کے مادۂ تولید کا اختلاط ہے کسی اجنبی کا نہیں ہے، لہذا اس طرح اولاد حاصل کرنا اور علاج کرانا ضرورت کے وقت جائز اور درست ہوگا، ہاں بلا ضرورت اس پر عمل کرنے سے گریز کرنا چاہئے، نیز بوقت ضرورت بھی صرف میاں بیوی کے مادہ کے اختلاط کی گنجائش ہوگی، اجنبی کا مادہ لے کر رحم میں داخل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں، اور یہ عمل مکمل ہو جائے اور بچہ پیدا ہو تو میاں بیوی سے اس بچہ کا نسب ثابت ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں مولانا خالد سیف اللہ رحمانی جدید فقہی مسائل میں تحریر فرماتے ہیں:

شوہر بیوی کے مادۂ حیات کو خلط ملط کر کے تولید عمل میں آئے، اس کی تین شکلیں ہوسکتی ہیں:

(۱) شوہر کا مادہ انجکشن وغیرہ کے ذریعہ عورت کے رحم تک پہنچا دیا جائے۔

(۲) شوہر و بیوی کے مادے حاصل کیے جائیں اور ٹیوب میں مخصوص مدت تک ان کی پرورش کی جائے، پھر اسی عورت کے رحم میں منتقل کر دیا جائے۔

(۳) زن وشو کا مادہ حاصل کیا جائے اور اس آمیزش کو اسی شوہر کی دوسری بیوی کے رحم میں منتقل کر دیا جائے، اس لیے کہ پہلی بیوی زچگی کی متحمل نہ ہو، یا طبی اسباب کی بنا پر تولید کی اہل نہ ہو۔

پہلے غور کرنا چاہئے کہ کیا ایسا کرنا درست ہے یا نہیں؟

جن فقہاء نے اس کو نادرست قرار دیا ہے ان کے سامنے تین باتیں ہیں:

(۱) مرد کو جلق کے ذریعہ مادہ نکالنا ہوگا اور جلق کرنا درست نہیں ہے۔

(۲) مرد و عورت یا کم از کم عورت کی بے ستری ہوگی، اور شدید مجبوری کے بغیر بے ستری اطباء کے سامنے بھی درست اور جائز نہیں ہے۔

(۳) یہ طریقہ خلاف فطرت ہے، اور شریعت کا عام مزاج یہ ہے کہ وہ خلاف فطرت امور سے منع کرتی ہے۔

## ان اشکالات کے جوابات حسب ذیل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) عام حالات میں فقہاء نے جلق کرنے سے منع کیا ہے، لیکن جہاں ضرورت دامن گیر ہو وہاں اس کی اجازت دی ہے۔ ملاحظہ فرمائیں عبدالرشید طاہر بخاری لکھتے ہیں:

**"إذا عالج ذكره حتى أمنى... ولايحل هذا الفعل خارج رمضان إن قصد قضاء الشهوة و إن قصد تسكين شهوة أرجو أن لايكون عليه وبال".** (خلاصة الفتاوى: ١/ ٢٦٠، الفصل الثالث فيما يفسد الصوم، المكتبة الرشيدية).

## جلق کی ممانعت کی اصل حکمت:

جلق میں مادۂ حیات کو ضائع کر دیا جاتا ہے، لیکن جلق کا عمل مصنوعی تولید کے لیے کیا جائے تو اس میں

جوہر حیات کو کارگر وثمر آور بنانا ہے، اس لیے یہ صورت جلق کی ممنوع صورتوں میں داخل نہیں۔

(۲) شدید مجبوری کے بغیر اس میں بے پردگی ہے۔اس کا جواب یہ ہے کہ فقہاء نے بعض ایسی صورتوں میں بھی بے ستری کو گوارا کیا ہے جو خود تو کوئی شدید مرض نہیں، لیکن امکانی طور پر شدید امراض کا باعث بن سکتا ہے، جیسا کہ اولاد سے محرومی بعض شدید امراض کا سبب بن جاتی ہے، ملاحظہ ہو علامہ سرخسیؒ فرماتے ہیں:

" وقد روى عن أبي يوسفؒ أنه إذا كان به هزال فاحش وقيل له إن الحقنة تزيل ما بك من الهزال فلا بأس بأن يبدئ ذلك الموضع للمحتقن وهذا صحيح فإن الهزال الفاحش نوع مرض تكون آخره الدق والسل". (المبسوط للامام السرخسيؒ: ۱۰/۱۵۶، كتاب الاستحسان،النظر الى العورة).

ضرورت تو کجا بعض مرتبہ سنت یا مباح کی ادائیگی کے لیے بھی بے ستری جو کہ حرام ہے شریعت نے اجازت مرحمت فرمائی ہے، جیسے مرد کی ختنہ محض سنت ہے، اور عورت کی مباح ہے پھر بھی فقہاء نے ضرورت اور عذر کے دائرہ میں شمار فرما کر بے ستری کی اجازت دی ہے۔

ملاحظہ ہو علامہ علاء الدین سمرقندی فرماتے ہیں:

" ولايباح النظر والمس إلى مابين السرة والركبة إلا في حالة الضرورة بأن كانت المرأة ختانة تختن النساء". (تحفة الفقهاء:۳/۳۳٤، كتاب الاستحسان).

نیز موٹاپا نہ حاجت ہے ضرورت، لیکن فقہاء نے یہاں بھی حقنہ لگانے کی اجازت دی ہے۔

ملاحظہ ہو خلاصۃ الفتاوی میں ہے:

" لا بأس بالحقنة لأجل السمن هكذا روي عن أبي يوسفؒ". (خلاصة الفتاوى: ٤/٣٦٣، كتاب الكراهية، الفصل الخامس فى الاكل ، ط: المكتبة الرشيدية).

ٹسٹ ٹیوب کی مدد لا ولد کے لیے دراصل ایک ذریعہ علاج ہے اور اس میں شبہ نہیں کہ فقہاء نے انسانی مسائل کو تین خانوں ۔ضرورت، حاجت، اور تحسین ۔ میں تقسیم کیا ہے، اور ممنوعات کو صرف اس وقت جائز رکھا ہے جب کہ ضرورت یا حاجت اس کی اجازت کا تقاضہ کرے، لیکن فقہی جزئیات کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ علاج و

معالجہ کے باب میں فقہاء نے ایک گونہ زیادہ وسعت سے کام لیا ہے، اس لیے اولاد سے محروم شوہر و بیوی کے لیے اولاد کا حصول ایک فطری جذبہ اور طبعی داعیہ جس کے لیے شوہر کا مرد طبیب اور عورت کی عورت طبیبہ کے سامنے بے ستری گوارا کی جاسکتی ہے۔

(۳) خلاف فطرت طریقہ ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ فطری ضرورت اور تقاضہ کی تکمیل (اولاد کا حصول) کے لیے ایسی غیر فطری صورت اختیار کرنا جس کی ممانعت پر نص وارد نہ ہو جائز ہوگا، مثلاً بچہ کی ولادت کی اصل راہ عورت کی شرمگاہ ہے، لیکن ضرورت ہو تو آپریشن کی اجازت ہے، اس لیے یہاں بھی مجبوری کے درجہ میں اس غیر فطری عمل کی اجازت ہونی چاہئے۔

## ثبوتِ نسب کا حکم:

ثبوتِ نسب کے لیے شوہر کے نطفہ سے بیوی کا حاملہ ہو جانا کافی ہے، یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ جسمانی طور پر اس کے ساتھ مباشرت کرے، لہٰذا بغیر وطی کے بھی استقرار حمل سے بچہ کا نسب میاں بیوی سے ثابت ہو جائے گا۔ جس کی نظیر حسب ذیل درج ہے:

**"رجل وطي جارية في مادون الفرج فأنزل فأخذت الجارية ماء ه في شيء فاستدخلته في فرجها فعلقت، عند أبي حنيفةؒ أن الولد ولده وتصير الجارية أم ولده كذا في فتاویٰ قاضيخان"**. (الفتاوى الهندية: ٤/ ١١٤، الباب الرابع عشر في دعوى النسب).

## تیسری صورت کا حکم:

اگر میاں بیوی کا مادۂ منویہ شوہر کی دوسری بیوی یعنی سوکن کے رحم میں داخل کیا جائے تو بچہ کی حقیقی ماں کون ہوگی؟ اس بارے میں اہل علم کی رائیں مختلف ہیں۔ لیکن معقول بات یہ ہے کہ حرمت نکاح وغیرہ میں دونوں کو اس مولود کے لیے حقیقی ماں کے حکم میں رکھا جائے، اور نفقہ ومیراث وغیرہ کے احکام میں اس عورت کو ماں کا حکم دیا جائے جس نے حمل کی مشقت برداشت کی ہے اور مولود کو جنا ہے، جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

﴿**إن أمهاتهم إلا اللائي ولدنهم**﴾. (سورة المجادلة: الآية: ٢).

فقہاء کے یہاں بعض ایسی نظیریں بھی موجود ہیں کہ ایک ہی بچہ کا نسب دومردوں سے ثابت کیا گیا ہے۔
ملاحظہ ہوشرح قدوری میں ہے:

**" وإذا كانت جارية بين اثنين جاء ت بولد فادعياه حتى ثبت النسب منهما"**. (الجوهرة النيرة:٢/٨٤، كتاب النكاح، ط: امداديه ، ملتان۔ و كذا في البحرالرائق:٣/١١٩، كوئته).

پہلی عورت سے نسب کا ثبوت تو اس وجہ سے کہ بیضۃ المنی اسی سے حاصل کیا گیا ہے اور بچہ کی حیثیت اس کے جزو کی ہوگی اور نسب اور اس کی حرمت کی بنا اصل میں اسی رشتہ جزئیت پر ہے، صاحب ہدایہ نے زنا کی وجہ سے حرمت مصاہرت ثابت ہونے پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے:

**" إن الوطي سبب الجزئية بواسطة الولد حتى يضاف إلى كل واحد منهما كملا"**.
(الهداية:٢/٣٠٩،فصل في المحرمات).

اورشوہر کی دوسری بیوی جس کے رحم میں پرورش پائی اس سے ثبوت نسب کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ جو زحمت ولادت برداشت کرے اور جس کے رحم میں بچہ پرورش پائے ان کے لیے سب سے بڑی شہادت قرآن کریم کی یہ تعبیر ہے کہ وہ ماں کو والدہ "بچہ جننے والی" کے لفظ سے تعبیر کرتا ہے پھر رحم میں بچہ اسی عورت کا جزو قرار پاتا ہے۔
(ملخص از جدید فقہی مسائل ۵/۱۵۱۔۱۶۳،ٹسٹ ٹیوب سے تولید اور اس سے متعلق احکام).

مزید ملاحظہ ہو: (عصر حاضر کے پیچیدہ مسائل:۲/ ۵۴۷۔۵۴۸۔ وجدید مسائل کا شرعی حل:۲۰۹۔۲۱۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## اجنبی کے مادہ سے تولید عمل میں آنے پر بچے کے نسب کا حکم:

**سوال:** ایک طریقہ رائج ہے کہ اگر خاوند سے کسی وجہ سے اولاد نہیں ہوتی ہو تو دوسرے اجنبی کا مادہ منویہ رحم میں پہنچانے سے بچہ پیدا ہوتا ہے، اس بچہ کا نسب کس سے ثابت ہوگا، شوہر سے یا اس غیر سے جس کا مادۂ منویہ ڈالا گیا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ طریقۂ کار یعنی بذریعہ انجکشن غیر شوہر سے اولاد حاصل کرنا حرام اور اسلامی اصول کے بالکل خلاف ہے، تاہم تولید کا عمل مکمل ہو جائے تو اس عورت کے شوہر ہی سے نسب ثابت ہوگا، غیر

سے نسب ثابت نہ ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "الولد للفراش وللعاهر الحجر".** (رواه البخاری: ۹۹۹/۲، باب الولد للفراش وللعاهر الحجر).

جدید فقہی مسائل میں ہے:

اجنبی مرد وعورت کے مادے کے اختلاط کی تمام صورتیں گناہ ہیں اور حکم کے اعتبار سے زنا ہے... اگر وہ عورت کسی مرد کی زوجیت میں رہتے ہوئے کسی اجنبی کے مادہ سے حاملہ ہو یا صاحب اولاد بنے تو مولود کا نسب اس کے حقیقی شوہر سے ثابت ہوگا۔ (جدید فقہی مسائل: ۱۵۲/۵، ٹسٹ ٹیوب سے تولید اور اس سے متعلق احکام)۔

نیز دوسری جگہ مذکور ہے:

اگر اس طرح تولید کا عمل مکمل کر ہی لیا جائے تو نسب ثابت ہوگا، اور وراثت اور رضاعت وغیرہ کے احکام ثابت ہوں گے، ثبوتِ نسب کے لیے وطی کی فطری صورت ضروری نہیں، اس کے بغیر بھی اگر کسی طرح مادۂ منویہ عورت کے رحم میں پہنچ جائے تو نسب ثابت ہو جائے گا، فقہاء کی بعض عبارتوں سے اس کا اشارہ ملتا ہے۔

خلاصۃ الفتاوی میں ہے:

**البكر إذا جومعت في ما دون الفرج فحبلت بأن دخل الماء في فرجها فلما قرب أوان ولادتها تزال عذرها ببيضة أو بحرف درهم.** (الفتاوی الهندية: ۳٦٠/۵، كتاب الكراهية، باب ۲۱۔ وكذا في المحيط البرهاني: ۱۲۷/٦، كتاب الاستحسان والكراهية).

کنواری لڑکی سے شرمگاہ کے باہر ہمبستری کی جائے، پھر وہ حاملہ ہو جائے بایں طور کہ مادۂ منویہ شرمگاہ میں داخل ہو جائے پس جب ولادت کا وقت قریب آئے تو انڈے یا درہم کے کونوں کے ذریعہ اس کا پردۂ کنوارپن چاک کر دیا جائے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ صورت عملاً زنا ہوگی، البتہ اس پر اسلامی ممالک میں زنا کی شرعی سزا نافذ نہیں کی جاسکتی، اس لیے کہ وہ سزا صرف ناجائز حمل پر ہی نہیں ہے، بلکہ باہم ایک دوسرے سے لطف اندوز ہونے

پر ہے۔(جدید فقہی مسائل: جلد اول، ص:۱۵۱). واللہ ﷻ اعلم۔

## زوجین کا مادۂ منویہ کا اجنبیہ کے رحم میں نشو ونما پانے سے نسب کا حکم:

**سوال:** جدید طریقۂ تولید میں کبھی ایسا ہوتا ہے کہ میاں بیوی کے مادۂ منویہ کو ملا کر ٹیوپ کے ذریعہ کسی اجنبیہ (شادی شدہ یا غیر شادی شدہ) کے رحم میں رکھا جاتا ہے اور یہ مادہ اس کے رحم میں نشو ونما پا کر بچہ بن کر پیدا ہو جاتا ہے، اور اب سوال یہ ہے کہ اس بچے کا نسب کس سے ثابت ہوگا؟ اور اس اجنبیہ کی کیا حیثیت ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ عمل حرام اور ناجائز ہے، البتہ تکمیل عمل کے بعد بچہ کی حقیقی ماں وہ ہی ہے جس نے مشقتِ حمل برداشت کی اور بچہ کو جنم دیا، ثبوتِ نسب کی مزید تفصیل حسبِ ذیل درج ہے۔

ملاحظہ ہو عصر حاضر کے فقہی مسائل میں ہے:

اس سلسلہ میں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ بچہ کی ماں شرعی طور پہ وہی ہوگی جس نے بچہ کو جنم دیا ہو چاہے مادہ کسی دوسری عورت ہی کا استعمال کیوں نہ ہوا ہو، خداوند قدوس کا کھلا ہوا ارشاد ہے:

﴿إن أمهاتهم إلا اللائی ولدنهم﴾. (سورة المجادلة:الآية:٢).

ترجمہ: ان کی مائیں تو وہی ہیں جنھوں نے ان کو جنا ہے۔

اگر کسی دوسرے مرد کا نطفہ استعمال ہوا ہو تو بچہ کی پیدائش اگر کسی باخاوند عورت کے پیٹ سے ہوئی ہو تو اس صورت میں بچہ کا نسب اس عورت کے حقیقی شوہر سے ہی قائم ہوگا، اور جس کا مادہ استعمال ہوا ہے وہ زانی کے حکم میں تصور کیا جائیگا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"**الولد للفراش وللعاهر الحجر**". (رواه البخاري:٢/٩٩٩، باب الولد للفراش وللعاهر الحجر).

یعنی: بچہ تو صاحبِ فراش (جائز شوہر) کا ہوگا اور زنا کار کے لیے پتھر (سنگساری کی سزا) ہے۔

اگر کسی غیر شادی شدہ عورت کے پیٹ سے اس طریقہ کے مطابق بچہ کی پیدائش عمل میں آئے تو اس صورت میں اگر چہ وہ آدمی معروف ہی کیوں نہ ہو جس کا مادہ استعمال کیا گیا ہے لیکن نسب اس سے ثابت نہیں ہوگا، اور بچہ کی نسبت ماں کی طرف کی جائیگی، کیونکہ شرعی طور پہ بدکاری سے نسب کا شرف انسان کو حاصل نہیں ہوتا ہے۔

حاشیہ میں مذکور ہے:

اس سلسلہ میں عجیب وغریب رائے وہ ہے جس کا اظہار ڈاکٹر مصطفیٰ احمد الزرقاء نے کیا ہے کہ بچہ کی حقیقی ماں وہ قرار پائے گی، جس کا مادۂ منویہ مرد کے مادۂ منویہ کے ساتھ استعمال ہوا ہو اور جننے والی کی حیثیت رضاعی ماں کے مشابہ ہوگی، وراثت وغیرہ کا تعلق پہلی ہی عورت سے قائم ہوگا، ظاہر ہے کہ قرآنی آیت میں جس حصر اور تاکید کے ساتھ یہ حقیقت بیان کی گئی ہے کہ ماں ہونے کا حق تولید (بچے کو جننے) سے مربوط ہے اس کے بعد اس کی گنجائش نہیں رہی۔

ڈاکٹر مصطفیٰ کی تحقیق پہ ہی سعودی عرب کی المجمع الفقہی نے اپنے فتویٰ کی بنیاد رکھی ہے اور اس میں شک نہیں کہ ڈاکٹر مصطفیٰ الزرقاء اس وقت کے نامور عالم اور بالغ نظر فقیہ ہیں لیکن ان کی یہ تحقیق صحیح نہیں معلوم ہوتی، اور اس سلسلہ میں خود ان کے ہم وطن اور ہم سبق مشہور ادیب شیخ علی الطنطاوی کی تنقید صحیح معلوم ہوتی ہے، جنھوں نے ان کی رائے سے شد ومد کے ساتھ اختلاف کیا ہے اور ہماری نظر میں وہی صحیح بھی ہے۔

(عصر حاضر کے فقہی مسائل از مولانا بدر الحسن القاسمی، ص ۶۶۔۶۷، مرکز دعوت وتحقیق اسلامی حیدر آباد)۔

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (جدید فقہی مسائل از مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، ۱۵۲/۵۔۱۵۴)۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عن عبد الله بن عمرو رضي الله تعالى عنه
أن امرأة، قالت: يارسول الله!
إن ابني هذا كان بطني له وعاء وثديي له سقاء
وحجري له حواء وأن أباه طلقني وأراد أن ينزعه مني،
فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم:
"أنت أحق به ما لم تنكحي".

(رواه ابو داود).

# باب......﴿۱۴﴾

# حضانت کا بیان

# باب ﴿۱۴﴾

# پرورش کا بیان

## پرورش کی پہلی حقدار ماں ہے:

**سوال:** اگر کسی عورت کو طلاق ہوجائے یا زوجین میں تفریق ہوجائے تو بچے کی پرورش کا حقدار کون ہے؟ نیز نفقہ وغیرہ کس کے ذمے لازم ہے؟ اور پرورش کے حقداروں کی ترتیب کیا ہے؟

**الجواب:** بچے کی پرورش کی نگرانی ماں کے ذمہ ہے، اگر ماں کو طلاق مل چکی ہے تب بھی بچے کو سات سال تک اور بچی کو ۹ سال تک اپنے پاس رکھ سکتی ہے، اور اخراجات بچہ کے باپ کے ذمہ ہوں گے، اس درمیان والد اس بچے کو نہیں لے سکتا ہے، البتہ طلاق کے بعد ماں خود اپنی خوشی سے بچے کو حوالہ کردے، یا وہ اجنبی جگہ نکاح کرلے تو پھر باپ کو اس کی پرورش کرنی ہوگی، اور وہ اس کی مطلقہ ماں کو پرورش کے لیے مجبور نہیں کرسکتا۔

اگر عورت خدانہ خواستہ مرتد ہوجائے تو بچہ اس کی پرورش اور نگرانی میں نہیں دیا جائے گا، اسی طرح اگر وہ بداخلاق وبدکردار ہو یعنی اس میں ایسے عیوب ہوں مثلاً زنا، چوری، گانا بجانا وغیرہ جن کی موجودگی میں بچے کے دین واخلاق کے ضائع ہوجانے کا اندیشہ ہو تو ایسی عورت کی نگرانی میں بچے کو نہیں دیا جائے گا۔

## ☆ ماں کے بعد پرورش کی حقدار کی ترتیب:

ماں اگر پرورش کرنے کی اہل نہ ہو یعنی فاسقہ فاجرہ ہو یا اس نے انکار کردیا ہو یا اس نے کسی اجنبی سے نکاح کرلیا ہو تو اس کے بعد اس کی ماں یعنی بچے کی نانی کو پرورش کا حق ہے، اگر نانی نہ ہو تو پرنانی، اور یہ بھی نہ ہوں تو دادی کو، پھر پردادی، پھر حقیقی بہن کو، پھر ماں شریک بہن کو، پھر باپ شریک بہن کو، پھر خالہ کو، پھر پھوپھی

کو پرورش کرنی ہوگی۔

☆ پرورش کی شرائط:

ان میں سے جس کی پرورش میں بچہ دیا جائے گا، انھیں شرائط کے ساتھ دیا جائیگا، جن کا ذکر اوپر ہوا، یعنی جس کے اخلاق اچھے ہوں گے، اسی کو پرورش کے لیے دیا جائیگا، مثلاً اگر بچے کی دو خالائیں ہوں یا دو پھوپھیاں ہوں تو جو خالہ یا پھوپھی زیادہ پرہیزگار ہوگی اسی کو پرورش کے لیے بچہ دیا جائیگا۔

☆ بچے کی پرورش کی مدت:

لڑکے کی پرورش کی مدت سات سال ہے، اور لڑکی کی پرورش کی مدت نو سال ہے، اور بعض کے نزدیک حیض آنے تک، اور اس مدت تک پرورش کی نگرانی ماں کے ذمہ ہوگی، اور ماں اور بچہ دونوں کا خرچ باپ کو برداشت کرنا ہوگا۔

☆ پرورش کے ساتھ تعلیم وتربیت کی اہمیت:

بچے کی پرورش کی ذمہ داری کا مطلب صرف اتنا ہی نہیں ہے کہ ماں باپ اس کی جسمانی پرورش اور نشو ونما کا سامان فراہم کردیں، بلکہ اس کی جسمانی نشو ونما کے ساتھ ساتھ اس کی ذہنی اور اخلاقی اصلاح اور اس کی تعلیم و تربیت بھی ان کے اوپر واجب ہے، دونوں طرح کی تربیتوں کی شریعت میں تاکید آئی ہے، خاص طور پر ان کی دینی اصلاح اور تعلیم وتربیت پر قرآن پاک اور حدیث نبوی میں بہت زور دیا گیا ہے۔

دلائل ملاحظہ فرمائیں:

وإذا وقعت الفرقة بين الزوجين فالأم أحق بالولد لما روي أن امرأة قالت: يارسول الله إن ابني هذا كان بطني له وعاء وحجري له حواء وثديي له سقاء وزعم أبوه أنه ينزعه مني فقال عليه السلام: " أنت أحق به مالم تتزوجي، ولأن الأم أشفق وأقدر على الحضانة فكان الدفع إليها أنظر وإليه أشار الصديق ريقها خير له من شهد وعسل عندک ياعمر، قال حين وقعت الفرقة بينه وبين امرأته والصحابة حاضرون متوافرون، والنفقة على الأب على ما

نـذكره ولاتجبر الأم عليه لأنها عست تعجز عن الحضانة فإن لم تكن له أم فأم الأم أولىٰ من أم الأب وإن بـعـدت لأن هـذه الولاية تستفاد من قبل الأمهات، فإن لم تكن أم الأم فأم الأب أولـىٰ مـن الأخـوات لأنهـا مـن الأمهـات فـإن لـم تـكـن له جدة فالأخوات أولىٰ من العمات والخالات. (الهداية:٢/٤٣٤، باب حضانة الولد ومن احق به).

فتاوی شامی میں ہے:

الـحـضـانة تـربية الولد تثبت للأم النسبية بعد الفرقة إلا أن تكون مرتدة فحتى تسلم لأنها تحبس أوفاجرة فجوراً يضيع الولد به كزنا وغناء وسرقة ونياحة كما في البحر والنهر بـحثاً. قـال الـمـصـنـفؒ : والـذي يظهر العمل بإطلاقهم كما هو مذهب الشافعي أن الفاسقة بتـرك الـصـلاة لا حضانة لها ... أو غير مأمونة ذكره في المجتبىٰ بأن تخرج كل وقت وتتـرك الولد ضائعاً. وفي الشامي: قال الرملي: ويشترط في الحاضنة أن تكون حرة بالغة عـاقلة أمينة قادرة، وأن تخلو من زوج أجنبي وكذا في الحاضن الذكر سوى الشرط الأخير ... والـمـراد بـكـونهـا أمينة أن لا يضيع الولد عندها باشتغالها عنه بالخروج من منزلها كل وقـت ... قـوله النسبية احترز به عن الأم الرضاعية فلا تثبت لها. (الـدرالمختارمع فتاوى الشامي: ٣/٥٥٥، باب الحضانة،سعيد).

مزید ملاحظہ ہو: (البحر الرائق:٤/١٦٧، بـاب الـحـضـانة، كوئته۔والفتاوى الهندية:١/٥٤١،بـاب في الحضانة۔وفتاوى رحيميه:٨/٤٥٢۔واسلامی فقه:٢/١٤٦). واللہ ﷻ اعلم۔

## لڑکا سات سال کے بعد والد کے پاس رہیگا:

**سوال:** لڑکا سات سال تک والدہ کے پاس رہے گا، تو اس درمیان میں اگر والد ملنا چاہے تو مل سکتا ہے یا نہیں؟ نیز سات سال کے بعد کس کے پاس رہے گا، والد اس کو لے سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** لڑکا سات سال تک والدہ کے پاس رہے گا، یہ والدہ کا حق ہے، اور اس درمیان والد اور

اس کے خاندان والے بچے سے مل سکتے ہیں، اور آسانی کے لئے دونوں خاندان والوں کو مل کر اوقات وایام آپس میں طے کر لینا چاہئے تا کہ اختلافی شکل رونما نہ ہو۔ اور سات سال کے بعد والد کا حق ثابت ہو جاتا ہے، ہاں والد کا رویہ ٹھیک نہ ہو اور پہلے سے لاپرواہی کرتا ہو، نیز دوسری شادی کر لی ہو اور اس کی بھی اولاد ہو تو پھر بظاہر دوسری بیوی سے اذیت کا اندیشہ ہوگا، اور اس بچے کی تربیت اور شفقت مشکوک ہوگی، اسوجہ سے والد بچہ کو چھین نہیں سکتا، لیکن اگر وہ بچے کی صحیح اسلامی تربیت کرنے پر راضی ہے اور وہ چاہتا بھی ہے تو پھر اس صورت میں سات سال کے بعد بچہ والد کو دیا جائے گا، اور لڑکی ہو تو نو سال کے بعد والد اس کو لے سکتا ہے۔ اور بعض علماء نے بلوغ تک والدہ کا حق بتلایا ہے۔

درمختار میں ہے:

**والحاضنة أحق به أى بالغلام حتى يستغني عن النساء وقدر بسبع، وبه يفتى، لأنه الغالب. ولو اختلفا في سنه فإن أكل وشرب ولبس واستنجى وحده دفع إليه ولو جبراً وإلا لا. وفى الشامية: (قوله حتى يستغني عن النساء) بأن يأكل ويشرب ويستنجي وحده والمرد بالاستنجاء تمام الطهارة بأن يتطهر بالماء بلا معين. (قوله وقدر بسبع) هو قريب من الأول بل عينه، لأنه حينئذ يستنجي وحده، ألا ترى إلى ما يروى عنه صلى الله عليه وسلم أنه قال: "مروا صبيانكم بالصلاة إذا بلغوا سبعا". (قوله ولو جبراً) أي بأن لم يأخذه بعد الاستغناء أجبر عليه كما فى الملتقى. وفى الفتح: ويجبر الأب على أخذ الولد بعد استغنائه عن الأم، لأن نفقته وصيانته عليه بالإجماع. وفي شرح المجمع: وإذا استغنى الغلام عن الخدمة أجبر الأب أو الوصي أو الولي على أخذه، لأنه أقدر على تأديبه وتعليمه.** (الدر المختار مع الشامي ٣/٥٦٦، سعيد).

عالمگیری میں ہے:

**وبعد ما استغنى الغلام وبلغت الجارية فالعصبة أولى، يقدم الأقرب فالأقرب. كذا في فتاوى قاضي خان.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٤٢۔ وكذا فى فتاوى الشامى:٣/٥٦٦،باب الحضانة، سعيد).

تبیین الحقائق میں ہے:

وإنما كان للأب أن يأخذه إذا بلغ هذا الحد، لأنه يحتاج إلى التأدب والتخلق بأخلاق الرجال وآدابهم، والأب أقدر على التأديب والتثقيف. (تبيين الحقائق: ٤٨/٣، امداديه).

شامی میں ہے:

ينبغي للمفتي أن يكون ذا بصيرة ليراعي الأصلح للولد، فإنه قد يكون له قريب مبغض يتمنى موته ويكون زوج أمه مشفقاً عليه يعز عليه فراقه، فيريد قريبه أخذه منها ليؤذيه ويؤذيها أو ليأكل من نفقته أو نحو ذلك، وقد يكون له زوجة تؤذيه أضعاف ما يؤذيه زوج أمه الأجنبي، وقد يكون له أولاد يخشى على البنت منهم الفتنة لسكناها معهم، فإذا علم المفتي أو القاضي شيئاً من ذلك لا يحل له نزعه من أمه، لأن مدار أمر الحضانة على نفع الولد. (فتاوى الشامي: ٥٦٥/٣، باب الحضانة، سعيد. وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر: ٤٨٠/١۔ والبحر الرائق: ١٦٧/٤).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

وفي الحاوي: الولد متى كان عند أحد الأبوين لا يمنع الآخر عن النظر إليه وعن تعاهده. (الفتاوى التاتارخانية: ٩٠/٤، حكم الولد عند افتراق الزوجين. و مثله في الفتاوى الهندية: ٥٤٣/١، باب الحضانة).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

پرورش کے زمانے میں باپ اگر اپنی اولاد سے ملنا چاہے تو ملنے کا موقع دینا چاہئے، اسی کی اولاد ہے، ملاقات کا موقع نہ دینا ظلم ہے۔ (فتاوی رحیمیہ مرتب، ۴۵۸/۸ باب الحضانت)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## والد کے روزانہ ملاقات کرنے اور ملاقات کا موقع نہ دینے کا حکم:

**سوال:** زوجین کی تفریق کے بعد بچہ بحکمِ شرع والدہ کے پاس پرورش پاتا ہے، اس درمیان میں والد کو

دیکھنے کا اختیار ہے یا نہیں، اگر والدہ روکنا چاہے تو اس کو حق ہے یا نہیں، نیز روزانہ ملنے کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ پرورش کے دوران بچہ اگر چہ والدہ کے پاس ہو، والد صاحب کو دیکھنے اور ملاقات سے روکنا ظلم ہے، لہذا ملاقات کے لئے وقت دینا چاہئے، اور ایام واوقات آپس میں طے کرلیں۔ بلکہ والد اگر روزانہ ملنا چاہے تو روزانہ بھی مل سکتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی عالمگیری میں ہے:

**الولد متى كان عند أحد الأبوين لا يمنع الآخر عن النظر إليه وعن تعاهده كذا في التتارخانية ناقلاً عن الحاوي.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٤٣ـ والفتاوى التاتارخانية ٤/٩٠، حكم الولد عند افتراق الزوجين).

فقیہ ابواللیثؒ "خزانة الفقه" میں فرماتے ہیں کہ جب باپ کے لئے ممکن ہو تو روزانہ اپنے بچے سے ملاقات کرسکتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں "خزانة الفقه" میں ہے:

**والمطلقة البائنة خرجت بولدها إلى موضع يقدر الزوج أن يزور ولده في يومه لها ذلك، وإن خرجت إلى موضع لم يقدر الزوج أن يزوره في يومه لم يجز.** (خزانة الفقه، باب المقادير، ما زاد على يوم واحد، ص ٣٢٤، المكتبة الغفورية العاصمية ـ و البحر الرائق مع الحاشية: ٤/١٧٣).

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ باپ بچے سے روزانہ مل سکتا ہے، اور عرفاً کچھ وقت اس کے ساتھ گزار سکتا ہے۔

جامع احکام الصغار میں ہے:

**إذا كان الغلام والجارية عند الأم فليس لها أن تمنع الأب من تعاهدهما، وإن صارا إلى الأب فليس له أن يمنع الأم من تعاهدهما والنظر إليهما.** (جامع أحكام الصغار: ١/١٠١).

آپ کے مسائل میں ہے:

باپ اپنے بچے سے جب بھی چاہے ملاقات کرسکتا ہے، اور اس سے نہ ملنے دینا ظلم ہے جبکہ ان کو یہ خطرہ نہ ہو کہ باپ بچے کو لے جائیگا اور ماں سے جدا کردیگا، اور اگر ایسا اندیشہ ہو تو اس کا تدارک کرنا چاہئے۔ (آپ کے

مسائل اور ان کا حل: ۵/۴۲۳).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

پرورش کے زمانے میں باپ اگر اپنی اولاد سے ملنا چاہے تو ملنے کا موقع دینا چاہیئے، اسی کی اولاد ہے، ملاقات کا موقع نہ دینا ظلم ہے۔ (فتاوی رحیمیہ مرتب: ۸/ ۴۵۸، باب الحضانت)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## سات سال کے بعد اختیار دینے کا حکم:

**سوال:** زوجین کی تفریق کے بعد جب بچہ سات سال کی عمر کو پہنچ جائے تو والد کے حوالہ کیا جاتا ہے، لیکن کیا بچے کو یہ حق حاصل ہے کہ از خود اختیار کرے کہ کس کے پاس رہنا ہے، یا ضروری ہے کہ والد کے پاس ہی رہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ سات سال کے بعد حقِ حضانت میں بچہ کو اختیار نہیں ہے، بلکہ والد صاحب اس کے زیادہ حقدار ہے تعلیم وتربیت کے لحاظ سے، ہاں اگر مفتی یا قاضی ماں کے پاس رکھنے میں کوئی مصلحت دیکھے تو ان کی صوابدید پر بچہ ماں کے پاس رہ سکتا ہے۔

فتاوی شامی میں ہے:

**(ولا خيار للولد عندنا مطلقاً، ذكراً كان أو أنثى) أي إذا بلغ السن الذي ينزع من الأم يأخذه الأب، ولا خيار للصغير، لأنه لقصور عقله يختار من عنده اللعب، وقد صح أن الصحابة رضي اللّٰه تعالىٰ عنهم لم يخيروا. وأما حديث أنه صلى اللّٰه عليه وسلم خير فلكونه قال: " اللّٰهم اهده ، فوفق لاختيار الأنظر بدعائه عليه الصلاة والسلام.** (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ٣/٥٦٧، باب الحضانة، سعيد).

*مزید ملاحظہ فرمائیں:* (البحر الرائق: ٤/١٧١، كوئٹہ۔ وفتح القدير: ٤/٣٧٣، باب الولد من أحق به، دارالفکر۔ وشرح العناية على الهداية على هامش فتح القدير: ٤/٣٧٣). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## حق حضانت میں نانی پھوپھی پر مقدم ہے:

**سوال:** ایکسیڈنٹ میں میاں بیوی کا انتقال ہوگیا، ان کا ایک چھ سالہ لڑکا ہے اور دو لڑکیاں ہیں، ایک کی عمر نو سال ہے اور دوسری بہت چھوٹی ہے، اور اس شخص کی ماں اور بہن ہے لیکن ماں نے بچوں کی پرورش سے انکار کردیا، اور اس عورت کی ماں ہے، اب اس مرد کی بہن اور عورت کی ماں دونوں بچوں کی پرورش کی خواہاں ہیں، اور دونوں میں نانی زیادہ نیک اور عزت دار ہے، لہٰذا دونوں میں از روئے شرع بچوں کی پرورش کی حقدار کون ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بچوں کی نانی پرورش کی زیادہ حقدار ہوگی، لہٰذا بحکمِ شرع اولاد کو نانی کی پرورش اور زیرِ تربیت دیا جائے گا، اور پھوپھی نانی کی موجودگی میں حقدار نہیں ہے۔
ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**وإن لم يكن له أم تستحق الحضانة بأن كانت غير أهل للحضانة أو متزوجة بغير محرم أو ماتت فأم الأم أولى من كل واحدة وإن علت.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٤١، باب الحضانة).
فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

**فإن ماتت الأم فأم الأم أولى بحضانة الولد وتعهده... وفي الخلاصة والخانية: وإذا بطل حق الأم كانت الحضانة للجدة من قبل الأم وإن علت.** (الفتاوى التاتارخانية: ٤/٩١، حكم الولد عند افتراق الزوجين۔ والدر المختار: ٣/٥٦٣، سعيد۔ والهداية: ٢/٤٣٦). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نانی کی موجودگی میں دادا، دادی حقدار نہیں:

**سوال:** کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیانِ عظام مندرجہ ذیل مسئلہ کے بارے میں:
میری بیٹی بیوہ ہوئی، اس کے شوہر کے انتقال کے بعد اپنے دونوں بچوں کو لے کر یہاں رہی ہے، اب اگر یہ نکاحِ ثانی کرے تو کیا بچوں کے دادا، دادی کو یہ حق پہنچتا ہے کہ بچوں کو زبردستی اس کی ماں سے لے لے، جبکہ بچوں کے

نانا، نانی اپنے پاس رکھنے کے لئے تیار ہیں۔ اور اگر وہ نکاح نہ کرے تو بچے کب تک اپنی ماں کے پاس رہ سکتے ہیں، اور اولاد میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہیں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر یہ عورت نکاحِ ثانی بچے کے غیر محرم کے ساتھ کرلے تو ان بچوں کی تربیت کی مستحق ان کی نانی ہے، لہٰذا نانی کی موجودگی میں دادا، دادی کو حق پرورش حاصل نہیں۔

ملاحظہ ہو ''البحر الرائق'' میں ہے:

**قوله "أحق بالولد أمه قبل الفرقة وبعدها،، أي في التربية والإمساك لما قدمناه ... ولا (حضانة) للمتزوجة بغير محرم... قوله "ثم أم الأم،، يعني بعد الأم الأحق أمها، وهو شامل لما إذا كانت الأم ميتة أو ليست أهلاً للحضانة، ففي كل منهما ينتقل الحق إلى أم الأم، لأن هذه الولاية مستفادة من قبل الأمهات، فكانت التي هي من قبلها أولى وإن علت، فالجدة من قبل الأم أولى من أم الأب ومن الخالة، وصححه الولوالجي.** (البحر الرائق: ١٦٧/٤، باب الحضانة، كوئته).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**وإن لم يكن له أم تستحق الحضانة بأن كانت غير أهل للحضانة أو متزوجة بغير محرم أو ماتت فأم الأم أولى من كل واحدة وإن علت.** (الفتاوى الهندية: ٥٤١/١، باب الحضانة).

فتاویٰ رحیمیہ میں ہے:

بچہ کے غیر محرم کے ساتھ نکاح کرنے سے ماں کا بچہ کی پرورش کا حق ساقط ہوجاتا ہے، اور یہ حق بچہ کی نانی وغیرہ کو علی الترتیب حاصل ہوجاتا ہے، اس کے بعد ماں زبردستی بچہ کو اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتی۔ (فتاویٰ رحیمیہ ۴۵۸/۸).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (امداد الاحکام ۸۷۴/۴، فتاویٰ حقانیہ ۴۲۶/۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## مدتِ حضانت کے بعد ماں کے پاس رکھنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی کی بیوی کو طلاق ہوئی اور اس کے بچے جو سات اور نو سال کے اوپر ہیں، مفتی یا قاضی ان کو ماں کے پاس رکھنا بہتر سمجھتا ہے، تو یہ فتویٰ دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ پرورش وتربیت کا مدار بچے کے نفع پر موقوف ہے۔ اگر والد میں صفات واخلاق اس درجہ کے نہ ہوں کہ بچہ کی صحیح تربیت کر سکے، نیز بچہ کے اخلاق خراب ہونے کا قوی اندیشہ ہو، اور مفتی اور قاضی ماں کے پاس رکھنا مصلحت سمجھے تو ماں کے پاس رکھنے کا فیصلہ کیا جائے گا، اگر چہ لڑکے کے سات سال اور لڑکی کے نو سال بعد والد کا حق ثابت ہو چکا ہے۔

فتاوی شامی میں ہے:

قلت: الأصوب التفصيل، وهو أن الحاضنة إذا كانت تأكل وحدها وابنها معها فلها حق، لأن الأجنبي لا سبيل له عليها ولا على ولدها، بخلاف ما إذا كانت في عيال ذلك الأجنبي أو كانت زوجة له، وأنت علمت أن سقوط الحضانة بذلك لدفع الضرر عن الصغير، فينبغي للمفتي أن يكون ذا بصيرة ليراعي الأصلح للولد، فإنه قد يكون له قريب مبغض له يتمنى موته، ويكون زوج أمه مشفقاً عليه يعز عليه فراقه، فيريد قريبه أخذه منها ليؤذيه ويؤذيها أو ليأكل من نفقته أو نحو ذلك، وقد يكون له زوجة تؤذيه أضعاف ما يؤذيه زوج أمه الأجنبي، وقد يكون له أولاد يخشى على البنت منهم الفتنة لسكناها معهم، فإذا علم المفتي أو القاضي شيئاً من ذلك لا يحل له نزعه من أمه، لأن مدار أمر الحضانة على نفع الولد ... وقدمنا في العدة عن الفتح عند قوله "إن المختلعة لا تخرج من بيتها في الأصح، أن الحق أن على المفتي أن ينظر في خصوص الوقائع. (فتاوى الشامي ۳/۵٦۵، باب الحضانة، سعيد). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بچہ ماں کی پرورش میں ہوتو مناسب جگہ نکاح کرانے کا حکم:

**سوال:** ایک لڑکی جو نابالغ ہے، اس کی ماں کو طلاق مل چکی ہے، بچی ماں کی پرورش میں ہے، ماں بچی کا کسی مناسب جگہ نکاح کرا سکتی ہے یا نہیں جبکہ بچی کا باپ بظاہر اس نکاح سے خوش نہیں ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نابالغ بچی کی پرورش کا حق اولاً ماں کو ہے، اور جب بچی نو سال کی ہوجائے تو از روئے شریعت باپ کا حق ثابت ہوجاتا ہے، اس لیے کہ باپ بچی کی تعلیم وتربیت اچھی طرح کرسکتا ہے، نیز ولایتِ نکاح بھی باپ کو حاصل ہے۔ لیکن اگر کسی وجہ سے باپ قابل اعتماد نہ رہا ہو، اور بالغ ہونے کے بعد بھی بچی ماں کی پرورش وزیر تعلیم وتربیت ہے، اور باپ کو ذمہ داری کا کوئی احساس نہیں ہے، اور باپ کے پاس رہنے سے ضائع ہونے یا اخلاق خراب ہونے کا اندیشہ ہے تو ماں اپنے پاس رکھ کر بالغ ہونے کے بعد کسی مناسب جگہ لڑکی کا عقدِ نکاح کرسکتی ہے۔

ملاحظہ ہو''البحر الرائق''میں ہے:

**قوله "والأم والجدة أحق بالغلام حتى يستغني، وقدر بسبع،، لأنه اذا استغنى يحتاج إلى تأديب والتخلق بآداب الرجال وأخلاقهم، والأب أقدر على التأديب والتثقيف... قوله "وبها حتى تحيض" أي الأم والجدة أحق بالصغيرة حتى تحيض، لأن بعد الاستغناء تحتاج إلى معرفة آداب النساء، والمرأة على ذلك أقدر، وبعد البلوغ تحتاج إلى التحصين والحفظ، والأب على ذلك أقوى وأهدى ... وأشار المصنف إلى أنها لو زوجت قبل أن تبلغ لا تسقط حضانتها. وقال في القنية: الصغيرة إذا لم تكن مشتهاة ولها زوج لا يسقط حق الأم في حضانتها ما دامت لا تصلح للرجال.** (البحر الرائق: ٤/ ١٧٠، باب الحضانة، کوئٹہ).

عالمگیری میں ہے:

**لا حق لغير المحرم في حضانة الجارية، ولا للعصبة الفاسق على الصغيرة. كذا في الكفاية.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٥٤٢).

ہدایہ میں ہے:

**والترتيب في العصبات في ولاية النكاح كالترتيب في الإرث، والأبعد محجوب بالأقرب.** (الهداية: ٢/٣١٦).

عالمگیری میں ہے:

**وأجمعوا أن الأقرب إذا عضل تنتقل الولاية إلى الأبعد، كذا في الخلاصة. غاب الولي أو عضل أو كان الأب أو الجد فاسقاً فللقاضي أن يزوجها من كفء. كذا في الوجيز للكردري.** (الفتاوى الهندية: ١/٢٨٥).

فتاوی شامی میں ہے:

**ينبغي للمفتي أن يكون ذا بصيرة ليراعي الأصلح للولد، فإنه قد يكون له قريب مبغض له يتمنى موته... فإذا علم المفتي أو القاضي شيئاً من ذلك لا يحل له نزعه من أمه، لأن مدار أمر الحضانة على نفع الولد ... وقدمنا في العدة عن الفتح عند قوله "إن المختلعة لا تخرج من بيتها في الأصح، أن الحق أن على المفتي أن ينظر في خصوص الوقائع.** (فتاوى الشامي ٣/٥٦٥، باب الحضانة، سعيد). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## لڑکے کو فون کرنے اور چھٹی میں لے جانے کا حکم:

**سوال:** بچہ ماں کی پرورش میں ہے، اور سات سال تک ماں کا حق ہے، اس دوران بچہ کا باپ بچہ کے ساتھ فون پر بات چیت کرسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب بچہ ماں کے پاس ہے، اور باپ ٹیلیفون کے ذریعہ بات چیت کرنا چاہے یا دیکھنا چاہے تو فون بھی کرسکتا ہے اور دیکھ بھی سکتا ہے، نیز شہر کے اندر لے جاسکتا ہے، لیکن شہر کے باہر لے جانے کی اجازت نہیں۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**لا يجبر أن يرسله، وكذا يقال في جانبها وقت حضانتها.**

**وفيه: كما يمنع الأب من إخراجه من بلد أمه بلا رضاها ما بقيت حضانتها.** (فتاوى الشامي: ٥٧١/٣، سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**الولد متى كان عند أحد الأبوين لا يمنع الآخر عن النظر إليه.** (الفتاوى الهندية: ٥٤٣/١).

**مزید ملاحظہ ہو:** (جامع أحكام الصغار: ١٠١/١۔ والفتاوى التاتارخانية: ٩٠/٤، حكم الولد عند افتراق الزوجين۔ والبحر الرائق مع الحاشية: ١٧٣/٤۔ وفتاوى رحيميه مرتب: ٤٥٨/٨ باب الحضانت۔ وخزانة الفقه، باب المقادير، ما زاد على يوم واحد، ص ٣٢٤، المكتبة الغفورية العاصمية). **واللہ ﷻ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

﴿وعلى المولود له رزقهن وكسوتهن بالمعروف﴾

(سورة البقرة:٢٣٣).

وقال: ﴿لينفق ذو سعة من سعته، ومن قدر عليه رزقه فلينفق مما آتاه الله، سيجعل الله بعد عسر يسرا﴾

(سورة الطلاق:٦).

# باب......(١٥)

# نفقہ اور سکنی کا بیان

وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع:

"...ولهن عليكم نفقتهن وكسوتهن بالمعروف".

(مسند أبي عوانة و مسند أبي حنيفة).

# باب……﴿۱۵﴾

# نفقہ اور سکنی کا بیان

## مطلقہ بائنہ کے میکے میں عدت گزارنے پر نفقہ کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے بیوی کو طلاقِ بائن یا مغلظ دی، مگر بیوی عدت میں شوہر کے گھر پر رہنے کے لئے تیار نہیں ہے، کیا وہ نفقۂ عدت کی مستحق ہے یا نہیں؟ نیز نفقہ کی وضاحت فرمادیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بلا کسی عذر شرعی کے شوہر کے گھر عدت نہ گزارنے سے ناشزہ شمار ہوگی، اور ناشزہ کا نفقہ شوہر پر واجب نہیں ہے، لیکن اگر شوہر بطورِ احسان کچھ خرچ کردے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**وفی الدر المختار: لا نفقة لأحد عشر... وخارجة من بيته بغير حق وهي الناشزة حتى تعود، ولو بعد سفره. وفي الشامية: (قوله بغير حق) احتراز عما لو خرجت حتى يدفع لها المهر. ولها الخروج في مواضع مرت في المهر. (قوله وهي الناشزة) أي بالمعنى الشرعي، أما في اللغة فهي العاصية على الزوج المبغضة له.** (الدر المختار مع رد المحتار: ۵۷۶/۳، باب النفقة، ط: سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**ولو وجبت العدة على المرأة، ثم حبست بحق عليها تسقط النفقة، والمعتدة إذا**

**كانت لا تلزم بيت العدة ، بل تسكن زماناً وتبرز زماناً لا تستحق النفقة ، كذا في الظهيرية.**
(الفتاوى الهندية : ١/٥٥٨، فصل في نفقة المعتدة).

فتاوی بزازیہ میں ہے:

**والناشزة التي لاتستحق النفقة هي الخارجة عن منزله بلا إذن بلا حق** . (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ٤/١٥٩ ، التاسع عشر في النفقات، وكذا في البحر الرائق: ٤/١٩٩، كوئته).

احسن الفتاوی میں ہے:

زینب پر واجب تھا کہ طلاق کے بعد فوراً زید کے مکان میں چلی جائے اور وہاں عدت گزارے، چونکہ وہ زوج کے مکان میں عدت نہیں گزار رہی، اس لئے اس کو نفقہ وسکنی کا حق نہیں رہا، نہ دینے سے زید گنہگار نہیں۔(احسن الفتاوی:۵/۴۶۴)

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

اگر عورت بلا عذر اور بلا وجہ شرعی شوہر کی ناشزہ ہوکر، شوہر کی مرضی کے خلاف چلی جائے تو خرچ وغیرہ کی حقدار نہیں...فتاوی اسعدیہ میں ہے:

**اعلم أن المرأة إذا طلقت فإنها تعتد في البيت الذي كانت فيه ساكنة من قبل، ويجب عليه النفقة والسكنى، وإن خرجت باختيارها فهي ناشزة لا تجب لها نفقة.**(١/١١٥).

اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی تحریر فرماتے ہیں:

آرے نان ونفقہ مقابل احتباس درخانہ است، اگر از خانہ برآید بلا اذنِ زوج نفقہ وکسوہ واجب نہ ماند۔ قاعدہ فقہ است کہ نفقہ جزائے احتباس است۔مجموعہ فتاوی عزیزی ۱/۱۳۔(فتاوی رحیمیہ:۸/۴۳۲).

## نفقہ سے متعلق ضروری وضاحت:

### نفقہ کی حقیقت:

شریعت نے کسی کی زندگی کے بقاء کے لیے جو خرچ ضروری قرار دیا ہے وہ نفقہ ہے، اور انسان کے لئے کھانے پینے کا سامان، کپڑا اور مکان نفقہ ہے۔

فتح القدیر میں ہے:

**فی الشرع: الادرار علی الشيء بما هو بقاء ه.** (فتح القدير ٣٧٨/٤، باب النفقة، ط: دارالفكر۔و كذا في العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير: ٣٧٨/٤، ط: دارالفكر).

**وفي البحر الرائق: النفقة: هي في اللغة ما ينفق الإنسان على عياله ونحو ذلك ... وأما في الشريعة: فذكر في الخلاصة: قال هشام: سألت محمداً عن النفقة، قال: النفقة: هي الطعام والكسوة والسكنى.** (البحر الرائق: ١٧٣/٤، باب النفقة، كوئته۔و كذا في الفقه الإسلامي وأدلته: ٧٦٥/٧، ط: دارالفكر).

## وجوبِ نفقہ کے اسباب:

وجوبِ نفقہ کے اسباب تین ہیں: (۱) زوجیت۔ (۲) قرابت۔ (۳) ملک۔

یعنی بیوی کا نفقہ شوہر پر بیوی ہونے کی وجہ سے واجب ہے، اسی طرح ذی رحم اہل قرابت کا نفقہ اس کے متوقع وارثوں پر، نیز والدین کا نفقہ اولاد پر اور اولاد کا نفقہ والدین پر واجب ہے۔

اور ہر وہ شئی جو کسی کی ملک میں ہو چاہے وہ مکان ہو، سواری ہو، یا اور کوئی چیز، اس کو کارآمد رکھنے پر حسبِ موقع اس پر خرچ کرنا مالک پر واجب ہے۔

بیوی کا نفقہ نکاح کے نتیجہ میں واجب ہو جاتا ہے، چاہے بیوی مسلمان ہو یا کتابیہ، امیر ہو یا غریب، تندرست ہو یا بیمار، اس کا نفقہ شوہر پر واجب ہے۔

نفقہ نکاحِ صحیح سے واجب ہوتا ہے، اس لئے نکاحِ فاسد کی صورت میں نفقہ واجب نہیں ہوگا۔

جو عورت عدت گزار رہی ہو وہ نفقہ پانے کی مستحق ہے، عدت کے بعد وہ اجنبیہ ہے، اس لئے عدت کے بعد سے طلاق دینے والے کے ذمہ نفقہ واجب نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتح القدیر میں ہے:

**ثم نفقة الغير تجب على الغير بأسباب: الزوجية، والقرابة، والملك.** (فتح القدير: ٣٧٨/٤، ط: دارالفكر۔و كذا في البحر الرائق: ١٧٣/٤، ط: كوئته).

وفي الدر المختار: ونفقة الغير تجب على الغير بأسباب ثلاثة: زوجية، وقرابة، وملك. وفي الشامية: (قوله وملك) شامل لنفقة المملوك من بني آدم والحيوانات والعقار كما في الدر المنتقى، لكن في الأخير لايجبر قضاءً وفي الثاني خلاف. (الدر المختار مع رد المحتار: ۵۷۲/۳، باب النفقة، ط: سعيد).

عالمگیری میں ہے:

تجب على الرجل نفقة امرأته المسلمة والذمية والفقيرة والغنية، دخل بها أو لم يدخل، كبيرة كانت المرأة أو صغيرة يجامع مثلها، كذا في فتاوى قاضيخان. سواء كانت حرة أو مكاتبة، كذا في الجوهرة النيرة ... كل من وطئت بشبهة فلا نفقة لها، كذا في الخلاصة. قال: ولا نفقة في النكاح الفاسد ولا في العدة منه. (الفتاوى الهندية: ۵۴۴/۱، ۵۴۷).

ہدایہ میں ہے:

وإذا طلق الرجل امرأته فلها النفقة والسكنى في عدتها رجعياً كان أو بائناً ... لأن النفقة جزاء احتباس على ما ذكرنا، والاحتباس قائم في حق حكم مقصود بالنكاح وهو الولد، إذا العدة واجبة لصيانة الولد فتجب النفقة، ولهذا كان لها السكنى بالإجماع، وصار كما إذا كانت حاملاً. وحديث فاطمة بنت قيس رده عمر رضي اللّٰه تعالىٰ عنه فإنه قال: "لا ندع كتاب ربنا وسنة نبينا بقول امرأة لا ندري أصدقت أم كذبت، حفظت أم نسيت، سمعت رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلم يقول: للمطلقة الثلاث النفقة والسكنى ما دامت في العدة، ورده أيضاً زيد بن ثابت وأسامة بن زيد وجابر وعائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنهم أجمعين. (الهداية: ۴۴۳/۲). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## چھ سالہ بچہ کا نفقہ والد پر واجب ہونے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی، دونوں کا ایک لڑکا ہے جس کی عمر چھ سال ہے، اور فی

الحال ماں کی پرورش میں ہے، تو بچہ کا نفقہ کس کے ذمہ واجب ہوگا؟ نیز نفقہ میں کیا چیزیں ضروری ہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ چھ سالہ بچے کی پرورش وحضانت کی ماں ذمہ دار ہے، اور نفقہ وغیرہ والد کے ذمہ ہے۔ اور نفقہ میں کھانا، پینا، کپڑے، رہنا، سہنا، دوا، علاج ومعالجہ، اسکول کی فیس وغیرہ تمام ضروری اخراجات شامل ہیں۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**(قوله ولطفله الفقير) أي تجب النفقة والسكنى والكسوة لولده الصغير الفقير لقوله تعالى: ﴿وعلى المولود له رزقهن وكسوتهن بالمعروف﴾، فهي عبارة في إيجاب نفقة المنكوحات إشارة إلى أن نفقة الأولاد على الأب، وأن النسب له، وأنه لا يعاقب بسببه . . . وأن الأب ينفرد بتحمل نفقة الولد ولا يشاركه فيها أحد، وأن الولد إذا كان غنياً والأب محتاجاً لم يشارك الولدَ أحد في نفقة الوالد، وقيد بالطفل وهو الصبي حين يسقط من البطن إلى أن يحتلم.** (البحر الرائق :٤/٢٠١، باب النفقة، ط: كوئته).

درمختار میں ہے:

**(وتجب) النفقة بأنواعها على الحر (لطفله) يعم الأنثى والجمع (الفقير) الحر. وفى الشامية: (قوله بأنواعها) من الطعام والكسوة والسكنى، ولم أر من ذكر هنا أجرة الطبيب وثمن الأدوية، وإنما ذكروا عدم الوجوب للزوجة، نعم صرّحوا بأن الأب إذا كان مريضاً أو به زمانة يحتاج إلى الخدمة فعلى ابنه خادمه وكذلک الإبن.** (الدر المختار مع الشامي ٣/٦١٢، باب النفقة، سعيد).

**وفى الطحطاوي على الدر: (قوله بأنواعها) الثلاثة، الملبوس، والمأكول، والسكنى، لكن في إيجاب السكنى نظر، فإن الطفل لا يحتاج إليها، اللهم إلا أن يقال: إن وجوبها إذا كان محضوناً وطلبت الحاضنة السكنى.** (حاشية الطحطاوي على الدر: ٢/٢٧٢، باب النفقة،ط: كوئته).

**وفي "الفقه الحنفي في ثوبه الجديد":**

**النفقة: وهي ما ينفقه الإنسان على عياله، وتشمل الطعام والكسوة والسكنى وغيرها من ضروريات الحياة.** (الفقه الحنفي في ثوبه الجديد: ۲/۲۳٦، باب النفقة، دمشق۔ وكذا فی الفقه الإسلامي وأدلته: ۷/۷۹٤، ط: دار الفكر)۔ **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## مطلقہ حاملہ ناشزہ کے نفقہ وسکنی کا حکم:

**سوال:** ایک حاملہ عورت اپنے گھر سے مئی سے بھاگ گئی، اگست میں شوہر نے ایک طلاق دیدی، اب مئی سے اگست تک اور اگست سے وضعِ حمل تک نفقہ، سکنی کی مستحق ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت بلا وجہ شوہر کے گھر سے بھاگنے کی وجہ سے ناشزہ کہلائیگی، اور ناشزہ نفقہ کی مستحق نہیں رہتی، لہذا اس عورت کا نفقہ مئی سے وضعِ حمل تک یعنی شوہر کے گھر سے نکلتے ہی ساقط ہوگیا۔ ہاں اگست میں عدت شروع ہوئی تو ایامِ عدت میں صرف سکنی کی مستحق ہوگی، یعنی اگست سے وضعِ حمل تک سکنی کی مستحق ہوگی۔

درمختار میں ہے:

**لا نفقة لأحد عشر ... وخارجة من بيته بغير حق، وهي الناشزة حتى تعود ...**

فتاوی شامی میں ہے:

**(قوله بغير حق) ذكر محترزه بقوله بخلاف ما لو خرجت الخ، وكذا هو احتراز عما لو خرجت حتى يدفع لها المهر. ولها الخروج في مواضع مرت فی المهر. (قوله وهي الناشزة) أی بالمعنى الشرعي، أما فی اللغة فهي العاصية على الزوج المبغضة له.** (فتاوی الشامي: ۳/۵۷٦، باب النفقة، ط: سعيد)۔

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**وإن نشزت فلا نفقة لها حتى تعود إلى منزله، والناشزة هي الخارجة عن منزل زوجها، المانعة نفسها منه، بخلاف ما لو امتنعت عن التمكن في بيت الزوج، لأن الاحتباس**

**قائم.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٤٥، فصل في نفقة الزوجة).

شامی میں ہے:

**(قوله وتجب لمطلقة الرجعي والبائن) كان عليه إبدال المطلقة بالمعتدة، لأن النفقة تابعة للعدة ... وفي المجتبى: نفقة العدة كنفقة النكاح. وفي الذخيرة: وتسقط بالنشوز وتعود بالعود، وأطلق فشمل الحامل وغيرها، والبائن بثلاث أو أقل، كما في الخانية ... قال في البحر: فالحاصل أن الفرقة إما من قبله أومن قبلها، فلو من قبله فلها النفقة مطلقاً، سواء كانت بمعصية أولا، طلاقاً أو فسخاً، وإن كانت من قبلها فإن كانت بمعصية فلا نفقة لها، ولها السكنى في جميع الصور.** (رد المحتار: ٣/٦٠٩، باب النفقة، ط: سعيد).

حاشیۃ الطحطاوی علی الدر میں ہے:

**الأصل أن الفرقة متى كانت من جهة الزوج فلها النفقة، وإن كانت من جهة المرأة إن كانت بحق لها النفقة، وإن كانت بمعصية لا نفقة لها.** (حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ٢/٢٧١، ط: كوئته).

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

شوہر کے مکان میں عدت گزارنے میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے، پھر بھی عورت اپنے باپ کے یہاں عدت گزارنا چاہتی ہے تو عدت کے خرچہ کا مطالبہ نہیں کرسکتی، لیکن شوہر تبرعاً دیدے تو بہتر ہوگا۔ (فتاوی رحیمیہ: ۸/۴۴۴).

مزید ملاحظہ ہو: (احسن الفتاوی: ۵/۴۶۴، ۴۶۵۔ وامداد الاحکام: ۲/۸۸۳)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## میڈیکل وغیرہ شوہر کے ذمہ ہونے کا حکم:

**سوال:** کیا عورت کے میڈیکل اخراجات شوہر پر لازم ہیں یا نہیں؟ نیز اگر حاملہ ہے تو ہسپتال کے

اخراجات کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دوا وغیرہ کا خرچہ، نیز علاج ومعالجہ کے اخراجات وغیرہ دیانۃً شوہر کے ذمہ لازم اور واجب ہیں، اگر چہ قضاءً واجب نہیں۔ نیز اس میں عرف کا اعتبار ہے، اور عام طور پر عرف میں بخوشی شوہر اس قسم کے اخراجات برداشت کرتا ہے، لہذا امیڈیکل وغیرہ اخراجات بھی دینا چاہئے۔

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**ولا يجب الدواء للمرض، ولا أجرة الطبيب، ولا الفصد، ولا الحجامة، كذا في السراج الوهاج.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٥٤٩، فصل في نفقة الزوجة).

علامہ ابن نجیم مصریؒ نے مجتبیٰ کے حوالے سے ذکر فرمایا ہے کہ نفقہ میں عرف وعادت کا بڑا دخل ہے، یعنی عرف پر اس کا مدار ہے، عرفاً جو چیزیں دی جاتی ہیں، ان چیزوں کا دینا ضروری اور لازم ہے۔ اور علاج ومعالجہ عرف میں شوہر برداشت کرتا ہے۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**وفي المجتبى: أن ذلک يختلف باختلاف الأماكن والعادات، فيجب على القاضي اعتبار الكفاية بالمعروف في كل وقت ومكان.** (البحر الرائق: ٤/ ١٧٧، باب النفقة۔ط: کوئٹہ).

اسلامی فقہ میں ہے:

بعض فقہاء نے لکھا ہے کہ دوا، علاج کا خرچ شوہر کے ذمہ واجب نہیں ہے، بلکہ اس کے اوپر صرف نان ونفقہ واجب ہے، اگر وہ دوا علاج کرتا ہے تو یہ اس کا احسان ہے۔ اس مسئلہ میں راقم کی رائے یہ ہے کہ دوا علاج وغیرہ خاص طور پر اس زمانے میں انسان کی اس سے کم بنیادی ضرورت نہیں ہے جیسے کہ تیل، کنگھی اور صابن وغیرہ ہے۔ جب عورت کے جسم کی صحت وصفائی کے لئے ان چیزوں کے فراہم کرنے کو فقہاء نے واجب لکھا ہے، تو پھر دوا علاج کیوں نہ واجب ہو؟ پھر فقہاء یہ بھی لکھتے ہیں کہ بالغ لڑکوں کا نفقہ باپ پر واجب نہیں ہے، لیکن اگر کوئی بالغ لڑکا بیمار پڑ جائے تو اس کا نان نفقہ باپ پر ضروری ہو جاتا ہے، اور پھر یہ تو لڑکا ہے۔ فقہاء نے مضارب کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کو علاج کا خرچ بھی ملیگا، کیونکہ بغیر اس کے مضارب کا کام وہ نہیں کرسکتا، تو عورت

سے جو فوائد متعلق ہیں، ان کا لحاظ کرکے اس کے دوا علاج کا خرچ مرد پر ضروری کیوں نہ قرار دیا جائے۔ اگر عورت اس کا بار خود شوہر پر نہ ڈالے تو یہ عورت کا احسان کیوں نہ سمجھا جائے۔ اس کے علاوہ مرض کی اور اس کے دوا علاج کی اہمیت خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک ارشاد سے معلوم ہوتی ہے، اس کی روشنی میں بھی یہ عورت کا ضروری حق قرار دیا جانا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی ہندیہ میں ہے:

**ویجب لها ما تنظف به وتزيل الوسخ كالمشط والدهن، وما تغسل به الرأس من السدر والخطمي، وماتزيل به الدرن كالأشنان والصابون على عادة أهل البلد.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٤٩).

**ولا يجب على الأب نفقة الذكور الكبار إلا أن يكون الولد عاجزاً عن الكسب لزمانة أو مرض، ومن يقدر على العمل لكنه لا يحسن العمل فإنه بمنزلة العاجز. كذا في فتاوى قاضيخان.** (الفتاوى الهندية: ١/٥٦٣، فصل في نفقة الأولاد).

اسی طرح بچہ جننے کے وقت دائی وغیرہ کی فیس کے بارے میں فقہاء نے لکھا ہے کہ اس کو وہ برداشت کریگا جو اس کو بلائے گا، یعنی بیوی خود بلائے گی تو وہی برداشت کرے گی، اور اگر شوہر بلائے گا تو وہی برداشت کرے گا۔ راقم کے ناقص خیال میں وہ بھی ہر حال میں مرد ہی کی ذمہ داری ہونی چاہئے، کیونکہ جب بچہ اس کا ہے، جب اسی پر اس کے دودھ پلوانے کی اجرت اور اس کا نفقہ واجب ہے، تو پھر ولادت کے وقت کے تمام اخراجات اس پر کیوں نہ واجب ہوں، جبکہ یہ ایسا نازک موقع ہوتا ہے کہ اس وقت کی ذرا سی بے احتیاطی سے زچہ اور بچہ دونوں کی جان خطرے میں پڑ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے، درمختار کے اس جزئیہ پر ابن عابدین نے جو لکھا ہے، اوپر لکھی گئی تمام صورتوں پر اس کا اطلاق کرنا چاہئے۔ "**ويظهر لي ترجيح الأول، لأن نفع القابلة معظمه يعود إلى الولد، فيكون على أبيه**". (رد المحتار: ٣/٨٩٣ـ ط: سعيد).

اس لئے کہ بیوی کے دوا علاج کا سارا فائدہ شوہر کو پہونچے گا۔

پھر یہ کتنی تکلیف دہ بات ہوگی کہ ہم اس کی صحت کی حالت میں اس سے فائدہ اٹھائیں، اور دوا علاج کے

لئے اسے بے سہارا چھوڑ دیں، یا اس کے والدین کے سر ذمہ داری ڈال دیں۔ فقہاء نے جس زمانے میں یہ رائے دی تھی، اس زمانے میں نہ تو اتنے پیچیدہ امراض پیدا ہوئے تھے، اور نہ دوا علاج ضروریاتِ زندگی میں داخل ہوا تھا، اس لئے شرعی مسئلہ کا تعلق عرف وحالات سے ہے، ظاہر ہے کہ اس وقت حالات بدل چکے ہیں۔ (اسلامی فقہ: ۲/ ۱۱۸، ۱۱۹).

وفي الدر المختار: وفيه أجرة القابلة على من استأجرها من زوجة وزوج. ولو جائت بلا استئجار قيل: عليه، وقيل: عليها. وفي الشامية: (قوله: قيل عليه) عبارة البحر عن الخلاصة: فلقائل أن يقول: عليه لأنه مؤنة الجماع... ويظهر لي ترجيح الأول، لأن نفع القابلة معظمه يعود إلى الولد، فيكون على أبيه. تأمل. (الدر المختار مع رد المحتار ۳/ ۵۷۹، باب النفقة، ط: سعيد).

قال الدكتور وهبة الزحيلي في كتابه "الفقه الإسلامي وأدلته": ويظهر لدي أن المداواة لم تكن في الماضي حاجة أساسية، فلا يحتاج الإنسان غالباً إلى العلاج، لأنه يلتزم قواعد الصحة والوقاية، فاجتهاد الفقهاء مبني على عرف قائم في عصرهم. أما الآن فقد أصبحت الحاجة إلى العلاج كالحاجة إلى الطعام والغذاء، بل أهم، لأن المريض يفضل غالباً ما يتداوي به على كل شيء، وهل يمكنه تناول الطعام وهو يشكو ويتوجع من الآلام والأوجاع التي تبرح به وتجهده وتهدده بالموت؟ لذا فإنا نرى وجوب نفقة الدواء على الزوج كغيرها من النفقات الضرورية، وكما تجب على الوالد نفقة الدواء اللازم للولد بالإجماع، وهل من حسن العشرة أن يستمتع الزوج بزوجته حال الصحة، ثم يردها إلى أهلها لمعالجتها حال المرض؟! (الفقه الإسلامي وأدلته ۷/ ۷۹٤، نفقات العلاج، ط: دار الفكر). واللہ ﷻ اعلم۔

## تفریق کے بعد چھ سات سالہ بچہ کا حکم:

**سوال:** زوجین کے درمیان میں تفریق ہوگئی، اور بچہ سات سال سے کم ہے، اور باپ کے بچہ کے

ساتھ تعلقات نہیں رکھے، تو کیا والد پر اس کا نفقہ واجب ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ سات سال سے کم کے بچہ کا نفقہ ہر صورت میں والد پر لازم ہے، چاہے تعلقات ہوں یا نہ ہوں۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**(وتجب) النفقة بأنواعها على الحر (لطفله) يعم الأنثى والجمع (الفقير) الحر. وفي الشامية: (قوله بأنواعها) من الطعام والكسوة والسكنى...(قوله لطفله) هو الولد حين يسقط من بطن أمه إلى أن يحتلم. (قوله الفقير) أي إن لم يبلغ حد الكسب...** (الدر المختار مع رد المحتار: ٦١٢/٣، باب النفقة، ط: سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**نفقة الأولاد الصغار على الأب لا يشاركه فيها أحد، كذا في الجوهرة النيرة ... وبعد الفطام يفرض القاضي نفقة الصغار على قدر طاقة الأب، وتدفع إلى الأم حتى تنفق على الأولاد، فإن لم تكن الأم ثقة تدفع إلى غيرها لينفق على الولد...** (الفتاوى الهندية: ٥٦١/١).

واللہ ﷻ اعلم۔

## بچہ ملنے کا امکان نہ ہو تو نفقہ کا حکم:

**سوال:** اگر والدہ کا خاندان والد کو بچے کے دیکھنے کی اجازت بھی نہیں دیتا، اور سات سال پورے ہونے کے بعد ایک فیصد بھی والد کو بچے کے ملنے کا امکان نہیں، تو کیا پھر بھی اس کا نفقہ باپ پر لازم ہوگا، مثلاً والد مطالبہ کرتا ہے کہ بچہ ہفتہ میں ایک مرتبہ ہمارے گھر رہیگا، اور وہ لوگ اجازت نہیں دیتے تو کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بچہ کھانے، پینے اور استنجاء کرنے کی قدرت نہیں رکھتا، وہاں تک یعنی سات سال ماں کا حق حضانت ہے، اور اس درمیان نفقہ والد کے ذمہ ہے، ہاں سات سال کے بعد بچہ خود کھانے پینے

اور استنجاء کی قدرت رکھتا ہے تو ماں کا حق ختم ہو چکا، اب بچہ والد کے پاس رہیگا۔ اگر والدہ اور اس کے گھر والے بلا کسی شرعی وجہ کے بچہ باپ کو سپرد نہ کریں تو بچہ کا نفقہ ساقط ہو جائے گا، یعنی باپ اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا، نیز مدتِ حضانت کے درمیان والد کو ملاقات کی اجازت دینا چاہئے، ملاقات اور دیکھنے کی اجازت نہ دینا ظلم ہے۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

**والأم و الجدة أحق بالغلام حتى يستغني ، وقدر بسبع ، لأنه اذا استغنى يحتاج إلى تأديب والتخلق بآداب الرجال وأخلاقهم، والأب أقدر على التأديب والتثقيف. وما ذكره المصنف من التقدير بسبع قول الخصاف اعتباراً للغالب، لأن الظاهر أن الصغير إذا بلغ السبع يهتدي بنفسه إلى الأكل والشرب واللبس والاستنجاء وحده، فلا حاجة إلى الحضانة ... لأن الأب مأمور أن يأمره بالصلاة إذا بلغها، وإنما يكون ذلك إذا كان الولد عنده.** (البحر الرائق: ٤/١٦٩،ط: كوئته).

درمختار میں ہے:

**(وتجب) النفقة بأنواعها على الحر (لطفله) يعم الأنثى والجمع (الفقير) الحر. وفي الشامية: (قوله بأنواعها) من الطعام والكسوة والسكنى ... (قوله لطفله) هو الولد حين يسقط من بطن أمه إلى أن يحتلم. (قوله الفقير) أي إن لم يبلغ حد الكسب ...** (الدرالمختارمع رد المحتار: ٣/٦١٢، باب النفقة، سعيد).

فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

**وفي الحاوي: الولد إذا كان عند أحد الأبوين لا يمنع الآخر عن النظر وعن تعاهده.**

(الفتاوى التاتارخانية ٤/٩٠، حكم الولد عند افتراق الزوجين).

"**خزانة الفقه**" میں ہے:

**والمطلقة البائنة خرجت بولدها إلى موضع يقدر الزوج أن يزور ولده في يومه لها ذلك، وإن خرجت إلى موضع لم يقدر الزوج أن يزوره في يومه لم يجز.** (خزانة الفقه، باب

المقادیر، ما زاد علی یوم واحد، ص ٣٢٤، المكتبة الغفورية العاصمية).

جامع احکام الصغار میں ہے:

**إذا كان الغلام والجارية عند الأم فليس لها أن تمنع الأب من تعاهدهما، وإن صارا إلى الأب فليس له أن يمنع الأم من تعاهدهما والنظر إليهما.** (جامع أحكام الصغار: ١/١٠١۔ وكذا فی البحر الرائق مع الحاشية: ١٧٣/٤). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بالغہ لڑکی ماں کے ساتھ رہنے پر مصر ہوتو نفقہ کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دیدے، اور اس کی بالغہ لڑکی ہو، اور وہ اپنی والدہ کے ساتھ رہنا چاہتی ہے، والد کے ساتھ رہنا نہیں چاہتی تو کیا اس کا نفقہ والد کے ذمہ ہوگا جبکہ لڑکی ازخود نفقہ کا انتظام نہیں کرسکتی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بالغہ لڑکی کا نفقہ والد کے ذمہ ہے، کیونکہ لڑکیوں کا نفقہ شادی ہونے تک مطلقاً والد کے ذمہ ہوتا ہے، ہاں اگر لڑکی کے پاس مال ہوتو اپنے مال میں سے اپنے اوپر خرچ کرے گی۔

ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**ونفقة الإناث واجبة على الآباء ما لم يتزوجن إذا لم يكن لهن مال. كذا في الخلاصة.** (الفتاوى الهندية: ٥٦٣/١).

فتح القدیر میں ہے:

**والأولاد إما صغار وإما كبار، فالأقسام أربعة: الأول أن يكون الأب غنياً والأولاد كباراً، فإما إناث أو ذكور، فالإناث عليه نفقتهن إلى أن يتزوجن إذا لم يكن لهن مال، وليس له أن يؤاجرهن في عمل ولا خدمة وإن كان لهن قدرة، وإذا طلقت وانقضت عدتها عادت نفقتها على الأب.** (فتح القدير: ٤١٠/٤، فصل في نفقة الأولاد الصغار۔ وكذا فی الفتاوى التاتارخانية: ٢٤٠/٤، نفقة ذوی الأرحام).

فتاوی قاضی خان میں ہے:

**ونفقة البنت البالغة في ظاهر الرواية تكون على الأب خاصة**.(فتاوى قاضي خان:١/٤٤٧).

احسن الفتاوی میں ہے:

لڑکی کا نفقہ شادی تک والد پر ہے، البتہ اگر لڑکی خود مالدار ہو، یا کوئی ذریعہ معاش رکھتی ہو تو اس کا نفقہ والد پر نہیں۔ بالغ لڑکے کا نفقہ والد پر نہیں، البتہ وہ اگر کسی مرض وغیرہ کی وجہ سے کسب پر قادر نہ ہو، یا طالبِ علم ہو اور اس کا اپنا مال نہ ہو تو اس کا نفقہ والد پر ہے۔ (احسن الفتاوی:۵/۴۶۳). واللہ ﷻ اعلم۔

## لڑکے کی شادی کے بعد گھر دینے کا حکم:

**سوال:** لڑکے کی شادی کے اخراجات اور شادی کے بعد گھر کا انتظام والد کے ذمہ لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بالغ لڑکے کا نفقہ وغیرہ باپ پر لازم نہیں ہے، ہاں اگر وہ کسی مرض وغیرہ کی وجہ سے کسب پر قادر نہ ہو تو اس کا نفقہ والد پر لازم ہے۔ اور نفقہ میں کھانا کپڑا وغیرہ لازم ہے، لیکن شادی کے بعد الگ مکان باپ کے ذمہ لازم نہیں ہے، نیز شادی کے اخراجات مثلاً مہر، زوجہ کا نفقہ وغیرہ باپ کے ذمہ واجب نہیں ہے، ہاں اگر والد صاحبِ استطاعت ہے تو بیٹے کے لئے مکان کا انتظام کرنا کارِ خیر اور باعثِ ثواب ہے، اگرچہ واجب اور لازم نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی قاضیخان میں ہے:

**ولا يجب عليه نفقة الذكور الكبار إلا أن يكون الولد عاجزاً عن الكسب لزمانة أو مرض، فتكون نفقته على والده**. (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/٤٤٥، فصل في نفقة الأولاد).

فتح القدیر میں ہے:

**أما الكبار فعلى الظاهر وإن لم يكونوا عاجزين لا نفقة لهم**.(فتح القدير:٤/٤١٠، دار الفكر).

احسن الفتاوی میں ہے:

بالغ لڑکے کا نفقہ والد پر نہیں، البتہ اگر وہ کسی مرض وغیرہ کی وجہ سے کسب پر قادر نہ ہو، یا طالبِ علم دین ہو،

اور اس کا اپنا مال نہ ہوتو اس کا نفقہ والد پر ہے۔ اولاد کی شادی کے مصارف والد پر نہیں، لڑکی کی شادی پر تو کوئی خرچ ہے ہی نہیں، اس پر شادی کی وجہ سے کوئی چیز واجب نہیں ہوتی، بلکہ اس کے مصارف بھی شوہر کے ذمہ ہوجاتے ہیں، البتہ لڑکے کی شادی کے مصارف ہیں، جن میں سے مہر اور بیوی کا نفقہ واجب ہے، اور ولیمہ سنت ہے، ان میں سے کوئی خرچ بھی والد کے ذمہ نہیں۔ (احسن الفتاوی:۵/۴۶۴). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بیوی کی تمام ضروریات پورا کرنے کا حکم:

**سوال:** کیا مرد کے لئے اپنی بیوی کی تمام ضروریات پورا کرنا لازم ہے؟ اور نفقہ کا کیا معیار ہے؟

**الجواب:** اگر مرد مالدار ہو یا اس کی آمدنی اچھی خاصی ہو، اور عورت بھی مالدار گھرانے کی ہوتو مرد کو اس کی حیثیت اور اس کے معیارِ زندگی کے بارے میں خیال کر کے نفقہ یعنی کھانا، کپڑا اور مکان دینا پڑے گا۔ اگر مرد خوش حال ہو، یا اس کی آمدنی خوش حال جیسی ہو، مگر عورت غریب گھرانے کی ہوتو مرد کو عورت کی حیثیت کے مطابق نہیں، اپنی حیثیت کے مطابق نان ونفقہ دینا چاہئے۔

ہاں اگر مرد غریب اور تنگ حال ہے، اور عورت بھی غریب گھر کی ہے، تو پھر مرد کو اپنی حیثیت کے مطابق ہی روٹی کپڑا دینا چاہئے۔ اور اگر کوئی مرد غریب ہو مگر عورت مالدار اور خوش حال گھرانے کی ہوتو مرد کو اپنی حیثیت کے ساتھ اس کی حیثیت کا لحاظ کر کے نفقہ دینا چاہئے، مگر خود عورت کا اخلاقی فرض یہ ہے کہ وہ مرد سے اس کی حیثیت سے زیادہ نفقہ طلب نہ کرے۔

آرائش وزیبائش کی وہ چیزیں جو عورتوں کی صحت وصفائی کے لئے ضروری ہے، وہ بھی نفقہ میں داخل ہیں، اور ان کا فراہم کرنا بھی مرد کے لئے ضروری ہے، مثلاً تیل، کنگھی، صابون، غسل اور وضو کا پانی وغیرہ، البتہ جو چیزیں محض آرائش وزیبائش کی ہوں اور ان سے کوئی ضرورت پوری نہ ہوتی ہو، مثلاً پان، تمباکو، کریم، پاؤڈر، لپسٹک وغیرہ، ان کا فراہم کرنا مرد پر ضروری نہیں ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: (اسلامی فقہ:۲/۱۱۵).

گھر کیسا ہونا چاہئے؟ اس کی تفصیل فقہاء نے اس طرح بیان کی ہے:

بیوی کو حتی الامکان شوہر کے گھر کے لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہنا چاہئے، تا کہ خواہ مخواہ مرد کو اس کی وجہ

سے در دِسر نہ مول لینا پڑے، مگر اس کے باوجود مناسب یہ ہے کہ شوہر خود یا اس کے گھر والے عورت کے لئے گھر کا ایک گوشہ یا ایک کمرہ مخصوص کر دیں، تا کہ وہ اپنی چیزیں ایک جگہ حفاظت سے رکھ سکے، اور میاں بیوی وہاں بے تکلفی سے رہ سکے، اور گھر کے دوسرے لوگوں سے اس سلسلہ میں کوئی اختلاف کی نوبت نہ آئے۔

اگر عورت سب کے ساتھ رہنا نہیں چاہتی ہے اور اپنے لئے ایک علاحدہ گھر کا مطالبہ کرتی ہے تو مرد کے لئے اس کو ایک علاحدہ کمرہ یا کم سے کم گھر کا کوئی گوشہ اس کے لئے مخصوص کر دینا ضروری ہے، جس کو وہ بند کر سکے۔ جو جگہ یا کمرہ اس نے اس کے لئے مخصوص کر دیا ہے، اس میں عورت جسے چاہے آنے دے اور جسے چاہے نہ آنے دے۔ اس کے علاوہ دوسری چیزیں مثلاً غسل خانہ، بیت الخلاء اور باورچی خانہ الگ دینا ضروری نہیں ہے۔ لیکن یہ اس صورت کا حکم ہے جب شوہر معمولی حیثیت کا ہو، لیکن اگر شوہر مالدار ہے تو اس کو ایسا گھر دینا چاہئے جس میں اس کی ضرورت کی تمام چیزیں ہوں، مثلاً غسل خانہ، بیت الخلاء، باورچی خانہ وغیرہ۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: (اسلامی فقہ: ۲/۱۲۱).

درحقیقت نفقہ، سکنی کا مدار عرف پر ہے، اگر کسی ملک میں بیوی کو الگ مکان دینے کا عرف ورواج ہو تو شوہر بیوی کو الگ مکان دیدے۔ ہمارے خیال میں جنوبی افریقہ میں الگ مکان دینے کا رواج ہے، لہٰذا اس ملک میں بیوی کے مطالبہ پر شوہر کو الگ مکان دینا چاہئے، جس میں ضروری چیزیں ہوں، مثلاً غسل خانہ، بیت الخلاء، باورچی خانہ وغیرہ۔

ملاحظہ ہو شامی میں ہے:

وينبغي اعتماده في زماننا هذا، فقد مر أن الطعام والكسوة يختلفان باختلاف الزمان والمكان. وأهل بلادنا الشامية لا يسكنون في بيت من دار مشتملة على أجانب، وهذا في أوساطهم فضلاً عن أشرافهم إلا أن تكون داراً موروثة بين إخوة مثلاً، فيسكن كل منهم في جهة منها مع الاشتراك في مرافقها، فإذا تضررت زوجة أحدهم من أحمائها أو ضرتها، وأراد زوجها إسكانها في بيت منفرد من دار لجماعة أجانب وفي البيت مطبخ وخلاء يعدون ذلك من أعظم العار عليهم، فينبغي الإفتاء بلزوم دار من بابها. نعم ينبغي أن لا يلزمه

إسكانها في دار واسعة كدار أبيها أو كداره التي هو ساكن فيها، لأن كثيراً من الأوساط والأشراف يسكنون الدار الصغيرة . وهذا موافق لما قدمناه عن الملتقط من قوله اعتباراً فى السكنى بالمعروف، إذ لا شک أن المعروف يختلف باختلاف الزمان والمكان، فعلى المفتي أن ينظر إلى حال أهل زمانه وبلده، إذ بدون ذلک لا يحصل المعاشرة بالمعروف. وقد قال اللّٰه تعالى: ﴿ولا تضاروهن لتضيقوا عليهن﴾. (فتاوى الشامي:۳/۱ ۰ ٦-۲ ۰ ٦،ط: سعيد).

وفى البحر الرائق: واتفقوا على وجوب نفقة الموسرين إذا كانا موسرين، وعلى نفقة المعسرين إذا كانا معسرين، وإنما الاختلاف فيما إذا كان أحدهما موسراً والآخر معسراً ... أما على المفتى به فتجب نفقة االوسط فى المسئلتين، وهي فوق نفقة المعسرة ودون نفقة الموسرة . (البحر الرائق: ٤/ ١٧٥).

وفى المجتبى أن ذلک يختلف باختلاف الأماكن والعادات فيجب على القاضي اعتبار الكفاية بالمعروف في كل وقت ومكان. (البحر الرائق: ٤/ ١٧٧).

احسن الفتاوی میں ہے:

اگر بیوی مالدار ہوتو اسے الگ مکان دینا واجب ہے، متوسط درجہ کی ہوتو اسی مکان میں ایک مستقل کمرہ کے علاوہ باورچی خانہ، غسلخانہ، اور بیت الخلاء بھی مستقل ہونا ضروری ہے۔ مسکین ہوتو صرف ایک کمرہ کافی ہے۔ باورچی خانہ، غسلخانہ، اور بیت الخلاء مشترک ہوں تو مضائقہ نہیں۔ (احسن الفتاوی: ۵/ ۵۷٦).

لیکن جھگڑے کی صورت میں، یا شوہر کے رشتہ داروں کے ہر وقت آنے کی صورت میں بیوی الگ مکان کا مطالبہ کرسکتی ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## متاع البیت کا حکم:

**سوال:** جس گھر میں میاں بیوی رہتے تھے بعد الطلاق اس گھر کے سامان کے بارے میں کیا حکم ہے؟ شوہر بیوی میں سے کون زیادہ حقدار ہے؟ مثلاً گھڑی، بیڈشیٹ وغیرہ کیا بیوی رکھے گی یا شوہر کو واپس کردے گی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جن اشیاء کے متعلق معلوم ہے کہ شوہر کی ملکیت ہے، وہ شوہر کی ہیں، اور جن اشیاء کے متعلق معلوم ہے کہ بیوی کی ملکیت ہے، وہ بیوی کی ہیں، مثلاً بیوی کو والدین کی جانب سے ملی ہوئی چیزیں بیوی کی ہیں، یا بیوی کے رشتہ داروں نے شادی کے وقت بیوی کے نام سے دی ہیں، وہ سب بیوی کی ہیں، نیز جو سامان بیوی نے اپنی رقم سے خریدا وہ بھی بیوی کا ہے، یا شوہر نے کوئی چیز ہبہ کی ہے، وہ بھی بیوی کی ہیں، اور جس سامان کے متعلق معلوم نہ ہو یا اس کے بارے میں اختلاف ہو اور کسی کے پاس گواہ نہ ہو اس میں تفصیل یہ ہے کہ جو سامان مرد کے استعمال کے قبیل سے ہے تو وہ سامان قسم کے ساتھ مرد کو ملے گا، اور جو عورتوں کے استعمال کی چیزیں ہیں وہ قسم کے ساتھ بیوی کو ملیں گی، اور جو دونوں کے استعمال کی چیز ہے وہ قسم کے ساتھ شوہر لیگا، جب گھڑی وغیرہ کے بارے میں معلوم ہے کہ شوہر کے ہیں تو شوہر کو دینا لازم ہے۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

قوله "وله فيما يصلح لهما" أي القول له في متاع يصلح للرجل وللمرأة، لأن المرأة وما في يدها في يد الزوج، والقول في الدعاوى لصاحب اليد، بخلاف ما يختص بها لأنه يعارضه ظاهر أقوى منه، ولا فرق بين ما إذا كان الاختلاف حال قيام النكاح أوبعد ما وقعت الفرقة، وما يصلح لهما: الفرش والأمتعة والأواني والرقيق والمنزل والعقار والمواشي والنقود كما في الكافي، وبه علم أن البيت للزوج إلا أن يكون لها بينة، وعزاه في خزانة الأكمل إلى الإمام الأعظم، وفي الخانية: ولو أقاما البينة يقضى ببينتها، لأنها خارجة معنى.
(البحر الرائق: ۷/۲۲۶، باب التحالف، كوئته).

وفيه أيضاً: ( وإن اختلف الزوجان في متاع البيت فالقول لكل واحد منهما فيما يصلح له ) لأن الظاهر شاهد له، والمتاع لغةً: كل ما ينتفع به كالطعام والبر وأثاث البيت، وأصله ما ينتفع به من الزاد ... قالوا: والصالح له العمامة والقباء والقلنسوة والطيلسان والسلاح والمنطقة والكتب والفرس والدرع الحديد، فالقول في ذلک له مع يمينه، وما يصلح لها: الخمار والدرع والأساورة وخواتم النساء والحلي والخلخال ونحوها، فالقول

**لها فيها مع اليمين، قالوا: إلا إذا كان الزوج يبيع ما يصلح لها فالقول له لتعارض الظاهرين، وكذا إذا كانت تبيع ما يصلح له لا يقبل قوله لما ذكرنا.** (البحر الرائق: ۷/۲۲۵، باب التحالف)

(وكذا في الدر المختار: ۸/۲۹۔ و فتح القدير: ۸/۲۳٦، دار الفكر۔ ومجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر ۲/۲٦۸). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## عصری تعلیم کے لئے مفقود کے مال سے نفقہ کا حکم:

**سوال:** زید مفقود الخبر ہے، اس کی ایک بیوی اور بچے ہیں، بعض بالغ اور بعض نابالغ ہیں، خاندان من ابناء الکرام ہیں، ایک بچہ جو کہ بالغ ہے باپ کے مال سے انگریزی تعلیم کا خرچہ ادا کرنا چاہتا ہے، کیا وہ بالغ بچہ انگریزی تعلیم کا خرچ باپ کے مال سے ادا کرسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مفقود غائب کی طرح ہے، اور غائب کے بالغ بچوں کو نفقہ دیا جاسکتا ہے، بشرطیکہ کمانے سے عاجز ہوں، یا کمانے سے عار لاحق ہوتی ہو، یا طلبِ علم دین میں مصروف ہوں اور کمانے کی فرصت نہیں۔ لیکن عصری اور انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے لئے مفقود کے مال سے نہیں دیا جائے گا۔ اولاً اس لئے کہ طلبِ علم سے دین کا علم مراد ہے۔ ثانیاً اس بات کی کیا گارنٹی ہے کہ ہمارے بچوں کی اس طرح تعلیم پوری ہوجائیگی یا ان کی تمنائیں پوری کی جائیں گی۔ ثالثاً تعلیم حاصل کرنے والا اس زمانہ میں بآسانی اعلیٰ تعلیم کے لئے اپنے رشتہ داروں یا دوست واحباب سے قرض وغیرہ لے سکتا ہے، لہذا ایسی تعلیم پر مفقود کا مال خرچ نہ کیا جائے۔ ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وكذا تجب لولده الكبير العاجز عن الكسب كأنثى مطلقاً، وزمن، ومن يلحقه العار بالتكسب، وطالب علم لا يتفرغ لذلك، كذا في الزيلعي والعيني. وأفتى أبو حامد بعدمها لطلبة زماننا كما بسطه في القنية. وفي الشامية: (قوله ومن يلحقه العار بالتكسب) كذا في البحر والزيلعي ... الأولى ما في المنح عن الخلاصة: إذا كان من أبناء الكرام ولا يستأجره الناس فهو عاجز. ومثله في الفتح ... (قوله كمابسطه في القنية) حاصله أن السلف قالوا**

بوجوب نفقته على الأب، لكن أفتى أبو حامد بعدمه لفساد أحوال أكثرهم، ومن كان بخلافهم نادر في هذا الزمان، فلا يفرد بالحكم دفعاً لحرج التمييز بين المصلح والمفسد. قال صاحب القنية: لكن بعد الفتنة العامة يعني فتنة التاتار التي ذهب بها أكثر العلماء والمتعلمين نرى المشتغلين بالفقه والأدب اللذين هما قواعد الدين وأصول كلام العرب، يمنعهم الاشتغال بالكسب عن التحصيل، ويؤدي إلى ضياع العلم والتعطيل، فكان المختار الآن قول السلف، وهفوات البعض لا تمنع الوجوب كالأولاد والأقارب. ملخصاً. وأقره في البحر. وقال ح: وأقول: الحق الذي تقبله الطباع المستقيمة ولا تنفر منه الأذواق السليمة: القول بوجوبها لذي الرشد لا غيره، ولا حرج في التمييز بين المصلح والمفسد لظهور مسالك الاستقامة وتمييزه عن غيره. وبالله التوفيق. (الدر المختار مع الشامي:٣/٦١٤، باب النفقة،ط: سعيد).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

وقال الإمام الحلواني: إذا كان الابن من أبناء الكرام ولا يستأجره الناس فهو عاجز، وكذا طلبة العلم إذا كانوا عاجزين عن الكسب لا يهتدون إليه لا تسقط نفقتهم عن آبائهم إذا كانوا مشتغلين بالعلوم الشرعية، لا بالخلافيات الركيكة وهذيان الفلاسفة ولهم رشد، وإلا لا تجب، كذا في الوجيز للكردري. (الفتاوى الهندية:١/٥٦٣، باب النفقة).

(وكذا في الفتاوى البزازية: ٤/١٦٤، التاسع عشر في النفقات). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بوڑھے محتاج والد کا نفقہ اولاد کے ذمہ ہونے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص بوڑھا محتاج ہے، اس کا ایک بیٹا ہے اور ایک بیٹی ہے، اور دونوں صاحبِ حیثیت مالدار ہیں، تو اس بوڑھے شخص کا نفقہ اور خدمت دونوں پر برابر ہے یا صرف بیٹے پر ہے؟ اور اگر یہ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک خود محتاج ہے تو پھر کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اولاد کے مالدار اور صاحبِ حیثیت ہونے کی وجہ سے بوڑھے والد کا نفقہ اور خدمت دونوں پر یکساں ہیں، ہاں اولاد خود محتاج ہوں تو ان پر نفقہ لازم نہیں ہے، اور مالدار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس نصاب کا مالک ہو جس سے صدقہ لینا حرام ہوتا ہے، نیز اگر دونوں کے درمیان مالداری کا تفاوت فاحش ہو تو پھر تفاوت کے موافق نفقہ لازم ہوگا۔

عالمگیری میں ہے:

**قال: ويجبر الولد الموسر على نفقة الوالدين المعسرين، مسلمين كانا أو ذميين قدرا على الكسب أو لم يقدرا ... اليسار مقدر بالنصاب فيما روي عن أبي يوسف رحمه الله تعالى، وعليه الفتوى. والنصاب نصاب حرمان الصدقة، هكذا في الهداية. وإذا اختلطت الذكور والإناث فنفقة الأبوين عليهما على السوية في ظاهر الرواية، وبه أخذ الفقيه أبو الليث، وبه يفتى. كذا في الوجيز للكردري ... قال الشيخ الإمام شمس الأئمة: قال مشايخنا رحمهم الله تعالى: إنما تكون النفقة عليهما على السواء إذا تفاوتا في اليسار تفاوتاً يسيراً، وأما إذا تفاوتا تفاوتاً فاحشاً فيجب أن يتفاوتا في قدر النفقة، كذا في الذخيرة.** (الفتاوى الهندية ١/٥٦٤، ٥٦٥، فصل في نفقة ذوي الأرحام).

**وفي فتاوى الشامية: (قوله يسار الفطرة على الأرجح) أي بأن يملك ما يحرم به أخذ الزكاة، وهو نصاب ولو غير نام، فاضل عن حوائجه الأصلية، وهذا قول أبي يوسف. وفي الهداية: وعليه الفتوى. صححه في الذخيرة، ومشى عليه في متن الملتقى، وفي البحر: أنه الأرجح، وفي الخلاصة: أنه نصاب الزكاة، وبه يفتى. واختاره الولوالجي ... ثم اعلم أن ما ذكره المصنف من اشتراط اليسار في نفقة الأصول صرح به في كافي الحاكم والدرر والنقاية والفتح والملتقى والمواهب والبحر والنهر. وفي كافي الحاكم أيضاً: ولا يجبر المعسر على نفقة أحد إلا على نفقة الزوجة والولد. ومثله في الاختيار، ونحوه في الهداية. وفي الخانية: لا يجب على الابن الفقير نفقة والده الفقير حكماً إلا أن كان والده**

**زمناً لا يقدر على العمل وللابن عيال فعليه أن يضمه إلى عياله وينفق على الكل. وفي الذخيرة أنه ظاهر الرواية عن أصحابنا.** (فتاوى الشامي:۶۲۱/۳، باب النفقة).

**الفقه الاسلامی وادلتہ** میں ہے:

**تجب النفقة على الموسر لقريبه، واليسار عند الحنفية على الأرجح المفتى به: هو يسار الفطرة: وهو أن يملك ما يحرم عليه به أخذ الزكاة وهو نصاب ولو غير نام، فاضل عن حوائجه الأصلية.** (الفقه الاسلامی وادلته:۷۷۲/۷، حد اليسار).

فتاوی بزازیہ میں ہے:

**وإذا اختلط الذكور والإناث فنفقة الأبوين عليهما على السواء في ظاهر الرواية، وبه أخذ الفقيه ابو الليث، وبه يفتى.** (الفتاوى البزازية: ۱۶۴/۴). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## معذور فقیر بھائی کا نفقہ بہنوں کے ذمہ ہونے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص فقیر ومعذور ہے، اسکی والدہ ہے اور ایک حقیقی بہن، ایک ماں شریک بہن اور ایک باپ شریک بہن ہے، تو اس شخص کا نفقہ کس کے ذمہ ہوگا؟ جب کہ یہ سب اغنیاء اور مالدار ہیں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ معذور فقیر شخص کا نفقہ مذکورہ بالا تمام حضرات پر بقدرِ میراث لازم ہوگا۔ یعنی اس شخص کے انتقال پر مذکورہ ورثاء میں سے ہر ایک کو جتنا حصہ شرعی طور پر مل سکتا ہے، اسی حصہ کے بقدر نفقہ لازم ہوگا۔ ﴿**وعلى الوارث مثل ذلک**﴾ اور "**الغرم بالغنم**" کے قاعدہ کے تحت۔

شرعی میراث کے حصے ملاحظہ فرمائیں:

(۱) والدہ: ۱۶.۶۷۔

(۲) حقیقی بہن: ۵۰۔

(۳) ماں شریک بہن: ۱۶.۶۷۔

(۴) باپ شریک بہن: ۱۶.۶۷۔

الغرض مذکورہ بالاحصوں کے مطابق ہر ایک پر نفقہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وتجب أيضاً لكل ذي رحم محرم صغير أو أنثى مطلقاً ولو كانت الأنثى بالغة صحيحة، أو كان الذكر بالغاً لكن عاجزاً عن الكسب بنحو زمانة كعمى وعته وفلج. زاد في الملتقى والمختار: أو لا يحسن الكسب لحرفة أو لكونه من ذوى البيوتات أو طالب علم فقيراً، حال من المجموع بحيث تحل له الصدقة، ولو له منزل وخادم على الصواب، بدائع. بقدر الإرث لقوله تعالى: ﴿وعلى الوارث مثل ذلك﴾، ولذا يجبر عليه. وفي الشامية: (قوله بقدر الإرث) أي تجب نفقة المحرم الفقير على من يرثونه إذا مات بقدر إرثهم منه. (قوله وعلى الوارث مثل ذلك) أي مثل الرزق والكسوة التي وجبت على المولود له، فأناط الله تعالى النفقة باسم الوارث، فوجب التقدير بالإرث.** (الدرالمختارمع الشامي: ۶۲۷/۳،۶۲۹، باب النفقة،ط: سعيد).

وكذا في (فتح القدير :٤/ ٤٢٠ مع الهداية، وشرح العناية على هامش فتح القدير:٤/ ٤٢٠).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے: **والنفقة لكل ذي رحم محرم إذا كان صغيراً فقيراً أو كانت امرأة بالغة فقيرة، أو كان ذكراً فقيراً زمناً أو أعمى، ويجب ذلك على قدر الميراث، ويجبر عليه كذا في الهداية. وتعتبر أهلية الإرث، لا حقيقته كذا في النقاية.** (الفتاوى الهندية :١/ ٥٦٥، فصل في نفقة ذوى الأرحام۔ وكذا في البحر الرائق :٤/ ٢٠٩، كوئته). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## والد اور اولاد کی موجودگی میں نفقہ کا حکم:

**سوال:** ایک آدمی کمزور اور بیمار ہے، اس کا بیٹا اور بیٹی اور والد موجود ہیں، تو اس کا نفقہ کس پر لازم ہوگا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ کمزور اور ناتواں شخص کا نفقہ اس کے بیٹے اور بیٹی پر برابر لازم ہوگا، اور والد

پر کچھ لازم نہیں ہے، اس لئے کہ ولد اقرب ہے، اور اصول وفروع کے اجتماع کے وقت جزئیت اور اقرب کا اعتبار ہوتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

النفقة لأصوله ولو أب أمه، ذخيرة. الفقراء ولو قادرين على الكسب... بالسوية بين الإبن والبنت، وقيل: كالإرث ... والمعتبر فيه القرب والجزئية . وفي الشامية: (قوله بالسوية بين الإبن والبنت) هو ظاهر الرواية، وهو الصحيح، هداية. وبه يفتى، خلاصة. وهو الحق، فتح. وكذا لو كان للفقير ابنان أحدهما فائق في الغنى والآخر يملك نصاباً فهي عليهما سوية، خانية. وعزاه في الذخيرة إلى مبسوط محمد، ثم نقل عن الحلواني: قال مشايخنا: هذا لو تفاوتا في اليسار تفاوتاً يسيراً، فلو فاحشاً يجب التفاوت فيها، بحر.

(قوله والمعتبر فيه القرب والجزئية لا الإرث) أي الأصل في نفقة الوالدين والمولودين القرب بعد الجزئية دون الميراث، كذا في الفتح. أي تعتبر أولاً الجزئية: أي جهة الولاد أصولاً أوفروعاً، وتقدم على غيرها من الرحم، ثم يقدم فيها الأقرب فالأقرب، ولا ينظر إلى الإرث... إلى قوله: القسم الثالث: الفروع مع الأصول، والمعتبر فيه الأقرب جزئية، فإن لم يوجد اعتبر الترجيح، فإن لم يوجد اعتبر الإرث، ففي أب وابن تجب على الإبن لترجيحه بـ "أنت ومالک لأبيک" ذخيرة وبدائع. (الدر المختار مع فتاوى الشامي:٣/٦٢٣،٦٢٤، باب النفقة، ط:سعيد۔ وكذا في فتح القدير مع الهداية: ٤/٤١٧، دارالفكر).

وفي الهندية: وإذا اختلطت الذكور والإناث فنفقة الأبوين عليهما على السوية في ظاهر الرواية، وبه أخذ الفقيه أبو الليث، وبه يفتى. كذا في الوجيز للكردري. (الفتاوى الهندية: ١/٥٦٤، فصل في نفقة ذوي الأرحام).

البحر الرائق میں ہے:

وإن الولد إذا كان غنياً والأب محتاجاً لم يشارک الولدَ أحد في نفقة الوالد، ذكره

**المصنف في شرح المنار**. (البحر الرائق: ٤/٢٠١، باب النفقة، ط: کوئٹہ). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## بالغ اولاد کا نفقہ والد کے ذمہ ہونے کا حکم:

**سوال:** اگر بالغ اولاد معذور ہو اور ان کے والدین دونوں متمول اور مالدار ہوں تو اس کا نفقہ دونوں پر ہے یا صرف والد پر؟ اگر دونوں پر ہو تو کس حساب سے ہوگا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ظاہر الروایہ کے مطابق معذور اولاد کا نفقہ صرف والد صاحب پر لازم ہے والدہ پر کچھ لازم نہیں ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**قال (الإمام القدوری): وتجب نفقة الابنة البالغة والابن الزمن على أبويه أثلاثاً على الأب الثلثان وعلى الأم الثلث ...قال العبد الضعيف هذا الذى ذكره رواية الخصاف والحسن وفي ظاهر الرواية كل النفقة على الأب.** (الهداية:٢/٤٤٧).

علامہ سرخسیؒ نے ظاہر الروایہ کو ترجیح دی ہے ملاحظہ ہو:

**وإن كانوا ذكوراً بالغين لم يجبر الأب على الإنفاق عليهم لقدرتهم على الكسب إلا من كان منهم زمناً أو أعمى أومقعداً أوشل اليدين ...فحينئذٍ تجب النفقة على الوالد.** (المبسوط للسرخسیؒ: ٥/٢٢٢).

درمختار میں ہے:

**وكذا تجب لولده الكبير العاجز عن الكسب كأنثى مطلقاً وزمن ...لا يشاركه أى الأب ولو فقيراً أحد في ذلک ...به يفتى مالم يكن معسراً قال الشامي: قوله وبه يفتى راجع إلى مسألة الفروع ومقابله ماروي عن الإمام أن نفقة الولد على الأب والأم أثلاثاً يعنى الكبير أما الصغير فعلى أبيه خاصة بلاخلاف...وصرح العلامة قاسم بأن عدم الفرق بينهما هو ظاهر الرواية وبأن عليه الفتوىٰ فلذا تبعه الشارع.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:٣/٦١٥).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوی الهندية: ۱/ ۵٦۳ ،و کنز الدقائق، ص ۱۵۵ ،ومنحة الخالق: ٤/ ۲۰۸ ،و احسن الفتاوی: ٥/ ٤٦۳). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## غیر مسلم والدین کے نفقہ کا حکم:

**سوال:** اگر کسی کے والدین غیر مسلم ہیں تو ان کا نفقہ لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ غیر مسلم والدین کا نفقہ بیٹے کے ذمہ واجب اور لازم ہے، بشرطیکہ والدین حربی نہ ہوں۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**وعلى الرجل أن ينفق على أبويه وأجداده وجداته إذا كانوا فقراء وإن خالفوه في دينه. أما الأبوان فلقوله تعالى: ﴿وصاحبهما فى الدنيا معروفا﴾ نزلت فى الأبوين الكافرين، وليس من المعروف أن يعيش في نعم الله تعالى ويتركهما يموتان جوعاً...ولا تجب النفقة مع اختلاف الدين إلا للزوجة والأبوين والأجداد والجدات والولد وولد الولد ... إلا أنهم إذا كانوا حربيين لا تجب نفقتهم على المسلم وإن كانوا مستأمنين، لأنا نهينا عن البر في حق من يقاتلنا فى الدين.**

**وفي فتح القدير: فأما الآباء الحربيون فإن كانوا مستأمنين في دارنا لا يجبر الابن على النفقة عليهم لقوله تعالى: ﴿لا ينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم فى الدين ولم يخرجوكم من دياركم أن تبروهم (إلى قوله) إنما ينهاكم الله عن الذين قاتلوكم فى الدين﴾.** (الهداية مع فتح القدير: ٤/ ٤١٥، باب النفقة، ط: دار الفكر).

**وفي شرح العناية: فقد فسر النبي صلى الله عليه وسلم حسن المصاحبة بأن يطعمهما إذا جاعا، ويكسوهما إذا عريا، وكلامه واضح.** (شرح العناية: ٤/ ٤١٦، دار الفكر).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (فتاوى الشامي: ۳/ ٦۳۱ ـ والفتاوى الهندية: ۱/ ٥٦٤ ـ والبحر الرائق: ٤/ ۲۰٥). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## والدین کا مرتد لڑکے سے نفقہ قبول کرنے کا حکم:

**سوال:** مسلمان والدین مرتد لڑکے سے نفقہ قبول کر سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ اس کے علاوہ ان کے لیے اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے۔

**الجواب:** مرتد اگر اسلام میں واپس نہ آئے تو اس کی سزا شرعاً قتل ہے، لیکن غیر مسلم ممالک میں سزا کا قانون نہیں ہے اس لیے مرتد کافر کے حکم میں ہوگا اور کافر سے تو ہدیہ قبول کرنا جائز ہے، لیکن مرتد کے ساتھ بائیکاٹ کرنا چاہئے، اور اس سے نفقہ قبول نہیں کرنا چاہئے، اور مسلمانوں کو چاہئے کہ اس کے والدین کے لیے نفقہ کا انتظام کرلیں۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**قوله مع الاختلاف ديناً أى كالكفر والإسلام ، فلا يجب على أحدهما الإنفاق على الآخر ، وفيه إشعار بأن نفقة السكنى على المسر الشيعي كما يشير إليه فى التكميل قهستاني، والمراد الشيعي المفضل، بخلاف الساب القاذف فإنه مرتد يقتل إن ثبت عليه ذلک، فإن لم يقتل تساهلاً في إقامة الحدود فالظاهر عدم الوجوب ، لأن مدار نفقة الرحم المحرم على أهلية الإرث، ولاتوارث بين مسلم ومرتد، نعم لو كان يجحد ذلک ولا بينة يعامل بالظاهر وإن اشتهر حاله بخلافه ، والله سبحانه أعلم.** (فتاوى الشامى:۶۳۱/۳).

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی صاحبؒ فرماتے ہیں:

غیر مسلم کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے مگر مرتد کے ساتھ جائز نہیں۔ (آپ کے مسائل اوران کا حل:۶۹/۱).

دوسری جگہ فرماتے ہیں: غیر مسلم کا ہدیہ قبول کرنا جائز ہے، بشرطیکہ ناپاک نہ ہو۔

(آپ کے مسائل اوران کا حل:۶۷/۱) . واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

﴿والوالدات يرضعن أولادهن حولين كاملين
لمن أراد أن يتم الرضاعة﴾

(سورة البقرة: الآية:۲۳۳)

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

"يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب"

(رواه البخاری)

# باب الرضاع

# رضاعت کا بیان

## مطلق رضاعت سے حرمت کا ثبوت اور خمس رضاعات کی تحقیق:

**سوال:** بعض آزاد خیال لوگ یہ اشکال کرتے ہیں کہ مسلم شریف کی روایت میں مذکور ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو اس وقت پانچ رضاعات یعنی پانچ دفعہ دودھ پلانے کی تلاوت ہوتی رہی، حالانکہ قرآن کریم میں پانچ رضاعات کا نام ونشان نہیں۔

مسلم شریف کی روایت حسبِ ذیل ہے:

**کان فیما أنزل من القرآن عشر رضاعات معلومات یحرمن، ثم نسخن بخمس معلومات، فتوفي رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم وهي فیما یقرء من القرآن.** (رواه مسلم: ۱/۴۶۹)

اس روایت سے بظاہر قرآن پر زد پڑتی ہے کہ آپ کی وفات کے بعد پانچ رضاعات کہاں گئے، حالانکہ قرآن کریم قطعاً محفوظ ہے۔

**قال اللّٰه تعالی: ﴿إنا نحن نزلنا الذکر وإنا له لحافظون﴾.** (سورة الحجر: ۹).

**وقال: ﴿لا یأتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه، تنزیل من حکیم حمید﴾.** (فصلت: ۴۲).

**وقال: ﴿بل هو آیات بینات في صدور الذین أوتوا العلم﴾.** (العنکبوت: ۴۹).

اس اشکال کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** (۱) اس اشکال کا مختصر حل یہ ہے کہ اس میں یہ الفاظ کہ ’’دس رضاعات پانچ رضاعات سے منسوخ ہوئیں‘‘ سب روایات میں موجود ہیں، اور یہ الفاظ " فتوفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وهي فيما يقرأ من القرآن" عمرہ کے شاگردوں میں سے صرف عبداللہ بن ابی بکر بیان کرتے ہیں۔ عمرہ کے دوسرے شاگرد یحیی بن سعید انصاری جن کی روایت مسلم شریف (۱/ ٤٦٩) میں اور قاسم بن محمد جن کی روایت " المعتصر من المختصر" (۱/ ۳۲۱) میں موجود ہے، ان دونوں میں یہ الفاظ نہیں ہیں۔ معلوم ہوا کہ صحیح اور راجح روایت صرف یہ ہے: کہ دس رضعات کو پانچ رضعات نے منسوخ کر دیا۔ باقی یہ الفاظ ’’رسول اللہ صلی اللہ کی وفات کے بعد یہ الفاظ پڑھے جاتے تھے‘‘ شاذ ہیں، کیونکہ محمد بن قاسم اور یحیی بن سعید قطان کا مرتبہ عبداللہ بن ابی بکر سے بڑھا ہوا ہے، اور وہ یہ الفاظ بیان نہیں کرتے۔

(۲) ممکن ہے کہ پانچ رضاعت والی آیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی آخری زندگی میں منسوخ ہوئی ہو اور بعض صحابہ کو نسخ کا علم نہ ہوا ہو، اور وہ تلاوت کرتے رہے ہوں، ورنہ یہ آیت اگر منسوخ نہ ہوتی تو قرآن کریم میں شامل ہوتی، حالانکہ قرآن میں اس کا وجود نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ طحاویؒ فرماتے ہیں:

**حدثنا يونس بن عبد الأعلى قال انا ابن وهب أن مالكاً حدثه عن عبد الله بن أبي بكر عن عمرة ابنة عبد الرحمن عن عائشة أم المؤمنين رضي الله عنها أنها قالت: كان فيما أنزل من القرآن " عشر رضاعاتٍ معلوماتٍ يحرمن" ثم نسخن بخمس معلومات، فتوفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو فيما يقرأ من القرآن.**

**قال أبو جعفر: وهذا ممن لا نعلم أحداً رواه كما ذكرنا غير عبد الله بن أبي بكر، وهو عندنا وهم منه، أعني ما فيه مما حكاه عن عائشة رضي الله عنها "أن رسول الله صلى الله عليه وسلم توفي وهو فيما يقرأ من القرآن" لأن ذلک لو كان كذلک لكان كسائر القرآن ولجاز أن يقرأ به في الصلوات، وحاشا لله أن يكون كذلک، أو يكون قد بقي من**

القرآن ما ليس في المصاحف التي قامت بها الحجة علينا، وكان من كفر بحرف مما فيها كافراً، ولكان لو بقي من القرآن غير ما فيها لجاز أن يكون ما فيها منسوخاً لا يجب العمل به، وما ليس فيها ناسخ يجب العمل به، وفي ذلك ارتفاع وجوب العمل بما في أيدينا مما هو القرآن عندنا، ونعوذ بالله من هذا القول وممن يقوله.

ولكن حقيقة هذا الحديث عندنا ـ والله أعلم ـ ما قد رواه من أهل العلم عن عمرة عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها من مقداره في العلم وضبطه له فوق مقدار عبد الله بن أبي بكر، وهو القاسم بن محمد بن أبي بكر الصديق رضي الله عنه. كما حدثنا محمد بن خزيمة قال ثنا حجاج بن منهال قال ثنا حماد بن سلمة عن عبد الرحمن بن القاسم عن القاسم بن محمد عن عمرة عن عائشة رضي الله عنها قالت: كان مما نزل من القرآن ثم سقط أن "لا يحرم من الرّضاع إلاّ عشر رضعاتٍ" ثم نزل بعد "أو خمس رضعاتٍ". فهذا الحديث أولىٰ من الحديث الذي ذكرناه قبله، وفيه أنه أنزل من القرآن ثم سقط، فدل ذلك أنه مما أخرج من القرآن نسخاً له منه، كما أخرج من سواه من القرآن مما تقدم ذكرنا له وأعيد إلى السنة.

وقد تابع القاسم بن محمد على إسقاط ما في حديث عبد الله بن أبي بكر "أن رسول الله صلى الله عليه وسلم توفي وأن ذلك مما يقرأ من القرآن" إمام من أئمة زمنه وهو يحيى بن سعيد الأنصاري كما قد حدثنا محمد بن خزيمة قال ثنا حجاج بن منهال قال ثنا حماد بن سلمة عن يحيى بن سعيد عن عمرة عن عائشة رضي الله عنها قالت: نزل من القرآن "لا يحرم إلاّ عشر رضعاتٍ" ثم نزل بعد "أو خمس رضاعاتٍ". وكما حدثنا روح بن الفرج قال ثنا يحيى بن عبد الله بن بكير قال ثني الليث بن سعيد عن يحيى بن سعيد عن عمرة عن عائشة رضي الله عنها قالت: أنزل في القرآن "لا يحرم إلاّ عشر رضاعاتٍ معلوماتٍ" ثم أنزل "خمس رضاعاتٍ".

قال أبو جعفر: فهذا أولىٰ مما رواه عبد الله بن أبي بكر، لأن محالاً أن تكون عائشة

تعلم أنه قد بقي من القرآن شيء لم يكتب في المصاحف، ثم لا تنبه على ذلک من أغفله. لـكـن حـقـيـقة الأمـر كـان في ذلک ـ والله أعلم ـ أن ذلک كان مما قد كان نزل قرآناً، ثم نسخ فأخرج من القرآن وأعيد سنة، كما سواه من هذا الجنس مما تقدم ذكرنا له في كتابنا هـذا. ومما يدل على فساد ما قد زاده عبد الله بن أبي بكر على القاسم بن محمد ويحيى بن سعيـد فـي هـذا الـحديث أنا لا نعلم أن أحداً من أئمة أهل العلم روى هذا الحديث عن عبد الـلّٰه بن أبي بكر غير مالک بن أنس، ثم تركه مالک فلم يقل به وقال بضده وذهب إلى أن قـلـيـل الرضاع وكثيره يحرّم. ولو كان ما في هذا الحديث صحيحاً أن ذلک في كتاب الله عـزوجـل لـكان مما لا يخالفه ولا يقول بغيره. والله عزوجل نسأله التوفيق. (شرح مشكل الآثار لـلإمـام الـطـحـاوي بتـحـقـيـق شـعـيـب الأرنؤوط، ٥/ ٣١١-٣١٥، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت ـ وكذا في تحفة الأخيار بترتيب مشكل الآثار: ٤/ ١٠٦-١٠٨).

حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم تکملۃ فتح الملہم میں امام طحاویؒ کی مذکورہ بالا عبارت کا خلاصہ ذکر فرمانے کے بعد مزید تحریر فرماتے ہیں:

قـال العبد الضعيف: وممن حكم على هذه الزيادة بالوهم: القاضي أبوبكر بن العربي فـي عـارضة الأحوذي (٥/ ٩٢) حيـث يـقـول: "وقـد قيـل: إن هـذه وهـم منـه، وإن الحديث الـصـحـيـح مـا رواه الـقـاسـم دون ذكـر هذا، فيكون مما نزل ثم نسخ" ومما يؤيده أن عبد الرزاق أخرج عن عائشة ما يدل على نسخ تلاوة خمس رضاعات أيضاً، فقال: أنا ابن جريج قـال: سـمـعـت نـافعاً يحدث أن سالم بن عبد الله حدثه أن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسـلـم أرسـلـت بـه إلى أختها أم كلثوم ابنة أبي بكر لترضعه عشر رضاعات ليلج عليها إذا كبـر، فـأرضـعـتـه ثلاث مرات، ثم مرضت، فلم يكن سالم يلج عليها. قال: زعموا أن عائشة رضـي الـلّٰـه عـنهـا قالت: لقد كان في كتاب الله عزّوجلّ عشر رضاعات ثم ردّ ذلک إلى خمس، ولكن من كتاب الله ما قبض مع النبي صلى الله عليه وسلم. (أي قبل وفاته بقليل).

(مصنف عبد الرزاق:۷/۴۷۰).

**فهـذه الرواية من عائشة رضي الله تعالىٰ عنها تكاد تكون صريحة في أن خمس رضعات قد نسخ تلاوتها قبل أن يقبض النبي صلى الله عليه وسلم.** (تكملة فتح الملهم:۱/۴۵-۴۶).

علامہ نوویؒ کی عبارت سے بھی واضح ہوتا ہے کہ بعض صحابہ کو نسخ کا علم نہیں ہوا تھا، ملاحظہ فرمائیں:

**"وهـن فيـمـا يـقـرء من القرآن" ومعناه أن النسخ بخمس رضاعات تأخر إنزاله جداً، حتـى أن الـنـبـي صـلـى الـلّه عليه وسلم توفي وبعض الناس يقرء "خمس رضاعات" ويجعله قـرآنـاً مـتـلـواً لـكـونـه لـم يبلغه النسخ لقرب عهده ، فلما بلغه النسخ بعد ذلك رجعوا عن ذلك ، واجمعوا على أن هذا لايتلىٰ.** (شرح الامام النوویؒ علی مسلم:۱/۴۶۸).

**اشکال:** اگر کوئی اشکال کرے کہ صرف الفاظ منسوخ ہیں حکم باقی ہے لہذا پانچ رضاعات موجب حرمت ہیں، اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** ابن ماجہ شریف کی روایت میں دس رضاعات کے ساتھ پانچ کے منسوخ ہونے کی صراحت ہے، نیز مذکورہ بالا مصنف عبد الرزاق کی روایت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ دس کے ساتھ پانچ بھی منسوخ ہیں۔

ابن ماجہ شریف کی روایت ملاحظہ فرمائیں:

**عـن عـائشة رضـي الـلّه تعالىٰ عنها أنها قالت: كان فيما أنزل الله من القرآن ثم سقط "لايحرم إلا عشر رضعات أو خمس معلومات".** (رواه ابن ماجة:۱/۱۳۹).

اس روایت میں اگر "أو" "بـــل" کے معنی میں ہوتو پھر روایت کا مطلب یہ ہوگا کہ دس بلکہ پانچ رضعات کی تحریم دونوں ساقط یعنی منسوخ ہیں۔

نیز قرآن کریم سے بلا کسی قید کے مطلق حرمت ثابت ہوتی ہے، ملاحظہ فرمائیں:

**﴿وأمهاتكم التي أرضعنكم﴾.** (سورة النساء:۲۳).

حدیث شریف میں صراحت ہے کہ قلیل کثیر سب حرام ہے، ملاحظہ ہو جامع المسانید میں ہے:

**أبـو حنيفةؒ عن الحكم بن عتيبة عن القاسم بن مخيمرة عن شريح بن هانئ عن علي بن**

**أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: "يحرم من الرضاع مايحرم من النسب، قليله و كثيره.** (جامع المسانيد للامام محمد بن محمود الخوارزمی،۲/۹۷،دار الباز،مكة المكرمة).

آثار سے بھی قلیل وکثیر سے حرمت کا ثبوت ملتا ہے۔ملاحظہ ہو:

**(۱) كتبنا إلى إبراهيم بن يزيد النخعي نسأله عن الرضاع، فكتب أن شريحاً حدثنا أن علياً رضي الله تعالىٰ عنه وابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه كانا يقولان: "يحرم من الرضاع قليله و كثيره".** (سنن النسائی:۲/۸۲۔وكذا فی السنن الكبرى للبيهقی:۷/٤٥٨۔والمعجم الكبير للطبرانی:۹/۳٤۱/۹٦۹۸۔ومصنف عبد الرزاق:۷/٤٦٩).

**(۲) أناجريج، قال عطاء: "يحرم منها ما قل وما كثر" قال: وقال ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنه لما بلغه عن ابن الزبير أنه يأثر عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها في الرضاع أنها قالت:" لايحرم منها دون سبع رضعات" قال: الله خير من عائشة رضي الله تعالىٰ عنها، قال الله تعالىٰ: ﴿وأخواتكم من الرضاعة﴾ ولم يقل رضعة ولا رضعتين.** (مصنف عبد الرزاق:۷/٤٦٦).

**(۳) عبد الرزاق عن الثوري وابن عيينة عن عبد الكريم أبي أمية عن طاؤوس قال: "يحرم من الرضاعة المرة الواحدة".** (مصنف عبد الرزاق:۷/٤٦٧۔وكذا فی مصنف ابن ابی شيبة:۹/۲۹۰،المجلس العلمی).

**(۴) نا ابن فضيل عن ليث، عن مجاهد، قال ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه:"يحرم قليل الرضاع كما يحرم كثيره". وقال مجاهد: قول ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه أحب إليّ.** (مصنف ابن ابی شيبة:۹/۲۸۹).

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (مصنف عبد الرزاق:٤/٤٦٦۔٤٧١۔ومصنف ابن ابی شيبة:۹/۲۸۸۔۲۹۰۔والسنن الكبرى للبيهقی:۷/٤٥٨).

صحیح بخاری شریف کی ایک روایت سے بھی مطلق رضاعت ثابت ہوتی ہے،ملاحظہ ہو:

**عن ابن أبي مليكة عن عقبة بن الحارث أنه تزوج أم يحيى بنت أبي اهاب ، قال : فجاء ت أمة سوداء ، فقالت: قد أرضعتكما، فذكرت ذلک للنبي صلى الله عليه وسلم فأعرض عني، قال: فتنحيت ، فذكرت ذلک له، قال: وكيف وقد زعمت أن قد أرضعتكما، فنهاه عنه.** (رواه البخاري:١/٣٦٣، شهادة المرضعة).

مزید دلائل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (تكملة فتح الملهم :١/٣٥-٤١-والمبسوط للامام السرخسیؒ: ٥/١٢١، دارالفکر-وبدائع الصنائع:٤/٧-٨، سعيد-وفتح القدير:٣/٤٣٩-٤٤١،دارالفكر). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## نانی کا دودھ پینے سے خالہ کی لڑکی سے ثبوتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** ایک بچہ نے اپنی نانی کا دودھ پیا،اب وہ اپنی خالہ کی لڑکی سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو یہ جائز ہے یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ خالہ کی لڑکی سے نکاح نہیں ہوسکتا، کیونکہ نانی اس کی رضاعی ماں بن گئی،اور خالہ اس کی رضاعی بہن بن گئی،اور خالہ کی لڑکی اس کی رضاعی بھانجی بن گئی۔

حدیث شریف میں ہے:

**قال النبي صلى الله عليه وسلم: "يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب".** (رواه البخاري).

ان اصول کے لئے ایک شعر مشہور ہے:

از جانب شیر دہ ہمہ خویش شوند ☆ واز جانب شیر خوار زوجان وفروع

یعنی دودھ پلانے والی کی طرف سے سب رشتہ دار اور محارم بن گئے، یعنی مرضعہ ماں بن گئی،اس کا شوہر باپ بن گیا،مرضعہ کی بہن خالہ بن گئی،مرضعہ کے بیٹے بیٹیاں بھائی بہن بن گئے۔اور دودھ پینے والے کی طرف سے قرابت زوجین اور اولاد تک محدود ہوگی یعنی اگر بچہ مذکر ہے تو اس کی بیوی مرضعہ کے شوہر پر حرام ہے،اور اگر دودھ پینے والی بچی ہے تو اس کا شوہر مرضعہ پر حرام ہے۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

## قبل النکاح دودھ پلانے سے ثبوتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** ایک عورت نے جس کا شوہر نہیں ہے، کسی اور کی بچی کو دودھ پلایا، پھر اس نے کسی مرد سے شادی کر لی تو یہ مرد اس بچی کا رضاعی باپ بنا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس مرد نے بیوی کے ساتھ جماع یا خلوتِ صحیحہ کی ہو تو بچی ربیبہ ہونے کی وجہ سے محرم ہے اور نکاح ناجائز ہے۔ اور اگر دخول یا خلوتِ صحیحہ سے پہلے طلاق واقع ہوگئی ہو تو پھر اس کے لئے اس بچی سے نکاح کرنا جائز ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی قاضی خان میں ہے:

**بكر لم تتزوج قط نزل بها لبن فأرضعت صبياً صارت أماً للصبي وثبت جميع أحكام الرضاع بينهما حتى لو تزوجت البكر رجلاً ثم طلقها قبل الدخول بها كان لهذا الزوج أن يتزوج الصبية، وإن طلقها بعد الدخول لا يكون له أن يتزوجها، لأنها صارت من الربائب التي دخل بأمها.** (فتاوى قاضي خان: ١/٤١٧).

شامی میں ہے:

**قوله "ولبن بكر" المراد بها التي لم تجامع قط... والحرمة لا تتعدى إلى زوجها، حتى لو طلقها قبل الدخول له التزوج برضيعتها، لأن اللبن ليس منه، قهستاني. أما لو طلقها بعد الدخول فليس له التزوج بالرضيعة، لأنها صارت من الربائب التي دخل بأمها.** (فتاوى الشامي: ٣/٢١٨، باب الرضاع، سعيد۔ وكذا في الفتاوى الهندية: ١/٣٤٤). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## رضاعی بیٹے کی بہن سے جوازِ نکاح کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کی بیوی نے ایک لڑکے کو دودھ پلایا، اور اس لڑکے کی باپ شریک دوسری بڑی بہن

ہے، اب بیوی کے انتقال کے بعد یہ شخص اس لڑکی سے نکاح کرنا چاہے تو کر سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ رضاعی بیٹے کی بڑی بہن سے جو کہ اس کی بیوی کی بیٹی نہیں ہے، نکاح جائز ہے۔

ملاحظہ ہو البحر الرائق میں ہے:

**لا يحل للرضيع إلا أم أخته من الرضاع وأخت ابنه من الرضاع فإنه يجوز له أن يتزوجها.** (خزانة الفقه، ص :۱۳۹).

ہدایہ میں ہے:

**ويجوز تزويج أخت ابنه من الرضاع ولا يجوز ذلك من النسب، لأنه لما وطئ أمها حرمت عليه، ولم يوجد هذا المعنى في الرضاع.** (الهداية :۳۵۱/۲، كتاب الرضاع).

**وهذا مما استثني من "يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب".** واللہ ﷻ اعلم۔

## دوسال سہ ماہ بعد شیر خوردنی سے ثبوتِ نسب کا حکم:

**سوال:** ایک بچے کی عمر ۲ سال ۳ ماہ تھی، اس نے ایک عورت آمنہ کا دودھ پیا، اب اس کی شادی اس عورت کی لڑکی سے طے ہونے والی تھی کہ اختلاف ہوا، بعض کہتے ہیں کہ نکاح نہیں ہوسکتا کیونکہ مدت رضاعت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ڈھائی سال ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ نکاح ہوسکتا ہے، کیونکہ صاحبین کے نزدیک مدت رضاعت دوسال ہے۔ اس سلسلہ میں آپ کا فتویٰ درکار ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ یہ نکاح جائز اور درست ہے، اس لئے کہ اس مسئلہ میں فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے۔

**قال الله تعالى: ﴿والوالدات يرضعن أولادهن حولين كاملين لمن أراد أن يتم الرضاعة﴾.** (سورة البقرة:۲۳۳).

**وقال ابن عباس رضي اللّٰه تعالیٰ عنهما:" لا رضاع بعد الحولين".** (رواه الدارقطني: ٤/ ١٧٤، وقال: لم يسنده عن ابن عيينة غير الهيثم بن جميل، وهو ثقة، حافظ).

ملاحظہ فرمائیں ''البحر الرائق'' میں ہے:

**والأصح أن العبرة لقوة الدليل، ولا يخفى قوة دليلهما، فإن قوله تعالى: ﴿ والوالدات يرضعن أولادهن حولين كاملين لمن أراد أن يتم الرضاعة ﴾ يدل على أنه لا رضاع بعد التمام. وأما قوله تعالى: ﴿ فإن أرادا فصالاً عن تراضٍ منهما وتشاورٍ فلا جناح عليهما﴾ فإنما هو قبل الحولين بدليل تقييده بالتراضي والتشاور، وبعدهما لا يحتاج إليهما، وبه يضعف ما في معراج الدراية معزياً إلى المبسوط والمحيط من " أنه بعد الحولين فيكون دليلاً له" لما علمت من ضياع القيدين حينئذ.**

**وأما استدلال صاحب الهداية للإمام بقوله تعالى: ﴿ وحمله وفصٰله ثلثون شهراً ﴾ بناء على أن المدة لكل منهما، وقد قام المنقص فى الحمل فبقي الفصال على حاله. فقد رجع إلى الحق في باب ثبوت النسب من أن الثلاثين لهما، للحمل ستة أشهر والعامان للفصال.** (البحر الرائق: ٣/ ٢٢٣، كوئته).

محقق ابن ہمامؒ فتح القدیر میں تحریر فرماتے ہیں:

**فكان الأصح قولهما، وهو مختار الطحاويؒ.** (فتح القدير: ٣/ ٤٤٤، دارالفكر).

مجمع الانہر میں ہے:

**وعندهما حولان، وهو قول الشافعيؒ، وعليه الفتوىٰ كما فى المواهب، وبه أخذ الطحاويؒ.** (مجمع الانهر: ١/ ٣٧٥).

علامہ قاسم بن قطلوبغا " التصحيح والترجيح " میں فرماتے ہیں:

**وقال فى العون على الدراية :" وبقولهما نأخذ فى الفتوىٰ " وهذا أولىٰ ، لأنه أجيب في شرح الهداية عما يستدل له به على الزيادة على سنتين ، وبعد الجواب قال: فكان**

**الأصح قولهما وهو مختار الطحاويؒ ، وقد روي فيه عن ابن عباس رضي اللّٰه تعالىٰ عنهما " لارضاع بعد الحولين " وعن ابن مسعود رضي اللّٰه تعالىٰ عنه :" لا رضاع بعد الحولين" وروي رجوع أبي موسى الأشعري رضي اللّٰه تعالىٰ عنه إلى قول ابن مسعود رضي اللّٰه تعالىٰ عنه، وعن سعيد بن المسيبؒ:" لا رضاع بعد الحولين" وغير ذلک.** (التصحيح والترجيح على مختصر القدوري:۳۳۵،كتاب الرضاع،ط:بيروت).

لیکن چونکہ امام ابوحنیفہؒ کا مذہب ڈھائی سال کا ہے،اوروہ اللہ تعالیٰ کے اس قول سے استدلال کرتے ہیں:﴿ وحمله وفصٰله ثلثون شهراً ﴾.(سورة الاحقاف:١٥). اورحمل سے مراد بچے کواٹھا کر پھرنا ہے۔

ملاحظہ ہومدارک التنزیل میں ہے:

**قال أبوحنيفةؒ: والمراد به الحمل بالأكف.** (مدارك التنزيل:١٤٣/٤).

اور بچے کواٹھا کر چلنا کبھی کبھار ڈھائی سال تک ہوتا ہے،اوردودھ چھڑانے کے لیے ڈھائی سال فرمایا گیایعنی دو سال کے بعددودھ چھڑالے،اور چھ ماہ میں کھانے کا عادی بن جائیگا،مگر رضاعت بھی ضرورۃً جاری رہ سکتی ہے، اس لیے احتیاط نکاح نہ کرنے میں ہے۔

تاہم فتویٰ صاحبین کےقول پر ہے،اور یہ واضح اور بے غبار ہے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے بیان القرآن میں فرمایا:

اکثر کا فتویٰ اس پر ہے کہ مدت رضاعت دوسال ہے۔(بیان القرآن:١٣٩/١). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## رضاعی بیٹے کی مطلقہ سے نکاح کا حکم:

**سوال:** کیا کوئی شخص اپنے رضاعی بیٹے کی بیوی کے ساتھ رضاعی بیٹے کی طلاق کے بعد نکاح کرسکتا ہے یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اپنے رضاعی بیٹے کی مطلقہ عورت کے ساتھ نکاح کرنا جائزاوردرست نہیں۔

ملاحظہ ہومفتی بغدادعلامہ آلوسی روح المعانی میں فرماتے ہیں:

”وحلائل ابنائكم الذين من أصلابكم“... وذكر لإسقاط حليلة المتبنى. وعن عطاء: أنها نزلت حين تزوج النبي صلى اللّٰه عليه وسلم امرأة زيد بن ثابت رضي اللّٰه عنه فقال المشركون في ذلك. وليس المقصود من ذلك إسقاط حليلة الابن من الرضاع، فإنها حرام أيضاً كحليلة الابن من النسب. (تفسير روح المعاني: ٤/ ٢٦٠).

وفي تفسير النسفي: ’﴿الذين من أصلابكم﴾ دون من تبنيتم، فقد تزوج النبي صلى اللّٰه عليه وسلم زينب حين فارقها زيد... وليس هذا لنفي حليلة الابن من الرضاع. (تفسير النسفي: ١/ ٢١٨).

وفي التفسير المظهري: وأما الابن بالرضاع وفروعه فإنهم وإن خرجوا بهذا القيد، لكن حرمة حلائلهم تثبت بنص الحديث، أعني قوله صلى اللّٰه عليه وسلم: ”يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب“ وعليه انعقد الاجماع. (التفسير المظهري: ٢/ ٦٢).

مبسوط میں ہے:

وكما تحرم حليلة الابن نسباً، فكذلك حليلة الابن من الرضاع عندنا... ولكنا نستدل بقوله صلى اللّٰه عليه وسلم: ” يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب“. (المبسوط ٤/ ١٨٥، دار الفكر).

شامی میں ہے:

قوله تعالى: ﴿وحلائل أبنائكم الذين من أصلابكم﴾ والحليلة: الزوجة... وذكر الأصلاب لإسقاط حليلة الابن المتبنى، لا لإحلال حليلة الابن رضاعاً، فإنها تحرم كالنسب. بحر وغيره. (فتاوى الشامي: ٣/ ٣١، فصل في المحرمات، ط: سعيد). واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔

## زوجہ کا دودھ چوسنے سے ثبوتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شوہر نے اپنی بیوی کے پستان کو چوس کر دودھ پی لیا تو کیا حرمتِ رضاعت ثابت

ہو جائے گی یا نہیں؟ اور اگر ثابت نہیں ہوگی تو کیوں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ میاں بیوی کے درمیان رضاعت ثابت نہیں ہوگی، اس وجہ سے کہ ثبوتِ رضاعت کے لئے مدتِ رضاعت میں دودھ پینا ضروری ہے، اور مدتِ رضاعت مفتی بہ قول کے مطابق دو سال ہیں، اور عام طور پر شوہر دو سال کی عمر سے متجاوز ہوتا ہے، لہذا دو سال کے بعد پینے سے رضاعت ثابت نہ ہوگی، ہاں اگر کسی کا شوہر دو سال کے اندر اس کا دودھ پی لے تو رضاعت ثابت ہو جائیگی اور بیوی اس پر حرام ہو جائیگی، بایں ہمہ شوہر کے لئے اپنی بیوی کے پستانوں سے دودھ پینا ناجائز ہے، اس سے قطعاً اجتناب کرنا چاہئے۔

**قال اللّٰہ تعالی: ﴿والوالدات یرضعن أولادھن حولین کاملین﴾** اس آیتِ کریمہ کے تحت ملاحظہ فرمائیں، مفتی بغداد علامہ آلوسی حنفی فرماتے ہیں:

**واستدل بالآیة علی أن أقصی مدة الإرضاع حولان، ولا یعتد به بعدهما فلا یعطی حکمه.** (روح المعانی:۲/۱٤٦).

فتح القدیر میں ہے:

**وما فی الترمذي من حدیث أم سلمة أنه صلی اللّٰه علیه وسلم قال "لا یحرم من الرضاع إلا ما فتق الأمعاء فی الثدي وکان قبل الفطام" وقال الترمذي: حدیث حسن صحیح. وفي سنن أبي داؤد من حدیث ابن مسعود یرفعه "لا یحرم من الرضاع إلا ما أنبت اللحم وأنشر العظم" وماذکره المصنف رحمه اللّٰه تعالی من قوله علیه الصلاة والسلام "لا رضاع بعد الفصال" والمراد نفي الحکم...وفی المؤطا وسنن أبي داؤد عن یحیی بن سعید أن رجلا سأل أبا موسی الأشعري رضي اللّٰه تعالیٰ عنه فقال: إني مصصت عن امرأتي من ثدیها لبناً فذهب في بطني، فقال أبو موسیٰ رضي اللّٰه تعالیٰ عنه: لا أراها إلا قد حرمت علیک، فقال عبد اللّٰه بن مسعود رضي اللّٰه عنه: أنظر ما تفتي به الرجل، فقال أبو موسیٰ: ما تقول أنت؟ فقال عبد اللّٰه: لا رضاعة إلا ما کان فی الحولین. فقال أبوموسی: لا تسألوني عن شيء ما دام هذا الحبر بین أظهرکم. وفی المؤطا عن ابن عمر: جاء رجل إلی عمر بن**

**الخطاب رضي الله عنه فقال: كانت لي وليدة فكنت أصيبها، فعمدت امرأتي إليها فأرضعتها فدخلت عليها فقالت: "دونک والله قد أرضعتها، قال عمر: أوجعها وأت جاريتک، فإنما الرضاعة رضاعة الصغير.** (فتح القدير ٣/٤٤٥، دار الفكر).

**وفي شرح العناية: قال: وقد اتفقت الصحابة على هذا.** (شرح العناية على هامش فتح القدير ٣/٤٤٦).

**وفى الهداية: قال: وإذا مضت مدة الرضاع لم يتعلق بالرضاع تحريم، لقوله عليه الصلاة والسلام "لا رضاع بعد الفصال" ولأن الحرمة باعتبار النشو، وذلک فى المدة إذ الكبير لا يتربى به.** (الهداية: ٢/٣٥٠، كتاب الرضاع).

**وفى الدر المختار: مص رجل ثدي زوجته لم تحرم. وفي رد المحتار: "مص رجل" قيد به احترازا عما إذا كان الزوج صغيراً في مدة الرضاع فإنها تحرم عليه.** (الدر المختار مع رد المحتار: ٣/٢٢٥، باب الرضاع، ط: سعيد).

فتاوی قاضی خان میں ہے:

**وإذا مص الرجل ثدي امرأته وشرب لبنها لم تحرم عليه امرأته لما قلنا أنه لا رضاع بعد الفصال.** (فتاوى قاضي خان على هامش الهندية: ١/٤١٧، باب الرضاع). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## بانجھ پن میں دودھ اترنے سے ثبوتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کی بیوی بانجھ ہے، سالہا سال سے ان کے یہاں کوئی اولاد نہیں ہے، اس عورت نے ایک بچی کو تربیت کے لئے لیا، اور اس کے منہ میں اپنے پستان دیتی رہی، کچھ دنوں کے بعد اس عورت کے سینے میں دودھ پیدا ہوگیا، اب اس عورت کا شوہر اس لڑکی کا رضاعی باپ بن گیا یا نہیں؟ اور اگر عورت کے شوہر کا دوسری بیوی سے بیٹا ہو تو اس کے ساتھ اس لڑکی کا نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس عورت کے شوہر سے اس لڑکی کا نکاح جائز نہیں، کیونکہ وہ اس کی ربیبہ

کہلاتی ہے، اور ربیبہ کے ساتھ نکاح نہیں ہوسکتا. ﴿ وربائبكم التي في حجوركم﴾ کے تحت نکاح حرام ہے۔ الا یہ کہ ربیبہ کی ماں سے خلوت اور جماع ہی نہیں ہوا ہو تو پھر نکاح جائز ہے۔

اور اس کے لڑکے کے نکاح کا مسئلہ: تو اس میں کوئی وجہ حرمت نہیں، کیونکہ یہ لڑکا ربیبہ کی ماں سے نہیں بلکہ اگلی عورت کا ہے، اور ربیبہ کی ماں کو شوہر کی وجہ سے دودھ نہیں اترا۔

ملاحظہ ہو شامی میں ہے:

**قوله "طلق ذات لبن" أى منه بأن ولدت منه، لأنه لو تزوج امرأة ولم تلد منه قط ونزل لها لبن وأرضعت ولداً لا يكون الزوج أباً للولد، لأن نسبته إليه بسبب الولادة منه، وإذا انتفت انتفت النسبة فكان كلبن البكر، ولهذا لو ولدت للزوج فنزل لها لبن فأرضعت به ثم جف لبنها ثم درّ فأرضعته صبية فإن لابن زوج المرضعة التزوج بهذه الصبية، ولو كان صبياً كان له التزوج بأولاد هذا الرجل من غير المرضعة. بحر عن الخانية.** (فتاوى الشامي: ۲۲۱/۳، باب الرضاع، ط: سعيد).

فتح القدیر میں ہے:

**وبخلاف ما لو ولدت للزوج فنزل لها لبن فأرضعت به، ثم جف لبنها ثم درّ لها فأرضعت به صبية، فإن لولد زوج المرضعة من غيرها التزوج بهذه الصبية، لأن هذا ليس لبن الفحل ليكون هو أباها كما لو لم تلد من الزوج أصلاً ونزل بها لبن فإنه لا يثبت بإرضاعها تحريم بين ابن زوجها ومن أرضعته، لأنها ليست بنته، لأن نسبته إليه بسبب الولادة منه، وإذا انتفت انتفت النسبة فكان كلبن البكر.** (فتح القدير: ۴۴۹/۳، ط: دارالفكر۔ وكذا في فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ۴۱۷/۱، باب الرضاع). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## دوا اور انجکشن کے ذریعہ دودھ پیدا ہو تو ثبوتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** ایک عورت چھوٹی بچی کی پرورش کر رہی ہے، اس کو دودھ نہیں اترتا، لیکن اگر دوا یا انجکشن کے

ذریعہ دودھ آنے لگے اور بچی کو پلا دے تو رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں؟ نیز اس عورت کا شوہر بچی کا رضاعی باپ بنے گا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر دوا اور انجکشن کے ذریعہ دودھ اترے اور بچی کو پلا دے تو بچی سے رضاعت ثابت ہوجائیگی، یعنی دودھ پلانے والی عورت بچی کی رضاعی ماں کہلائے گی، لیکن اس کا شوہر بچی کا رضاعی باپ نہیں بنے گا، کیونکہ وہ دودھ اترنے کا سبب نہیں بنا، ہاں وہ عورت اس کی مدخولہ ہوتو وہ بچی اس کی ربیبہ بننے کی وجہ سے نکاح اس بچی کے ساتھ حرام ہوگا، لیکن اگر قبل الدخول وخلوۃِ صحیحہ طلاق واقع ہوگئی ہوتو پھر اس بچی کے ساتھ نکاح جائز ہے۔

ملاحظہ ہو فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

**بكر لم تتزوج لو نزل لها لبن فأرضعت صبياً صار أما للصبي وتثبت جميع أحكام الرضاع بينهما، حتى لو تزوجت البكر رجلا ثم طلقها قبل الدخول بها كان لهذا الزوج أن يتزوج الصبية، وإن طلقها بعد الدخول لا يكون له أن يتزوجها. كذا في خزانة المفتين.**

(الفتاوى الهندية: ١/٣٤٤ـ وكذا في فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/٤١٧، باب الرضاع).

درمختار میں ہے:

**و يثبت أبوة زوج مرضعة إذا كان لبنها منه وإلا لا. و في الشامي: قوله "وأبوة زوج مرضعة لبنها منه" المراد به اللبن الذي نزل منها بسبب ولادتها من رجل زوج.** (الدرالمختار مع الشامي: ٣/٢١٣، سعيد).

**وفي الشامية: قوله "ولبن بكر" المراد بها التي لم تجامع قط بنكاح أو سفاح... والحرمة لا تتعدى إلى زوجها، حتى لو طلقها قبل الدخول له التزوج برضيعتها، لأن اللبن ليس منه. قهستاني. أما لو طلقها بعد الدخول فليس له التزوج بالرضيعة لأنها صارت من الربائب التي دخل بأمها.** (فتاوى الشامي: ٣/٢١٨، سعيد). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## مخلوط دودھ سے ثبوتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** ایک عورت نے اپنا دودھ پانی میں ملا کر ڈیڑھ سال کے بچے کو پلایا، کیا اس سے رضاعت ثابت ہوجائے گی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دودھ پانی کے ساتھ مخلوط ہونے کی وجہ سے غالب کا اعتبار ہوگا، اگر پانی دودھ پر غالب ہے اور دودھ مغلوب ہے تو رضاعت ثابت نہ ہوگی، لیکن اگر دودھ غالب ہے اور پانی مغلوب ہے یا دونوں برابر ہیں تو دونوں صورتوں میں رضاعت ثابت ہوجائے گی۔

اور مائعات میں غلبہ کا مطلب یہ ہے کہ دو وصفوں میں سے ایک یعنی رنگ یا ذائقہ بدل جائے یا ظاہر ہوجائے۔

ہاں اگر عورت کے دودھ کو کھانے میں ملادیا تو حرمت ثابت نہ ہوگی۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**واذا اختلط اللبن بالماء واللبن هو الغالب تعلق به التحريم، وإن غلب الماء لم يتعلق به التحريم ... ونحن نقول: المغلوب غير موجود حكماً حتى لا يظهر بمقابلة الغالب.** (الهداية :٣٥٢/٢، كتاب الرضاع).

الاختیار میں ہے:

**وإذا اختلط اللبن بخلاف جنسه كالماء والدهن والنبيذ والدواء ولبن البهائم فالحكم للغالب.** (الاختيار لتعليل المختار :١٣٤/٣، بيروت).

البحر الرائق میں ہے:

**"ويعتبر الغالب لو بماء" ... أي لو اختلط اللبن بما ذكر يعتبر الغالب، فإن كان الغالب الماء لا يثبت التحريم كما إذا حلف لا يشرب لبناً لا يحنث بشرب الماء الذي فيه أجزاء اللبن.** (البحر الرائق :٢٢٨/٣، كوئته).

وكذا في "بدائع الصنائع :٩/٤. سعيد۔ وخزانة الفقه ص ١٤٠، المكتبة الغفورية۔ والفقه الإسلامي

وأدلته: ٧/٧٠٧۔ وشرح النقاية: ١/٦٠٥۔۔والبناية للعيني: ٤/٧٠، مكتبة رشيدية ".

درمختار میں ہے:

**ومخلوط بماء أو دواء أولبن أخرى أو لبن شاة إذا غلب لبن المرأة، وكذا إذا استويا إجماعاً لعدم الأولوية. وفى الشامية: قوله "إذا غلب لبن المرأة" أى على أحد المذكورات، وفسر الغلبة في أيمان الخانية من حيث الأجزاء. وقال هنا: فسرها محمد فى الدواء بأن يغيره عن كونه لبناً، وقال الثاني: إن غير الطعم واللون، لا إن غير أحدهما، نهر. ونحوه فى البحر. ووفق فى الدر المنتقى فقال: تعتبر الغلبة بالأجزاء فى الجنس، وفي غيره بتغير طعم أو لون أو ريح كما روي عن أبي يوسف إلا أنه اعتبر التغير في غير الجنس بوصف واحد، والمذكور آنفاً أنه لا يعتبر إلا إذا غير الطعم واللون، نعم يوافقه ما فى الهندية من اعتبار أحد الأوصاف إلا أنه لم يعزه لأبي يوسف.** (الدر المختار مع الشامي: ٣/٢١٨، باب الرضاع).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**ولو خلط بالماء ... فالعبرة للغالب كذا فى الظهيرية ... ولو استويا وجب ثبوت الحرمة، لأنه غير مغلوب، كذا فى البحر الرائق.** (الفتاوى الهندية: ١/٣٤٤۔وكذا فى الخانية على هامش الهندية: ١/٤١٨).

نورالایضاح میں ہے:

**والغلبة فى المائعات بظهور وصف واحد من مائع له وصفان فقط، كاللبن لها اللون والطعم ولا رائحة له.** (نور الايضاح، ص: ٢٤، ط: مير محمد كتب خانه).

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں:

**الأولىٰ أن نقول إن الحرمة لا تتعلق بصورة الإرضاع ووجود اللبن كما فى الكبير بالإجماع، بل يتعلق باعتبار إنشاز العظم وإنبات اللحم، والمغلوب لا يحصل الإنشاز والإنبات، لأنه لا يحصل التغذي به.** (البناية: ٤/٨٢١۔وبدائع الصنائع: ٤/٩، سعيد۔ دررالحكام فى شرح

غررالاحکام: ۱/۳۵۷). واللہ ﷻ اعلم۔

## خون دینے سے حرمتِ رضاعت کا حکم:

**سوال:** بہت سی مرتبہ علاج ومعالجہ کے طور پر ایک شخص کا خون دوسرے آدمی کے جسم میں چڑھایا جاتا ہے، کیا ایسی صورت میں ایک دوسرے کے نسب اور حرمت پر کچھ فرق پڑے گا یا نہیں؟ جب کہ فقہاء دودھ کی وجہ سے حرمت اور ثبوتِ نسب کے قائل ہیں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ علاج ومعالجہ کے طور پر خون چڑھانے سے حرمت ثابت نہ ہوگی، اس لیے کہ دودھ کی وجہ سے حرمت کا پیدا ہوجانا خلاف قیاس نص سے ثابت ہے، اس لیے اس پر دوسری چیزوں کو قیاس نہیں کیا جاسکتا، نیز شیر خوار بچے کو دودھ دینا بطورِ غذا اور نشو ونما کے ہے نہ کہ بطورِ دوا وعلاج کے، جب کہ خون چڑھانا دوا وعلاج کے طور پر ہے، اسی وجہ سے مدت رضاعت یعنی دوسال گزرنے کے بعد حرمت ثابت نہیں ہوتی، اور مدتِ رضاعت کے بعد اگر دوا کے طور پر عورت کا دودھ استعمال کرے تب بھی حرمت پیدا نہیں ہوتی۔

ملاحظہ ہو حدیث شریف میں ہے:

**عن أم سلمة أنه صلى الله عليه وسلم قال "لا يحرم من الرضاع إلا ما فتق الأمعاء في الثدي وكان قبل الفطام" وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وفي سنن أبي داؤد من حديث ابن مسعود يرفعه "لا يحرم من الرضاع إلا ما أنبت اللحم وأنشر العظم" يروى بالراء المهملة: أي أحياه، ومنه قوله تعالىٰ: ﴿ثم إذا شاء أنشره﴾.** (فتح القدير: ۳/۴۴۵، کتاب الرضاع، دارالفکر).

**وفي الدر المختار: ويثبت التحريم في المدة فقط. وفي الشامية: أما بعدها فإنه لايوجب التحريم، بحر.** (الدر المختار مع رد المحتار: ۳/۲۱۱، سعید).

علامہ عینیؒ بنایہ میں فرماتے ہیں:

**إن الحرمة لاتتعلق بصورة الإرضاع ووجود اللبن كما في الكبير بالإجماع بل يتعلق**

**باعتبار إنشاز العظم وإنبات اللحم.** (البناية في شرح الهداية: ٤/ ٨٢١).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی فریدیہ: ۵/ ۱۳۸، وجدید فقہی مسائل، جلد اول: ۱۵۱). واللہ ﷻ اعلم۔

## غیر فطری طریقہ پر دودھ دینے سے ثبوتِ حرمت کا حکم:

**سوال:** فطری طریقہ یہ ہے کہ بچہ ماں کے پستان سے دودھ پیئے لیکن اگر کسی وجہ سے دودھ نکال کر بچہ کے منہ میں ڈالا جائے یا ناک کے ذریعہ چڑھایا جائے یا کوئی اور غیر فطری طریقہ اختیار کرے تو حرمت ثابت ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ماں کا دودھ نکال کر غیر فطری طریقہ سے بچہ کو مدت کے اندر پلایا یا چڑھایا جائے تب بھی حرمت ثابت ہو جائیگی یہاں تک کہ امام محمدؒ کے نزدیک حقنہ کے ذریعہ بھی حرمت ثابت ہو جاتی ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی عالمگیری میں ہے:

**كما يحصل الرضاع بالمص من الثدي يحصل بالصب والسعوط والوجور...وعند محمد يثبت بالحقنة كما في التهذيب.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٣٤٤، كتاب الرضاع۔ وكذا في فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ١/ ٤١٧، باب الرضاع).

مزید ملاحظہ ہو: (جدید فقہی مسائل، جلد اول: ۱۵۳). واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال اللہ سبحانہ و تعالیٰ:

﴿الرجال قوامون علی النساء﴾. (سورۃ النساء: الآیۃ: ۳۴).

وقال تعالیٰ:

﴿ولهن مثل الذی علیهن بالمعروف، وللرجال علیهن درجة﴾

(سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۸).

﴿وعاشروهن بالمعروف﴾. (سورۃ النساء، آیت ۱۹)۔

وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم:

"وإن لزوجک علیک حقاً".

(صحیح بخاری، کتاب النکاح).

# باب حقوق الزوجین

"وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

استوصوا بالنساء خیراً".

(صحیح بخاری، کتاب النکاح).

وعن معاویة القشیری "أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم، سأله رجل ما حق المرأة علی الزوج؟ قال: تطعمها إذا طعمت، وتکسوها إذا اکتسیت، ولا تضرب الوجه، ولا تقبح، ولا تهجر إلا فی البیت.

(رواہ أحمد وابو دائود، وابن ماجه)

# باب حقوق الزوجین

## زوجین کے آپس میں ایک دوسرے کے حقوق کی تفصیل:

**سوال:** زوجین کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہیں؟ کیا عورت محکومہ باندی کی طرح ہے؟

**الجواب:** شریعتِ مطہرہ نے جس طرح رشتۂ نکاح کو قائم کرنے کی قانونی اور اخلاقی ہدایات بیان کی ہیں، اسی طرح رشتۂ نکاح کو خوشگوار واستوار رکھنے کے لئے بھی اصولی طور پر شوہر، بیوی دونوں کے حقوق وفرائض کی نشاندہی کردی ہے، بایں ہمہ شوہر کو قوام یعنی محافظ، نگران اور خبر گیری کرنے والا قرار دیا ہے، اور ایک درجہ عورت پر تفوق دیا ہے، لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی واضح کردیا ہے کہ مرد کی حیثیت آقا اور عورت کی حیثیت لونڈی کی نہیں، بلکہ بنیادی حقوق میں دونوں برابر ہیں۔ ﴿ **ولهن مثل الذي عليهن بالمعروف وللرجال عليهن درجة** ﴾. (سورة البقرة، الآية: ٢٢٨).

چنانچہ جو حقوق عورتوں کے ہیں وہی مردوں کے فرائض ہیں اور جو حقوق مردوں کے ہیں وہی عورتوں کے فرائض ہیں:

## مختصراً مردوں کے حقوق حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) مہر ادا کرنا۔ (۲) نفقہ، سکنی فراہم کرنا۔ (نفقہ، سکنی کی تفصیلات باب النفقات میں گزر چکی)۔ (۳) حسن سلوک کرنا۔ (۴) ظلم وزیادتی اور ایذارسانی سے بچنا۔ (۵) دینی کاموں کی وجہ سے بھی عورت کی حق تلفی نہ کرنا۔

(۶) ایک سے زائد بیویاں ہوں تو ان کے درمیان عدل ومساوات سے کام لینا۔ (۷) بیوی بچوں کی علمی ودینی تربیت کرنا۔ (۸) غیرت میں اعتدال کرنا یعنی نہ بدگمانی کرے اور نہ بالکل غافل رہے۔ (۹) نہ خرچ میں تنگی کرے اور نہ ہی فضول خرچی کی اجازت دے۔ (۱۰) بدون ضرورت طلاق نہ دینا۔ (۱۱) اس کے محارم واقارب سے ملنے کی اجازت دینا۔

## عورتوں کے حقوق مختصراً حسبِ ذیل درج ہیں:

(۱) عصمت وعفت کی حفاظت کرنا۔ (۲) شوہر کے مال کی حفاظت کرنا۔ (۳) ہر نیک کام اور حق بات میں شوہر کی اطاعت کرنا۔ (۴) ضروریاتِ زندگی کی طلب میں اعتدال برتنا۔ (۵) ہمیشہ شوہر کی احسان شناس ہونا۔ (۶) بچوں کو دودھ پلانا۔ (۷) بدونِ شوہر کی اجازت کسی کو گھر میں نہ آنے دینا۔ (۸) بلا اجازت گھر سے نہ نکلنا۔ (۹) بلا اجازت اس کے مال میں سے کسی کو نہ دینا۔ (۱۰) خاوند کو بوجہ افلاس یا بدصورتی کے حقیر نہ سمجھنا۔ (۱۱) خلافِ شرع کوئی امر خاوند سے دیکھے تو ادب سے منع کرنا۔ (۱۲) شوہر کا نام لے کر نہ پکارنا۔ (۱۳) کسی کے سامنے خاوند کی شکایت نہ کرنا۔ (۱۴) زبان درازی نہ کرنا۔ (۱۵) شوہر کے اقارب سے تکرار نہ کرنا۔

## دونوں کے درمیان مشترکہ حقوق ملاحظہ ہوں:

(۱) حسن اخلاق کا مظاہرہ۔ (۲) جانبین سے ایذ ارسانی اعتدال کے ساتھ برداشت کرنا۔ (۳) ایک دوسرے کے ساتھ نرمی سے پیش آنا۔ (۴) محض خواہش نفسانی کی تکمیل مقصد نہ ہو بلکہ رشتۂ نکاح محبت والفت کی ایک مضبوط بنیاد ثابت ہو، جس کے ذریعہ دونوں کو سکون وراحت میسر ہو۔ (۵) حدود اللہ کے قیام کو مقصد بنانا۔ (۶) نیک صالح اولاد کی خواہش ہونا۔ (۷) بچوں کی پرورش میں دونوں کامل کر حصہ لینا۔ (۸) بچوں کی جسمانی پرورش کے ساتھ دینی تعلیم وتربیت میں دونوں کامل کر حصہ لینا۔

دلائل ملاحظہ فرمائیں:

**قال اللّٰہ سبحانہ و تعالیٰ: ﴿الرجال قوامون علی النساء﴾.** (سورۃ النساء، الآیة: ٣٤).

**وقال: ﴿ولهن مثل الذي عليهن بالمعروف، وللرجال عليهن درجة﴾.** (سورۃ البقرۃ، الآیة: ٢٢٨).

**وقال: ﴿وعاشروهن بالمعروف﴾.** (سورۃ النساء، الآیة: ١٩).

وقال النبي صلى الله عليه وسلم: " وإن لزوجک عليک حقاً ". (صحيح بخاري: ۷۸۳/۲، باب لزوجك عليك حق، كتاب النكاح، قديمي).

وعن معاوية القشيرى: أن النبي صلى الله عليه وسلم سأله رجل ما حق المرأة على الزوج؟ قال: " تطعمها إذا طعمت، وتكسوها إذا اكتسيت، ولا تضرب الوجه، ولا تقبح، ولا تجهر إلا في البيت. (رواه أحمد: ۲۰۰۲۷/۴۴۷:٤، ط: القاهرة-وابو داؤد: ۲: ۲۱۰/۲۱۴٤، ط: بيروت).

ترجمہ: حضرت معاویہ القشیر ی بیان کرتے ہیں کہ: ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ عورت کا شوہر پر کیا حق ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم جب کھاؤ تو اس کو کھلاؤ جب پہنو تو اس کو بھی پہناؤ اور چہرے پر پٹائی مت کرو، اور برا بھلا مت کہو اور علیحدہ مت رہو مگر گھر میں یعنی اس کو چھوڑ کر دوسرے مکان میں منتقل مت ہو جاؤ، ہاں گھر میں بستر الگ کر سکتے ہیں۔

وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " ألا واستوصوا بالنساء خيراً، فإنما هن عندكم عوان ليس تملكون منهن شيئاً غير ذلک، إلا أن يأتين بفاحشة مبينة، فإن فعلن فاهجروهن في المضاجع، واضربوهن ضرباً غير مبرح، فإن أطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلاً ألا وإن لكم على نسائكم حقاً، ولنسائكم عليكم حقاً، فأما حقكم على نسائكم، فلا يوطئن فرشكم من تكرهون، ولا يأذن في بيوتكم لمن تكرهون، ألا وحقهن عليكم أن تحسنوا إليهن في كسوتهن وطعامهن ". (رواه الترمذي: ۲۲۰/۱، باب ماجاء في حق المرأة على زوجها-وابن ماجة: ص: ۱۳۳، باب حق المرأة على الزوج).

وقال عليه الصلاة والسلام: " خيركم خيركم لأهله، وأنا خيركم لأهلي ". (رواه الترمذي: ۲۲۸/۲، باب فضل ازواج النبي صلى الله عليه وسلم).

وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إن المرأة خلقت من ضلع لن تستقيم لک على طريقة فإن استمتعت بها استمتعت بها وبها عوج، وإن ذهبت تقيمها كسرتها وكسرها طلاقها ". (رواه مسلم: ٤٧٥/۱، باب الوصية بالنساء).

وقال عليه الصلاة والسلام: " لا يجلد أحدكم امرأته جلد العبد ثم يجامعها في آخر

**اليوم"**. (رواه البخاري:٢/٧٨٤، باب مايكره من ضرب النساء).

**قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " لو كنت آمراً أحداً أن يسجد لأحد، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها "**. (رواه الترمذي: ١/٢١٩، باب ماجاء في حق الزوج ـ وابن ماجة :١٣٣).

درمختار میں ہے:

**وحقه عليها أن تطيعه في كل مباح يأمرها به، وله منعها من الغزل، ومن أكل ما يتأذى من رائحته، بل ومن الحناء والنقش إن تأذى برائحته، نهر. وفي الشامي: قوله في كل مباح، ظاهره أنه عند الأمر به منه يكون واجباً عليها كأمر السلطان الرعية به، قوله ومن أكل ما يتأذى به أي برائحته كثوم وبصل، يؤخذ منه أنه لو تأذى من رائحة الدخان المشهور له منعها من شربه.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٣/٢٠٨، باب القسم ،ط: سعيد).

**وفي البحر الرائق: وذكر البقاعي في المناسبات حديثاً لا يسأل الرجل فيم ضرب زوجته وحديثاً آخر أنه نهى المرأة أن تشكو زوجها** . (البحرالرائق:٣/٢٢٠،تتمة في حقوق الزوجين).

بدائع الصنائع میں ہے:

**أما النكاح الصحيح فله أحكام... منها حل الوطى إلا في حالة الحيض والنفاس والإحرام... ومنها حل النظر والمس من رأسها إلى قدميها في حالة الحياة، ومنها ملك المتعة وهو اختصاص الزوج بمنافع بضعها وسائر أعضائها استمتاعاً ... ومنها ملك الحبس والقيد وهو صيرورتها ممنوعة عن الخروج والبروز...ومنها وجوب المهر على الزوج ... ومنها ثبوت النسب... ومنها وجوب النفقة والسكنى... ومنها حرمة المصاهرة ... ومنها الإرث من الجانبين جميعاً ... ومنها وجوب العدل بين النساء في حقوقهن... ومنها وجوب طاعة الزوج على الزوجة... ومنها ولاية التأديب للزوج إذا لم تطعه فيما يلزم طاعته بأن كانت ناشزة فله أن يؤدبها لكن على الترتيب فيعظها أولاً على الرفق واللين ... ومنها المعاشرة بالمعروف وإنه مندوب إليه و مستحب ، قال الله تعالى : ﴿وعاشروهن**

**بـالـمعروف﴾ قيل هي المعاشرة بالفضل و الإحسان قولاً و فعلاً وخلقاً ... وكذلك من جـانبهـا هـي مـنـدوبة إلـى الـمعاشرة الجميلة مع زوجها بالإحسان باللسان واللطف في الـكـلام والـقـول المعروف الذي يطيب به نفس الزوج** . (بدائع الصنائع: ۲/۳۳۱-۳۳٤، أحكام النكاح، ط: سعيد۔ وكذا في البحر الرائق: ۳/۲۲۰، تتمة في حقوق الزوجين، كوئٹه).

**مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں:** "الفقه الإسلامي وأدلته: ۷/۳۲۷-۳٤۲، حقوق الزواج وواجباته، دار الفكر۔ واسلامی فقه: ۲/۱۰۷-۱۵۵۔ و امداد الفتاوی: ۲/۱۸۵) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## عورت کے ذمہ گھریلو کام کاج کا حکم:

**سوال:** کیا عورت کے ذمہ گھر کا کام کاج لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر عورت کا تعلق ایسے خاندان سے ہے جس میں گھر کا کام کاج عورتیں خود نہیں کرتی ہیں یا کسی عذر مثلاً بیماری وغیرہ کی وجہ سے گھر کا کام کاج کرنا مشکل ہے تو عورت پر کام کرنا لازم اور ضروری نہیں ہے، لیکن اگر خاندان کی عورتیں گھر کا کام کرتی ہیں یا شوہر کی آمدنی میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ ملازم رکھے تو عورت پر گھریلو کام کاج دیانۃً لازم ہے، ہمارے معاشرے (جنوبی افریقہ) میں عورتیں صفائی کے علاوہ عموماً گھر کا کام کاج کھانا وغیرہ پکاتی ہیں، لہذا یہاں کی عورتوں پر شرعاً شوہر اور بچوں کی خدمت اور کھنا وغیرہ پکانا لازم ہے، اِلا یہ کہ آپس کی رضامندی سے نہ پکائے۔

ملاحظہ فرمائیں اسلامی فقہ میں ہے:

اگر عورت ایسے گھر کی ہے جہاں لوگ اپنے ہاتھ سے کام کاج نہیں کرتے بلکہ نوکر چاکر کرتے ہیں، یا عورت اتنی کمزور یا مریض ہے جس کی وجہ سے اس سے گھر کا کام کاج نہیں ہوتا تو شوہر ایسی عورت کو کام کاج پر مجبور نہیں کرسکتا، بلکہ اس کو بغیر کام کئے ہوئے بٹھا کر روٹی کپڑا دینا پڑے گا، اگر ایسی عورت اپنے ذاتی کام کے لئے یا گھر کے کام کاج کے لئے ملازم کا مطالبہ کرے تو شوہر اگر خوش حال ہے تو اس کو ملازم رکھنا پڑے گا، اور ایک ملازم کا خرچ اس کو دینا پڑے گا، لیکن اگر شوہر کی آمدنی میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ وہ ملازم رکھ سکے، یا وہ عورت جو

اپنے میکے میں اپنے ہاتھ سے کام کاج کرتی تھی تو پھر عورت کو شوہر کے گھر کے اندر بھی کام کاج خود اپنے ہاتھ سے کرنا پڑے گا، اور مرد کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ باہر کا کام خود کرے۔ مثلاً سودا سلف، جنس، لکڑی، اور پانی وغیرہ گھر میں لادے، اگر مرد یہ چیزیں فراہم نہیں کرے تو عورت پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

بعض علمائے فقہ نے لکھا ہے کہ کپڑے کی دھلائی مرد کے اوپر واجب نہیں ہے بلکہ اس کو صرف پانی اور صابون فراہم کردینا ضروری ہے، عورت اپنے ہاتھ سے اپنا کپڑا دھولے اگر مرد دھلائی دیتا ہے تو یہ اس کا احسان ہے، یعنی یہ عورت کا قانونی حق نہیں ہے، لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ عورت اپنے گھر اس کی عادی ہو یا مرد صاحب استطاعت نہ ہونے کے باوجود دیتا ہو، ورنہ جب مرد میں استطاعت ہو یا عورت اس کام کی عادی نہ ہوتو کپڑے کی دھلائی بطور حق ملنا چاہئے، جب خادم مل سکتا ہے تو صحت وصفائی کی دوسری چیزیں بطور استحقاق کیوں نہیں مل سکتیں۔

البتہ اگر عورت اس کا بار مرد پر نہ ڈالے تو یہ اس کا احسان ہے، اور اس تعلق کا تقاضا یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے صرف قانونی تعلق نہ رکھیں، بلکہ اخلاقی تعلق بھی رکھیں یعنی ایک دوسرے کی تکلیف وآرام کا خیال رکھیں۔ (اسلامی فقہ: ۲/ ۱۱۷)۔

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**وإن قالت: لا أطبخ ولا أخبز قال في الكتاب لا تجبر على الطبخ والخبز وعلى الزوج أن يأتيها بطعام مهيأ أو يأتيها بمن يكفيها عمل الطبخ والخبز، قال الفقيه أبو الليث رحمه اللّٰه تعالى: إن امتنعت المرأة عن الطبخ والخبز إنما يجب على الزوج أن يأتيها بطعام مهيأ إذا كانت من بنات الأشراف لا تخدم بنفسها في أهلها أو لم تكن من بنات الأشراف لكن بها علة تمنعها من الطبخ والخبز، أما إذا لم تكن كذلك فلا يجب على الزوج أن يأتيها بطعام مهيأ كذا في الظهيرية. قالوا إن هذه الأعمال واجبة عليها ديانة وإن كانت لا يجبرها القاضي كذا في البحر الرائق.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٥٤٨، باب النفقة).

درمختار میں ہے:

أنه عليه الصلاة والسلام قسم الأعمال بين علي رضي الله تعالىٰ عنه وفاطمة رضي الله تعالىٰ عنها، فجعل أعمال الخارج على عليّ رضي الله تعالىٰ عنه والداخل على فاطمة رضي الله تعالىٰ عنها مع أنها سيدة نساء العالمين بحر. (الدر المختار: ۵۷۹/۳، باب النفقة ،ط:سعید).

وفي الطحطاوي: قوله قسم الأعمال أي أعمال المعيشة، قوله فجعل أعمال الخارج أى خارج البيت كاتيان الحطب والماء وتحصيل النفقة ، قوله الداخل على فاطمة رضي الله تعالىٰ عنها أي داخل البيت كالطحن والخبز والعجن . (حاشية الطحطاوى على الدر المختار: ۲۵۵/۲، کوئٹه، نفقه ـ و کذا فى البحر الرائق :۱۸۳/٤، باب النفقة ، کوئٹه) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## وضع حمل کے اخراجات شوہر کے ذمہ ہونے کا حکم:

**سوال:** فقہاء نے لکھا ہے کہ بیوی کا علاج شوہر کے ذمہ نہیں ہے، لیکن وضع حمل کے وقت کے اخراجات جوعورت کا صرف ذاتی فعل نہیں ہے بلکہ شوہر بھی اس میں شریک ہے اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ یہ بات محقق نہیں ہے کہ بیوی کا علاج شوہر کے ذمہ نہیں ہے، فقہاء نے اپنے عرف وعادت کی بنا پرتحریر فرمایا تھا، چونکہ ان کے زمانہ میں یہ اساسی ضرورت نہیں سمجھی جاتی تھی، لیکن موجودہ حالات وعرف کو دیکھتے ہوئے علاج ومعالجہ اساسی ضرورت بن چکا ہے، لہٰذا شوہر کے ذمہ ہونا چاہئے جس کی کچھ تفصیل ''باب النفقات'' کے تحت گزر چکی ہے۔

رہی یہ بات کہ حمل اور وضع حمل کے اخراجات تو اس کے بارے میں بھی فقہاء نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر شوہر دایہ کو بلائے تو شوہر برداشت کرے، اور عورت بلائے تو عورت برداشت کرے، اور اگر دایہ ازخود آئی ہو تو بعض کے نزدیک شوہر، اور بعض کے نزدیک عورت برداشت کرے، لیکن علامہ شامیؒ نے ترجیح اس بات کو دی ہے کہ شوہر ہی برداشت کرے، کیونکہ اکثر فائدہ بچہ کا ہے اور بچہ کا نفقہ وغیرہ باپ کے ذمہ ہے۔

لیکن اس زمانہ میں وضع حمل کے اخرجات بھی اساسی ضرورت بن گئے ہیں، لہٰذا بہرصورت یہ تمام

اخراجات شوہر برداشت کرے گا، بایں ہمہ عورت کو شوہر کی حالت پر نظر رکھتے ہوئے فیصلہ کرنا چاہئے، ہاں اگر شوہر کی مالی حالت زیادہ خوشحال نہ ہو اور عورت خوشحال گھرانہ کی ہو اور اس کے والدین بخوشی برداشت کرلیں تو کوئی حرج نہیں، بلکہ قابل صد ستائش ہے۔

درمختار میں ہے:

**و فيه أجرة القابلة على من استأجرها من زوجة وزوج ولو جاء ت بلا استئجار قيل عليه وقيل عليها . وفي الشامي : قوله قيل عليه عبارة البحر من الخلاصة : فلقائل أن يقول عليه لأنه مؤنة الجماع ولقائل أن يقول عليها كأجرة الطبيب وكذا ذكر غيره ومقتضاه أنه قياس ذو وجهين لم يجزم أحد من المشايخ بأحدهما خلاف ما يفهمه كلام الشارح ويظهر لي ترجيح الأول لأن نفع القابلة معظمة يعود إلى الولد فيكون على أبيه تأمل.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي: ٣/ ٥٨٠، باب النفقات۔وكذا في البحر الرائق: ٤/ ١٧٧، وفتح القدير: ٤/ ٣٨٧،ط: دارالفكر).

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: (اسلامی فقہ: ۲/ ۱۱۹) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بیوی کی مرضی کے بغیر دوسری جگہ قیام کرنے کا حکم:

**سوال:** بیوی کی مرضی کے بغیر شوہر اس کو دوسری جگہ ٹھہرنے پر مجبور کرسکتا ہے یا نہیں؟ مثلاً جوہانسبرگ سے ڈربن منتقل کرسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ اگر شہر ہی میں اپنے مکان پر لیجانا چاہتا ہے اور مہر بھی ادا کردیا ہے تو لے جانے کا حق ہے عورت انکار نہیں کرسکتی، ہاں اگر مہر ادا نہیں کیا تو انکار کرنے کا حق ہے، لیکن اگر دوسرے شہر یا دوسرے ملک لے جانا چاہتا ہے اور عورت انکار کرتی ہے تو شوہر عورت کو سفر کرنے پر مجبور نہیں کرسکتا، چونکہ فساد زمانہ کی وجہ سے بکثرت واقعات رونما ہوئے ہیں کہ شوہر بیوی کو دوسرے شہر یا دوسرے ملک لے جاتا ہے پھر ظلم و زیادتی کرتا ہے اور عورت نہ کوئی قریبی رشتہ دار اور پرسان حال نہیں ہوتا، بنابریں فقہاء نے یہ تحریر فرمایا ہے کہ عورت اپنے آپ کو سفر سے روکنے میں حق بجانب ہوگی۔

فتاوی شامی میں ہے:

**قال في البحر عن شرح المجمع: وأفتى بعضهم بأنه إذا أوفاها المعجل والمؤجل وكان مأموناً سافر بها وإلا لا، لأن التأجيل إنما يثبت بحكم العرف، فلعلها إنما رضيت بالتأجيل لأجل إمساكها في بلدها، أما إذا أخرجها إلى دار الغربة فلا، قوله لكن في النهر الخ ومثله في البحر حيث ذكر أولاً أنه إذا أوفاها المعجل فالفتوى على أنه يسافر بها كما في جامع الفصولين، وفي الخانية والولوالجية أنه ظاهر الرواية، ثم ذكر عن الفقيهين أبي القاسم الصفار وأبي الليث أنه ليس له السفر مطلقاً بلا رضاها لفساد الزمان لأنها لا تأمن على نفسها في منزلها فكيف إذا خرجت وأنه صرح في المختار بأن عليه الفتوى. وفي المحيط أنه المختار، وفي الولوالجية أن جواب ظاهر الرواية كان في زمانهم، أما في زماننا فلا، وقال: فجعله من باب اختلاف الحكم باختلاف العصر والزمان.** (فتاوى الشامي: ٣/ ١٤٦، باب المهر- وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ٢/ ٦٤، باب المهر- وكذا في البحر الرائق: ٣/ ١٧٩، باب المهر، كويته).

**وفي البحر أيضاً: فقد اختلف الإفتاء والأحسن الإفتاء بقول الفقيهين من غير تفصيل واختاره كثير من المشايخ كما في الكافي وعليه الفتوى وعليه عمل القضاة في زماننا كما في أنفع الوسائل.** (البحر الرائق: ٢/ ١٨٠، كوئته).

(كذا في منحة الخالق على البحر الرائق: ٣/ ١٨٠- وكذا في الفتاوى الهندية: ١/ ٣١٧، باب المهر).

قاضی خانؒ فقیہ ابواللیثؒ کا قول ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

**وله أن يخرجها من المصر إلى القرية ومن القرية إلى المصر ومن القرية إلى القرية لأن النقل إلى ما دون السفر لا يعد غربة ويكون ذلك بمنزلة النقل من محلة إلى محلة.**

(فتاوى قاضي خان على هامش الهندية: ١/ ٣٨٦، باب المهر). **والله تعالیٰ اعلم۔**

## بیوی کا والدین کی زیارت کے لئے جانے کا حکم:

**سوال:** عورت والدین کی زیارت وملاقات کے لئے کتنے دن کے بعد جاسکتی ہے؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ والدین کی زیارت کی تعیین کا مدار عرف پر ہے، تاہم ہمارے عرف و معاشرے کے مطابق اگر والدین قریب رہتے ہوں تو ہر ہفتہ ملاقات کرسکتی ہے اور اگر دور رہتے ہوں تو مہینہ میں ایک مرتبہ، لیکن اگر بہت زیادہ دور ہوں تو سال میں دو تین دفعہ ملاقات کی اجازت ملنی چاہئے۔
ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ولا يمنعها من الخروج إلى الوالدين في كل جمعة إن لم يقدرا على إتيانها على ما اختاره في الاختيار. وفي الشامية: الذي رأيته في الاختيار شرح المختار: هكذا قيل لا يمنعها من الخروج إلى الوالدين... وعن أبي يوسفؒ في النوادر تقييد خروجها بأن لا يقدرا على إتيانها فإن قدرا لا تذهب وهو حسن، وقد اختار بعض المشايخ منعها من الخروج إليهما والحق الأخذ بقول أبي يوسف إذا كانت الأبوان بالصفة التي ذكرت، وإلا ينبغي أن يأذن لها في زيارتهما في الحين بعد الحين على قدر متعارف، أما في كل جمعة فهو بعيد، فإن في كثرة الخروج فتح باب الفتنة خصوصاً إذا كانت شابة والزوج من ذوي الهيئات، بخلاف خروج الأبوين فإنه أيسر، وهذا ترجيح منه لخلاف ما ذكر في البحر أنه الصحيح المفتى به من أنها تخرج للوالدين في كل جمعة بإذنه وبدونه.** (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ٣/٢٠٦، ط: سعيد).

**وفي تقريرات الرافعي: ما ذكره في البحر عزاه إلى الخانية ونصه قالوا الصحيح أنه لا يمنعها من الخروج إلى الوالدين ولا يمنعهما من الدخول عليها في كل جمعة ...وعليه الفتوىٰ كما في الخانية.** (تقريرات الرافعي: ٣/٢٥٢، ط: سعيد).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**وقيل: لا يمنعها من الخروج إلى الوالدين في كل جمعة مرة وعليه الفتوى**. (الفتاوى الهندية: ١/٥٥٧، باب النفقات، فصل في السكنى).

**وفي فتاوى قاضي خان قالوا ليس للمرأة أن تخرج بغير إذن الزوج إلا بأسباب معدودة و منها الخروج إلى زيارة الوالدين وتعزيتهما وعيادتهما وزيارة المحارم**. (قاضي خان على الهندية: ١/٤٤٣، فصل في حقوق الزوجية). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## غیر مسلم والدین کی زیارت کے لئے نکلنے کا حکم:

**سوال:** ہمارے علاقہ میں ایک عورت نے اسلام قبول کیا اور مسلمان مرد سے شادی کر لی، اب اگر اس کے غیر مسلم والدین بیمار ہو جائیں تو زیارت کے لئے جا سکتی ہے یا نہیں؟ اسی طرح اگر محارم میں سے کوئی انتقال کر جائے تو جانا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ والدین چاہے مسلمان ہوں یا غیر مسلم زیارت کے لئے جانے کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿**وصاحبهما في الدنيا معروفا**﴾. (سورة لقمان: الآية: ١٥).

بخاری شریف میں روایت ہے:

**وعن أسماء بنت أبي بكر رضي الله تعالىٰ عنها، قالت: قدمت علي أمي وهي مشركة في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فاستفتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم، قلت: وهي راغبة أفأصل أمي؟ قال: نعم، صلي أمك**. (رواه البخاري: ١/٣٥٧، باب الهدية للمشركين).

نیز دیگر محارم جو کہ غیر مسلم ہوں ان کی عیادت کے لئے جانا جائز ہے، اسی طرح ان میں سے کوئی مر جائے تو تعزیت کے لئے بھی جا سکتی ہے، لیکن جنازہ وغیرہ میں شرکت نہ کرے۔

درمختار میں ہے:

**ولا يمنعها من الخروج إلى الوالدين في كل جمعة إن لم يقدرا على إتيانها... ولو**

کافراً وإن أبى الزوج ، فتح. وفى الشامية : قوله ولو كافراً لأن ذلك من المصاحبة بالمعروف المأمور بها. قوله وإن أبى الزوج لرجحان حق الوالد . (الدرالمختار مع الشامي: ٦٠٣/٣، باب النفقة ،ط: سعيد).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

إذا كان لرجل أو لامرأة والدان كافران عليه نفقتهما وبرهما وخدمتهما وزيارتهما فإن خاف أن يجلباه إلى الكفر إن زارهما جاز له أن لا يزورهما، كذا فى الخلاصة ... وإذا مات الكافر قال لوالده أو قريبه في تعزيته: أخلف الله عليك خيراً منه وأصلحك أي أصلحك بالإسلام ورزقك ولداً مسلماً لأن الخيرية به تظهر كذا فى التبيين . (الفتاوى الهندية: ٣٤٨/٥، باب اهل الذمة ) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## محارم کی زیارت کے لئے جانے کا حکم:

**سوال:** عورت والدین کے علاوہ دیگر محارم کی زیارت کے لئے جاسکتی ہے یانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ والدین کے علاوہ دیگر محارم کی زیارت کے لئے سال میں ایک دفعہ جانے کی اجازت دینی چاہئے، ہاں آپس کی رضا مندی سے سال میں کئی دفعہ جانا بھی جائز ہوگا۔

ملاحظہ ہو شامی میں مذکور ہے:

وللمحارم في كل سنة مرة هو المختار . (فتاوى الشامي: ٦٠٢/٣ ، باب النفقة،ط: سعيد ).

البحر الرائق میں ہے:

قالوا الصحيح أنه لا يمنعها من الخروج إلى الوالدين ولا يمنعهما من الدخول عليها في كل جمعة وفي غيرهما من المحارم في كل سنة ... وفى الخلاصة معزياً إلى مجموع النوازل يجوز للرجل أن يأذن لها بالخروج إلى سبعة مواضع زيارة الأبوين وعيادتهما وتعزيتهما أو أحدهما وزيارة المحارم . (البحرالرائق: ١٩٥/٤، باب النفقة،ط: كوئته).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**وهل يمنع غير الأبوين من الزيارة قال بعضهم: لا يمنع المحرم من الزيارة في كل شهر وقال مشايخ بلخ: في كل سنة وعليه الفتوى، وكذا لو أرادت المرأة أن تخرج لزيادة المحارم كالخالة والعمة والأخت فهو على هذه الأقاويل كذا في فتاوى قاضيخان.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٥٥٧، باب النفقة، الفصل الثاني في السكنى). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## میاں بیوی کے لئے الگ بستر کا حکم:

**سوال:** آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کے زمانہ میں شوہر اور بیوی کے لئے الگ الگ چار پائی ہوتی تھی یا پوری رات ایک بستر پر لیٹتے تھے؟ اور فقہاء کے کلام سے کیا معلوم ہوتا ہے؟

**الجواب:** احادیث اور عباراتِ فقہیہ سے عمومی احوال میں میاں بیوی کا ایک بستر پر سونا معلوم ہوتا ہے، لیکن بعض احادیث اور بعض عباراتِ فقہیہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایام ماہواری میں الگ بستر پر سونا چاہئے، خصوصاً نوجوان طبقے کے لئے جو صبر نہیں کر سکتے ہیں، اور گناہ میں ملوث ہو جانے کا قوی اندیشہ ہو، نیز یہ مسئلہ عرف وعادات کے لحاظ سے بھی مختلف ہوتا ہے، مثلاً بعض جگہوں کا دستور ہے کہ اولاد ہونے کے بعد یا اولاد کے باشعور ہونے کے بعد میاں بیوی علاحدہ بستر پر رات کا اکثر حصہ گزارتے ہیں، بایں ہمہ اس ملک میں چونکہ ہر ایک کا کمرہ علیحدہ ہوتا ہے اور میاں بیوی کا بھی مخصوص کمرہ ہوتا ہے اور پوری زندگی ایک بستر پر سوتے ہیں، لہذا ایام مخصوص وغیرہ میں صبر سے کام لیں تو ایک بستر میں سونے کی بھی گنجائش ہوگی۔

احادیث درج ذیل ملاحظہ فرمائیں:

**(۱) روى الشيخان عن أم سلمة رضي الله تعالىٰ عنها واللفظ لمسلم أنها قالت: بينما أنا مضطجعة مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في الخميلة إذ حضت فانسللت، الخ.** (مسلم شريف: ١/ ١٤٢، الاضطجاع مع الحائض۔ و بخاری شريف: ١/ ٤٦، النوم مع الحائض).

**(۲) وروى البيهقي بسنده عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: كنت مع رسول**

**الـلـه صـلـى الـلـه عـلـيـه وسـلـم في لحاف واحد فانسللت فقال: ما شانك** . (السنن الكبرى للبيهقي: ۱/۱ ۱ ۳، مباشرة الحائض).

**(۳) وروى ابـن أبـي شيبة بسـنـد صـحيـح عن عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها قالت: فـقـدت رسـول الـلّٰـه صـلـى الـلّٰه عليه وسلم ذات ليلة من الفراش فالتمسته فوقعت يدي** (المصنف لابن أبي شيبة: ۱۵/ ۷٦/ ۲۹۷۵، المجلس العلمي).

**(۴) وفى السنن الكبرى للبيهقي : عن أم المؤمنين عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها أنها قـالـت: فـقـدت رسـول الـلّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم وكان معي على فراشي فوجدته ساجداً** . (بيهقي سنن كبرى:۲/۱۱٦، ابواب السجود،باب ضم العقبين).

**(۵) وعـن عـائشة رضـي الـلّٰـه تعالىٰ عنها قالت : طلبت رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم ذات ليلة في فراشي فلم أصبه**... (السنن الكبرى للنسائي:٤/٤٦٨، والمستدرك للحاكم:۲/۳٤۹).

**(٦) وذكـر الإمـام البـخـاري في بداية كتاب الصلاة عن عروة أن رسول اللّٰه صلى الـلّٰـه عليه وسلم كان يصلي وعائشة متعرضة بينه وبين القبلة على الفراش الذي كانا ينامان عليه** . (بخاري شريف :۱/٥٦، باب الصلاة على الفراش).

**(۷) روى البـخـاري عـن كـريـب مـولى ابن عباس أن عبد اللّٰه بن عباس رضي اللّٰه تـعـالـىٰ عـنـه أخبـره أنـه بـات لـيـلة عند ميمونة زوج النبي صلى اللّٰه عليه وسلم وهي خالته فـاضـطجعت في عرض الوسادة واضطجع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم وأهله في طولها فنام رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم** . (رواه البخاري :۱/۳۰/۱۸۳، باب قرائة القرآن).

**(۸) وفـي مـنـاقـب الـمستدرك للحاكم في بيان وفاة أبي بكر الصديق رضي اللّٰه تـعـالىٰ عنه عن عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها... وحمل على سرير النبي صلى اللّٰه عليه وسلم وهو سرير عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها الذي كانت تنام عليه**.(المستدرك للحاكم:۳/٦٦/٤٤۰۹).

**(۹) وأخـرج البـخـاري فـى النفقات والدعوات قصة فاطمة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها، وفيهـا: فـلـمـا جـاء أخبـرت عـائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها قال: فجاء نا وقد أخذنا مضاجعنا**

فذهبنا نقوم فقال: على مكانكما فقعد بيني وبينها ... فقال:... إذا أخذتما مضاجعكما أو أويتما إلى فراشكما فسبحا ٣٣، واحمدا ٣٣، وكبرا ٣٤. (رواه البخاری: ٢/٨٠٧، باب عمل المرأة فی بيتها).

(١٠) وقال ابن رجب الحنبلي في شرح البخاري: عن ابن سيرين قال: سألت عبيدة: ما للرجل من امرأته إذا كانت حائضاً؟ قال: الفراش واحد واللحاف شتىٰ... وقد روى أن النبي صلى الله عليه وسلم كان ينام مع الحائض حيث لم يكن لهم سوى فراش واحد فلما وسع عليهم اعتزل نسائه في حال الحيض. (فتح البارى لابن رجب، باب مباشرة الحائض: ١/٤١٧).

وقال المناويّ: إن السنة أن يبيت الرجل مع أهله في فراش واحد ولا يجري على سنن الأعاجم من كونهم لا يضاجعون نسائهم بل لكل واحد من الزوجين فراش فإذا احتاجها يأتيها أوتأتيه. (فيض القدير: ١/٣٠٩).

وفيه أيضاً: أن الأحب أن يبيت الرجل مع زوجته في فراش واحد. (فيض القدير: ١/٣٤٣).

وأخرج مسلم وأبو داود والنسائى عن جابر بن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال له: فراش للرجل وفراش لامرأته والثالث للضيف، والرابع للشيطان. (مسلم شريف: ٢/١٩١، اللباس، كراهة ما زاد على الحاجة۔وابو داود شريف: ٢/٢١٥، اللباس، باب فی الفراش۔و سنن النسائی: ٢/٢٩، باب الفراش).

وقال الإمام النووي في شرح هذا الحديث:

وأما تحديد الفراش للزوج والزوجة فلا بأس به؛ لأنه قد يحتاج كل واحد منهما إلى فراش عند المرض ونحوه وغير ذلک، واستدل بعضهم بهذا على أنه لا يلزمه النوم مع امرأته وإن له الانفراد عنها بفراش، والاستدلال به في هذا ضعيف؛ لأن المراد بهذا وقت الحاجة كالمرض وغيره كما ذكرنا، وإن كان النوم مع الزوجة ليس واجباً لكنه بدليل آخر والصواب فی النوم مع الزوجة إذا لم يكن لواحد منهما عذر فی الانفراد فاجتماعهما

في فراش واحد أفضل ، وهو ظاهر فعل رسول الله صلى الله عليه وسلم على قيام الليل فينام معها فإذا أراد القيام لوظيفته قام وتركها فيجمع بين وظيفته وقضاء حقها المندوب، وعشرتها بالمعروف لا سيما إن عرف من حالها حرصها على هذا ثم أنه لا يلزم من النوم معها الجماع . (شرح النووى على الصحيح لمسلم: ۲/ ۱۹٤).

وقال المناوي : قيل أنه لا يلزمه المبيت مع زوجته بفراش ورد بأن النوم معها وإن لم يجب لكن علم من أدلة أخرى أنه أولىٰ حيث لا عذر لمواظبة النبي صلى الله عليه وسلم. (فيض القدير ٤/ ٤٢٤).

## فقہاء کی عبارات ملاحظہ فرمائیں:

محیط برہانی میں ہے:

ولا ينبغي أن يعتزل فراشها؛ فإن ذلک تشبه باليهود ، وقد نهينا عن التشبه بهم ، روي أن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما فعل ذلک فبلغ ميمونة رضي الله تعالىٰ عنها فأنكرت عليه وقالت: أترغب عن سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم تضاجعنا في فراش واحد في حالة الحيض. (المحيط البرهاني: كتاب الاستحسان والكراهية ، الفصل التاسع ، مباشرة الحائض).

شامی میں ہے:

حاصله أنه لو وجد الزوجان في فراشهما منيا ولم يذكرا احتلاماً ... (فتاوى الشامي: ۱/ ۱٦٤).

بعض فقہی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت کے وقت دو بستر ہونے چاہئے۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

وينبغي أن يكون لها فراش على حدة ولا يكتفي بفراش واحد لأنها قد تنفرد فى الحيض والمرض، وفى الأثر: فراش لک وفراش لأهلک وفراش للضيف ، والرابع للشيطان. ( فتح القدير: ٤/ ٣٨٨، باب النفقة ، دار الفكر).

البحر الرائق میں ہے:

**قال شمس الأئمة في شرح كتاب النفقات : ذكر لها فراشاً على حدة ولم يكتف بفراش واحد لأنها ربما تعتزل عنه في أيام الحيض أو في زمان مرضها.** (البحر الرائق:٤/١٧٧، باب النفقة۔و فتاوى الشامي: ٣/٥٨٤۔و المحيط :٤/١٧٩، نفقة الزوجات).

فقہ مالکی کی التاج والاکلیل میں ہے:

**ابن شاس: من له زوجة واحدة لا يجب مبيته معها، ابن عرفة: الأظهر وجوبه أو تبييته معها، امرأة ترضى لأن تركها وحدها ضرر... وفي صحيح مسلم أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: فراش لرجل وفراش ... وفي نوازل ابن الحاج : قد يستدل من هذا الحديث أنه ليس على الرجل أن ينام مع امرأته في فراش واحد وإنما حقها عليه في الوطء خاصة.**( التاج والاكليل:٥/٤٩١،كتاب القسم ـومواهب الجليل: ٥/٥٥١، باب في النفقة ).

فقہ شافعی کی کتاب نہایۃ المحتاج میں ہے:

**ويندب أن لا يخلى الزوجة في كل أربع ليال... وأن يناما في فراش واحد كما في الجواهر حيث لا عذر في الانفراد .** ( نهاية المحتاج: ٦/٣٨٠) . **واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔**

## شوہر کے سامنے برہنہ ہونے کا حکم:

**سوال:** عورت کے لئے اپنے شوہر کے سامنے برہنہ ہونا اور کپڑے نکالنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ زوجین کا آپس میں ایک دوسرے کا پورا بدن دیکھنا جائز ہے، البتہ مخصوص عضو کو دیکھنا خلاف اولیٰ ہے۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال: قلت: يارسول اللّٰه ! عوراتنا ما نأتي منها وما نذر، قال: احفظ عورتك إلا من زوجتك أو ما ملكت يمينك.**(رواه ابن ماجة:١٣٨).

**وعن عائشة رضى الله تعالى عنها قالت: ما رأيت من رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا رأى مني مع طول صحبتي إياه.** (أخرجه ابن ماجة فى النكاح، باب التستر عند الجماع).

محیط برہانی میں ہے:

**أما نظر الرجل إلى زوجته ومملوكته: فهو حلال من فرقها إلى قدمهاعن شهوة وبغير شهوة، وهذا ظاهر، إلا أن الأولىٰ أن لا ينظر كل واحد منهما إلى عورة صاحبه، قالت عائشة رضى الله تعالىٰ عنها: ما رأيت من رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا رأى مني مع طول صحبتي إياه، وقال عليه السلام: إذا أتى أحدم أهله فليستتر ما استطاع، ولا يتجردان تجرد البعير، وكان ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما يقول: الأولىٰ أن ينظر الرجل إلى فرج امرأته وقت الوقاع ليكون أبلغ في تحصيل معنى اللذة، وعن أبي يوسف فى الأمالي قال: سألت أبا حنيفة رحمه الله تعالىٰ عن الرجل يمس فرج امرأته، أو تمس هي فرجه ليتحرك عليها، هل ترى بذلك بأساً؟ قال: أرجو أن يعظم الأجر.** (المحيط البرهاني ٦٤/٦، كتاب الاستحسان و الكراهية، الفصل التاسع، مكتبة رشيدية).

وكذا فى البحر الرائق:...، والعناية فى شرح الهداية:...، والفتاوى الهندية: ٣٢٧/٥، الباب الثامن، وفتاوى الشامي: ٣٦٦/٦، فصل فى النظر والمس ـ ومعارف القرآن: ٤٠٣/٦).

علامہ سرخسیؒ فرماتے ہیں:

**فأما نظره إلى زوجته ومملوكه فهو حلال من قرنها إلى قدمها عن شهوة أو عن غير شهوة لحديث أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال غض بصرك إلا عن زوجتك وأمتك وقالت عائشة رضى الله عنها: كنت أغتسل أنا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من إناء واحد وكنت أقول: بق لي وهو يقول: بقي لي ولو لم يكن النظر مباحاً ما تجرد كل واحد منهما بين يدي صاحبه ولأن ما فوق النظر وهو المس والغشيان حلال بينهما قال تعالى: والذين هم لفروجهم حافظون إلا على أزواجهم أو ما ملكت أيمانهم. الآية. إلا أن مع هذا**

**الأولیٰ أن لا ینظر کل واحد منهما إلى عورة صاحبه لحديث عائشة كما تقدم ذكره.**

(المبسوط للسرخسي ١٠/١٤٨، كتاب الاستحسان، دار الفكر) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## میاں بیوی کا آپس میں مخصوص عضو کو دیکھنے کا حکم:

**سوال:** کیا زوجین کے لئے جائز ہے کہ ایک دوسرے کے خاص عضو کو دیکھے، اور کیا یہ بات صحیح ہے کہ زوجہ کے مخصوص عضو کو دیکھنے سے بچے ناقص الخلقت پیدا ہوتے ہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب زوجین کا آپس میں ایک دوسرے کے پورے بدن کو دیکھنا جائز ہے، تو مخصوص عضو کو بھی دیکھنا جائز ہوگا، البتہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کی بنا پر ایسا کرنا خلاف اولیٰ ہے۔

لیکن بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ عضو مخصوص کو دیکھنے سے اولاد ناقص الخلقت پیدا ہوگی، تو یہ آثار محدثین کے نزدیک صحیح نہیں، بلکہ ابن جوزی وغیرہ نے موضوع کہہ کر رد کر دیا ہے۔ علاوہ ازیں عمومی طور پر عضو مخصوص چاہے خود اپنا ہو یا زوجہ کا اس کا دیکھنا اچھا نہیں طبی اعتبار سے اس کے نقصانات ہیں مثلاً اس سے نسیان طاری ہوتا ہے، وغیرہ۔ لہذا اس سے بچنا افضل اور بہتر ہے، تاہم ناجائز یا مکروہ نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ابن ماجہ شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله عنها قالت: ما نظرت أو رأيت فرج رسول الله صلى الله عليه وسلم قط. وفي رواية له عن عتبة بن عبد السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إذا أتى أحدكم أهله فلتستتر ولا يتجرد تجرد البعيرين ".** (رواهما ابن ماجة: ١/١٣٨، باب التستر عند الجماع).

حافظ ابن حجرؒ تلخیص الحبیر میں فرماتے ہیں:

**قوله روي أنه صلى الله عليه وسلم قال: " النظر في الفرج يورث الطمس " رواه ابن حبان في الضعفاء من طريق بقية عن ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس بلفظ " إذا جامع الرجل زوجته فلا ينظر إلى فرجها فإن ذلك يورث العشا " قال: وهذا يمكن أن يكون بقية**

**سـمعه من بعض شيوخه الضعفاء عن ابن جريج فدلسه . وقال ابن أبي حاتم فى العلل سألت أبـي عـنـه فـقـال: مـوضوع وبقية مدلس. وذكر ابن قطان في كتاب أحكام النظر أن بقي بن مـخـلـد رواه عـن هشام بن خالد عن بقية قال نا ابن جريج وكذلک رواه ابن عدي عن ابن قتيبة عـن هشـام فـمـا بقي فيه إلا التسوية ، وقدذكره ابن الجوزي فى الموضوعات وخالف ابـن الـصلاح فقال: إنه جيد الإسنادكذا قال وفيه نظر.** (التلخيص الحبير فى تخريج أحاديث الرافعي الكبير: ٣/٣١٦/١٤٨٩، ط:دارالكتب العلمية) .

ابن جوزی موضوعات میں فرماتے ہیں:

**عـن ابـن جريج عن عطاء عن ابن عباس قال : قال رسول الله صلى عليه وسلم : " إذا جـامع أحدكم زوجته أوجاريته فلا ينظر إلى فرجها ، فإن ذلک يورث العمى". قال أبوحاتم ابـن حبـان :كان بقية يروي عن كذابين وثقاة ويدلس ، وكان له أصحاب يسقطون الضعفاء مـن حـديثـه ويسـوونـه فيشبه أن يكون سمع هذا من بعض الضعفاء عن ابن جرين ثم يدلس عنه، والتزق به، وهذا موضوع.** (الموضوعات لابن الجوزی:٢/٢٧١).

وكـذا فـى نـصـب الـراية لأحـاديـث الـهـداية مـع حـاشيتـه بغية الالمعى فى تخريج الزيلعی:٤/٢٤٨۔ وجامع الاحاديث للامام السيوطی : ٣/٣٥/١٧٤۔ وفی " احاديث لاتصح" لسليمان بن صالح الخراشی:١/٣).

تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

(شـرح الـطـريقة المحمدية ،جلد دوم: ٤١٩۔الصنف الرابع من الاصناف التسعة فی بيان آفات العين الباصرة۔ ومجمع الانهر شرح ملتقى الابحر، كتاب الكراهية فی بيان أحكام النظر) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## وظیفہ زوجیت ادا کرتے وقت بات چیت کرنے کا حکم:

**سوال:** بوقتِ جماع بات کرنے کا کیا حکم ہے؟ مکروہ ہے یا جائز؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بوقت صحبت میاں بیوی کا آپس میں بات چیت کرنا مکروہ نہیں ہے، ہاں

کسی دوسرے کے ساتھ بات کرنا مکروہ ہے۔

حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ ''امداد المفتین ''میں تحریر فرماتے ہیں:

حالت جماع میں کلام کرنا مکروہ ہے، کما فی الدر المختار : ویکرہ الکلام فی المسجد وخلف الجنازۃ وفی الخلاء وفي حالۃ الجماع ، لیکن یہ جب ہے کہ کسی دوسرے سے کلام کرے اور خود زوجہ سے کلام کرنے میں مضائقہ نہیں۔ (امداد المفتین جلد دوم:۱۰۳۲، کتاب الحظر والاباحۃ)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## عضو تناسل کو منہ میں لینے کا حکم:

**سوال:** کیا بیوی کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنے شوہر کا عضو تناسل کو منہ میں لے لے، یا شہر کے لئے جائز ہے کہ وہ اس کے منہ میں دیدے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس فعل سے اجتناب کرنا چاہئے، منہ کھانے پینے، مباحات اور ذکر اللہ کے لئے ہے، آلہ تناسل کی جگہ نہیں ہے، نیز منہ میں لینے کے وقت مذی نکلنے کا قوی احتمال ہے جو نجس اور ناپاک ہے، لہذا یہ کام خلافِ فطرت اور مکروہ ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی ہندیہ میں ہے:

**فی النوازل: إذا أدخل الرجل ذکرہ في فم امرأتہ قد قیل یکرہ وقد قیل بخلافہ کذا فی الذخیرۃ .** (الفتاوی الھندیۃ: ۵/۳۷۲)۔

احسن الفتاوی میں فتاوی ہندیہ کی عبارت کے بعد مرقوم ہے:

**أقول: المبیح مجھول منکر ، وقولہ مردود شرعاً وعقلاً.** (احسن الفتاوی:۸/۴۵)۔

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

بے شک شرمگاہ کا ظاہری حصہ پاک ہے، لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہر پاک چیز کو منہ لگایا جائے اور منہ میں لیا جائے اس کو چوما جائے اور چاٹا جائے، ناک کی رطوبت پاک ہے تو کیا ناک کے اندرونی حصہ کو زبان لگانا، اس کی رطوبت کو منہ میں لینا پسندیدہ چیز (خصلت) ہوسکتی ہے؟ اور اس کی اجازت ہوسکتی ہے؟ مقعد (پاخانہ کا

مقام) کا ظاہری حصہ بھی ناپاک نہیں، پاک ہے تو کیا اس کو چومنے کی اجازت ہوگی؟ نہیں ہرگز نہیں، اسی طرح عورت کی شرمگاہ کو چومنے اور زبان لگانے کی اجازت نہیں، سخت مکروہ اور گناہ ہے، کتوں، بکروں وغیرہ حیوانات کی خصلت کے مشابہ ہے۔ (فتاوی رحیمیہ:۲۷۰/۲) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## ملاعبت میں انگشت استعمال کرنے کا حکم:

**سوال:** کیا شوہر بیوی سے ملاعبت کے وقت انگشت استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بیوی سے ملاعبت کے وقت انگشت کا استعمال دبانے اور مس کی حد تک درست ہے، لیکن انگلی کو شرمگاہ میں داخل کرنے کی اجازت نہیں۔

ملاحظہ ہو فتاوی ہندیہ میں ہے:

**وما حل النظر إليه حل مسه ونظره وغمزه.** (الفتاوى الهندية:٥/٣٢٨).

**وفي الشامية : والأصبع ليس آلة للجماع .** (فتاوى الشامي:١/١٦٦،ط:سعيد).

شرح العنایۃ میں ہے:

**روي عن أبي يوسفؒ في الأمالي قال: سألت أبا حنيفة عن الرجل يمس فرج امرأته أو تمس هي فرجه ليتحرك عليها هل ترى بذلك بأساً ؟ قال : لا ، أرجو أن يعظم الأجر.**

(شرح العناية على الهداية على هامش فتح القدير: ....٣١).

وكذا في الفتاوى الهندية:٥/٣٢٨،كتاب الكراهية ـ والمحيط البرهاني:٦/٦٥،كتاب الاستحسان ) .

**واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## عورت سے استمناء بالید کرانے کا حکم:

**سوال:** اگر عورت حیض میں ہے تو کیا مرد عورت سے استمناء بالید کرا سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بیوی کے ہاتھ سے استمناء کی گنجائش اس وقت ہے جب کہ حالت حیض میں جماع کا خطرہ ہو، عام حالات میں اجازت نہیں، نیز عادت پڑ جانے کا خطرہ ہے، اس لیے جو آدمی اپنے اوپر قابو نہیں پاسکتا ہے وہ حیض میں بیوی سے دور رہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**ویجوز أن یستمني بید زوجته وخادمته... ویدل أیضاً علی ما قلنا ما فی الزیلعي حیث استدل علی عدم حله بالكف بقوله تعالی: ﴿والذین هم لفروجهم حافظون﴾. الآیة. وقال: فلم یبح الاستمتاع إلا بهما أي بالزوجة والأمة، فأفاد عدم حل الاستمتاع أي قضاء الشهوة بغیرهما هذا ما ظهر لي، والله أعلم.** (فتاوی الشامي: ۲/۳۹۹، باب ما یفسد الصوم ومالا یفسده).

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں:

اپنی زوجہ کے ہاتھ سے انزال کرنا اگر بضرورت ہو تو بلا کراہت جائز ہے، مثلاً حیض ونفاس وغیرہ کے عذر سے جماع نہیں کرسکتا اور غلبۂ شہوت کی وجہ سے صبر مشکل ہے، وغیر ذلک، اور اگر بلا ضرورت ہو تو مکروہ ہے۔ (امداد المفتین: ۷/۲۴۸).

مزید ملاحظہ ہو: (احسن الفتاوی ۸/۳۶۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## شوہر کی خوشنودی کے لئے پستان کو بڑا کرنا:

**سوال:** کیا عورت اپنے شوہر کی خوشنودی کے لئے اپنے پستانوں کو بڑا کرسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** پستانوں کو بڑا کرنا اللہ تعالیٰ کی خلقت میں تبدیلی کرنا ہے، اور حدیث میں آتا ہے: ''**لا طاعة لمخلوق في معصیة الخلاق**''۔ لہذا شوہر کی رضامندی کے لئے پستانوں کو بڑا کرنا درست نہیں ہے۔

جدید فقہی مسائل میں مولانا خالد سیف اللہ تحریر فرماتے ہیں:

اسلام کا نقطہ نظر یہ ہے کہ جسم اللہ کی امانت اور اس کا پیکر اللہ کی تخلیق کا مظہر ہے، جس میں کسی شرعی اور فطری ضرورت کے بغیر کوئی خود ساختہ تبدیلی درست نہیں، اسی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مصنوعی طور پر بال لگانے، خوبصورتی کے لئے دانتوں کے درمیان فصل پیدا کرنے کو ناجائز، قابل لعنت اور اللہ کی خلقت میں تغیر قرار دیا ہے، اس لئے ظاہر ہے کہ محض زینت اور فیشن کی غرض سے اس قسم کا کوئی آپریشن اور جسم میں کوئی تغیر قطعاً درست نہ ہوگا، جیسا کہ آج کل ناک، پستان وغیرہ کے سلسلہ میں کیا جاتا ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

" **لعن الله الواشمات والمستوشمات والمتنمصات**". (رواه البخاري: ۲/ ۸۷۹، كتاب اللباس)

" **أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حرم الوشر**. (نسائی: ۲/ ۲۸۱، باب تحریم الوشر).

" **ولعن المتفلجات للحسن المغيرات خلق الله**. (مسلم: ۲/ ۲۰۵، باب تحريم فعل الواصلة).

ہاں اگر عام فطرت کے خلاف کوئی عضو زیادہ ہو گیا مثلاً پانچ کی بجائے چھ انگلیاں ہو گئیں تو آپریشن کے ذریعہ ان کو علیحدہ کیا جا سکتا ہے۔

**إذا أراد الرجل أن يقطع أصبعاً زائدةً أو شيئاً آخر ... إن كان الغالب على من قطع مثل ذلک الهلاک فإنه لا يفعل وإن كان الغالب هو النجاة فهو في سعة من ذلک**. (الفتاوى الهندية: ٥/ ٣٦٠). (جدید فقہی مسائل: ۱/ ۳۱۲).

بخاری شریف میں ہے:

**عن إبراهيم عن علقمة قال: " لعن عبد الله الواشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله فقالت أم يعقوب ما هذا ؟ قال عبد الله: وما لي لا ألعن من لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي كتاب الله ؟ قالت: والله لقد قرأت ما بين اللوحين فما وجدته قال: والله لئن قرأتيه وجدتيه: ﴿ما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا﴾**.

(رواه البخاري: ۲/ ۷۹، باب المتنمصات). **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## شوہر کی اجازت کے بغیر صدقہ کرنا:

**سوال:** میرے شوہر نہایت ہی بخیل قسم کے آدمی ہیں، تقریباً بیس سال سے ہم شادی شدہ ہیں لیکن کوئی بھی پرانے کپڑے یا جوتے وغیرہ اگر چہ پھٹ جائے کسی کو نہیں دیتے نئی چیزیں خریدتے ہیں، لیکن پرانی چیزیں نہیں دیتے، لہذا ایک مرتبہ میں نے اپنے شوہر کے کچھ پرانے جوتے اور کپڑے وغیرہ ان کے علم کے بغیر فقراء کو دیدئے، بعد میں معلوم ہوا کہ ان کی اجازت نہیں تھی، کیونکہ وہ چیزیں میری نہیں تھیں، اب اگر شوہر کو بتاؤں گی تو بہت غصہ ہوں گے کیونکہ ان کا مزاج بہت سخت ہے، میں جاننا چاہتی ہوں کہ میں کس طرح اس کی تلافی کروں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ معمولی چیز کا صدقہ کرنا بلا اجازتِ شوہر شوہر کے مال میں سے جائز ہے اور اس کا مدار عرف پر ہے، اگر عام طور پر عرف میں شوہر کی اجازت کے بغیر معمولی چیزوں کا صدقہ کرتے ہیں اور شوہر ناراض نہیں ہوتا تو جائز ہے، لہذا شوہر کو بتلانے کی ضرورت نہیں ورنہ لڑائی جھگڑے پیدا ہوں گے، اگر احتیاط پر عمل کرنا ہو تو ان پرانے کپڑوں کی قیمت لگا کر اتنی رقم یا کوئی اور چیز اپنی ملکیت سے شوہر کو دیدے، لیکن آئندہ اس بات کا خیال رکھے کہ اگر فتنہ ولڑائی کا اندیشہ ہو تو صدقہ نہ کرے بلکہ شوہر کو ترغیب دے کہ شوہر خود صدقہ کرلے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**ولا بأس للمرأة أن تتصدق من بيت سيدها أو زوجها باليسير كرغيف ونحوه ملتقى ولو علم منه عدم الرضا لم يجز، وفي الشامية: قوله كرغيف لأن ذلك غير ممنوع عنه في العادة، هدايه، بقي لو كان في بيته من في مقام المرأة كحاجبه وغلامه نقل ابن الشحنة عن ابن وهبان أنه لم يره في كلامهم وأنه ينبغي أن يجوز فياساً عليها ثم نقل عنه أنه لو كانت الزوجة ممنوعة من التصرف في بيته تأكل معه بالفرض ولا يمكنها من طعامه والتصرف في شيء من ماله ينبغي أن لا يجوز لها الصدقة، واعترضه بأنه جرى العرف بالتصدق بذلك مطلقاً تأمل.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٦/١٦٢، ط: سعيد).

شرح منظومہ ابن وہبان میں ہے:

**قلت: الذي ينبغي تحكيم العرف والعادة في ذلك وقد جرى العرف بالتصدق بذلك مطلقاً سواء كانت تأكل بالفرض أولا** . (شرح منظومة ابن وهبان: ٩٣/٢فصل من كتاب المأذون ، ط:الوقف المدني ديوبند) .

**وأيضاً في شرح منظومة ابن وهبان:**

**قال: والزوجة وفتاة البيت و هي الأمة إذا تصدقت بالطعام لا بأس بذلك إذا كان على الرسم للعرف وإن لم يكن بإذن الزوج والمولى، وقدره في الهداية بالرغيف ونحوه.** (شرح منظومة ابن وهبان:٩٢/٢، فصل من كتا ب المأذون ، ط:الوقف المدني ديوبند۔وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ٩٢/٤،ط: كوئته).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**و لا بأس للمرأة أن تتصدق من بيت زوجها بشيء يسير كرغيف و نحوه بدون استطلاع رأي الزوج كذا في الكافي . قال رضى الله عنه وفي عرفنا المرأة والأمة لا تكون مأذونة بالتصدق بالنقد كذا في فتاوى قاضيخان.** (الفتاوى الهندية :٧٣/٥) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## دو بیویوں کے درمیان برابری کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص اپنی بیوی کے لئے روزانہ عصر کے بعد پھلوں کا ہدیہ لے کر آتا ہے، اور دوسری بیوی کے لئے نہیں لاتا یا کم لاتا ہے، اس کا یہ عمل درست ہے یا قابل اصلاح ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نفس ہدیہ وتحفہ میں مساوات ضروری ہے اگر چہ مقدار اور نوعیت میں کچھ فرق ہو۔ نیز اگر ایک بیوی خوش حال اور مالدار گھرانہ کی ہے، اور دوسری بیوی تنگ دست اور فقر وفاقہ والے گھرانہ سے ہو تو دونوں کے درمیان نفقہ میں برابری ضروری نہیں ہے، دونوں کے درمیان نوعیت ومقدار میں کمی بیشی جائز

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**قوله وفي الملبوس والمأكول ... قال في البحر : قال في البدائع : يجب عليه التسوية بين الحرتين والأمتين في المأكول والمشروب والملبوس والسكنى والبيتوتة، وهكذا ذكر الولوالجي، والحق أنه على قول من اعتبر حال الرجل وحده في النفقة وأما على القول المفتى به من اعتبار حالهما فلا ، فإن إحداهما قد تكون غنية والأخرى فقيرة ، فلا يلزم التسوية بينهما مطلقاً في النفقة.** (فتاوى الشامي:۳/۲۰۲، باب القسم).

**وفي الطحطاوي على الدر المختار : ان النفقة يعتبر فيها حالهما فحينئذ قد تكون إحداهما غنية والأخرى فقيرة فلا يلزم التسوية بينهما في النفقة.** (حاشية الطحطاوی:۲/۸۸۔ وكذا في البحر الرائق:۳/۲۱۸).

عمدۃ القاری میں ہے:

**وتمام العدل أيضاً بينهن تسويتهن في النفقة والكسوة والهبة ونحوها.** (عمدة القاری:۱۴/۱۸۷، باب العدل بين النساء، دارالحديث ، ملتان) .

بذل المجہود میں ہے:

**باب في القسم أي العدل بين النساء المبيت والطعام والكسوة والإعطاء.** (بذل المجهود:۱۰/۱۶۹) .

امدادالاحکام میں ہے:

عدل کے معنی جور کے مقابل ہیں یعنی ہر چیز کے ساتھ اس کے مناسب اور حق واجب کے موافق برتاؤ کرنا پس اگر زوجین یسار اور اعسار میں مساوی ہیں تو نفقہ میں تسویہ ورنہ حسب حیثیت عدل واجب ہے، تعدد ازواج کی صورت میں تسویہ صرف بیتوتہ وصلات زائدہ میں واجب ہے جب کہ سب حرائر ہوں بقیہ امور میں عدل ہی واجب ہے۔ (امدادالاحکام:۲/۳۷۷)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## شوہر کا شرعی حجاب سے مانع بننے کا حکم:

**سوال:** ایک عورت ماشاء اللہ شریعت کے احکام پر عمل کرتے ہوئے پورے چہرے کا پردہ کرنا چاہتی ہے، لیکن شوہر نہیں چاہتا اور منع کرتا ہے، اور کہتا ہے کہ اس کے ساتھ بغیر حجاب کے باہر جائے تو عورت کیا کرے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت کا حجاب از روئے شریعت مطلوب ومرغوب ہے اور شوہر کا منع کرنا خلافِ شریعت حکم کرنا ہے، شریعتِ مطہرہ جس کی اجازت نہیں دیتی، " **لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق**" لہذا عورت شرعی قانون کو پس پشت نہ ڈالے بلکہ شریعت پر عمل کرتے ہوئے، شوہر کو سمجھانے کی کوشش کرے، ترغیب دلائے، لیکن اس کے ساتھ ضد، بغاوت وغیرہ نہ کرے اور بدسلوکی سے پیش نہ آئے، شوہر کے حقوق ادا کرنے میں کوتاہی بھی نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ شوہر کے دل کو نرم کردے گا اور شرعی حجاب کے لئے آمادہ ہوجائیگا۔ اس زمانہ میں بہتر صورت یہ ہے کہ شوہر کو تبلیغ سے آشنا کراکر کچھ وقت کے لئے جماعت میں بھیج دے، واپسی پر ان شاء اللہ خود پردہ کا حکم کریگا۔

**قال اللّٰه تعالیٰ: " وإذا سألتموهن متاعاً فاسألوهن من وراء حجاب "**. (سورة الأحزاب: الآية :٥٣) .

مذکورہ آیت کریمہ میں اگر چہرہ کا پردہ نہ ہوتا تو پھر " **من وراء حجاب**" کی کیا ضرورت ہے، پھر سامنے آنے میں بھی کوئی حرج نہیں تھا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## بیوی کو چھوڑ کر سال میں جانے کا حکم:

**سوال:** عام طور پر فارغ ہونے کی بعد تبلیغ میں سال لگاتے ہیں، چاہے شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ اگر شادی شدہ ہے تو بیوی بچوں کو چھوڑ کر سال لگانا جائز ہے یا نہیں؟ نیز بیوی کی رضا وعدم رضا سے کوئی فرق ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ چار ماہ لگانا، یا سال لگانا، میاں بیوی کی رضامندی پر موقوف ہے، اکثر صورت حال یہ ہوتی ہے کہ شادی سے پہلے ہی جانبین سے طے کرلیا جاتا ہے کہ لڑکا شادی کے بعد فوراً سال میں جائے گا، اسی وجہ سے نکاح ہوجاتا ہے، رخصتی سال کے بعد ہوتی ہے۔

ہاں اگر رخصتی ہوچکی ہے اور دونوں ساتھ رہنے لگے ہیں تو سال میں جانے کے لئے بیوی کی رضامندی ضروری ہے۔ لہٰذا بیوی راضی ہو اور فتنہ وغیرہ کا کوئی اندیشہ بھی نہ ہو تو سال لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے، بلکہ جانا بے حد مفید ہے۔

علامہ حصکفیؒ نے فرمایا کہ گاہے گاہے دیانۃً صحبت واجب ہے اور ایلاء کی مدت یعنی چار ماہ تک بغیر وطی وصحبت کے نہ گزارے مگر بیوی کی رضامندی سے ہو تو پھر کوئی حرج نہیں۔

**يجب ديانة أحياناً ولا يبلغ مدة الإيلاء إلا برضاها.** (الدر المختار: ۳/۲۰۳، باب القسم).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

اگر عورت کو تحمل ہے اور اس کی اجازت سے شوہر سال بھر میں ایک دفعہ گھر جاتا ہے تو ان شاء اللہ آثم نہیں ہوگا، ورنہ عدم ادائے حق کا مرتکب ہوگا، چار ماہ سے زیادہ باہر نہ رہے۔ كذا في رد المحتار. (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸/۵۹۲، مبوب ومرتب).

دوسری جگہ مرقوم ہے:

اگر عورت جوان ہو تو اس کو چار ماہ سے زائد چھوڑنا نہیں چاہئے کہ فتنہ کا اندیشہ ہے، اگر صبر کرسکتی ہو اور فتنہ کا اندیشہ نہیں تو سال بھر میں بھی مضائقہ نہیں۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸/۵۹۲، مبوب ومرتب).

نیز مرقوم ہے:

بیوی کا حق نان ونفقہ کے علاوہ کچھ اور بھی ہے اس کا کیا انتظام کیا؟ اگر وہ جوان ہے اور جذبات پر قابو نہ پاسکی تو اس کا حق ضائع ہوگا، ہاں اگر اس کو قابو ہے اور اس نے بخوشی اتنی طویل مدت کی اجازت دیدی اور کسی معصیت کا خطرہ نہیں تو اجازت ہے، ورنہ چار ماہ میں ایک دفعہ اس کے پاس آجایا کرے۔ ويجب ديانة أحياناً، ولايبلغ مدة الإيلاء إلا برضاها. (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸/۵۹۴، مبوب ومرتب).

علاوہ ازیں اس کی نظیر فقہاء کی عبارات سے ہم یہ پیش کر سکتے ہیں کہ عنین کی زوجہ کو فقہاء ایک سال کی مہلت دیتے ہیں، اور مفقود کی زوجہ کو چار سال کی، حالانکہ اس طویل مدت میں بھی تو فتنہ کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## جنسی خواہش کی تکمیل کے لئے مصنوعی آلات کے استعمال کا حکم:

**سوال:** ایک عورت کا خاوند جو اپنی اہلیہ کے ساتھ صحبت ہی نہیں کرتا ہے اور اس وجہ سے عورت اپنے خاوند سے ناراض ہے وہ خاوند تندرست وصحبت مند بھی ہے تو کیا اس کی اہلیہ اپنی خواہش کو پورا کرنے کے لئے کسی مصنوعی قسم کے آلات کو استعمال کر سکتی ہے؟ شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** جہاں شریعتِ مطہرہ نے جنسی خواہشات کی تکمیل کی اجازت دی ہے وہیں اس کا فطری طریقہ بھی انسانیت کی رہنمائی کے لئے بتلا دیا ہے، تاکہ فطری خواہش کی تکمیل کے ساتھ توالد وتناسل کا سلسلہ بھی چلتا رہے، اس فطری طریقہ کے خلاف جو بھی طریقہ خواہشات کی تکمیل کے لئے اختیار کیا جائے گا، وہ نہ صرف یہ کہ شرعی نقطہ نظر سے ممنوع ہوگا، بلکہ خلافِ فطرت ہونے کے ساتھ ساتھ اخلاقی پستی کا بھی باعث بنے گا، چنانچہ شریعتِ مطہرہ میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ جب تک کسی کو تکمیل خواہش کے لئے یہ فطری طریقہ میسر نہ آسکے تو وہ بالکلیہ اپنی عفت اور پاکدامنی کو برقرار رکھنے کے لئے غیر فطری طریقوں سے بچیں۔

چنانچہ احادیث میں آتا ہے کہ بعض صحابہ کرام نے عالم شباب میں نکاح پر قدرت نہ ہونے کی صورت میں سوال کیا کہ ہم کیا کریں؟ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کثرت سے روزے رکھنے کا حکم فرمایا۔ معلوم ہوا کہ جب تک فطری طریقہ سے قضائے شہوت ممکن نہ ہو تو غیر فطری طریقہ کی اجازت نہیں ہے، بلکہ عفت و پاکدامنی کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں خاتون کو شرعاً اس بات کی اجازت نہ ہوگی کہ کسی بھی غیر فطری طریقہ کو اختیار کرتے ہوئے کسی بھی قسم کے مصنوعی آلات کو استعمال کریں، اس کے بجائے وہ کسی بھی طریقہ سے اپنے خاوند کو حقوق کی ادائیگی پر رضامند کرنے کی کوشش کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## متعدد شوہر والی خاتون جنت میں کس کو ملے گی؟

**سوال:** اگر کسی عورت کے متعدد شوہر ہوں یکے بعد دیگرے تو جنت میں کس شوہر کو ملے گی؟

**الجواب:** اس مسئلہ میں علماء کے دوقول ہیں: (۱) آخری شوہر کو ملے گی۔ (۲) اس عورت کو اختیار دیا جائے گا جس کو چاہے اختیار کرلے۔

دونوں اقوال میں تطبیق کی صورت یہ ہوسکتی ہے کہ دونوں شوہر اخلاق میں برابر ہوں تو آخری شوہر کو ملے گی، اور اگر اخلاق میں تفاوت ہو تو اچھے اخلاق والے کو اختیار کرے گی۔

ملاحظہ فرمائیں روایت میں ہے:

**(۱) عن عطية بن قيس الكلاعي قال: خطب معاوية بن أبي سفيان رضي اللّٰه تعالىٰ عنه أم الدرداء رضي اللّٰه تعالىٰ عنها بعد وفاة أبي الدرداء رضي اللّٰه تعالىٰ عنه،فأتت وقالت: سمعت أبا الدرداء رضي اللّٰه تعالىٰ عنه يقول: سمعت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: " أيما امرأة توفي عنهازوجها فتزوجت بعده فهي لآخر أزواجها وماكنت لأختارعلى أبي الدرداء رضي اللّٰه تعالىٰ عنه فكتب إليها معاوية رضي اللّٰه تعالىٰ عنه فعليک بالصوم فإنها محسمة .** (رواه الطبراني في الكبير والاوسط ، وفيه ابوبكربن ابي مريم وقداختلط)۔(مجمع الزوائد: ٤/ ٢٧٠،باب في المرأة تدخل الجنة ولها أزواج،ط: دارالفكر۔وكذا في بستان فقيه ابي الليث السمرقندي:ص ١٥١).

**(۲) وعن أنس رضي اللّٰه تعالىٰ عنه قال: قالت أم حبيبة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها يارسول اللّٰه ! المرأة يكون لها زوجان ثم تموت فتدخل الجنة هي وزوجها ، لأيهما تكون للأول أوللآخر قال: تخير فتختار أحسنهما خلقاً كان معها في الدنيا يكون زوجها في الجنة يا أم حبيبة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها ذهب حسن الخلق بخير الدنيا والآخرة.** رواه الطبراني والبزار، وفيه عبيد بن إسحاق وهو متروك ۔ (مجمع الزوائد:٨/ ٢٤،باب ماجاء في حسن الخلق،ط:دارالفكر).

پہلی روایت یعنی آخری شوہر والی قوی روایت ہے، اور اس کے شواہد بھی موجود ہیں۔

ملاحظہ ہو شیخ البانی فرماتے ہیں:

قلت: وهذا إسناد رجاله ثقات معروفون غير العباس بن صالح هذا، ورواه أبو الشيخ في" التاريخ " (صـ ٢٧٠) : ثنا أحمد بن إسحاق الجوهري ثنا إسماعيل بن زرارة قال: ثنا أبو المليح الرقي به مقتصراً على المرفوع فقط، وهذا إسناد صحيح . رجاله ثقات معروفون غير الجوهري، قال أبو الشيخ: ثقة ،حسن الحديث، فمن حسان حديثه ... ثم ساق له أحاديث هذا أحدها...

وبالجملة فالحديث بمجموع الطرقين قوي ، والمرفوع منه صحيح، وله طرق أخرى مرفوعاً وموقوفاً عند ابن عساكر (٢/٢٨١/١٩) عن أبي الدرداء رضي الله تعالىٰ عنه وله شاهدان موقوفان .

الأول: عن أبي بكر رضي الله تعالىٰ عنه ، يرويه ابن عساكر (١/١٩٣/١٩) من طريق كثير بن هشام عن عبد الكريم عن عكرمة .

" أن أسماء بنت أبي بكر رضي الله تعالىٰ عنها كانت تحت الزبير بن العوام رضي الله تعالىٰ عنه ، وكان شديداً عليها، فأتت أباها فشكت ذلک إليه ، فقال : يابنية اصبري فإن المرأة إذا كان لها زوج صالح ، ثم مات عنها ، فلم تزوج بعده جمع بينهما في الجنة " و رجاله ثقات إلا أن فيه إرسالاً لأن عكرمة لم يدرک أبابكر رضي الله تعالىٰ عنه إلا أن يكون تلقاه عن أسماء بنت أبي بكر رضي الله تعالىٰ عنه . والله أعلم .

والآخر: عن عيسى بن عبد الرحمن السلمي عن أبي إسحاق عن صلة عن حذيفة رضي الله تعالىٰ عنه أنه قال لامرأته:" إن شئت أن تكوني زوجتي في الجنة ، فلا تزوجي بعدي، فإن المرأة في الجنة لآخر أزواجها في الدنيا، فلذلک حرم الله على أزواج النبي صلى الله عليه وسلم أن ينكحن بعده، لأنهن أزواجه في الجنة ". أخرجه البيهقي في "السنن" (٧/٦٩/٧) .

**ورجالـه ثقات ، لو لا عنعنة أبي إسحاق ــ وهو السبيعي ــ واختلاطه.** (سلسلة الاحاديث الصحيحة للشيخ الالباني:۳/۲۷۵/۱۲۸۱).

فیض القدیر کے حاشیہ میں مذکور ہے:

**ويمكن الجمع بين الأحاديث الثلاثة بأنها تكون لآخر أزواجها إذا تساووا في الخلق، و إلا فتختار أحسنهم خلقاً، والله أعلم .** (حاشية فيض القدير لأحمد عبدالسلام: ۳/۱۹۵/۲۹۸۳، دارالكتب العلمية بيروت) .

تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (مجموعة الفتاوى للعلامة عبدالحي اللكنوى : ۳/۲۹٦، متفرقات، و ۱/۱۱۵، كتاب القرآن ، باب الجنة۔ وفتاوى محموديه:۱/٦۹۱،مبوب و مرتب) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## زوجین کا ایک دوسرے کو نام سے پکارنے کا حکم:

**سوال:** کیا میاں، بیوی ایک دوسرے کو نام سے پکار سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ اس ملک میں بکثرت سننے میں آتا ہے کہ عورتیں اپنے شوہروں کو نام سے پکارتی ہیں، کیا اس میں کوئی قباحت ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بیوی کا شوہر کو اس کے نام سے پکارنا تعظیم وادب کے خلاف اور مکروہ ہے، شوہر کی عزت و احترام کو برقرار رکھتے ہوئے تعظیمی الفاظ سے پکارنا چاہئے، اسی طرح کنیت سے یعنی ابوفلان، ابوفلانہ کہہ کر پکارنا بھی درست ہے۔

ہاں شوہر بیوی کو نام لے کر پکار سکتا ہے چنانچہ بکثرت روایات موجود ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات کو ان کے ناموں سے پکارتے تھے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جمع کا صیغہ استعمال فرمایا جو عظمت واحترام کا ترجمان ہے۔

ملاحظہ ہو مسلم شریف میں ہے:

**عن أم عطية قالت: بعث إليّ رسول الله صلى الله عليه وسلم بشاة من الصدقة فبعثت**

**إلى عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها منها بشيء فلما جاء رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم إلى عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها قال : هل عندكم شيء قالت: لا ، إلا أن نسيبة بعثت إلينا من الشاة التي بعثتم بها إليها قال : إنها قد بلغت محلها .** (رواه مسلم: ۱/ ۳٤۵، باب اباحة الهدية للنبى صلى الله عليه وسلم ، فيصل پبلشرز) .

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**يكره أن يدعو الرجل أباه والمرأة زوجها باسمه كذا في السراجية .** (الفتاوى الهندية : ۵/ ۳٦۲، باب تسمية الاولاد) .

"**الموسوعة الفقهية الكويتية**" میں ہے:

**ذكر الحنفية أنه يكره أن يدعو الرجل أباه وأن تدعو المرأة زوجها باسمه بل لا بد من لفظ يفيد التعظيم لمزيد حقها على الولد والزوجة ، وليس هذا من التزكية لأنها راجعة إلى المدعو بأن يصف نفسه بما يفيدها، لا إلى الداعي المطلوب منه التأدب مع من هو فوقه .**
(الموسوعة الفقهية الكويتية: ۱۱/ ۳۳۷،احكام التسمية، نداء الزوج والاب ونحوهما بالاسم المجرد، ط: وزارة الاوقاف والشئون الاسلامية ، الكويت) .

کتاب الفتاوی میں ہے:

نام لے کر مخاطب کرنا خلاف ادب ہے، اس لیے بیٹا اپنے باپ کو اور بیوی اپنے شوہر کو نام سے نہ پکارے فقہاء نے اسے مکروہ قرار دیا ہے، اگر غائبانہ نام سے ذکر کیا جائے تو حرج نہیں، شوہر بیوی کو نام لے کر پکار سکتا ہے، اس میں کوئی مضائقہ نہیں، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کو نام لے کر مخاطب فرمایا ہے، البتہ بتقاضۂ حیاء لوگوں کی موجودگی کی وجہ سے بال بچوں کی نسبت سے مخاطب کیا جائے تو اس میں کوئی قباحت نہیں۔ (کتاب الفتاوی: ۴/ ۴۱۰) . واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:
﴿لا یؤاخذکم اللہ باللغو فی أیمانکم
ولٰکن یؤاخذکم بما کسبت قلوبکم﴾
(سورۃ البقرۃ، الآیۃ:۲۲۵).

# کتاب الأیمان والنذور

## باب......﴿۱﴾

## ایمان کا بیان

وقال تعالیٰ:
﴿لا یؤاخذکم اللہ باللغو فی أیمانکم
ولٰکن یؤاخذکم بما عقدتم الأیمان﴾
(سورۃ المائدۃ، الآیۃ:۸۹).

# باب ...... ﴿۱﴾
# ایمان سے متعلق احکام

## غیر اللہ کی قسم کھانے کا حکم اور " أفلح و أبيه" کا جواب:

**سوال:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر اللہ اور اپنے باپ کی قسم کھانے سے منع فرمایا، مختلف احادیث اس پر دال ہیں، مثلاً بخاری شریف میں ہے:" **قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحلفوا بآبائكم**". (رواه البخاري:۲/۹۸۳/۶۶۲۸).

دوسری جگہ مذکور ہے:" **ألا إن الله ينهاكم أن تحلفوا بآبائكم، من كان حالفاً فليحلف بالله أو ليصمت**". (صحيح بخاری شريف: ۲/۹۸۳/۶۶۴۶).

لیکن دوسری طرف صحیح مسلم شریف کی روایت میں " أفلح و أبيه" وارد ہوا ہے۔ ان دونوں میں کیا تطبیق ہے؟ اور " أفلح و أبيه" ( کامیاب ہوا اس کے باپ کی قسم ) کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** واضح ہو کہ قسم کی کل تین قسمیں ہیں: (۱) کسی کی تعظیم کرتے ہوئے اس کو متصرف سمجھ کر قسم کھانا۔ (۲) صرف استشہاد کے لئے قسم کھانا۔ جیسے: ﴿والتين والزيتون﴾.

متنبّی کہتے ہیں:

فومن أحب لأعصينك في الهوى ☆ قسماً به وبحسنه وبهائه

عربی اور اردو شاعری اس قسم سے بھری ہوئی ہے۔مثلاً شاعر کہتا ہے:

اتنا ہوں تیری تیغ کا شرمندۂ احسان ☆ سرمیرا تیرے سر کی قسم اٹھ نہیں سکتا

وغیرہ وغیرہ۔

فارسی میں ہے: قسم بلب میگون تو وزلف شبگون تو کہ تو محبوب دلربائی۔

(۳) دعا برکت کے لئے قسم کھانا، جیسے قرآن میں ہے: ﴿لعمرك إنهم لفي سكرتهم يعمهون﴾۔ اور "أفلح وأبيه" میں یہی قسم مراد ہے۔یعنی آپ کے باپ کی نسل میں اللہ تعالیٰ برکت دنیوی اور اخروی رکھ دے۔

الغرض غیر اللہ کی قسم تعظیم کے لئے اور اس کو متصرف فی الامور سمجھتے ہوئے ممنوع ہے، اور جہاں وارد ہے وہاں دعائے برکت کے لئے ہے، وہ ممنوع قسم میں شامل نہیں ہے۔

## دونوں روایتوں میں تطبیق:

شراحِ حدیث نے ان روایات کے مابین مختلف طریقوں سے تطبیق دی ہے، اکثر علماء کی توجیہات حسبِ ذیل دس تطبیق سے خارج نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں:

(۱) لفظ "وأبيه" بخاری شریف کی روایت میں موجود نہیں، اور بخاری کتب حدیث پر مقدم ہے۔

(۲) درحقیقت قسم مقصود نہیں تھی بلکہ لفظ "وأبيه" عرب کی زبانوں پر عادۃً جاری تھا۔

(۳) منسوخ ہے، یعنی ابتداء اسلام کے واقعات ہیں بعد میں نسخ ہوا۔

(۴) غیر اللہ کی قسم سبقتِ لسانی سے صادر ہوئی۔

(۵) یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھی۔

(۶) بعض روایتوں میں تصحیف واقع ہوئی ہے۔

(۷) لفظ "و أبیه" غیر محفوظ ہے، صحیح روایت میں واللہ کا لفظ وارد ہوا ہے۔

(۸) "و أبیه" سے قبل رب مقدر ہے یعنی "ورب أبیه" مراد ہے۔

(۹) یہ قسم بطورِ تعجب مستعمل ہوئی ہے۔

(۱۰) محض تاکید کے لئے مستعمل ہوئی، پس پشت حقیقت مقصود نہیں تھی۔

مذکورہ بالا توجیہات حسبِ ذیل کتب میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں:

(عمدة القاری : ۱/۳۹٦، دار الحدیث ملتان۔ و شرح النووی علی صحیح مسلم : ۲/٤٦، فیصل ۔ و إعلاء السنن: ۱۱/۳۵۰، ادارة القرآن۔ و أوجز المسالك : ۹/٦۷٦، دار القلم دمشق۔ و تکملة فتح الملهم : ۲/۱۷۵، مکتبه دار العلوم کراچی۔ و تحفة الأخیار:٦/۵۳۔ و إكمال المعلم: ۵/٤۰۰، دار الوفاء ۔ وفتح الباری:۱/۱۰۷، دار نشر کتب الإسلامیة لاهور۔ وسبل السلام :٤/۱۹۷،دار الکتاب العربی۔ والتعلیق الممجد علی مؤطا محمد : ص۳۲۸، قدیم۔ وفیض البخاری : ۱/۱۳۹، القاهرة ۔ وبذل المجهود :۳/۱٤۸، امدادیه۔ و کشف الباري :۲/۵۱۲، مکتبة فاروقیه ۔ وانوار الباری:۲/۱٤۷ ۔ وفضل الباری : ص۵۰۷۔ وتحفة الأحوذی : ۵/۱۳۵، دار الفکر۔ وعارضة الأحوذی :۷/۲۱، دار الکتاب العربی).

جن روایات میں غیر اللہ کی قسم کھائی گئی ہے ان کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) مسلم شریف میں ہے:

**جاء رجل إلی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم من أهل نجد ثائر الرأس ... فقال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:" أفلح وأبیه" إن صدق أو دخل الجنة وأبیه إن صدق".**

(مسلم شریف: ۱/۳۰، فیصل).

(۲) مسلم شریف میں ہے:

**قال رجل یا رسول اللّٰه من أحق الناس بحسن الصحبة ، فقال: نعم وأبیک لتنبأن، قال: أمک ثم أمک ثم أباک ثم أدناک أدناک.** (مسلم شریف:۲/۳۱۲، فیصل).

**(۳) جاء رجل إلی النبی صلی اللّٰه علیه وسلم فقال: یا رسول اللّٰه أي الصدقة أعظم أجراً فقال أما وأبیک لتنبأنه أن تصدق وأنت صحیح شحیح تخشی الفقر وتامل البقاء ولا**

**تمهل.** (صحيح مسلم شريف: ۱/۳۳۲، فيصل).

(۴) سنن کبریٰ میں ہے:

**عن أبى العشراء الدارمي عن أبيه أنه قال يا رسول الله أما تكون الزكاة إلا فى الحلق واللبة؟ وأبيه لو طعنت في فخذها لأجزأ عنك.** (السنن الكبرى للبيهقى ۹/۲٤٦، دار المعرفة).

سنن دارمی کی روایت میں "وأبيه" کا لفظ نہیں ہے، ملاحظہ ہو سنن دارمی: (۲/۱۱۳/۱۹۷۲، باب فى ذبيحة المتردى فى البئر).

**وعلى هامشه قال: وفيه أبو العشراء، مجهول، وقال البخاري: في حديثه واسمه وسماعه من أبيه نظر.** (حاشية سنن الدارمى: ۲/۱۱۳/۱۹۷۲، باب فى ذبيحة المتردى فى البئر).

الغرض "أبو العشراء عن أبيه" کی روایت ضعیف ہے، ملاحظہ ہو فتح المنان میں ہے:

**وقال الخطابى: وضعفوا هذا الحديث لأنه من رواية مجهول وأبو العشراء الدارمى لا يدرى من أبوه. ولم يرو عنه غير حماد بن سلمة.** (فتح المنان شرح وتحقيق كتاب الدارمى: ۸/۵۹، باب فى ذبيحة المتردى فى البئر).

(۵) مسند أحمد میں ہے:

**أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى بطعام من خبز ولحم فقال: ناولنى الذراع ... فقال: وأبيک لو سكت ما زلت أناول منها ذراعاً ما دعوت به. وقال شعيب الأرنائووط فى تحقيق هذا الحديث: قصة الذراع وإسنادها ضعيف.** (مسند أحمد: ۱٦/٤۱۲).

(٦) حیاۃ الصحابہ میں ہے:

**وأخرج ابن جرير عن ابن عباس ﷺ قال: لما مرض أبو طالب دخل عليه رهط من قريش فيهم أبو جهل ... وتكلم رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: "ياعم! إني أريدهم على كلمة واحدة يقولونها تدين لهم بها العرب وتؤدى إليهم بها العجم الجزية" ففزعوا لكلمته ولقوله، فقال القوم: كلمة واحدة، نعم وأبيک عشراً. الحديث. وهكذا رواه**

**الإمام أحمد والنسائي وابن أبي حاتم وابن جرير كلهم في تفاسيرهم، ورواه الترمذي وقال: حسن كذا فى التفسير لابن كثير، وأخرج البيهقي أيضاً والحاكم بمعناه، وقال: حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، وقال الذهبي صحيح.** (حياة الصحابة: ۱/۴۰، باب الدعوة الى الله، المكتبة التجارية).

(۷) سنن ابی داود میں ہے:

**حدثنا عقبة بن وهب بن عقبة العامري قال: سمعت أبي يحدث عن الفجيع العامري أنه أتى رسو ل الله صلى الله عليه وسلم فقال: ما تحل لنا الميتة قال: ما طعامكم؟ قلنا نغتبق ونصطبح قال ابن نعيم فسره لي عقبة قدح غدوة وقدح عشية، قال ذلک وأبى الجوع، فأحل لهم الميتة على هذه الحال.** (سنن أبي داود: ۲/۱۷۸، سعيد).

**قال المنذری: في إسناده عقبة بن وهب قال ابن معين: صالح، وقال ابن المديني: قلت لسفيان بن عيينة فقال: ما كان ذلک فندري ما هذا الأمر ولا ما كان من شأنه يعنى الحديث.** (عون المعبود: ۱۰/۲۹۷).

الغرض کثیر تعداد میں روایتیں موجود ہیں جن میں " أبیک" کا لفظ آیا ہے، جو کتبِ حدیث سے شغف رکھنے والوں پر مخفی نہیں ہے، بطور "مشتے نمونہ از خروارے" چند سپردِ قرطاس کردی گئیں۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## قسم دینے سے قسم منعقد ہونے کا حکم:

**سوال:** زید میرے پاس آیا اور میں نے اس سے کھانا کھانے کے لئے کہا، زید نے انکار کیا میں نے کہا تم کو اللہ کی قسم ابھی کھانا کھاؤ اس نے پھر بھی کھانا نہیں کھایا اس صورت کا شرعاً کیا حکم ہے؟ زید پر کفارہ ہے یا میرے اوپر یا کسی پر نہیں؟

**الجواب:** اگر کسی نے کہا واللہ تم یہ کام کروگے اور کوئی نیت نہیں تھی یا خود قسم کھانے کی نیت تھی تو مخاطب کے نہ کرنے کی صورت میں متکلم حانث ہوگا، اور اگر یہ مقصد تھا کہ تم قسم کھاؤ کہ یہ کام کروں گا، (یعنی قسم کا مطالبہ

مقصود تھا) اور مخاطب نے قسم نہیں کھائی اور وہ کام کیا تو دونوں حانث نہیں ہوں گے۔ چونکہ صورتِ مسئولہ میں قسم کا مطالبہ مقصود تھا اس لیے دونوں حانث نہیں ہوئے، اور کفارہ بھی لازم نہیں ہوا۔

اعلاء السنن میں ہے:

**فيـه دليل على أن من أقسم غيره وقال والله لتفعلن كذا ولم ينو شيئاً أو نوى أنه يفعل ذلک ولا بـد فهـو حـالف فإن لـم يـفـعـل الـمـخاطب حنث وإن أراد بـه الاستحلاف فهو استحلاف ولا شيء على أحد منهما إذا لم يفعل كذا في فتح القدير** (٤/٢٢٢). **قلت: ودليل عـدم الـحنث في الاستحلاف ما مر في قصة أبي بكر في تعبير الرؤيا وقوله أقسمت عليک يـا رسـول الـلّٰـه بـأبي أنت لتحدثني ما الذي أخطأت، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: "لا تـقسـم" وفي لفظ أبي داود: "ولم يخبره" أخرجه البخاري ومسلم والأربعة**(عون المعبود: ٣/٢٤٤) **فلم يأمره بالكفارة و لم يخبره بما أقسم عليه.** (إعلاء السنن: ١١/٤٢٧، مسألة الاستحلاف، ادارة القرآن).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

**وفي الخانية: رجل قال لآخر: عليک لتفعلن كذا ولا نية له فهذا استحلاف فلا شيء عـلـى واحـد مـنهـمـا إلا أن ينوي فيكون يميناً وكذا لو قال: بالله فإذا لم يفعل ذلک حنث المبتدي ...** (الفتاوى التاتارخانية: ٤/٤١٧).

فتاوی قاضیخان میں ہے: **رجـل قـال لآخر والله لتفعلن كذا وكذا ولـم ينو استحلاف المخاطب ولا مبـاشـرة اليمين على نفسه فلا شيء على واحد منهما إذا لم يفعل المخاطب ذلک وإن نوى القائل الحلف بذلک يكون حالفاً وكذا لو قال: بالله لتفعلن كذا وكذا ولو قال: والله لتـفـعلن كذا وكذا ولم ينو شيئاً فهو الحالف وإن أراد الاستحلاف فهو استحلاف ولا شيء على واحد منهما...** (فتاوى قاضي خان على هامش الهندية: ٢/٨، فصل في عقداليمين على فعل الغير۔ وكذا في الفتاوى الهندية: ٢/٦٠).

درمختار میں ہے:

(فروع) قال لغيره: والله لتفعلن كذا فهو حالف، فإن لم يفعله المخاطب حنث ما لم ينو الاستحلاف. وفي الشامية: قوله فإن لم يفعله المخاطب حنث كذا أطلقه في الخانية والفتح والنهر، وظاهر أنه يحنث سواء أمره بالفعل أولا وهو كذلك، لأن أمره لا يتحقق الفعل من المحلوف عليه وشرط بره هو الفعل وشرط حنثه عدمه. (قوله مالم ينو الاستحلاف فإن نوى الاستحلاف فلا شيء على واحد منهما... (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ٣/ ٨٤٨، سعيد). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ترکِ فعل بد پر قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کو استمناء بالید کی بری عادت تھی، ایک دن وہ کسی مصیبت میں گرفتار ہوا تو اس نے قسم کھا کر کہا ''اگر یہ مصیبت دور ہو جائے تو واللہ میں یہ فعل بد کبھی نہیں کروں گا۔ مصیبت دور ہوگئی مگر بعد میں اس نے کئی مرتبہ یہ فعل کیا۔ اسی طرح ایک آدمی نے قسم کھائی کہ میں آئندہ کبھی ٹی وی نہیں دیکھوں گا، لیکن پھر کئی مرتبہ دیکھی۔ اسی طرح ایک لڑکا نماز نہ پڑھتے ہوئے پکڑا گیا تو اس نے قسم کھا کر کہا کہ واللہ میں اب سے کبھی نماز نہیں چھوڑوں گا، مگر بعد میں بہت سی نمازیں چھوڑیں۔ تو اب ان لوگوں پر کیا لازم ہے اور شرعاً کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ انہوں نے ترکِ فعل پر قسم کھائی لیکن بعد میں انہوں نے وہ کام کئے، لہذا اپنی قسم میں حانث ہو گئے، اور شرعاً قسم توڑنے پر قسم کا کفارہ لازم ہوتا ہے، لہذا ان لوگوں پر شرعاً قسم توڑنے کی وجہ سے کفارۂ یمین لازم آئے گا۔ اور ہر شخص پر صرف ایک کفارہ لازم ہوگا، جس کی مزید وضاحت ''باب سوم، تداخل کفارہ'' کے تحت ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اور کفارہ کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) دس مسکینوں کو صبح شام دو وقت شکم سیر کھانا کھلانا۔

(۲) یا دس مسکینوں کو کپڑا دینا۔

(۳) اگر ان دونوں چیزوں میں سے کسی چیز کی قدرت واستطاعت نہ ہوتو تین دن مسلسل روزے رکھنا۔
البحر الرائق میں ہے:

**(قوله: وعلى آت منعقدة، وفيها كفارة فقط) أى حلفه على آت تسمى منعقدة نفياً كان أو إثباتاً. وحكمها وجوب الكفارة إذا حنث لقوله تعالى: ﴿ ولكن يؤاخذكم بما عقدتم الأيمان فكفارته﴾ الآية. والمراد منها اليمين فى المستقبل بدليل قوله تعالى: ﴿ واحفظوا أيمانكم﴾ ، ولا يتصور الحفظ عن الحنث والهتك إلا فى المستقبل ... وكفارته تحرير رقبة أو إطعام عشرة مساكين كما فى الظهار أو كسوتهم بما يستر عامة البدن ... والأصل في ذلك قوله تعالى: ﴿ فكفارته إطعام عشرة مساكين من أوسط ما تطعمون أهليكم أو كسوتهم أو تحرير رقبة ﴾ ... ويجوز فى الإطعام التمليك والإباحة، فإن ملك أعطى نصف صاع من بر أو صاعاً من تمر أو صاعاً من شعير لكل مسكين، وإن أباح غداهم وعشاهم ... وإن عجز عن أحدها صام ثلاثة أيام متتابعة، أى إن لم يقدر على الإعتاق والإطعام و الكسوة كفر بالصوم لقوله تعالى: ﴿ فمن لم يجد فصيام ثلاثة أيام ﴾ وشرطنا التتابع عملاً بقراءة ابن مسعود ﷺ "متتابعات" وقراءته كروايته، وهي مشهورة جاز الزيادة بها على القطعي المطلق.** (البحر الرائق: ٤/ ٢٨٠، ٢٨٩، ٢٩٠، كوئٹہ).

*مزید ملاحظہ ہو:* (بدائع الصنائع: ٥/ ٩٦-١١١ ـ وتبيين الحقائق: ٣/ ١١٢ ـ والمبسوط: ٨/ ١٢٨ ـ والفقه الإسلامي وأدلته: ٣/ ٤٩٠ ـ وفتاوى الشامي: ٣/ ٤٧٩ ـ و آپ کے مسائل اور ان کا حل: ٤/ ٢٨٧).

**واللہ ﷻ اعلم۔**

## قرآنِ کریم کی قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے کہا کہ قرآن کی قسم میں آپ سے بات نہیں کروں گا، پھر بات کر لی تو کفارہ لازم ہوا یا نہیں؟ اور کیا قرآن کی قسم کھانا جائز ہے یا نہیں؟ اور قرآن کی قسم حلف بغیر اللہ میں شامل ہے یا نہیں؟

**الجواب:** کتبِ احادیث کی ورق گردانی سے معلوم ہوتا ہے کہ غیراللہ کی قسم کھانا ممنوع ہے۔لیکن متأخرین فقہاء نے عرف کی وجہ سے قرآنِ کریم کی قسم کھانے کو صحیح قرار دیا ہے،لہذا صورتِ مسئولہ میں قسم منعقد ہوگئی اور قسم توڑنے کی وجہ سے قسم کا کفارہ لازم ہوگیا۔ نیز قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام اور صفت ہے۔
ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**لا يقسم بغير اللّٰه كالنبي والقرآن والكعبة قال الكمال: ولايخفى أن الحلف بالقرآن الآن متعارف فيكون يميناً وأما الحلف بكلام اللّٰه فيدور مع العرف وقال العينيؒ: وعندي أن المصحف يمين لا سيما في زماننا، وعند الثلاثة: المصحف،والقرآن، وكلام اللّٰه يمين. وفي الشامي: قوله وقال العيني:عبارته: وعندي لوحلف بالمصحف أووضع يده عليه وقال: وحق هذا فهو يمين، ولا سيما في هذا الزمان الذي كثرت فيه الأيمان الفاجرة ورغبة العوام في الحلف بالمصحف.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:۷۱۲/۳،۷۱۳ مطلب في القرآن، سعيد۔ وكذا في فتح القدير: ٣٥٦/٤،دارالفكر).

عالمگیری میں ہے:

**قال محمدؒ في الأصل: لو قال والقرآن لايكون يميناً ذكره مطلقاً ...وقد قيل هذا في زمانهم أما في زماننا فيكون يميناً وبه نأخذ ونأمر.** (الفتاوىٰ الهندية:۵۳/۲۔وكذا في البحرالرائق:٢٨٦/٤، كوئته).

حضرت مولانا ظفر احمد تھانویؒ امدادالاحکام میں تحریر فرماتے ہیں:

قرآن شریف کی قسم کھا کر اگر خلاف کرے تو کفارہ لازم ہے۔(امدادالاحکام:۳۳/۲).

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی قاموس الفقہ میں تحریر فرماتے ہیں:

جہاں تک قرآن مجید کی قسم کھانے کی بات ہے،تو فقہائے حنفیہ کی اصل رائے تو یہی ہے کہ اس سے قسم منعقد نہیں ہوگی،لیکن ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس سے قسم منعقد ہوجاتی ہے،ابن ہمامؒ نے لکھا ہے کہ صاحبِ ہدایہ وغیرہ نے قرآن کی قسم غیر درست ہونے پر اس بات سے استدلال کیا ہے کہ اس طرح قسم کھانا متعارف نہیں،لیکن

ہمارے زمانے میں قرآن مجید سے قسم کھانا مروج ومعروف ہے، اس لیے قرآن کی قسم منعقد ہوگی۔ (قاموس الفقہ: ۵/۳۵۶).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی محمودیہ: ۱۴/ ۳۸۔ وفتاوی دارالعلوم دیوبند: ۸/ ۳۸) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## یمین فور کا حکم:

**سوال:** زید نے عمر کو چائے کے لیے بلایا اس وقت عمر کو زید پر سخت غصہ آیا تھا، عمر نے کہا: ''واللہ میں نہیں پیوں گا'' پھر دوسرے دن رضامندی ہوئی اور عمر نے زید کے گھر آ کر کھانا کھایا، کیا عمر پر کفارہ ہے یا نہیں؟

**الجواب:** مسئلہ مذکورہ بالا فقہاء کی اصطلاح میں یمین فور سے موسوم کیا جاتا ہے، اور اس کا حکم یہ ہے کہ جس وقت قسم کھائی بس اسی وقت کے لیے اس شخص پر وہ کام حرام ہے، پھر کچھ وقفہ کے بعد اس فعل کے کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اور صورتِ مسئولہ دوسرے دن کام کیا گیا اس وجہ سے کفارہ واجب نہیں ہوا۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما الموقت دلالة فهو المسمىٰ يمين الفور...وهو أن يكون اليمين مطلقاً عن الوقت نصاً ، ودلالة الحال تدل على تقييد الشرط بالفور بأن خرج جواباً لكلام أوبناء على أمر نحو أن يقول لآخر: تعال تغد معي، فقال: والله لا أتغدى ، فلم يتغد معه ثم رجع إلى منزله فتغدى ...لايحنث.** (بدائع الصنائع: ۳/ ۱۳،سعید).

الفقہ الاسلامی وادلتہ میں ہے:

**يمين الفور...وهوما تكون اليمين مؤقتة دلالة أومعنى، ومؤيدة لفظاً وحكمها: أنه لايحنث في يمينه استحساناً .** (الفقه الاسلامی وادلته: ٣/ ٣٧٣،دارالفکر).

**مزید ملاحظہ ہو:** (الدرالمختارمع فتاوى الشامی: ٣/ ٧٦٢، سعید۔وقاموس الفقه:٥/ ٣٥٨) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## تحریم الحلال سے قسم کا حکم:

**سوال:** خالد نے عبداللہ کو گھر بلایا مذہبی بات چیت ہوتی رہی ، مذہبی مباحثہ میں بات آگے بڑھ گئی اور عبداللہ نے کہا ''مجھ پر تیرے گھر کا کھانا حرام ہے'' اب اس جملہ سے یمین منعقد ہوئی یا نہیں؟ اور کفارہ واجب ہے یا نہیں؟

**الجواب:** تحریم حلال سے یمین منعقد ہوجاتی ہے ،لہٰذا صورتِ مسئولہ میں یمین منعقد ہوگئی پس اگر عبداللہ نے خالد کے گھر کھانا کھالیا تو کفارہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**ومن حرم على نفسه شيئاً كقوله مال فلان علي حرام فيمين مالم يرد الإخبار ثم فعله بأكل أونفقة ،كفر ليمينه ، لما تقرر أن تحريم الحلال يمين . وفي الشامي: ودليل كون التحريم يميناً مبسوط في الفتح وغيره.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:۳/ ۷۳۰، مطلب في تحريم الحلال،سعيد۔وكذافي قاموس الفقه: ۵/ ۳۶۱) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## کافر یا یہودی ہونے کی قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے کہا کہ اگر میں نے یہ کام کیا تو میں کافر یا یہودی ہوں گا، پھر وہ کام کرلیا تو یمین منعقد ہوئی یا نہیں؟ اور اس پر کفارہ واجب ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ قسم منعقد ہوگئی اور قسم توڑنے پر کفارہ لازم ہوگیا۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**وإن قال فعلت كذا فهو يهودي أونصراني أوكافر يكون يميناً لأنه كما جعل الشرط علماً على الكفر فقد اعتقده واجب الامتناع وقد أمكن القول بوجوبه لغيره بجعله يميناً.**

(الهداية: ۲/ ۴۸۱).

فتح القدیر میں ہے:

**فإذا فعله لزمه كفارة يمين قياساً على تحريم المباح فإنه يمين بالنص وذلك أنه صلى الله عليه وسلم حرم مارية على نفسه فأنزل الله تعالىٰ ﴿يا أيها النبي لم تحرم ما أحل الله لك﴾ ثم قال: ﴿قد فرض الله لكم تحلة أيمانكم﴾ووجه الإلحاق أنه لماجعل الشرط وهو فعل كذا علماً على كفره ومعتقده حرمة كفره فقد اعتقده أى الشرط واجب الامتناع فكأنه قال: حرمت على نفسي فعل كذا كدخول الدار.** (فتح القدير: ٥/٧٧، دار الفكر).

قاموس الفقہ میں ہے:

اگر کوئی شخص اس طرح قسم کھائے کہ اگر میں فلاں کام نہ کروں تو یہودی ہوں گا تو کیا یہ قسم متصور ہوگی؟

حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک اس سے یمین منعقد ہو جائے گی، اور اگر اس نے قسم پوری نہیں کی تو قسم کا کفارہ واجب ہوگا، مالکیہ اور شوافع کے نزدیک اس سے یمین منعقد نہیں ہوگی۔ (قاموس الفقہ: ۵/ ۳۵۷). واللہ ﷻ اعلم۔

## بطورِ تکیہ کلام واللہ باللہ تاللہ کہنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کی عادت ہے کہ جب اسے کھانا کھانے یا چائے پینے کے لیے کہا جاتا ہے تو بے خیالی میں کہتا ہے واللہ میں نہیں پیوں گا، واللہ میں نہیں کھاؤں گا، پھر آ کر کھالیتا ہے اور پی لیتا ہے، اپنی قسم کا خیال بھی نہیں رہتا، اس صورت میں اس پر کفارہ ہے یا نہیں؟

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ یمین لغو ہے اس میں کفارہ نہیں، حضرت تھانویؒ سورۂ بقرہ کی اس آیت ﴿لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم﴾ کے تحت لکھتے ہیں:

لغو قسم کے دو معنی ہیں: ایک تو یہ کہ کسی گزری ہوئی بات پر جھوٹی قسم بلا ارادہ نکل گئی یا نکلی تو ارادہ سے مگر اس کو اپنے گمان میں راست سمجھتا ہے... یا آئندہ بات پر اس طرح قسم نکل گئی کہ کہنا چاہتا تھا کچھ اور اور بے ارادہ منہ سے قسم نکل گئی اس میں گناہ نہیں ہوتا... اور لغو بالمعنی المذکور میں بدرجہ اولیٰ کفارہ نہیں... الخ.

بیان القرآن کے حاشیہ میں ''الفقہ'' کے تحت مذکور ہے:

اختلف الشافعيؒ في معنى اللغو ودليله ما روي عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها مرفوعاً أنه قول الرجل كلا والله وبلى والله ...ومعنى الحديث المرفوع (عندالحنفيه) حمله على الخاطر الذي سبق على لسانه من غير قصد كما في فتح القدير ...الخ. (بیان القرآن: ۱/۱۳۰، تاج پبلشرز دہلی).

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جو یمین بطورِ تکیہ کلام بلاقصد وارادہ کے مستقبل کے بارے میں زبان سے نکلے وہ یمین منعقدہ ہے، لہذا قسم ٹوٹنے کی صورت میں کفارہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں الاختیار میں ہے:

منعقدة : وهي الحلف على أمر فى المستقبل ليفعله أوليتركه فإذا حنث فيها فعليه الكفارة. (الاختيارلتعليل المختار: ٤/٥٠، وكذا فى الهندية: ٢/٤٧٨).

حضرت شیخؒ ''اوجز المسالک'' میں تحریر فرماتے ہیں:

وأما المفسرون " للغو" فذكروا وجوهاً: ـ الأول : ـ قول الشافعيؒ إنه قول العرب لاوالله ، بلى والله مما يوكدون به كلامهم ولايخطر ببالهم الحلف...الخ .

والثاني: ـ قول أبي حنيفةؒ إن اللغو أن يحلف على شيء يعتقد أنه كذلک ثم بان أنه لم يكن كذا، فهذا هو اللغو، وفائدة الخلاف أن الشافعيؒ لايوجب الكفارة فى الأول ويوجبها فى الثاني، وأبوحنيفةؒ يحكم بضد ذلک .(اوجز المسالك: ٩/٥٩٤، دارالقلم).

اورفقہاء احناف میں سے جن حضرات نے بلاارادہ قسم کھانے کو لغو میں شمار کیا ہے ان کے قول کا مدار امام محمدؒ کی روایت ہے جو کتاب الآثار میں مذکور ہے۔ملاحظہ ہو:

أخبرنا أبوحنيفة عن حماد عن إبراهيم عن عائشة أم المؤمنين رضى الله تعالىٰ عنها فى اللغو، قالت: هو كل شيء يصل به الرجل كلامه لايريد يميناً ، لاوالله وبلى والله ، ولايعقد عليه قلبه ، قال محمدؒ : وبه نأخذ ، ومن اللغو أيضاً الرجل يحلف على الشيء يرى أنه على ماحلف عليه فيكون على غير ذلک فهذا أيضاً من اللغو وهوقول أبي حنيفة. (اعلاء

السنن: ۱۱/ ۳۳۰،ادارة القرآن).

لیکن اکثر فقہاء احناف کا قول امام ابوحنیفہؒ کے قول کے مطابق ہے،اورامام ابوحنیفہؒ کا قول اوپر بحوالہ اوجز مذکور ہوا۔

مزید ملاحظہ فرمائیں، بدائع الصنائع میں ہے:

وأما يمين اللغو فقد اختلف في تفسيرها قال أصحابنا: هي اليمين الكاذبة خطأً أوغلطاً في الماضي أو في الحال وهي أن يخبر عن الماضي أو عن الحال على الظن أن المخبر به كما أخبر وهو بخلافه في النفي أو في الإثبات نحو قوله والله ماكلمت زيداً وفي ظنه أنه لم يكلمه... وهكذا روى ابن رستم عن محمد أنه قال: اللغو أن يحلف الرجل على الشيء وهو يرى أنه حق وليس بحق وقال الشافعيؒ: هي اليمين التي لايقصدها الحالف وهو مايجري على ألسن الناس في كلامهم من غير قصد اليمين من قولهم لاوالله وبلى والله سواء كان في الماضي أوالحال أو المستقبل وأما عندنا فلا لغو في المستقبل بل اليمين على أمر في المستقبل يمين معقودة وفيها الكفارة إذا حنث قصد اليمين أولم يقصد وانما اللغو في الماضي والحال فقط وماذكر محمدؒ على أثرحكايته عن أبي حنيفةؒ أن اللغو ما يجري بين الناس من قولهم: لا والله وبلى والله فذلك محمول عندناعلى الماضي أوالحال وعندنا ذلك لغو فيرجع حاصل الخلاف بيننا و بين الشافعيؒ في يمين لايقصدها الحالف في المستقبل عندنا ليس بلغو وفيها الكفارة وعنده هي لغو ولا كفارة فيها. (بدائع الصنائع: ۳/۳-٤، كتاب الايمان، سعيد).

امام محمدؒ کے قول کے بارے میں فقہاء کی عبارات ملاحظہ فرمائیں:

اعلاء السنن میں ہے:

ولكن قال في البدائع: وماذكر محمدؒ على أثرحكايته عن أبي حنيفةؒ أن اللغومايجري بين الناس من قولهم "لا والله وبلى والله" فذلك محمول عندنا على الماضي أوالحال ،

وعندنا ذلک لغو فيرجع حاصل الخلاف بيننا و بين الشافعيؒ في يمين لايقصدها الحالف فی المستقبل ، فعندنا ليست بلغو وفيها الكفارة ، وعنده هي لغو ولا كفارة فيها، كذا في ردالمحتار (۷۲/۳) ويحتمل أن يكون محمدؒ قد وافق الشافعي ، فعد من اللغو ما يجري على اللسان بلا قصد مطلقاً سواء كان لماضٍ أولآتٍ ، وقوله: وبه نأخذ راجع إلى نفسه وحده، وقوله وهو قول أبي حنيفةؒ راجع إلى التفسير الثاني للغو ،لا إلى الأول، بدليل أن تفسير اللغو بذلک هو المذكور فی المتون والهداية وشروحها، وهو التفسير المتفق عليه للغو الذي لا كفارة فيه لم يختلف فيه اثنان كما تقدم، وبه فسر محمدؒ حديث عائشه رضي اللّٰه تعالىٰ عنها هذا في موطاه، فقال: وبهذا نأخذ اللغو ما حلف عليه الرجل وهو يرى أنه حق فاستبان له بعد أنه على غير ذلک، فهذا من اللغو عندنا، فهو المذهب والحديث المرفوع وقول عائشة رضي اللّٰه تعالىٰ عنها لايخالفانه، بل يمكن ارجاعهما إليه كما ذكرناه. (اعلاء السنن: ۳۳۱/۱۱، باب تفسیر لغو الیمین، ادارة القرآن).

منحۃ الخالق علی البحر الرائق میں ہے:

( وعندنا ذلک لغو ) أنما نسبه لأنه قول الإمام محمد وليس مراده أنه قول أئمتنا لما علمت من أن قول أبي حنيفة فی اللغو هو ماعزاه إلى أصحابنا والحاصل أن قول أبي حنيفةؒ الذي قاله أصحابنا إن اليمين اللغو هي ما يكون على الماضي أو الحال على ظن المخبر به كما قال وهو بخلافه وأن قول محمدؒ هي ما يجري بين الناس من قولهم لا واللّٰه وبلى واللّٰه كما قال الشافعي إلا أن الشافعي يقول: إنها تكون على الاستقبال أيضاً ومحمد لايقول بذلک فی الاستقبال فصار حاصل الخلاف بيننا وبين الشافعيؒ بناء على قول محمدؒ في يمين لايقصدها الحالف فی المستقبل فعند الشافعيؒ هي لغو وعندنا أی عند محمدؒ هي منعقدة ولها الكفارة هذا ماظهر لي في تقرير كلام البدائع على وجه يندفع عنه التناقض. (منحة الخالق على البحر الرائق: ۲۷۹/۴، كتاب الايمان، كوئٹه) . واللہ ﷻ اعلم۔

## واللہ میں فلاں عالم کی تقریر نہیں سنوں گا'' کہنے سے قسم کا حکم:

**سوال:** زید سے کسی نے کہا کہ فلاں مولوی صاحب کی تقریر مت سنو، اس کی تقریر میں زہر بھرا ہوا ہے، زید نے کہا ''واللہ میں کبھی اس کی تقریر نہیں سنوں گا'' کچھ دنوں کے بعد زید نے اس مولوی صاحب کی تقریر کی کیسٹ ٹیپ رکارڈ سے سنی، کیا اس کی قسم ٹوٹ گئی یا نہیں؟ اور کفارہ لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** چونکہ عرف میں تقریر سننے کا اطلاق واسطہ اور بلا واسطہ دونوں طرح سننے پر ہوتا ہے، لہذا ٹیپ رکارڈ سے سنے یا مشافہۃً سنے دونوں طرح سننے سے زید حانث ہو جائے گا۔ اور کفارۂ یمین لازم ہوگا۔

ملاحظہ ہو الاشباہ والنظائر میں ہے:

**صرح الزيلعيؒ وغيره بأن الأيمان مبنية على العرف ، لا على الحقائق اللغوية ، وعليها فروع : منها : - لو حلف لايأكل الخبز حنث بما يعتاده أهل بلده.** (الاشباه والنظائر: ١/٢٧٦).

**مزید ملاحظہ فرمائیں:** (الفتاوى الهندية: ٢/٨٣۔ وتبيين الحقائق: ٣/١١٦).

نیز جب زید نے قسم کھائی تو اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ اس تقریر کے زہر سے بچے، اور ٹیپ رکارڈ سے سنا تو اس کا مقصد فوت ہو گیا، بنابریں زید اپنی قسم میں حانث ہو گیا، اور کفارۂ یمین لازم ہو گیا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ''آپ کے گھر آیا تو خنزیر'' کہنے سے قسم کا حکم:

**سوال:** زید کا اپنے خسر اور ساس سے اختلاف چل رہا تھا، اسی درمیان میں اس نے قسم کھائی کہ اگر میں آپ کے گھر آیا تو میں خنزیر اور سور ہوں گا، اب اگر وہ ان کے گھر گیا تو قسم کا کفارہ ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ قسم منعقد نہیں ہوئی لہذا خسر کے گھر جانے سے کچھ لازم نہیں ہوگا۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

**وكذا إن قال : إن فعلت كذا فهو زانٍ أوفاسق أوسارق أوشارب خمر أو آكل ربا، لايكون يميناً أما أولاً فلأن معنى اليمين أن يعلق ما يوجب امتناعه عن الفعل بسبب لزوم**

**وجوده عند الفعل ، وليس بمجرد وجود الفعل يصير زانياً أوسارقاً**.(فتح القدير: ٧٨/٥،دارالفكر).

درمختار میں ہے:

**وإن فعله فعليه غضب ...أو هو زانٍ أوسارق أوشارب خمر أوآكل ربا لايكون قسماً لعدم التعارف** . (الدرالمختار: ٧٢٧/٣،سعيد).

بہشتی زیور میں ہے:

اگر میں فلاں کام کروں تو...کوڑھی ہوجاؤں ...ان باتوں سے قسم نہیں ہوتی ، اس کے خلاف کرنے سے کفارہ نہ دینا پڑے گا۔(بہشتی زیور:٢٦٧) . واللہ ﷻ اعلم۔

## گھر میں قدم نہ رکھنے کی قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** جھگڑے میں زید نے فاروق سے کہاواللہ میں آپ کے گھر میں قدم نہیں رکھوں گا،اورساتھ میں اشارہ نہیں کیا،اور یہ گھر نہیں کہا،اگراس کے دوسرے مکان میں گیا جس میں اس کی رہائش نہیں ہے،تو کیا حکم ہے؟ نیز اگر گھر کوگرا کر نیا بنالیا تو اس میں داخل ہونے کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں زید نے قسم کھاتے وقت مکان کی طرف اشارہ نہیں کیا تھا، اس لیے فاروق کے دوسرے مکان داخل ہونے سے حانث ہوجائے گا،اگر چہ فاروق کی رہائش اس مکان میں نہیں ہے، نیزتجدیدعمارت کی صورت میں بھی حانث ہوجائے گا۔

ملاحظہ فرمائیں فتح القدیر میں ہے:

**إن الإشارة كما تفيد التعريف يحصل بها التخصيص أيضاً، وهذا لايحصل بالإضافة وحدها، فإنه لو قال عبد فلان انعقدت على كل عبدله . انتهىٰ.** (فتح القدير:١٥٣/٥،باب اليمين فى الكلام ، دارالفكر).

عالمگیری میں ہے:

**ولو حلف لايدخل دار فلان ولم ينو شيئاً ... وإن دخل داراً مملوكة لفلان وفلان**

**لایسکنها حنث أیضاً** . (الفتاوی الهندیة:۲/۷۰، الباب الثالث فی الیمین علی الدخول).

البحر الرائق میں ہے:

**قوله لایأکل طعام زید أولایدخل داره...وإن لم یشر لایحنث بعد الزوال (أی الملک) وحنث بالمتجدد ... والحاصل أنه إذا أضاف ولم یشر لایحنث بعد الزوال ... ویحنث فی المتجدد بعد الیمین.** (البحر الرائق:۴/۳۳۷) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## کسی شئی کی طرف اشارہ کر کے قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** بکر کا اپنے چچازاد بھائی سے جھگڑا ہوا، جھگڑے میں بکر کہنے لگا خدا کی قسم میں آپ کے اس گھر میں قدم نہیں رکھوں گا، زید نے گھر کو گرا کر نیا بنالیا یا بالفرض فروخت کر دیا تو اب زید کے اس گھر میں جانے سے حانث ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ گھر گرانے یا فروخت کرنے یا نیا بنانے کی صورت میں بکر حانث نہیں ہوگا۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**و إن جعلت (الدار) بعد الانهدام بستاناً أومسجداً أوحماماً أوبیتاً أوغلب علیها الماء فصارت نهراً لایحنث وإن بنیت بعد ذلک . کهذا البیت وکذا بیتاً بالأولیٰ فهدم أو بنی بیتاً آخر ولو بنقض الأول لزوال اسم البیت . وفی الشامیة: قوله وإن بنیت بعد ذلک لأنه عاد اسم الدار بسبب جدید فنزل منزلة اسم آخر.** (الدرالمحتار مع فتاوی الشامی: ۳/۷۴۶، سعید).

فتاوی شامی میں ہے:

**قال فی البحر: فصار الحاصل : أن البیت لافرق فیه بین أن یکون منکراً أو معرفاً فإذا دخله وهو صحراء لایحنث لزوال الاسم بزوال البناء ...قوله لزوال اسم البیت أی بالانهدام لزوال مسماه وهو البناء الذي یبات فیه.** (فتاوی الشامی: ۳/۷۴۶،سعید).

بحر میں ہے:

**لو حلف لایدخل هذا البیت فدخله بعد ما انهدم فإنه لایحنث لزوال اسم البیت فإنه لایبات فیه.** (البحرالرائق:٤/٠٠ ٣۔و کذا فی فتح القدیر:٥/٠٠ ١، باب الیمین فی الدخول ، دارالفکر). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## خانۂ کعبہ کی قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** خانۂ کعبہ کی قسم کھانے سے قسم ہوجاتی ہے یانہیں؟اور خانۂ کعبہ کی قسم کھانا درست ہے یانہیں؟

**الجواب:** شریعتِ مطہرہ نے غیراللہ کی قسم کھانے سے منع کیا ہے،اور خانۂ کعبہ کی قسم کھانا غیراللہ کی قسم کھانے کے مترادف ہے،لہذا قسم منعقد نہیں ہوگی ،اوراس قسم سے بچنا ضروری ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**و من حلف بغير الله لم يكن حالفاً كالنبي صلى الله عليه و سلم والكعبة لقوله عليه السلام من كان منكم حالفاً فليحلف بالله أو ليذر...الخ.** (الهداية:٢/٤٧٩).

اوجز المسالک میں ہے:

**وقال الطبرى في حديث الباب أن اليمين لا تنعقد إلا بالله ، وان من حلف بالكعبة أو آدم أوجبرئيل أونحوذلک لم تنعقد يمينه ولزمه الاستغفار لإقدامه على ما نهى عنه ولا كفارة في ذلک.** (اوجزالمسالك:٩/٦٧٩).

*مزید ملاحظہ ہو:* (الفقه الاسلامى وادلته : ٣/٣٨٧۔وفتح البارى: ١١/٥٣٤۔والفتاوى الهندية:٢/٥٣۔وقاموس الفقه:٥/٣٥٦). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ”لا إله إلا الله“ سے قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** ایک صاحب نے ایک عالم دین سے کہا کہ ربیع الثانی کی دوسری تاریخ کواتوار کی شب

ہمارے یہاں جلسہ ہے آپ ہمیشہ ہماری بات کو ٹالتے ہیں، اس مرتبہ آنے کا وعدہ کیجئے، اس عالم صاحب نے کہا: ''لا إله إلا الله ، میں ضرور آؤں گا''، قسم ہوئی یا نہیں؟ اور نہ آنے کی صورت میں کفارہ لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اس علاقہ میں اگر اس کلمہ سے قسم کھانا معروف ومشہور ہو تو قسم منعقد ہوگئی، اور اگر معروف نہیں ہے تو پھر کہنے والے کی نیت قسم کی تھی تو قسم ہے ورنہ نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**فإن الأيمان مبنية على العرف ، فما تعورف الحلف به فيمين و ما لا فلا.** (الدرالمختار: ۷۱۲/۳، سعید).

**وفي الشامية: لأن المتكلم إنما يتكلم بالكلام العرفي أعني الألفاظ التي يراد بها معانيها التي وضعت لها في العرف كما أن العربي حال كونه بين أهل اللغة إنما يتكلم بالحقائق اللغوية، فوجب صرف ألفاظ المتكلم إلى ما عهد أنه المراد بها، فتح.** (فتاوى الشامي: ۷٤۳/۳، مطلب الايمان مبنية على العرف، سعيد).

علامہ سرخسیؒ فرماتے ہیں:

**الأيمان مبنية على العرف والعادة فما تعارف الناس به يكون يميناً ومالم يتعارف الحلف به لايكون يميناً...الخ.** (كتاب المبسوط: ۱۳۳/۸).

(وكذا في دررالحكام: ٤٠/۲ ـ والاختيارلتعليل المختار: ٥٤ ـ والبحرالرائق: ۲۹۷/٤).

احسن الفتاوی میں ہے:

حاش للہ بمعنی سبحان اللہ ہے اس سے قسم کا عرف ہو تو بلانیت بھی قسم ہو جائے گی، قسم متعارف نہ ہو تو بنیت قسم کہنے سے قسم ہوگی ورنہ نہیں اللہ تعالیٰ کی ہر صفت کا یہی حکم ہے۔ (احسن الفتاوی: ۴۸۸/۵). واللہ ﷻ اعلم۔

## کعبہ پر غلاف چڑھانے کی قسم کھانے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے قسم کھائی کہ واللہ میں خانۂ کعبہ پر غلاف چڑھاؤں گا تو یہ قسم صحیح ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ خانۂ کعبہ پر غلاف چڑھانے کی قسم صحیح اور درست ہے اس لیے کہ یہ کام ممکن ہے کہ آدمی غلاف چڑھانے والوں کے ساتھ شریک ہوجائے۔لہذا یہ کام لازم ہوگیا، پس اگر زندگی کے آخری لمحات تک اس کام کو انجام نہیں دیا تو حانث ہوجائے گا، اور کفارہ کی وصیت لازم ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**حلف ليأتينه فهو أن يأتي منزله أوحانوته لقيه أم لا، فلو لم يأته حتى مات أحدهما حنث في آخر حياته، وكذا كل يمين مطلقة. وفى الشامية: وكذا كل يمين مطلقة أى لاخصوصية للإتيان، بل كل فعل حلف أن يفعله فى المستقبل ولم يقيده بوقت لم يحنث حتى يقع اليأس عن البر مثل ليضربن زيداً أوليعطين فلانة أوليطلقن زوجة وتحقق اليأس عن البر يكون بفوت أحدهما.** (فتاوى الشامي: ۷۵۷/۳، سعيد).

**وفي تبيين الحقائق: لو حلف ليأتين زيداً أو البصرة أونحو ذلك فلم يأته حتى مات، حنث في آخر جزء من أجزاء حياته، لأن شرط الحنث فوت الإتيان وهولا يتحقق إلا بما ذكرنا لأن البر مرجو ما دام حياً.** (تبيين الحقائق: ۱۲۲/۳، امداديه، ملتان).

(وكذا فى البحرالرائق: ۳۱۲/۵۔والفتاوى الهندية: ۱۱۰/۲). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## " اليمين على نية المستحلف" کا مطلب:

**سوال:** فقہاء کے ہاں قاعدہ ہے "اليمين على نية المستحلف" یمین میں قسم لینے والے کی نیت کا اعتبار ہے، اس قاعدہ کی کیا مثال ہے اور کیا مطلب ہے؟ اور اس میں ظالم اور مظلوم کا فرق ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اس قاعدہ کا مطلب یہ ہے کہ اگر حالف یعنی قسم کھانے والا ظالم ہو یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے نام کے ذریعہ ظلماً مدعی کے حق کو دبانا چاہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے مبارک نام کی بے حرمتی کرنا چاہتا ہے، تو قسم کھانے والا جو بھی نیت کرے اس کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا، بلکہ مستحلف یعنی قسم لینے والے کی نیت ہی معتبر

ہوگی۔

اس کی مثال صاحبِ محیط برہانی نے بایں الفاظ ذکر فرمائی ہے۔ملاحظہ فرمائیں:

**إذا ادعى عيناً في يدي رجل اني اشتريت منك هذا العين بكذا وأنكر الذي في يده الشراء، فأراد المدعي أن يحلف المدعى عليه بالله ما وجب عليك تسليم هذا العين إلى هذا المدعي فيحلف المدعى عليه على هذا الوجه ويعنى التسليم إلى هذا المدعي بالهبة والصدقة لا بالبيع، وهذا إن كان صادقاً فيماحلف فلم بكن بما حلف يمين غموس حقيقة لأنه نوى ما يحتمله لفظه فهو يمين غموس معنى، لأنه قطع بهذا اليمين حق امرئ مسلم فلاتعتبر نيته.** (المحيط البرهاني: ٤/٤٢٨، نوع في تحليف الغير، المكتبة الرشيدية).

قاعدۂ مذکورہ بالا کی تفصیل:۔

فقہاء کی عبارات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ قاعدہ "اليمين على نية المستحلف" مطلق نہیں ہے، بلکہ قدرے تفصیل ہے، ملاحظہ فرمائیں:

(۱) اس قاعدہ کا تعلق ماضی میں کسی امر پر قسم کھانے کے ساتھ ہے۔

**قال في تهذيب القلانسي: اليمين على نية الحالف إن كان مظلوماً وإن كان ظالماً، فعلى نية المستحلف، وهذا على أمر في الماضي.** (شرح الاشباه والنظائر: ١/٩٧).

(۲) جب کہ حالف مستحلف کی مراد کے خلاف نیت کرے۔

**قال في الظهيرية: رجل حلف رجلاً فحلف، ونوى غيرما أراد المستحلف، إن كان اليمين بالطلاق ...وإن كان اليمين بالله عزوجل، فإن كان الحالف مظلوماً تعتبر نيته.** (شرح الاشباه والنظائر: ١/٩٧).

(۳) حلف اللہ کے مبارک نام سے متعلق ہو، طلاق، عتاق وغیرہ سے متعلق نہ ہو۔

**قال الشيخ الإمام الزاهد شيخ الإسلام المعروف بخواهر زاده: وهذا الذي ذكرنا في اليمين بالله، فأما إذا الستحلف بالطلاق والعتاق...الخ.** (المحيط البرهاني: ٤/٤٢٨، المكتبة

الرشیدیة).

علامہ ابن عابدینؒ فرماتے ہیں:

**وإن كانت اليمين بالله تعالىٰ فإن كان الحالف مظلوماً كانت النية فيه إلى الحالف.**

(منحة الخالق على البحر الرائق: ٤/٣٢٨، كوئته).

علامہ حمویؒ فرماتے ہیں:

**فظهر بما نقلناه أن إطلاق المصنف مقيد بما ذكرنا إذا كان الحلف بالله تعالىٰ .**

(حاشية الحموى على الاشباه: ١/٩٧).

(۴) حالف ظالم ہواور مستحلف مظلوم ہو۔

بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما بيان أن اليمين بالله عزوجل على نية الحالف أو المستحلف فقد روى عن أبي يوسفؒ عن أبي حنيفةؒ عن حمادؒ عن إبراهيمؒ أنه قال : اليمين على نية الحالف إذا كان مظلوماً وإن كان ظالماً فعلى نية المستحلف وذكر الكرخيؒ أن هذا قول أصحابناجميعاً.**

(بدائع الصنائع: ٣/٢٠، سعيد) . واللہ ﷻ اعلم ـ

## قسم میں تعیینِ زمانہ کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ واللہ میں کل روزہ رکھوں گا، اور کل نہیں رکھا تو دوسرے دن رکھنے سے قسم پوری ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دوسرے دن روزہ رکھنے سے قسم پوری نہیں ہوگی، اس لیے کہ اس شخص نے کل روزہ رکھنے کی قسم کھائی تھی، اور کل گزرنے پر وہ شخص حانث ہوگیا، کیونکہ کل سے مطلق مستقبل مراد نہیں لیا جاسکتا، اس لیے کہ قسم کا مدار عرف پر ہے اور عرف میں کل کے لفظ سے مستقبل مراد نہیں لیتے ہیں۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

**قوله وإن حلف ليأتين البصرة ...فأما يطلقها أو يوقتها بوقت مثل لأفعلن غداً أو فيما بيني وبين يوم الجمعة...وفي المقيدة تتعلق بآخر الوقت ، فلومات قبل مضي الوقت ولم يفعل لم يحنث.** (فتح القدير:۳/ ۱۱۰).

تبیین الحقائق کے حاشیہ میں ہے:

**قال الاتقانيؒ : وأما التوقيت في الإتيان كقوله والله لأكلن هذا الرغيف اليوم فإنه لايحنث ما دام الحالف والمحلوف عليه قائمين واليوم باقٍ، أما إذا مضى اليوم يحنث وإن كانا قائمين لفوات البر ولفوات الوقت المعين...** (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق:۲/ ۱۶۰).

قاموس الفقہ میں ہے:

اگر وقت وزمانہ کی قید کے ساتھ قسم کھائی گئی ہو، جیسے کہے کہ میں آج یہ روٹی کھا کر رہوں گا، تو جب تک حالف اورمحلوف علیہ دونوں ہوں اورمقررہ وقت باقی ہو حانث نہیں ہوگا، اگر وقت گزرجائے اور یہ دونوں باقی ہوں تو بالاتفاق وہ حانث ہوجائیگا۔ (قاموس الفقہ :۵/ ۳۵۸). واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

﴿وليوفوا نذورهم...﴾

(سورة الحج، الآية:٢٩).

وقال تعالیٰ:

﴿يوفون بالنذر ...﴾

(سورة الدهر: الآية: ٦).

# باب......﴿٢﴾

# نذر کا بیان

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

”من نذر أن يطيع الله فليطعه

ومن نذر أن يعصيه فلا يعصه“

(موطا إمام محمدؒ).

# باب ......﴿۲﴾

# نذر سے متعلق احکام

## نذر منعقد ہونے کے لئے تلفظ ضروری ہے:

**سوال:** کیا نذر منعقد ہونے کے لئے زبان سے تلفظ ضروری ہے یا صرف دل میں ارادہ کر لینا کافی ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ زبان سے تلفظ ضروری ہے، صرف دل کے ارادہ سے نذر منعقد نہیں ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شرنبلالیؒ فرماتے ہیں:

**أقول: والنذر لا يكون إلا باللسان ولونذر بقلبه لايلزمه بخلاف النية لأن النذر عمل اللسان والنية عمل القلب والنية المشروعة انبعاث القلب على شان أن يكون للّٰه تعالىٰ كذا في البزازية.** (حاشية دررالحكام في شرح غررالاحكام: ١/٢١٢، باب الاعتكاف).

(وكذا في البزازية على هامش الهندية: ٤/١٠٥، السادس في العتكاف).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**قال في شرح الملتقى: والنذر عمل اللسان ... ولو نذر صوم الأيام المنهية أو صوم هذه السنة صح مطلقاً وسواء قصد ما تلفظ به أو لا، ولهذا قال في الولوالجية: رجل أراد**

**أن یقول للّٰه علي صوم فجری علی لسانه صوم لشهر كان علیه صوم شهر بحر . وكذا لو أراد أن یقول كلاماً فجری علی لسانه النذر لزمه لأن هزل النذر كالجد كالطلاق. فتح .**
(فتاوی الشامي: ۲/۴۳۳، فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم۔و کذا : ۳/۷۳۵، مطلب فی احکام النذر).

آپ کے مسائل میں ہے:

صرف کسی بات کا خیال آنے سے منت نہیں ہوتی بلکہ زبان سے ادا کرنے کے ساتھ ہوتی ہے۔(آپ کے مسائل اوران کا حل ۳/۴۱۹۔وکذا فی فتاوی حقانیہ ۵/۴۵)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## کسی معین شئ کی نذر میں اس کے خلاف کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے بکری کی نذر مان لی تو اس کی جگہ بکرا یا دنبہ کی جگہ دنبی ذبح کرسکتا ہے یا نہیں؟اسی طرح بھینس کی جگہ گائے اور گائے کی جگہ بھینس اور جمعرات کی منت میں جمعہ کو ذبح کرسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بکری کی جگہ بکرا یا دنبہ کی جگہ دنبی یا بھینس کی جگہ گائے وغیرہ ذبح کرسکتا ہے،لیکن اگر قیمت میں زیادہ تفاوت ہوتو اس کا خیال رکھنا چاہئے۔اور جمعرات کو ذبح کرنے کی نذر میں جمعہ کے دن بھی ذبح کرسکتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**نذر أن يتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغيره جاز إن ساوى العشرة كتصدقه بثمنه. وفي الشامي: وإنما لم يختص في النذر بزمان ونحوه خلافاً لزفر لأن لزوم ما التزمه باعتبار ما هو قربة لا باعتبارات أخر لا دخل لها في صيرورته قربة...نذر التصدق بهذه المائة يوم كذا على زيد فتصدق بمائة أخرى قبله جاز...** (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ۳/۷۴۱، احکام النذر، سعید).

فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے: **ولو قال للّٰه علی أن أتصدق بدرهم يوم الخميس، فتصدق يوم الأربعاء جاز.** (الفتاوی التاتار خانية :۲/۴۰۱).

احسن الفتاوی میں ہے:

نذر میں کسی زمان یا مکان یا فقیر کی تعیین کی تو یہ تعیین ناذر پر لازم نہیں ہوتی، کسی دوسرے وقت میں یا دوسرے مکان میں یا دوسرے فقیر کو دینے سے بھی نذر ادا ہو جاتی ہے، اسی طرح اگر نذر میں کوئی چیز متعین کردی کہ فلاں چیز دوں گا تو بعینہ یہی چیز دینا لازم نہیں، بلکہ اس کی قیمت کے برابر نقدی یا کوئی دوسری چیز بھی دے سکتا ہے۔ **قال في العلائية: والنذر لا يختص بزمان ومكان ودرهم وفقير فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذا الدراهم على فلان فخالف جاز.** رد المحتار: ۱۳۷/۲. (احسن الفتاوی: ۴۸۰/۵).

امداد الفتاوی میں ہے:

(اونٹ کی منت میں سات بکریاں ذبح کرنا) اس صورت میں اختیار ہے خواہ سات بکریاں ذبح کر کے مساکین کو خیرات کردیجئے یا متوسط درجہ کے اونٹ کی قیمت مساکین کو تقسیم کردیجئے۔ درمختار میں ہے: **ولو قال لله علي أن أذبح جزوراً وتصدق بلحمه فذبح مكانه سبع شياه جاز. وفي نذر أن يتصدق بعشرة دراهم فتصدق بغيره جاز إن ساوى العشرة كتصدقه بثمنه.** (امداد الفتاوی: ۵۵۲/۲).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (امداد الاحکام: ۳/۳۶-۳۷۔ وفتاوی رحیمیہ: ۹/۲۵، مبوب) ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## نذرِ ذبح منعقد ہونے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے نذر مانی کہ اگر میں اس بیماری سے صحت یاب ہو گیا تو بکرا ذبح کرونگا، تو یہ نذر منعقد ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ذبح کی منت صحیح اور درست ہے۔ لہذا صحت یاب ہونے پر بکرا ذبح کر کے اس کو صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہو جائے گا۔

ملاحظہ ہو بدائع الصنائع میں ہے:

**لو نذر بقتل شاة لا يلزمه ولو نذر بذبحها لزمه.** (بدائع الصنائع: ۵/۸۵، سعيد).

فتاوی شامی میں ہے:

في الخانية: قال: إن برئت من مرضي هذا ذبحت شاة فبرئ لا يلزمه شيء إلا أن يقول: فلله علي أن أذبح شاة. وهي عبارة متن الدرر، وعلّلها في شرحه بقوله: لأن اللزوم لا يكون إلا بالنذر والدال عليه الثاني، لا الأول ... ولكن في البزازية أيضاً: إن عوفيت صمت كذا، لم يجب مالم يقل: لله علي، وفي الاستحسان يجب، ولو قال: إن فعلت كذا فأنا أحج، ففعل يجب عليه الحج. فعلم أن تعليل الدرر مبني على القياس، والاستحسان خلافه، وينافيه أيضا قول المصنف: علي شاة أذبحها، أو عبارة الفتح: فعلي بالفاء في جواب الشرط، إذ لا شك أن هذا ليس وعداً. ولا يقال: إنما لم يلزمه شيء لعدم قوله: لله علي، لأن المصرح به صحة النذر بقوله: لله علي حجة ... وحمل ما في الخانية والدرر من صحة قوله: لله علي أن أذبح شاة على القول بأنه يكفي أن يكون من جنسه واجب. (فتاوی الشامی: ۳/ ۷٤٠، احکام النذر، سعید).

مدادالفتاوی میں ہے:

فقہاء نے تصریح کی ہے کہ ذبح کرنا غیر ایام اضحیہ میں قربتِ مقصودہ نہیں اور یہ بھی تصریح کی ہے کہ منذور بہ کا قربتِ مقصودہ ہونا چاہئے، پس اگر نذر بالذبح میں صرف ذبح سے پوری ہو جائے تو لازم آتا ہے کہ منذور بہ غیر قربتِ مقصودہ ہو، وہو باطل، اس سے معلوم ہوا کہ تصدق کو لازم کیا جائے گا تا کہ اس کے انضمام سے وہ قربت مقصودہ ہو جائے اس قاعدہ سے یقیناً معلوم ہوتا ہے کہ تصدق واجب ہوگا، نیز ناذر کا قصد اس نذر ذبح سے یقیناً تصدق کا ہوتا ہے، پس عرفاً نذر بالذبح کا لفظ مستعمل نذر لمجموع الذبح والتصدق میں ہے اور اس مجموع کے نذر میں فقہاء نے انعقاد نذر کی تصریح کی ہے۔ (امدادالفتاوی: ۲/ ۵۵۷) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## دوگانہ نفل کی منت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے کسی کام کے ہونے پر روزانہ دو رکعت نفل کی منت مانی وہ کام ہو گیا، لیکن کچھ دنوں سے دو رکعت کی پابندی نہ ہوئی اب قضا کرے یا کفارہ دے دے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نماز کی قضا لازم ہے اس لئے کہ شرط معلق موجود ہے، اور یہ مسئلہ فوت شدہ نماز کی طرح ہے یعنی جب نماز فوت ہوجائے تو قضا ضروری ہے، کیونکہ صرف وقت فوت ہوا وجوب تو باقی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالى عنها عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من نذر أن يطيع الله فليطعه.** (رواه البخاري: ۲/۹۹۱، باب النذر في المعصية).

درمختار میں ہے:

**ومن نذر نذراً مطلقاً أو معلقاً بشرط ... ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر لحديث: "من نذر وسمّى فعليه الوفاء بما سمّى" كصوم وصلاة ... الخ.** (الدرالمحتار مع فتاوى الشامي: ۳/۷۳۵، سعيد).

تنویرالابصار مع الدرالمختار میں ہے:

**ولو نذرت عبادة كصوم وصلاة في غد فحاضت فيه يلزمها قضاؤها لأنه يمنع الأداء لا الوجوب ولو نذرتها يوم حيضها لا، لأنه نذر بمعصية.** (تنويرالابصار مع الدرالمختار: ۲/۴۳).

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند میں ہے:

اس قسم کی نذر لازم ہوجاتی اور پورا کرنا اس کا لازم ہے، جو دوگانہ وقت پر ادا نہیں ہوا اس کی قضا لازم ہے۔

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۱۲/۱۰۸، مدلل ومکمل) ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود پڑھنے کی نذر کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے نذر مانی کہ میں روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھوں گا، تو یہ نذر منعقد ہوئی یا نہیں؟ اگر کوئی شخص نذر پوری نہ کر سکے تو اس کا متبادل کیا ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ روزانہ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کی نذر صحیح ہے اور منعقد ہے، لہٰذا پورا

کرنا یعنی روزانہ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری اور لازم ہے۔ اور اگر نہیں پڑھا تو اس کا بدل کفارۂ یمین ہے، یعنی قسم کا کفارہ ادا کرے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ولو نذر أن يصلي على النبي صلى الله عليه وسلم كل يوم كذا لزمه وقيل لا، قوله لزمه لأن من جنسه فرضاً وهو الصلاة عليه صلى الله عليه وسلم مرة واحدة في العمر وتجب كلما ذكر وإنما هي فرض عملي ...** (الدرالمختارمع فتاوی الشامی: ۷۳۸/۳، سعید).

البحر الرائق میں ہے:

**لأن المذكور في ظاهر الرواية لزوم الوفاء بالمنذور عيناً منجزاً كان أو معلقاً وفي رواية النوادر هو مخيراً فيهما بين الوفاء وبين كفارة اليمين قال في الخلاصة: وبه يفتى فتحصل أن الفتوى على التخيير مطلقاً. . .** (البحر الرائق: ۲۹۵/٤، کوئٹہ).

فتاویٰ بزازیہ میں ہے:

**ألزم على نفسه الحج إن فعل كذا لزمه الحج، ولا يجوز به كفارة اليمين. وعن القاضي المروزي أنه بالخيار إن شاء كفر، وعن الإمام أنه رجع وقال: تجب الكفارة، وعليه الفتوى لكثرة البلوى.** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ۲۷۱/٤، الثالث في النذر).

**مزید ملاحظہ ہو:** (الهداية مع فتح القدير: ۹۳/٥۔ والدر المختار: ۷۳۸/۳۔ وامداد الفتاوی: ۵٦۲/۲، انعقاد نذر درود شریف)۔ **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نذر بالمعصیۃ کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے گناہ کی نذر مان لی کہ اگر میرا کام ہوگیا تو میں ناچ گانا کراؤں گا، یا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کے لئے بکرا ذبح کروں گا، یا قبر پر غلاف چڑھاؤں گا، یا قبر پر گنبد بناؤں گا، یا عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے دن روزہ رکھوں گا، طلوع یا غروب شمس کے وقت نماز پڑھوں گا، تو شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** معصیت اور گناہ دو قسم کے ہیں: (۱) معصیت لذاتہ جیسے صورتِ مسئولہ میں ناچ گانا، شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کے نام پر بکرا ذبح کرنا، قبر پر غلاف، چادریں ڈالنا اور چراغ روشن کرنا، یا گنبد بنانا، یہ تمام چیزیں معصیت لذاتہا ہیں یعنی صرف گناہ ہی گناہ ہیں، ان میں طاعت یا عبادت کا کوئی پہلو نہیں ہے، لہٰذا نذر منعقد نہیں ہوگی، اور کفارہ بھی لازم نہیں ہوگا، مگر یمین کی نیت کرے یعنی قسم کا پہلو بھی ساتھ شامل ہو تو کفارۂ یمین لازم ہوگا۔

(۲) معصیت لغیرہ: یعنی اصلاً تو مشروع ہو، لیکن خارجی شئ ممنوع کی مجاورت کی وجہ سے ممنوع ہوگئی ہو مثلاً صورتِ مسئولہ میں عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کے دن روزہ رکھنا یا طلوع یا غروب شمس کے وقت نماز پڑھنا، تو روزہ اور نماز اصل کے اعتبار سے عبادت ہیں، لیکن ممنوع اوقات کے ساتھ ملنے کی وجہ سے ممنوع ہوگئے، لہٰذا نذر منعقد ہوجائے گی، البتہ ان اوقات میں روزہ نماز سے روکا جائے گا، اور ان کا توڑنا واجب ہوگا، اور توڑنے کی بنا پر کفارہ لازم ہوگا، لیکن اگر کسی دوسرے دن روزہ رکھ لیا یا دوسرے اوقات میں نماز پڑھ لی تو کفارہ لازم نہیں ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من نذر أن يطيع الله فليطعه ومن نذر أن يعصيه فلا يعصه. قال محمد رحمه الله وبهذا نأخذ من نذر نذرا في معصية ولم يسم فليطع الله وليكفر عن يمينه وهو قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى.**

**وبهامش المؤطا: إن ظاهر الحديث أن مراده صلى الله عليه وسلم الإطلاق سمىٰ أو لم يسم.** (المؤطا للإمام محمد مع الحاشية: ص۳۲۷، باب من حلف أو نذر في معصية، قديمي).

درمختار میں ہے:

**وفي البحر الرائق شرائطه خمس فزاد أن لا يكون معصية لذاته فصح نذر صوم يوم النحر لأنه لغيره، وفي الشامي: قال في الفتح: وأما كون المنذور معصية يمنع انعقاد النذر فيجب أن يكون معناه إذا كان حراماً لعينه أو ليس فيه جهة قربة. فإن المذهب أن نذر صوم**

**يوم العيد ينعقد ويجب الوفاء بصوم يوم غيره ولو صامه خرج عن العهدة ثم قال بعد ذلك قال الطحاوي: إذا أضاف النذر إلى المعاصي كللّٰه علي أن أقتل فلاناً كان يميناً ولزمته الكفارة بالحنث.** (الدر المختار مع فتاوی الشامی: ۳/۷۳۶، سعید)۔

علامہ سرخسیؒ فرماتے ہیں:

**ذكر الطحاوي رحمه اللّٰه أنه لو أضاف النذر إلى ما هو معصية وعنى به اليمين بأن قال للّٰه تعالى على أن أقتل فلاناً كان يميناً ويلزمه الكفارة بالحنث لقوله عليه الصلاة والسلام النذر يمين وكفارته كفارة اليمين.** (المبسوط للإمام السرخسی: ۸/۱۳۹)۔

لیکن امام طحاوی اور امام محمدؒ کی عبارات سے یہ وہم ہوتا ہے کہ معصیت چاہے لعینہٖ ہو یا لغیرہٖ ہو بہرصورت کفارہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں موطا امام محمد میں ہے:

**قال محمد: وبقول ابن عباس رضی اللہ عنہ نأخذ وهذا مما وصفت لك أنه من حلف أو نذر نذراً في معصية فلا يعصين، وليكفرن عن يمينه.** (المؤطا للإمام محمد مع الحاشية: ص۳۲۸، باب من حلف أو نذر فی معصية، قدیمی)۔

اور امام طحاویؒ کی عبارت محقق ابن ہمامؒ نے فتح القدیر میں نقل فرمائی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں:

**قال الطحاوي: إذا أضاف النذر إلى سائر المعاصي كللّٰه علي أن أقتل فلاناً كان يميناً ولزمته الكفارة بالحنث.** (فتح القدير ۵/۹۲، فصل فی االكفارة، دار الفكر)۔

اس کا بہترین جواب حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ نے تکملہ فتح الملہم میں دیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

تفصیلی کلام فرمانے کے بعد بطور خلاصہ تحریر فرماتے ہیں:

**فالحاصل: أنه لا كفارة عند الحنفية إذا نذر الرجل فعلاً هو معصية بعينه، وأما إذا**

**کـان معصية لغيره، كصوم يوم النحر ، فإنه تلزمه الكفارة إذا لم يقض صوماً آخر مكانه، وأما إذا أراد بـالـنذر يميناً ، فيلزمه الحنث والكفارة في الصوم كلها، فاغتنم هذا التحرير ، والله الموفق .** ( تكملة فتح الملهم :٢/١٦٥، تحقيق مذهب الحنفية في وجوب الكفارة في النذر بالمعصية ـ وكذا في الفقه الحنفي وادلته: ٢/٣١٨، بيروت).

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

کسی عورت نے یہ منت مانی کہ فلاں کام اگر ہو جائے تو مولود پڑھواؤں گی، یا فلانے مزار پر چادر چڑھاؤں گی، یا بڑے پیر کی گیارہویں کروں گی، تو یہ منت صحیح نہیں ہے، اس کے ذمہ کچھ واجب نہیں ہوا۔ (دین کی باتیں: ص ۳۱۷، منت ماننے کا بیان)۔

فتاویٰ رحیمیہ میں ہے:

سوال: ایک شخص نے اس طرح نذر مانی ''اے بزرگ میرا فلاں کام ہو جائے گا، تو میں آپ کے نام پر بکرا ذبح کروں گا، کیا اس طرح کی نذر اور منت ماننا مزار پر بکرا ذبح کرنا جائز ہے؟

الجواب: صورتِ مسئولہ میں نذر صحیح نہیں کہ یہ امر معصیت ہے، اور معصیت کی نذر منعقد نہیں ہوئی اس نذر کا پورا کرنا جائز نہیں ہے۔ درمختار میں ہے: " **وأن لا يكون معصية لذاته** ".

حضرت شاہ محمد اسحاق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

نذر کردن بایں طور کہ اگر حاجتِ من خدا بر آرد بمزارِ فلان ولی ایں قدر از نقد وجنس طعام پختہ برسانم درست نیست زیرا کہ در نذر کردن خدائے تعالیٰ چند شروط است اگر ہمہ متحقق شوند نذر لازم می شود والا لازم نیست ....إلی قولہ... چہارم آنکہ منذور فی نفسہ گناہ نباشد اگر گناہ خواہد شد اصلاً در نذر کردن بر ولازم نخواہد شد چنانچہ در فتاویٰ عالمگیری مرقوم است: **الأصـل أن الـنـذر لا يـصـح إلا بشـروط ...إلى قولـه... والرابع: أن لا يكون المنذور معصية باعتبار نفسه، انتهى.** (فتاویٰ رحیمیہ :۹/۲۳، مبوب).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

انعقادِ نذر کے لئے منذور بہ کا قربتِ مقصود ہونا ضروری ہے اور مجلس میلاد قربت مقصود نہیں ہے، پس

صورتِ مسئولہ میں نذر منعقد نہیں ہوئی، لہٰذا ایفاء بھی واجب نہیں۔ (فتاوی محمودیہ:۱۴/۶۱، مبوب ومرتب)۔

خلاصہ یہ ہے کہ معصیت لعینہٖ کی نذر مانی تو اصل مذہب یہ ہے کہ کفارہ واجب نہیں ہے، اس لئے کہ نذر ہی منعقد نہیں ہوئی، لیکن اگر نذر سے یمین مراد لی تو کفارہ یمین واجب ہوگا، اور اگر معصیت لغیرہ کی نذر مانی مثلاً یوم النحر کے دن روزہ رکھنے کی اور کسی دوسرے دن روزہ نہیں رکھا تو کفارہ واجب ہوگا۔

## ایک اشکال اور جواب:

لیکن اور ایک اشکال باقی رہ جاتا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس ایک عورت آئی اور مسئلہ دریافت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے نذر مانی کہ میں اپنے بیٹے کی قربانی کروں، حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب میں فرمایا بیٹے کی قربانی مت کر، اور قسم کا کفارہ ادا کردے۔ ملاحظہ ہو موطا امام محمدؒ میں ہے:

**أخبرنا مالك، أخبرني يحيى بن سعيد قال: سمعت القاسم بن محمد يقول: أتت امرأة إلى ابن عباس ﷺ فقالت: إني نذرت أن أنحر ابني، فقال: لا تنحري ابنك، وكفري عن يمينك.** (المؤطا للإمام محمد: ص٣٢٧، باب من حلف أو نذر في معصية، قديمي).

**وقال العلامة اللكنوي في تعليقه: وفي رواية عن ابن عباسؓ: ينحر مائة من الإبل مقدار دية النفس، وروي عنه أيضاً: ينحر كبشاً أخذاً من فداء إسماعيل على نبينا وعليه الصلاة والسلام.** (التعليق الممجد على موطا محمد: ٣/١٧٢، باب من حلف أو نذر في معصية).

علامہ شامیؒ نے اس کا جواب تحریر فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو:

**ولأبي حنيفة أن وجوب الشاة عليها خلاف القياس عرفناه استدلالاً بقصة الخليل.**

(فتاوى الشامي: ٣/٧٤٠، سعيد۔و كذا في الفقه الحنفي وادلته: ٢/٣١٨، باب النذر، دمشق بيروت).

تکملہ فتح الملہم میں ہے:

**و أما وجوب الشاة فيما إذا نذر بذبح ولده فإنه خلاف القياس، وإنما صار إليه أبو حنيفة رحمه الله استحساناً لأثر ابن عباس رضي الله عنهما، وإلا فالقياس أن لا يجب فيه**

**شيء لأنه معصية لعينه، كما صرح به السرخسي في المبسوط:(۱۳۹/۸)، وراجعه للتفصيل، والله أعلم**. (تكملة فتح الملهم:۱۶۶/۲).

خلاصہ یہ ہے کہ قیاس کے اعتبار سے کوئی چیز لازم نہیں ہونی چاہئے تھی اس لئے کہ معصیت لعینہا ہے، لیکن خلاف قیاس استحساناً امام ابوحنیفہؒ نے اس کو ترجیح دی۔ چونکہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے لختِ جگر نورِ نظر حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام کے بدلہ آسمانی مینڈھا ذبح فرمایا تھا جو کہ خلافِ قیاس من جانب اللہ حکم تھا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## نذر بالمعصیۃ لعینہٖ پر ایک شبہ کا ازالہ:

**سوال:** حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ نے قاموس الفقہ (۱۸۳/۵) میں تحریر فرمایا ہے کہ معصیت کی نذر میں معصیت کو ترک کرنا واجب ہے اور نذر کا پورا کرنا حرام ہے، البتہ کفارۂ قسم ادا کرنا واجب ہے، جبکہ فقہاء اور اکابر کی مذکورہ بالا تصریحات سے معلوم ہوا کہ کفارہ بھی لازم نہیں ہے اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** بظاہر حضرت مولانا کی عبارت محل نظر ہے اور فقہاء کی تصریحات کی رو سے صحیح معلوم نہیں ہوتی، غالباً حضرت مولانا کا ذہن نذرِ معصیت کی تقسیم کی طرف نہیں گیا ہوگا۔

مولانا کی عبارت ملاحظہ ہو قاموس الفقہ میں ہے:

جس چیز کی نذر مانی گئی ہو وہ معصیت ہو، جیسے شراب پینے کی نذر ایسی نذر کو پورا کرنا حرام اور ترک کرنا واجب ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے، البتہ جیسا کہ اس سے پہلے مذکور ہوا اس صورت میں کفارہ قسم ادا کرنا واجب ہوتا ہے، آج کل میلاد منعقد کرنے کی نذر مانتے ہیں یہ سب اس حکم میں ہے اور اس کو پورا کرنا جائز نہیں بلکہ کفارہ قسم ادا کر دینا چاہئے اور آئندہ ایسی نذر سے توبہ کرنا چاہئے۔ (قاموس الفقہ :۱۸۳/۵).

مذکورہ بالا عبارت میں مولانا نے معصیت لعینہٖ کی مثال پیش کی ہے، وبعدازاں وجوبِ کفارہ کا حکم تحریر فرمایا ہے، جب کہ فقہاء کی عبارات کے پیش نظر مسئلہ برعکس معلوم ہوتا ہے، لہذا صحیح اور راجح یہی ہے کہ معصیت

لعینہٖ کی نذر منعقد ہی نہیں ہوتی اور کفارہ بھی واجب نہیں ہوتا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## نذر میں اغنیاء اور فقراء کو شامل کرنے سے نذر کا حکم:

**سوال:** کسی طالب علم نے منت مانی کہ اگر میں امتحان میں کامیاب ہوا تو مدرسہ کے سارے طلباء کو اللہ کے لئے کھلاؤں گا، اس سے نذر متحقق ہوئی یا نہیں؟ اور نذر میں اللہ کا کلمہ ضروری ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اس مسئلہ سے متعلق حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ نے تحریر فرمایا ہے کہ بقدر اغنیاء کے نذر منعقد نہیں ہوئی اور بقدر فقراء منعقد ہوگئی، لیکن حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ نذر صحیح اور لازم نہیں ہوئی، بظاہر حضرت تھانوی اور حضرت مفتی کفایت اللہ کے فتاویٰ میں تعارض ہے، تطبیق یہ ہوسکتی ہے کہ اگر ناذر کی نیت میں صرف فقراء ہوں تو پھر نذر منعقد ہوگئی، اور اگر مالدار اور فقراء سب کی نیت ہو تو پھر نذر منعقد نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں امداد الفتاوی میں ہے:

ایک سائل نے سوال کیا کہ ''اگر میرا فلاں مقصود حاصل ہو تو ایک گائے اللہ تعالیٰ کے نام پر ذبح کر کے محلّہ والوں کو کھلاؤنگا''، لیکن محلّہ میں مالدار اور غریب دونوں رہتے ہیں، ایفائے نذر رہوگا یا نہیں؟

الجواب: **في الدر المختار: نذر التصدق على الأغنياء لم يصح مالم ينو أبناء السبيل.**

**وفيه: ولو قال: إن برئت من مرضي هذا ذبحت شاة أو علي شاة أذبحها ...الخ.**

اس روایت سے معلوم ہوا کہ بقدر اغنیاء کے نذر منعقد نہیں ہوئی اور بقدرِ فقراء منعقد ہوگئی، اور فقراء کو کھلانا ضروری ہوگا، اور اغنیاء نے اگر کھایا تو دیکھنا چاہئے کہ اس نے بقدر حصہ فقراء پکوایا ہے یا زیادہ، پہلی صورت میں اغنیاء کو کھانا درست نہیں، دوسری صورت میں درست ہے۔ (امداد الفتاوی: ۲/۵۶۰۔ وامداد الاحکام: ۳/۳۳).

کفایت المفتی میں ہے:

ایک شخص مسمی زید نے مرض میں گرفتار ہونے کی وجہ سے نذر مانی کہ اگر شافی مطلق نے مجھے کامل صحت مرحمت فرمائی تو میں مقابل مسجد یا فلاں مسجد کے مصلیوں کو کھانا کھلاؤں گا، اب وہ شئ منذورہ زید نے صحت پاکر

یاقبل صحت تمام نمازیوں میں تقسیم کرنے کا ارادہ کیا ہے،سوال یہ ہے کہ امراء واغنیاء جونماز میں شامل ہوتے ہیں، وہ اس نذر کی شیرینی کھاسکتے ہیں یانہیں؟

(الجواب): فلاں مسجد کے تمام نمازیوں کوکھانا یا شیرینی کھلانا اگر بطور ہبہ یا اباحت مقصود تھا تو یہ قربت مقصودہ نہیں ہے،اور اگر بطورِ صدقہ مراد تھا تو چونکہ نمازیوں میں غنی اور محتاج دونوں شامل ہوتے ہیں،اور تصدق علے الغنی صحیح نہیں ہوتا،لہذا یہ نذر صحیح یعنی لازم نہیں ہوئی،اب اگر وہ کھانا یا شیرینی کھلائے تو تبرع ہوگا،اور اس تبرع میں نیت تصدق نہ ہوتو اغنیاء وفقراء دونوں کوکھانا جائز ہے۔

**نذر التصدق على الأغنياء لم يصح ما لم ينو أبناء السبيل.** (درمختار).

**قلت: ولعل وجه عدم الصحة فى الأول عدم كونها قربة ، الخ.** (رد المحتار).

**ولوقال: إن فعلت كذا فلله علي أن أضيف جماعة قرابتي فحنث لا يلزمه شيء.**
الفتاوی الهندية: ٢/ ٦٦. (کفایت المفتی :۲/ ۲۴۶).

احسن الفتاوی میں ہے:

بقدر حصۂ اغنیاء نذر منعقد نہیں ہوئی اس لیے اس کا ایفاء واجب نہیں...بقدر حصۂ فقراء نذر صحیح ہے،اس کا ایفاء واجب ہے،اس سے اغنیاء کوکھانا جائز نہیں ہے۔(احسن الفتاوی:۵/ ۴۹۰) . واللہ ﷻ اعلم۔

## نذر میں لفظ اللہ ذکر کرنے کا حکم:

''انعقادِ نذر کے لئے لفظِ اللہ کا کلمہ ضروری نہیں ہے''فقہاء کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ نذرِ معلق منعقد ہونے کے لئے اللہ کا کلمہ کہنا ضروری نہیں ہے، بلکہ الفاظِ لزوم کی وجہ سے بھی نذر منعقد ہوجاتی ہے، ہاں الفاظ کا تلفظ ضروری ہے۔

ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**فى الخانية: قال: إن برئت من مرضي هذا ذبحت شاة فبرئ لا يلزمه شيء إلا أن يقول: فلله علي أن أذبح شاة. وهي عبارة متن الدرر، وعللها في شرحه بقوله: لأن اللزوم لا**

يكون إلا بالنذر والدال عليه الثاني، لا الأول، فأفاد أن عدم الصحة لكون الصيغة المذكورة لا تدل على النذر، أى لأن قوله: ذبحت شاةً، وعد لا نذر، ويؤيده ما فى البزازية: إن سلِم ولدي أصوم ما عشت، فهذا وعد. لكن فى البزازية أيضاً: إن عوفيت صمت كذا، لم يجب مالم يقل: لله علي، وفى الاستحسان يجب، ولو قال: إن فعلت كذا فأناْ أحج، ففعل يجب عليه الحج. فعلم أن تعليل الدرر مبني على القياس، والاستحسان خلافه، وينافيه أيضاً قول المصنف: علي شاة أذبحها، أو عبارة الفتح: فعلي بالفاء في جواب الشرط، إذ لا شك أن هذا ليس وعداً. ولا يقال: إنما لم يلزمه شيء لعدم قوله: لله علي، لأن المصرح به صحة النذر بقوله: لله علي حجة، أو علي حجة. (فتاوى الشامي: ۳/ ۷٤۰، كتاب الأيمان).

بدائع الصنائع میں ہے:

ركن النذر هو الصيغة الدالة عليه وهو قوله لله عز شانه علي كذا أوعلي كذا أوهذا هدي أوصدقة أومالي صدقة أوما أملک صدقة ونحو ذلک. (بدائع الصنائع:۵/۸۱،كتاب النذر،سعيد).

علامہ ابن نجیم مصریؒ فرماتے ہیں:

أما الصيغة فلله، وعلي، ونذرت لله، وأنا أفعل، إن كان معلقاً كأن أحج إن دخلت الدار، بخلاف أنا أحج، منجزاً. (البحر الرائق :ص ١٠٤ ط:مصر).

امدادالفتاوی میں ہے:

الجواب: فى الدر المختار: الأيمان مبنية على العرف، فما تعورف الحلف فيه فيمين وما لا فلا.

اورنذر حکم یمین ہے، چنانچہ ''علی'' نذر کو صیغہ ایمان سے درمختار میں لکھا ہے، اس بنا پر جو صیغے عرفاً اس میں مستعمل نہیں ہیں، ان سے نذر نہ ہوگی، اس لئے ''ہمارا ارادہ ہے'' نذر نہیں ہے، اور ''ہم پر ہر مہینے'' نذر ہے۔ (امدادالفتاوی۲/۵۵۲).

مفتی رشید احمد صاحب نے احسن الفتاوی میں تحریر فرمایا ہے کہ جو الفاظ عرفاً نذر کے لئے مستعمل ہیں، ان سے بھی نذر منعقد ہو جاتی ہے۔ (احسن الفتاوی ۵/۴۸۵) . واللہ ﷻ اعلم۔

## حج کرانے یا چلہ میں بھیجنے کی نذر کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے کہا ''اگر مجھے اللہ تعالی نے ایک سال میں بیٹا دیا تو میں زید کو حج کراؤنگا'' یا چلہ کے لئے بھیجوں گا، نذر لازم ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نذر لازم نہیں ہے، اس لیے کہ نذر اپنے فعل کی منعقد ہوتی ہے نہ کہ دوسرے کے فعل کی، اور نذر عبادتِ مقصودہ کی منعقد ہوتی، جبکہ چلہ لگانا عبادتِ مقصودہ نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو در مختار میں ہے:

**ومن نذر نذرا مطلقاً أو معلقاً بشرط، وكان من جنسه واجب ... وهو عبادة مقصودة ... ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر لحديث "من نذر وسمى فعليه الوفاء بما سمى". وفي الشامي: (قوله : وهو عبادة مقصودة) ... وفي البدائع: ومن شروطه أن يكون قربة مقصودة، فلا يصح النذر بعيادة المريض، وتشييع الجنازة، والوضوء، والاغتسال، ودخول المسجد، ومس المصحف، والأذان ...(قوله: لزم الناذر) أي لزمه الوفاء به، والمراد أنه يلزمه الوفاء بأصل القربة التي التزمها.** (الدر المختار مع الشامي: ۳/۷۳۵، سعيد).

امداد الفتاوی میں ہے:

(سوال) کسی شخص نے اس شرط پر منت کی تھی کہ اگر مجھے اللہ تعالیٰ پسر عنایت فرمادے تو بارہ برس کے بعد کعبہ شریف میں بھیجوں گا، لیکن بوقتِ نذر تو انگر تھا، اب غریبی آ گئی، اب کیا کیا جائے ادائے منت اس پر واجب ہے یا نہیں؟

(الجواب) نذر اپنے فعل کی منعقد ہوتی ہے، نہ کہ دوسرے کے فعل کی، لہذا یہ نذر بھی منعقد نہیں ہوئی۔ (امداد الفتاوی: ۲/۵۶۱).

کفایت المفتی میں ہے:

(سوال) زید نے منت مانی کہ میرا فلاں کام ہوگیا تو میں کسی کو حج کراؤں گا، زید کا کام ہوگیا تو اب زید کے لئے واجب ہے کہ نذر کرائے؟

الجواب: یہ منت اس طرح لازم ہو جاتی ہے کہ میں خود حج کروں گا، لیکن کسی کو حج کراؤں گا اس طریق پر لازم نہیں ہوئی۔ (کفایت المفتی: ۲/۲۵۲).

احسن الفتاوی میں ہے:

زید نے نذر مانی کہ میرا ہاتھ صحیح ہوگیا تو چالیس دن تبلیغ یعنی جماعت میں جاؤں گا، تو یہ نذر صحیح ہوئی یا نہیں۔ اور اس کا پورا کرنا واجب ہے یا نہیں؟ اگر واجب نہیں تو جائز بھی ہے یا نہیں؟

(الجواب) صحتِ نذر کے لئے یہ شرط ہے کہ منذور عبادتِ مقصودہ ہو، تبلیغ عبادتِ مقصودہ نہیں، اس لئے یہ نذر منعقد نہیں ہوئی، اس کا ایفاء واجب نہیں، جائز ہے۔ (احسن الفتاوی: ۵/۴۹۱) . واللہ ﷻ اعلم۔

## نذرِ معین غیر معلق میں تعیین کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی نذر مانی، پھر اس کو جمعہ کے دن سفر کرنا تھا، اس لئے جمعرات کو نذر کی نیت سے روزہ رکھا۔ کیا نذر پوری ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جمعرات کے دن روزہ رکھنے سے نذر پوری ہوگئی، دوبارہ روزہ رکھنے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ نذر معین غیر معلق کسی زمان ومکان کے ساتھ خاص نہیں ہوتی، اور قبل از وقت بھی اس کا ادا کرنا صحیح اور درست ہے۔

ملاحظہ ہو در مختار میں ہے:

**والنذر من اعتكاف أو حج أو صلاة أو صيام أو غيرها غير المعلق ولو معيناً لا يختص بزمان ومكان ودرهم وفقير، فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذا الدرهم على فلان فخالف جاز. وكذا لو عجل قبله، فلو عين شهرا للاعتكاف أو صوم فعجل قبله عنه صح.**

(الدر المختار: ۲/ ۴۳۶، فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم، سعید).

مراقی الفلاح میں ہے:

**وألغينا تعيين الزمان وتعيين المكان وتعيين الدرهم والفقير، لأن النذر إيجاب الفعل بالذمة من حيث هو قربة لا باعتبار وقوعه في زمان ومكان وفقير، وتعيينه للتقدير به أو التأجيل إليه. وفي الطحطاوي: فلو نذر التصدق يوم الجمعة بمكة بهذا الدرهم على فلان فحالف جاز. وكذا لو عجل قبله، فلو عين شهراً للاعتكاف أو للصوم فعجل قبله عنه صح.**

(مراقی الفلاح مع حاشية الطحطاوی:ص ٦٩٦ ،باب مايلزم الوفاء به، قديمی). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نذر معین معلق میں تعیین کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اس طرح نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے اس امتحان میں پاس کردیا تو میں جمعرات کو روزہ رکھوں گا، اب وہ شخص جمعرات کے علاوہ روزہ رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ نذرِ معلق میں تقدیم جائز نہیں ہے، یعنی شرط پوری ہونے کے بعد روزہ رکھنا لازم ہوگا، اس سے پہلے رکھدیا تو دوبارہ رکھنا واجب ہے۔ پھر جمعرات کی کوئی تخصیص نہیں، شرط پوری ہونے کے بعد کسی بھی دن روزہ رکھ سکتا ہے۔ علامہ شامیؒ کی عبارت سے یہی مترشح ہوتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی شامی میں ہے:

**بخلاف النذر المعلق، فإنه لايجوز تعجيله قبل وجود الشرط. قلت: وقدمنا هناك الفرق وهو أن المعلق على شرط لا ينعقد سبباً للحال كما تقرر في الأصول، بل عند وجود شرطه، فلو جاز تعجيله لزم وقوعه قبل سببه فلا يصح. ويظهر من هذا أن المعلق يتعين فيه الزمان بالنظر إلى التعجيل، أما تأخيره فالظاهر أنه جائز إذ لا محذور فيه. وكذا يظهر منه أنه لا يتعين فيه المكان والدرهم والفقير، لأن التعليق إنما أثر في إنعقاد السببية فقط، فلذا امتنع فيه التعجيل وتعين فيه الوقت. أما المكان والدرهم والفقير فهي باقية على الأصل من**

**عدم التعيين، ولذا اقتصر الشارح في بيان المخالفة على التعجيل فقط حيث قال: فإنه لا يجوز تعجيله، فتدبر.** (فتاوى الشامي:٣/٧٤١، مطلب النذر الغير المعلق لا يختص بزمان ومكان ودرهم وفقير، سعيد).

بدائع الصنائع میں ہے:

**وإن كان معلقاً نحو أن يقول: إن شفا الله مريضي ... فلله علي أن أصوم شهراً أو أصلي ... فوقته وقت الشرط، فما لم يوجد الشرط لا يجب بالإجماع، ولو فعل ذلك قبل وجود الشرط يكون نفلاً.** (بدائع الصنائع: ٥/٩٣، سعيد۔ و كذا في فتح القدير :٢/٣٨٦، دارالفكر) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## صوم الدہر کی نذر کی تحقیق:

**سوال:** ایک آدمی نے نذر مانی کہ جب تک میں زندہ رہوں گا روزہ رکھوں گا یا میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا، پھر بڑھاپے کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا ہے۔ روزہ رکھتا ہے تو دشواری ہے، نہیں رکھتا ہے تو نذر کی خلاف ورزی ہے، اب کیا کرے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ روزہ رکھنے پر قدرت وطاقت نہ ہوتو فدیہ دیتا رہے، اور اگر فدیہ کی بھی وسعت نہ ہوتو استغفار کرتا رہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی ہندیہ میں ہے:

**ولو أخر القضاء حتى صار شيخاً فانياً أو كان النذر بصيام الأبد فعجز لذلك أو باشتغاله بالمعيشة لكون صناعته شاقة فله أن يفطر ويطعم لكل يوم مسكيناً ... وإن لم يقدر على ذلك لعسرته يستغفر الله أنه هو الغفور الرحيم.** (الفتاوى الهندية: ١/٢٠٩).

درمختار میں ہے:

**نذر ... صوم الأبد فضعف لاشتغاله بالمعيشة أفطر وكفر كما مرّ. وفى الشامية: وكذا ما فى البحر: لو نذر صوم الأبد فضعف عن الصوم لاشتغاله بالمعيشة له أن يطعم**

ویفطر، **لأنه استیقن أنه لا یقدر علی القضاء**. (الدر المختار مع فتاوی الشامي: ۲/۴۲۷، سعید).

**وقال العلامة الرافعي: هو ملحق بالشیخ الفاني**. (تقریرات الرافعي علی الشامي: ۲/۱۵۲).

**قال الشیخ محمد علي الصابوني في تفسیر قوله تعالی: وعلی الذین یطیقونه فدیة طعام مسکین. أی وعلی الذین یستطیعون صیامه مع المشقة لشیخوخته أو ضعف إذا أفطروا علیهم فدیة بقدر طعام مسکین لکل یوم**. (صفوة التفاسیر: ۱/۱۲۱).

**وقال: معنی الآیة: یطیقونه بجهد شدید ... والطاقة اسم لمن کان قادراً علی الشيء مع الشدة والمشقة**. (صفوة التفاسیر: ۱/۱۲۳).

احسن الفتاوی میں ہے:

سوال: ایک شخص نے نذر مانی کہ میں مرتے دم تک ہمیشہ روزہ رکھوں گا، اب یہ شخص مرض اور کبرسنی کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکتا، اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب: فدیہ دیتا رہے، فدیہ کی بھی طاقت نہ ہو تو استغفار کرتا رہے...الخ۔ (احسن الفتاوی: ۵/۴۷۷).

واللہ ﷻ اعلم۔

## نذرِ اطعام میں قیمت صدقہ کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے نذر مانی کہ اللہ تعالی مجھے بیٹا عطا فرمائے تو میں دو دیگ بریانی کھلاؤں گا، تو بیٹا ملنے پر دو دیگ بریانی کی قیمت دے سکتا ہے یا کھلانا ہی ضروری ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بیٹا ملنے پر اس کو اختیار ہے چاہے تو دو دیگ بریانی پکوا کر فقراء کو کھلا دے یا اس کی قیمت تقسیم کردے، بہر صورت نذر پوری ہو جائے گی اور بری الذمۃ ہو جائے گا، اس لئے کہ نذر میں اپنی طرف سے جو قیودات لگائی جاتی ہیں ان کا پورا کرنا لازم نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**بخلاف النذر المعلق، فإنه لایجوز تعجیله قبل وجود الشرط. قلت: وقدمنا هناک**

**الفرق وهو أن المعلق على شرط لا ينعقد سبباً للحال كما تقرر في الأصول، بل عند وجود شرطه، فلو جاز تعجيله لزم وقوعه قبل سببه فلا يصح. ويظهر من هذا أن المعلق يتعين فيه الزمان بالنظر إلى التعجيل، أما تأخيره فالظاهر أنه جائز إذ لا محذور فيه، وكذا يظهر منه أنه لا يتعين فيه المكان والدرهم والفقير، لأن التعليق إنما أثر في إنعقاد السببية فقط، فلذا امتنع فيه التعجيل وتعين فيه الوقت. أما المكان والدرهم والفقير فهي باقية على الأصل من عدم التعيين، ولذا اقتصر الشارح في بيان المخالفة على التعجيل فقط حيث قال: فإنه لا يجوز تعجيله، فتدبر.** (فتاوى الشامي:۳/۷٤۱، كتاب الأيمان، سعيد).

**وفي الطحطاوي على الدر المختار: (قوله: لزم الناذر) أى وجوباً كما في الهداية. وأراد بلزومه لزوم أصل القربة التي التزمها، لا بكل وصف التزمه، لأنه لو عين درهماً أو فقيراً أو مكاناً للتصدق أو للصلاة فإن التعيين ليس بلازم. بحر...(قوله: لا يختص بشيء) أى من الفقير والدرهم والزمان والمكان، وذلك لأن المقصود التقرب إلى الله تعالىٰ بدفع حاجة الفقير، فلا مدخل لخصوص المكان. قال الفقيه: وهو قول علمائنا الثلاثة خلافاً لزفرؒ.** (حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۲/۳٤۰، كتاب الأيمان).

احسن الفتاویٰ میں ہے:

اگر نذر میں کوئی چیز متعین کردی کہ فلاں چیز دوں گا تو بعینہ یہی چیز دینا لازم نہیں، بلکہ اس کی قیمت کے برابر نقدی یا کوئی دوسری چیز بھی دے سکتا ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۵/۴۸۰) . واللہ ﷻ اعلم۔

## تجارت میں ترقی کی نذر کا حکم:

**سوال:** میں نے نذر مانی ہے کہ ۱۹۸۷ء میں میرے بزنس کی آمدنی جس مہینہ ۳۰۰۰۰ تیس ہزار رینڈ سے زائد ہوئی تو میں ایک روزہ رکھوں گا، پھر جون ۱۹۸۷ء میں میرے والد صاحب اور اکتوبر ۱۹۸۹ء میں میرا بھائی میرے ساتھ کاروبار میں شریک ہوگئے، والد صاحب کا کہنا ہے کہ اب جب بزنس میں شرکت ہوگئی ہے، اس لئے

مجھ پر روزہ رکھنا ضروری نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر آپ کی نیت ترقی تجارت پر روزہ رکھنے کی تھی، یعنی اگر اللہ تعالیٰ میری تجارت میں برکت دے اور ترقی حاصل ہو اور کل آمدنی ۳۰۰۰۰ سے زائد ہو تو روزہ رکھوں گا، اگر یہ نیت تھی تو جس ماہ میں ۳۰۰۰۰ رینڈ سے زائد آمدنی حاصل ہو، آپ پر روزہ رکھنا لازم ہے، تجارت میں شرکت اس کے منافی نہیں۔ ہاں اگر آپ کی نیت یہ تھی کہ جس ماہ میرے حصے میں ۳۰۰۰۰ کا نفع حاصل ہوگا تو اس ماہ روزہ رکھوں گا، تو شرکت کے بعد کل آمدنی ۳۰۰۰۰ ہونے پر روزہ لازم نہیں ہوگا، بلکہ جب آپ کے حصے میں ۳۰۰۰۰ حاصل ہوں گے تب آپ پر روزہ لازم ہوگا۔

ملاحظہ ہو حدیث شریف میں ہے:

**عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من نذر أن يطيع الله فليطعه ومن نذر أن يعصيه فلا يعصه.** (المؤطا للإمام محمد: ص۳۲۷، باب من حلف أو نذرفي معصية، قديمي).

**وفي التعليق الممجد: (قوله: فليطعه) أي وجوباً، فإن المباح يصير واجباً بالنذر لقوله تعالى: ﴿وليوفوا نذورهم﴾.** (التعليق الممجد على مؤطا امام محمد: ۳/ ۱۷۰).

درمختار میں ہے:

**ومن نذر نذراً مطلقاً أو معلقاً بشرط، وكان من جنسه واجب أي فرض، كما سيصرح به تبعاً للبحر والدرر، وهو عبادة مقصودة... ووجد الشرط المعلق به لزم الناذر لحديث "من نذر وسمّى فعليه الوفاء بما سمى" كصوم وصلاة وصدقة. وفي الشامي: (قوله: لزم الناذر) أي لزمه الوفاء به، والمراد أنه يلزمه الوفاء بأصل القربة التي التزمها، لا بكل وصف التزمه. (قوله: لحديث) قال في الفتح: هو حديث غريب إلا أنه مستغنى عنه، ففي لزوم المنذور الكتاب والسنة والإجماع.** (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ۳/ ۷۳۵، مطلب في أحكام النذر).

واللہ ﷻ اعلم۔

## اولاد کی نذر میں ولدالزنا کا حکم:

**سوال:** ایک عورت شادی شدہ ہے اوراس نے منت مانی تھی کہ اگر اس کو اولاد ہوئی تو میں اس بچہ کو لے کر عمرہ کروں گی، مگر ڈاکٹروں کی تحقیق یہ تھی کہ اس کے شوہر سے اس کو اولاد نہیں ہوسکتی، پھر اس نے زنا کیا اور اس زنا کے نتیجے میں اس کو بچہ پیدا ہوا ہے، اب کیا اس عورت پر عمرہ کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ عورت پر عمرہ کر کے اپنی نذر کا ایفاء کرنا ضروری ہے، اس لیے کہ اس نے اولاد کی منت مانی، اور بچہ پیدا ہوا اور بچہ ثابت النسب بھی ہے۔ حدیث میں آتا ہے:

**"الولد للفراش وللعاهر الحجر"**

لہذا شرط معلق پوری ہونے پر ایفائے نذر لازم ہوجاتا ہے، ہاں عورت اس فعل قبیح کی وجہ سے گنہگار ضرور ہوئی، اس پر توبہ کرنا لازم ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ثم إن المعلق فيه تفصيل، فإن علقه بشرط يريده كإن قدم غائبي أو شفي مريضي، يوفي وجوبا إن وجد الشرط. وفي الشامي: (قوله: إن المعلق) إعلم أن المذكور في كتب ظاهر الرواية أن المعلق يجب الوفاء به مطلقاً: أي سواء كان الشرط مما يريد كونه أى يطلب حصوله كإن شفى الله مريضي أو لا كإن كلمت زيداً.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ۷۳۸/۳ أحكام النذر، سعيد) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نذرِ ذبح مع تقسیم لحم کی منت میں تصدق بالقیمۃ کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے بکری ذبح کر کے تقسیم کرنے کی منت مانی، پھر اس نے سوچا کہ اس میں رشتہ داروں کی ناراضگی کا خطرہ ہے، کیونکہ صرف فقراء کو دیا جاسکتا ہے تو باقی رشتہ دار ناراض ہوجائیں گے، اس لئے

بکری کی قیمت چپکے سے فقراء کو دینا چاہئے۔کیا ایسا ہوسکتا ہے یانہیں؟اس سلسلہ میں ہمارے اکابر کے فتاوی کی طرف رجوع کیا تو بظاہر تعارض ہے۔

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی صاحبؒ نے ''امدادالاحکام'' میں ناجائز فرمایا۔ملاحظہ فرمائیں:

سوال: نذر غیر معین میں بجائے جانور کے اس کی قیمت ادا پر صدقہ کرنے سے نذر ہوگی یانہیں اور بہتر جانور دینا ہے یا اس کی قیمت؟

الجواب: اگر نذر ذبح حیوان کی تھی تو ذبح ہی واجب ہے،تصدق قیمت کافی نہیں،اوراگر ذبح کی نیت نہ تھی تو تصدق قیمت بھی کافی ہے۔(امدادالاحکام ۳/۴۲).

اورحضرت مفتی رشید احمد لدھیانویؒ نے جائز فرمایا ہے۔عبارت ملاحظہ ہو:

اضحیہ کے سوا نذرِ ذبح سے نذرِ تصدق لحم مقصود ہے،ورنہ نفس ذبح کی نذر صحیح نہیں،اس لئے کہ اضحیہ کے سوا ذبح حیوان عبادتِ مقصودہ نہیں...جب ذبح مقصود نہیں بلکہ تصدق لحم مقصود ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ ذبح حیوان واجب نہیں،بلکہ اختیار ہے چاہے یہ بکرا ذبح کر کے گوشت صدقہ کرے،یا بکرا زندہ صدقہ کردے،یا اس کی قیمت صدقہ کردے،یا قیمت کے برابر کوئی دوسری چیز۔

**قال في شرح التنوير: نذر أن يتصدق بعشرة دراهم من الخبز فتصدق بغيره جاز إن ساوى العشرة كتصدقه بثمنه.** (رد المحتار ۳/۷۲). (احسن الفتاوی:۵/۴۸۳).

اب یہ شخص حیران ہے اور سوچ رہا ہے کہ بکری کی جگہ اس کی قیمت دے سکتا ہوں یانہیں؟

**الجواب:** فتاوی بزازیہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ بکری کو ذبح کرنا چاہئے،اس لئے حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ کے فتوے پر عمل ہونا چاہئے اور اس میں احتیاط بھی ہے۔اور فراغ ذمہ یقینی ہے۔نیز اراقتِ دم ایام قربانی کے علاوہ عبادت نہیں،لیکن اس کی جنس میں قربانی لازم ہے،اور جب اس کے ساتھ تصدقِ لحم مقصود ہو تو وہ عبادت بن گئی۔

فتاوی بزازیہ کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

**قال: إن برئت من مرضي هذا ذبحت شاة أو علي شاة أذبحها فصح لا يلزمه شيء**

**ولو قال: علي شاة أذبحها وأتصدق بلحمها لزمه. لله علي أن أذبح جزوراً وأتصدق بلحمه يذبح مكانه سبع شياه. لزمه إراقة شاتين وسطين فذبح شاة سمينة تعدل وسطين لا يجزئه، لأن المقصود الإراقة والتصدق باللحم، والسمينة وإن عادلتهما في اللحم لاتعادلهما في الإراقة.** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ٢٧١/٤) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## نذرِ ذبح میں مقصود اراقۃ الدم کی واضح نظیر:

ایک شخص نے اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کی منت مانی تو فقہاء نے فرمایا کہ بیٹے کے بدلے بکری ذبح کرے۔

ملاحظہ فرمائیں تاتارخانیہ میں ہے:

**إذا نذر الرجل ذبح ولده لزمه شاة لكل واحد يذبحها بمكة.** (الفتاوى التاتارخانية: ٤٣/٥۔ وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته: ٣١٨/٢ باب النذر) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## توبہ توڑنے پر صدقہ کی نذر کا حکم:

**سوال:** ایک شخص شراب کا عادی تھا، اس کو توبہ کی توفیق ہوئی، اس نے یہ کہا کہ اگر آئندہ میں نے شراب پی تو اللہ کے لیے فقیروں کو دس ہزار رینڈ صدقہ دوں گا، اتفاقاً اس نے شراب پی لی، اب اس کے لیے شرعاً کیا حکم ہے؟ دس ہزار رینڈ صدقہ کرنا لازم ہے یا اس کی جگہ دوسری کسی چیز کی گنجائش ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شخص مذکور کو اختیار ہے چاہے دس ہزار رینڈ صدقہ کرے یا کفارۂ یمین ادا کرے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وإن علقه بمالم يرده كأن زنيت بفلانة مثلاً وفى بنذره أو كفر ليمينه على المذهب لأنه نذر بظاهره يمين بمعناه فيتخير ضرورة.** (الدرالمختار: ٧٣٩/٣، ط: سعيد).

فتاوی شامی میں ہے:

**ولـذا صـح الـنذر في قوله : إن زنيت بفلانة ، لكنه يتخير بينه وبين كفارة اليمين لأنه إذا كـان لا يريده يصيرفيه معنى اليمين فيتخير**... (فتاوى الشامي: ۳/۷۳۹، ط: سعيد۔وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار:۲/۳٤۰،كوئته۔وفقه الحنفي وادلته:۲/۳۱۷،باب النذر) . **والله ﷻ اعلم۔**

## مطلق صدقہ کی نذر کا حکم:

**سوال:** ایک آدمی کی بچی بیمار تھی، اس نے نذر میں یہ الفاظ کہے، کہ اگر میری بچی بیماری سے شفایاب ہوگئی تو میں کچھ صدقہ کروں گا، اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچی ٹھیک ہوگئی، اب اس آدمی پر کتنا صدقہ کرنا لازم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شخصِ مذکور پر دس صدقۂ فطر کی مقدار قیمت یا اس کے برابر کوئی اور چیز صدقہ کرنا ضروری ہے، یعنی اگر گندم سے ادا کرے تو پانچ صاع یا اس کے برابر نقد یا کوئی دوسری چیز صدقہ کرنا واجب ہے۔ خواہ ایک مسکین کو دیدے یا زیادہ کو بہر صورت نذر ادا ہو جائے گی۔
نوٹ: ۵ صاع کی مقدار جدید پیمانہ کے اعتبار سے تقریباً ۱۶ کیلوگرام ہوتی ہے۔

**قـال فـي الدرالمختار: ولونوى صياماً بلاعدد لزمه ثلاثه أيام ولوصدقة فإطعام عشرة مساكين كالفطرة، قال ابن عابدين: قوله ولوصدقة، أي بلاعدد (قوله كالفطرة) أي لكل مسكين نصف صاع بر.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:۳/۷٤۲،ط: سعيد).

**قـال الـعـلامة الـرافـعي : قول الشارح فإطعام عشرة مساكين : لأن أقل ما أوجبه الله تعالىٰ في كتابه من الصدقة عشرة مساكين ، سندى.** (التحريرالمختار:۳/۱٦،سعيد).

احسن الفتاوی میں ہے:

الفاظِ نذر میں صدقہ کی کوئی مقدار متعین نہیں کی گئی...اس صورت میں اطعام عشرۃ مساکین واجب ہے، یعنی مقدار صدقۃ الفطر سے دس گناہ زیادہ گیہوں یا اس کی قیمت کے برابر نقدی یا کوئی دوسری چیز صدقہ کرنا واجب ہے، خواہ ایک مسکین کو دے یا متعدد کو بہر صورت نذر ادا ہو جائے گی۔ (احسن الفتاوی:۵/۴۸۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## مدرسہ بنانے کی نذر کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے یہ نذر مانی کہ اگر میری بیوی کو اللہ تعالیٰ نے اس بیماری سے شفا دی تو میں طلبہ علم دین کے لیے مدرسہ بناؤں گا، کیا یہ نذر درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں مدرسہ بنانے کی نذر صحیح اور درست نہیں ہے، اس وجہ سے کہ فقہاء کی تصریحات کے مطابق نذر منعقد ہونے کے لیے اس کا عبادتِ مقصودہ ہونا ضروری ہے، اور مدرسہ بنانا عبادتِ مقصودہ نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں تنویر الابصار میں ہے:

**ومن نذراً مطلقاً أومعلقاً بشرط وكان من جنسه واجب وهوعبادة مقصودة ووجد الشرط لزم الناذر. وفي الشامية: قوله وهو عبادة مقصودة ... قال في الفتح مما هو طاعة مقصودة لنفسها و من جسها واجب ... و في البدائع : و من شروطه أن يكون قربة مقصودة فلا يصح النذر بعيادة المريض و تشييع الجنازة و الوضوء والاغتسال ودخول المسجد... وبناء الرباطات والمساجد وغيرذلك وإن كانت قرباً إلا أنها غير مقصودة.**

(تنویر الابصار مع فتاوی الشامی:۳/۷۳۵، مطلب فی احکام النذر، سعید).

احسن الفتاوی میں ہے:

تعمیر مسجد اگر چہ واجب ہے مگر عبادتِ مقصودہ نہیں لہٰذا یہ نذر واجب الاداء نہیں۔ (احسن الفتاوی:۵/۴۷۸).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (عزیز الفتاوی:ص۵۵٦۔ وکفایت المفتی:۵/۲۵۱).

الغرض جب مسجد بنانے کی منت صحیح نہیں تو مدرسہ کی بدرجہ اولیٰ صحیح نہیں ہوگی۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ذکر اللہ کی نذر کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے یہ نذر مانی کہ اگر میں ڈاکٹری کے امتحان میں پاس ہوگیا تو ایک لاکھ مرتبہ اللہ تعالیٰ

کا ذکر کروں گا، کیا نذر ہوئی یا نہیں؟ اور ذکر اللہ کی جگہ سبحان اللہ والحمد للہ پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** نذر منعقد ہونے کے لیے اس کا عبادتِ مقصودہ ہونا اور جنسِ واجب ہونا ضروری ہے، بصورتِ مسئولہ ذکر اللہ عبادتِ مقصودہ ہے اور اس کی جنس میں سے تکبیراتِ تشریق، احرام میں تلبیہ یا اس کے قائم مقام ذکر وغیرہ واجب ہے، لہٰذا ذکر اللہ کی منت صحیح اور درست ہے اور امتحان میں کامیاب ہونے پر ایک لاکھ مرتبہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا لازم ہوگا، ہاں ذکر اللہ میں سبحان اللہ والحمد للہ بھی شامل ہے اور اس سے بھی نذر پوری ہو جائے گی۔

فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

**والأصل في ذلک أن کل ماکان له أصل فی الفروض لزم الناذر بنذره ، وکل مالم یکن له أصل فی الفروض لایلزم الناذر بنذره.** (الفتاوی التاتارخانیة:٥/٤٠، ادارة القرآن).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**قوله ولو نذر التسبیحات)...تکبیر التشریق واجب علی المفتی به وکذا تکبیرة الإحرام ، وتکبیرات العیدین فینبغي صحة النذر به بناء علی أن المراد بالواجب هو المصطلح.** (فتاوی الشامی: ٣/٧٣٨، سعید).

**الفتاوی الهندیة** میں ہے:

**الباب الثالث فی الإحرام...فالرکن أن یوجد منه فعل من خصائص الحج وهو نوعان أحدهما قول بأن یقول : لبیک اللّٰهم لبیک ...الخ، وهي مرة شرط...ولو کان مکان التلبیة تسبیح أوتحمید أوتهلیل أو تمجید أو ما أشبه ذلک من ذکر اللّٰه تعالیٰ ونوی به الإحرام صار محرماً...** (الفتاوی الهندیة:١/٢٢٢).

مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے:

**أحب الکلام إلی اللّٰه أربع سبحان اللّٰه والحمد للّٰه ولا إله إلا اللّٰه واللّٰه أکبر...** (مصنف ابن ابی شیبة:١٥/٤١٠).

بخاری شریف میں ہے:

**کلمتان حبیبتان إلی الرحمن، خفیفتان علی اللسان، ثقیلتان فی المیزان، سبحان اللّٰہ وبحمدہ، سبحان اللّٰہ العظیم.** (صحیح البخاری:۲/۱۱۲۹) . **واللّٰہ ﷻ اعلم۔**

## خانۂ کعبہ کے لیے تیل لے جانے کی منت کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے نذر مانی کہ میں مسجد یا خانۂ کعبہ کے لیے تیل لے جاؤں گا تو یہ نذر منعقد ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ خانۂ کعبہ یا مسجد کے لیے تیل لے جانے کی نذر منعقد نہیں ہوئی اور اس کا پورا کرنا لازم اور ضروری نہیں ہے، اس لیے کہ خانۂ کعبہ یا مسجد کے لیے تیل لے جانا نہ عبادتِ مقصودہ ہے اور نہ جنس واجب ہے۔

**قال فی الدر المختار: ولم یلزم الناذر ما لیس من جنسه فرض کعیادة مریض وتشییع جنازة ودخول مسجد ولو مسجد الرسول صلی اللّٰه علیه وسلم أو الأقصی، لأنه لیس من جنسها فرض مقصودة، وهذا هو الضابط کما فی الدرر.** (الدرالمختار:۳/۷۳۶،سعید).

مزید ملاحظہ ہو: (البحرالرائق:٤/٢٩٦، کوئٹہ۔وفتح القدیر: ٥/٩١، دارالفکر) . **واللّٰہ ﷻ اعلم۔**

## طلباء پر خرچ کرنے کی نذر کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے کہا: میں ہر ماہ اپنی تنخواہ میں سے ۱۰۰ رینڈ دارالعلوم کے طلباء پر خرچ کروں گا، کیا ان الفاظ سے نذر صحیح ہوئی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مذکورہ جملہ میں کوئی صیغۂ التزام نہیں ہے اور نہ التزام پر دال ہے، لہٰذا ان الفاظ سے نذر منعقد نہیں ہوئی۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**رکن النذر هو الصيغة الدالة عليه وهو قوله لله عز شانه علي كذا أوعلي كذا أوهدي أوصدقة أومالي صدقة.** (بدائع الصنائع:٥/٨١،سعيد).

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند میں ہے:

سوال: ایک شخص نے بحالت بیکاری زبان سے حسب ذیل جملے ادا کیے اوران کلمات کی ادائیگی کے وقت نیت بھی پختہ تھی، وہ جملے یہ ہیں: میں اپنی آمدنی کا چالیسواں حصہ غرباء ومساکین کواور بیسواں حصہ مساجد وعیدگاہ کودیا کروں گا، اب وہ شخص کہتا ہے کہ آمدنی کا حساب کرنا پھراس کا چالیسواں اور بیسواں حصہ نکالنا اس وقت مجھے سخت دشوار ہے،اب میں کیا کروں،اس گناہ سے کس طرح بچوں؟

الجواب: اگرالفاظ وہی استعمال کیے تھے جوسوال میں مذکور ہیں ان کے ساتھ کوئی لفظ ایسانہیں کہا کہ میری ملازمت ہوگئی یا آمدنی ہوگئی تو میں ایسا کروں گا، نیز کوئی لفظ لزوم وجوب کا مثلاً اللہ کے لیے ایسا کروں گا یا میرے ذمہ ہے کہ ایسا کروں اس قسم کا کوئی لفظ الفاظ مذکورہ کے ساتھ نہیں کہا تو یہ الفاظ مذکورہ نہ یمین کے الفظ ہیں اور نہ نذر کے ان سے اس شخص کے ذمہ کوئی چیز لازم نہیں ہوئی اسے اختیار ہے کہ جس وقت جتنا آسان سمجھے صدقہ وخیرات کرے، علامہ ابن نجیم مصریؒ نے اپنے رسالہ "النذر بالتصدق" میں نذر کے صیغے بیان کرتے ہوئے لکھا ہے: "أما الصيغة فـ لله وعلي ونذرت لله وأناْ أفعل إن كان معلقاً كأناْ أحج إن دخلت الدار بخلاف أناْ أحج منجزاً. (آخر الاشباه والنظائر:طبع مصر صفحة:٤٠١). اس عبارت میں یہ بھی تصریح ہے کہ کہنے والے کی نیت اگر چہ نذر کی ہومگر جب تک الفاظ لزوم وغیرہ نہ کہے محض نیت سے نذر منعقد نہیں ہوتی۔ (امدادالمفتین: ۲/۶۱۲، دارالاشاعت).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

نذر کے لیے صیغہ التزام ضروری ہے...(فتاویٰ محمودیہ:۱۴/۵۹،مبوب ومرتب) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللّٰہ تعالیٰ:

﴿فکفارتہ إطعام عشرۃ مسٰکین
من أوسط ماتطعمون أھلیکم
أو کسوتھم أو تحریر رقبۃ،
فمن لم یجد فصیام ثلٰثۃ أیام،
ذلک کفارۃ أیمانکم إذا حلفتم﴾

(سورۃ المائدۃ،الآیۃ:۸۹)

# باب ...... ﴿۳﴾

# کفارۂ یمین کا بیان

# باب ......﴿۳﴾

# کفارۂ یمین کا بیان

## کفارۂ یمین میں روزے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص اپنی یمین سے وسعت وغنا کے وقت حانث ہوا، لیکن جب کفارہ ادا کرنے کا ارادہ کیا تو اس وقت محتاجگی شروع ہوگئی اور کفارہ کے لئے کوئی رقم یا کوئی دوسری چیز موجود نہیں ہے۔تو اب روزے رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ کفارہ میں وقتِ ادا کا اعتبار ہے،لہذا ادا کرتے وقت تنگ دست ہے تو کفارہ میں روزہ رکھنے کی گنجائش ہے۔یعنی مسلسل تین روزے رکھے،اور اگر مالداری تک انتظار کرلے تب بھی بلا کراہت جائز ہے۔

ملاحظہ فرمائیں بدائع الصنائع میں ہے:

**وأما الثالث فهو كفارة اليمين، لأن الواجب فيها أحد الأشياء الثلاثة باختياره فعلاً غير عين، وخيار التعيين إلى الحالف يعين أحد الأشياء الثلاثة باختياره فعلاً ... فإن لم يجد شيئاً من ذلك فعليه صيام ثلاثة أيام ... إن الكفارات كلها تجب على التراخي، هو الصحيح من مذهب أصحابنا في الأمر المطلق عن الوقت حتى لا يأثم با لتأخير عن أول أوقات الإمكان**

**ویکون مؤدیاً لا قاضیاً** ... (بدائع الصنائع:۹٦/۵، سعید).

(وکذا فی البحر الرائق:۲۸۹/٤ ـ وتبیین الحقائق:۱۱۲/۳ ـ والمبسوط:۱۲۸/۸ ـ والفقه الإسلامي وأدلته: ٤۹۰/۳).

**وفی الشامي: لا یجوز الصوم لمن یملک ما هومنصوص علیه فی الکفارة أو یملک بدله فوق الکفاف** . (قوله: وقت الأداء) أی لا وقت الحنث فلو حنث موسراً ثم أعسر جاز له الصوم، وفي عکسه لا ... (قوله: ولاء ... **متتابعة لقراءة ابن مسعود** ﷺ **وأبي** ﷺ ... **فصیام ثلاثة أیام متتابعات**. (فتاوی الشامي: ۷۲۷/۳،سعید ـ وکذا فی البدائع: ۱۰۲/۵ ـ ۱۱۱، سعید).

**وفی البحر الرائق: ولا یجوز التکفیر بالصوم إلا لمن عجز عما سوی الصوم ... والاعتبار فی العجز وعدمه وقت الأداء لا وقت الحنث، فلو حنث وهو معسر ثم أیسر لا یجوز له الصوم، وفي عکسه یجوز. ویشترط استمرار العجز إلی وقت الفراغ من الصوم، فلو صام المعسر یومین ثم أیسر لا یجوز له الصوم. کذا فی الخانیة.** (البحر الرائق:۲۹۰/٤ ـ وتبیین الحقائق:۱۱۲/۳ ـ و فتاوی محمودیه: ۵۵/۱٤، مبوب ومرتب) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## طعامِ کفارہ مدرسہ کے طلباء کو کھلانے کا حکم:

**سوال:** مدارس کے طلباء کو کفارہ کا کھانا کھلانا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مدارس کے مسکین وفقیر طلباء کو کفارہ کا کھانا کھلانا جائز ہے، مالدار طلباء کو کھلانا جائز نہیں۔

**قال اللّٰه تعالی:﴿ فإطعام عشرة مساکین من أوسط ما تطعمون أهلیکم﴾.** (سورة المائدة:۸۹).

درمختار میں ہے: **وکفارته ...إطعام عشرة مساکین.** (الدر المختار: ۷۲۵/۳، سعید).

امدادالفتاوی میں مرقوم ہے:

فقراء کو کھلانا ضروری ہے...اغنیاء کو کھلانا درست نہیں۔(امدادالفتاوی ۲/۵٦۰) . واللہ ﷻ اعلم۔

## ایک مسکین کو متعدد فدیئے دینے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص پر کفارہ لازم ہے یعنی ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا لازم ہے، لیکن اس نے ساٹھ مسکینوں کے کھانے کی رقم ایک ہی فقیر کو دیدی اور بتلایا کہ آپ یہ ساٹھ دنوں تک استعمال کرو یا یہ ساٹھ دنوں کے لئے ہے، تو کفارہ ادا ہوا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ایک ہی فقیر کو ایک ہی مرتبہ ٦۰ دنوں کے لئے دینا جائز نہیں ہے اور اس سے کفارہ ادا نہیں ہوگا، ہاں اگر کسی کو وکیل بنایا کہ آپ یہ رقم ساٹھ دنوں میں فقیر کو دیا کرو تو یہ درست ہے، لیکن اگر ایک مسکین کو ایک دن میں ساٹھ مرتبہ دیا تو اس کے جواز کے بارے میں صاحبِ ہدایہ نے اختلاف نقل کیا ہے۔ بعض اس کو جائز کہتے ہیں اور دیگر بعض ناجائز، علامہ شامیؒ نے عدم جواز کو صحیح قرار دیا ہے، اس لئے کہ اصل مقصد فقیر کی حاجت کو پورا کرنا ہے اور ہر دن حاجت بدلتی رہتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**وإن أعطى مسكيناً واحداً ستين يوماً أجزأه، وإن أعطاه في يوم واحد لم يجزه إلا عن يومه، لأن المقصود سد خلة المحتاج، والحاجة تتجدد في كل يوم، فالدفع إليه في اليوم الثاني كالدفع إلى غيره، وهذا في الإباحة من غير خلاف. وأما التمليك من مسكين واحدفي يوم واحد بدفعات فقد قيل: لا يجزئه، وقدقيل: يجزئه، لأن الحاجة إلى التمليك تتجدد في يوم واحد، بخلاف ما إذا دفع بدفعة واحدة، لأن التفريق واجب بالنص.** (الهداية ٢/٤١٥ فصل في كفارة الظهار).

فتاوی شامی میں ہے:

**قوله "عشرة مساكين" أى تحقيقاً أو تقديراً، حتى لو أعطى مسكيناً واحداً في عشرة**

أيام كل يوم نصف صاع يجوز، ولو أعطاه في يوم واحد بدفعات في عشر ساعات قيل: يجزى، وقيل: لا، وهو الصحيح، لأنه إنما جاز إعطاؤه فی اليوم الثاني تنزيلاً له منزلة مسكين آخر كتجدد الحاجة، من حاشية السيد أبی السعود. (فتاوی الشامي: ۳/۷۲۵، سیعد).

وفی الهداية: وإن أمر غيره أن يطعم عنه من ظهاره ففعل أجزأه، لأنه استقراض معنى، والفقير قابض له أولاً ثم لنفسه، فتحقق تملكه ثم تمليكه. (الهداية: /٤١٤، فصل في كفارة الظهار).

درمختار میں ہے:

وفی الأشباه: جاز التوكيل بكل ما يعقده الوكيل لنفسه... وفي تكملة ردالمحتار: وفی المجمع: وتجوز الوكالة بكل عقد يجوز للموكل مباشرته. وقال فی الهداية: كل عقد جاز أن يعقده الإنسان لنفسه جاز أن يوكل به غيره. (تكملة ردالمحتار مع الدرالمختار: ۷/۳٦۰، قبيل باب الوكالة بالخصومة والقبض، سعيد). واللہ تعالیٰ اعلم۔

## تداخلِ کفارات کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے چندمرتبہ قسم کھائی اورکئی مرتبہ حانث ہوا، کتنے کفارے لازم ہیں؟ کیا ایک کافی ہے؟

**الجواب:** تعددِ یمین پر تعددِ کفارہ کے دوقول ہیں:

(۱) تداخل کا قول شامیؒ نے بغیہ وغیرہ سے نقل کیا ہے۔ (۲) اورعدمِ تداخل کا قول ہندیہ، التحریر المختار للرافعی میں ہے، اور بحر نے خلاصہ وتجرید سے نقل کیا ہے۔

پہلا قول آسان اور دوسرا قول مبنی بر احتیاط ہے، ہاں ضرورت کے وقت تداخل پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

وفي البحر عن الخلاصة والتجريد: وتتعدد الكفارة لتعدد اليمين . وفي الشامي: وفي البغية : كفارات الأيمان إذا كثرت تداخلت، ويخرج بالكفارة الواحدة عن عهدة الجميع، وقال شهاب الأئمة : هذا قول محمد. قال صاحب الأصل: هو المختار عندي، مقدسي. ومثله في القهستاني عن المنية . (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ٣/٤ ١ ٧، مطلب تتعدد الكفارة لتعدد اليمين) .

وفي التحرير المختار للرافعي : ( قوله: قال صاحب الأصل: هو المختار عندي) لا يخفى أن كلا من البغية والمنية للزاهدي، ومعلوم أن ما انفرد به لا يعول عليه ، فلا يعتمد على القول بالتداخل، بل يعتمد على ما ذكره غيره من عدم التداخل حتى يوجد تصحيح لخلافه ممن يعتمد عليه في نقله، ومما يدل لتعددها ما ذكره في الفتح أول الحدود أن كفارة الإفطار المغلب فيها جهة العقوبة حتى تداخلت ، وأن كفارة الأيمان المغلب فيها جهة العبادة . وفي الهندية : إذا قال الرجل: "والله والرحمن لا أفعل كذا "كانا يمينين حتى إذا حنث كان عليه كفارتان في ظاهر الرواية ، فعلم أن تعدد الكفارة هو ظاهر الرواية. (التحرير المختار: ٣/٣ ١ ،سعيد).

احسن الفتاوی میں ہے:

تعددِ کفارہ کا تعدد وتوحد دونوں قول ہیں۔ثانی اوسع وایسر اور اول ارجح واشہر ہونے کے علاوہ احوط بھی ہے۔(احسن الفتاوی:۵/۴۹۶) . واللہ ﷻ اعلم۔

## روزے کی نذر میں فدیہ دینے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے روزے کی نذر مانی تو باوجود قدرت کے فدیہ دے سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ روزے کی منت میں باوجود روزے پر قدرت وتوانائی حاصل ہونے کے فدیہ دینا جائز نہیں ہے، بلکہ روزہ رکھنا ضروری ہے، ہاں اگر ایسا شخص ہے جو روزہ پر قدرت نہیں رکھتا اس کے لئے

فدیہ دینا جائز ہے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وللشيخ الفاني العاجز عن الصوم الفطر، ويفدي وجوباً ولو في أول الشهر وبلا تعدد فقير كالفطرة لو موسراً، وإلا فيستغفر اللّٰه، هذا إذا كان الصوم أصلاً بنفسه وخوطب بأدائه . وفى الشامية : (قوله وللشيخ الفاني) فى القهستاني عن الكرماني: المريض إذا تحقق اليأس من الصحة فعليه الفدية لكل يوم من المرض ، (قوله العاجز عن الصوم) أى عجزاً مستمراً ، أما لو لم يقدر عليه لشدة الحر كان له أن يفطر ويقضيه فى الشتاء ... (قوله: هذا إذا كان الصوم) أى وجوب الفدية على الشيخ الفاني ونحوه. (قوله: أصلاً بنفسه) كرمضان وقضاء ه والنذر، كما مر فيمن نذر صوم الأبد، وكذا لو نذر صوماً معيناً فلم يصم حتى صار فانياً جازت له الفدية.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي:٢/٤٢٧، فصل فى العوارض المبيحة...، سعيد).

**وقال فى الفتاوى الهندية : وقد روي عن محمد رحمه اللّٰه تعالىٰ قال: إن علق النذر بشرط يريد كونه كقوله: إن شفى اللّٰه مريضي أو رد غائبي لا يخرج عنه بالكفارة، كذا فى المبسوط. ويلزمه عين ما سمّى، كذا في فتاوى قاضيخان.** (الفتاوى الهندية: ٢/٦٥).

امدادالمفتین میں ہے:

اگر فی الواقع ان روزوں کے ادا کرنے سے معذور ہے تو وہ اس کے ذمہ لازم رہیں گے، اور ادا نہ کرنے کی صورت میں اس کے ذمہ ضروری ہوگا کہ بعد موت اس کا فدیہ ادا کرنے کی وصیت کرے۔ (امدادالمفتین: ۵/۵۶).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (آپ کے مسائل اوران کا حل: ۳/ ۳۰۸۔ وفتاوی رحیمیہ: ۶/ ۷۰۔ وفتاوی دارالعلوم دیوبند کبیر: ۶/ ۴۸۱۔ واحسن الفتاوی: ۵/ ۴۷۷) . واللہ ﷻ اعلم۔

## نذرِ صوم میں بوقتِ عجز فدیہ دینے کا حکم:

**سوال:** ایک عورت نے ایک سال کے روزوں کی منت مان لی، لیکن اب بہت کمزور ہے، ۵ ماہ کے روزے رکھے، باقی ۷ ماہ کے روزے رکھنا مشکل ہے، اب وہ کیا کرے؟

**الجواب:** نذر منعقد ہوجانے پر اس کا پورا کرنا لازم اور ضروری ہے، لہذا سال بھر کے روزے رکھنا ضروری ہے، لیکن اگر کسی عذر یا بیماری وغیرہ سے روزہ رکھنے سے عاجز ہوجائے، اور آئندہ صحت کی امید بھی نہیں ہے تو ہر روزہ کے بدلہ فدیہ دینا ضروری ہوگا، اور اگر بغیر روزہ رکھے وفات پاجائے تو فدیہ کی وصیت کرنا ضروری ہوگا، اور فدیہ میں ہر روزہ کے بدلے صدقۃ الفطر کی مقدار ادا کیا جائیگا۔

ملاحظہ فرمائیں حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

**إذا نذر شيئاً من قربات لزمه الوفاء به، والإجماع على وجوب الإيفاء به.** (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: ص۳۷۸).

درمختار میں ہے:

**نذر صوم رجب فدخل وهو مريض أفطر وقضى كرمضان، أو صوم الأبد فضعف لاشتغاله بالمعيشة أفطر وكفر. وفي الشامية: (قوله وكفر) أي فدى.** (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ۴۳۸/۲، سعيد).

**وفي الشامي: (قوله فدى) أي لكل يوم نصف صاع من بر أو صاعاً من شعير، وإن لم يقدر استغفر الله.** (فتاوى الشامي: ۷۴۱/۳، سعيد).

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**ولو نذر أن يصوم أبداً فضعف عن الصوم لاشتغاله بالمعيشة قال: له أن يفطر ويطعم لكل يوم نصف صاع من الحنطة، لأنه استيقن أنه لا يقدر على قضائه، فإن لم يقدر على ذلك لعسرته يستغفر الله... وقد نص على هذا في باب الاعتكاف: إذا أوجب على نفسه**

اعتكافاً فمات قبل أن يعتكف يلزمه أن يوصي بذلك، فيطعم عنه بعد موته عن نفسه كل يوم نصف صاع من الحنطة، وإذا ثبت هذا في الاعتكاف، فكذلك في باب الصوم. (فتاوى قاضيخان: ١/١٠٦ على هامش الهندية) . واللہ ﷻ اعلم۔

## تداخل کفارہ کی ایک صورت:

**سوال:** ایک شخص غفلت کے زمانے میں قسمیں کھاتا رہا اور توڑتا رہا، اب تبلیغ کی برکت سے کچھ ہوش آیا تو کتنے کفارے دینے چاہئے، ایک کفارہ کافی ہے یا نہیں؟ یہ بھی یاد نہیں کہ کتنی قسمیں توڑی ہیں۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ تمام کی طرف سے ایک کفارہ ادا کردینا کافی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں اعلاء السنن میں ہے:

وقال عطاء فيمن قال: والله لا أفعل كذا وكذا، الأمرين شتىٰ فعمهما باليمين قال: كفارة واحدة، أخرجه ابن حزم في المحلى: (٨/٥٢) وسنده صحيح.

روينا من طريق حماد بن سلمة عن أبان عن مجاهد قال: زوج ابن عمر ﷺ مملوكه من جارية له، فأراد المملوك سفراً، فقال له ابن عمر ﷺ: طلقها، فقال المملوك: والله لا طلقتها، فقال له ابن عمر ﷺ: والله لتطلقنها، كرر ذلك ثلاث مرات، قال مجاهد: فقلت لابن عمر ﷺ: كيف تصنع؟ قال: أكفر عن يميني، فقلت له: قد حلفت مراراً، قال: كفارة واحدة، أخرجه ابن حزم في المحلى(٨/٥٣) وسنده صحيح. (اعلاء السنن: ١١/٤٢٦).

فتاویٰ شامی میں ہے:

وفي البغية: كفارات الأيمان إذا كثرت تداخلت، ويخرج بالكفارة الواحدة عن عهدة الجميع وقال شهاب الأئمة: هذا قول محمدؒ قال صاحب الأصل: هو المختار عندي، مقدسي، مثله في القهستاني عن المنية. (فتاوى الشامي: ٣/٧١٤، سعيد).

مزید ملاحظہ ہو: (احسن الفتاویٰ: ۵/۴۹۵۔ وکفایت المفتی: ۲/۲۴۵) . واللہ ﷻ اعلم۔

بسم الله الرحمن الرحيم

قال الله تعالىٰ:

﴿واللّٰتي يأتين الفاحشة من نسائكم

فاستشهدوا عليهن أربعة منكم،

فإن شهدوا فأمسكوهن فى البيوت

حتى يتوفاهن الموت أو يجعل الله لهن سبيلا﴾.

(سورة النساء، الآية: ١٥).

# كتاب الحدود والقصاص

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

" ادرء وا الحدود عن المسلمين ما استطعتم

فإن كان له مخرج فخلوا سبيله

فإن الإمام أن يخطئ فى العفو

خير من أن يخطئ فى العقوبة".

(رواه الترمذى)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# باب......﴿۱﴾

# حدود اور قصاص کا بیان

## ﴿رسالہ﴾

## البراهين الرفيعة لإثبات الرجم فى الشريعة

## " البراهين الرفيعة لإثبات الرجم في الشريعة "

### رجم کا ثبوت اور اس پر ہونے والے اعتراضات کا جواب:

**سوال:** رجم کہاں سے ثابت ہے؟ اوراکثر برائے نام روشن خیال لوگ رجم کی سزا پر معترض رہتے ہیں کہ قرآن کریم سے ثابت نہیں ہے، اور اسلامی احکام کے خلاف ہے؟ اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** شرعی مسائل کا ثبوت یا تو کتاب اللہ سے ہوتا ہے یا سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یا اجماعِ امت سے، اگر کوئی مسئلہ ان تینوں سے صراحۃً ثابت نہ ہو تو پھر فقہاء امت اور ائمہ مجتہدین کے اجتہاد واستنباط کی طرف رجوع کیا جاتا ہے، لیکن مسئلہ رجم براہِ راست کتاب اللہ سے ثابت ہے اور سنتِ رسول اللہ سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے اسی طرح امت کا اجماع بھی رجم پر ہے، یعنی قرنِ اول دورِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے لیکر آج تک امت کا رجم پر اجماع ہے۔

قرآنِ کریم سے رجم کا ثبوت:

**قال الله تعالىٰ: ﴿ واللتي يأتين الفاحشة من نسائكم فاستشهدوا عليهن أربعة منكم، فإن شهدوا فأمسكوهن في البيوت حتى يتوفاهن الموت أو يجعل الله لهن سبيلاً﴾.** (سورة النساء، الآية: ١٥).

اس آیتِ کریمہ میں زنا کی مرتکب ہونے والی عورتوں کے بارے میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ ان کے جرم پر چار مسلمان مردوں کی گواہی قائم کی جائے، اور شہادت سے ان کا جرم ثابت ہوجائے تو ان کو گھروں میں بند رکھا جائے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی حکم نازل ہوجائے، پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی الٰہی کے ذریعہ ﴿ لهن سبيلاً ﴾ کی تفسیر میں فرمایا کہ زنا کا مرتکب اگر محصن (شادی شدہ) ہو تو اس کو رجم کیا جائے اور

جو غیر محصن ہو تو اس کو سو کوڑے لگائے جائیں۔

چنانچہ صحیح مسلم شریف میں ہے:

**عن عبادة بن الصامت ﷺ قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا أنزل عليه الوحي كرب لذلك وتربد له وجهه، قال: فأنزل عليه ذات يوم فلقي كذلك فلما سري عنه قال: خذوا عني قد جعل الله لهن سبيلاً: الثيب بالثيب والبكر بالبكر الثيب جلد مائة ثم رجم بالحجارة، والبكر جلد مائة ثم نفي سنة.** (رواه مسلم: ٢/٦٥، باب حدالزنا).

الغرض " سبیل "کی تشریح وتوضیح کسی انسانی عقل نے نہیں کی بلکہ حق تعالیٰ شانہ نے بذاتِ خود بذریعہ وحی الٰہی کرائی، جیسے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نماز کا حکم دیا، لیکن نماز سے کیا مراد ہے اس کی تشریح وتوضیح آپ نے فرمائی وہ بھی قرآن ہی سے ثابت سمجھی جائے گی، اور جو کوئی اس کی کمیت وکیفیت کے عدم ثبوت کا دعویٰ کرے وہ خارج از ملت سمجھا جائے گا۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ جلد کا حکم قرآن مجید (سورۂ نور) میں موجود ہے اور رجم کا حکم بھی قرآن میں موجود تھا لیکن اس آیت کی تلاوت منسوخ ہوگئی اور حکم باقی ہے اور وہ آیت یہ ہے:

**" الشيخ والشيخة إذا زنيا فارجموهما البتة نكالاً من الله والله عزيز حكيم .** (صحيح ابن حبان: ١٠/٢٧٤/٤٤٢٩ ـ وسنن كبرى بيهقي: ٨/٢١١/١٦٦٨٨ ـ ومسندبزار: ١/٧١ ـ ومسنداحمد: رقم ٢٠٢٦١).

چنانچہ اسی جواب کی تائید حضرت عمر ﷺ کے ایک خطبہ سے ہوتی ہے جس میں انہوں نے فرمایا کہ رجم کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا اور ہم نے اس کو پڑھا اور یاد کیا، اب اس کی تلاوت منسوخ ہوگئی اور حکم باقی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد رجم کیا اور ابوبکر صدیق ﷺ نے رجم کیا اور میں نے بھی رجم کیا، اگر میں کتاب اللہ میں زیادتی یا اضافہ کو برا نہ جانتا تو میں اس آیت کو مصحف میں ضرور لکھ دیتا کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ کچھ لوگ بعد میں ایسے پیدا ہوں گے جو رجم کا اس وجہ سے انکار کردیں گے، کہ اس کا ذکر قرآن میں نہیں اور اس انکار پر یہ لوگ گمراہ ہو جائیں گے اور کافر ہو جائیں گے۔

## اشکال اور جواب:

**اشکال:** اس روایت پر بعض لوگ اشکال کرتے ہیں کہ "شیخ "اور" شیخه " شادی شدہ کے معنی میں معروف نہیں بلکہ بوڑھے اور بڑھیا کے معنی میں معروف ہیں اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ عرب کے محاورہ میں مقام قباحت میں ادنی کا ذکر کیا جاتا ہے اور مقام مدح میں اعلیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے، مقام قباحت کی مثال حدیث شریف میں ہے:

" لعن الله السارق يسرق البيضة فتقطع يده ".(رواه ابن ماجة:ص ۱۸۵).

مقام قباحت میں ادنیٰ یعنی انڈے کا ذکر ہوا جس سے مراد تھوڑی شئی ہے نیز " أو يسرق الحبل فيقطع يده " بھی آیا ہے،(ابن ماجة:ص ۱۸۵)اور" اتقوا النار و لو بشق تمرة " اسی قبیل سے ہے، اسی طرح یہاں بھی شادی شدہ کا کم ترین درجہ مذکور ہوا کہ شادی شدہ بڑھاپے کی عمر میں بھی زنا نہیں چھوڑتا نیز بخاری شریف وغیرہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

" والله لو منعوني عناقاً كانوا يؤدونها إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم لقاتلتهم". (رواه البخاری:۱/۱۸۸).

اگر یہ لوگ دنبہ کا بچہ بھی زکوٰۃ میں نہ دیں تو میں ان سے قتال کروں گا۔

اور مقام مدح میں اعلیٰ کا ذکر ہوتا ہے جیسے "و آتيتم أحداهن قنطاراً ". اس قانون کو شاہ عبدالغنی مجددی نے حاشیہ ابن ماجہ کتاب الحدود میں (۱۸۳) پر نقل فرمایا ہے، اس کی آسان تعبیر یوں ہوسکتی ہے کہ مقام مبالغہ میں " شیخ " اور " شیخه" کا ذکر ہوا ہے۔

رجم کے بارے میں جو احادیث منقول ہیں ان کی تعداد اتنی ہے " كانها المتواتر معنىً " گویا کہ معنیً متواتر ہیں، امت نے ان احادیث کو قبول کیا ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے۔

## احادیثِ مبارکہ سے رجم کا ثبوت:۔

(۱) عن جابر بن عبد الله الأنصاری رضی الله عنه أن رجلاً من أسلم أتى رسول الله صلى الله

علیـه وسـلم فحدثه أنه قد زنى فشهد على نفسه أربع شهادات فأمر به رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه و سلم فرجم و كان قد أحصن. (رواه البخاری:۲/۱۰۰۶/۶۵۵٦،باب الرجم۔ومسلم:۲/۶٦).

(۲) عن أبي هريرة ﷺ وزيد بن خالد ﷺ قـالا: كـنا عند النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فقام رجل فقال: أنشدك إلا قضيت بيننا بكتاب اللّٰه فقام خصمه وكان أفقه منه فقال: اقض بيـنـنـا بكتاب اللّٰه تعالىٰ وائذن لي قال: قل، قال: إن ابني كان عسيفاً على هذا فزنى بامرأته فـافتـديـت مـنـه بمائة شاة وخادم ثم سألت رجالاً من أهل العلم فأخبروني أن على ابني جلد مـائة وتـغريب عام وعلى امرأته الرجم، فقال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: والذي نفسي بيده لأقضين بينكما بكتاب اللّٰه المائة الشاه والخادم ردعليك وعلى ابنك جلد مائة وتغريب عـام واغـد يـا أنيـس عـلـى امـرأة هذا فإن اعترفت فارجمها فغدا عليها فاعترفت فرجمها.
(صحيح البخاری:۲/۱۰۰۸/٦۵٦۹۔ومسلم:۲/٦۹۔وترمذی:۱/۲٦٤۔وموطاامام مالك: ص٦۸۵).

(۳) عن ابن عباس ﷺ قـال: قال عمرﷺ: لـقـد خشيت أن يطول بالناس زمان حتى يـقول قائل لا نجد الرجم في كتاب اللّٰه فيضلوا بترك فريضة أنزلها اللّٰه ألا وأن الرجم حق عـلـى مـن زنـى وقـد أحـصـن إذا قـامـت البيـنـة أوكـان الحبل أو الاعتراف. (رواه البخاری:۲/۱۰۰۸/٦۵۷۰).

وفـي روايته قال: فجلس عمرﷺ عـلـى المنبر، فلما سكت المؤذنون قام فأثنى على الـلّٰه بما هو أهله ثم قال: أما بعد فإني قائل لكم مقالة قد قدر لي أن أقولها لا أدري لعلها بين يـدي أجـلـي فمن عقلها ووعاها فليحدث بها حيث انتهت به راحلته ومن خشي أن لايعقلها فـلا أحـل لأحد أن يكذب علي إن اللّٰه بعث محمداً صلى اللّٰه عليه وسلم بالحق وأنزل عليه الـكـتـاب فـكـان مما أنزل اللّٰه آية الرجم فقرأ ناها وعقلناها ووعيناها رجم رسول اللّٰه صلى الـلّٰـه عـلـيـه وسلم ورجمنا بعده فأخشى إن طال بالناس زمان أن يقول قائل واللّٰه ما نجد آية الـرجـم فـي كتاب اللّٰه فيضلوا بترك فريضة أنزلها اللّٰه والرجم في كتاب اللّٰه حق على من

زنى إذا أحصن من الرجال والنساء إذا قامت البينة أو كان الحبل أوالاعتراف... (رواه البخاری:۲/۱۰۰۹/۱/۶۵۷۱،باب الاعتراف بالزنا۔ومسلم ۲/۶۵۔والترمذی:۱/۲۶۴۔وموطاامام مالک:۶۸۵)۔

نوٹ: اس روایت میں کتاب اللہ سے مراد قرآن کریم ہے یا اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔

(۳) عن عبد الله عمر رضي الله عنه أنه قال: إن اليهود جاء وا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكروا له أن رجلاً منهم وامرأة زنيا، فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما تجدون في التوراة في شأن الرجل فقالوا: نفضحهم ويجلدون قال عبد الله بن سلام رضي الله عنه: كذبتم إن فيها الرجم فأتوا بالتوراة فنشروها فوضع أحدهم يده على آية الرجم فقرأ ما قبلها وما بعدها فقال له عبد الله بن سلام رضي الله عنه: ارفع يدک؟ فرفع يده فإذا فيها آية الرجم قالوا: صدق يا محمد! فيها آية الرجم فأمر بهما رسول الله صلى الله عليه وسلم فرجما فرأيت الرجل يجنأ على المرأة يقيها الحجارة. (رواه البخاری ۱۰۱۱/۶۵۷۹،باب احکام اهل الذمة۔والترمذی ۱/۲۶۶۔ وموطاامام مالک ص ۶۸۳۔مسلم ۲/۶۹)۔

(۵) عن عبادة بن الصامت رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: خذوا عني خذوا عني، قد جعل الله لهن سبيلاً: الثيب بالثيب جلد مائة و رمي بالحجارة والبكر بالبكر جلد مائة ونفي سنة. (رواه ابوداود: ۲/۶۰۶، باب فی الرجم۔ومسلم :۲/۶۵، باب حدالزنا)۔

(۶) عن أبي هريرة رضي الله عنه أنه أتى رجل من المسلمين رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في المسجد فناداه فقال: يارسول الله! إني زنيت فأعرض عنه فتنحى تلقاء وجهه فقال له يارسول الله إني زنيت فأعرض عنه حتى ثنى ذلک عليه أربع مراتٍ فلما شهد على نفسه أربع شهاداتٍ دعاه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: أبک جنون؟ قال: لا،قال: فهل أحصنت؟ قال: نعم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذهبوا به فارجموه وفيه يقول جابر رضي الله عنه فكنت فيمن رجمه فرجمناه بالمصلىٰ. (مسلم :۲/۶۶، باب حدالزنا)۔

(۷) عن عبد الله بن بريدة عن أبيه ...قال: ( فلمارجم ماعز بن مالک رضي الله عنه ) فجاء ت

الغامدية فقالت: يارسول الله! إني قد زنيت فطهرني وانه ردها فلما كان الغد قالت يارسول الله لم تردني لعلك أن تردني كما رددت ماعزاً فوالله إني لحبلىٰ قال: أما الآن فاذهبي حتى تلدي قال: فلما ولدت أتته بالصبي في خرقة قالت: هذا قد ولدته، قال: اذهبي فارضعيه حتى تفطميه فلما فطمته أتته بالصبي في يده كسرة خبز، فقالت: هذا يا نبي الله قد فطمته و قد أكل الطعام فدفع الصبي إلىٰ رجل من المسلمين ثم أمر بها فحفر لها إلى صدرها، وأمر الناس فرجموها فيقبل خالد بن الوليد بحجر فرمى رأسها فتنضح الدم على وجه خالد فسبها فسمع نبي الله صلى الله عليه وسلم سبه إياها فقال: مهلاً ياخالد فوالذي نفسي بيده لقد تابت توبة لو تابها صاحب مكس لغفر له ثم أمر بها فصلىٰ عليها ودفنت.
(رواه مسلم:۲/۶۸، باب حد الزنا۔وابوداود:۲/۶۰۹).

(۸) عن عمران بن حصين رضي الله عنه أن امرأة من جهينة أتت نبي الله صلى الله عليه وسلم وهي حبلى من الزنا، فقالت: يا نبي الله أصبت حداً فأقمه علي فدعا نبي الله صلى الله عليه وسلم وليها، فقال: أحسن إليها فإذا وضعت فأتني بها ففعل فأمر بها نبي الله صلى الله عليه وسلم، فشدت عليها ثيابها ثم أمر بها فرجمت ثم صلى عليها، فقال له عمر رضي الله عنه: تصلي عليها يا نبي الله وقد زنت قال: لقد تابت توبة لوقسمت بين سبعين من أهل المدينة لوسعتهم، و هل وجدت توبة أفضل من أن جاء ت بنفسها لله تعالىٰ. (رواه مسلم: ۲/۶۹۔ وابوداود:۲/۶۰۹).

(۹) عن جابر رضي الله عنه أن رجلاً زنا بامرأة فأمربه رسول الله صلى الله عليه وسلم فجلد الحد ثم أخبر أنه محصن فأمر به فرجم. (ابوداود:۲/۶۰۹).

(۱۰) عن علي رضي الله عنه حين رجم المرأة يوم الجمعة قال: رجمتها لسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم. (رواه البخاری:۲/۱۰۰۶/۶۵۵۴، باب رجم المحصن).

(۱۱) عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل

دم امرئ مسلم يشهد أن لا إله إلا الله وأني رسول الله إلا بإحدى ثلاث الثيب الزاني والنفس بالنفس والتارك لدينه المفارق للجماعة . (رواه ابوداود:۲/۵۹۸-والبخاری:۲/۱۰۱۶- ومسلم: ۵۹/۲، باب مايباح به دم المسلم، فيصل).

(۱۲) عن عمر بن الخطاب ﷺ قال: رجم رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجم أبوبكر ﷺ و رجمت ولولا أني أكره أن أزيد في كتاب الله لكتبته في المصحف فإني قد خشيت أن يجيء أقوام فلا يجدونه في كتاب الله فيكفرون به . وفي الباب عن علي ﷺ حديث عمر ﷺ حديث حسن صحيح، وروى من غير وجه عن عمر ﷺ. (رواه الترمذی:۱/۲۶۴).

## اجماعِ صحابہ اور اجماعِ امت سے رجم کا ثبوت:

(۱) حافظ ابن حجر فتح الباری میں فرماتے ہیں:

قال ابن بطال: أجمع الصحابة ﷺ وأئمة الأمصار على أن المحصن إذا زنى عامداً عالماً مختاراً فعليه الرجم... واحتج الجمهور بأن النبي صلى الله عليه وسلم رجم وكذا الأئمة بعده. (فتح الباری: ۱۲/۱۱۸، باب رجم المحصن).

(۲) بدایۃ المجتہد میں ابن رشد مالکی فرماتے ہیں:

فأما الثيب الأحرار المحصنون فإن المسلمين أجمعوا على أن حدهم الرجم إلا فرقة من أهل الأهواء...عمدة الجمهور أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رجم ماعزاً ورجم امرأة من جهينة ورجم يهوديين وامرأة من عامرمن الأزد ، وكل ذلك مخرج في الصحاح.

(بداية المجتهد:۲/۳۲۵، الباب الثانی فی اصناف الزناة).

(۳) حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ فرماتے ہیں:

قال ابن المنذر أقسم النبي صلى الله عليه وسلم في العسيف أنه يقضي بكتاب الله وخطب عمر ﷺ بذلك على رؤوس الناس وعمل بها الخلفاء الراشدون ﷺ فلم ينكره أحد فكان إجماعاً. (بذل المجهود:۵/۱۳۹).

(۴) مرقات میں ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں:

**الرجم عليه إجماع الصحابة ﷺ ومن تقدم من علماء المسلمين وإنكار الخوارج الرجم باطل لأنهم إن أنكروا حجية إجماع الصحابة ﷺ فجهل مركب بالدليل بل هو إجماع قطعي وان أنكروا وقوعه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فهو متواتر المعنى والأحاد في تفاصيل صوره وخصوصياته وأما أصل الرجم فلا شك فيه... والحاصل أن إنكاره إنكار دليل قطعي بالاتفاق** . (مرقات شرح مشكوٰة:۷/۱۲٤-۱۲٥، كتاب الحدود، ملتان).

(۵) ابن حزم اندلسی حنبلی مراتب الاجماع میں فرماتے ہیں:

**اتفقوا أنه إذا زنى كما ذكرنا وكان قد تزوج قبل ذلک وهو بالغ مسلم حر عاقل حرة مسلمة بالغة عاقلة نكاحاً صحيحاً ... أن عليه الرجم بالحجارة حتى يموت** . (مراتب الاجماع:۱۲۹، كتاب الحدود ، بيروت).

(۶) علامہ آلوسی روح المعانی میں فرماتے ہیں:

**قد أجمع الصحابة ﷺ ومن تقدم من السلف وعلماء الأمة وأئمة المسلمين على أن المحصن يرجم بالحجارة حتى يموت... لأن ثبوت الرجم منه عليه السلام متواتر المعنى كشجاعة علي ﷺ وجود حاتم**. (روح المعانی:۱۸/۷۸، القاهرة).

(۷) قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ تفسیر مظہری میں فرماتے ہیں:

**وإذا كان الزاني والزانية محصنين يرجمان بإجماع الصحابة ﷺ ومن بعدهم من علماء النصيحة ... وبه قال علماء الفقه والحديث وقد جرى عمل الخلفاء الراشدين ﷺ بالرجم مبلغ حد التواتر** . (التفسير المظهری:٦/٤٢٢، بلوچستان).

(۸) صاحب ہدایہ فرماتے ہیں:

**وإذا وجب الحد وكان الزاني محصناً رجمه بالحجارة حتى يموت لأنه عليه السلام رجم ماعزاً وقد أحصن وقال فى الحديث المعروف وزنا بعد إحصان وعلى هذا إجماع**

**الصحابة** ﷺ . (الهداية: ٢/٥٠٩، فصل في كيفية الحد ـ وفتح القدير: ٥/٢٢٤ ـ وتبيين الحقائق: كتاب الحدود ـ ومجمع الانهر شرح ملتقى الابحر: ٤/١٤١، باب حد الزنا).

(۹) مشہور فقیہ، علامہ ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں:

**الرجم على الزاني المحصن رجلاً كان أو امرأة وهذا قول عامة أهل العلم من الصحابة ﷺ والتابعين ومن بعدهم من علماء الأمصار في جميع الأعصار ولانعلم فيه مخالفاً إلا الخوارج ... وقد ثبت الرجم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم بقوله وفعله فى أخبار تشبه المتواتر وأجمع عليه أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم.** (المغني لابن قدامة الحنبلي: ١٠/١٢٠، وجوب الرجم على الزاني المحصن، بيروت).

(۱۰) علامہ ابن نجیم مصریؒ فرماتے ہیں:

**قوله فإن كان محصناً رجمه في فضاء حتى يموت لأنه عليه السلام رجم ماعزاً وقد كان أحصن وقال فى الحديث المعروف وزنا بعد إحصان وعلى هذا إجماع الصحابة ﷺ وإنكار الخوارج الرجم باطل لأنهم إن أنكروا حجية إجماع الصحابة ﷺ فجهل مركب بالدليل بل هو إجماع قطعي وإن أنكروا وقوعه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم لإنكارهم حجية خبر الواحد فهو بعد بطلانه بالدليل ليس مما نحن فيه لأن ثبوت الرجم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم متواتر المعنى.** (البحر الرائق: ٥/٨، كتاب الحدود، كوئته).

(۱۱) التقریر والتحبیر میں علامہ ابن امیر الحاج الحلبیؒ فرماتے ہیں:

**إن حكمه صلى الله عليه وسلم على الواحد حكمه على الجماعة (حتى حكموا على غير ماعز بما حكم به) النبي صلى الله عليه وسلم من الرجم (عليه) أى على ماعز ﷺ حتى قال عمر ﷺ خشيت أن يطول بالناس زمان حتى يقول قائل لا نجد الرجم في كتاب الله فيضلوا بترك فريضة أنزلها الله ألا وإن الرجم حق على من زنى ، وقد أحصن إذا قامت البينة أوكان الحبل أوالاعتراف** . (رواه البخاري:...وحكوا على ذلك اجماع الصحابة ﷺ ومن بعدهم ممن يعتد باجماعه ـ (التقرير والتحبير على التحرير فى اصول الفقه: ١/٢٧٩، مسألة خطاب الواحد).

(۱۲) امام ابوبکر جصاص رازی فرماتے ہیں:

**قال أبوبكر: لم يختلف السلف في أن حد الزانين في أول الإسلام ما قال الله تعالىٰ ﴿واللاتي يأتين الفاحشة من نسائكم فاستشهدوا عليهن أربعة منكم﴾ إلى قوله ... ﴿واللذان يأتيانها منكم فآذوهما﴾. فكان حد المرأة الحبس والأذى بالتعيير وكان حد الرجل التعيير ثم نسخ ذلك عن غير المحصن بقوله تعالىٰ: ﴿الزانية والزاني فاجلدوا كل واحد منهما مائة جلدة﴾ و نسخ عن المحصن بالرجم وذلك لأن في حديث عبادة بن الصامت ﷺ عن النبي صلى الله عليه وسلم خذوا عني قد جعل الله لهن سبيلاً البكر بالبكر جلد مائة وتغريب عام والثيب بالثيب الجلد والرجم فكان ذلك عقيب الحبس والأذى المذكورين في قوله: ﴿اللاتي يأتين الفاحشة من نسائكم﴾ إلى قوله ﴿أو يجعل الله لهن سبيلا﴾.** (احكام القرآن للجصاص: ۳/۲۵۵، سورة النور، سهيل اكيڈمی).

مذکورہ بالانصوص اور دلائل سے حکم رجم روزِ روشن کی طرح عیاں اور واضح ہوگیا جس کے انکار کی گنجائش باقی نہیں رہتی، لہٰذا اگر کوئی فرد یا جماعت یا پنچایت انکار کرے تو یہ انتہائی سخت گمراہی ہے۔

## رجم کا انکار موجبِ ضلال ہے:

(۱) ملاحظہ فرمائیں کشف الاسرار میں ہے:

**إن المتواتر يوجب علم طمانية ويقين والقول بأن المتواتر يوجب علم طمانية لايقين قول باطل يودي إلى الكفر فإن وجود الأنبياء ومعجزاتهم لايثبت خصوصاً في زماننا إلا بالنقل فإذا لم يوجب المتواتر يقيناً لايثبت العلم لأحد في زماننا بنبوتهم وحقيتهم حقيقة وهذا كفر صريح**. (كشف الاسرار: ٢٦٣).

(۲) علامہ ابن ہمام فتح القدیر میں فرماتے ہیں:

**قوله عليه إجماع الصحابة ﷺ ومن تقدم من علماء المسلمين وإنكار الخوارج الرجم باطل لأنهم إن أنكروا حجية إجماع الصحابة ﷺ فجهل مركب بالدليل بل هو**

**إجماع قطعي وإن أنكروا وقوعه من رسول الله صلى الله عليه وسلم لإنكارهم حجية خبر الواحد فهو بعد بطلانه بالدليل ليس مما نحن فيه لأن ثبوت الرجم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم متواتر المعنى كشجاعة علي ﷺ وجود حاتم الحاصل أن إنكاره إنكار دليل قطعي بالاتفاق.** (فتح القدير:٥/٢٢٤، فصل في كيفية إقامة الحس، دار الفكر).

(۳) حضرت شاہ صاحب ''اکفار الملحدین فی ضروریات الدین'' میں فرماتے ہیں:

**وكذلك وقع الإجماع من علماء الدين على تكفير كل من دافع نص الكتاب أي منع ونازع فيما جاء صريحاً في القرآن... كتكفير الخوارج بإبطال الرجم للزاني والزانية محصنين.** (اكفار الملحدين في ضروريات الدين:٥٧).

## اشکالات کے جوابات:

**اشکال (۱):** منکرین رجم کہتے ہیں کہ رجم یہودیوں کا طریقہ تھا جس کو مسلمانوں نے اپنالیا ہے۔ اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب (۱):** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے محض تورات کے حکم ہونے کی وجہ سے رجم نافذ نہیں فرمایا، بلکہ قرآن کریم نے اس حکم کی تصدیق کی اور حکم اللہ قرار پایا، اور شرائع سابقہ کے مطابق کوئی حکم اللہ تعالیٰ نازل فرمادیں یا تصدیق فرمادیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تصدیق فرمادیں تو یہ ہماری شریعت بن جاتی ہے، لہذا یہ حکم صرف تورات کا نہیں رہا بلکہ ہماری شریعت کا حکم ہوگیا۔ ہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تورات کے متعلق دریافت فرمایا یہ اتمام حجت کی وجہ سے تھا۔

**الجواب (۲):** حکم رجم پر صرف عمل نہیں فرمایا، بلکہ قولاً تشریعی حکم بھی فرمایا جس کی وجہ سے قانون شرعی کی حیثیت بن گئی۔ (قولی احادیث مذکور ہوئیں)۔

**الجواب (۳):** تورات میں مطلقاً رجم کا حکم تھا، شرائط وقیودات نہیں تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شرائط وقیودات بیان فرمائے، مثلاً غیر محصن کے لیے رجم نہیں ہے، بلکہ ۱۰۰ کوڑے ہیں، وغیرہ، اور یہ

تصرفات وحی الٰہی اور ہدایاتِ ربانی کی روشنی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائے، بہر حال حکم رجم کو طریقہ یہود بتلانا صحیح نہیں ہے۔

**اشکال (۲):** مخالفین کی جانب سے یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ رجم کرنا ایک حیوانی عمل ہے اور حقوق انسانیت کے بالکل خلاف، اور چار گواہوں کا اس عمل کو دیکھنا بھی ناممکن ہے؟

**الجواب:** جتنے واقعات زمانہ نبوی میں مسلمانوں کے درمیان ظہور پذیر ہوئے وہ تمام مجرم کے خود اپنے اقرار سے نافذ کیے گئے تھے، کیونکہ بوقتِ جماع چار گواہوں کا وہاں حاضر ہونا اور ''کالمیل فی المکحلة'' والی کیفیت کا نظارہ کرنا انتہائی مشکل بلکہ ناممکن سا ہے، ہاں یہودیوں کا واقعہ شہادت سے ثابت ہوا ہے ملاحظہ ہو، حضرت شیخ فرماتے ہیں: **أنه عليه الصلاة والسلام رجم يهوديين زنيا بشهادة أربعة منهم.** (الأبواب والتراجم،ص ۱۸۹).

اسی لیے کہ مرد وعورت کو ساتھ لیٹے ہوئے دیکھنے سے حد ثابت نہیں ہوتی، بلکہ صرف تعزیر کے مستحق ہوں گے، نیز اقرار میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ٹال مٹول کرنا ثابت ہے، تاکہ رجوع کرلے، اور رجوع کرنے سے بھی حد ساقط ہوجاتی ہے، اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ شریعتِ مطہرہ نے رجم کے سلسلہ میں مجرم کو کافی مہلت دی ہے اور گنجائش نکالی ہے۔

یہاں ایک لطیفہ کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے جس سے ذہن کی بہت ساری گرہیں کھل جاتی ہیں۔

پاکستان میں جنرل ضیاء الحق صاحب کے دورِ حکومت میں حدود اور قصاص کا قانون نافذ کیا گیا اگر چہ حدود کے نفاذ پر آج تک عمل درآمد نہیں ہوا، اس زمانے میں اس پر بہت اشکالات وتنقیدات ہوئیں، اس زمانے میں عالم عرب وعجم کے بہت سارے محقق علماء کو اس قانون کی تحقیق کے لیے جمع کیا گیا اور بعض کی طرف سے اشکال کیا گیا کہ اس زمانے میں قانونِ رجم عالمی حالات کے مناسب نہیں، بلکہ اس کی جگہ اس کو گولی مار کر ہلاک کیا جائے، حضرت مفتی محمود صاحب پاکستانیؒ بیماری کی وجہ سے اس وقت ہسپتال میں زیر علاج تھے، وفد کے کچھ حضرات ان کے پاس ان کی رائے لینے کے لیے ہسپتال پہونچ گئے، اور یہ رائے پیش کی کہ مقصود تو شادی شدہ کا قتل ہے تو اس کو گولی سے مار کر ہلاک کرنا ہی مناسب ہے، حضرت مفتی محمود صاحب نے فرمایا کیوں بھائی

شریعت اس کو بچاتی ہے اورتم اس کو ہلاک کرتے ہو، حاضرین نے کہا وہ کیسے؟ حضرت مفتی صاحب نے فرمایا دیکھئے تاریخ میں زنا کبھی شہادت سے ثابت نہیں ہوا کیونکہ مرد اورعورت کو" کالمیل فی المکحلة "یعنی جیسے سلائی سرمہ دانی میں ہو دیکھنا اوراس کی شہادت دینا ناممکن جیسا ہے اس لیے زنا کے جتنے واقعات ثابت ہوئے وہ اقرار سے ہوئے، حضرت ماعز رضی اللہ عنہ، حضرت غامدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، اور یہودیوں کے واقعات سب اقرار سے ثابت ہوئے، اور جب رجم کے درمیان زانی کو سنگسار کرنے پر تکلیف پہونچے اور وہ کہدے کہ میں نے کچھ نہیں کیا میں نے زنا نہیں کیا، تو فی الفور اس کو چھوڑ دو تو وہ قتل سے بچ جائے گا، اور گولیاں چلانے کے بعد وہ کیسے بچے گا؟ اس پر مہمانوں کا وفد خوش ہوا اوران کو اطمنان ہوا۔ بندہ فقیر نے خود یہ واقعہ حضرت مفتی صاحب سے سنا اور فتاویٰ مفتی محمود کے مقدمہ میں ص۱۱۰-۱۱۲، پر یہ واقعہ بھی مذکور ہے۔ (نوٹ: ملحوظ رہے کہ حضرت مفتی صاحب نے جو فرمایا: ''تاریخ میں زنا کبھی شہادت سے ثابت نہیں ہوا'' اس سے مراد مسلمان ہیں، ورنہ یہودی کا واقعہ شہادت سے ثابت ہوا تھا جیسا کہ مذکور ہوا)۔

ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف میں ہے:

عن ابن عباس رضي الله عنه قال: لما أتى ماعز بن مالك رضي الله عنه النبي صلى الله عليه و سلم قال له: لعلك قبلت أوغمزت أونظرت قال: لا يارسول الله! قال: أنكتها لايكني قال: نعم، فعند ذلك أمر برجمه. وفي رواية له عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: أتى رسول الله صلى الله عليه و سلم رجل من الناس وهو فى المسجد فناداه يارسول الله إني زنيت يريد نفسه فأعرض عنه فجاء لشق وجه النبي صلى الله عليه وسلم الذي أعرض عنه فلما شهد على نفسه أربع شهادات دعاه النبي صلى الله عليه وسلم فقال: أبك جنون قال: لا يارسول الله، فقال: أحصنت قال: نعم يارسول الله، قال: اذهبوا به فارجموه. (رواهما البخاري:۲/۱۰۰۸).

وفي رواية الترمذي: قال: فلما وجد مس الحجارة فر يشتد حتى مر برجل معه لحي جمل فضربه به وضربه الناس حتى مات فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم ...فقال: هلا تركتموه. (رواه الترمذي:۱/۲٦٤).

درمختار میں ہے:

**ویخلی سبیله إن رجع عن إقراره قبل الحد أو في وسطه ولو رجوعه بالفعل كهروبه ... وندب تلقينه الرجوع بـ لعلك قبلت أولمست أووطئت بشبهة لحديث ماعز**ﷺ... (الدر المختار: ٤/ ١٠، كتاب الحدود، سعيد ـ والبحر الرائق: ٥/ ٧، كوئته).

عالمگیری میں ہے:

**ولو هرب رجل ولم يرجع لم يتعرض له ولو ثبت على الزنا ورجع عن الإحصان قبل منه ولم يرجم وجلد ...** (الفتاوى الهندية: ٢/ ١٤٤ ـ والبحر الرائق: ٥/ ٥، كوئته).

**اشکال (۳):** بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ نعوذ باللہ حضرت ماعز ﷺ اور حضرت غامدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بدمعاش قسم کے لوگ تھے جو ہروقت زنا کے درپے رہتے تھے، اس لیے یہ سزا (رجم) بطورِ تعزیر تھی نہ کہ بطورِ حد، اور دلیل میں ایک حدیث شریف پیش کرتے ہیں وہ یہ ہے:

**"أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ألا كلما نفرنا في سبيل الله خلف أحدهم له نبيب كنبيب التيس يمنح أحدهم الكثبة أما والله ان يمكني من أحدهم لأنكلنه عنه.** (رواه مسلم: ٢/ ٦٦).

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بھی ہم جہاد کے لیے جاتے ہیں تو کوئی شخص بکرے کی طرح ممیاتا رہیگا، تھوڑا سا دودھ دیکر اپنا کام نکالیگا، اگر مجھے اس پر قدرت ہوئی تو میں اس کو عبرت ناک سزا دونگا۔

کہتے ہیں کہ حضرت ماعز بھی اسی طرح کے آدمی تھے۔ (نعوذ باللہ). اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں عام قانون بیان کرنا مقصود ہے، جیسا کہ مفتی تقی صاحب مدظلہ نے تکملہ فتح الملہم میں فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو:

**و إنما ذكره بعد رجم ماعز** ﷺ **ليعتبر هؤلاء المفسدون بعقوبة ماعز**ﷺ. (تكملة فتح الملهم: ٢/ ٤٤٣).

اس کی واضح نظیر قرآن کریم میں ملاحظہ فرمائیں:

اللہ تعالیٰ نے حضرت داود علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: ﴿ **یا داود إنا جعلناک خلیفة فی الأرض ... ولا تتبع الهوی فیضلک عن سبیل اللّٰه إن الذین یضلون عن سبیل اللّٰه لهم عذاب شدید** ﴾ . (سورة صٓ، الآیة:٢٦).

اس آیتِ کریمہ کا مطلب بھی یہی ہے کہ یہاں عام قانون بیان کرنا مقصود ہے، یہ مراد نہیں کہ نعوذ باللہ حضرت داود علیہ السلام گمراہ ہوئے تھے۔

اسی طرح حدیث مذکورہ بالا میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مستقبل کے بارے میں تنبیہ فرما رہے ہیں کہ آئندہ کوئی ایسا کام نہ کرے۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ "یمنح" مضارع کا صیغہ ہے، اسی طرح بعض روایات میں "ینب" آیا ہے۔ ہاں "نفرنا" اور "خلف" ماضی کے صیغے ہیں لیکن کلما کے بعد استمرار کا فائدہ دیتے ہیں۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ حدیث مذکورہ بالا میں "أن یمکني من احدهم" سے پتہ چلتا ہے کہ ایسا بدمعاش شخص ابھی تک پکڑا نہیں گیا، جب کہ یہ بات حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے رجم کے بعد فرمائی گئی۔ لہٰذا حضرت ماعز رضی اللہ عنہ مراد نہیں ہے۔

نیز بادشاہِ وقت یا حاکم تعزیر اس وقت دیتا ہے جب کہ وہ معلوم کر لیتا ہے کہ مجرم ضدی اور غیر نادم ہے، حالانکہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ اور حضرت غامدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت اچھے تھے، اور یہ جرم ان سے اتفاقاً صادر ہوا تھا، ان کے اچھے ہونے کی دلیل یہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے قبیلہ والوں سے دریافت فرمایا تو انہوں کے جواب میں عرض کیا: "**ثم سأل قومه، فقالوا: ما نعلم به بأساً إلا أنه أصاب شیئاً**..." (مسلم شریف: ٢/٦٧، باب حد الزنا، فیصل).

دوسری روایت میں ہے: "**فأرسل رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم إلی قومه فقال: أتعلمون بعقله بأساً تنکرون منه شیئاً فقالوا: ما نعلمه إلا وفي العقل من صالحینا فیما نری**...." (رواه مسلم: ٢/٦٨، فیصل).

اگر یہ اتنے بڑے بدمعاش تھے تو پھر کیوں خود آئے اور چار مرتبہ اقرار کیا؟

نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا: "**لقد تاب توبة لو قسمت بین أمة**

**لوسعتهم** " (رواه مسلم: ۲/ ۶۸، باب حدالزنا، فیصل). یعنی انہوں نے ایسی توبہ کی کہ اگر پوری امت میں تقسیم کی جائے تو اس کے لیے کافی ہو جائے۔

اور حضرت غامدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں فرمایا: " **لقد تابت توبة لو تابها صاحب مكس لغفر له** " (رواه مسلم: ۲/ ۶۸، باب حدالزنا، فیصل). یعنی اس عورت نے ایسی توبہ کی کہ اگر ظالمانہ ٹیکس لگانے والا ایسی توبہ کرلے تو اس کی مغفرت ہو جائے۔

نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " **أنه أى ماعز ﷺ الآن لفي أنهار الجنة ينغمس فيها** ".
(ابو داود شریف: ۶۰۸، باب فی الرجم).

یعنی حضرت ماعز ﷺ ابھی جنت کی نہروں میں غوطہ لگا رہے ہیں۔

کیا کسی بدمعاش کے بارے میں لسانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی بات نکل سکتی تھی، بلکہ بدمعاش کے بارے میں لوگ کہتے ہیں: ''خس کم جہاں پاک''۔

اسی طرح حضرت غامدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بھی از خود اپنے آپ کو پیش کیا تھا پھر حاملہ ہونے کی وجہ سے آپ نے مہلت دی لیکن وضع حمل کے بعد پھر وہ خود آئیں۔ ملاحظہ ہو تکملۃ فتح الملہم میں ہے:

" **جاء ت بنفسها دون أن يطلبها أحد، على رغم أنها صارت أماً لولد رضيع وكم يكون خاطرها قد تعلق بهذا المولود؟ وكم تكون عواطف الإشفاق عليه قد عرضت في سبيلها** ". (تكملة فتح الملهم: ۲/ ۴۳۲، الفرق بين الحدو التعزير).

**اشکال (۴):** بعض منکرین رجم کا یہ دعویٰ ہے کہ رجم کے تمام واقعات سورۂ نور کے نزول سے قبل کے ہیں پھر سورۂ نور کی آیتِ جلد نے حکم رجم کو منسوخ کر دیا۔

اور اپنے اس نظریہ کو ثابت کرنے کے لیے حسب ذیل دلیل پیش کرتے ہیں:

**عن أبي إسحاق الشيباني سألت عبد الله بن أبي أوفى : هل رجم رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال: نعم، قلت: قبل سورة النور أم بعده؟ قال: لا أدري**. (رواه البخاري: ۲/ ۱۰۰۶).

**الجواب:** حضرت عبداللہ بن ابی اوفی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ سورۂ نور سے قبل کے واقعات ہیں بلکہ

اپنی لاعلمی کا اظہار کیا، اور قاعدہ ہے" الیقین لا یزول بالشک"، لہذا اس شک کی وجہ سے حکم رجم جو ثابت بالیقین ہے منسوخ نہیں ہوگا۔

علاوہ ازیں سورۂ نور واقعہ افک کے سلسلہ میں نازل ہوئی اور یہ واقعہ غزوۂ بنی مصطلق میں سے واپسی پر پیش آیا، اس غزوہ کے سنِ وقوع کے بارے میں مؤرخین کا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ ۳ھ میں پیش آیا اور دیگر بعض کی رائے یہ ہے کہ ۵ھ یا ۶ھ میں پیش آیا، لیکن موسیٰ بن عقبہ اور واقدی کا قول یہ ہے کہ ۵ھ میں پیش آیا اور یہی راجح ہے، حافظ ابن حجرؒ اور حافظ عینیؒ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔ ملاحظہ ہو: (فتح الملہم :۲/۴۲۵).

پھر سب سے پہلا واقعہ یہود کے رجم کا ہے اور یہود کے رجم کا واقعہ فتح مکہ کے بعد ۸ھ میں پیش آیا، اس لیے کہ مسند بزار اور طبرانی کی روایت میں ہے حضرت عبداللہ بن حارث فرماتے ہیں: " فکنت فیمن رجمهما". (رواه البزار والطبراني كما في مجمع الزوائد:٦/٢٧١) اور حضرت عبداللہ بن حارث فتح مکہ کے بعد مشرف باسلام ہوئے۔

نیز ابن جریر نے سورۂ مائدہ کی تفسیر میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت بایں الفاظ ذکر فرمائی ہے:

" كنت جالساً عند رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ جاء رجل من اليهود...الخ". (سورة المائدة:٦/٣٥)

اور حضرت ابو ہریرہؓ ۷ھ میں مشرف باسلام ہوئے۔

نیز یہ یہود فدک کے رہنے والے تھے، ملاحظہ ہو مسند حمیدی میں ہے:

**عن جابر بن عبد الله ؓ قال : زنى رجل من أهل فدك فكتب أهل فدك إلى أناس من اليهود بالمدينة أن سلوا محمداً عن ذلك**...(مسند الحميدي:٢/٥٤١/١٢٩٤).

اور ۷ھ میں غزوۂ خیبر کے بعد یہودِ فدک سے مصالحت ہوئی۔

حضرت مولانا ادریس صاحب کاندھلویؒ ''سیرۃ مصطفیٰ'' میں فرماتے ہیں:

جب اہل فدک کو اس کی اطلاع ہوئی کہ یہود خیبر نے ان شرائط پر صلح کی ہے، تو ان لوگوں نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیام بھیجا کہ ہماری جانوں کو امان دیا جائے...آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منظور فرمایا اور محیصہ ابن مسعودؓ کے واسطہ سے گفتگو ہوئی اور فدک بغیر کسی حملہ اور فوج کشی کے فتح ہوا۔ (سیرۃ

مصطفیٰ:۲/۵۰، مکتبہ عثمانیہ، بحوالہ سیرۃ ابن ہشام:۳/ ۴۰۸).

لیکن اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ یہودِ مدینہ کے مشہور دو قبیلے تھے، ایک بنونضیر جو ۴ھ میں جلاوطن کر دیے گئے اور (۲) بنوقریظہ ۵ھ میں مقتول ہوئے تو پھر مدینہ منورہ میں یہود کہاں سے آئے جب کہ مسند حمیدی کی روایت سے پتہ چلتا ہے کہ رجم کے وقت مدینہ منورہ میں یہود موجود تھے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ بنوقریظہ کے قتل کے بعد بالکلیہ یہود مدینہ منورہ سے ختم نہیں ہو گئے تھے بلکہ کچھ لوگ باقی تھے اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت آپ کی زرہ کسی یہودی کے پاس بطورِ رہن رکھی ہوئی تھی۔ (بخاری شریف).

نیز مستدرک حاکم کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے رجم کے موقعہ پر حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ موجود تھے، اور حافظ ابن حجرؒ نے اس بات کی صراحت فرمائی ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ ۹ھ میں اپنی والدہ کے ساتھ مدینہ منورہ تشریف لائے، اس روایت سے بھی تائید حاصل ہوتی ہے کہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے رجم کا واقعہ ۹ھ میں یا اس کے بعد پیش آیا۔ (حاکمؒ کی روایت اگر چہ ضعیف ہے لیکن بطورِ تائید پیش کی گئی ہے)۔

نیز حضرت غامدیہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ رجم میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ موجود تھے، جب کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ ۸ھ میں مشرف باسلام ہوکر مدینہ منورہ تشریف لائے۔ (مستفاد از تکملہ فتح الملہم:۲/ ۴۲۵۔۴۲۷، تاریخ واقعات الرجم).

لہٰذا ان قرائن اور شواہد سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ رجم کے تمام واقعات بعد از نزول سورۂ نور پیش آئے ہیں اور منسوخ نہیں ہیں۔

**اشکال (۵):** بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ رجم کی سزا میں اضطراب ہے کہ شادی شدہ کی سزا میں صرف رجم ہے یا رجم کے ساتھ کوڑے بھی ہیں۔

ملاحظہ ہو تکملہ میں ہے:

روى عامر الشعبي أن علياً جلد شراحة الهمدانية يوم الخميس ورجمها يوم الجمعة

**وقال: جلدتها بكتاب الله ورجمتها بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم.** (اخرجه البخاري والنسائي والدارقطني كما في فتح الباري:١٢/١١٩-(تكملة فتح الملهم:٢/٤١٠).

مسلم شریف کی روایت میں ہے:

**خذوا عني ... الثيب بالثيب جلد مائة والرجم.** (رواه مسلم:٢/٦٥).

**الجواب:** اولاً تو یہ منکرین رجم کے لیے مفید نہیں ہے اس لیے کہ شادی شدہ کی سزا کوڑے ہوں یا نہ ہوں رجم تو یقینی ہے۔

ثانیاً: حافظ ابن حجرؒ اور علامہ نوویؒ وغیرہ حضرات نے فرمایا کہ حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی روایت منسوخ ہے، اور ناسخ " الشيخ والشيخة " ہے یا واقعاتِ رجم ہیں جن میں صرف رجم کی سزا کا ذکر ہے۔

بعض نے یہ کہا ہے کہ ثیب کی دو قسم ہے: (۱) ثیب محصن (۲) ثیب غیر محصن جیسے کتابی۔

اس روایت میں دونوں کی سزا کا ذکر ہے ثیب محصن کے لیے رجم اور ثیب غیر محصن کے لیے ۱۰۰ کوڑے۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عمل کا بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ عورت کے بارے میں معلوم نہیں تھا کہ صفتِ احصان سے متصف تھی یا نہیں، اس لیے کوڑے لگائے بعد میں معلوم ہوا کہ محصنہ ہے تو رجم کا حکم دیا۔

نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی اس قسم کا واقعہ پیش آیا تھا۔ ملاحظہ ہو:

**عن جابر رضي الله عنه أن رجلاً زنى بامرأة فأمر به رسول الله صلى الله عليه وسلم فجلد الحد ثم أخبر أنه محصن فأمر به فرجم.** (رواه ابو داود:٩-٦).

لیکن اس توجیہ پر اشکال ہوتا ہے کہ بعض طرق میں آتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوڑے لگانے سے پہلے دریافت کیا: " لعل زوجك من عدونا، قالت: لا " اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس کے شادی شدہ ہونے اور مسلمان ہونے کا علم تھا۔

لہذا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عمل کا یہ جواب دے سکتے ہیں کہ یہ ان کا اپنا مذہب تھا اس لئے کہ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے، حافظ ابن حجرؒ نے یہی مذہب حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ اور امام احمد بن حنبلؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔ ملاحظہ ہو: (فتح الباری:۱۲/۱۱۹).

حضرت شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں:

**" الظاهر عندي أنه يجوز للإمام أن يجمع بين الرجم والجلد و يستحب له أن يقتصر على الرجم...والجلد زيادة عقوبة رخص في تركها ".** (المسوى شرح الموطا:۲/۱۳۵).

مفتی تقی صاحب نے اس جواب کو اختیار فرمایا ہے، چنانچہ اس عبارت کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

**وحاصله أن القرآن الكريم قدر للزاني مائة جلدة سواء كان محصناً أوغيره ثم جاء ت السنة برجم المحصن زيادة على الجلد لا نسخاً له والأصل أن الجاني متى استوجب عقوبتين فإنه يجوز إدغام الأدنى فى الأعلى، ولا سيما إذا كانت إحداهما تأتي على نفسه.** (تكملة فتح الملهم:۲/۴۱۰).

**اشکال (۶):** حضرت ماعز اسلمی ﷺ کا واقعہ رجم چونکہ بہت مشہور ہے اس وجہ سے منکرین نے اس میں اضطراب ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز ﷺ کو کتنی مرتبہ واپس بھیجا؟

ایک روایت میں ہے کہ **" فأعرض عنه حتى ثنى ذلك عليه أربع مرات "**.

سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں کہ: **" أنه رده أربع مرات "**.

بعض میں ہے: **" فرده مرتين**. اور بعض میں ہے: **فرده مرتين أو ثلاثاً "**.

ایک طریق میں ہے: **" فاعترف بالزنا ثلاث مرات "**. (یہ روایات مسلم شریف میں:۲/۶۶-۶۷ پر موجود ہیں)۔

**الجواب:** مفتی تقی صاحب نے تکملہ میں اس کا جواب دیا ہے:

**والظاهر أنه اختلاف الرواة الذي لايقدح في أصل الحديث وتقدم مراراً أن الرواة ربما لايعتنون بتفاصيل القصة وحواشيها والصحيح أنه صلى الله عليه وسلم رده ثلاث مرات حتى إذا اعترف الرابعة سأله عن كيفية الزنا فلما بينها رجمه.** (تكملة فتح الملهم:۲/۴۴۴).

خلاصہ یہ ہے کہ روات کا اختلاف اصل حدیث میں نقصان دہ نہیں ہے کیونکہ روات بہت سی مرتبہ اصل قصہ کو ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس کی تفاصیل میں نہیں جاتے، اور صحیح یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

نے تین مرتبہ واپس کیا تھا اور چوتھی مرتبہ زنا کی کیفیت کے بارے میں دریافت کیا جب انہوں نے صحیح بیان کردیا تو پھر رجم کا حکم فرمایا۔

**اشکال (۷):** بعض روایات میں آتا ہے کہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اقرار کیا، جب کہ دوسری بعض میں ہے کہ وہ لائے گئے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دریافت کرنے کے بعد اقرار کیا۔

روایات کی تفصیل ملاحظہ ہو:

**عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: أتى رجل من المسلمين رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في المسجد فناداه فقال: يارسول الله! إني زنيت. وفي رواية إني أصبت فاحشة فأقمه علي.** (رواهما مسلم:۲/۶۶).

**وفي رواية لمسلم عن جابر بن سمرة رضي الله عنه قال: رأيت ماعز بن مالك رضي الله عنه حين جيئ به إلى النبي صلى الله عليه وسلم.** (رواه مسلم:۲/۶۶).

**وفي رواية له عن ابن عباس رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لماعز بن مالك: أحق ما بلغني عنك؟ قال: وما بلغك عني، قال: بلغني أنك وقعت بجارية آل فلان قال: نعم، قال: فشهد أربع شهادات ثم أمر به فرجم.** (رواه مسلم: ۲/۶۷).

گویا حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کے قصہ رجم میں ایک قسم کا اضطراب پیدا ہو گیا۔

**الجواب:** علامہ نوویؒ اس اشکال کے جواب میں لکھتے ہیں:

**" قال العلماء: لا تناقض بين الروايات فيكون قد جيئ به إلى النبي صلى الله عليه وسلم من غير استدعاء من النبي صلى الله عليه وسلم، وقد جاء في غير مسلم أن قومه أرسلوه إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فقال النبي صلى الله عليه وسلم للذي أرسله لو سترته بثوبك ياهزال لكان خيراً لك وكان ماعز عند هزال، فقال النبي صلى الله عليه وسلم لماعز بعد أن ذكر له الذين حضروا معه ماجرى له:" أحق ما بلغني عنك ".** (شرح

مسلم:٢/٦٧).

یعنی علماء فرماتے ہیں کہ روایات میں تناقض نہیں کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا اور بھیجا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجنے والے سے کہا اے ہزال آپ اس پر پردہ ڈالتے تو بہتر تھا پھر آپ نے ماعز سے کہا کہ کیا وہ بات صحیح ہے جو مجھے پہونچی تو انہوں نے کہا کیا پہونچا، آپ نے زنا کا ذکر کیا پھر حضرت ماعز نے چار مرتبہ اقرار کیا۔

بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ " أحق ما بلغني" صرف حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے، دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم کی روایات میں نہیں ہے، اور حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ اس وقت بہت کم عمر تھے ،لہذا ہم اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کی روایات کو ترجیح دیں گے۔

نیز حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت جو بخاری شریف میں (٢/١٠٠٨) پر ہے اور ابوداود شریف میں (ص٦٠٧) پر ہے وہ جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کی روایات کے موافق ہے، لہذا " أحق ما بلغني" بعد والے راوی کا وہم ہے یا مؤول ہے۔

اس مقالہ میں حسبِ ذیل کتب سے بمع ترمیم واضافہ استفادہ کیا گیا ہے:

(١) رجم کی شرعی حیثیت از حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ۔

(٢) تکملہ فتح الملہم از حضرت مفتی محمد تقی عثانی صاحب۔

(٣) جواہر الفتاوی از حضرت مفتی عبدالسلام صاحب چاٹگامیؒ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## کوڑوں کا متحمل نہ ہو تو حیلہ کا حکم:

**سوال:** اگر کوئی شخص زنا کرے اور کوڑوں کا متحمل نہ ہو تو اس کے لیے حیلہ کر کے جھاڑوں جیسی چیز سے مارنا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ضعیف اور کمزور شخص جو کوڑوں کو برداشت نہ کر سکے اس کے لیے حیلہ اور تدبیر کرنا اور جھاڑو جیسی چیز سے مارنا درست ہے، لیکن اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جھاڑو یا اس جیسی چیز جس سے مارے وہ پورے بدن پر پھیلی ہوئی ہو، تاکہ مطلوبہ عدد پورا ہو جائے۔

ملاحظہ ہو ابن ماجہ شریف کی روایت میں ہے:

**عن سعيد بن سعد بن عبادة ﷺ قال: كان بين أبياتنا رجل مخدج ضعيف فلم يرع إلا وهو على أمة من إماء الدار يخبث بها فرفع شأنه سعد بن عبادة ﷺ إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: اجلدوه ضرب مائة سوط، قالوا: يا نبي الله هو أضعف من ذلك لو ضربناه مائة سوط مات، قال: فخذوا له عثكالاً فيه مائة شمراخ فاضربوه ضربة واحدة.**
(رواه ابن ماجة:١٨٥).

قال الطيبيؒ: العثكال: الغصن الكبيرالذي يكون عليه أغصان صغار ويسمىٰ كل واحد من تلك الأغصان شمراخاً. (المرقات:١٤٦/٧).

وفي المغرب: العثكال: عنقود النخل والشمراخ شعبة منه. (المغرب:٤٢/٢).

**قال المحدث الفقيه الملا على القارى رحمه الله البارى في شرح هذا الحديث:**

**ومن المعلوم أن المريض الشديد الذي لايرجى برؤه لوضرب ضرباً وجيعاً لمات ولم تؤمر بقتله ولايكلف الله نفساً إلا وسعها وما لم يدرك كله لايترك كله فهذا هو الحيلة مراعاة للجانبين كما قال سبحانه وتعالىٰ لأيوب عليه السلام وكان قدحلف أن يضرب امرأته مائة سوط لما توهم أنها تستحق الضرب فأمره الله تعالىٰ بقوله: ﴿وخذ بيدك ضغثاً﴾ وهو**

**ملء الكف من الشجر أو الحشيش فاضرب به ولاتحنث في يمينك فأخذ ضغثاً يشتمل على مائة عود صغار فضربها به ضربة واحدة** .(المرقات:۱٤٧/٧، كتاب الحدود، ملتان).

فتاوی شامی میں ہے:

**قوله إلا أن يقع اليأس من برئه فيقام عليه أى بأن يضرب ضرباً خفيفاً يحتمله ، وفى الفتح : ولو كان المريض لايرجى زواله كالسل أو كان ضعيف الخلقة فعندنا وعند الشافعي يضرب بعثكال فيه مائة شماخ دفعة ، وتقدم فى الأيمان أنه لا بد من وصول الكل إلى بدنه ، ولذا قيل: لابد أن تكون مبسوطة.** (فتاوى الشامي: ١٦/٤، كتاب الحدود، سعيد).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوى الهندية: ١٤٧/٢) . واللہ ﷻ اعلم۔

## قرائن محضہ سے ثبوتِ حد کا حکم:

**سوال:** ایک دوشیزہ لڑکی کو ولادت ہوئی لیکن زنا کا اقرار نہیں کرتی اور چار گواہ بھی موجود نہیں کہ ثابت کردے کہ بچہ زنا سے پیدا ہوا ہاں یہ بات معلوم ہے کہ اس عورت کے کسی اجنبی لڑکے کے ساتھ تعلقات تھے، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا محض قرائن اور حالات کی تحقیق سے حدِ زنا ثابت ہوسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شرعی حدِ زنا کے ثبوت کے لیے چار گواہوں کی گواہی ضروری ہے، یا زانی خود چار مرتبہ مختلف مجلسوں میں زنا کا اقرار کرے، ان دوصورتوں کے علاوہ محض قرائن یا تحقیق حالات سے شرعی حد ثابت نہ ہوگی، بلکہ شریعت کا منشا تو یہ ہے کہ شبہات کی وجہ سے حدود کو ساقط کردیا جائے، نہ کہ قرائن وشبہات سے لازم وجاری کیا جائے۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادرءوا الحدود عن المسلمين ما استطعتم فإن كان له مخرج فخلوا سبيله فإن الإمام أن يخطئ فى العفو خير من أن يخطئ فى العقوبة.** (رواه الترمذي: ٢٦٣/١، باب ماجاء فى درء الحدود).

ہدایہ میں ہے:

ومن أقر أربع مرات في مجلس مختلفة أنه زنى بفلانة وقالت: هي تزوجني أو أقرت بالزنا وقال الرجل تزوجتها فلا حد عليه وعليه مهر المثل في ذلک لأن دعوى النكاح يحتمل الصدق وهو يقوم بالطرفين فأورث شبهة، وإذا سقط الحد وجب المهر تعظيماً لحظر البضع. (الهداية:۲/۵۱۹، كتاب الحدود).

دررالحکام فی شرح غررالاحکام میں ہے:

و يثبت الزنا بشهادة أربعة من الرجال في مجلس واحد حتى لو شهدوا متفرقين لم تقبل ذكره الزيلعي. (دررالحكام فى شرح غررالاحكام:۲/٦٢، كتاب الحدود۔ والشامی:٤/٧، باب الحدود).

البحرالرائق میں ہے:

و يثبت بشهادة أربعة بالزنا لا بالوطئ و الجماع... فسألهم الإمام عن ماهيته وكيفيته ومكانه وزمانه والمزنية... فإن بينوه وقالوا: رأيناه وطئها كالميل فى المكحلة، راجع إلى بيان الكيفية وهو زيادة بيان احتيالاً للدرء. (البحرالرائق مع الكنز:٥/٥، كتاب الحدود، كوئته).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (فتاویٰ فریدیہ:۴/۵۰۳). واللہ ﷻ اعلم۔

## اخرس کی شہادت سے ثبوتِ زنا کا حکم:

**سوال:** آج کل اخرس کے اشارے مستقل ایک زبان کی حیثیت رکھتے ہیں یعنی وہ اپنا مافی الضمیر بالکل واضح طور پر ادا کر سکتے ہیں، غلط معنی کی گنجائش نہیں رہتی، تو ایسی صورت میں اخرس کے اشارہ سے زنا ثابت ہوسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** شرائط شہادات میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ شہادت میں تلفظ ہو بغیر نطق وتلفظ کے شہادت صحیح نہیں ہے، اور ثبوتِ زنا کے لیے شرائط اور زیادہ سخت ہیں، لہٰذا زنا میں اخرس کی شہادت بدرجہ اولیٰ

قابل قبول نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وشرائط الأداء سبعة عشر: عشرة عامة وسبعة خاصة، وفي الشامية: قوله عشرة عامة أي في جميع أنواع الشهادة، أما العامة فهي الحرية والبصر والنطق والعدالة لكن هي شرط وجوب القبول على القاضي لا شرط جوازه ...الخ.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٥/٤٦٢، سعيد).

**وأيضاً فيه: وبقي من الشروط أن لايكون ولده أو ولد ولده أو أخرس. وفي الشامية: قوله، أخرس لأنه لا بد فيه من الدعوى، وفي إشارة الأخرس احتمال يدرأ به الحد.** (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٤/٤٦، باب حدالقذف، سعيد). **والله ﷻ اعلم۔**

## اجارہ سے سقوط حد کا حکم:

**سوال:** احناف پر اعتراض ہے کہ اگر کسی نے عورت کو زنا کے لیے اجارہ پر لیا تو مذہب احناف کے مطابق اس سے حد ساقط ہو جاتی ہے، حالانکہ صریح زنا سے حد کیسے ساقط ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ حد زنا شبہہ فی المحل ہونے کی وجہ سے بحکم حدیث ساقط ہوگئی، نیز اجرت کے ساتھ کسی عورت کو جماع کے لیے لینا متعہ ہے اور متعہ اگر چہ حرام ہے لیکن بعض صحابۂ کرام کی طرف منسوب جواز کی وجہ سے دافع حد ہے، ہاں تعزیراً سخت سزا دی جائے گی۔

احکام القرآن میں ہے:

**﴿قوله فما استمتعم به منهن فأتوهن أجورهن﴾ فأوجب على الزوج كمال المهر، وقد سمى الله المهر أجراً في قوله: ﴿فانكحوهن بإذن أهلهن وآتوهن أجورهن﴾ فسمى المهر أجراً وكذلک الأجور المذكورة في هذه الآية هى المهور وإنما سمى المهر أجراً لأنه بدل المنافع وليس ببدل عن الأعيان كما سمى بدل منافع الدار والدابة أجراً وفي تسمية الله المهر أجراً دليل على صحة قول أبي حنيفةؒ فيمن استأجر امرأة فزنا بها أنه لاحد**

**علیہ لأن اللّٰہ تعالیٰ قد سمی المھر أجراً فھو کمن قال: أمھرک کذا وقد روی نحوہ عن عمربن الخطاب ﷺ ومثل ھذا یکون نکاحاً فاسداً لأنہ بغیرشھود.** (احکام القرآن للحصاص:۲/۱٤٦).

فتح القدیر میں ہے:

**ومن شبھۃ العقد ما إذا استأجرھا لیزني بھا ففعل لاحد علیہ ویعزر وقال ھما والشافعیؒ ومالک وأحمدؒ: یحد لأن عقد الإجارۃ لایستباح بہ البضع فصار کما لو استأجرھا للطبخ ونحوہ من الأعمال ثم زنی بھا فإنہ یحد اتفاقاً، ولہ أن المستوفی بالزنا المنفعۃ وھي المعقود علیہ فی الإجارۃ لکنہ في حکم العین، فبالنظرإلی الحقیقۃ تکون محلاً لعقد الإجارۃ فأورث شبھۃ، بخلاف الاستئجار للطبخ و نحوہ لأن العقد لم یضف إلی المستوفی بالوطئ والعقد المضاف إلی محل یورث الشبھۃ فیہ لا في محل آخر.** (فتح القدیر: ۵/۲٦۲، دارالفکر۔ وکذا فی البحرالرائق: ۵/۱۸، کوئٹہ).

تبیین الحقائق میں ہے:

**ولأبي حنیفۃؒ ماروي أن امرأۃ طلبت من رجل مالاً فأبی أن یعطیھا حتی تمکنہ من نفسھا فدرأ عمر ﷺ الحد عنھما وقال: ھذا مھرھا ولأن اللّٰہ تعالیٰ سمی المھر أجرۃ بقولہ تعالیٰ: ﴿فما استمتعم بہ منھن فآتوھن أجورھن فریضۃ﴾ فصار شبھۃ لأن الشبھۃ مایشبہ الحقیقۃ لا الحقیقۃ ألا تری أنہ لوقال: أمھرتک کذا لا زنی بک لم یجب الحد... ولأن المستوفی بالوطء منفعۃ حقیقۃ وإن کان في حکم العین شرعاً فاعتبارالحقیقۃ یقتضی أن یکون محلاً للإجارۃ فأورث شبھۃ.** (تبیین الحقائق:۳/۱۸٤، باب الوطء الذی، ملتان).

البتہ صاحبِ فتح القدیر علامہ ابن ہمامؒ صاحبینؒ کے قول کو ترجیح دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حد لازم ہوگی۔
ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

**والحق فی ھذا کلہ وجوب الحد.** (فتح القدیر: ۵/۲٦۲، دارالفکر).

نیز فتاوی بینات میں بھی صاحبین کے قول پر فتویٰ نقل کیا ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی بینات میں ہے:

اس مسئلہ میں فقہ حنفی کا فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے اس پر حد لازم ہے۔(فتاویٰ بینات:۴/۴۸۰)

لیکن اس پر علامہ شامیؒ فرماتے ہیں کہ صاحبینؒ کے قول کی ترجیح صرف صاحبِ فتح القدیر نے نقل فرمائی ہے، ورنہ اصحابِ متون وشراح نے امام صاحبؒ کے قول کو اختیار فرمایا ہے۔ اور علامہ سید احمد طحطاویؒ نے فرمایا کہ تعزیراً بہت سخت سزا دی جائے گی۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**قوله والحق وجوب الحد أي كما هو قولهما، وهذا بحث لصاحب الفتح، وسكت عليه في النهر والمتون والشروح على قول الإمام** . (فتاوى الشامي: ٤/ ٢٩،باب الوطء الذي يوجب الحد،سعيد).

**وفي الطحطاوي على الدر : وعلى قوله يعزوان أشد التعزير، أبو السعود عن الحموي**. (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ٢/ ٣٩٨، كوئته).

عام طور پر شراح نے امام ابوحنیفہؒ کے قول کی تائید میں دو دلیلیں پیش فرمائی ہیں۔

(۱) حضرت عمرؓ کا فیصلہ۔

(۲) آیتِ کریمہ جس میں اللہ تعالیٰ نے مہر کو اجرت سے تعبیر فرمایا ہے۔

حضرت عمرؓ کے فیصلہ کے بارے میں فتاویٰ بینات میں مذکور ہے کہ یہ صحیح سند سے ثابت ہے، اور اور اجماع سکوتی کے درجہ میں ہے اس لیے کہ صحابہ کرامؓ کی موجودگی میں یہ فیصلہ ہوا اور کسی نے انکار نہیں فرمایا۔

ملاحظہ فرمائیں فتاویٰ بینات میں ہے:

حضرت امامؒ شبہ کی بنا پر حد کو ساقط کرتے ہیں (اور تعزیر کا حکم دیتے ہیں) ان کا استدلال حضرت عمرؓ کے اثر سے ہے جس کو امام عبدالرزاق نے مصنف میں بایں الفاظ نقل کیا ہے:

**أخبرنا ابن جريج ثني محمد بن الحارث بن سفيان عن أبي سلمة بن سفيان أن امرأة**

**جاء ت عمر بن الخطاب رضي الله عنه فقالت: يا أمير المؤمنين ! أقبلت أسوق غنماً فلقيني رجل فحفن لي حفنة من تمر، ثم حفن لي حفنة من تمر ثم حفن لي حفنة من تمر ثم أصابني، فقال عمر رضي الله عنه: قلت ماذا ؟ فأعادت ، فقال عمربن الخطاب رضي الله عنه ويشيربيده: مهر، مهر، ويشير بيده كلما قال: ثم تركها.** (المصنف لعبدالرزاق:۷/۴۰۷/۱۳۶۵۳،باب الحدفي الضرورة).

دوسری روایت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

ان دونوں روایتوں کے راوی ثقہ ہیں، حافظ ابن حزم اندلسیؒ نے یہ دونوں روایتیں المحلی میں ذکر کر کے ان پر جرح نہیں کی بلکہ مالکیوں اور شافعیوں کے خلاف ان کو بطورِ حجت پیش کیا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

**وأما المالكيون والشافعيون فعهدنا بهم يشنعون خلاف الصاحب الذي لايعرف له مخالف...بل هم يعدون مثل هذا إجماعاً ويستدلون على ذلك بسكوت من الصحابة رضي الله عنهم عن النكير لذلك.** (المحلي بالآثار، كتاب الحدود،حكم المستاجرة للزنى :۱۲/۱۹۶،بيروت).

جب ان حضرات کا یہ اصول ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مندرجہ بالا واقعہ کو کیوں حجت نہیں سمجھتے ؟ باوجود یہ کہ حضراتِ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر نکیر نہیں فرمائی ؟۔ (فتاوی بینات:۴/۴۷۷۔۴۷۹،کتاب الحظر والاباحۃ،مکتبہ بینات) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## پاگل عورت سے زنا پر حد اور "لولا علی لهلک عمر" کی مزید تحقیق:

**سوال:** ایک شخص نے ایک پاگل عورت کے ساتھ زنا کیا تو جہاں شرعی قانون نافذ ہو وہاں زانی اور زانیہ پر حد ہے یا نہیں؟ اور اس سلسلہ میں جو روایت بیان کی جاتی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک پاگل زانیہ کے رجم کا حکم فرمایا تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تنبیہ پر اپنا فیصلہ واپس لے لیا اس روایت کا کیا درجہ ہے۔ فتاویٰ دار العلوم زکریا (۱/ ۳۵۷) پر اس کو بلا سند بتلایا ہے لیکن حضرت مولانا محمد یونس جونپوری سہارنپوری دام فضلہ نے اس کو الیواقیت الغالیہ (۲/ ۳۷۹) پر ثابت مان لیا ہے، فتاویٰ دار العلوم زکریا اور الیواقیت الغالیہ دونوں میں استیعاب ابن عبدالبر کا حوالہ ہے اس تعارض کا کیا حل ہے؟

**الجواب:** عاقل بالغ زانی پر شرعی ثبوت کے بعد حد زنا ہے لیکن پاگل عورت پر حد نہیں، "رفع القلم عن ثلاثة" میں مجنون شامل ہے۔ عالمگیری میں ہے:

**وإن زنى صحيح بمجنونة أو صغيرة يجامع مثلها حد الرجل خاصة ، وهذا بالإجماع كذا في الهداية.** (الفتاوى الهندية:٢/١٤٩).

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے واقعہ کی تحقیق یہ ہے:

**قال أحمد بن زهير ، ثنا عبد الله بن عمر القواريرى ، ثنا مؤمل بن إسماعيل ، ثنا سفيان الثورى عن يحيى بن سعيد عن سعيد بن مسيب قال : كان عمر رضي الله عنه يتعوذ بالله من معضلة ليس لها أبوالحسن، وقال في المجنونة التي أمر برجمها وفي التي وضعت لستة أشهر فأراد عمر رضي الله عنه رجمها فقال له على رضي الله عنه: إن الله تعالىٰ يقول: ﴿وحمله وفصاله ثلاثون شهراً﴾** (الاحقاف-١٥)، **الحديث. فكان عمر رضي الله عنه يقول : لولا علي لهلك عمر.** (الاستيعاب في معرفة الاصحاب لابن عبدالبر:٣/١١٠٢-١١٠٣، بيروت).

حافظ ابن عبدالبرؒ نے سند کے ساتھ مذکورہ بالا عبارت لکھی ہے اور الحدیث لکھ کر پھر یہ جملہ لکھا" فكان عمر يقول: لولا على لهلك عمر"ہمارا خیال یہ ہے کہ الحدیث پر سابقہ کلام ختم ہوا اور "لولا على لهلك عمر"، ماقبل متن کے تحت داخل نہیں اور حضرت شیخ محمد یونس دام فضلہ کی رائے میں یہ جملہ سابق متن میں شامل ہے، اگر یہ جملہ ماقبل میں شامل ہو تب بھی اس کی سند میں مؤمل بن اسماعیل ہے جو منکر الحدیث ہے اور ان کا متابع موجود نہیں اور جب ان کا متابع نہ ہو تو ان کی روایت قابل اعتماد نہیں ہوتی۔

نیز حافظ ابن تیمیہؒ نے فرمایا کہ یہ زیادتی اس حدیث میں معروف نہیں ہے:"**إن هذه الزيادة ليست معروفة في هذا الحديث.** (منهاج السنة:٦/٤٥).

اس سے معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک بھی یہ زیادتی اس حدیث کا جز نہیں۔

الدکتور بشار عواد تحریر تقریب التہذیب میں لکھتے ہیں:

**مؤمل بن إسماعيل قال البخاری: منكر الحديث ،واتفق أبوحاتم وابن سعد والنسائى**

**عمل اليوم والليلة** (٨٥) **ويعقوب بن سفيان والدارقطني ومحمد بن نصر المروزي وغيرهم على أنه كثير الخطأ على الرغم من توثيقهم له في الجملة لكن من كثر خطؤه وجب مجانبة ما ينفرد به فيعتبر به في المتابعات والشواهد.** (تحرير تقريب التهذيب:٣/٤٤٢).

اس کے ساتھ ایک اور روایت بھی الاستیعاب میں موجود ہے:" **كان عمر يتعوذ من معضلة ليس لها أبو الحسن**"، یعنی عمر رضی اللہ عنہ اس مشکل واقعہ سے پناہ مانگتے تھے جس کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ موجود نہ ہو، لیکن اس کی سند میں بھی مؤمل بن اسماعیل ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## بعد السرقہ مال ہبہ کرنے سے سقوط حد کا حکم:

**سوال:** ایک شخص پر چوری کی وجہ سے قطع ید لازم ہوا، قاضی نے فیصلہ کر دیا لیکن مالک نے سارق کو وہ مال ہبہ کر دیا تو قطع ید کی سزا ساقط ہو جائے گی یا نہیں؟

**الجواب:** مالک کے ہبہ کر دینے سے قطع ید کی سزا ساقط ہو جائے گی، اگر چہ قاضی نے قطع ید کا فیصلہ کر دیا ہو۔

چنانچہ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں:

**وإذا قضى على رجلين بالقطع في سرقة فوهبت له لم يقطع.** (الهداية:٢/٥٥٠، كتاب الحدود).

قدوری میں ہے:

**فإن وهبها من السارق أو باعها منه أو نقصت قيمتها عن النصاب لم تقطع.**

(مختصر المقدوري: ٢٧٢ـ وكذا في البحر الرائق:٥/٤٦، كوئٹه ـ وفتح القدير: ٥/٤٠٦، دار الفكر) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## موجودہ دور میں شاربِ خمر کا حکم:

**سوال:** ہمارے زمانے میں شرابی کا کیا حکم ہے؟ اور اس قسم کے گناہ کے مرتکب کے لیے کونسی وعید آئی

ہے؟

**الجواب:** شارب خمر کا اصل حکم ''جب کہ اسلامی عدالت میں شرعی قانون کے مطابق ثابت ہوجائے'' یہ ہے کہ شاربِ خمر کو ۸۰ کوڑے لگائے جائیں۔لیکن صد افسوس کہ موجودہ دور میں اسلامی حکومت کے فقدان کی وجہ سے حد شرعی کا نفاذ ناممکن ہے،اس لیے مسلمانوں کو چاہئے کہ اس کو نصیحت وغیرہ سے سمجھائے ، اوراس کے ساتھ ہر قسم کی مساعدت ومعاونت ترک کردی جائے ،اورمقاطعہ کرلے ، شاید کہ باز آجائے ، اوراگر مسلمانوں کا کوئی قاضی یا جمعیت ہوتو مناسب سزا بھی دینی چاہئے ،اس لیے کہ کتاب وسنت میں شاربِ خمر کی خطرناک وعیدیں وارد ہوئی ہیں ،بطورِ ''مشتے نمونہ'' ملاحظہ فرمائیں:۔

قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون ، إنما يريد الشيطان أن يوقع بينكم العداوة والبغضاء فی الخمر والميسر ويصدكم عن ذكر اللّٰه وعن الصلاة فهل أنتم منتهون﴾

وقال ابن كثيرؒ : قال الزهري: حدثني أبو بكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام أن أباه قال: سمعت عثمان بن عفان ﷺ يقول: اجتنبوا الخمر فإنها أم الخبائث، إنه كان رجل فيمن خلا قبلكم يتعبد ويعتزل الناس فعلقته امرأة غوية فأرسلت إليه جاريتها أن تدعوه لشهادة فدخل معها فطفقت كلمادخل باباً أغلقته دونه حتى أفضى إلى امرأة وضيئة عندها غلام وباطية خمر فقالت: إني واللّٰه ما دعوتک لشهادة ولكن دعوتک لتقع علي أوتقتل هذ الغلام أوتشرب هذا الخمر، فسقته كأساً فقال: زيدوني فلم يرم حتى وقع عليها وقتل النفس ، فاجتنبوا الخمر، فإنها لاتجمع هي والإيمان أبداً إلا أوشک أحدهما أن يخرج صاحبه ، رواه البيهقي وهذا إسناد صحيح...وله شاهد فی الصحيحين عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أنه قال: لايزنی الزاني حين يزني وهو مؤمن ولا يسرق سرقة حين يسرقها وهومؤمن ولايشرب الخمرحين يشربها وهو مؤمن ...وعن أسماء بنت يزيد أنها سمعت النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: من شرب الخمر لم يرض اللّٰه عنه أربعين ليلة ، إن مات

**مات كافراً ، وإن تاب تاب الله عليه ، وإن عاد كان حقاً على الله أن يسقيه من طينة الخبال، قالت: قلت: يارسول الله ، وما طينة الخبال قال: صديد أهل النار .** (تفسير ابن كثير: ۲/ ۱۰۹ - ۱۱۰).

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شراب سے بہت بچتے رہو، کیونکہ وہ ساری برائیوں کی جڑ ہے، (ایک واقعہ سنو) تم سے پہلے کے زمانے میں ایک شخص بڑا ہی عابد تھا لوگوں کو چھوڑ کر بستی سے الگ ہو کر ایک عبادت خانہ میں عبادت کرتا رہتا تھا، ایک بدکار عورت کی اس پر نظر تھی ، اس نے اپنی خادمہ کو بھیجا کہ گواہی کے بہانے سے اس کو بلا لائے ، وہ بیچارہ آ گیا، جب وہ کسی دروازے سے داخل ہوتا تو باہر سے اس کا دروازہ بند کر دیا جاتا تھا، یہاں تک کہ اس بدکار عورت تک پہنچا، اس کے پاس ایک لڑکا اور شراب کا مٹکا رکھا ہوا تھا، وہ اس شخص سے کہنے لگی کہ خدا کی قسم میں نے تجھ کو کسی گواہی کے لیے نہیں بلایا ہے، بلکہ میں نے تجھے اس لیے بلایا تا کہ تو میرے ساتھ رات گزارے یا اس لڑکے کو قتل کر دے یا یہ شراب پیئے ، اس عابد نے یہ مناسب جانا کہ دونوں گناہوں کی بنسبت شراب پینا آسان گناہ ہے، چنانچہ اس نے شراب پی لی، اب وہ ایک جام کے بعد پے در پے اور جام مانگنے لگا، یہاں تک کہ شراب کے نشہ میں اس لڑکے کو بھی قتل کر دیا اور اس عورت کے ساتھ بھی رات گزاری، اس لیے شراب سے بچو، وہ ساری برائیوں کی جڑ ہے، شراب اور ایمان کبھی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے ، اگر شراب ہے تو ایمان (کامل) نہیں ہے اور اگر ایمان ہے تو شراب نہیں ،... صحیحین میں ہے کہ سرور کائنات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زانی جس وقت زنا کرتا ہے تو وہ مومن نہیں رہتا، اور چور جب چوری کرتا ہے اس وقت مومن نہیں رہتا، اور شرابی جب شراب پیتا ہے تو مومن نہیں ہوتا۔

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ صلیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے شراب پی، اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس سے ناخوش رہتے ہیں، اگر وہ مر جائے تو کافر مرے گا، اور اگر توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمالیں گے، اور اگر پھر شراب کا عادی بن جائے تو بالیقین اللہ تعالیٰ اس کو (قیامت کے دن) دوزخیوں کا پیپ پلائیں گے، حضرت اسماء کہتی ہیں کہ میں نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول! "طينة الخبال" کیا چیز ہے؟ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا: "دوزخیوں کا ریم اور پیپ ہے۔

وقال السيوطي في الدر المنثور: أخرج وكيع والبخاري ومسلم عن ابن عمر ﷺ قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: " من شرب الخمر في الدنيا لم يشربها في الآخرة إلا أن يتوب "، وأخرج البيهقي في الشعب عن ابن عمر ﷺ قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: " من شرب الخمر في الدنيا ولم يتب، لم يشربها في الآخرة وإن أدخل الجنة. وأخرج البيهقي عن ابن عمر ﷺ قال: نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن يقعد على مائدة يشرب عليها الخمر. (الدر المنثور:٣/١٧٦١٧٤).

وقال الإمام السرخسيؒ في المبسوط: اعلم أن الخمر حرام بالكتاب والسنة: أما الكتاب فقوله تعالىٰ...والسنة: ماروي عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم أنه قال:" لعن اللّٰه في الخمر عشراً، الحديث. وذلك دليل نهاية التحريم، وقال عليه الصلاة والسلام: الخمر أم الخبائث، وقال عليه الصلاة والسلام: شارب الخمر كعابد الوثن، وقال عليه الصلاة والسلام: إذا وضع الرجل قدحاً فيه خمر على يده لعنته ملائكة السموات والأرض فإن شربها لم تقبل صلاة أربعين ليلة، وإن داوم عليها فهو كعابد الوثن، والأمة أجمعت على تحريمها، وكفى بالإجماع حجة هذه حرمة قوية باتة حتى يكفر مستحلها ويفسق شاربها. (المبسوط: كتاب الاشربة، ٢٧/١٢٦).

وقال ملك العلماء أبوبكر مسعود بن أحمد الكاساني:

إن حد شرب الخمر وحد السكر مقدر بثمانين جلدة في الأحرار لإجماع الصحابة وقياسهم على حد القذف حتى قال سيدنا علي ﷺ: إذا سكر هذى وإذا هذى افترى وحد المفترين ثمانون وبأربعين في العبيد لأن الرق منصف للحد كحد القذف والزنا. (بدائع الصنائع: ٥/١١٣، كتاب الاشربة، سعيد). واللّٰہ ﷻ اعلم۔

## زہر دیکر قتل کرنے پر قصاص کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے دوسرے شخص کو زہر دیکر قتل کر دیا، تو قصاص اور دیت واجب ہے نہیں؟

**الجواب:** زہر دیکر قتل کرنے میں تھوڑی سی تفصیل ہے، اور وہ یہ ہے کہ اگر کسی نے زبردستی کسی کے منہ میں زہر ڈالدیا یا اس کو دیدیا اور پھر پینے پر مجبور کیا یہاں تک کہ اس نے پی لیا تو ان دونوں صورتوں میں دینے والے پر قصاص تو نہیں ہے البتہ عاقلہ پر دیت واجب ہوگی۔

اور اگر کسی شخص نے کسی کو صرف زہر دیدیا اور بغیر کسی اکراہ کے وہ خود پی گیا تو دینے والے پر قصاص یا دیت لازم نہیں، خواہ پینے والے کو اس کے زہر ہونے کا علم ہو یا نہ ہو، ہاں معطی کو مناسب تعزیر دے سکتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں ہے:

وإذا سقى رجلاً سماً فمات من ذلك فإن أوجره إيجاراً على كره منه أو ناوله ثم أكرهه على شربه حتى شرب أو ناوله من غير إكراه عليه فإن أوجره أو ناوله أو أكرهه على شربه فلا قصاص عليه و على عاقلته الدية وإذا ناوله فشرب من غير أن أكرهه عليه لم يكن عليه قصاص ولادية سواء علم الشارب بكونه سماً أولم يعلم ، هكذا في الذخيرة. (الفتاوى الهندية:٦/٦).

درمختار میں ہے:

سقاه سماً حتى مات إن دفعه إليه حتى أكله ولم يعلم به فمات لا قصاص ولادية لكنه يحبس و يعزر ولو أوجره السم إيجاراً تجب الدية على عاقلته وإن دفعه له في شربه فشربه ومات منه فكالأول لأنه شرب منه باختياره إلا أن الدفع خدعة فلا يلزم إلا التعزير والاستغفار. وفي الشامية : قوله لا قصاص ولادية ويرث منه قوله حتى أكله باختياره قوله ولو أوجره أى صب في حلقه على كره ، وكذا لو ناوله وأكرهه على شربه حتى شرب فلا قصاص وعلى عاقلته الدية ، وفي الذخيرة: ذكر المسألة في الأصل مطلقاً بلاخلاف ولم

**یـفـصـل ولا يشكل على قول أبي حنيفةؒ لأن القتل حصل بما لا يجرح فكان خطأ العمد على مـذهبـه وأمـا عـلى قولهما فمنهم من قال عندهما التفصيل إن كان ما أوجر من السم مقداراً يقتل مثله غالباً فهو عمد وإلا فخطأ العمد.** (الدرالمختارمع الشامی: ٥٤٢/٦، فيمايوجب القود).

دوسرا قول:

علامہ شامیؒ نے نقل فرمایا ہے کہ قصاصاً قتل کیا جائے گا، اس لیے کہ زہر نار یعنی آگ کے جلانے اور چھری کے کاٹنے کی طرح کام کرتا ہے، اور فی زمانہ حالات پر مدنظر رکھتے ہوئے اسی قول پر فتویٰ ہونا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ شامی فرماتے ہیں:

**وذكـر السـائحاني: أن شيخه أبا السعود ذكر في باب قطع الطريق لو قتل بالسم قيل يجب القصاص لأنه يعمل عمل النار والسكين ورجحه السمرقندي.** (شامی:٥٤٢/٦).

**وفـي التـحرير المختار: (قوله وذكر السائحاني) وقال السندي في آخر السرقة نقلاً عـن الحموي: من سقى رجلا سماً فمات قال في جنايات البدائع: يجب القصاص لأنه يعمل عـمـل الـنـار والسـكين قال السمرقندي في شرحه: والعمل على هذه الرواية في زماننا لأنه ساعٍ في الأرض بالفساد فيقتل دفعاً لشره.** (التحريرالمختار: ٣٢٣/٦، سعيد).

نیز حنابلہ اور مالکیہ کے نزدیک قتل عمد ہے اور شافعیہ کے نزدیک اس وقت قتل عمد ہوگا جب کہ غیر ممیز بچہ یا پاگل کو کھلائے یا عاقل بالغ کو جبراً کھلائے اگر عاقل بالغ کو زبردستی نہیں کھلایا تو پھر شبہ عمد ہوگا۔

الفقہ الاسلامی وادلتہ میں ہے:

**والـخـلاصة أن التسـمـيـم قتـل عـمد عند المالكية والحنابلة وعمد عند الشافعية في حالة الإكراه وإعطائه غير المميز أو المجنون.** (الفقه الاسلامی وادلته: ٢٤٤/٦). واللہ ﷻ اعلم۔

## سحر کے ذریعہ قتل کرنے پر قصاص کا حکم:

**سوال:** ساحر اگر اپنے سحر کے ذریعہ کسی کو قتل کردے تو قاتل ساحر کا کیا حکم ہے، اور اس کی کیا سزا ہے؟

**الجواب:** ساحر اگر اپنے سحر کے ذریعہ کسی کو قتل کردے تو عندالحنفیہ قصاصاً قتل نہیں کیا جائے گا، اور نہ ہی دیت لازم ہوگی، البتہ مفسد فی الارض ہونے کی وجہ سے قاضی تعزیراً قتل کرسکتا ہے۔

احکام القرآن میں ہے:

**وعلى أي وجه كان معنى السحر عند السلف فإنه لم يحک عن أحد إيجاب قتل الساحر من طريق الجناية على النفوس بل إيجاب قتله باعتقاده عمل الساحر من غير اعتبار منهم بجناية على غيره** . (احكام القرآن للجصاص :۱/۵۲).

مدارک التنزیل میں ہے:

**إن السحر الذي هو كفر يقتل عليه الذكور لا الأناث وماليس بكفر وفيه إهلاک النفس ففيه حكم قطاع الطريق و يستوي فيه المذكر والمؤنث وتقبل توبته إذا تاب .**

(التفسير النسفي:۱/٦٦۔وكذا في تفسير المظهري: ۱/۱۰٦).

معین الحکام میں علامہ علاء الدین طرابلسی فرماتے ہیں:

**قال في النوازل: الخناق والساحر يقتلان اذا أخذا لأنهما ساعيان في الأرض بالفساد فإن تابا ان كان قبل الظفر بهما قبلت توبتهما وبعد ما أخذا لا ، ويقتلان كما في قطاع الطريق.** (معين الحكام فيما يتردد بين الخصمين من الأحكام :۱۹۳، دارالفكر) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## غیر مسلم ملک میں کسی مسلمان کو قتل کرنے پر کفارہ کا حکم:

**سوال:** اگر کسی مسلمان نے دوسرے مسلمان کو غیر مسلم ملک میں قتل کیا اور اب نادم ہے تو قصاص واجب ہے یا دیت؟ صلح کرنا چاہیں تو صلح ہوسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ غیر مسلم ملک میں قتل کی وجہ سے قصاص ساقط ہوگیا، البتہ دیت لازم ہے ہاں صلح کرنا چاہیں تو صلح بھی کرسکتے ہیں۔

ملاحظہ ہو فتح القدیر میں ہے:

قوله إذا دخل مسلمان دارالحرب بأمان فقتل أحدهما صاحبه عمداً أو خطأً فعلى القاتل عمداً الدية في ماله ولا كفارة عليه هكذا في عامة النسخ من شروح الجامع الصغير بلا ذكر خلاف. (فتح القدير: ٦/ ٢٠، دارالفكر).

درمختار میں ہے:

قتل أحد المسلمين المستامنين صاحبه عمداً أوخطأً (تجب الدية ) لسقوط القود ثمة كالحد (في ماله) فيهما لتعذر الصيانة على العاقلة مع تباين الدارين. وفى الشامية: قوله لتعذر الصيانة علة لقوله في ماله أى لا على العاقلة لأن وجوب الدية على العاقلة بسبب تركهم صيانته عن القتل ولا قدرة لهم عليها مع تباين الدارين وهذا فى الخطأ فكان ينبغي أن يزيد، لأن العواقل لا تعقل العمد. (الدرالمختارمع الشامي: ٤/ ١٦٧، سعيد). والله ﷻ اعلم۔

## بادشاہ یا حکومتِ وقت کے مجبور کرنے پر قتل کا حکم:

**سوال:** اگر کسی کو بادشاہ یا حکومتِ وقت مجبور کرے کہ فلاں کو قتل کرو اور اس نے قتل کر دیا تو قصاص کس پر واجب ہوگا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ قاتل پر قصاص لازم ہے نہ کہ بادشاہ یا حکومت پر اور اگر آمر خلیفۃ المسلمین ہے تو آمر پر قصاص ہے اور مامور قاتل مباح الدم اور مردود الشہادۃ ہوگا۔

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

وإن أكره على قتل غيره بقتل لم يرخص ولم يسعه أن يقدم عليه ويصبر حتى يقتل فإن قتله كان آثماً والقصاص على المكرَه إن كان عمداً عند محمدؒ وأبي حنيفةؒ كذا فى الكافي، ولو كان المامور مختلط العقل أوصبياً يجب القصاص على المكرِه الآمر، كذا فى العيني شرح الهداية ،... وإذا بعث الخليفة عاملاً على كورة فقال لرجل لتقتلن هذا الرجل

بـالسيف وإلا لأقتـلـنـک لاينبغي للمكره المامور أن يقتل ولكن مع هذا إن قتل فالقود على الآمـر الـمكره والمكره المامور بالقتل يأثم ويسفق وترد شهادته ويباح قتله والمكره الآمر يحرم عن الميراث دون المكره المامور كذا في خزانة المفتين. (الفتاوى الهندية:٥/ ٣٩،١ ٤).

فتاوی قاضی خان میں ہے:

إذا أكـره الـرجـل بـوعيـد قيـد أو حبس على قتل مسلم ففعل لايصح الإكراه وعلى القاتل القصاص في قولهم. (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية:٣/ ٤٨٤، كتاب الاكراه) . واللہ ﷻ اعلم۔

## قتل کے یقین یا ظن غالب پر قتل کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص کو یقین یا ظن غالب ہے کہ زید مجھے قتل کردے گا تو یہ شخص زید کو قتل کرسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** شریعتِ مطہرہ میں کسی کو قتل کرنے کی قطعاً اجازت نہیں ہے، سوائے تین صورتوں کے۔(۱) زنا بعد احصان میں رجم (۲) ارتداد (۳) ناحق قتل پر قصاص۔ ان تین صورتوں کے علاوہ قتل کی گنجائش نہیں، اگر کسی کو کسی سے اندیشہ ہو تو پولیس وغیرہ کی مدد سے حتی الامکان اپنا بچاؤ کرلے، ہاں اگر زید نے سلاح کے ساتھ حملہ کردیا اور دفاع کے بغیر چارہ نہیں ہے ورنہ اپنی جان کی ہلاکت کا اندیشہ ہے تو اس وقت دفاعاً قتل کی گنجائش ہوگی۔

مشکوٰۃ شریف میں ہے:

عـن عبد اللّٰه بن مسعود رضي الله عنه قـال: قـال رسـول الـلّٰه صلى اللّٰه عليه و سلم: لايحل دم امرئ مسلم يشهد أن لا إله إلا اللّٰه وأني رسول اللّٰه إلا بأحدى ثلاث النفس بالنفس والثيب الزاني والمارق لدينه التارک للجماعة. متفق عليه. (مشكاة: ٢/ ٢٩٩، كتاب القصاص).

ہدایہ میں ہے:

قـال و مـن شهرعلى المسلمين سيفاً فعليهم أن يقتلوه لقوله عليه الصلاة والسلام من

**شهر على المسلمين سيفاً فقد أطل دمه ولأنه باغ فتسقط عصمته ببغيه ولأنه تعين طريقاً لدفع القتل عن نفسه فله قتله.** (الهداية: ٤/٥٦٧).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**و من شهر على المسلمين سيفاً وجب قتله ولا شيء بقتله وكذلك إذا شهر على رجل سلاحاً فقتله أو قتله غيره دفعاً عنه فلا يجب لقتله شيء ولا يختلف بين أن يكون بالليل أوالنهار في المصر أو خارج المصر كذا في التبيين.** (الفتاوى الهندية:٦/٧).

**درمختار میں ہے:**

**و يجب قتل من شهر سيفاً على المسلمين يعني في الحال. وفي الشامية: قوله في الحال أي في حال شهرة السيف عليهم قاصداً ضربهم لا بعد انصرافه عنهم فإنه لايجوز قتله.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:٦/٥٤٥، فصل فيما يوجب القود، سعيد). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## قتل خطا میں دیت کا حکم:

**سوال:** ایک شخص گولیاں چلا رہا تھا غلطی سے کسی کو گولی لگی اور وہ مر گیا، قاتل اقرار کر رہا ہے اب اس پر دیت ہے یا نہیں؟ اور دیت کی مقدار رینڈ یا ڈالر میں کتنی ہے؟ اور اقرار سے ثابت ہونے اور شہادت سے ثابت ہونے میں کوئی فرق ہے یا نہیں اگر ہے تو کیا ہے؟

**الجواب:** صورتِ مسئولہ میں یہ قتل خطا ہے اور قتل خطا میں کفارہ اور دیت لازم ہوتی ہے پھر اگر شہادت سے قتل ثابت ہو جائے تو دیت عاقلہ پر ہے، اور اگر صرف قاتل کے اقرار سے ثابت ہو تو دیت قاتل کے مال میں لازم ہوگی، جو تین سال میں ادا کی جائے گی، اور دیت کی مقدار ایک ہزار دینار اور درہم کے اعتبار سے ۱۰،۰۰۰ ہزار درہم جس کا اندازہ جدید پیمانے میں ۳۰،۶۱۸ کلوگرام چاندی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں صاحب ہدایہ فرماتے ہیں:

**وخطأ في الفعل وهو أن يرمي غرضاً فيصيب آدمياً وموجب ذلك الكفارة والدية**

على العاقلة لقوله تعالىٰ: ﴿فتحرير رقبة مؤمنة، ودية مسلمة إلى أهله﴾ وهي على عاقلته في ثلاث سنين، ولا أثم فيه. (الهداية: ٤/ ٥٦١).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

وخطأ في الفعل...وموجب ذلك الكفارة والدية على العاقلة وتحريم الميراث وسواء قتل مسلماً أو ذمياً في وجوب الدية والكفارة ولا مأثم فيه في الوجهين سواء كان خطأ في القصد أو خطأ في الفعل...الخ. (الفتاوى الهندية: ٦/ ٣).

وفي حاشية تبيين الحقائق: إذا أقر بقتل خطأ حيث يقضى عليه بالدية في ماله لأن إقراره حجة على نفسه. (حاشية تبيين الحقائق للشيخ شهاب الدين احمد الشلبي: ٦/ ١٧٩).

عالمگیری میں ہے:

وكذلك من أقر بقتل خطأ كانت الدية في ماله في ثلاث سنين. (الفتاوى الهندية: ٦/ ٨٧، فصل اذا لم تكن لقاتل الخطأ العاقلة...).

ہدایہ میں ہے:

والدية في الخطأ مائة من الإبل أخماساً...قال: ومن العين ألف دينار و من الورق عشرة آلاف درهم...ولاتثبت الدية إلا من هذه الأنواع الثلاثة. (الهداية: ٤/ ٥٨٤).

جدید مقدار ملاحظہ ہو: (اوزان شرعیہ از مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ: ۶۲) . واللہ ﷻ اعلم۔

## عصر حاضر میں عاقلہ کی تعیین:

**سوال:** موجودہ دور میں احناف کے نزدیک عاقلہ کون لوگ ہیں اور ان کی کیا تفصیل ہے؟

**الجواب:** حضرت مفتی محمد تقی صاحب فرماتے ہیں:

جب قبائلی زندگی تھی اس وقت تو عاقلہ کا تعین آسان تھا کہ قبیلہ کے لوگ قریب قریب رہتے تھے اور ان کے درمیان آپس میں تعاون اور تناصر ہوتا تھا، اس لیے ہر شخص کا قبیلہ اس کی ''عاقلہ'' تھی وہ دیت ادا کرتا تھا لیکن

موجودہ دور میں اور خاص طور پر شہری زندگی میں عاقلہ کس کو قرار دیا جائے؟ بات یہ ہے کہ روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عاقلہ ہونے کا دارومدار آپس میں تعاون اور تناصر پر ہے، لہذا جن لوگوں کے درمیان باہم تعاون وتناصر ہے، وہ اس کی عاقلہ ہے، لہذا جہاں کوئی قبیلہ ہے اور وہ قبائل منظّم ہیں، اور ہر شخص کو معلوم ہے کہ اس کا قبیلہ فلاں ہے، تو وہ اس کی عاقلہ ہے، وہ اس کی دیت ادا کرے، اور اگر قبیلہ نہیں ہے، لیکن منظّم برادری ہے تو وہ دیت ادا کرے، اور اگر برادری بھی نہیں ہے تو پھر جیسے آج کل ٹریڈ یونین ہوتی ہے اوران کے درمیان آپس میں تعاون وتناصر ہوتا ہے تو وہ اس کی عاقلہ ہوسکتی ہے، خلاصہ یہ ہے کہ شخص کی عاقلہ اس کے حالات کے لحاظ سے مختلف ہوسکتی ہے...

دیت عاقلہ پر اس لیے واجب کی ہے تا کہ عاقلہ اس کو اس قسم کے جرائم سے باز رکھے اور اس کی تربیت اس طرح کرے کہ وہ قتل پر آمدہ نہ ہو، اور اگر کبھی قتل پر آمدہ ہو تو عاقلہ اس کو روکے، اور یہ دیت تین سال میں وصول کی جائے گی، اور ایک فرد سے ایک سال میں تین درہم سے زیادہ وصول نہیں کیے جائیں گے۔ (تقریر ترمذی: ۲/ ۵۷، باب ماجاء فی المرأۃ ترث من دیۃ زوجہا)۔

ہدایہ میں ہے:

**والعاقلة أهل الديوان إن كان القاتل من أهل الديوان يؤخذ من عطاياهم في ثلاث سنين، وأهل الديوان أهل الرايات وهم الجيش الذين كتبت أساميهم في الديوان وهذا عندنا... ولنا قضية عمر ﷺ فإنه لما دون الدواوين جعل العقل على أهل الديوان وكان ذلك بحضر من الصحابة ﷺ من غير نكير منهم وليس ذلك بنسخ بل هو تقرير معنى لأن العقل كان على أهل النصرة وقد كانت بأنواع بالقرابة والحلف والولاء والعد وفي عهد عمر ﷺ قد صارت بالديوان فجعلها على أهله اتباعاً للمعنى ولهذا قالوا: لو كان اليوم قوم تناصرهم بالحرف فعاقلتهم أهل الحرفة وإن كان بالحلف فأهله والدية صلة لكن إيجابها فيما هو صلة و هو العطا اولىٰ منه في أصول أموالهم والتقدير بثلث سنين مروي عن النبي صلى الله عليه وسلم ومحكي عن عمر ﷺ ولأن الأخذ من العطاء للتخفيف والعطاء يخرج**

**في كل سنة مرة واحدة.** (الهداية: ٤/٥٤٦، كتاب المعاقل).

تکملہ فتح الملہم میں ہے:

**ثم اختلفوا في تعيين مصداق العاقلة...وقال الإمام أبوحنيفةؒ: إن العاقلة هم الذين يتناصر بهم القاتل، وكان التناصر في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم بالقبائل، فكانت عاقلة الرجل قبيلته ثم تغير الوضع حين وضع سيدناعمر رضي الله عنه الديوان، فصار التناصر بأهل الديوان فأصبح أهل الديوان عاقلته... فالحاصل أن قضاء عمر رضي الله عنه بمحضر من الصحابة رضي الله عنهم دل على أن الحكم كان مناطه النصرة، فيتغير بتغيره، ويمكن أن يقال في عصرنا: إن التناصر أصبح للعمال بوفاقهم الذي يسمى" تريد يونين"...فينبغي أن تكون عاقلة عامل وفاقه ... وحيث لم يكن للقاتل جماعة ينتصر بها فالدية في بيت المال إن كان منتظماً فيه سعة، وإن لم يكن منتظماً ففي مال القاتل.** (تكملة فتح الملهم: ٢/٣٧٩، الاختلاف فی العاقلة) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## تغریق کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے کسی کو پانی میں ڈالدیا اور غرق کردیا، تو اس پر قصاص آئے گا، یا نہیں؟

**الجواب:** اگر پانی اتنا زیادہ ہو کہ عام طور پر اس سے باہر نکلنا اور نجات حاصل کرنا ناممکن ہو تو صاحبین کے نزدیک قتل عمد میں داخل ہے اور امام صاحب کے نزدیک شبہ عمد ہے، اور اگر پانی بہت کم ہو کہ اس سے بچنا ممکن ہو، یا بہت زیادہ ہو لیکن آدمی تیرنا جانتا ہے اور تیر کر بچنا ممکن ہو تو ائمہ احناف کے اتفاق سے شبہ عمد ہوگا۔

ملاحظہ ہو فتاوی عالمگیری میں ہے:

**ذكر شيخ الإسلام في شرح زيادات الأصل أن من غرق إنساناً بالماء إن كان الماء قليلاً لا يقتل مثله غالباً وترجى منه النجاة بالسباحة فى الغالب فمات من ذلك فهو خطأ العمد عندهم جميعاً وأما إذا كان الماء عظيماً إن كان بحيث تمكنه النجاة منه بالسباحة**

بأن كان غير مشدود ولا مثقل و هو يحسن السباحة فمات يكون خطأ العمد أيضاً وإن كان بحيث لاتمكنه النجاة فعلى قول أبي حنيفةؒ هو خطأ العمد و لا قصاص و على قولهما هو عمد محض و يجب القصاص . (الفتاوى الهندية:٦/٥).

وفي المبسوط : وإذا غرق رجل رجلاً في ماء فلا قصاص عليه وإن كان يعلم أنه لاينقلب منه بلغنا ذلک عن عمر ﷺ ...وعلى قول أبي يوسفؒ ومحمدؒ يجب عليه القصاص إذا جاء من ذلک ما يعلم أنه لايعيش من مثله بمنزلة القتل بالحجر الكبير...ثم الماء ليس في معنى السلاح. (المبسوط للامام السرخسیؒ:٢٦/٢٧٨،بیروت).

مزید ملاحظہ ہو: (الفقه الاسلامی وادلته:٦/٢٥٣) . واللہ ﷻ اعلم۔

## یوتھینیز یا(EUTHANASIA) کا حکم:

**سوال:** شریعتِ مطہرہ کی نگاہ میں یوتھینیز یا (EUTHANASIA) ''رحیمانہ قتل'' جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** یوتھینیز یا(EUTHANASIA) کا مختصر تعارف حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

مہلک امراض والے مریض جو شدید تکالیف میں مبتلا ہوں اور ماہر ڈاکٹروں کے اندازہ کے مطابق ان کی صحتیابی کی کوئی امید باقی نہ رہے یا ایسے لوگ یا بچے جو پیدائشی معذور ہوں ان کو ہمیشہ کے لیے تکلیف سے نجات دینے کے لیے دوا یا انجکشن دیدیا جائے تاکہ ان کی زندگی ختم ہوجائے اور ان کے اہل قرابت مسلسل غم اور اذیت سے سبکدوش ہوجائیں۔

یوتھینیز یا(EUTHANASIA) دوقسم پر ہے:

(۱) ایسی دوؤں کا استعمال کرنا جو زندگی کو ختم کردے۔

(۲) زندگی کو بقا اور طول دینے والی دواؤں اور علاج ومعالجات سے پرہیز کرنا۔

يوتهينيزيا (EUTHANASIA) يعني المريض الذي هو في ألم دائم وعذاب مستمر ولايرجى شفائه منه أو الطفل الذي يكون معذوراً إلى حد غير عادي ويكون كلاً على أبويه

فقتلهم شفقة لتخليصهم من الألم وإراحة الآخرين ، ليعلم أن ليوتهينيزيا طريقتين وأسلوبين (۱) العملي المباشر (Active) (۲) وغير المباشر (Passive).

انگریزی الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں:

Euthanasia (literally "good death"), practice of ending a life so as to release an individual from an incurable disease or intolerable suffering, also called "mercy killing". The term is sometimes used generally to refer to an easy or painless death. Voluntary euthanasia involves a request by a dying patient or that person's legal representitive. Passive or negative euthanasia involves not doing something to prevent death-that is, allowing someone to die; active or positive euthanasia involves taking deliberate action to cause a death.

یوتھینیزیا کا حکم ملاحظہ فرمائیں:

بنگاہِ شریعت یوتھینیزیا (EUTHANASIA) جائز اور درست نہیں ہے، بلکہ قتل نفس کے مترادف ہے اور اگر مریض نے اجازت دی ہے تو خودکشی کے درجہ میں ہے، اور قتل نفس وخودکشی دونوں گناہِ کبیرہ ہیں۔ احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تین صورتوں کے علاوہ کسی کی جان لینا حرام اور ناجائز ہے:

(۱) شادی شدہ مرد یا عورت زنا کرے (۲) کسی کو ناحق قتل کردے (۳) مرتد ہوجائے۔

حدیث شریف ملاحظہ فرمائیں:

عن عبد الله بن مسعود ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه و سلم: لايحل دم امرئ مسلم يشهد أن لا إله إلا الله وأني رسول الله إلا بأحدى ثلاث النفس بالنفس والثيب الزاني والمارق لدينه التارك للجماعة. متفق عليه. (مشكاة: ۲/۲۹۹، كتاب القصاص).

و عن عبد الله بن عمرو ﷺ أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لزوال الدنيا أهون على الله من قتل رجل مسلم، رواه الترمذي والنسائي ووقفه بعضهم وهو الأصح ورواه ابن ماجة عن البراء بن عازب ﷺ. (مشكوٰة شريف: ۲/۳۰۰).

عن أنس عن النبي صلى الله عليه وسلم في الكبائر قال: الشرك بالله وعقوق

**الوالدين وقتل النفس وقول الزور.** (رواه مسلم: ١/ ٦٤).

**وعن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من قتل نفسه بحديدة فحديدته في يده يتوجأ بها في بطنه في نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً ومن شرب سماً فقتل نفسه فهويتحساه في نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً ومن تردى من جبل وقتل نفسه فهو يتردى في نار جهنم خالداً مخلداً فيها أبداً.** (رواه مسلم: ١/ ٧٢).

**وعن جندب بن عبد الله ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان في من كان قبلكم رجل به جرح فجزع فأخذ سكيناً فحز بها يده فما رقأ الدم حتى مات قال الله تعالىٰ: بادرني عبدي بنفسه فحرمت عليه الجنة.** (متفق عليه، مشکوٰة شريف: ٢/ ٣٠٠).

عالمگیری میں طبیب اور ڈاکٹر کو علاج ومعالجہ کی حدود بتلائی ہیں، ملاحظہ فرمائیں:

**ولا بأس بشق المثانة إذاكانت فيها حصاة وفى الكيسانيات فى الجراحات المخوفة والقروح العظيمة والحصاة الواقعة فى المثانة و نحوها إن قيل قد ينجو و قد يموت أو ينجو ولا يموت يعالج و إن قيل لاينجو أصلاً لايداوي بل يترك كذا فى الظهيرية.** (الفتاوى الهندية: ٥/ ٣٦٠، باب فى جراحات بنى آدم).

ماہر اطباء کی ذمہ داری ہے کہ علاج ومعالجہ کی فکر کریں اس لیے کہ کوئی بیماری ایسی نہیں جس کا علاج ممکن نہ ہو قدیم زمانہ میں کچھ امراض لاعلاج سمجھے جاتے تھے لیکن موجودہ ترقی یافتہ دور میں یہ بات مسلم نہیں ہے۔

نیز شریعتِ مطہرہ کا منشا بھی یہی ہے کہ علاج وشفاء ناممکنات میں سے نہیں ہیں۔

حدیث شریف میں بھی اس کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے:

**عن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما أنزل الله داء إلا أنزل له شفاء، رواه البخاري. وعن جابر ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لكل داء دواء فإذا أصيب دواء الداء برأ بإذن الله تعالىٰ. رواه مسلم.** (مشکوٰة شريف: ٢/ ٣٨٧، باب الطب).

مزید براں مسلمان کی بیماری کفارۂ سیئات اور رفع درجات کا باعث ہوتی ہے، لہذا مرض بھی رحمت ہے البتہ ہمیشہ عافیت کی دعا کرنی چاہئے اور بیماری طلب نہیں کرنی چاہئے، لیکن آنے پر صبر سے کام لینا چاہئے، اور دنیا کا قاعدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں پر کچھ نہ کچھ بیماری یا تکالیف مسلط رہتی ہیں۔

حدیث شریف میں ہے:

**عن مصعب بن سعد عن أبيه قال: قلت: يارسول الله! أى الناس أشد بلاء قال: "الأنبياء ثم الأمثل فالأمثل يبتلى الرجل على حسب دينه فإن كان دينه صلباً أشتد بلاؤه وإن كان في دينه رقة ابتلي على قدر دينه فما يبرح البلاء بالعبد حتى يتركه يمشي على الأرض وما عليه خطيئة. قال أبوعيسىٰ: هذا حديث حسن صحيح وفى الباب عن أبي هريرة** رضي الله عنه. (ترمذی شریف:٢/٦٥، باب ماجاء فى الصبرعلى البلاء).

**وعن عبد الله قال: دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يوعك فقلت يارسول الله إنك لتوعك وعكاً شديداً قال: أجل إني أوعك كما يوعك رجلان منكم قلت: ذلك أن لك أجرين قال: أجل ذلك كذلك ما من مسلم يصيبه أذى شوكة فما فوقها إلا كفر الله بها سيئاته كما تحط الشجرة ورقها.** (صحيح البخارى:٢/٨٤٣، باب اشدالناس بلاء الانبياء ثم الامثل فالامثل، كتاب المرضى).

**وعن أبي سعيد الخدري** رضي الله عنه **أن رجلاً قال: يارسول الله أرأيت هذه الأمراض التي تصيب أبداننا، ما لنا بها؟ قال: "الكفارات" قال أبي بن كعب** رضي الله عنه **وإن قل ذلك يارسول الله؟ قال: وإن شوكة فما وراء ها.** (مشكل الآثارللطحاوى:٥/٢٠٥/١٨٤٧،باب بيان مشكل ماروى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فى حط الخطايا).

لہذا امراض وتکالیف سے ناامید اور مایوس نہیں ہونا چاہئے بلکہ صبر کے ساتھ ثواب کی امید رکھنا چاہئے۔

## یوتھینیز یا (EUTHANASIA) کی دوسری صورت کا حکم:

حضرت مولانا مفتی نظام الدین صاحب فرماتے ہیں:

یہ تکالیف کفارۂ ذنوب اور آخرت میں درجات کا ذریعہ بنتی ہیں اور پھر ہمیشہ ہمیشہ ابدالآباد تک راحت و چین ملتا ہے، اس لیے مذکورہ دونوں تدبیروں میں سے کسی تدبیر کا حکم یا اجازت شریعتِ مقدسہ میں ہرگز نہ ہوگی، البتہ دونوں کے حکم میں فرق یہ ہوگا کہ، (۱) میں غیر طبعی موت دوا وغیرہ سے طاری کرنے میں تو ایسا کرنے والے پر قتل کا گناہ اور وبال پڑے گا، بسا اوقات شرعاً دیت ضمان وغیرہ بھی لازم آجائے گا، اور (۲) میں یہ حکم (قتل کا گناہ وغیرہ) تو نہ ہوگا لیکن ترکِ تدبیر اور صحت کے لیے ترکِ سعی فعل مذموم وقبیح اور منشا شرع کے خلاف ضرور ہوگا، اور سستی یا لاپرواہی سے ایسا کیا گیا تو اس پر مؤاخذہ بھی ضرور ہوگا۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۱/۳۹۲)۔

فقہ المشکلات میں ہے:

**فالامتناع عن المعالجة في هذه المسألة عمل والقصد منه إهلاک النفس وإنهاء الحياة فقتل النفس في (Active) بإعطاء الدواء عمل جسماني. وفي (۲)(Passive) قتل النفس بالامتناع عن الدواء هو عمل نفسي، وكلتا الصورتان محرمتان شرعاً.** (فقه المشكلات از مولانا قاضی مجاهد الاسلام صاحبؒ: ۱۸۵).

عالمگیری میں ہے، ملاحظہ فرمائیں:

**إذا احترقت السفينة أو غلب على ظنهم أنهم لو ألقوا أنفسهم فى البحر خلصوا بالسباحة يجب عليهم ذلک ولو كانوا بحال لو ألقوا أنفسهم فيه غرقوا ولو لم يلقوا أحرقوا فهم بالخيار بين الإقامة والإلقاء من قتل نفسه كان إثمه أكثر من أن يقتل غيره كذا فى السراجية.** (الفتاوى الهندية: ۵/ ۳۶۱، باب فى جراحات بنى آدم).

حدیث شریف میں ہے:

**عن أسامة بن شريک ﷺ قال: قالوا: يارسول الله ! افنتداوي قال: نعم، يا عباد الله تداووا فإن الله لم يضع داء إلا وضع له شفاء غير داء واحد الهرم. رواه أحمد والترمذي وأبو داود.** (مشكوٰة شريف: ۲/ ۳۸۸).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**أما الأكل فعلى مراتب فرض وهو ما يندفع به الهلاك فإن ترك الأكل والشرب حتى هلك فقد عصى.** (الفتاوى الهندية:٥/٣٣٦،باب في الاكل ومايتصل به).

مسئلہ مذکورہ بالا کی مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (نظام الفتاوی:جلد اول از ۳۹۰تا۳۹۲۔وفقہ المشکلات بحوث فقهية مختارة، بعنوان "القتل بدافع الرحم والشفقة" از قاضی مجاهد الاسلام قاسمی، ص ۱۵۵ تا ۱۸۵، ادارة القرآن۔و جدید فقہی مسائل:۱/ ۲۰۸)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## سائنسی تحقیقات سے حدود وقصاص کا حکم:

**سوال:** فورنسک سائنس (Forensicscience) کا کیا حکم ہے؟ یعنی مثلاً زنا بالجبر یا قتل کے مقدمات کو اس طور پر حل کیا جائے کہ "DNA" کو خون یا تھوک یا منی کے ذریعہ نکالا جائے پھر اس کی تحقیق کر کے ثابت کرے، اسلام میں اسکی کیا حیثیت ہے؟

**الجواب:** فورنسک سائنس (Forensicscience) کا مختصر تعارف:

فورنسک سائنس (عدالتی سائنس) ایک خاص جماعت کا ایک ضروری رکن ہے، جس کے دوسرے منبر ماہر امراض اور پولیس بھی ہوتے ہیں، اس جماعت کا مقصد موت کی حقیقی وجہ دریافت کرنا ہوتا ہے۔
اس کی مختلف شاخیں ہیں۔ایک شاخ خطا کاروں کے مقدمات کی تحقیق وتفتیش کرتی ہے، اور ایک دوسری جماعت ماہر امراض کی مدد سے بدن کے اجزاء مثلاً ریشے، بال، منی، تھوک، خون، توارثی عنصر وغیرہ کے ذریعہ مجرم کی صحیح دریافت کرتی ہے۔

انگریزی الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں:

The forensic scientist is an integral member of a team that also comprises of the forensic pathologist and the police, brought together to investigate the cause of a death thought to have occured in suspicious circumstances. The forensic scientist assists the pathologist in identification of the body through the determination of blood type, DNA profile, and in the identification of fibres, hairs, semen, and other body

substances that may have been deposited by the assailant, as in the case of homocide. Forensic scientists usually work at a specialised institution that deals only with such work. Their evidence is crucial for conviction in cases of homicide.

فورنسک سائنس (Forensicscience) کا حکم:

جوجرم فورنسک سائنس کے ذریعہ ثابت ہواوراس پر شرعی گواہ بھی موجود ہوتو شرعی حدودوقصاص جاری ہوں گے،اوراگر شرعی گواہ موجود نہ ہوں بلکہ صرف سائنسی تحقیق کے ذریعہ ثابت ہوں تو محض تحقیق کی بنیاد پر حدودوقصاص جاری نہ ہوں گے۔ہاں اس کو بالکل نظرانداز بھی نہیں کیا جائے گا بلکہ قاضی مناسب تعزیر کا مجاز ہوگا۔وجہ اس کی یہ ہے کہ حدودوقصاص میں شریعت مطہرہ کا منشاومقصد حتی الامکان حد کوساقط کرنا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادرء وا الحدود عن المسلمين ما استطعتم فإن كان له مخرج فخلوا سبيله فإن الإمام أن يخطئ في العفو خير من أن يخطئ في العقوبة.** (رواه الترمذی: ۱/۲٦۳).

الاشباہ والنظائر میں ہے:

**وفي فتح القدير: أجمع فقهاء الأمصار على أن الحدود تدرأ بالشبهات، والحديث المروي في ذلک متفق عليه، وتلقته الأمة بالقبول، والشبهة مايشبه الثابت وليس بثابت.**

(الاشباه والنظائر: ۱/۳۳٦، القاعدة السادسة ،الحدود تدرأ بالشبهات).

شرح المجلہ میں ہے:

**القرينة القاطعة هى الأمارة البالغة حد اليقين مثلاً إذا خرج أحد من دار خالية خائفاً مدهوشاً في يده سكين ملوثة بالدم فدخل فى الدار ورؤي فيها شخص مذبوح في ذلک الوقت فلا يشتبه في كونه قاتل ذلک الشخص ولا يلتفت إلى الاحتمالات الوهمية الصرفة كأن يكون الشخص المذكور ربما قتل نفسه، فالقول بأنه ذبحه آخر ثم تسور الحائط أو أنه ذبح نفسه ، احتمال بعيد لا يلتفت إليه إذ لم ينشأ عن دليل۔ والقرينة القاطعة هي التي**

تصير الأمر في حيز المقطوع وفي معين الحكام : قال بعض العلماء على الناظر أن يلحظ الأمارات والعلامات إذا تعارضت فما ترجع منها قضى بجانب الترجيح وهو قوة التهمة ولاخلاف فى الحكم بها وفي تبصرة الحكام قال اللّٰه تعالىٰ :﴿تعرفهم بسيماهم﴾دل على السيما المراد بها حال يظهر على الشخص ، والأمارات مأخوذة من الشريعة قال اللّٰه تعالىٰ:﴿ وجاء وا على قميصه بدم كذب ﴾ قال عبد المنعم بن الفرس:روى أن إخوة يوسف عليه السلام لما أتوا بقميص يوسف عليه السلام إلى أبيهم يعقوب عليه السلام تأمله فلم يجد فيه خرقاً ولا أثر ناب فاستدل بذلک على كذبهم وقال:متى كان الذئب حليماً يأكل يوسف ولايخرق قميصه. (شرح المجلة لمحمدخالدالاتاسی:۵/۳۹۰، المادة ۱۷٤۱، مکتبة رشيدية).

درر الحکام میں ہے:

القرينة القاطعة هي الأمارة البالغة حد اليقين وبتعبير آخر هي القرينة الواضحة بحيث يصبح الأمر في حيز المقطوع به، والعمل بالقرينة القاطعة يجري في أبواب الفقه المختلفة وأمثلة ذلک على الوجه الآتي:... يجوز في حال ظهور أمارة حبس المتهم بالقتل أو بالجرائم الأخرى. (درر الحكام شرح مجلة الاحكام لعلی حيدر،٤/٤٣٢،المادة ۱۷٤۱ ـ وکذا فی معين الحکام :ص١٦٦، الباب الحادی والخمسون،دار الفکر).

تکملہ فتح الملہم میں ہے:

قد ذكر بعض الفقهاء أن الشبهة تسقط الحد دون التعزير فالتعزير يثبت مع الشبهات والحقيقة أن الشبهة على قسمين: الأول :ـ ماكان مانعاً من غلبة الظن بأن المتهم قد ارتكب مالايحل له فهذا القسم يستوي فيه الحد والتعزير وأن هذا النوع من الشبهة يسقط الحد والتعزير كليهما، والثاني: ـ ما لم يكن مانعاً من ذلک فهذ النوع من الشبهة فهي شبهة فنية تعرض في صدق تعريف مايوجب الحد وهي الشبهة التي ذكرها الفقهاء

**باسم الشبهة فی المحل والشبهة فی الفعل فإن هذه الشبهة تسقط الحد ولاتسقط التعزیر.**
(تكملة فتح الملهم: ٢/ ٢٦٧).

فتاوی حقانیہ میں ہے:

جدید آلات کوفی زمانہ یکسر نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور یہ ذرائع اثباتِ جرم کے لیے کافی حد تک کارآمد بھی ہیں بشرطیکہ دیگر ذرائع وقرائن ان کی تائید کرتے ہوں۔

دوسری جگہ مرقوم ہے:

مقتول کے خون اور قاتل کے جسم پر لگے ہوئے خون کا ایک ہونا قتل کے اثبات کا قرینہ ہے پس اگر مقتول اور قاتل کے کپڑوں اور خنجر پر لگا ہوا خون ایک ثابت ہو جائے تو شرعاً یہ شخص مجرم متصور ہوگا، اور دیگر شواہد بھی تائید کرتے ہوں تو قاتل پر حد جاری کی جائے گی، ورنہ قاضی اس پر تعزیر جاری کرسکتا ہے۔ (فتاوی حقانیہ: ۵/ ۵۱۶، ۵۱۷)

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## حرمت خمر پر شبہات:

**سوال:** بعض گمراہ اور بے دین لوگ کہتے ہیں کہ شراب کی حرمت قرآن کریم میں نہیں ہے، صرف احادیث میں ہے، کیا ان کی یہ بات صحیح ہے یا نہیں؟

**الجواب:** شراب کی حرمت قرآن میں ہے:

حق تعالیٰ شانہ فرماتے ہیں:

**یا أیها الذین آمنوا إنما الخمر والمیسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوه. الخ.** (سورة المائدة)

ترجمہ: اے ایمان والو! بلا شبہ شراب، جوا، اور بت اور جوئے کے تیر یہ سب نجس ہیں، شیطانی عمل میں سے ہیں، سو ان چیزوں سے دور رہا کرو، تاکہ تمھیں فلاح ملے، شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے

ذریعے تمہارے آپس میں بغض اور عداوت پیدا کردے اور اللہ کی یاد سے اور نماز سے تم کو باز رکھے، سو کیا تم باز آؤ گے۔

آیاتِ مذکورہ بالا میں شراب جوئے، بت جوئے کے تیر کو نجس اور شیطانی کام بتایا گیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ چیزیں گندی ہیں، انسانی معیشت کے لئے مناسب اور حلال نہیں ہے، اور یہ چیزیں شیطانی اعمال ہیں، اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک پسندیدہ نہیں ہیں، مسلمانوں کے لئے ضروری ہے کہ شیطان اور شیطانی عمل سے دور رہیں، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں، اس واسطے اللہ تعالی نے مذکورہ بالا اشیاء کو حرام فرمایا ہے۔

## حرمتِ خمر پر چند شبہات اور ان کے جوابات:

من جملہ شبہات کے چند حسب ذیل درج ہیں:

(۱) قرآن کریم میں کہیں حرام کا لفظ موجود نہیں ہے؟

**الجواب:** (۱) الزامی جواب تو یہ ہے کہ زنا کے لئے بھی لفظ حرام قرآن میں نہیں ہے، حالانکہ زنا کی حرمت کو سب تسلیم کرتے ہیں۔

### (۲) تحقیقی جواب:

تفسیر حقانی میں ہے: صاحب کشاف لکھتے ہیں کہ اس آیت میں شراب کی حرمت چند وجوہ سے مؤکد کردی ہے: (۱) جملہ کو اِنما کے ساتھ صادر کیا۔ (۲) اس کو بت پرستی کے ساتھ ملایا۔ (۳) اس کو رجس یعنی ناپاک کہا۔ (۴) عمل شیطان فرمایا جو کہ تمام خرابیوں کا سرچشمہ ہے۔ (۵) اس سے بچنے کا حکم دیا۔ (۶) اس کے اجتناب میں فلاح کا واقع ہونا بیان فرمایا تو ارتکاب میں فلاح کہاں؟ (۷) اس کی علت تحریم انسان کا اپنے حواس سے معطل ہوجانا جو اس کی معاش و معاد میں مخل ہے، معاش میں تو باہمی رنجش اور عداوت کے پیدا کردینے اور معاد میں نماز اور یادِ خدا سے غافل کردینے سے اس کے بعد "أطیعوا اللّٰہ" سے لے کر "المبین" تک اور بھی اس حکم کی تاکید کردی۔ اب لفظ حرام کا اطلاق اس کی حرمت کے لئے ضروری نہ تھا۔ (تفسیر حقانی، صفحہ ۵۴، ج ۴، سورہ

مائدہ پارہ ۷)

آیات الاحکام میں شیخ صابونی فرماتے ہیں:

**التعبير بقوله تعالى: فاجتنبوه** (المائدة، الآية: ٩٠) **أبلغ في النهي والتحريم من لفظ حرم لأن معناه البعد عنه بالكلية فهو مثل قوله تعالى: ولا تقربوا الزنا.** (الإسراء: ٣٢) **لأن القرب منه إذا كان حراما فيكون الفعل محرما من باب أولىٰ فقوله فاجتنبوه معناه: كونوا في جانب آخر منه وكلما كانت الحرمة شديدة جاء التعبير بلفظ الاجتناب كما قال تعالىٰ: فاجتنبوا الرجس من الأوثان، واجتنبوا قول الزور** (حج: ٣٠) **ومعلوم أنه ليس هناك ذنب أعظم من الإشراك بالله.** (آيات الأحكام للصابوني :مأخوذ من فتاوى الشبكة: ٤/٩٣٦).

نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکت قرآن کے لئے بمنزلہ شرح وتفسیر کے تھی لہذا احادیث میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خمر کو حرام سے تعبیر فرمایا، جو قرآن کا بیان ہے، یہ بات ناممکن ہے کہ قرآن سے اباحت ماخوذ اور مترشح ہو اور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اسے حرام قرار دیں، قرآن میں اللہ تعالی کا ارشاد گرامی ہے: ﴿**وأنزلنا إليك الذكر لتبين للناس ما نزل إليهم**﴾ (النحل، الآية: ٤٤).

معارف القرآن میں مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں:

اس آیت میں ذکر سے مراد بالاتفاق قرآن کریم ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس آیت میں مامور فرمایا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی نازل شدہ آیات کا بیان اور وضاحت لوگوں کے سامنے کردیں اس میں اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ قرآن کریم کے حقائق ومعارف اور احکام کا صحیح سمجھنا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان پر موقوف ہے، اگر ہر انسان صرف عربی زبان اور عربی ادب سے واقف ہوکر قرآن کے احکام کو حسب منشاء خداوندی سمجھنے پر قادر ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان وتوضیح کی خدمت سپرد کرنے کے کوئی معنی نہیں رہتے۔ (معارف القرآن: ۵/۳۳۶، سورۂ نحل: ۴۴).

چنانچہ آیات مذکورہ بالا کی وضاحت وتشریح فرماتے ہوئے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: "**عن أبي سعيد الخدري رضى الله تعالى عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:**

**إن اللّٰه تعالى حرم الخمر فمن أدركته هذه الآية وعنده منها شيء فلا يشرب ولا يبع قال: فاستقبل الناس بما كان عندهم منها في طريق المدينة فسفكوها.** (رواه مسلم: ۲/۲۲).

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شراب کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے جس کے پاس شراب ہو اور اس کو حرمت کی آیت پہنچ جائے تو وہ نہ تو شراب پیئے نہ شراب کو بیچے، ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا: جن لوگوں کے پاس شراب تھی وہ اس کو مدینہ کے راستے پر لائے اور بہا دیا۔

**(۲) عن جابر بن عبد اللّٰه رضی اللہ عنہ أنه سمع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول عام الفتح وهو بمكة: إن اللّٰه ورسوله حرم بيع الخمر والميتة والخنزير والأصنام.** (رواه مسلم: ۲/۲۳).

**(۳) عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إن اللّٰه حرم الخمر والميسر والكوبة ...** (مشكوة: ۲/۳۸۶).

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شراب اور جوا اور ڈھول بجانے کو حرام قرار دیا ہے۔

**(۴) عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال خطب عمر رضی اللہ عنہ على منبر رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فقال: إنه قد نزل تحريم الخمر ...** (رواه البخاري).

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: یقیناً خمر کی حرمت نازل ہو چکی ہے۔

نصوصِ بالا سے شراب کی حرمت قطعی طور پر ثابت ہوتی ہے۔

ہدایہ میں شراب کی حرمت کے انکار کو کفر اور جحود فرمایا ہے:

**ومن الناس من أنكر حرمة عينها... وهذا كفر لأنه جحود الكتاب فإنه سماه رجساً والرجس ما هو محرم العين وقد جاءت السنة متواترة أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم حرم**

**الخمر وعليه انعقد الإجماع.** (هدايه آخرين، ۴۹۳).

## دوسرا شبہ:

دوسرا شبہ یہ بتلاتے ہیں کہ بعض آیات سے خمر کی حلت معلوم ہوتی ہے۔ مثلاً:

**(۱)﴿ يا أيها الذين آمنوا لا تقربوا الصلاة وأنتم سكارىٰ حتى تعلموا ما تقولون ﴾.** (سورة النساء: ۴۳).

**(۲) ﴿ ومن ثمرات النخيل والأعناب تتخذون منه سكراً ورزقاً حسناً ﴾.** (سورة النحل: ۶۷).

**(۳) ﴿ يسئلونک عن الخمر والميسر قل فيهما إثم كبير ومنافع للناس ﴾.** (سورة البقره: ۲۱۹).

## الجواب:

احکام خمر بتدریج نازل ہوئے ہیں لہذا ابتدائے اسلام میں شراب حلال تھی پھر مختلف واقعات پر مختلف آیات سے بتدریج حرام ہوئی، اس وجہ سے جو آیات حلت کے بارے میں ذکر کی گئی ہیں وہ ابتدائے اسلام پر محمول ہے، پھر نسخ واقع ہوا۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

**وقال الإمام أحمد ... عن عمر بن الخطاب ﷺ أنه قال: لما نزل تحريم الخمر قال اللّٰهم بين لنا في الخمر بياناً شافياً فنزلت الآية التي في البقرة: ﴿ يسئلونک عن الخمر والميسر قل فيهما إثم كبير ﴾ فدعى عمر ﷺ فقرء ت عليه فقال: اللهم بين لنا في الخمر بياناً شافياً فنزلت الآية التي في سورة النساء: ﴿ يا أيها الذين آمنوا لا تقربوا الصلاة وأنتم سكارى ﴾ فدعى عمر ﷺ فقرء ت عليه، فقال: اللهم بين لنا في الخمر بياناً شافياً، فنزلت الآية التي في المائدة، فدعى عمر ﷺ فقرء ت عليه فلما بلغ قوله تعالى: ﴿فهل أنتم منتهون﴾ قال عمر ﷺ انتهينا انتهينا.** (ابن کثیر: ۲/ ۱۰۴، وابن عربی: ۲/ ۱۶۳).

لیکن بعض لوگ کہتے ہیں کہ قرآن مجید مین نسخ ممکن نہیں ہے، نسخ کا انکار صرف اس وجہ سے کر دیا کہ نسخ کی حقیقت اور حکمت تک ان کی رسائی نہیں ہوئی۔

معارف القرآن میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں:

ایک تیسری صورت یہ بھی ہوتی ہے کہ حکم دینے والے کو اول ہی سے یہ بھی معلوم تھا کہ حالات بدلیں گے اور اس وقت یہ حکم مناسب نہیں ہوگا، دوسرا حکم دینا ہوگا، یہ جانتے ہوئے آج ایک حکم دیدیا اور جب اپنے علم کے مطابق حالات بدلے تو اپنی قرار داد سابق کے مطابق حکم بھی بدل دیا، اس کی مثال ایسی ہے کہ مریض کے موجودہ حالات کو دیکھ کر حکیم یا ڈاکٹر ایک دوا تجویز کرتا ہے اور وہ جانتا ہے کہ دو روز اس دوا کے استعمال کرنے کے بعد مریض کا حال بدلے گا، اس وقت مجھے دوسری دوا تجویز کرنا ہوگی وہ پہلے دن ایک دوا تجویز کرتا ہے جو اس دن کے مناسب ہے دو دن کے بعد حالات بدلنے پر دوسری دوا تجویز کرتا ہے... اللہ جل شانہ کے احکام مین صرف یہی آخری صورت نسخ کی ہوسکتی ہے۔ (معارف القرآن:۱/۲۸۳)۔

تیسرا شبہ:

آیت کریمہ میں "فاجتنبوہ" کا مطلب ومنشا صرف اتنا ہے کہ پینے میں احتیاط کرو تا کہ مفاسد لازم نہ آئیں ل یا یہ ان کے نزدیک صرف ایک نصیحت ہے۔

**الجواب:** مفسرین کا اتفاق ہے کہ "اجتنبوہ" مکمل چھوڑنے اور دور رہنے کے معنی میں ہے، چنانچہ محقق ابن کثیرؒ نے فرمایا "فاجتنبوه" أي اتركوه. (۱/ ۱۰٤، وکذا فی تفسیر السمرقندی: ۱/٤٥٧)۔

امام ابوبکر جصاص رازیؒ احکام القرآن میں فرماتے ہیں:

**اقتضت هذه الآية تحريم الخمر من وجهين: ۔ أحدهما قوله رجس لأن الرجس اسم في الشرع لما يلزم اجتنابه... والوجه الآخر قوله تعالىٰ فاجتنبوه وذلک أمر والأمر يقتضي الإيجاب فانتظمت الآية تحريم الخمر من هذين الوجهين.** (أحكام القرآن: ۲/ ٤٦١)۔

ابن عربیؒ فرماتے ہیں: **قوله تعالىٰ: "فاجتنبوه" يريد ابعدوه، واجعلوه ناحية، وهذا أمر باجتنابها، والأمر على الوجوب لا سيما وقد علق به الفلاح.** (احکام القرآن لابن

العربی:۲/۱٦٥).

علامہ قرطبی فرماتے ہیں:

**قوله تعالىٰ: (فاجتنبوه) يريد ابعدوه واجعلوه ناحية، فأمر الله تعالىٰ باجتناب هذه الامور، واقترنت بصيغة الامر مع نصوص الاحاديث واجماع الامة فحصل الاجتناب فى جهة التحريم، فبهذا حرمت الخمر، ولاخلاف بين علماء المسلمين أن سورة مائدة نزلت بتحريم الخمر، وهى مدنية من آخر مانزل، وورود التحريم فى الميتة والدم ولحم الخنزير في قوله تعالى: "قل لا أجد" وغيرها من الآى خبراً، وفى الخمر نهياً وزجراً، وهو أقوى التحريم وأوكده.** (الجامع لأحكام القرآن: ٦/١٨٦).

لسان العرب میں ہے:

**جنب الشيء ... واجتنبه: بعد عنه، وهذا مفهوم عدم القرب.** (لسان العرب: ١/٢٧٨).

قاموس الوحید میں ہے: **اجتنب الشيء**: بچنا، دور رہنا، پہلوتہی کرنا، کنارہ کش ہونا۔ (قاموس الوحید: ۱/۲۸۴).

نیز آیت کریمہ کے سیاق وسباق سے بھی پتہ چلتا ہے کہ امر وجوب کے لئے ہے، اور تحریم مراد ہے۔

تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: (صفوة التفاسير: ١/٣٦٦ وأحكام القرآن للجصاص: ٢/٤٦١، ومعارف القرآن: ٢/٥٨٣).

چوتھا شبہ:

قرآن میں ہے: ﴿**إنما حرم عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل به لغير الله**﴾. (سورة البقرة، ص ١٧٣).

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف یہ چیزیں حرام ہیں، اور چونکہ ان مذکورہ اشیاء میں لفظ خمر مذکور نہیں ہے اس لئے حلال ہے گویا انما حصر کے لئے ہے۔

الجواب:

مفسرین نے بہت سارے جوابات دیئے ہیں، منجملہ چند حسب ذیل درج ہیں:

(۱) انما تاکید کے لئے آتا ہے حصر کے لیے نہیں ہے۔

(۲) یہ حصر اضافی ہے، حصر حقیقی نہیں، یعنی یہ چیزیں فقط حرام ہیں، اور سائبہ، بحیرہ، وصیلہ اور حام جن کو تم حرام سمجھتے ہو وہ حرام نہیں ہیں۔

(۳) یہ مطلب نہیں کہ حرمت صرف ان اشیاء کے ساتھ مخصوص ہے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان چیزوں میں حرمت اور نجاست کے علاوہ کچھ نہیں یعنی کوئی فائدہ نہیں۔

(۴) ان چیزوں کی حرمت ان کی نجاست کی وجہ سے ہے تو دوسری چیزوں میں نجاست ہوگی تو حرمت بھی یقیناً ہوگی۔

(۵) اس میں قصر قلب ہے یعنی تم ان چیزوں کو حلال سمجھتے ہو حالانکہ یہی چیزیں حرام ہیں۔

## شراب کی اقسام اوران کے احکام:

ائمہ ثلاثہ کے یہاں ہر مسکر حرام اور موجب حد ہے چاہے قلیل ہو یا کثیر۔
اور امام محمدؒ حرمت میں ائمہ ثلاثہ کے موافق ہیں، لیکن وجوبِ حد میں شیخین کے ساتھ ہیں (یعنی خمر کے علاوہ میں سکر کا اعتبار ہے)۔
شیخین کے نزدیک اشربہ کی تین قسمیں ہیں:

**(۱) الخمر : ني من ماء العنب إذا غلا واشتد وقذف بالزبد.**

اس کا قلیل اور کثیر حرام ہے اور اس کا پینا موجب حد ہے اگر چہ قلیل ہو۔

(۲) انگور کا پکا ہوا عصیر جب دوثلث سے کم اڑ جائے۔ اور کھجور یعنی منقیٰ کی پکائی ہوئی شراب جب اس پر جھاگ چھا جائے اس کا پینا حرام ہے، اگر چہ قلیل ہو، ہاں حد سکر کے بعد حد لازم ہوگی۔

(۳) اشربہ اربعہ مذکورہ یعنی انگور کی کچی شراب، انگور کی پکائی ہوئی شراب، کھجور کی پکائی ہوئی شراب اور منقیٰ کی شراب کے علاوہ جیسے نبیذ التمر والزبیب مطبوخ ادنی طبخة اور عصیر العنب جس کے ثلثین پکانے سے اڑ گئے ہوں، اور حطہ چاول شعیر وغیرہ کی شراب۔

اس کا قلیل غیر مسکر مقدار پینا تقوی للعبادۃ کے لئے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک حلال ہے اور بطور مستی ولہو لعب ناجائز ہے۔ اور اگر سکر پیدا ہوا تو راجح قول کے مطابق حد ہے۔ البتہ بطور تداوی جائز ہے۔ عام حالات

میں امام محمدؒ کے قول پر فتویٰ ہے کہ پینا ناجائز ہے اور علاج معالجہ کے باب میں شیخین کے قول پر فتویٰ ہے، یعنی غیر مسکر مقدار جو دواؤں میں ملائی جاتی ہے حلال ہے۔ (هذا ملخص ما في كتب الفقه). واللہ ﷻ اعلم۔

## وطی بالبہیمہ کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے ایک بکری کے ساتھ جماع کیا لوگوں کو یہ بات معلوم ہوئی بعض لوگوں نے اس کو دیکھا اب اس شخص کا شرعاً کیا حکم ہے اور اس بکری کے ساتھ کیا کرنا چاہئے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شخص مذکور پر تعزیر لازم ہے اور بکری کو ذبح کر کے دفن کر دینا یا جلا دینا مندوب ہے۔

کتاب الآثار میں ہے:

**أخبرنا أبو حنيفة عن عاصم بن أبي النجود... عن ابن عباس ﷺ، قال من أتى بهيمة فلا حد عليه، أبو حنيفة عن الهيثم بن الهيثم ... عن عمر بن الخطاب ﷺ أنه أتى برجل وقع على بهيمة فدرأ عنه الحد وأمر بالبهيمة فاحرقت.** (كتاب الآثار ١٠٨/١).

**قال محمدؒ: وهذا قول ... وقال أبوحنيفةؒ ومحمدؒ إذا كانت البهيمة له ذبحت واحترقت ولا تحترق بغير ذبح فإنها مثلة.** (كتاب الآثار ١٠٨/١، مجيديه).

ہدایہ میں ہے:

**ومن وطي بهيمة فلا حد عليه لأنه ليس في معنى الزنا في كونه جناية وفي وجود الداعي لأن الطبع السليم ينفر عنه والحامل عليه نهاية السفه وفرط الشبق ولهذا لا يجب ستره إلا أنه يعزر لما بينا والذي يروى أنه تذبح البهيمة ويحرق فذلك لقطع التحدث به وليس بواجب.** (الهداية: ٥١٧/٢).

**وفي تبيين الحقائق: لا يجب الحد بوطي بهيمة... وما روى عن عمر رضي الله عنه أنه أتى برجل وقع في بهيمة فعزر الرجل وأمر بالبهيمة فاحترقت، كان لقطع التحدث به،**

**لأنـه مـا دامـت بـاقية يتـحدث الناس به فيلحقه العار بذلک لا لأن الاحراق واجب . ثم إن كـانـت الـدابة مما لا يوكل لحمها تذبح وتحرق لما ذكر إن كانت مما يوكل لحمها تذبح وتـوكـل عـنـد أبـى حنيفةؒ وقالا تحرق هذه أيضا إن كانت البهيمة للفاعل وإن كانت لغيره يـطالب صاحبها أن يدفعها إليه بقيمتها ثم تذبح هكذا ذكروا.** (تبيين الحقائق ۱۸۲/۳، والبحر الرائق ۱۷۰/۵، ورد المحتار ۲٦/٤، النهر الفائق ۱٤۰/۳).

احسن الفتاوی میں ہے:

اس شخص پر تعزیر ہے جس کی مقدار حاکم کی رائے پر موقوف ہے اور بھینس کو ذبح کر کے دفن کر دینا، یا جلا دینا مندوب ہے، بدعلی کرنے والا شخص بھینس کی قیمت کا مالک کے لئے ضامن ہوگا، ذبح کر کے دفن کرنا واجب اور ضروری نہیں، صرف اس لئے مندوب ہے کہ گناہ کی یادگار کو ختم کرنے سے بدفعلی کرنے والے سے عار زائل ہو جائے، اس لئے اگر ذبح نہ بھی کیا جائے تو کوئی حرج نہیں، اس کا گوشت اور دودھ وغیرہ بلا شبہ حلال ہے۔ (احسن الفتاوی:۵/۵۰۳). واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

﴿لنحرقنه ثم لننسفنه فی الیم نسفاً﴾

(سورة طه، الآية:۹۷).

وقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم:

"من أخذتموه يقطع من الشجر شيئاً

يعني شجر حرم المدينة فلكم سلبه

لايعضد شجرها ولايقطع"

(رواه البيهقی)

# باب......﴿۲﴾

# تعزیرات کا بیان

قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم:

"ضالة الإبل المكتومة غرامتها ومثلها معها".

(رواه ابوداود).

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ﴿رسالہ﴾

# تنقیح المقال فی حکم التعزیر بالمال

# تنقیح المقال فی حکم التعزیر بالمال

## شریعتِ مطہرہ میں تعزیر بالمال کا حکم:

**سوال:** اکثر و بیشتر حکومتیں مسلمان ہوں یا غیر مسلم قوانین کی خلاف ورزیوں پر مالی جرمانہ لگاتی ہیں۔ بعض قبائل بھی قوانین کی خلاف ورزی پر یا خلافِ شریعت کام کے ارتکاب پر جرمانہ عائد کرتے ہیں، ہمارے ہاں پاکستان اور افغانستان کے درمیان والے قبائل میں جرگہ سسٹم رائج ہے اور اکثر قانون توڑنے پر مالی سزا دی جاتی ہے اس کی وجہ سے نظام ٹھیک چلتا ہے، مالی سزا کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ ان سے مال وصول کیا جائے بعض دفعہ ان کے گھر یا مال کو ضائع کر کے جلاتے ہیں، بعض مرتبہ دیر سے حاضری پر جرمانہ عائد کیا جاتا ہے، ان جرمانوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**الجواب:** مالی جرمانہ عائد کرنے میں فقہاء کا اختلاف ہے، امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ناجائز ہے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک جائز ہے۔ علامہ شامیؒ نے عدم جواز کو ترجیح دی ہے، بعض فقہاء نے امام ابو یوسفؒ کے قول کی اس طرح وضاحت فرمائی ہے کہ دراصل یہ جرمانہ وقتی طور پر بطورِ تنبیہ عائد کیا جائے نہ بادشاہ خود لے سکتا ہے اور نہ قاضی، نہ بیت المال میں جمع کیا جا سکتا ہے، بلکہ محفوظ رکھا جائے گا، اور جرم سے باز آنے پر واپس کیا جائے گا۔

عصر حاضر کے علماء اور مفتیانِ کرام کے درمیان بھی اختلاف پایا جاتا ہے، اکثر حضرات منع کرتے ہیں، لیکن بعض حضرات جواز کے قائل ہیں۔ لہٰذا قولِ جواز کو مدنظر رکھتے ہوئے صورتِ مسئولہ میں مالی جرمانہ کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔

## تعزیر بالمال کے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

☆ احادیث سے تعزیر بالمال کا ثبوت:

(۱) **عن سعد ﷺ أن رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم قال:" من أخذتموه يقطع من الشجر شيئاً يعني شجر حرم المدينة فلكم سلبه لايعضد شجرها ولايقطع". قال: فرأى سعد ﷺ غلماناً يقطعون فأخذ متاعهم فانتهوا إلى مواليهم فأخبروهم أن سعداً ﷺ فعل كذا وكذا فأتوه فقالوا: يا أبا إسحاق أن غلمانك أوموالیك أخذوا متاع غلماننا، قال: بل أنا أخذته، سمعت رسول اللّٰه صلى الله عليه و سلم، يقول: "من أخذتموه يقطع من شجر الحرم فلكم سلبه" ولكن سلوني من مالي ماشئتم.** (رواه البيهقى فى سننه الكبرى:۱۹۹/۵،باب ماوردفى سلب من قطع من شجرحرم المدينة ،بيروت).

(۲) **عن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: في كل سائمة إبل في أربعين بنت لبون لايفرق إبل عن حسابها من أعطاها موتجراً قال ابن العلاء: موتجراً بها فله أجرها ومن منعها فإنا آخذوها وشطر ماله عزمة من عزمات ربنا عزوجل ليس لآل محمد منها شيء.** (رواه ابوداود:۲۲۱/۱،باب فى زكوٰة السائمة).

وكذا رواه النسائى فى باب عقوبة مانع الزكوٰة :۳۳۵/۱۔وابن خزيمة فى صحيحه :۱۰۸۵/۱،وقال الاعظمى : اسناده حسن۔واخرجه الحاكم فى المستدرك فى كتاب الزكوٰة: ۱۴۴۸/۵۲۲/۱،وقال: هذا حديث صحيح الاسناد۔ووافقه الذهبى۔ووالدارمى فى سننه :۴۸۶/۱،وعلى هامشه : اسنادحسن۔واحمد فى مسنده، وقال شعيب الارنؤط:اسناده حسن:۲۰۰۳۰/۲/۵).

(۳) **عن يحي بن عبد الرحمن بن حاطب أن غلمة لأبيه عبدالرحمن بن حاطب سرقوا بعيراً فانتحروه ، فوجد عندهم جلده ورأسه فرفع أمرهم إلى عمربن الخطاب ﷺ فأمر بقطعهم فمكثوا ساعة ومانرى إلا أن قد فرغ من قطعهم ، ثم قال عمر ﷺ: علي بهم ثم قال لعبدالرحمن : والله إني لأراك تستعملهم ثم تجيعهم وتسيء إليهم حتى لو وجدوا**

**ماحرم اللّٰہ علیهم لحل لهم ، ثم قال لصاحب البعیر: لم کنت تعطي لبعیرک ؟ قال: أربع مائة درهم ، قال لعبد الرحمن : قم فأغرم لهم ثمان مائة درهم.** (المصنف لعبدالرزاق: ۱۰/۲۳۹/۱۸۹۷۸).

**(۴) عن سلیمان بن أبي عبد اللّٰہ قال: رأیت سعد بن أبي وقاص ﷺ أخذ رجلاً یصید في حرم المدینة الذي حرمه رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم فسلبه ثیابه فجاء وا موالیه فکلموه فیه فقال : إن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم حرم هذا الحرم وقال: من أخذ أحداً یصید فیه فلیسلبه فلا أرد علیکم طعمة أطعمنیها رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ولکن إن شئتم دفعت إلیکم ثمنه.** (السنن الکبری للبیهقی:۵/۱۹۹،باب ماورد فی سلب من قطع من شجر حرم المدینة).

**و کذا في اتحاف الخیرة المهرة بزوائد المسانید العشرة للعلامة البوصیری : (۴/۱۵۹) باب في أسماء المدینة المشرفة وماجاء في صیدها، مکتبة الرشد، الریاض).**

**(۵) عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده عبد اللّٰہ بن عمرو بن العاص ﷺ عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم أنه سئل عن الثمر المعلق فقال: من أصاب بقیة من ذي حاجة غیر متخذ خبنة فلا شيء علیه و من خرج بشيء منه فعلیه غرامة مثلیه والعقوبة...** (رواه ابو داود:۱/۲۴۰، کتاب اللقطة).

**(۶) وعن معمر عن عمرو بن مسلم عن عکرمة أحسبه عن أبي هریرة ﷺ أن النبي صلی اللّٰہ علیه و سلم قال : ضالة الإبل المکتومة غرامتها ومثلها معها.** (رواه ابو داود:۱/۲۴۱، کتاب اللقطة).

## ☆ فقہی عبارات سے تعزیر بالمال کا ثبوت:

(۱) علامہ علاء الدین طرابلسیؒ (م۸۴۴) معین الحکام میں فرماتے ہیں:

**یجوز التعزیر بأخذ المال وهو مذهب أبي یوسفؒ وبه قال مالکؒ، ومن قال: إن**

العقوبة المالية منسوخة فقد غلط على مذهب الأئمة نقلاً واستدلالاً وليس بسهل دعوى نسخها، فعل الخلفاء الراشدين وأكابر الصحابة لها بعد موته صلى الله عليه وسلم مبطل لدعوى نسخها، والمدعون للنسخ ليس معهم سنة ولا إجماع يصحح دعواهم ... (معين الحكام فيمايتردد بين الخصمين من الاحكام: ۱۹۵، فصل فی التعزیر، دارالفکر).

(۲) علامہ ابن نجیم مصریؒ البحر الرائق میں فرماتے ہیں:

وفي الخلاصة سمعت من ثقة أن التعزير بأخذ المال إن رأى القاضي ذلک أو الولي جاز ومن جملة ذلک رجل لايحضر الجماعة يجوز تعزيره بأخذ المال له. (البحرالرائق: ۴/۴۱، فصل فی التعزیر، کوئٹہ).

(۳) فتاویٰ بزازیہ میں ہے:

والتعزير بأخذ المال أن المصلحة فيه جائزة...قالوا: ومن جملته من لايحضر الجماعة يجوز تعزيره بأخذ المال. (الفتاوى البزازيةعلى هامش الفتاوى الهندية: ۶/۴۲۷، کتاب الحدود).

(۴) فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

ولم يذكر محمدؒ في شيء من الكتب التعزير بأخذ المال، وقيل: روي عن أبي يوسفؒ أن التعزير والزجر من السلطان بأخذ المال جائز... وفي الفتاوى الخلاصة: التعزير بأخذ المال إن رأى القاضي أوالولي جاز، ومن جملة ذلک الرجل لايحضر الجماعة يجوز تعزيره بأخذ المال. (الفتاوى التاتارخانية: ۵/۱۴۰، کتاب الحدود، التعزير، ادارة القرآن).

(۵) خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے:

الجنس السادس في السعاية: ـ وفي نسخة القاضي الإمام أبي اليسرؒ من المبسوط في كتاب اللقيط: "من سعى رجلاً إلى السلطان حتى غرمه لايخلو من وجوه ثلاثة :... الثالث: ـــ إذا وقع في قلبه أن فلاناً يجيئ إلى امرأته أوجاريته، فرفع إلى السلطان، فغرمه السلطان، ثم ظهر كذبه، عندهما لايضمن الساعي، وعند محمدؒ يضمن قال: والفتوى على

**قول محمدؒ لغلبة السعاية في زماننا.** (خلاصة الفتاوی: ٤/ ٢٦٠).

عبارتِ بالا کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے یہ سوچ کر کہ فلان آدمی میری بیوی یا باندی سے ناجائز تعلقات رکھتا ہے حاکم سے اس کی شکایت کردی، چنانچہ بادشاہ نے فلان پر تاوان عائد کردیا، پھر معلوم ہوا کہ جھوٹی شکایت تھی، تو امام محمدؒ کے قول کے مطابق شکایت کرنے والے پر تاوان آئے گا، اور یہ ہی مفتی بہ قول ہے۔

خلاصہ کی عبارت سے معلوم ہوا کہ مالی جرمانہ عائد کرنے کی گنجائش ہے۔

(۶) حضرت مولانا شمس الحق افغانیؒ سابق مدرس دارالعلوم دیوبند، سابق شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل، ہندووزیر معارف ولایتِ متحدہ بلوچستان نے بھی معین القضاۃ والمفتین میں معین الحکام کے حوالہ سے تعزیر بالمال کا جواز نقل فرمایا ہے اور منسوخ ہونے کی بات سے اتفاق نہیں فرمایا۔ (معين القضاة و المفتين: ص ٧٠).

(۷) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا کہ اگر کافر حکومت کافر کے مال پر استیلاء قبضہ کرکے قانوناً مسلمان وارث کو مال دیدے تو مسلمان اس مال کا مالک بن جائے گا، کیونکہ استیلاءِ کافر ہمارے نزدیک سببِ ملک ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حکومت تعزیراً کسی کے مال پر قبضہ کرلے تو وارث اس مال کو لے سکتا ہے، اگر تعزیر بالمال ناجائز ہوتا تو وارث کا مال لینا کہاں صحیح ہوتا؟

ملاحظہ ہو امداد الاحکام میں ہے:

**يجوز للمسلم أن يرث من الكافر بسبب استيلاء الحكومة الكافرة على مال الكافر أولاً ثم دفعها إلى المسلم بقانونها واستيلاء الكافر سبب للملك عندنا والله أعلم.**

(امدادالاحکام: ٤/ ٦٢٨، الفرائض).

(۸) مفتی تقی عثمانی صاحب مدظلہ تقریر ترمذی میں فرماتے ہیں:

اکثر فقہاء کا کہنا ہے کہ تعزیر بالمال جائز نہیں ہے، صرف جسمانی سزا کے ذریعہ تعزیر کرنا جائز ہے، البتہ امام احمد بن حنبلؒ نے تعزیر بالمال کو جائز قرار دیا ہے، حنفیہ میں امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت ہے کہ تعزیر بالمال جائز ہے... لیکن تعزیر بالمال کے عدم جواز پر کوئی صریح دلیل مجھے نہیں ملی... چنانچہ بعض متأخرین حنفیہ نے امام ابو یوسفؒ کے قول کو راجح قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ تعزیر بالمال جائز ہے۔ (تقریر ترمذی: ۲/ ۱۱۸).

(۹) مولانا مجیب اللہ ندوی صاحب ''اسلامی فقہ'' میں فرماتے ہیں:

امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ اسے ناجائز کہتے ہیں، طرفین کے برخلاف امام ابویوسفؒ کہتے ہیں کہ مصلحت متقاضی ہو تو جائز ہے،...راقم الحروف کے خیال میں امام ابویوسفؒ اور جو فقہاء مالی جرمانہ یا اتلاف کے ذریعہ تعزیر کے قائل ہیں ان کی رائے قابل ترجیح ہے، جیسا کہ حدیث وآثار میں ان کی متعدد مثالیں موجود ہیں۔ (اسلامی فقہ: ۳/ ۲۸۰، تعزیراتی جرائم)۔

(۱۰) مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب ''قاموس الفقہ میں فرماتے ہیں:

اس وقت اسلام کے قانون حدود وتعزیرات کے فقدان کی وجہ سے مسائل جو سماجی طور پر حل کئے جاتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی وحدتیں بعض منکرات کا مقابلہ کررہی ہیں، ان کے لیے اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں کہ مالی جرمانوں کے ذریعہ وہ ان جرائم کی روک تھام کی سعی کریں، یوں بھی عملاً اس زمانہ میں مالی تعزیر کی بڑی کثرت ہوگئی ہے، اور ریلوے، بس، ٹریفک وغیرہ میں کثرت سے اس کا تعامل ہے، راقم الحروف کا رجحان ہے کہ اس کی اجازت دی جانی چاہئے۔ (قاموس الفقہ: جلد دوم، ص۴۷۹)۔

مولانا خالد سیف اللہ صاحب نے جدید فقہی مسائل میں چند نظائر بھی پیش کیے ہیں، ملاحظہ فرمائیں:

(۱) حقوق اللہ میں تعدی اور زیادتی پر مالی تعزیر کی نظیر ''کفارات'' ہیں جو قصداً روزہ توڑنے، قسم کھا کر پوری نہ کرنے اور قتل خطا کی صورت میں واجب ہوتے ہیں اور جن میں ایک غلام آزاد کرنا یا مسکین کی ایک خاص تعداد کو کھانا کھلانا ''مالی سزا'' شمار کی جاسکتی ہے۔

(۲) کسی انسان کی ایسی تعدی پر جس کا تعلق جسم سے ہو، تعزیر مالی کی نظیر دیت ہے، جو ایسی تمام صورتوں میں واجب ہوتی ہے جب فریقین باہمی رضامندی سے اس پر آمادہ ہوجائیں یا جب قصاص کا اجراء ممکن نہ ہو۔

(۳) غیر مادی حقوق میں تعدی پر ''مالی تعزیر'' کی نظیر کفارۂ ظہار ہے کہ جس میں غلام کو آزاد کرنا یا مسکینوں کو کھانا کھلانا بھی شامل ہے۔

(۴) مالی حقوق میں تعدی کی بنا پر مالی سرزنش کی نظیر یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کا سامان چرالے اور وہ اس کے پاس محفوظ بھی نہ رہ سکے، تو فقہاء کا اتفاق ہے کہ اصل سزا تو یہ ہے کہ ہاتھ کاٹے جائیں، لیکن اگر کسی وجہ سے

ایسا نہ ہو سکے تو اس سے سرقہ شدہ سامان کا تاوان وصول کیا جائے گا،" والغرم إذا لم يجب القطع ".

(۵) آبروریزی اور ہتک حرمت پر تاوان مالی کی نظیر یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی عورت سے جبراً زنا کرلے تو اس سے عورت کو مہر کی رقم دلائی جائے گی۔ (ملخص از جدید فقہی مسائل:۳/۲۴۶).

حافظ ابن قیم حنبلیؒ نے بھی مالی جرمانہ کو جائز قرار دیا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ''اعلام الموقعین'' میں فرماتے ہیں:

وأما تغريم المال وهو العقوبة المالية فشرعها في مواضع منها: ـ تحريق متاع الغال من الغنيمة، ومنها: ـ حرمان سهمه، ومنها: ـ إضعاف الغرم على سارق الثمار المعلقة، ومنها: ـ إضعافه على كاتم الضالة الملتقطة، ومنها: ـ أخذ شطر مال مانع الزكاة، ومنها: ـ عزمه صلى الله عليه وسلم على تحريق دور من لايصلي فى الجماعة لولاما منعه من إنفاذه ما عزم عليه من كون الذرية والنساء فيها فتتعدى العقوبة إلى غير الجاني وذلك لايجوز كما لايجوز عقوبة الحامل، ومنها: ـ عقوبة من أساء على الأمير فى الغزو بحرمان سلب القتيل لمن قتله حيث شفع فيه هذا المسيئ و أمر الأمير بإعطائه فحرم المشفوع له عقوبة للشافع الآمر، التغريم نوعان: مقدر وغير مقدر،...وأما النوع الثاني غير المقدر فهذا الذي يدخله اجتهاد الأئمة بحسب المصالح ولذلك لم تأت فيه الشريعة بأمر عام وقدر لايزاد فيه ولاينقص كالحدود ولهذا اختلف الفقهاء فيه هل حكمه منسوخ أو ثابت والصواب أنه يختلف باختلاف المصالح ويرجع فيه إلى اجتهاد الأئمة في كل زمان ومكان بحسب المصلحة إذ لا دليل على النسخ وقد فعله الخلفاء الراشدون ومن بعدهم من الأئمة...وأما التعزير ففي كل معصية لأحد فيها ولا كفارة. (اعلام الموقعين: ۲/۱۱۷، فصل فى تغريم المال، بيروت).

## ☆ عدم جواز والوں کے دلائل پر ایک نظر:

تعزیر بالمال کو ناجائز کہنے والے حضرات عام طور پر تین دلائل سے استدلال کرتے ہیں:

(۱) مالی جرمانہ ابتدائے اسلام میں جائز تھا بعد میں منسوخ ہوگیا۔

(۲) حدیث شریف میں ہے: " **لایحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفسه**". (رواه مسلم).
مالی جرمانہ اس حدیث کے بالکل خلاف ہے، لہذا جائز نہیں ہے۔

(۳) مالی جرمانہ کو جائز رکھنے میں ظالموں کے لیے ظلماً مال لینے کا دروازہ کھل جائے گا، لہذا خلاف شریعت ہونا ظاہر ہے۔

## ☆ دلائل کے جوابات:

**پہلی دلیل کا جواب:** (۱) علامہ علاء الدین طرابلسی حنفیؒ (م۸۴۴) نے معین الحکام میں دعوائے نسخ کو غلط قرار دیا ہے، ملاحظہ فرمائیں: **ومن قال: إن العقوبة المالية منسوخة فقد غلط على مذهب الأئمة نقلاً واستدلالاً وليس بسهل دعوى نسخها، فعل الخلفاء الراشدين وأكابر الصحابة لها بعد موته صلى الله عليه وسلم مبطل لدعوى نسخها، والمدعون للنسخ ليس معهم سنة ولا إجماع يصحح دعواهم** ... (معين الحكام فيمايترددبين الخصمين من الاحكام: ۱۹۵، فصل في التعزير، دارالفكر).

نیز حافظ ابن تیمیہ اوران کے شاگر دِرشید حافظ ابن القیم اور دکتور وھبہ زحیلی نے فرمایا کہ دعوائے نسخ بلا دلیل ہے جب کہ آپ علیہ السلام کے بعد خلفاء راشدین اور ائمہ نے اس پر عمل فرمایا، لہذا نسخ کا دعوی صحیح نہیں ہے۔
ملاحظہ فرمائیں حافظ ابن تیمیہ حنبلیؒ فرماتے ہیں:

**ومن قال: إن العقوبات المالية منسوخة وأطلق عن أصحاب مالكؒ وأحمدؒ فقد غلط على مذهبهما، و من قاله مطلقاً من أي مذهب كان: فقد قال قولاً بلادليل، ولم يجئ عن النبي صلى الله عليه وسلم شيء قط يقتضي أنه حرم جميع العقوبات المالية، بل أخذ الخلفاء الراشدين وأكابر أصحابه بذلك بعد موته دليل على أن ذلك محكم غير منسوخ.** (مجموع فتاويشيخ الاسلام ابن تيمية: ۱۱۱/۲۸، فصل في التعزيربالعقوبات المالية).

دکتور وھبہ زحیلی شافعیؒ "الفقہ الاسلامی وادلتہ" میں رقمطراز ہیں:

**وقد اختلف الفقهاء فيه هل حكمه منسوخ أو ثابت والصواب أنه يختلف باختلاف**

**المصالح ويرجع فيه إلى اجتهاد الأئمة في كل زمان ومكان بحسب المصلحة إذ لا دليل على النسخ وقد فعله الخلفاء الراشدون ومن بعدهم من الأئمة** . (الفقه الاسلامی وادلته:٦/٢٠٥، التعزیر بالمال، دارالفکر).

دوسری دلیل کا جواب: (۲) حضرت مفتی محمد تقی صاحب مدظلہ حدیث شریف کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں: کہ اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:" **لا يحل مال امرئ مسلم إلا بطيب نفس منه**" یعنی کسی مسلمان کا مال اس کی طیب نفس کے بغیر حلال نہیں، اس حدیث میں اس مسلمان کا ذکر ہے جو کسی گناہ اور جرم کا مرتکب نہ ہو، لیکن اگر کوئی مسلمان کسی جرم کا مرتکب ہوا ہے، تو اس پر جس طرح جسمانی سزا عائد کی جاسکتی ہے اسی طرح مالی سزا بھی عائد کی جاسکتی ہے، اس لیے کہ مسلمان کا مال تو طیب نفس سے حلال ہو جاتا ہے، لیکن جان تو طیب نفس سے بھی حلال نہیں ہوتی، لہذا جب کسی مسلمان نے کوئی جرم کیا ہے پھر سزا کے طور پر اس کی جان کو کوئی نقصان پہنچایا جارہا ہے تو یہ سب کے نزدیک جائز ہے، تو پھر مال جو طیب نفس سے حلال ہو جاتا ہے، وہ جرم کے ارتکاب کی صورت میں بطریق اولیٰ حلال ہونا چاہئے؟ (تقریر ترمذی:۲/۱۱۸، ۱۱۹).

نیز اگر جان پر کوئی مصیبت آجائے تو مال کے ذریعہ اس کا دفاع کرنے کا حکم دیا گیا نہ کہ مال بچانے کے لیے جان کھپا دے۔

ملاحظہ ہو روایتِ موقوفہ میں ہے:

**...فإن عرض بلاء فقدم مالك دون نفسك فإن تجاوز البلاء فقدم مالك ونفسك دون دينك...، هذا إسناد رواته ثقات وهو موقوف**. (اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة للعلامة البوصيري:٨/٢٣٩/٧٩٧٣، باب فضل القرآن، مكتبة الرشد، الرياض).

اس روایت سے معلوم ہوا کہ جسم وقالب کی حرمت مال کی حرمت سے بڑھ کر ہے، جب جسم پر تعزیر باتفاقِ فقہاء جائز ہے تو تعزیر بالمال کیوں ناجائز ہے؟

تیسری دلیل کا جواب: (۳) جن فقہاء نے اس کو ناجائز کہا ہے اور اس کی علت حکام کے ظلم کو قرار دیا ہے تو یہ رائے انہوں نے مصلحت کی بنیاد پر قائم کی ہے لہذا اگر ظلم کا پہلو نہ ہو بلکہ کسی مصلحت کی وجہ سے یا کسی

جرم میں مال پر قبضہ کرلیا جائے تو ان کے نزدیک بھی جائز ہوگا، جیسا کہ مولانا مجیب اللہ ندوی صاحب نے اسلامی فقہ میں تحریر فرمایا ہے۔

ملاحظہ ہو اسلامی فقہ میں ہے:

جن فقہاء نے اس کو ناجائز کہا ہے اس کی وجہ انہوں نے حکام کے ظلم کو قرار دیا ہے انہوں نے یہ رائے مصلحت کی بنیاد پر دی ہے اگر ظلم کا پہلو نہ ہوتو ان کی رائے بھی یہی ہوگی۔ (اسلامی فقہ:۳/۲۸۱)۔

نیز تعزیر بالمال کا حکم خلافِ شریعت نہیں ہے بلکہ سیاسۃً مصلحت وفائدہ کی وجہ سے قائم کیا گیا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ علاء الدین طرابلسی حنفیؒ فرماتے ہیں:

**قال القرافي : واعلم أن التوسعة على الحكام في الأحكام السياسية ليس مخالفاً للشرع ، بل تشهد له الأدلة المتقدمة.** (معين الحكام فيما يتردد بين الخصمين من الاحكام : ۱۷٦، دارالفكر) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تعزیر کی دوسری صورت تعزیر باہلاک المال کا حکم:

**سوال:** اگر غیر حاکم یا مدرسہ یا سرپرست کسی شخص کے اپنے آلاتِ موسیقی یا آلاتِ لہو ولعب کو توڑ دے جو موسیقی کے علاوہ میں بھی استعمال ہوتے ہوں جیسے ریڈیو، ٹیپ ریکارڈ وغیرہ تو ان پر تاوان آئے گا یا نہیں؟ حاکم اور غیر حاکم میں فرق ہے یا نہیں؟

**الجواب:** آلاتِ موسیقی وآلاتِ لہو لعب کو کسی نے اپنی مرضی سے توڑا تو تاوان لازم ہوگا، اور اگر حاکم کے حکم کی وجہ سے کسی نے توڑا، یا خود حاکم نے توڑا تو تاوان لازم نہیں ہوگا، لیکن اجزاء غیر مرکبہ کا تاوان آئے گا۔

البتہ اگر کسی ادارہ کا قانون یہ ہے کہ فلاں قسم کی چیزوں کو مت رکھو اور پھر بھی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اس کو رکھا گیا اور اس ادارہ کے سربراہ اور منتظمین حضرات نے اس کو توڑ دیا تو ان پر ضمان نہیں آئے گا، کیونکہ وہ حضرات حاکم کی طرح ہیں، طلبہ اور ان کے سرپرستوں نے مدرسہ کے قوانین کی پابندی کو تسلیم کرکے مدرسہ کے مہتممین کو بمنزلہ حاکم تسلیم کرلیا۔ قاعدہ: "الحكم كالقاضي". (قواعدالفقه:۷۹). کے تحت، نیز ان کے

توڑنے میں فساد کا کوئی خاص خطرہ نہیں ہے، اور والد اور استاذ کو تعزیر دینے کا حق حاصل ہے، بچے کی پٹائی حدود میں رہ کر بھی تعزیر ہی ہے۔ بلکہ بعد میں عینی اور لامع وغیرہ کی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر حاکم بھی تعزیر بالمال دے سکتا ہے۔

ہمارے بعض اکابر کے طرزِ عمل سے بھی غیر حاکم کی تعزیر بالمال کی تائید ہوتی ہے، اکابر نے بعض مرتبہ کسی چیز پر اپنی ناراضگی ظاہر کرنے کے لیے اس کو چاک کر دیا ہے اگر چہ وہ کام فی نفسہ جائز تھا، لیکن اکابرؒ کی مرضی کے خلاف تھا۔ آپ بیتی میں مذکور ہے:

حضرت نور اللہ مرقدہ ''حضرت مدنیؒ'' کو کھدر سے تو عشق تھا اور ولایتی کپڑے سے نفرت تھی یہ تو ساری دنیا کو معلوم ہے لیکن اس سیہ کار کے حال پر ایک مزید شفقت یہ تھی کہ میرے بدن پر جب بھی بدیسی کرتہ دیکھتے گریبان میں ہاتھ ڈال کر ایسے زور سے چاک فرماتے کہ نیچے تک وہ پھٹ جاتا تھا، حضرت قدس سرہ کی حیات تک ڈر کے مارے کھدر کا میرے یہاں بہت ہی اہتمام رہا۔ (آپ بیتی حصہ چہارم ص ۶۴).

حضرت شیخؒ کو ابتداء میں ہدیہ لینے سے نفرت تھی، بعض ہدیہ دینے والوں کے نوٹ ایک دو پانچ دس کے پھاڑے بھی ہیں، ...ایک دوست حاجی جان محمد صاحب پشاوری ...ایک چائے کا ڈبہ لائے ...حضرت شیخ نے پھاڑ کر زور سے دیوار میں دے کر مارا، وہ ساری چائے دور دور تک منتشر ہوگئی۔ (آپ بیتی، حصہ چہارم، ص ۸۸).

## ☆ تعزیر با ہلاک المال کے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے قصہ میں مذکور ہے کہ انہوں نے سامری کو جرم میں دو سزائیں دی، اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں بیان فرمایا: (۱) ﴿فإن لک في الحياة أن تقول لا مساس﴾. (سورۃ طه). کہ زندگی بھر تو یہ کہا کرے گا کہ مجھے مت چھیڑو۔ (۲) ﴿لنحرقنه ثم لننسفنه في اليم نسفاً﴾. (سورۃ طه، الآية: ۹۷). کہ تو نے جو زیورات ڈال کر بچھڑا بنایا تھا، یا حقیقی بچھڑا تھا، اسے بھی ہم جلا کر دریا میں بکھیر دیں گے، چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے جلا کر سمندر میں ڈال دیا۔

تفسیر ابن کثیر میں ہے:

**قال الضحاک عن ابن عباس ﷺ والسدي: سحله بالمبارد وألقاه على النار، وقال**

**قتادة : استحال العجل من الذهب لحماً ودماً فحرقه بالنار ، ثم ألقى رماده في البحر.** (تفسیر ابن كثير: ٣/١٨٢ ـ وتفسیرعثمانی: ٤٢٤).

خلاصہ یہ ہے کہ اس قصہ میں تعزیر بإہلاک المال کی دلیل موجود ہے۔

(۲) منافقین نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف خبیث مقاصد کے تحت مسجد کے نام سے ایک مکان بنایا تھا، اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی منافقین کی ناپاک اغراض پر مطلع فرمادیا، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مالک بن دخشم اور معن بن عدی کو حکم دیا کہ اس مکان کو (جس کا نام ازراہِ خداع وفریب مسجد رکھا تھا) گرا کر پیوندِ زمین بنادو، انہوں نے فوراً حکم کی تعمیل کی اور جلا کر خاک سیاہ کردیا۔ (تفسیر عثانی، بتغییر یسیر).

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا: **﴿والذين اتخذوا مسجداً ضراراً وكفراً وتفريقاً بين المؤمنين و إرصاداً لما حارب الله ورسوله من قبل، وليحلفن إن أردنا إلا الحسنىٰ ، والله يشهد إنهم لكذبون﴾.** (سورة التوبة،الآية:١٠٧).

قصۂ بالا سے بھی معلوم ہوا کہ تعزیر بإہلاک المال جائز ہے۔

☆ احادیث مبارکہ سے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

**(۱) عن أبي رافع بن خديج ﷺ قال: كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بذى الحليفة من تهامة فأصبنا غنماً وإبلاً ، فعجل القوم فأغلوا بها القدور فأمر بها فكفئت...** (رواه مسلم: ٢/١٥٧، كتاب الاضاحى).

حدیث مذکورہ بالا کی شرح میں علامہ نوویؒ فرماتے ہیں:

**وقال المهلب بن أبي صفرة المالكيؒ : إنما أمروا بإكفاء القدور عقوبة لهم لاستعجالهم في السير وتركهم النبي صلى الله عليه وسلم في أخريات القوم.** (شرح النوویؒ :٢/١٥٧،كتاب الاضاحى )

اس قصہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بحیثیت حاکم ہانڈیاں الٹ دینے کا حکم فرمایا۔

**(۲) عن عبد الله بن عمرو ﷺ قال: رأى النبي صلى الله عليه وسلم علي ثوبين**

**معصفرين، فقال: أمك أمرتك بهذا؟ قلت: اغسلهما؟ قال: لا، بل أحرقهما.** (رواه مسلم:۲/۱۹۳، باب النهي عن لبس الرجل الثوب المعصفر).

علامہ نوویؒ فرماتے ہیں:

**وأما الأمر بإحراقهما، فقيل: هو عقوبة وتغليظ لزجره وزجرغيره عن مثل هذا الفعل.** (الشرح الكامل للامام النوويؒ:۲/۱۹۳).

**(۳) عن عمران بن حصين رضی اللہ عنہ قال: بينما رسول الله صلى الله عليه و سلم في بعض أسفاره وامرأة من الأنصار على ناقة فضجرت، فلعنتها فسمع ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال: خذوا ما عليها ودعوها فإنها ملعونة.** (رواه مسلم:۲/۳۲۳).

اس قصہ میں بطور تنبیہ کے ناقہ کو چھوڑ دینے کا حکم فرمایا۔

**قال النوويؒ: إنما قال هذا زجراً لها ولغيرها، وكان قد سبق نهيها ونهى غيرها عن اللعن، فعوقبت بإرسال الناقة.** (شرح النووی علی مسلم:۲/۳۲۳).

**(۴) عن سالم أنه سئل عن الغال في الغنيمة، فقال: سمعت أبي يحدث عن عمربن الخطاب رضی اللہ عنہ عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إذا وجدتم الرجل قد غل فاحرقوا متاعه واضربوه.** (رواه ابوداود: ۲/۳۷۱۔والترمذی:۱/۲۷۰).

اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مال غنیمت میں چوری کرنے والے کے بارے میں فرمایا: اس کے سامان کو جلا دو اور اس کی پٹائی کرو۔

**(۵) عن أنس رضی اللہ عنہ عن أبي طلحة رضی اللہ عنہ أنه قال: يا نبي الله إني اشتريت خمراً لأيتام في حجري، قال: اهرق الخمرواكسر الدنان.** رواه الترمذي، وقال: وفي الباب عن جابروعائشة وابي سعيد وابن مسعودؓ وابن عمر. (۱/۲٤۲، باب ماجاء في بيع الخمروالنهي عن ذلك).

اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب بہانے اور اس کے مٹکے توڑنے کا حکم فرمایا۔

**(۶) عن سلمة بن الأكوع رضی اللہ عنہ قال: خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى**

**خيبر ثم أن الله فتحها عليهم فلما أمسى الناس اليوم الذي فتحت عليهم أوقدوا نيراناً كثيرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما هذه النيران على أي شيء توقدون، قالوا: على لحم قال: على أي لحم، قالوا: على لحم حمر إنسية، فقال رسول الله صلى الله عليه و سلم: اهريقوها واكسروها.** (رواه مسلم:۲/۱٤۹، باب تحريم اكل لحم الحمر الانسية).

اس حدیث میں بھی گدھوں کے گوشت کوگرانے اور برتنوں کے توڑنے کا حکم فرمایا۔

**(۷) عن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه و سلم: لقد هممت أن آمر بالصلاة فتقام ثم أمر رجلاً فيصلي بالناس ثم انطلق معي برجال معهم حزم من حطب إلى قوم لايشهدون الصلاة فأحرق عليهم بيوتهم بالنار.** (رواه ابوداود:۱/۸۱، كتاب الصلاة، باب التشديدفى ترك الجماعة).

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث شریف میں جماعت ترک کرنے والوں کے گھر جلادینے کا ارادہ فرمایا، اگر چہ جلانا ثابت نہیں ہے، علامہ ابن القیم نے اس کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ گھروں میں بچے اورعورتیں بھی ہوتی ہیں تو سزا غیر مجرم تک متعدی ہوگی اور یہ جائز نہیں ہے۔

**قال ابن القيم: لولا ما منعه من إنفاذه ما عزم عليه من كون الذرية والنساء فيها فتتعدى العقوبة إلى غير الجاني وذلك لايجوز كما لايجوز عقوبة الحامل.** (اعلام الموقعين: ۲/۱۱۷، فصل فى تغريم المال، بيروت).

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں یہ (مذکورہ بالا) روایت تعزیر بالمال کے باب میں اصل اور بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے:

**وقد هم الشارع بتحريق دور من يتخلف عن صلاة الجماعة، وهذا أصل فى العقوبة فى المال إذا رأى ذلك.** (عمدة القارى:۹/۲٤۳،باب هل تكسرالدنان التى فيها الخمر،ملتان).

نیز علامہ عینیؒ نے فرمایا کہ تعزیر با ہلاک المال میں امام محمدؒ کے نزدیک تاوان آئیگا اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تاوان نہیں آئیگا اور فتویٰ امام ابو یوسفؒ کے قول پر ہے۔ ملاحظہ ہو:

**فإن كان زق الخمر لمسلم يضمن عند محمدؒ...وعند أبي يوسفؒ لايضمن لأنه من**

**جـمـلة الأمـر بـالـمعروف...والفتوىٰ على قول أبي يوسفؒ خصوصاً في هذا الزمان.** (عمدة القارى:۲٤۲/۹،باب هل تكسر الدنان التى فيها الخمر،ملتان).

حضرت شیخؒ نے بھی لامع الدراری کے حاشیہ میں علامہ عینیؒ سے امام ابو یوسفؒ کے قول پرفتویٰ نقل کیا ہے۔

ملاحظہ ہو: (حاشیة لامع الدراری:۳۹۱/۲).

مزید براں علامہ عینیؒ نے قولِ نسخ کو قیل سے نقل کرکے اس کے ضعف کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔چنانچہ فرماتے ہیں: **وقيل هذا كان في صدر الأول ثم نسخ .** (عمدة القارى:۲٤۲/۹،باب هل تكسر الدنان التى فيها الخمر،ملتان).

**(۸) عن عـمـرو بـن شـعيـب عـن أبيـه عن جده أن رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبابكرؓ وعمرؓ حرقوا متاع الغال وضربوه.** (رواه ابوداود:۳۷۱/۲، باب فى عقوبة الغال).

علامہ ابن تیمیہؒ نے اپنے فتاویٰ میں چند آثار نقل کیے ہیں،ملاحظہ فرمائیں:

**(۹) و مثل أمر عمر بن الخطاب ؓ وعلي بن أبي طالب ؓ بتحريق المكان الذي يباع فيه الخمر .**

**(۱۰) و مثل تحريق عثمان بن عفانؓ المصاحف المخالفة للإمام .**

**(۱۱) و تحريق عمر بن الخطابؓ لكتب الأوائل .**

**(۱۲) وأمره (أى أمر عمر بن الخطابؓ) بتحريق قصر سعد بن أبي وقاص ؓ الذي بناه لما أراد أن يحتجب عن الناس، فأرسل محمد بن مسلمةؓ وأمره أن يحرقه عليه فذهب فحرقه عليه، وهذه القضايا كلها صحيحة معروفة عند أهل العلم بذلك ونظائرها متعددة.** (مجموع فتاوى ابن تيمية :۱۱۰/۲۸،فصل فى التعزيربالعقوبات المالية).

الغرض ان تمام احادیث وآثار سے معلوم ہوتا ہے کہ تعزیر یا ہلاک المال بھی جائز اور درست ہے۔

## فقہی عبارات ملاحظہ فرمائیں:

**قال في الدر المختار: وضمن بكسر معزف بكسر الميم آلة اللهو ولو لكافر، ابن**

كمال قيمته خشباً منحوتاً صالحاً لغير اللهو، وضمن القيمة لا المثل بإراقة سكر ومنصف ... وقالا: لا يضمن ولا يصح بيعها، وعليه الفتوىٰ، ملتقى ودرر وزيلعي وغيرها وأقره المصنف، وأما طبل الغزاة، زاد في حظر الخلاصة: والصيادين، والدف الذي يباح ضربه فى العرس فمضمون اتفاقاً. وفى الشامية: (وقالا لايضمن...) هذا الاختلاف فى الضمان دون إباحة إتلاف المعازف، وفيما يصلح لعمل آخر و إلا لم يضمن اتفاقاً، وفيما إذا فعل بلا إذن الإمام، وإلا لم يضمن اتفاقاً... (الدرالمختار: مع فتاوى الشامى:٦/٢١٢،سعيد).

ہدایہ میں ہے:

ومن كسر لمسلم بربطاً أوطبلاً أو مزماراً أودفاً ...فهو ضامن ...وهذا عند أبي حنيفةؒ، وقال أبو يوسفؒ ومحمدؒ: لايضمن ...وقيل الفتوى فى الضمان على قولهما ... لهما أن هذه الأشياء أعدت للمعصية فبطل تقومها كالخمر، ولأنه فعل مافعل آمراً بالمعروف وهو بأمر الشرع فلا يضمنه كما إذا فعل بإذن الإمام، ولأبي حنيفةؒ أنها أموال لصلاحيتها لما يحل من وجوه الانتفاع وإن صلحت لما لايحل فصار كالأمة المغنية، وهذا لأن الفساد بفعل فاعل مختار فلا يوجب سقوط التقوم. وجواز البيع والتضمين مرتبان على المالية والتقوم والأمر بالمعروف باليد إلى الأمراء لقدرتهم وباللسان إلى غيرهم، وتجب قيمتها غير صالحة للهو. (الهداية: ٣/٣٨٨، باب الغصب).

وفى الفتاوى الهندية: و يقال: الأمر بالمعروف باليد على الأمراء وباللسان على العلماء وبالقلب لعوام الناس وهو اختيار الزندويستي، كذا فى الظهيرية. (الفتاوى الهندية: ٥/٣٥٣).

تکملہ البحر الرائق میں ہے:

والفتوى في زماننا على قولهما لكثرة الفساد. (تكملة البحرالرائق: ٨/١٢٥).

خلاصہ یہ ہے کہ حاکم یا جو حاکم کے قائم مقام ہو مثلاً اربابِ مدرسہ وغیرہ اگر کسی کی چیز توڑ دے قانون کی خلاف

ورزی کی وجہ سے تو تاوان نہیں آئے گا، جیسے والداور استاذ اولا د وشاگرد کی سرزنش کر سکتے ہیں اسی طرح اربابِ مدرسہ بھی بمنزلہ والی کے ہیں۔ ہاں ہر کس و ناکس کے لیے تعزیر کی اجازت نہیں ہے، ورنہ فتنہ وفساد پھیلنے کا اندیشہ ہے۔

## غیر امیر کے اتلاف کی ایک نظیر:

درمختار میں ہے:

**وضمن المتلف المسلم قيمتهما أى الخمر والخنزير لأن الخمر في حقنا قيمي حكماً أى وإن كانت من ذوات الأمثال لو كانا لذمي والمتلف غير الإمام أومأموره يرى ذلک عقوبة فلا يضمن بأن كان مجتهداً أومقلداً لمجتهد يراه .** (الدرالمختار مع الشامي:٦/٢١٠،سعيد).

یادرہے کہ یہاں ذمی کی خمر جس کو نہیں گرانا چاہئے غیر امیر بطورِ تعزیر تلف کر سکتا ہے۔

**اشکال:** کسی کے مال کو ہلاک کرنے کے بارے میں اگر یہ اشکال کیا جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال ضائع کرنے سے منع فرمایا، بخاری شریف میں حدیث ہے:

**قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إن اللّٰه حرم عليكم عقوق الأمهات ووأد البنات ومنعاً وهات وكره لكم القيل والقال وكثرة السوال وإضاعة المال.** (رواه البخاري:١/٣٢٤).

اللہ تعالیٰ نے ماؤں کی نافرمانی اور لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے اور قابل داد چیز کے نہ دینے اور ممنوع چیز مانگنے سے منع کیا ہے۔ اور آپ کے لیے گپ شپ اور کثرت سوال اور مال ضائع کرنے کو مکروہ بتلایا ہے۔

**الجواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ مال ضائع کرنا وہ ہوتا ہے جس میں کوئی فائدہ اور مصلحت نہ ہو۔ اور اس عمل میں تادیب واصلاح کی مصلحت پائی جاتی ہے جیسے اگر کوئی بندوق کی گولیوں کو چلا کر نشانہ بازی سیکھتا ہے تو بظاہر گولیاں ضائع ہوئیں لیکن نشانہ بازی کے علم کا فائدہ ہوا، منطق وفلسفہ کا پڑھنا بظاہر وقت ضائع کرنا ہے لیکن اس سے استعداد کی پختگی آتی ہے اس لیے سب اکابر نے پڑھا تھا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## تعزیر بالمال کی تیسری صورت ''التغییر'' کا حکم:

**سوال:** اگر کسی طالب علم کے پاس سیل فون، سی ڈی، کیسٹ، یا میموری کارڈ (memory card) میں فحش اور غلط پروگرام محفوظ ہیں، وہ طالب علم وقتاً فوقتاً ان کو دیکھتا یا سنتا رہتا ہے، یا کسی طالب علم کے فون میں لڑکیوں کے ساتھ ناجائز تعلقات کی وجہ سے ان کی تصویریں محفوظ ہیں جن کو وہ دیکھتا رہتا ہے، اور لذت حاصل کرتا رہتا ہے، یا کوئی طالب علم لمبا کرتا پہن کر درسگاہ میں آتا ہے جو ٹخنوں سے نیچے ہے، یا کسی طالب علم کے پاس ذی روح کی تصویریں محفوظ ہیں، وغیرہ وغیرہ، تو ان تمام منکرات کو ختم کرنا درست ہے یا نہیں؟ یعنی ناجائز پروگرام کو صاف کرنا، کرتا کاٹ دینا وغیرہ وغیرہ، ارباب مدرسہ کو ان امور کا اختیار ہے یا نہیں؟ اگر اس طرح کیا تو تاوان لازم ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ ان تمام منکرات کو مٹانا اور ختم کرنا اربابِ مدرسہ کے لیے جائز اور درست ہے، اور یہ تعزیر کی تیسری صورت ہے، کہ مال کو بالکلیہ ہلاک نہ کردے بلکہ صرف معصیت کو مٹادے، دوسری صورت کی طرح اس کی بھی گنجائش ہے، لیکن حاکم یا جو بحکم حاکم ہو وہ کرسکتا ہے ہر شخص کے لیے گنجائش نہیں ہے۔ ورنہ فتنہ پیدا ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن أبي طلحة الأنصاري ﷺ قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: لاتدخل الملائكة بيتاً فيه كلب أوتماثيل فأتيت عائشة رضي الله تعالىٰ عنها فقلت: إن هذا يخبرني أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لاتدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولاتماثيل فهل سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ذكر ذلك؟ فقالت: لا، ولكن سأحدثكم مارأيته فعل رأيته خرج في غزاته فأخذت نمطاً فسترته على الباب فلما قدم فرأى النمط عرفت الكراهة في وجهه فجذبه حتى هتكه أو قطعه وقال: إن الله لم يأمرنا أن نكسو الحجارة والطين قالت: فقطعتها منه وسادتين وحشوتهما ليفاً فلم يعب ذلك علي.** (رواه مسلم:

۲/۲۰۰۔و البخاری ۲/۸۸۰، مختصراً)۔

قال العلامة العيني: ستر عائشة رضي الله تعالىٰ عنها فيه تصاوير فهتكه صلى الله عليه وسلم فجعلته قطعتين فاتكأ على إحداهما. (عمدة القاری:۸/۳۸۱،دارالحدیث ، ملتان)۔

وقال العلامة النووي: أتلف الصورة التي فيه...فيستدل به لتغيير المنكر باليد وهتك الصور المحرمة. (شرح النووی:۲/۲۰۰)۔

قال الملا علي القاري: وإن إتلافها أمر الشارع به ، لقوله صلى الله عليه وسلم:"من رأى منكم منكراً فليغيره بيده " (أخرجه مسلم) وإنكارها باليد إتلافها، وهو لو أتلفها بأمر أولى الأمر لايضمن فبأمر الشارع أولى ، وفى الجامع الصغير" لصدر الإسلام " الفتوى في عدم الضمان على قولهما، لكثرة الفساد بين الناس حتى ذكر الصدر الشهيد أن البيت يهدم على من اعتاد الفسق وأنواع الفساد، وأنه لا بأس بالهجوم على بيت المفسدين، وبإراقة العصير قبل أن يشتد على من اعتاد الفسق. (فتح باب العناية فی شرح كتاب النقاية:۳/۳٦۷،كتاب الغصب)۔

قال الدكتوروهبة الزحيلى : (۲) التغيير قد يقتصر العقوبة المالية على تغيير الشيء ، مثل نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن كسر العملة الجائزة بين المسلمين، كالدراهم والدنانير، إلا إذا كان بها بأس، فإذا كان فيها بأس كسرت. ومثل فعل النبي صلى الله عليه وسلم فى التمثال الذي كان في بيته ، والستر الذي به تماثيل، إذ أمر بقطع رأس التمثال فصار كهيئة الشجرة ، وبقطع الستر، فصار وسادتين يوطان، وهكذا اتفق العلماء على إزالة وتغيير كل ماكان من العين أوالتاليف المحرم ، مثل تفكيك آلات الملاهي ، وتغيير الصور المصورة. (الفقه السلامی وادلته:٦/۲۰۳ ،التعزیربالمال،دارالفکر)۔

وكذا فی فتاوی ابن تیمیه:۲۸/۱۱۷) . واللہ ﷻ اعلم۔

## کافر یا منافق کہنے پر تعزیر کا حکم:

**سوال:** اگر کسی دوسرے شخص کو کافر یا منافق کہا تو شرعاً اس پر تعزیر ہے یا نہیں؟ اور کیا تعزیر میں قتل کی گنجائش ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ کافر یا فاسق کہنے پر بعض کتابوں میں عدم تعزیر مرقوم ہے، لیکن اکثر کتبِ فقہیہ میں تعزیر کا حکم مذکور ہے، اور موجودہ دور میں فتنہ وفساد اور سب وشتم کی کثرت کی وجہ سے لوگوں کے غلط فائدہ اٹھانے کا امکان ہے اس لیے تعزیر ہونی چاہئے البتہ قاضی پر موقوف ہے، حالات واشخاص کا اعتبار کرتے ہوئے جاری کرے۔ لیکن محض سب وشتم میں تعزیر بالقتل کی گنجائش نہیں ہے، ہاں فی نفسہ تعزیر بالقتل مشروع ہے۔
ملاحظہ فرمائیں فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

**وإذا قال لغيره: "يافاجر" فعليه التعزير وكذلك إذا قال لغيره: "ياخبيث"، "يافاسق"... وفي الأجناس: وإذا قال: "ياكافر"، "يازنديق"، "يالص"... وفي السراجية: "يا بےنماز" فعليه التعزير، وفي المضرمات: قال بعضهم: من قال لآخر: "ياكافر" لا يجب التعزير ما لم يقل: ياكافر بالله، لأن الله سمى المؤمن كافراً بالطاغوت قال: ﴿فمن يكفر بالطاغوت﴾. فيكون محتملاً.** (فتاوی تاتارخانية: ٥/١٤٥، ١٤٦، كتاب الحدود والتعزير).

کنز الدقائق میں ہے:

**ومن قذف ... أومسلماً بـ"يا فاسق" "ياكافر ياخبيث"... عزر.** (كنز الدقائق: ١٩٠، فصل في التعزير، مكتبه امداديه).

البحر الرائق میں ہے:

**وفي شرح الطحاوي: والأصل في وجوب التعزير أن كل من ارتكب منكراً أو آذى مسلماً بغير حق بقوله أو بفعله وجب عليه التعزير إلا إذا كان الكذب ظاهراً.**

(البحر الرائق: ٥/٤٣۔ وبدائع الصنائع: ٧/٦٤).

## تعزیر میں حالات واشخاص کا اعتبار ہوگا۔

ملاحظہ ہوفتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

**وفي فتاوى الخلاصة: التعزيرعلى أربع مراتب:(١) تعزير أشراف الأشراف: كالفقهاء والعلوية . (٢) تعزير الأشراف : كالدهاقنة. (٣) وتعزير أوساط الناس . (٤) وتعزير الخساس. فتعزير أشراف الأشراف: الإعلام لا غير، وهو أن يقول القاضي: بلغني أنك تفعل كذا وكذا . وتعزير الأشراف : الإعلام والجر إلى باب القاضي. وتعزير الأوساط وهم السوقية : الإعلام والجر إلى باب القاضي والحبس،وتعزيرالخساس: الإعلام والجر والضرب والحبس مع ذلك... وقد يكون بالصفع. (طمانچہ) وتعريك الأذن ، وقد يكون بالكلام العنيف، وقديكون بالضرب ، وفى الخانية: وعن محمد رحمه الله تعالىٰ: رجل يشتم الناس وهو محترم له مروءة: يوعظ ولايحبس ، وإن كان دون ذلك: يؤدب وإن كان شتاماً : يضرب ويحبس. وفى الظهيرية: وقد يكون التعزير بنظر القاضي إليه بوجه عبوس ... ولا خلاف بين العلماء أنه لا يبلغ التعزير الحد... فأما أدناه مفوض إلى رأي القاضي يقيم بقدر مايرى من المصلحة فيه ، وفى الظهيرية: أقل التعزيرلاينقص عن ثلاث جلدات ،...فالتعزير مفوض إلى رأي الإمام.** (الفتاوى التاتارخانية: ٥/ ١٤٠، كتاب الحدود،التعزير۔وكذا فى الدرالمختار مع فتاوى الشامى:٤/ ٦٠، باب التعزير،سعيد). واللہ ﷻ اعلم۔

## تعزیر بالقتل کا حکم:

درمختار میں ہے:

**يكون التعزير بالقتل كمن وجد رجلاً مع امرأة لاتحل له، ولو أكرهها فلها قتله ودمه هدر... وفى شامية: ( قوله ويكون التعزير بالقتل ) رأيت فى (الصارم المسلول) للحافظ**

ابـن تيـمية أن مـن أصـول الحنفية أن مالا قتل فيه عندهم مثل قتل بالمثقل والجماع في غير القبـل إذا تـكـرر فـلـلإمـام أن يـقتل فاعله، وكذلك له أن يزيد على الحد المقدر إذا رأى المصلحة في ذلك ، ويحتملون ما جاء عن النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه من القتل في مثل هـذه الـجـرائـم عـلـى أنـه رأى المصلحة في ذلك ويسمونه القتل سياسة، وكان حاصلـه أن لـه أن يـعـزر بـالـقـتـل فـي الـجـرائـم التـي تعظمت بالتكرار وشرع القتل في جنسها.....قلت: وقد ظهر لي في التوفيق وجه آخر وهو أن الشرط المذكور إنما هو فيما إذا وجـد رجلاً مـع امـرأة لاتحل له قبل أن يزني بها فهذا لايحل قتله إذا علم أنه ينزجر بغير القتل سواء كانت أجنبية عن الواجد أو زوجة له أومحرماً منه ، أما إذا وجد يزني بها فله قتله مطلقاً. (الدرالمختارمع فتاوى الشامي: ٤/ ٦٢،مطلب يكون التعزيربالقتل،سعيد) . واللہ ﷻ اعلم۔

## تعزیراً بائیکاٹ (حقہ پانی بند کرنا) کا حکم:

**سوال:** ہمارے بعض علاقوں میں یہ عمل درآمد ہے کہ اگر کسی سے کوئی جرم صادر ہو جائے، تو بطورِ تعزیر قبیلہ والے اور محلّہ کے لوگ اس سے بائیکاٹ کرتے ہیں، اور عرف میں یہ کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ پانی حقہ بند ہے، اور بسا اوقات اس کو مسجد میں نماز سے اور جنازہ میں شرکت سے بھی روکتے ہیں، کیا شرعاً اس کی گنجائش ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بطورِ تعزیر بائیکاٹ جائز اور درست ہے، لیکن مسجد میں نماز با جماعت وغیرہ سے روکنا جائز نہیں ہے، شریعتِ مطہرہ میں بہت سے ایسے واقعات دستیاب ہوتے ہیں جن سے بائیکاٹ کا ثبوت ملتا ہے لیکن مسلمانوں کے اجتماعی عبادتی امور مثلاً مسجد میں نماز با جماعت یا جنازہ وغیرہ میں شرکت سے روکنا ثابت نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿ومـن أظـلـم مـمن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه وسعى في خرابها﴾. (سورة البقرة،الآية: ١١٤).

مذکورہ بالا آیتِ کریمہ کے تحت حضرت مفتی محمد شفیع صاحب معارف القرآن میں تحریر فرماتے ہیں:

مسئلہ یہ معلوم ہوا کہ مسجد میں ذکر ونماز سے روکنے کی جتنی بھی صورتیں ہیں وہ سب ناجائز اور حرام ہیں، ان میں سے ایک صورت تو یہ کھلی ہوئی ہے ہی کہ کسی کو مسجد میں جانے سے یا وہاں نماز وتلاوت سے صراحۃً روکا جائے۔ (معارف القرآن:۱/۲۹۹).

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اور ان کے دوساتھی جن سے بائکاٹ کیا گیا تھا اور جن کے بارے میں آیتِ کریمہ: ﴿ **وعلى الثلاثة الذين خلفوا حتى إذا ضاقت عليهم الأرض بما رحبت** ﴾. نازل ہوئی تھی، پھر بھی ان کو نمازِ پنجگانہ با جماعت ادا کرنے سے نہیں روکا گیا تھا، ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف کی روایت میں ہے:

**... وأما أناْ فكنت أخرج فأشهد الصلاة مع المسلمين و أطوف في الأسواق و لايكلمني أحد... الخ.** (رواه البخاري: ۲/۶۳۵، حديث كعبؓ).

## احادیثِ مبارکہ سے بائیکاٹ کا ثبوت:

(۱) حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اور ان کے دوساتھیوں کے ساتھ ۵۰ دن تک بائکاٹ کیا گیا۔ ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف میں ہے:

**...فلبثت بعد ذلك عشر ليال حتى كملت لنا خمسون ليلة من حين نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن كلامنا...** (رواه البخاري: ۲/۶۳۶).

(۲) حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے اپنے بھتیجے سے ترکِ کلام فرمایا۔ ملاحظہ ہو ابن ماجہ میں ہے:

**عن سعيد بن جبير رضي الله عنه عن عبد الله بن مغفل رضي الله عنه أنه كان جالساً وإلى جنبه ابن أخ له فخذف فنهاه وقال: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عنها، وقال: إنهالاتصيد صيداً ولاتنكئ عدواً وإنها تكسر السن وتفقأ العين، قال: فعاد ابن أخيه يخذف، فقال: أحدثك أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عنها عدت ثم تخذف لا أكلمك أبداً.** (رواه ابن ماجة: ص ۳).

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریوں کے مارنے سے منع فرمایا کہ ان سے نہ شکار ہوتا ہے نہ دشمن

زخمی ہوتا ہے ہاں کسی کا دانت توڑ یگی یا آنکھ پھوڑ یگی ،راوی کہتے ہیں کہ ان کے کے بھتیجے نے پھر مارنا شروع کیا تو حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں کہتا ہوں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریوں سے منع فرمایا اور تم مارتے ہو میں تم سے کبھی بات نہیں کروں گا۔

(۳) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے سے ترک کلام فرمایا۔ملاحظہ ہو مشکوۃ شریف میں روایت ہے:

**عن مجاهد عن عبد الله بن عمر رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لايمنعن رجل أهله أن يأتوا المساجد فقال ابن عبد الله بن عمر رضي الله عنه: فإنا لنمنعهن ، فقال عبد الله: أحدثك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم وتقول هذا، قال: فما كلمه عبد الله حتى مات.** (رواه احمد،مشکوٰة شريف: ۱/ ۹۷).

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اپنی بیوی کو مسجد سے نہ روکے تو حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ایک بیٹے نے کہا ہم تو منع کریں گے،حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں حدیث سنا تا ہوں اور تم یہ بات کہتے ہو،راوی کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے وفات تک اپنے بیٹے سے بات نہیں کی۔

(۴) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ترک کلام فرمایا۔

**...أن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها حدثت أن عبد الله بن الزبير قال في بيع أوعطاء أعطيته عائشة رضي الله تعالىٰ عنها والله لتنهين عائشة أو لأحجرن عليها، فقالت: أهو قال هذا ، قالوا: نعم، قالت: هو لله علي نذر أن لا أكلم ابن الزبير أبداً فاستشفع ابن الزبير رضي الله عنه إليها حين طالت الهجرة...الخ.** (رواه البخاري:۲/ ۸٦۷، كتاب الادب، باب الهجرة).

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زیادہ سخاوت کی وجہ سے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر اس سے باز نہ آئے تو میں ان پر پابندی لگادوں گا،حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو معلوم ہوا دریافت کیا کہ کیا اس نے ایسا کہا میں منت مانتی ہوں کہ ابن زبیر سے کبھی بات نہیں کروں گی ، پھر حضرت عبداللہ

بن زبیر ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بڑی مشکل سے راضی کیا۔

مشکوٰۃ شریف میں ہے:

**عن أبي أيوب الأنصاري ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل للرجل أن يهجر أخاه فوق ثلاث ليال.** (مشكوٰة شريف: ٢/ ٤٢٧، باب ماينهى من التهاجر).

حدیثِ بالا کی شرح میں ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں:

**قال الخطابي: رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته، ولايجوز فوقها إلا إذا كان الهجران في حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك، وفي حاشية السيوطي على المؤطا: قال ابن عبدالبرؒ ...وأجمع العلماء على أن من خاف من مكالمة أحد وصلته مايفسد عليه دينه، أو يدخل مضرة في دنياه يجوز له مجانبته وبعده...وإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة على مر الأوقات ما لم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق فإنه صلى الله عليه وسلم لما خاف على كعب بن مالك ﷺ وأصحابه النفاق حين تخلفوا عن غزوة تبوك أمر بهجرانهم خمسين يوماً...** (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح: ٩/ ٢٦٢).

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند میں ہے:

...ایسے لوگوں کے ساتھ اگر عام مسلمان کچھ دنوں کے لیے بطورِ تنبیہ تعلقات منقطع کرلیں اوراس کو اپنے حقہ پانی میں شریک نہ کریں، بیاہ شادی میں اس کے شریک نہ ہوں تو یہ جائز ہے، بلکہ مستحسن ہے، **كما في اتحاد البصائر في ترتيب الأشباه والنظائر: ص ٩٢.** (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۲/ ۲۲۸).

مزید ملاحظہ ہو: (احسن الفتاوی: ۵/ ۵۲۹۔ وفتاوی محمودیہ: ۱۸/ ۵۰۷)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## شریعتِ مطہرہ میں تادیب کا حکم:

**سوال:** شریعتِ مطہرہ میں بیوی بچوں، اور شاگردوں کی پٹائی کی گنجائش ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کس حد تک؟

**الجواب:** حدودِ شریعت کا لحاظ رکھتے ہوئے بعض صورتوں میں تادیباً پٹائی کی گنجائش ہے۔

☆ **تأديب الزوجة** : (زوجہ کی سرزنش کا حکم)۔

قرآن مجید میں ہے:

﴿ **والتي تخافون نشوزهن فعظوهن واهجروهن في المضاجع واضربوهن** ﴾. (سورة النساء، الآية: ٣٤).

یعنی عورتوں کی طرف سے نافرمانی کا صدور یا اندیشہ ہوتو، پہلا درجہ ان کی اصلاح کا یہ ہے کہ نرمی سے ان کو سمجھاؤ اور اگر وہ محض سمجھانے بجھانے سے باز نہ آئیں، تو دوسرا درجہ یہ ہے کہ ان کا بستر اپنے بستر سے علیحدہ کردو، تا کہ وہ اس علیحدگی سے شوہر کی ناراضگی کا احساس کر کے اپنے فعل پر نادم ہو جائیں، اور جدائی صرف بستر ہ میں ہو، مکان کی جدائی نہ کرے اس میں رنج زیادہ ہوگا، اور فساد بڑھنے کا اندیشہ بھی اس میں زیادہ ہے،...اور جو اس شریفانہ سزا و تنبیہ سے بھی متأثر نہ ہوتو پھر اس کو معمولی مار مارنے کی بھی اجازت ہے، جس سے اس کے بدن پر اثر نہ پڑے، اور ہڈی ٹوٹنے یا زخم لگنے تک نوبت نہ آئے، اور چہرہ پر مارنے کو مطلقاً منع فرمادیا گیا ہے۔ (معارف القرآن، از مفتی محمد شفیع صاحبؒ، ۲/۳۹۹).

قاموس الفقہ میں ہے:

قرآن کی اس ہدایت سے معلوم ہوا کہ ایک تو جسمانی سرزنش کی اجازت اسی وقت ہے جب نصیحت اور وقتی طور پر بستر کی علیحدگی عورت کی اصلاح کے لیے ناکافی ثابت ہو، اگر اصلاح سے کام چل جائے تو ہرگز ہاتھ نہ اٹھائے۔ (قاموس الفقہ: ۴/۳۰۸).

احادیث ملاحظہ فرمائیں:

**عن إياس بن عبد الله بن أبي ذئاب قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: لاتضربوا إماء الله فجاء عمر ﷺ إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: ذئرن النساء على أزواجهن فرخص رسول الله صلى الله عليه وسلم في ضربهن فأطاف بآل رسول الله صلى الله عليه وسلم نساء كثير يشكون أزواجهن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لقد طاف بآل محمدنساء كثير يشكون ازواجهن ليس أولئك بخياركم.** (رواه ابوداود: ١/٢٩٢،

باب ضرب النساء ۔ والنسائی وابن ماجة).

**عن عائشة رضي اللّٰه تعالیٰ عنها قالت: ماضرب رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم خادماً له ولا امرأة ولاضرب بيده شيئاً. وعن عبد اللّٰه بن زمعة ﷺ قال: خطب النبي صلی اللّٰه عليه وسلم... ثم قال: إلى ما يجلد أحدكم امرأته جلد الأمة ولعله أن يضاجعها من آخر يومه.** (رواه ابن ماجة: ۱۴۲، باب ضرب النساء).

معلوم ہوا کہ بدرجہ مجبوری بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زوجہ کی پٹائی کو پسند نہیں فرمایا، ہاں نشوز کے وقت ہلکی پٹائی کی گنجائش ہے اور اس پر مؤاخذہ نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن الأشعث بن قيس قال ضفت عمر ﷺ ليلة فلماكان في جوف الليل قام إلى امرأته يضربها فحجزت بينهما فلما آوى الى فراشه، قال لي: يا أشعث احفظ عني شيئاً سمعته عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لايسأل الرجل فيما ضرب امرأته.** (رواه ابن ماجة ص۱۴۲).

**قال في انجاح الحاجة: قوله فيما يضرب امرأته أى إذا راعى شرط الضرب وحدوده.** (انجاح الحاجة: ۱۴۲).

جن صورتوں میں زوجہ کو مارنے کی گنجائش ہیں من جملہ چند حسبِ ذیل درج ہیں:

**قال في تنوير الأبصار: يعزر المولى عبده والزوج زوجته على تركها الزينة وغسل الجنابة، والخروج من المنزل وترك الإجابة إلى الفراش، وقال فى الدرالمختار: ويلحق بذلک ما لوضربت ولدها الصغير عند بكائه أوضربت جاريته غيرة ولاتتعظ بوعظه أو شتمته ولو بنحو ياحمار أو ادعت عليه أو مزقت ثيابه أو كلمته ليسمعها أجنبي أوكشفت وجهها لغير محرم أوكلمته أو شتمته أو أعطت مالم تجر العادة به بلا إذنه والضابط: كل معصية لا حد فيها فللزوج والمولى التعزير. وقال الشامي: لكن على القول بأنه لايضربها لترك الصلاة يخص الجواز بما لاتقتصر منفعته عليها.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامی: ۷۷/۴، باب

فتاویٰ لکھنوی میں ہے:

**الاستفسار: هل يجوز للزوج أن يضرب امرأته في خصلة من الخصال ؟**

**الاستبشار: نعم، قالوا: يجوزله أن يضربها في أربعة أمور وما في معناها، أحدها:ـ على ترک الزينة للزوج . وثانيها: ـ على عدم إجابتها إذا دعاها إلى فراشه، وهي طاهرة من الحيض والنفاس. وثالثها: ـعلى خروجها من منزله بغيرإذنه.ورابعها:ـ على ترک الصلاة، وترک الغسل من الجنابة ،كذا في مجمع البركات عن القنية. ثم الضرب على ترک الصلاة رواية، وعليه مشى فى الكنز تبعاً للكثيرين وفى النهاية تبعاً للحاكم: أنه لايجوز لأن المنفعة لاتعود إليه، ومعنى قولهم : وما في معناها: أنها إذا ارتكبت معصية ليس لها فى الشرع تعزير مقرر له أن يضربها فيها، فيجوز إذا ضربت جارية زوجها غيرة، ولم تتعظ بوعظه له أن يضربها،كما فى القنية. وينبغي أن يلحق به ما إذا ضربت الولد الذي لايعقل عند بكائه، لأن ضرب الدابة إذا كان ممنوعاً، فهذا أولىٰ، منه: ما إذا شتمته أومزقت ثيابه ، أوأخذت لحيته أوقالت له: ياحمار، يا أبله، ونحوه.ومنه : ما إذا كشفت وجهها لغير محرم، ومنه: ما إذا شتمت أجنبياً ، ومنه ما إذا أسمعت صوتها للأجنبي.** كذا فى البحرالرائق:٥/٥٣، فى فصل التعزير. (نفع المفتى والسائل ص٤٠٩ـ٤١٠،مايتعلق باطاعة الزوجات للازواج).

**وعن جابر ﷺ أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: ...فاضربوهن ضرباً غير مبرح.** (رواه مسلم:١/٣٩٧).

**قال الفقهاء : هو أن لا يكسر فيها عضواً ولايؤثر فيها شيئاً .** (ابن كثير:١/٥٣٨).

**وعن معاوية بن حيدة القشيرى عن أبيه قال: يارسول اللّٰه ! ماحق زوجة أحدنا عليه؟ قال:أن تطعمها إذا طعمت وتكسوها إذا اكتست ولاتضرب الوجه ولاتقبح ولاتهجر إلا فى البيت.** (رواه ابوداود:١/٢٩١، باب حق المرأة على زوجها).

حضرت عبداللہ ابن عباس ﷺ نے صرف مسواک سے سرزنش کی اجازت دی ہے۔ (قاموس الفقہ:۴/۳۰۹).

## ☆ تأديب الأولاد الصغار : (نابالغ اولاد کی سرزنش کا حکم)

مولانا خالد سیف اللہ فرماتے ہیں کہ بچوں کی سرزنش میں بھی ان حدود وقیود کی رعایت ضروری ہے جو بیوی کی سرزنش کے سلسلہ میں مذکور ہوئیں، اگر چہ اعتدال سے تجاوز کیا جائے تو سرزنش کرنے والا خود لائق سرزنش ہے۔ (قاموس الفقہ :۴/۳۰۹).

درمختار میں ہے:

**ومنه أي (من المباح) ضرب الأب ابنه تاديباً أوالأم أوالوصي ومن الأول (أي الواجب) ضرب الأب أوالوصي أوالمعلم بإذن الأب تعليماً فمات لاضمان...ومحله في الضرب المعتاد، وفي الشامية: قوله بإذن الأب أي أو بإذن الوصي ولوضرب بغير إذنهما يضمن، قوله ومحله في الضرب المعتاد أي كماً وكيفاً ومحلاً فلوضربه على الوجه أوعلى المذاكير يجب الضمان بلاخوف ولوسوطاً واحداً لأنه إتلاف.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:٦/٥٦٦،سعيد).

**وفي الدرالمختار: وإن وجب ضرب ابن عشر عليها بيد لا بخشبة . وقال الشامي: ولايجاوز الثلاث وكذلك المعلم ليس له أن يجاوزها...وظاهره أنه لايضرب بالعصا في غير الصلاة أيضاً.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:١/٣٥٢، كتاب الصلاة،سعيد-٤/٧٨،سعيد).

**وعن أبي بردة ﷺ قال : كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول: لا يجلد فوق عشر جلدات إلا في حد من حدود الله.** (رواه البخاري:٢/١٠١٢).

فتح الباری میں ہے:

**الصواب في الجواب أن المراد بالحدود هناالحقوق التي هي أوامر الله ونواهيه وهي المراد بقوله: ومن يتعد حدود الله فأولئك هم الظالمون، فلا يزاد على العشر في التأديبات التي لاتتعلق بمعصية كتأديب الأب ولده الصغير.** (فتح الباري:١٢/١٧٨).

یعنی اللہ تعالیٰ کے احکام کی خلاف ورزی پر دس سے زائد کوڑوں کی سزا دیجاسکتی ہے کسی انسانی قانون کی خلاف

ورزی پر ایسی سخت سزا نہیں دینا چاہئے۔

شرح عمدۃ الاحکام میں ہے:

**المراد جلد التأديب كان يؤدب الرجل ولده أو يؤدب خادمه أو يؤدب زوجته.** (عمدة الاحكام: ٨/ ٧٠).

محمد بن صالح عثیمین سلفی سعودی شرح ریاض الصالحین میں لکھتے ہیں:

**قوله صلى الله عليه وسلم: " اضربوهم عليها وهو ابناء عشرسنين" المراد الضرب الذي يحصل به التأديب بلا ضرر، فلا يجوز للأب أن يضرب أولاده ضرباً مبرحاً، ولايجوز أن يضربهم ضرباً مكرراً لاحاجة إليه بل إذا احتاج إليه مثل ألا يقوم الولد للصلاة إلا بالضرب فإنه يضربه ضرباً غير مبرح، بل ضرباً معتاداً، لأن النبي صلى الله عليه وسلم إنما أمر بضربهم لا لإيلامهم ولكن لتأديبهم وتقويمهم، وفي هذا الحديث: إشارة إلى أن ما ذهب إليه بعض المتأخرين ممن يدعون أنهم أصحاب تربية من أن الصغار لايضربون في المدارس إذا أهملوا، ففي هذا الحديث الردعليهم، وهو دليل على بطلان فكرتهم، وإنها غير صحيحة، لأن بعض الصغار لا ينفعهم الكلام في الغالب، ولكن الضرب ينفعهم أكثر، فلو أنهم تركوا بدون ضرب لضيعوا الواجب عليهم وفرطوا في الدروس وأهملوا، فلا بد من ضربهم ليعتادوا النظام... إلا أنه كما قلنا لا بد أن يكون الضرب للتأديب لا للإيلام والإيجاع فيضرب ضرباً يليق بحاله، ضرباً غير مبرح.** (شرح رياض الصالحين: ١/ ٦٨٦/ ٢/ ٣٠٢، دارالسلام).

حضرت مفتی محمود حسن صاحب فرماتے ہیں:

چھوٹے بچوں کو بغیر چھڑی وغیرہ کے صرف ہاتھ سے وہ بھی ان کے تحمل کے موافق تین چپت تک مار سکتا ہے وہ بھی سر اور چہرے کو چھوڑ کر یعنی گردن اور کمر پر، اس سے زیادہ کی اجازت نہیں ورنہ بچے قیامت میں قصاص لیں گے، بچوں پر نرمی اور شفقت کی جائے، اب پیٹنے کا دور تقریباً ختم ہوگیا اس کے اثرات اچھے نہیں

ہوتے بچے بے حیا اور نڈر ہو جاتے ہیں مار کھانے کے عادی ہو کر یاد نہیں کرتے، بلکہ اکثر تو پڑھنا ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ (فتاوی محمودیہ: ۱۴/ ۱۲۹، مبوب ومرتب)۔

## ☆ تأديب الأولاد الكبار :

بالغ اولاد کو بھی مارنے کی گنجائش ہے۔

ملاحظہ ہو بخاری شریف کی روایت میں ہے:

**فقال أبوبكر ﷺ: أحبست رسول الله صلى الله عليه وسلم والناس ليسوا على ماء وليس معهم ماء، فقالت عائشة رضي الله تعالىٰ عنها فعاتبني أبوبكر ﷺ وقال: ماشاء الله أن يقول وجعل يطعنني بيده في خاصرتي.** (رواه البخاري: ١/ ٤٨، باب التيمم).

**قال العيني: فيه تأديب الرجل ابنته ولو كانت متزوجة كبيرة خارجة عن بيته ويلتحق بذلك تأديب من له تأديبه وإن لم يأذن له الإمام.** (عمدة القاري: ٣/ ١٩٧).

علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**والأب يعزر الاين عليه أى على ترك الصلاة... والظاهر أن المراد بالابن الصغير أما الكبير فكالأجنبي نعم قدم الشارح فى الحضانة عن البحر أنه إذا لم يكن مأموناً على نفسه فله ضمه لدفع فتنة أوعار وتأديبه إذا وقع منه شيء.** (فتاوى الشامي: ٤/ ٧٨، سعيد).

احسن الفتاویٰ میں ہے:

بالغ اولاد کو بھی تعزیر دی جا سکتی ہے بلکہ والد نہ ہو تو دوسرے اقارب بھی تعزیر دے سکتے ہیں... الظاهر أن الجد كذلك بل غيره من العصبات كالأخ والعم ... (ردالمحتار: ٢/ ٦٩٧). استاذ اپنے شاگردوں کو تعزیر دے سکتا ہے شاگرد خواہ بالغ ہو یا نابالغ، نابالغ کو اس لیے کہ اس کے ولی نے استاذ کو تادیب کا مالک بنا دیا ہے اور بالغ کو اس لیے کہ اس نے خود استاذ کو اس کا اختیار دیا ہے۔ (احسن الفتاویٰ: ۵/ ۵۰۸) . واللہ ﷻ اعلم۔

## تادیب میں دست وپا توڑنے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** اگر معلم نے پٹائی کے وقت بچے کا ہاتھ یا پاؤں توڑ دیا تو تاوان آئے گا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر والد کی اجازت سے پٹائی کی تھی تو تاوان لازم نہیں ہوگا، اور اگر بغیر اجازت کے پٹائی کی تو تاوان آئے گا، اور یہ حکم اس وقت ہے جب کہ معتاد طریقے پر پٹائی کرے اگر غیر معتاد طریقے پر پٹائی کرے تو بہرصورت تاوان آئے گا۔

ملاحظہ فرمائیں مجمع الضمانات میں ہے:

**المعلم إذا ضرب صبياً، أو الأستاذ المحترف إذا ضرب التلميذ، قال أبوبكر محمد بن الفضل رحمه الله: إن ضربه بأمر أبيه أووصيه ضرباً معتاداً في الموضع المعتاد لايضمن، وإن ضربه غير معتاد ضمن. فإن ضربه بغير أمر أبيه أووصيه فمات، ضمن تمام الدية في قولهم، سواء ضربه معتاداً، أوغير معتاد، من فصل البقار من قاضيخان.** (مجمع الضمانات: ۱/۱۵۹، النوع الثامن عشر، دار السلام).

درمختار میں ہے:

**ضرب الأب أوالوصي أوالمعلم بإذن الأب تعليماً فمات لاضمان...ومحله في الضرب المعتاد وأما غيره فموجب للضمان وفي الشامية: قوله بإذن الأب أي أوبإذن الوصي ولوضرب بغير إذنهما يضمن ...قوله ومحله في الضرب المعتاد أي كماً وكيفاً ومحلاً فلو ضربه ولي الوجه أوعلى المذاكير، يجب الضمان بلاخوف ولوسوطاً واحداً لأنه إتلاف.** (الدرالمختار مع فتاوی الشامي: ۶/۵۶۶، باب القود فيمادون النفس، سعيد).

**حاشية الطحطاوي** میں ہے:

**الوصي والزوج إذا ضرب اليتيم أوزوجته تأديباً وكذا المعلم إذا ضرب الصبي بإذن الأب أوالوصي لتعليم القرآن أوعمل آخر مثل ما يضرب فيه لايضمن هو ولا الأب والوصي**

**بالإجماع... ولو ضرب المعلم بدون إذنه فمات يضمن.** (حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ٤/ ٢٧٥، باب القود فيما دون النفس) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال سبحانہ وتعالیٰ:

﴿فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیہ بمثل ما اعتدی علیکم﴾.

وقال علیہ الصلاۃ والسلام:

"لا ضرر ولا ضرار فی الإسلام"

# باب......﴿۳﴾

# احکام الضمان

# باب......﴿۳﴾

# احکام الضمان

## موٹر کار کے گھوڑے کے ساتھ ٹکرانے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** ایک شخص بڑے راستہ پر موٹر کار چلا رہا تھا رات کے وقت اس کو معلوم نہیں تھا کہ راستہ پر ایک گھوڑا نکلا ہوا ہے اور راستہ کھلا تھا روڈ کے کناروں پر باڑھ نہیں تھا، موٹر کار گھوڑے سے ٹکرائی اور گھوڑا زخمی ہو گیا، اب قصوروار کون ہے؟ اور تاوان کس پر آئیگا؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر صاحبِ سیارہ کا قصور ہے تو اس پر تاوان آئیگا۔

مفتی محمد تقی صاحب تکملہ فتح الملہم میں فرماتے ہیں:

**إن جناية البهيمة لاتخلومن حالين إما أن تكون متفلتة ليس معها أحد أويكون معهاراكب أوسائق أوقائد فإن كانت منفلتة ليس معها أحد فأتلفت شيئاً فلاضمان على صاحبها عند الحنفية مطلقاً سواء كان الوقت وقت النهار أووقت الليل عملاً بإطلاق حديث الباب...وذكر شيخنا التهانويؒ في إعلاء السنن : (١٨/٢٤٢) عن الطحاوي: أن تحقيق مذهب أبي حنيفةؒ أنه لاضمان إذا أرسلها مع حافظ وأما إذا أرسلها من دون حافظ**

ضمن، والخلاصة أن الحكم عند أبي حنيفةؒ لايدور مع النهار أوالليل وإنما يدورعلى التقصير في الحفظ فإن قصر المالك في حفظ البهيمة بالنهار ضمن، وإن لم يقصر بالليل لم يضمن وحمل حديث ناقة البراء على التقصير في الحفظ واستدل شيخنا التهانويؒ لمذهب أبي حنيفةؒ بما أخرجه الدارقطني عن عمروبن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ما أصابت الإبل بالليل ضمن أهلها وما أصابت بالنهارفلاشيء فيه، وما أصابت الغنم بالليل والنهارغرم أهلها قال شيخناؒ: ويدل إيجاب الضمان على أهل الغنم بالليل والنهار على أنه لا دخل للنهار في إسقاط الضمان وإنما بنائه على عدم التقصير ولما كان حفظ الغنم متيسراً دل إفسادها على ترك الحفظ من الرعاة بخلاف الإبل فإن ضبطها متعسر، هذا هوالفرق ...ثم لم يذكرالفقهاء حكم السيارة لعدم وجودها في عصرهم والظاهر أن سائق السيارة ضامن لما أتلفته في الطريق سواء أتلفته من القدام أو من الخلف ووجه الفرق بينها وبين الدابة على قول الحنفية إن الدابة متحركة بإرادتها فلا تنسب نفحتها إلى راكبها بخلاف السيارة فإنها لاتتحرك بإرادتها فتنسب جميع حركتها إلى سائقها فيضمن جميع ذلك، والله سبحانه وتعالىٰ أعلم. (فتح الملهم: ۲/ ۵۲۱، ۵۲۳، احكام جناية البهيمة).

مزید ملاحظہ ہو: (اسلامی فقہ ۲/ ۶۴۱). واللہ ﷻ اعلم۔

## کار کے تصادم یا الٹنے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** اگر ڈرائیور کار یا بس چلا رہا تھا اور اس کی کوئی چیز ٹوٹ گئی یا کار یا بس الٹ گئی یا کسی دوسری کار یا بس کے ساتھ تصادم ہو گیا اور اندر بیٹھے ہوئے کچھ لوگ زخمی ہو گئے یا مر گئے اور ڈرائیور بچ گیا تو تاوان یا دیت وغیرہ لازم ہوگی یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگر ڈرائیور نے قصداً کوئی زیادتی کی مثلاً غلط راستہ اختیار کیا اور الٹ گئی

یا بہت زیادہ تیز چلا رہا تھا مثلاً ۲۰۰ سے زیادہ اسپیڈ پر یا بالکل بے پرواہی سے چلا رہا تھا تو ان تمام صورتوں میں ڈرائیور ذمہ دار ہوگا، اور اسی پر تاوان آئیگا، لیکن اگر ایسا نہیں تھا بلکہ ڈرائیور اپنی پوری ذمہ داری سے چلا رہا تھا اور ناگہانی طور پر کوئی حادثہ پیش آگیا تو ڈرائیور اس کا ذمہ دار نہیں ہے، اور اس پر کسی قسم کا تاوان نہیں آئیگا، ہاں اگر باہر کسی آدمی کو ٹکر مار کر ہلاک کر دیا تو پھر دیت واجب ہوگی۔

ان مسائل کو مولانا مجیب اللہ ندوی صاحب نے تفصیل سے بیان کیا ہے، ملاحظہ فرمائیں:

بے جان سواریوں مثلاً سائیکل موٹر، ریل ہوائی جہاز وغیرہ کا حکم یہی ہے کہ خواہ قصداً اس سے کوئی مالی نقصان پہنچے یا غفلت کی وجہ سے بغیر قصد کے اس کا تاوان سواری کے مالک سے نہیں بلکہ ڈرائیور، کنڈکٹر یا گارڈ سے لیا جائیگا، مثلاً سگنل کے بغیر گاڑی اسٹیشن پر لے آیا اور گاڑی لڑ گئی، یا کار یا بس کو ڈرائیور غلط سائڈ سے لے جا رہا تھا یا جو اسپیڈ مقرر ہے اس سے تیز چلا رہا تھا تو ان صورتوں میں اسی پر مالی نقصان کی ذمہ داری ہوگی البتہ کوئی دوسرا شخص سواری کے آگے کوئی اینٹ یا پتھر ڈال دے اور وہ اسے نہ دیکھ سکے اور حادثہ پیش آجائے یا کوئی پیدل آدمی غلط راستہ چل رہا تھا اور اس کو موٹر سائیکل سے دھکا لگ گیا یا اچانک سواری کے سامنے کوئی لیٹ جائے تو ایسی صورت میں ڈرائیور یا مالک یا حکومت کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے، لیکن اگر موٹر ریل اتفاق سے لڑ جائے یا ہوائی جہاز حادثہ کا شکار ہو جائے یا کسی انسان یا بہت سے انسانوں کی جان چلی جائے تو اس جانی نقصان کی ذمہ داری ڈرائیور یا پائلٹ پر نہیں ہوگی بلکہ وہ کمپنی یا حکومت پر ہوگی اس لیے ایسے اتفاقی حادثات کی دیت (خون بہا) کی ذمہ داری فقہاء عاقلہ پر ڈالتے ہیں، ابتدائے اسلام میں اہل دیوان یعنی ایک صنف کے لوگوں کے لیے جو رجسٹر ہوتا تھا وہ سب ایک دوسرے کے عاقلہ تھے پھر اس کے بعد خاندان اور قبیلہ و برادری وغیرہ پر اس کی ذمہ داری ڈالی گئی لیکن اب یہ صورت بھی بدل گئی ہے اب کمپنی کارخانہ اور حکومت پر یہ ذمہ داری ہونی چاہئے فقہاء نے اسے قتل خطا پر محمول کیا ہے کمپنی یا کارخانہ دار یا حکومت ڈرائیور و پائلٹ کو سزا تو دے سکتی ہے لیکن ان پر دیت یعنی خون بہا کی ذمہ داری نہیں ڈال سکتی، بہر حال یہ نئے مسائل ہیں ان پر علماء کو مزید غور کرنے کی ضرورت ہے۔

(اسلامی فقہ، ۲/۶۴۲ تا ۶۴۳)۔

مجمع الضمانات میں ہے:

**لو اصطدم فارسان حران فماتافعلى العاقلة كل واحد منهما الدية للاخرى كمافي الهداية، قال في الإصلاح والإيضاح وههنا شرط مذكورفي الفتاوى الظهيرية وهو أن يقع كل واحد منهما على قفاه... وشرط آخرمذكورفي المحيط وهو أن لايكونا عامدين في ذلك الاصطدام فإنهما لو كانا عامدين فيه ضمن كل نصف الدية للآخر... ولو اصطدم دابتان فعطبت إحداهما ولكل منهما سائق فضمان التي عطبت على الآخر ، من قاضيخان.**

(مجمع الضمانات: ۱/۴۲۳، الفصل الخامس في جناية البهيمة، للعلامة ابي محمدالبغدادي، والهداية: ۴/۳۴۸)

**وانظر للاستزادة :** (تكملة فتح الملهم ،حكم السيارة : ۲/۵۲۳) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بلاقصور جانور ہلاک ہوجانے پرتاوان کاحکم:

**سوال:** اگرگاڑی چلانے والے کی غلطی نہ ہو بلکہ دابہ یااس کے مالک کی غلطی ہے کہ راستہ بند ہے پھربھی جانور چلا گیااور گاڑی میں ہلاک ہوگیاتو تاوان آئے گایانہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اگرصاحبِ سیارہ کاقصور نہ ہو بلکہ صاحبِ دابہ کاقصور ہو کہ صاحبِ سیارہ دابہ کے بچانے سے قاصرتھا،تواس پرتاوان نہیں آئے گا۔

ملاحظہ ہو ہدایہ میں ہے:

**ومن سار على دابة في الطريق فضربها رجل أو نخسها فنفحت رجلا أو ضربته بيدها أو نفرت فصدمته فقتلته كان ذلك على الناخس دون الراكب هو المروي عن عمر ﷺ وابن مسعود ﷺ ولأن الراكب والمركب مدفوعان بدفع الناخس فأضيف فعل الدابة إليه كأنه فعله بيده، ولأن الناخس متعد في تسبيبه والراكب في فعله غير متعد فيترجح جانبه في التغريم للتعدى.** (الهداية ۴/۶۱۵، كتاب الديات) وكذا في الدر المختار ، ۶/۶۰۸،مع الشامي) .

**وفي الدر المختار : انفلتت دابة بنفسها فأصابت مالا أو آدميا نهارا أو ليلا لا ضمان في الكل لقوله صلى الله عليه وسلم: العجماء جبار أي المنفلتة هدر كما لو جمحت**

**الـدابة بـه أی بـالـراكـب، ولو سكران ولم يقدر الراكب على ردها فإنه لا يضمن كالمنفلتة لأنـه حيـنئذ ليس بمسير لها فلا يضاف سيرها إليه حتى لو أتلفت إنساناً فدمه هدر عمادية .**
(الدر المختار ٦/٦٠٨، باب جناية البهيمة)

احسن الفتاوی میں ہے:

جب سواری مستی کی وجہ سے بے قابو ہو جائے ،یعنی سوار اس کے روکنے سے عاجز ہو جائے تو سوار پر ضمان نہیں،خواہ جانی نقصان ہو یا مالی، کیونکہ اس صورت میں فعل دابہ سوار کی طرف منسوب نہیں ہوگا...اور یہ حکم اس وقت ہے جب کہ سوار نے گھوڑی کو معتاد رفتار سے چلایا ہو،اور اگر غیر معتاد طور پر چابک وغیرہ لگایا یا سوار نے عمداً اپنی قدرت سے زیادہ رفتار پر چلایا تو اس پر ضمان ہوگا، **لأنه متعد كناخس الدابة .** (احسن الفتاوی ۸/۵۱۲).

واللہ ﷻ اعلم۔

## تصادم سیارات سے تاوان کا حکم:

**سوال:** اگر ایکسڈنٹ اور مڈبھیڑ ہو جائے ایک غلطی پر تھا اور دوسرا بے گناہ تھا، جو غلطی پر تھا اس کی کار خراب ہوگئی تو کیا بے گناہ پر تاوان آئیگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بے قصور اور بے گناہ پر تاوان نہیں آئے گا، کیونکہ تاوان تعدی اور زیادتی کرنے والے پر ہوتا ہے۔

درمختار میں ہے:

**ومـن ضـرب دابة عـليها راكب أو نخسها بعود بلا اذن الراكب فنفحت أوضربت بيـدها شخصا آخر غير الطاعن أو نفرت فصدمته وقتلته ضمن هو أی الناخس لا الراكب.** (الدر المختار: ٦/٦٠٨).

**وفـى الشـامية: قـولـه لا الـراكـب: لانه غير متعد فترجح جانب الناخس فی التغريم للتعدی وتمامه فی الهداية.** (فتاوی الشامی:٦/٦٠٨،جناية البهيمة،و كذا فی الهداية ٤/٦١٥، كتاب الديات).

سیارہ بحکم دابہ ہے، البتہ دونوں میں کچھ فرق ہے:

**والظاهر أن سائق السيارة ضامن لما أتلفته في الطريق سواء أتلفته من القدام أو من الخلف، ووجه الفرق بينهما وبين الدابة على قول الحنفية أن الدابة متحركة بإرادتها فلا تنسب نفحتها إلى راكبها بخلاف السيارة فإنها لا تتحرك بإرادتها وتنسب جميع حركاتها إلى سائقها فيضمن جميع ذلك** . (تكملة فتح الملهم: ۵۲۳/۲). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بلا اجازت کار لے کر ایکسیڈنٹ کرنے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** ایک شخص مثلاً زید نے بکر کو کار پیچھے کرنے کے لئے کہا لیکن وہ بغیر اجازت کے کار کو باہر نکال کر لے گیا، لیجانے والے کے ساتھ ایک اور آدمی عمر بیٹھا تھا، عمر نے بکر سے کہا کہ کار بغیر اجازت کے مت لے جاؤ، لیکن بکر نے بات نہیں سنی، کار کا ایکسیڈنٹ ہوگیا اور مکمل خراب ہوگئی اب ضمان ہے یا نہیں؟ اور کس پر ہے؟ یعنی بکر لے گیا اور عمر نے گاڑی چلائی اور ایکسیڈنٹ ہوگیا، اگر تاوان ہے تو مالک کار لینے والے سے تاوان لیگا یا آخر میں چلانے والے سے یا اس کو اختیار ہے اور اگر چلانے والے سے نہیں لیا بلکہ لینے والے سے لیا تو وہ چلانے والے پر رجوع کریگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ مالک کو اختیار ہے جس کو چاہے ضامن بنائے اور تاوان وصول کرے پھر اگر مالک نے اول یعنی کار لیجانے والے کو ضامن بنایا تو کار لیجانے والا دوسرے سے یعنی چلانے والے سے وصول کریگا چونکہ اس نے لے جانے سے منع بھی کیا تھا، اور اگر مالک نے ثانی یعنی چلانے والے مباشر کو ضامن بنایا تو ثانی اول پر رجوع نہیں کرے گا وہ مسبب ہے اس پر ضمان نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائی شرح مجلّہ میں ہے:

**لو أتلف واحد مال آخر أو نقص قيمته تسببا يعني لو فعل ما كان سببا مفضيا إلى تلف مال أو نقصان قيمته كان ضامنا بشرط أن يكون متعمدا أو متعديا** . (ص۹۲۲).

**بدائع الصنائع** میں ہے:

**فلا شک أن الإتلاف سبب لوجوب الضمان عند استجماع شرائط الوجوب لأن إتلاف الشيء إخراجه من أن يكون منتفعا به منفعة مطلوبة منه عادة وهذا اعتداء وأضرار وقد قال سبحانه وتعالى: فمن اعتدى عليكم فاعتدوا عليه بمثل ما اعتدى عليكم. وقال عليه الصلاة والسلام لا ضرر ولا ضرار في الإسلام وقد تعذر نفي الضرر من حيث الصورة فيجب نفيه من حيث المعنى بالضمان ليقوم الضمان مقام المتلف فينتفي الضرر بالقدر الممكن ولهذا وجب الضمان بالغصب فبالاتلاف أولى.** (بدائع ۱٦٤/۷).

شرح المجلہ میں ہے:

**إذا اجتمع المباشر والمتسبب يضاف الحكم إلى المباشر ... لو فتح باب غيره فدخل آخر وسرق البيت فالضمان على السارق لأنه مباشر لا على فاتح الباب لأنه متسبب وكذا إذا لو دفع إلى صبي سكينا ليمسكه له فقتل به نفسه لا ضمان على الدافع. قلت: إن عدم إيجاب الضمان في هذه الصورة بالاجماع أنه تخلل بين فعل فاعل مختار هو ذو عقل.** (شرح المجلة، ص٥١٤).

**وفي الشامي: غصب شيئاً ثم غصبه آخر منه فأراد المالك أن يأخذ بعض الضمان من الأول وبعضها من الثاني له ذلك سراجية. والمالك بالخيار في تضمين أيهما شاء وفي الهندية: إن ضمن الأول يرجع الأول على الثاني بما ضمن وإن ضمن الثاني لا يرجع على الأول.** (فتاوى الشامي ١٩٧/٦، سعيد).

**مزید ملاحظہ ہو:** (الفتاوى الهندية ١٢٠/٥، وشرح المجلة، ص٥٠٨، المادة ٩١٢، والمادة ٩٢، ص٦٠). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## بلاقصور گاڑی کے نیچے دب کر مر جانے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** ایک شخص گاڑی چلا رہا تھا کہ غلطی سے تین آدمی ایک ہی وقت میں نیچے دب کر مر گئے۔ اس

شخص پر تاوان اور دیت لازم ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کتنی دیت لازم ہوگی؟ نیز کفارہ ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ کفارہ اور دیت دونوں لازم ہیں لیکن کفارہ میں تداخل ہوگا اور صرف ایک لازم ہوگا جب کہ دیت حقوق العباد میں سے ہے تو تداخل نہیں ہوگا اس لیے تین دیت ادا کرنا لازم ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**قال الراكب ضامن لما أوطأت الدابة بيدها أورجلها أورأسها أو كدمت أو خبطت وكذا إذا صدمت.** (الهداية: ٤/ ٦١٠).

**إلا أن على الراكب الكفارة فيما أو طئته الدابة بيدها أو برجلها**، (الهداية: ٤/ ٦١١).

**وقتل الخطأ تجب به الدية على العاقلة والكفارة على القاتل.** (الهداية: ٤/ ٥٨٤، والجوهرة النيرة: ١/ ١٧٣).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**والحاصل انا لم نقل بالتداخل فى الحكم فى العبادات لمايلزم عليه من الامر الشنيع وهوترك العبادة المطلوب تكثيرها مع قيام سببها وجعلنا الكل سبباً واحداً لدفع ذلك لانه اليق بها اما العقوبات فان مبناها على الدرء والعفو فلايلزم من تركها مع قيام سببها الامر الشنيع بل يحصل المقصود منها فى الدنياوهو الزجر بعقوبة واحدة.** (فتاوى الشامي: ٢/ ١١٥، والبحر الرائق: ٢/ ١٢٥، والفتاوى الهندية: ٢/ ٢٧٧).

**وأما الجناية إذا تعددت بقطع عضوه ثم قتله فانهالايتداخل فيها إلا إذا كانا خطائين على واحد... الخ.** (الاشباه والنظائر: ١/ ٣٥٠).

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**وان كان صاحب الدابة راكباً على الدابة والدابة تسيران وطئت بيدها اورجلها يضمن وعلى عاقلته الدية وتلزمه الكفارة.** (الفتاوى الهندية: ٦/ ٥٠).

**وكفارتهما اى الخطأ وشبه العمد عتق قن مؤمن فان عجز عنه صام شهرين ولاء ولا**

**إطعام فيهما إذ لم يرد به النص والمقادير توقيفية.** (الدر المختار:٦/٥٧٤، كتاب الديات، سعيد).

واللہ ﷻ اعلم۔

## موجودہ دور میں دیت کس پر لازم ہوگی؟

**سوال:** دیت کس پر لازم ہوگی، جب کہ موجودہ دور میں عاقلہ کا نظام نہیں ہے اور اکثر جگہوں پر قبائلی نظام بھی مفقود ہے؟

**الجواب:** دیت عاقلہ پر ہے ہاں اگر مجرم اقرار کرے کہ یہ کام میں نے کیا ہے اور عاقلہ نے اس کی تصدیق نہیں کی تو پھر میت کے مال میں ہے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**ولا ما لزم بصلح أو اعتراف إلى قوله إلا أن يصدقوه في إقراره أوتقوم حجة وإنما قبلت البينة هنا مع الإقرار مع أنها لاتعتبر معه لأنها تثبت ماليس بثابت بإقرار المدعى عليه.**

(الدر المختار مع الشامي:٦/٦٤٣، كتاب المعاقل، سعيد).

عاقلہ ہونے کا دارومدار آپس میں تعاون اور تناصر پر ہے، لہذا جن لوگوں کے درمیان باہم تعاون وتناصر ہے، وہ اس کی عاقلہ ہے، لہذا جہاں کوئی قبیلہ ہے اور وہ قبائل منظّم ہیں، اور ہر شخص کو معلوم ہے کہ اس کا قبیلہ فلاں ہے، تو وہ اس کی عاقلہ ہے، وہ اس کی دیت ادا کرے، اور اگر قبیلہ نہیں ہے، لیکن منظّم برادری ہے تو وہ دیت ادا کرے، اور اگر برادری بھی نہیں ہے تو پھر جیسے آج کل ٹریڈ یونین ہوتی ہے اور ان کے درمیان آپس میں تعاون وتناصر ہوتا ہے تو وہ اس کی عاقلہ ہوسکتی ہے، لیکن اگر یہ بھی مفقود ہے تو پھر بہر حال دیت قاتل کے مال میں ہونی چاہئے۔

ملاحظہ علامہ شامی فرماتے ہیں:

**قلت: وفي زماننا بخوارزم لايكون إلا في مال الجاني إلا إذاكان من أهل قرية أو محلة يتناصرون لأن العشائرفيها قد وهت ورحمة التناصر من بينهم قد رفعت وبيت المال**

**قد انهدم**. (فتاوی شامی:٦/٦٤٥،سعید). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## آدمی کے نیچے دب کر ہلاک ہونے پر تاوان کا حکم:

سوال: اگر ایک آدمی چھت سے گر گیا اور اس کے نیچے کسی شخص کی مرغی یا بکری ہلاک ہوگئی تو کیا اس گرنے والے پر تاوان لازم ہوگا یا نہیں؟

الجواب: بصورتِ مسئولہ گرنے والے پر تاوان لازم ہوگا، کیونکہ گرنے والا مباشر ہے اور مباشر ضامن ہے اگر چہ بلاتعمد ہو اسی طرح اگر کوئی انسان دب کر مر جاتا تو جاری مجرائے خطا ہوتا اور اس میں کفارہ اور دیت لازم ہوتی ہے البتہ دیت عاقلہ پر ہوتی ہے، اور صورتِ مسئولہ میں مباشر کے مال میں تاوان لازم ہوگا۔

کفایہ شرح ہدایہ میں ہے:

**وما أجرى مجرى الخطأ مثل النائم ينقلب على رجل فيقتله فحكمه حكم الخطأ في الشرع لكنه دون الخطأ حقيقة فانه ليس من اهل القصد اصلاً وانما وجبت الكفارة لترك التحرز عن نومه في موضع يتوهم ان يصير قاتلاً والكفارة في قتل الخطأ انما تجب لترك التحرز ايضاً ...والذى سقط من سطح فوقع على إنسان فقتله أو كان في يده لبنة أو خشبة فسقط ووقع على إنسان فقتله ... مثل النائم ينقلب على رجل فيقتله لكونه قتلاً للمعصوم من غير قصد فكان جارياً مجرى الخطأ كذا في الأوضح**. (الكفاية شرح الهداية على هامش فتح القدير: ٩/١٤٨، مكتبة الرشيدة).

ہدایہ میں ہے:

**ومن حفر بيراً في طريق المسلمين أو وضع حجراً فتلف بذلك إنسان فديته على عاقلته وإن أتلف بهيمة فضمانها في ماله .. إن العاقلة تتحمل النفس دون المال فكان ضمان البهيمة في ماله** . (الهداية: ٤/٦٠٣)

شرح المجلہ میں ہے:

**المباشر ضامن وإن لم يتعمد لأن المباشرة علة للتلف اسماً لإضافة الحكم إليها ومعنىً لأنها موثرة فيه ، وحكماً لعدم تراخي الحكم عنها ، فيضمن وإن كان مخطئا... تعلق برجل وخاصمه ، فسقط من المعلق به شيء فضاع قالوا : يضمن المتعلق وينبغي أن يكون الجواب على التفصيل : إن سقط بقرب من صاحبه وهو يراه وأمكنه أخذه ، لا يكون ضامناً ، وإلا كان ضامناً ،... صبي بال على سطح فنزل من الميزاب وأصاب ثوباً فأفسده، غرم الصبي (فصولين) لأنه مباشر**. (شرح المجلة : ١/٢٥٦، المادة ٩٢). واللہ ﷻ اعلم۔

## طبیب کی غلطی پر تاوان کا حکم:

**سوال:** ایک ڈاکٹر نے دانت نکالنے میں غلطی کی اور اس کی غلطی ظاہر بھی ہوگئی اس طبیب نے اپنی غلطی کو پوشیدہ رکھنے اور اس پر پردہ ڈالنے کے لئے دس ہزار رینڈ مریض کو ادا کئے کیا مریض یہ رقم ڈاکٹر سے لے سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب:** جس ڈاکٹر کو قانوناً علاج ومعالجہ کی اجازت ہے اس نے اگر کسی مریض کا علاج کیا لیکن اس نے طبی احتیاط ملحوظ نہیں رکھی تو ڈاکٹر مریض کو پہنچنے والے نقصان کا یا اس کی جان کے تاوان کا ضامن ہوگا۔ اس لئے کہ اس نے شرط کی تکمیل نہیں کی، اس کی ذمہ داری تھی کہ مریض کے علاج میں طبی تمام رعایتیں ملحوظ رکھتا، اور اس کے ضروری تقاضوں کو پورا کرتا، لیکن اس نے ایسا نہ کرکے غلطی کی، اس لئے وہ ضمان ہوگا۔ (طبی اخلاقیات، ص ۱۲۸، مرتبہ قاضی مجاہد)۔

ہدایہ میں ہے:

**وإذا قصد الفصاد أو بزغ البزاغ ولم يتجاوز الموضع المعتاد فلا ضمان عليه ، وعلى هامشه ولو تجاوز الموضع المعتاد ضمن**. (الهداية مع الحاشية ٣/ ٣١٠).

مجمع الضمانات میں ہے:

**الفصاد والبزاغ والحجام والختان لا يضمنون بسراية فعلهم إلى الهلاك إذا لم**

یجاوز الموضع المعتاد المعهود الماذون فيه وهي معروفة ... قال في الفصولين هذا إذا فعلوا فعلا معتادا ولم يقصروا في ذلك العمل ... أما لو فعلوا بخلاف ذلك ضمنوا... استأجر حجاما ليقلع له سنا فقلع فقال صاحب السن : ما أمرت بقلع هذا ، كان القول قوله ، ويضمن القالع إرش السن. (مجمع الضمانات: ۱/ ۱٤٥، ۱٤٦، الفرع العاشر ، دار السلام).

اہم فقہی فیصلہ میں مذکور ہے:

اگر کسی مستند معالج نے علاج میں کوئی کوتاہی کی اور اس کی وجہ سے مریض کو ضرر پہنچ گیا تو معالج ضامن ہوگا۔ (اہم فقہی فیصلے از قاضی مجاہد الاسلام، ص ۸۴)۔

خلاصہ یہ ہے کہ طبیب کی غلطی کی وجہ سے ۱۰ ہزار رینڈ لینا مریض کے لئے جائز اور درست ہے۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## متروک التسمیۃ عمداً کے ہلاک کرنے پر ضمان کا حکم:

**سوال:** ایک شافعی نے بسم اللہ کے بغیر جانور کو ذبح کیا اور پکایا، ایک حنفی نے غصے میں اس کو گرا کر ضائع کر دیا، کیا حنفی پر تاوان آئے گا یا نہیں؟

**الجواب:** فقہ کی اکثر کتابوں میں لکھا ہے کہ تاوان نہیں، لیکن بعض محققین نے تاوان لگانے کو تحریر فرمایا ہے، لہذا فتویٰ اسی پر دینا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں شرح عنایہ میں ہے:

قوله (بخلاف متروك التسمية ) يعني لما أمرنا أن نترك أهل الذمة على ما اعتقدوه من الباطل وجب علينا أن نترك أهل الاجتهاد على ما اعتقدوه مع احتمال الصحة فيه بالطريق الأولى وحينئذ يجب أن نقول بوجوب الضمان على من أتلف متروك التسمية عامداً لأنه مال متقوم في اعتقاد الشافعي رحمه الله تعالى . (شرح العناية: ۸/ ۲۸۸).

مولانا عبدالحی لکھنوی ہدایہ کے حاشیہ میں فرماتے ہیں:

**وههنـا بـحـث وهـو أن ولاية الـمحاجة وإن كانت ثابتة لكنا لا نقطع بخطأ مذهب الشـافعية فـي هـذه المسألة كيف والحق دائر بين مذاهب المجتهدين وكلهم آخذون عن ينبـوع الشـريعة ... غاية ما في الباب أن يكون دليل مذهبنا في هذه المسألة أرجح وأقوى وهـو لا يستلزم كون مذهبهم خطا قطعا خصوصا إذا كان مذهب الخصم مبنيا بدليل شرعي عنـده وإن كـان بـاطلا عندنا فثبوت ولاية المحاجة لا يستلزم أن لا يجب الضمان .** (حاشية هداية ٣/ ٣٨٥).

**وانظر المزيد:** (تكملة فتح القدير ٨/ ٢٨٨، مكتبة رشيديه، وحاشية سعدى چلپى ٨/ ٢٨٨، مكتبة رشيديه).

نیز مولانا عبدالحی لکھنویؒ کی عبارت کی تائید ایک اور مسئلہ سے ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ متروک التسمیۃ عامداً کی حلت کا فیصلہ نافذ ہوگا یا نہیں؟ علامہ شامیؒ نے فرمایا کہ نافذ ہو جائے گا۔ ملاحظہ ہو:

**قلت : لكن قد علمت أن عدم النفاذ في متروك التسمية مبني على أنه لم يختلف فيـه السـلف وإنـه لا اعتبـار بـوجود الخلاف بعدهم ... نعم على ما يأتي من تصحيح اعتبار اختـلاف مـن بعدهم يقوى هذا البحث ويؤيده ما في الخلاصة من أن القضاء بحل متروك التسمية عمداً جائز عندهما لا عند أبي يوسفؒ، وكذا ما في الفتح عن المنتقى من أن العبرة فـي كـون الـمـحل مجتهداً فيه اشتباه الدليل لا حقيقة الخلاف، قال في الفتح ولا يخفى أن كـل خـلاف بيـنـنـا وبين الشافعي أو غيره محل اشتباه الدليل... والذي حققه في البحر أن صـاحـب الهـداية أشـار إلـى القولين فإنه ذكر أولاً عبارة القدوري وهي وإذا رفع إليه حكم حـاكـم أمـضاه إلا أن يخالف الكتاب أو السنة أو الإجماع وذكر ثانياً عبارة الجامع الصغير وهـي وما اختلف فيه الفقهاء فقضى به القاضي ثم جاء قاض آخر يرى غير ذلك أمضاه ... والأوجه ما في الجامع ولذا رجحه في الفتح .** (فتاوى الشامي: ٥/ ٤٠٠، سعيد)

علامہ ظفر احمد عثمانیؒ نے ایک قصہ نقل کیا ہے کہ ایک شافعی نے سلطان کی مجلس میں ائمہ احناف کے

سامنے متروک التسمیہ عامداً کی حلت کے دلائل بیان کئے...اس کے بعد تحریر فرماتے ہیں: وظهر أن سكوت جملة الأئمة الحنفية فى مجلس السلطان لم يكن لقوة تلك الوجوه ومتانتها بل لأمر آخر وهذا الكلام كان مع الشافعي وتبين منه أن كلامه فى هذه المسألة من جهة الاجتهاد، والمسألة من المسائل التى للاجتهاد فيها مجال كسائر الاجتهاديات وليس من القطعيات التى لا مجال فيها للاجتهاد حتى يجعل كلامه فيها من الأباطيل ، والقول بأنه مخالف للإجماع ليس بما ينبغي لأن الشافعي أعرف بالإجماع وأهله فلا يظن به أنه خرق الإجماع.

(إعلاء السنن ۱۷/ ٦۲)

علامہ سید احمد طحطاوی فرماتے ہیں:

وبحث الأكمل فيه بأنه لما أمرنا أن نترك أهل الذمة على ما اعتقدوه من الباطل وجب علينا أن نترك أهل الاجتهاد على ما اعتقدوه مع احتمال الصحة بالطريق الأولى فحينئذٍ يجب أن نقول بموجب الضمان على من أتلف متروك التسمية عمداً لأنه مال متقوم فى اعتقاد الشافعي وتمامه فى الحموى . (حاشية الطحطاوى: ٤/ ١١٤) . واللہ ﷻ اعلم۔

## ملازم کی کوتاہی پر تاوان کا حکم:

**سوال:** بعض ملازم جو پٹرول پمپ پر کام کرتے ہیں بہت بے احتیاطی کرتے ہیں، اور عجلت میں زیادہ ڈالتے ہیں، کیا ان کی اس بے احتیاطی کی وجہ سے ان پر تاوان لازم کر سکتے ہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ ملازم نے غفلت اور بے احتیاطی کی وجہ سے زیادہ پٹرول ڈالدیا تو اس پر تاوان لازم کر سکتے ہیں، لیکن اگر پٹرول کی مشین ہی ایسی ہیں کہ مکمل احتیاط کے باوجود بے اختیار کچھ زیادہ چلا گیا تو ملازم پر تاوان لگانا درست نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں شرح المجلہ میں ہے:

لو تلف المستأجر فيه بتعدى الأجير وتقصيره يضمن وتعدى الأجير هو أن يعمل

**عملا أو يتصرف تصرفا مخالفين لأمر الموجر صراحة كان أو دلالة** . (شرح المجلة ص ٣٢٦)

**وتقصير الأجير هو عدم اعتنائه في محافظة المستأجر فيه بلا عذر**. (شرح المجلة، ص ٣٢٨).

**الأجير الخاص أمين حتى أنه لا يضمن المال الذى تلف فى يده بغير صنعه وكذا لا يضمن المال الذى تلف بعمله بلا تعد أيضا**. (شرح المجلة، ص ٣٢٩). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## سامنے رکھی ہوئی چیز توڑنے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنے سامنے عینک رکھی اور نماز شروع کی آگے سے کوئی آدمی چلتا ہوا نکلا اور اس قیمتی عینک کو پاؤں سے توڑ دیا کیا اس پر تاوان واجب ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ مصلی نماز میں مشغول تھا اور گزرنے والا سجدہ کی جگہ کے اندر سے گزرتے ہوئے توڑ گیا تو تاوان آئیگا کیونکہ گزرنے والے کی تعدی ہے کہ شریعت نے سجدہ کی جگہ میں گزرنے کو منع کیا ہے اور اگر نماز میں مشغول نہیں تھا تو تاوان نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اس کو نماز میں مشغول نہ ہونے کی وجہ سے گزرنے کا حق حاصل ہے۔

شرح قواعد الفقہیہ میں ہے:

**ما لو تلف بمروره بالطريق العام شيء أو أتلف دابته، بالطريق العام شيئا ، بيدها أو فمها وهو راكبها أو سائقها أو قائدها فيضمن لأن مروره وإن كان مباحا لكنه مقيد بشرط السلامة** . (شرح قواعد الفقهية، ص ٤٥٠). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## پنجرہ میں سے پرندہ اڑانے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کے پاس قفس میں پرندہ تھا دوسرے آدمی نے قفس کے دروازے کو کھول دیا اور

پرندہ اڑ گیا اب اس شخص پر تاوان آئے گا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ ضمان میں اختلاف ہے، امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ تاوان آئے گا اور شیخین کے نزدیک تاوان نہیں آئے گا اور فتویٰ امام محمدؒ کے قول پر ہے کہ تاوان آئے گا۔

اصول الشاشی میں ہے:

**الحكم يتعلق بسببه ويثبت بعلته ويوجد عند شرطه ... مثاله فتح باب الاصطبل والقفص ... فإنه سبب للتلف بواسطة توجد من الدابة والطير ... والسبب مع العلة إذا اجتمعا يضاف الحكم إلى العلة دون السبب إلا إذا تعذرت الإضافة إلى العلة فيضاف إلى السبب حينئذ.** (اصول الشاشي: ۱/۹٦).

بدائع الصنائع میں ہے:

**ولو فتح باب قفص فطار الطير منه وضاع لم يضمن في قولهما وقال محمدؒ يضمن.** (بدائع الصنائع ۷/۱٦٦).

فتاویٰ بزازیہ میں ہے:

**فتح باب قفص فطار الطير ... لا يضمن عندهما خلافا لمحمدؒ.** (الفتاوى البزازية ٦/۱۷۷، والشامي: ٦/۲۱٦).

شرح الاشباہ والنظائر میں ہے:

**يضاف الحكم إلى حفر البئر وشق الزق، وقطع حبل القنديل، وفتح باب القفص على قول محمدؒ وعندهما لا ضمان وفي البزازية الفتوى على قول محمدؒ.** (۱/٤۰٦).

واللہ ﷻ اعلم۔

## رنگریز کے مالک کی مخالفت کرنے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** رنگریز کو کپڑا رنگنے کے لئے دیا مگر اس نے مالک کے کہنے کے مطابق رنگ نہیں لگایا بلکہ

دوسرا رنگ کر دیا، تو اس پر تاوان لازم آئے گا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ مالک کو دو اختیار ہیں اگر چاہے تو کپڑا رنگریز کے پاس چھوڑ دے اور بے رنگ کپڑے کی قیمت وصول کر لے اور اگر چاہے تو وہی رنگا ہوا کپڑا لے لے اور اجر مثل ادا کر دے، لیکن مسمیٰ سے زیادہ نہ دے۔

عالمگیری میں ہے:

**ولو أمر رجلا ليصبغ ثوبه بالزعفران أو بالبقم** (سرخ رنگ کی لکڑی) **فصبغه بصبغ من جنس آخر كان لرب الثوب أن يضمنه قيمة ثوبه أبيض وترك ثوبه عليه وإن شاء أخذ الثوب وأعطاه أجر مثله لا يزاد على المسمىٰ** . (عالمكيرى: ٤/٤٩٥، مسائل الضمان).

واللہ ﷻ اعلم۔

## کپڑا خراب کر دینے پر ضمان کا حکم:

**سوال:** کپڑے یا گاڑی کو رنگریز نے مطلوبہ رنگ کے ذریعہ رنگا مگر اس کو خراب کر دیا صحیح طور پر رنگ نہیں لگایا تو کیا ضمان آئے گا یا نہیں؟ اور وہ رنگریز اجرت کا مستحق ہوگا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورت مسئولہ کپڑے کے مالک کو دو اختیار ہیں ایک یہ کہ پارچہ رنگریز کے پاس چھوڑ دے اور سفید کپڑے کی قیمت لے لے اور دوسرا یہ ہے کہ اسی کپڑے کو لے لے اور اجرت مثلی ادا کر دے لیکن مسمیٰ پر زیادہ نہیں کیا جائیگا۔ گاڑی میں بھی اجر مثل دیکر اپنی گاڑی لے سکتا ہے۔

عالمگیری میں ہے:

**وإذا دفع ثوبا إلى صباغ ليصبغه بعصفر من عنده، فصبغه بما سمى إلا أنه خالف فى صفته ما تعين به ، فإن أشبع أو قصر فى الإصباغ حتى تعيب الثوب، فصاحبه بالخيار إن شاء ترك الثوب عليه وضمنه قيمة ثوبه أبيض وإن شاء أخذ الثوب وأعطاه أجر مثل عمله لا**

**يجاوز به المسمى** . ( الفتاوى الهندية: ٤/ ٥٢١). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## دھوبی کے کپڑا گم کرنے پر تاوان کا حکم:

**سوال:** دھوبی سے کپڑا گم ہوگیا یا چوری ہوگیا تو اس پر تاوان آئے گا یا نہیں؟

**الجواب:** مسئلہ مسئولہ کی تین صورتیں ہیں: (۱) دھوبی کے عمل سے ضائع ہوگیا، مثلاً کوٹنے کی وجہ سے یا کوئی اور وجہ سے تو مطلقاً ضمان لازم ہوگا۔

(۲) دھوبی کے عمل سے ضائع نہیں ہوا مگر ابتلاء عام کی وجہ سے ضائع ہوگیا، مثلاً پورے شہر میں آگ لگ گئی تھی وغیرہ تو بالاتفاق ضمان لازم نہیں ہے۔

(۳) ابتلاء عام نہ ہو اور ضائع ہوگیا تو ضمان میں اختلاف ہے۔ صاحبینؒ کے نزدیک ضمان ہے اور امام صاحبؒ کے نزدیک ضمان واجب نہیں ہے۔ عالمگیری نے صاحبینؒ کے قول پر فتویٰ نقل کیا ہے۔
ملاحظہ فرمائیں شامی میں ہے:

**(قوله لا يضمن الخ ) اعلم أن الهلاك إما بعمل الأجير أولا ، والأول إما بتعدى أو لا ، والثانى إما أن يمكن الاحتراز عنه أو لا، ففى الأول بقسميه يضمن اتفاقاً، وفى ثانى الثانى لايضمن اتفاقاً ، وفى أوله لايضمن عند الإمام مطلقاً ، ويضمن عندهما مطلقاً، وأفتى المتأخرون بالصلح على نصف القيمة مطلقاً ، وقيل أن مصلحا لا يضمن وإن غير مصلح ضمن .... وإن مستور الحال فالصلح** . ( فتاوى شامى: ٦/ ٦٥، باب ضمان الاجير ن سعيد).

**وفى الهندية :وفى الإبانة أخذ الفقيه أبو الليث رحمه الله تعالى فى هذه المسألة بقول أبى حنيفة رحمه الله تعالى وبه أفتى، كذا فى التتار خانية وبقولهما يفتى اليوم لتغير أحوال الناس وبه يحصل صيانة أموالهم كذا فى التبيين** . ( الفتاوى الهندية ٤/ ٥٠٠). **واللہ ﷻ اعلم۔**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

﴿لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون. وما تنفقوا من شيء فإن اللہ به عليم﴾.

(سورة آل عمران،الآية:۹۲).

# كتاب الوقف

## باب ......﴿۱﴾

## مطلق وقف کا بیان

قال عمر رضي الله عنه يا رسول الله إني أصبت أرضا بخيبر لم أصب مالا قط أنفس عندي منه فما تأمرني به؟

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

إن شئت حبست أصلها وتصدقت بها،

قال: فتصدق بها عمر رضي الله عنه أنه لايباع، ولايوهب، ولايورث، وتصدق بها في الفقراء وفي القربى وفي الرقاب وفي سبيل الله وابن السبيل والضيف،

لاجناح على من وليها إن يأكل منها بالمعروف ويطعم غير متمول. (رواه البخاري).

# باب......۱

# مطلق وقف کا بیان

## وقف کا تعارف اور خیر القرون میں وقف کا ثبوت:

**سوال:** وقف کسے کہتے ہیں؟ اور خیر القرون میں صحابہ کرام ﷺ نے وقف کیا تھا یا نہیں؟

**الجواب:** کسی شئی کو اپنی ملک سے نکال کر اللہ تعالیٰ کی ملک میں دے دینا، اور اس کی منفعت کو فقر و غنا کا لحاظ کئے بغیر دائمی طریقہ پر رضائے الٰہی کی نیت سے اشخاص وافراد، اداروں یا مساجد ومقابر یا دیگر کارِ خیر کے لیے مخصوص کر دینے کا نام وقف ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**...هو حبسها على حكم ملك الله تعالىٰ وصرف منفعتها على من أحب ولو غنياً قوله على حكم الله تعالىٰ قدر لفظ حكم ليفيد أن المراد أنه لم يبق على ملك الواقف ولا انتقل إلى ملك غيره، بل صار على حكم ملك الله تعالىٰ الذي لا ملك فيه لأحد سواه، وإلا فالكل ملك لله تعالىٰ...قوله وصرف منفعتها على من أحب عبر به بدل قوله والتصدق بالمنفعة لأنه أعم، وإلى التعميم أشار بقوله ولو غنياً، أفاده ح لكن علمت أن الوقف على الأغنياء وحدهم لايجوز، فالمناسب التعبير بالتصدق بالمنفعة إلا أن يراد**

**صرف منفعتها على وجه التصدق** . (الدرالمختار: ٤/٣٣٩، كتاب الوقف، سعيد).

## خیرالقرون میں وقف کا ثبوت:

وقف کی اصل بنیاد حضرت عمرؓ کی روایت ہے۔ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف میں ہے:

**عن ابن عمر رضي الله عنه أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه أصاب أرضاً بخيبر فأتى النبي صلى الله عليه وسلم يستأمره فيها، فقال: يارسول الله إني أصبت أرضاً بخيبر لم أصب مالاً قط أنفس عندي منه فما تأمرني به؟ قال: إن شئت حبست أصلها وتصدقت بها، قال: فتصدق بها عمر رضي الله عنه أنه لاتباع، ولاتوهب، ولاتورث، وتصدق بها في الفقراء وفي القربى وفي الرقاب وفي سبيل الله وابن السبيل والضيف، لاجناح على من وليها أن يأكل منها بالمعروف ويطعم غير متمول** . (رواه البخاري: ١/٣٨٢۔ومسلم ٢/٤١).

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو جب خیبر میں کچھ جائداد حاصل ہوئی تو انہوں نے اس زمین کو خیر کے کاموں میں استعمال کرنے کی غرض سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو ایسا کر سکتے ہو کہ اصل زمین کو روکے رکھو اور اس کے نفع کو صدقہ کرو، اصل زمین نہ خرید وفروخت کی جائے نہ ہبہ کی جائے اور نہ اس میں میراث جاری ہو، چنانچہ حضرت عمرؓ نے اسے فقراء، اہل قرابت، غلام، مسافر اور مہمانوں پر وقف فرمادیا اور یہ شرط بھی لکھ دی کہ جو وقف کا متولی ہو اسے معروف طریقہ پر خود کھانے اور دوستوں کو کھلانے کی اجازت ہوگی، اس میں جمع کرنے اجازت نہیں ہوگی۔

حضرت عمرؓ کے اس وقف کو تاریخ اسلام میں سب سے پہلا وقف مانا جاتا ہے، اس کے بعد دیگر حضراتِ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے بھی وقف فرمایا اور وقف کا سلسلہ جاری ہوا۔

حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ کوئی صاحبِ گنجائش صحابی نہیں کہ جس نے وقف نہ کیا ہو۔

چنانچہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنا گھر اپنے لڑکے پر وقف کیا تھا، حضرت عمرؓ کا ایک گھر مروہ کے پاس تھا آپؓ نے اسے اپنے لڑکوں پر وقف کردیا تھا، حضرت علیؓ نے ''ینبع'' نامی جگہ پر اپنی زمین وقف کردی تھی، حضرت زبیرؓ نے مکہ اور مصر میں جو مکان تھا اسے وقف کیا تھا، اور مدینہ میں جو مال تھا وہ بچوں پر وقف

کر دیا تھا، حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ میں وقف کیا تھا، اور مصر کا ایک مکان اپنے بچوں پر وقف کیا تھا، اسی طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ وغیرہ سے بھی مختلف جائدادوں کا وقف کرنا ثابت ہے۔

ملاحظہ فرمائیں سنن کبری بیہقی میں ہے:

ثنا أبوبكر عبد اللّٰه بن الزبير الحميدي قال: وتصدق أبوبكر الصديق رضي الله عنه بداره بمكة على ولده فهي إلى اليوم وتصدق عمر بن الخطاب رضي الله عنه بربعه عند المروة وبالثنية على ولده فهي إلى اليوم وتصدق علي بن أبي طالب رضي الله عنه بأرضه بينبع فهي إلى اليوم وتصدق الزبير بن العوام رضي الله عنه بداره بمكة في الحرامية وداره بمصر وأمواله بالمدينة على ولده فذلك إلى اليوم وتصدق سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه بداره بالمدينة وبداره بمصر على ولده فذلك إلى اليوم، وعثمان بن عفان رضي الله عنه برومة فهي إلى اليوم وعمرو بن العاص رضي الله عنه بالوهط من الطائف وداره بمكة على ولده فذلك إلى اليوم وحكيم بن حزام رضي الله عنه بداره بمكة والمدينة على ولده فذلك إلى اليوم. وعن أنس رضي الله عنه أنه وقف داراً بالمدينة فكان إذا حج مر بالمدينة فنزل داره. (السنن الكبرى للبيهقي: ٦/ ١٦١، كتاب الوقف، دار المعرفة، بيروت).

قال الخصافؒ في أحكام الأوقاف: حدثنا محمد بن عمر الواقدي قال: حدثني قدامة بن موسى بن بشير مولى المازنيين، قال: سمعت جابر بن عبد اللّٰه يقول: لما كتب عمر بن الخطاب رضي الله عنه صدقته في خلافته دعا نفراً من المهاجرين والأنصار فأحضرهم وأشهدهم على ذلك فانتشر خبرها قال جابر: فما أعلم أحداً ذا مقدرة من أصحاب رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم من المهاجرين والأنصار إلا حبس مالاً من ماله صدقة موقوفة لاتشترى، ولاتورث، ولاتوهب. قال قدامة بن موسىٰ: وسمعت محمد بن عبد الرحمن بن سعد بن زرارة يقول: ما أعلم أحداً من أصحاب رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم من أهل بدر من المهاجرين والأنصار إلا وقد وقف من ماله حبساً لايشترى ولايورث ولايوهب حتى يرث

**اللّٰه الأرض ومن عليها.** (كتاب الأوقاف،ص١٥، ما روى في الحملة من صدقات رسول الله صلى الله عليه وسلم، بيروت،لبنان).

آنحضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوقاف اور اوقافِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (كتاب الاوقاف للامام ابی بكر احمدبن عمرو الخصاف (م٢٦١)، از ٥ تا ١٧، بيروت).

خلاصہ یہ ہے کہ وقف کرنا مستحب ہے اور اس پر گویا اجماعِ صحابہ ہے۔ جیسا کہ ابن قدامہ حنبلیؒ نے فرمایا۔

ملاحظہ ہو: (المغنى :١٨٧/٦، كتاب الوقوف والعطايا، دارالكتب العلمية).

مسلم شریف کی ایک مرفوع روایت سے بھی وقف کا ثبوت ملتا ہے:

**عن أبي هريرة ﷺ أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: إذا مات الإنسان انقطع عنه عمله إلا** من ثلاثة، **إلا من صدقة جارية أوعلم ينتفع به أوولد صالح يدعو له.** (رواه مسلم: ٤١/٢۔ والترمذى :٢٥٦/١).

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آدمی کی موت کے بعد اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے، البتہ تین اعمال ایسے ہیں جن کا اجر اس کی موت کے بعد بھی پہنچتا رہتا ہے، صدقہ جاریہ علم نافع جس سے اس کے بعد لوگ نفع اٹھا رہے ہوں، صالح اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی ہو۔

حدیثِ بالا سے وقف کی اہمیت پر روشنی پڑتی ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## الفاظ برائے وقف کردن:

**سوال:** وقف کرنے کے لیے کونسے الفاظ ہیں یعنی کن الفاظ سے وقف صحیح اور ثابت ہو جاتا ہے؟

**الجواب:** واقف کا ایسے الفاظ ذکر کرنا جو فی الفور وقف ہونے پر دلالت کرتے ہوں، ایسے الفاظ سے وقف صحیح اور ثابت ہو جاتا ہے، اور اگر فی الفور وقف ہونے پر دلالت نہیں کرتے ہوں ان الفاظ سے وقف صحیح اور ثابت نہیں ہوگا۔

الفاظِ وقف حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

وہ الفاظ جو تابید اور دوام پر دلالت کرتے ہوں جیسے اس گھر کا کرایہ ہمیشہ مسکینوں پر خرچ کیا جائے، امام ابو یوسفؒ سے منقول ہے کہ اگر محض اتنا کہہ دیا جائے کہ یہ شئی فلاں مقصد کے لیے وقف کر رہا ہوں، اور ہمیشگی اور دوام کی صراحت نہ کرے تب بھی عرف کی بنا پر وقف درست ہو جائے گا، علامہ شامیؒ نے لکھا ہے کہ مشائخ بلخ اور صدر الشریعہ وغیرہ بھی عرف کی وجہ سے امام ابو یوسفؒ ہی کے قول پر فتویٰ دیا کرتے تھے۔

البتہ وقف کے لیے خاص وقف ہی کا لفظ کہنا ضروری نہیں، بلکہ کوئی بھی ایسا لفظ کافی ہے، جو وقف کے معنی ومقصود پر دلالت کرتا ہو جیسے صدقہ وغیرہ۔

**قال العلامة الحصكفيؒ في الدر المختار: وركنه الألفاظ الخاصة كأرضي هذه صدقة موقوفة مؤبدة على المساكين ونحوه من الألفاظ كموقوفة لله تعالىٰ أوعلى وجه الخير أو البر واكتفى أبويوسفؒ بلفظ موقوفة فقط، قال الشهيد: ونحن نفتي به للعرف. وقال العلامة الشاميؒ: (قوله واكتفى أبويوسفؒ بلفظ موقوفة)، أى بدون ذكر تأبيد أو ما يدل عليه كلفظ صدقة، أو لفظ المساكين ونحوه كالمسجد، وهذا إذا لم يكن وقفاً على معين كزيد أوأولاد فلان، فإنه لايصح بلفظ موقوفة لمنافاة التعيين للتأبيد، ولذا فرق بين موقوفة وبين موقوفة على زيد حيث أجاز الأول دون الثاني، نعم تعيين المسجد لا يضر لأنه مؤبد ... قال في البحر: لايصح أى موقوفة فقط إلا عند أبي يوسفؒ فإنه يجعلها بمجرد هذا اللفظ موقوفة على الفقراء وإذا كان مفيداً لخصوص المصرف أعني الفقراء لزم كونه مؤبداً لأن جهة الفقراء لاتنقطع. قال الصدر الشهيدؒ: ومشايخ بلخ يفتون بقول أبي يوسفؒ ونحن نفتي به أيضاً لمكان العرف لأن العرف إذا كان يصرفه إلى الفقراء كان كالتنصيص عليهم.** (الدر المختار مع رد المحتار: ٤/ ٣٤٠، كتاب الوقف، سعيد).

عالمگیری میں ہے:

**فأما ركنه فالألفاظ الخاصة الدالة عليه...بأن قال جعلت أرضي هذه صدقة موقوفة مؤبدة أو أوصيت بها بعد موتي فإنه يصح حتى لايملك بيعه ولايورث عنه، لكن ينظر إن**

**خرج من الثلث يجوز (وإن لم يخرج من الثلث يجوز بقدر الثلث) كذا في محيط السرخسي.** (الفتاوى الهندية: ۲/۳۵۲، كتاب الوقف).

**قال الإمام السرخسي في المبسوط: فإن قال: هي صدقة موقوفة على الفقراء والمساكين ...فهذه صدقة جائزة وليس له أن يرجع فيها لاستجماع شرائط الوقف ... ومقصود الواقف أن تكون الصدقة جارية له إلى يوم القيٰمة كما قال عليه الصلاة والسلام كل عمل ابن آدم ينقطع بموته إلا ثلاثة علم علمه الناس فهم يعملون به بعد موته وولد صالح يدعو له وصدقة جارية له إلى يوم القيامة.** (المبسوط للامام السرخسيؒ ۱۲/۳۲، كتاب الوقف،ادارة القرآن). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## آخری جہت کی عدمِ تعیین پر وقف کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے کہا کہ میرا مکان میرے مرنے کے بعد میری اولاد پر وقف ہے، پھر پوتوں پر پھر اس کے بعد کوئی تذکرہ نہیں کیا، تو یہ مکان وقف ہوا یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ وقف صحیح اور ثابت نہیں ہوا اس لیے کہ وقف صحیح ہونے کے لیے آخری جہت فقراء اور مساکین ہونا ضروری ہے، تاکہ جہت منقطع نہ ہوجائے، کیونکہ وقف میں تابید لازم ہے، اس کے بغیر وقف صحیح نہیں ہوگا، ہاں اگر واقف نے لفظ صدقہ کہا تھا تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک وقف صحیح ہوگیا۔
ملاحظہ فرمائیں فتاویٰ شامی میں ہے:

**وقال في الإسعاف: لو قال وقفت أرضي هذه على ولد زيد وذكر جماعة بأعيانهم لم يصح عند أبي يوسفؒ أيضاً لأن تعيين الموقوف عليه يمنع إرادة غير بخلاف ما إذا لم يعين لجعله إياه على الفقراء، ألا ترى أنه فرق بين قوله موقوفة وبين قوله موقوفة على ولدي فصحح الأول دون الثاني، لأن مطلق قوله موقوفة يصرف إلى الفقراء عرفاً، فإذا ذكر الولد صار مقيداً، فلا يبقى العرف، فظهر بهذا أن الخلاف بينهما في اشتراط ذكر التأبيد وعدمه**

إنما هو في التنصيص عليه أو ما يقوم مقامه كالفقراء ونحوهم ...لكن ذكر في البحر أن ظاهر المجتبى والخلاصة أن الروايتين عنه فيما إذا ذكر لفظ الصدقة ، أما إذا ذكر لفظ الوقف فقط ، لايجوز اتفاقاً إذا كان الموقوف عليه معيناً، قلت: ويشهد له ما في الذخيرة لو قال: أرضي هذه صدقة موقوفة فهي وقف بلا خلاف إذا لم يعين إنساناً فلو عين وذكر مع لفظ الوقف لفظ صدقة بأن قال: صدقة موقوفة على فلان جاز ويصرف بعده إلى الفقراء

(فتاوى الشامي: ٣٤٩/٤، مطلب في الكلام على اشتراط التابيد، سعيد).

خلاصہ یہ ہے کہ تعیین کی صورت میں وقف کے ساتھ لفظ صدقہ بھی کہے تو وقف صحیح ہو جائے گا، اور موقوف علیہ کے بعد وقف علی الفقراء ہوگا، لیکن اگر تعیین کی صورت میں فقط وقف کہا، صدقہ نہیں کہا تو وقف صحیح نہ ہوگا، اس لیے کہ وقف میں تابید اور دوام شرط ہے اور تعیین تابید کے منافی ہے، الا یہ کہ لفظ صدقہ تابید کو ثابت کر دیتا ہے اور وقف صحیح ہو جاتا ہے، لہذا صورتِ مسئولہ میں بظاہر وقف کا لفظ استعمال کیا ہے لفظ صدقہ نہیں کہا اس لیے مکان وقف نہیں ہوا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ”وقف على الأولاد، وأولاد الأولاد“ کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنا مکان وغیرہ ” أولاد الأولاد إلى آخره“ پر وقف کیا، یہاں دو سوال ہیں: (۱) ” وقف على الأولاد وأولاد الأولاد “ میں لڑکیاں اور لڑکیوں کی اولاد داخل ہیں یا نہیں؟ (۲)” إلى آخره“ کی قید لگانا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** ”وقف على الأولاد وأولاد الأولاد “ میں بنات اور بنات الابن تو بالاتفاق شامل ہیں، البتہ اولاد البنات کے دخول وعدم دخول میں فقہاء کا شدید اختلاف ہے، چنانچہ قاضیخانؒ، امام خصافؒ، شمس الائمہ سرخسیؒ وغیرہ حضرات نے دخول والے قول کو ترجیح دی ہے، اور علامہ شامیؒ وغیرہ نے عدم دخول کا قول اختیار فرمایا ہے، اور اسی پر فتویٰ ہے، ممکن ہے کہ یہ اختلاف مبنی بر عرف ہو جیسے وصیت میں عرف کا اعتبار ہے۔

ملاحظہ ہو فتاوی شامی میں ہے:

**اعلم أنهم ذكروا أن ظاهر الرواية المفتى به عدم الدخول أولاد البنات فی الأولاد مطلقاً ، أی سواء قال علی أولادي بلفظ الجمع أوبلفظ اسم الجنس كولدي، وسواء اقتصر علی البطن الأول كما مثلنا أوذكر البطن الثاني مضافاً إلی البطن الأول المضاف إلی ضمير الواقف كأولادي وأولاد أولادي...** (فتاوی الشامی:٤/٤٦٣، مطلب فی تحریرالکلام علی دخول اولاد البنات، سعید).

علامہ شامیؒ تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ میں فرماتے ہیں:

**...وقد كنت عزمت علی أن أضع فيها رسالة لما وقع فيها من الاضطراب، فاستغنيت عن ذلک بما حرره هنا فأقول قد ذكر هذه المسألة الإمام الطرسوسي في أنفع الوسائل ثم قال بعد ما أطال فی النقول ما حاصله أن في دخول أولاد البنات في لفظ الأولاد وأولاد الأولاد اختلاف الرواية ففي رواية الخصاف وهلال يدخلون وفي ظاهر الرواية لا يدخلون وعليه الفتویٰ** . (تنقیح الفتاوی الحامدیة:١/١٧٥).

فتاویٰ سراجیہ میں ہے:

**رجل وقف ضيعته علی أولاده وأولاد أولاده أبداً ما تناسلوا وله أولاد وأولاد أولاد قسم بينهم بالسوية لايفضل الذكور علی الإناث ولايدخل أولاد البنات في ظاهر الرواية وعليه الفتویٰ**. (الفتاوی السّراجیة:٩٢، میرمحمد کتب خانه).

محیط برہانی میں ہے:

**...وهل يدخل فيه ولد البنت ؟ ذكرهلال أنه لايدخل وهكذا ذكر محمد فی السير الكبير** (المحيط البرهانی:٧/٦٦، رشيدية).

**و للاستزادة انظر** : (الفتاوی الهندية: ٢/٣٧٣، و٣/٣١٩ ـ والفتاوی البزازية علی هامش الهندية: ٦/٢٧٢ ـ واحکام الاوقاف للامام ابی بکراحمدبن عمروالخصافؒ (م٢٦١) ازص ٢٥ ـ ٢٧ط: بیروت).

(۲) قاضی مجاہدالاسلام قاسمی صاحبؒ فرماتے ہیں:

اپنے اہل وعیال اورقرابت داروں پر وقف صحیح ہے بشرطیکہ آخری مصرف دائمی کارثواب (مثلاً فقراء، مساکین، مدارس) کوقرار دیا گیا ہو۔ (مجموعہ قوانین اسلامی: ۳۵۷، دفعہ ۱۷، قانون وقف)۔

ملاحظہ ہوفتاوی ہندیہ میں ہے:

**وكذا لوقال على ولدي وعلى من يحدث لي من الولد، فإذا انقرضوا فعلى المساكين، هكذا في المحيط.** (الفتاوى الهندية: ٢/ ٣٧١).

**و أيضاً فيه : وإن قال على ولدي وولد ولدي وولد ولد ولدي ذكر البطن الثالث فإنه تصرف الغلة إلى أولاده أبداً ما تناسلوا.** (الفتاوى الهندية:٢/ ٣٧٤).

فتاوی بزازیہ میں ہے:

**وقف على أولاده وأولاد أولاده يصرف إلى أولاده وأولاد أولاده أبداً ما تناسلوا ولايصرف إلى الفقراء ما دام واحد منهم باقياً وإن سفل.** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية:٦/ ٢٧٤). وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار:٤/ ٣٥٠ـ والمحيط البرهاني:٧/ ٦٨).

خلاصہ یہ ہے کہ" وقف على الأولاد وأولاد الأولاد" صحیح ہے، لیکن آخری مصرف کارِخیر ہونا ضروری ہے، مثلاً اگر تیسری پشت ختم ہوجائے تو فقراء یا مساکین یا مدارس کے لیے ہوجائے گا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مذکر ومؤنث میں تقسیم کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی بہت بڑی زمین کو اپنی اولاد پر وقف کیا کہ جب تک اولاد اوراولاد کی اولاد ہو اس زمین سے فائدہ اٹھائیں گے، بعد میں فلان مدرسہ کے لیے وقف ہے، اب اس زمین کی آمدنی مذکر و مؤنث کے درمیان برابر تقسیم ہوگی یا مرد وعورت میں فرق ہوگا۔

**الجواب:** جب واقف نے اپنی طرف سے کوئی صراحت نہیں کی ہے تو وقف کی آمدنی میں مذکر و مؤنث برابر ہوں گے، یعنی آمدنی ان کے درمیان نصف نصف تقسیم ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی سراجیہ میں ہے:

**رجل وقف ضيعته على أولاده وأولاد أولاده أبداً ما تناسلوا وله أولاد وأولاد أولاده قسم بينهم بالسوية لايفضل الذكور على الإناث.** (الفتاوى السراجية:۹۲، میر محمد کتب خانہ).

فتاوی قاضیخان میں ہے:

**رجل قال: أرضي هذه صدقة موقوفة على ولدي كانت الغلة لولد صلبه يستوي فيه الذكر والأنثى لأن اسم الولد مأخوذ من الولادة والولادة موجودة في الذكر والأنثى.** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية:۳/۳۱۹).

محیط برہانی میں ہے:

**ولو قال: أرضي صدقة موقوفة على بني وله بنون وبنات قال هلال: هم جميعاً في الوقف سواء.** (المحيط البرهاني:۷/۶۵).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (کفایت المفتی:۱/-،وامداد الاحکام:۳/۶۴) ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## وقف علی الزوجہ کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے بیوی کے لیے مکان وقف کیا تو بیوی کے مرنے کے بعد وہ مکان بیوی کے ورثاء کو ملے گا، یا کسی اور کو دیا جائے گا؟

**الجواب:** وقف صحیح ہونے کے لیے آخری جہت مصرفِ غیر منقطع یعنی فقراء ومساکین یا مساجد ومدارس وغیرہ کا ہونا شرط ہے، لہٰذا وقف علی الزوجہ کی صورت میں فقراء ومساکین کا ذکر موجود ہو تو وقف صحیح ہوگا اور بیوی کے انتقال کے بعد مکان کی آمدنی فقراء اور مساکین پر تقسیم کی جائیگی۔

قاضی مجاہد الاسلام قاسمی صاحبؒ فرماتے ہیں:

اپنے اہل وعیال اور قرابت داروں پر وقف صحیح ہے بشرطیکہ آخری مصرف دائمی کار ثواب (مثلاً فقراء، مساکین، مدارس) کو قرار دیا گیا ہو۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:۳۵۷، دفعہ ۱۷، قانون وقف).

ملاحظہ فرمائیں فتاوی قاضیخان میں ہے:

ولو وقف أرضاً على أولاده وآخره للفقراء فمات بعض الأولاد فإن الغلة تصرف إلى الباقي، وإن ماتوا صرفت الغلة إلى فقراء المسلمين، لأن ههنا وقف على أولاده وقد بقي بعد موت واحد منهم أولاده فلا تصرف إلى الفقراء ما بقي أولاده ولو وقف ضيعة على امرأته وأولاده فماتت المرأة وأحد الورثة ولد المرأة لم يكن نصيب المرأة لولدها خاصة بل يكون مردوداً إلى جميع الورثة إذا لم يكن الواقف شرط في الوقف أنها إذا ماتت كان نصيبها لولدها خاصة. (فتاوی قاضیخان علی هامش الهندیة:۳/ ۳۲۱، فصل فی الوقف علی الاولاد).

درمختار میں ہے:

(ولو على امرأته وأولاده) المناسب ثم أولاده ليتناسب الكلام والمراد أنه جعل الاستحقاق بعدها لأولاده فلا يختص ولدها بنصيبها (قوله لم يختص ابنها) أى المتولد من الواقف حلبي من الدرر أما ابنها من غيره فلا دخل له لأنه إنما وقف على زوجته وأولاده (قوله إذا لم يشترط) أما إذا اشترطه يكون لأولاده منها فقط. (الدرالمختار مع الطحطاوی:۲/ ۵۷۰،فصل فيما يتعلق لوقف الاولاد، کوئٹه). واللہ ﷻ اعلم۔

## دراہم ودنانیر کے وقف کا حکم:

**سوال:** دراہم اوردنانیر کا وقف صحیح ہے یانہیں؟مفتیٰ بہ قول کونسا ہے؟

**الجواب:** امام ابویوسفؒ کے نزدیک دراہم اوردنانیر کا وقف صحیح نہیں ہے،اس لیے کہ یہ اشیاء غیر منقولہ میں سے ہیں اوراشیاء غیرمنقولہ کاوقف ان کے نزدیک صحیح نہیں ہے،البتہ امام محمدؒاورامام زفرؒ کے نزدیک جن اشیاء کے وقف کاعرف ہوں ان اشیاء کاوقف صحیح اوردرست ہے،اوردراہم اوردنانیر کاوقف معروف ہے اس لیے یہ وقف ان کے نزدیک صحیح ہے،اوراسی پرفتویٰ ہے۔

درمختار میں ہے:

وكما صح وقف كل منقول قصداً فيه تعامل للناس كفأس وقدوم بل ودراهم

ودنانير. وفي الشامية: قوله بل ودراهم ودنانير عزاه في الخلاصة إلى الأنصاري وكان من أصحاب زفرؒ، وعزاه في الخانية إلى زفرؒ حيث قال: وعن زفرؒ شرنبلالية وقال المصنفؒ في المنح: ولما جرى التعامل في زماننا في البلاد الرومية وغيرها في وقف الدراهم والدنانير دخلت تحت قول محمدؒ المفتىٰ به في وقف كل منقول فيه تعامل كما لايخفى فلا يحتاج على هذا إلى تخصيص القول بجواز وقفها بمذهب الإمام زفرؒ من رواية الأنصاري ...و بهذا ظهر صحة ماذكره المصنفؒ من إلحاقها بالمنقول المتعارف على قول محمدؒ المفتى به وإنما خصوها بالنقل عن زفرؒ لأنها لم تكن متعارفة إذ ذاك، ولأنه هو الذي قال بها ابتداءً. (الدرالمختار مع ردالمحتار: ٣٦٣/٤، مطلب في وقف الدراهم والدنانير، سعيد).

مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے:

وكذا صح وقف المنقول المتعارف عند محمدؒ وبه أي بقول محمدؒ يفتى وقد ذكر في المجتبى الخلاف على خلاف هذا المنقول ...ولما جرى التعامل في وقف الدنانير والدراهم في زمان زفرؒ بعد تجويز صحة وقفهما في رواية دخلت تحت قول محمدؒ المفتى به في وقف كل منقول فيه تعامل كما لايخفى. (مجمع الانهر شرح ملتقى الابحر: ٧٣٨/١).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (خلاصة الفتاوى: ٤١٧/٤ـ ومعين الحكام مع لسان الميزان، ص ٢٩٤).

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

جن بلاد میں نقد روپیہ کا وقف کرنا متعارف ہو وہاں جائز ہے جہاں متعارف نہ ہو وہاں جائز نہیں اور عصر حاضر میں وقف دراہم ودنانیر عامہ بلاد میں متعارف ہوگیا ہے اس لیے جائز ہے۔ (امداد المفتین، جلد دوم، ۶۳۱).

واللہ ﷻ اعلم۔

## موقوفہ دراہم ودنانیر کے مصارف کا حکم:

**سوال:** اگر دراہم اور دنانیر یا رینڈ وقف کیے تو استعمال کا کیا طریقہ ہے؟ یعنی اس کے مصارف

کیا ہیں؟

**الجواب:** موقوفہ دراہم ودنانیر یا رینڈ کے سرمایہ کو باقی رکھتے ہوئے اس کے منافع کارِ خیر میں خرچ کیے جائیں، مثلاً مضاربت پر لگا کر اصل سرمایہ باقی رکھے اور نفع خرچ کریں۔

ملاحظہ ہو علامہ شامی فرماتے ہیں:

**وعن الأنصاري وكان من أصحاب زفرؒ فيمن وقف الدراهم أومايكال أوما يوزن أيجوز ذلك قال: نعم، قيل: وكيف! قال: يدفع الدراهم مضاربة ثم يتصرق بها في الوجه الذي وقف عليه وما يكال أويوزن يباع ويدفع ثمنه مضاربة أوبضاعة.** (فتاوى الشامي: ٤/ ٣٦٤، سعيد۔ وكذا في خلاصة الفتاوى: ٤/ ٤١٨۔ وكذا في مجمع الانهر: ١/ ٧٣٩).

احسن الفتاوی میں ہے:

دراہم ودنانیر کا وقف صحیح ہے مگر چونکہ وقف میں انتفاع بالمنافع مع بقاء العین ہوتا ہے، اس لیے وقف دراہم میں یہ شرط ہے کہ اصل دراہم کو خرچ نہ کریں بلکہ ان کے منافع کو خرچ کریں، یا ان سے کوئی چیز خرید کر اس کے منافع کو فقیر پر خرچ کریں۔ (احسن الفتاویٰ: ۶/ ۴۱۶) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## وارث کا منکرِ وقف ہونے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کی بڑی دکان تھی اس کے انتقال کے بعد دو بیٹوں میں سے ایک نے کہا کہ والد صاحب نے کہا تھا کہ یہ دکان وقف ہے جب تک میں زندہ رہوں گا، اس کے منافع سے فائدہ اٹھاتا رہوں گا، دوسرا بیٹا اس بات کا انکار کرتا ہے، بنگاہِ شریعت اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ دکان کا وقف صحیح ہے البتہ جو شخص منکر ہے اس سے قسم لی جائیگی اگر وہ قسم کھا کر کہدے کہ مجھے وقف کا علم نہیں ہے یعنی والد صاحب نے دکان وقف نہیں کی تھی تو اس کے حصہ کے بقدر وقف نافذ نہیں ہوگا، اس کا حصہ اس کو دیدیا جائیگا، اور دوسرے بھائی کا حصہ وقف شدہ مانا جائیگا، کیونکہ اس کا اقرار

دوسرے کے خلاف حجت نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**ومن مات وترک ابنين وله على آخر مائة درهم فأقر أحدهما أن أباه قبض منها خمسين لا شيء للمقر وللآخر خمسون.** (الهداية:۳/۲٤٥،باب اقرار المريض).

**قال في الدرالمختار: التحليف على فعل نفسه يكون على البتات أى القطع بأنه ليس كذلك والتحليف على فعل غيره يكون على العلم أى أنه لايعلم أنه كذلك لعدم علمه بما فعل غيره ظاهراً.** (الدرالمختار:٥/٥٥٢،كتاب الدعوىٰ، سعيد).

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ جوانکار کرتا ہے اس سے قسم لی جائیگی، کہ اس کو معلوم نہیں والد نے دکان وقف کی تھی، جب قسم کھالے تو وہ اپنا حصہ لے سکتا ہے، اور دوسرے کا حصہ وقف ہوگا۔

ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**ولو أن رجلين بينهما أرض فوقف أحدهما نصيبه جاز في قول أبي يوسفؒ.** (الفتاوى الهندية:۲/۳٦۷،فصل فی وقف المشاع).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

**وفي الذخيرة: ذكر الخصاف في وقفه تفريعاً على قول أبي يوسفؒ فقال: إذاكانت الأرض بين رجلين، وقف أحدهما نصيبه منها، وهو النصف، له أن يقاسم شريكه، فيفرز حصة الوقف، لأن ولاية الوقف إليه.** (الفتاوى التاتارخانية:كتاب الوقف، ٥/٦۹۹، ادارة القرآن).

واللہ ﷻ اعلم۔

## تادمِ حیات شئ موقوفہ سے منتفع ہونے کی شرط کا حکم:

**سوال:** میاں، بیوی وقف کرنا چاہتے ہیں تو کیا یہ شرط لگا سکتے ہیں کہ تادمِ حیات ہم دونوں اس جائداد سے فائدہ اٹھائیں گے، اور ہمارے انتقال کے بعد یہ تمام جائداد وقف ہوجائیگی؟

**الجواب:** تادم حیات شئ موقوفہ سے منتفع ہونے کی شرط لگانا صحیح ہے، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں میاں بیوی دونوں تادم حیات اپنی جائداد سے انتفاع حاصل کرسکتے ہیں، پھران کے انتقال کے بعدان کی جائداد وقف ہوجائیگی۔

ملاحظہ ہوعالمگیری میں ہے:

**فی الذخیرة : إذا وقف أرضاً أوشیئاً آخر وشرط الکل لنفسه أوشرط البعض لنفسه مادام حیاً وبعده للفقراء ، قال أبویوسفؒ الوقف صحیح ومشایخ بلخ أخذوا بقول أبي یوسفؒ وعلیه الفتویٰ ترغیباً للناس فی الوقف وهکذا فی الصغری والنصاب کذا فی المضمرات.** (الفتاوی الهندیة:۲/۳۹۷،الباب الرابع فیمایتعلق بالشروط فی الوقف).

**وأیضاً فیه : ولوقال صدقة موقوفة لله تعالیٰ تجري غلتها علي ماعشت ولم یزد علی ذلک جاز وإذا مات تکون للفقراء.** (الفتاوی الهندیة:۲/۳۹۸،الباب الرابع فیمایتعلق بالشروط فی الوقف).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**قوله وجاز جعل غلة الوقف لنفسه) أی کلها أوبعضها عند الثاني(أی عند أبي یوسفؒ) قوله وعلیه الفتویٰ کذا قاله الصدرالشهید وهومختار أصحاب المتون ورجحه فی الفتح، واختار مشایخ بلخؒ وفی البحر عن الحاوي أنه المختار للفتویٰ ترغیباً للناس فی الوقف وتکثیراً للخیر.** (فتاوی الشامی: ٤/٣٨٤، مطلب فی اشتراط الغلة، سعید).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

واقف کا شئ موقوفہ سے اپنی زندگی بھر کے لیے جزوی یا کلی طور پر ذاتی انتفاع کی شرط لگانا صحیح ہے۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:۳۵۵).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاویٰ محمودیہ:۱۴/۲۳۳) . واللہ ﷻ اعلم۔

## اشیاءِ منقولہ کے وقف کا حکم:

**سوال:** ایک صاحب اسکول چلاتے ہیں، تو کیا اسکول کے سامان میں سے مثلاً مشین، کمپیوٹرز اور کتب وغیرہ کا وقف کرنا صحیح ہے یا نہیں؟ یعنی اشیاءِ منقولہ کا وقف جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ اسکول کے سامان کا وقف صحیح اور درست ہے، نیز اشیاءِ منقولہ میں جن کا وقف متعارف ہو ان کا وقف بھی صحیح ہے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**وصح وقف كل منقول قصداً فيه تعامل للناس كفأس وقدوم بل ودراهم ودنانير قلت: بل ورد الأمر للقضاة بالحكم به كما في معروضات المفتي أبى السعود ومكيل وموزون فيباع ويدفع ثمنه مضاربة أوبضاعة...وقدر وجنازة وثيابها ومصحف وكتب لأن التعامل يترك به القياس لحديث "ماراه المسلمون حسناً فهو عند الله حسن" وفى الشامية: (قوله كل منقول قصداً)...عند محمدؒ يجوزما فيه تعامل من المنقولات واختاره أكثر فقهاء الأمصار كما فى الهداية وهوالصحيح كما فى الإسعاف، وهوقول أكثر المشايخ كما فى الظهيرية، لأن القياس قد يترك بالتعامل ونقل فى المجتبى عن السير جواز وقف المنقول مطلقاً عند محمدؒ و إذا جرى فيه التعامل عند أبي يوسفؒ وتمامه فى البحر والمشهور الأول.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامى: ٤/٣٦٣،مطلب فى وقف المنقول قصداً،سعيد).

الفتاویٰ الہندیۃ میں ہے:

**وأما وقف المنقول مقصوداً فإن كان كراعاً أوسلاحاً يجوز وفيما سوى ذلك إن كان شيئاً لم يجرالتعارف بوقفه كالثياب والحيوان لايجوزعندنا وإن كان متعارفاً كالفأس والقدوم والجنازة وثيابها وما يحتاج إليه من الأواني والقدور في غسل الموتى والمصاحف لقراءة القرآن ...قال محمدؒ يجوز وإليه ذهب عامة المشايخؒ منهم الإمام السرخسيؒ كذا**

**فی الخلاصة ، وھو المختار والفتویٰ علی قول محمدؒ کذا قال شمس الأئمة الحلوانیؒ کذا في مختار الفتاوی...واختلف الناس في وقف الکتب جوزہ الفقیه أبو اللیث وعلیه الفتویٰ کذا في فتاوی قاضیخان.** (الفتاوی الهندية:۲/۳٦۱،الباب الثانی فیمایجوزوقفه).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اشیاءِ منقولہ میں صرف ان چیزوں کا وقف صحیح ہے جن کے وقف کا رواج ہو،مثلاً مساجد، مدارس اور کتب خانوں کے لیے مصاحف، کتابیں، لوٹا، گھڑی، جائے نماز اور بجلی کے پنکھے وغیرہ کا وقف۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:ص ۳۴۸، کتاب الوقف) . واللہ ﷻ اعلم۔

## عمارتِ وقف کو منہدم کر کے ازسرِ نو تعمیر کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے زمین وقف کی جس پر عمارت تھی، اب کیا اس عمارت کو گرا کر دوسری عمارت بنانا واقف کی اجازت کے بغیر صحیح اور درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب زمین متولی کے حوالے کر دی اور متولی از راہِ مصلحت اس میں تبدیلی کرے یا دوسری عمارت بنادے تو یہ صحیح اور درست ہے، اور عمارت گرانے کے بعد اس کی اینٹیں اور سامان پھر دوسری عمارت میں لگ جائیگا، اور صدقہ جاریہ برقرار رہیگا۔

نیز عمارت گرانے سے اسکا صدقہ جاریہ ختم نہیں ہوتا جیسے وضو کا پانی پونچھنے سے وضو کا ثواب ختم نہیں ہوتا، نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بنائی ہوئی مسجد جب حضرت عثمان ﷺ کے زمانہ میں ازسرِ نو بنائی گئی تو کسی نے یہ اشکال نہیں کیا کہ تعمیر کرنے والوں کا ثواب ختم ہو جائیگا، بلکہ وہ ثواب لکھا گیا، اگر کسی کو اللہ کے راستہ میں غبار لگ جائے تو اس کو نارِ جہنم نہیں چھوئے گی۔

" **من اغبرت قدماہ في سبیل اللّٰه لم تمسه النار**". (رواہ الترمذی: ۱/۲۹۲). لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ پاؤں نہ دھوئے وہ ثواب صحیفہ اعمال میں نقش ہو جاتا ہے، اگر چہ وہ چیز نہ رہے۔

## مرض الموت میں وقف کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی شخص نے سخت مرض کی حالت میں اپنی زمین مدرسہ کے لیے وقف کردی تو یہ وقف صحیح ہوا یا نہیں؟

**الجواب:** مرض الموت میں وقف صحیح ہے لیکن وصیت کے درجہ میں ہے، یعنی انتقال کے بعد ثلث مال میں سے وقف نافذ کیا جائے گا، الا یہ کہ ورثاء اجازت دیدیں تو صحیح ہے، لہذا صورتِ مسئولہ میں زمین اگر ثلث مال میں سے نکلتی تو فبہا، ورنہ ثلث حصہ جو بنتا ہو اس کے بقدر وقف نافذ ہوجائیگا، ہاں ورثاء اپنی اجازت سے پوری زمین وقف کردے تو پوری زمین کا وقف صحیح ہوگا۔

ملاحظہ فرمائیں ہدایہ میں ہے:

**ولو وقف في مرض موته قال الطحاوي هو بمنزلة الوصية بعد الموت.** (الهداية: ٢/٦٣٨).

**وفي فتح القدير: قوله هو كالوصية بعد الموت حتى يلزم بعد الموت لأن تصرفات المريض مرض الموت فى الحكم كالمضاف إلى ما بعد الموت حتى يعتبر من ثلث ماله... وفي فتاوى قاضيخان: مريض وقف وعليه ديون تحيط بماله يباع وينقص الوقف.** (فتح القدير: ٦/٢٠٨، دار الفكر).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**مريض وقف داراً في مرض موته فهو جائز إذا كان يخرج من ثلث المال وإن كان لم يخرج فأجازت الورثة فكذلک وإن لم يجيزوا بطل فيما زاد على الثلث.** (الفتاوى الهندية: ٢/٤٥١، الباب العاشر في وقف المريض).

**مزید ملاحظہ ہو:** (الدر المختار مع رد المحتار: ٤/٣٩٦۔ والمحيط البرهاني: ٧/٩١).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

مرض الموت میں کیا گیا وقف واقف منسوخ نہیں کرسکتا، لیکن اگر شئی موقوفہ کے کل ترکہ کے ایک تہائی میں سے زائد ہے تو زائد میں وقف نافذ نہیں ہوگا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:۳۵۶).

مزید ملاحظہ ہو: (امدادالاحکام:۳/۵۵۔وفتاوی محمودیہ:۱۴/۲۶۰۔قاموس الفقہ:۵/۲۹۶) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## وقف میں اجارۂ طویلہ کا حکم:

**سوال:** وقف کی کسی زمین کو سو سال یا دو سو سال کے لیے کرایہ پر دینا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اوقاف میں مدتِ اجارہ کے بارے میں مختلف اقوال ہیں، تاہم متقدمین فقہاء نے مدتِ اجارہ کو متعین نہیں کیا ہے، البتہ متأخرین فقہاء نے وقف کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے تعیین مدت والا قول اختیار کیا ہے، مثلاً زمین جاگیر وغیرہ تین سال سے زیادہ کرایہ پر نہ دی جائے، اور رہائشی مکان وغیرہ ایک سال سے زیادہ کرایہ پر دینا درست نہیں، ہاں حسبِ مصلحت کمی بیشی کی گنجائش ہے، لیکن صورتِ مسئولہ میں سو سال یا دو سو سال کی مدتِ طویلہ کے لیے کرایہ پر دینا جائز اور درست نہیں ہے، اس لیے کہ اس میں ضیاعِ وقف کا اندیشہ ہے، اور ممکن ہے کہ مرورِ زمانہ کی وجہ سے مستاجر کی اولاد زمین پر مالکانہ قبضہ کرلے، اور نسلاً بعد نسلٍ میراث میں تقسیم ہوتا جائے۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

بالسنة يفتى فى الدار وبثلاث سنين فى الأرض إلا إذا كانت المصلحة بخلاف ذلک وهذا مما يختلف زماناً وموضعاً . وفى الشامية: واعلم أن المسئلة فيها ثمانية أقوال ذكرها العلامة قنالي زاده في رسالته أحدها: قول المتقدمين عدم تقدير الإجارة بمدة ورجحه في أنفع الوسائل، والمفتىٰ به ما ذكر المصنفؒ خوفاً من ضياع الوقف كماعلمت، قوله إلا إذاكانت المصلحة بخلاف ذلک...لأن أصل عدول المتأخرين عن قول المتقدمين بعدم التوقيت إلى التوقيت إنما هو بسبب الخوف على الوقف فإذا كانت

**المصلحة الزيادة أو النقص اتبعت وهو توفيق حسن.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:٤/١٠٤، كتاب الوقف،سعيد) . **واللہ تعالیٰ اعلم۔**

## موقوفہ جائداد کوفروخت کرنے کا حکم:

**سوال:** (الف) وقف کی جائداد جس کو آباد نہیں کیا گیا ہو اور ویسے ہی پڑی ہو اس کو بیچنا کیسا ہے جب کہ پہلے سے واقف نے بیچنے کی شرط نہیں لگائی تھی؟ (باء) کن صورتوں میں فروخت کرنے کی اجازت ہے؟

**الجواب:** (الف) واقف نے بوقتِ وقف کوئی شرط نہیں لگائی تھی تو اب موقوفہ جائداد کوفروخت کرنا جائز اور درست نہیں۔

(باء) صرف دوصورتوں میں موقوفہ جائداد کوفروخت کرنا جائز اور درست ہے۔

(۱) واقف نے بوقتِ وقف اپنے لیے یا کسی اور کے لیے فروخت کرنے کی شرط لگائی ہو۔

(۲) موقوفہ جائداد جب بالکل نا قابلِ انتفاع ہو جائے۔

ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف میں ہے:

**عن ابن عمر رضي الله عنه أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه أصاب أرضاً بخيبر فأتى النبي صلى الله عليه وسلم يستأمره فيها، فقال: يارسول الله إني أصبت أرضاً بخيبر لم أصب مالاً قط أنفس عندي منه فما تأمرني به؟ قال : إن شئت حبست أصلها وتصدقت بها، قال : فتصدق بها عمر رضي الله عنه أنه لاتباع ، ولاتوهب ، ولاتورث ، وتصدق بها في الفقراء وفي القربى وفي الرقاب وفي سبيل الله وابن السبيل والضيف ، لاجناح على من وليها أن يأكل منها بالمعروف ويطعم غير متمول .** (رواه البخاري: ١/٣٨٢ـومسلم ٢/٤١).

درمختار میں ہے:

**فإذا تم ولزم لايملك ولايملك ولايعارولايرهن . وفي الشامية: قوله لايملك أي لايكون مملوكاً لصاحبه ولايملك أي لايقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه لاستحالة**

**تمليک الخارج عن ملكه.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:٤/٣٥٢،سعيد).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**وعندهما حبس العين على حكم ملک الله تعالىٰ على وجه تعود منفعته إلى العباد فيلزم ولايباع ولايوهب ولايورث كذا في الهداية.** (الفتاوی الهندية:٢/٣٥٠).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

شئ موقوفہ کوفروخت کرنایارہن رکھنایااس کے بدلے کسی اور چیز کورہن میں لینایاعاریت پر دیناجائزنہیں ہے، چونکہ شئ موقوفہ واقف کی ملکیت سے نکل جاتی ہےاورکسی دوسرے کی ملکیت بھی اس پر ثابت نہیں ہوتی ہے اس لیے کسی کے لیے اس میں مالکانہ تصرف، بیع،شراء،ھبہ،عاریت اوررہن وغیرہ اصلاً جائزنہیں ہے،اگرکسی نے ایسا کیاتو باطل ہوگا۔(مجموعہ قوانین اسلامی:۳۵۰).

درمختار میں ہے:

**وجاز شرط الاستبدال به أرضاً أخرى حينئذٍ أوشرط بيعه ويشتري بثمنه أرضاً أخرى إذا شاء فإذا فعل صارت الثانية كالأولىٰ في شرائطها وإن لم يذكرها ثم لايستبدلها بثالثة لأنه حكم ثبت بالشرط والشرط وجد في الأولىٰ لا الثانية وأما الاستبدال ولو للمساكين آل بدون الشرط فلا يملكه إلا القاضي درر وشرط في البحر خروجه عن الانتفاع بالكلية وكون البدل عقاراً والمستبدل قاضي اللجنة المفسر بذي العلم والعمل...وفي الشامية: قوله و جازشرط الاستبدال به ) اعلم أن الاستبدال على ثلاثة وجوه :ـ الأول :أن يشرطه الواقف لنفسه أولغيره ، فالاستبدال فيه جائز على الصحيح وقيل اتفاقاً، والثاني : أن لايشرطه سواء شرط عدمه أوسكت لكن صار بحيث لاينقطع به بالكلية بأن لايحصل منه شيء أصلاً ، أولايفي بمؤنته فهو أيضاً على الأصح إذا كان بإذن القاضي ورأيه المصلحة فيه، والثالث: ألا يشرطه أيضاً ولكن فيه نفع في الجملة وبدله خيرمنه ريعاً ونفعاً، وهذا لايجوز استبداله على الأصح المختار كذا حرره العلامة قنالي زاده في رسالته الموضوعة**

**فی الاستبدال وأطنب فیها علیه الاستدلال** . (الدرالمختار:مع فتاوی الشامی:٤/٣٨٤،مطلب فی استبدال الوقف،سعید).

و کذا فی احکام الاوقاف للخصاف :٢٢، بیروت۔وقانون العدل والانصاف للقضاء علی مشکلات الاوقاف، ٩٦، الفصل الرابع فی استبدال الوقف،لمحمدقدری باشاالحنفی،المکتبة المکیة).

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

اگر وہ مکان بالکل ہی قابل انتفاع نہ رہے اوراس سے کوئی آمدنی حاصل نہ ہواورمرمت وتعمیر کی بھی وسعت نہ ہوتواس کوبدل لینادرست ہے،اس طرح اس کوفروخت کرکےاس کےعوض دوسرامکان لےکرمدرسہ میں شرائط واقف کےتحت وقف کردیا جائے...(فتاویٰ محمودیہ:۲۹۲/۱۴).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

اگرموقوف علیہم کے براہِ راست استفادہ کے لیےکوئی جائدادوقف کی گئی تھی اوراب وہ نا قابل انتفاع ہوچکی ہےتو خداترس قاضی کی اجازت سے اسی طرح کی دوسری جائداد سے اس کا تبادلہ یانقد کےعوض اسے فروخت کرکےاسی طرح کی دوسری جائدادخریدنا صحیح ہے،اوریہ دوسری جائدادپہلی کی جگہ وقف قرار پائیگی۔

(۲)اوراگرواقف نے جائدادموقوفہ کی آمدنی موقوف علیہم پرصرف کرنے کی شرط لگائی تھی،اورجائدادموقوفہ نا قابل انتفاع ہوچکی ہےتو کم خرچ اورزیادہ نفع بخش دوسری نوع کی جائداد سےاس کاتبادلہ یانقد کےعوض اسے فروخت کرکے دوسرے نوع کی جائدادبھی خریدنا جائز ہے،اوریہ دوسری جائدادپہلی جائدادکی طرح وقف قرار پائیگی۔(مجموعہ قوانین اسلامی:۳۵۲) . واللہ ﷻ اعلم۔

## موقوفہ فروخت شدہ جائداد کی تلافی کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے موقوفہ جائدادفروخت کردی،اوراب قانونی مجبوری کی وجہ سے واپس لینا ناممکن ہےتواب تلافی کی کیاصورت ہے؟ مثلاً کسی غیرمسلم کوفروخت کردی جس کے ہاں وقف کےاحکام کاتصورنہیں ہے۔

**الجواب:** جو جائداد وقف کردی گئی وہ ہمیشہ کے لیے وقف ہوگئی اب اس کوفروخت کرنا کسی کے لیے روانہیں، اور اگر کسی نے فروخت کردی تو بیع نافذ نہیں ہوگی، اور جائداد حسبِ سابق وقف ہی رہے گی، لیکن اگر قانونی مجبوری کے تحت استرداد ناممکن ہو تو اس کے ثمن سے دوسری جائداد خرید کر حسبِ شرائطِ واقف وقف کردی جائے۔ جیسے فقہاء نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر جائداد بالکل ہی ناقابلِ انتفاع ہو جائے تو اس کوفروخت کر کے اس کی جگہ دوسری خرید کر وقف کرنا جائز اور درست ہے۔

**قال في الهداية: وإذا صح الوقف لم يجز بيعه ولاتمليكه، قال ابن همام لم يجز بيعه ولاتمليكه هو بإجماع الفقهاء أما امتناع التمليك فلمابينا، من قوله عليه الصلاة والسلام تصرق بأصلها لايباع ولايورث ولايوهب** . (فتح القدير مع الهداية:٦/٢٢٠،دارالفكر۔ومثله في الدرالمختارمع فتاوى الشامي:٤/٣٥٢،سعيد).

**قال في الدر: وفيها لايجوز استبدال العامر إلا في أربع ، قال ابن عابدين: إلا في أربع الأول : لو شرطه الواقف، والثانية إذا غصب غاصب، وأجرى عليه الماء حتى صار بحراً فيضمن القيمة ويشترى المتولي بها أرضاً بدلاً، والثالثة:أن يجحده الغاصب ولابينة أي وأراد دفع القيمة فللمتولي أخذها ليشترى بها بدلاً، الرابعة: أن يرغب إنسان فيه ببدل أكثر غلة وأحسن صقعاً فيجوز على قول أبي يوسف وعليه الفتوىٰ،كما في فتاوى قارئ الهداية.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:٤/٣٨٨).

**وفيه : وجاز شرط الاستبدال به أرضاً أخرى حينئذٍ أوشرط بيعه ويشترى بثمنه أرضاً أخرى إذا شاء فإذا فعل صارت الثانية كالأولىٰ في شرائطها وإن لم يذكرها ثم لايستبدلها بثالثة.** (الدرالمختار:٤/٣٨٤،سعيد).

قانون العدل والانصاف میں ہے:

**من غصب وقفاً داراً كانت أوحانوتاً أوأرضاً، فعليه رده بعينه، فإن هلك في يده ولو بآفة سماوية ، ضمن قيمته، وإن كان دخل نقص، ضمن النقصان.** (قانون العدل

والانصاف:۲٤٥،فی غصب الوقف).

مزید ملاحظہ ہو: (الفتاوی الهندية: ٣٩٩/٢-والبحر الرائق: ٢٢٠-والشامي: ٣٦٠/٤) . واللہ ﷻ اعلم۔

## ارضِ موقوفہ پر تعمیر کا حکم:

**سوال:** ایک زمین مسجد کے لیے وقف ہے لیکن اس پر کوئی تعمیر وغیرہ نہیں ہے جس کی وجہ سے اس زمین سے کوئی آمدنی حاصل نہیں ہورہی ہے، اور نہ کوئی فائدہ ہو رہا ہے بلکہ زمین کے اخراجات مثلاً ٹیکس وغیرہ بھی نہیں نکلتے ہیں، اور مسجد کے پاس وسعت بھی نہیں کہ تعمیر کر سکے، اس لیے متولیانِ مسجد پریشان ہیں، ایک شخص نے ان کو بتلایا کہ میں اپنی رقم سے ایک دکان بنانا چاہتا ہوں لیکن بطورِ وقف نہیں بلکہ میری ملک میں رہیگی، اور زمین کے معقول کرایہ کے ساتھ آمدنی میں سے بھی کچھ حصہ مسجد کو ادا کرتا رہوں گا، کیا اس طرح تعمیر کی گنجائش ہے؟ اور کیا وقف کی زمین میں ذاتی تعمیر ہوسکتی ہے؟

**الجواب:** ویران جائدادِ وقف جو نا قابل انتفاع ہو اس پر تعمیر کر کے قابل انتفاع بنانا فقط جائز ہی نہیں بلکہ افضل اور بہتر ہے، لیکن جب مسجد کے پاس اتنی وسعت نہیں ہے کہ قابل انتفاع بنا سکے تو مسجد کے متولی حضرات دوسرے شخص کو تعمیر کی اجازت دے سکتے ہیں، اور وہ تعمیر اس کی ذاتی ہوگی جب تک وہ وقف نہ کردے، اور ماہانہ کرایہ وصول کیا جائیگا، مزید براں آمدنی میں سے جو حصہ مسجد کو دینا چاہے اپنی مرضی سے دے سکتا ہے، البتہ اس کاروائی کو جانبین کی دستخط کے ساتھ قلمبند کیا جائے اور مسجد کی فائل میں محفوظ رکھا جائے تاکہ مرورِ زمانہ پر ورثاء ملکیت کا دعویٰ نہ کردیں کیونکہ اس میں ضیاعِ وقف کا پہلو مضمر ہے۔

قانون العدل والانصاف میں ہے:

**وإذا بنى الواقف بناء في أرض الوقف، أوغرس فيها أشجاراً، فإن كان البناء والغراس من مال الوقف، أو كان من مال الواقف، وذكر أنه بناه أوغرسه للوقف، فإنه يكون وقفاً، وإن كان من ماله، ولم يذكر أنه للوقف يكون ما بناه أوغرسه ملكاً له.** (قانون العدل والانصاف،ص ١٤٢،مادة:٢٠٧،البناء والغراس في ارض الوقف).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

دعوائے ملکیت یا غاصبانہ قبضہ کے خطرہ کے سدباب کے لیے ارض موقوفہ پر کرایہ دار کو ذاتی عمارت بنانے کی اجازت نہیں دینی چاہئے، لیکن اگر متولی نے اسے ذاتی مکان بنانے کی اجازت دے دی یا اس نے از خود بنالیا اور کرایہ کی مدت ختم ہوگئی تو اگر چہ وہ رائج کرایہ دینے کے لیے تیار ہو اور اس کے غاصبانہ قبضہ کا ظن غالب بھی نہ ہو تو بھی متولی پر اسے کرایہ دار باقی رکھنا لازم نہیں ہے...اور اگر ارض موقوفہ کو نقصان پہنچنے کا خطرہ نہ ہو تو اسے عمارت بنالینے پر بھی مجبور کرے، اور اگر نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو اسے مکان بنانے کی اجازت نہ دے، ...اور جب تک ان میں سے کوئی شکل ممکن نہ ہو ارضِ موقوفہ بشمول عمارت دوسرے شخص کو کرایہ پر دے دے یہاں تک کہ عمارت ٹوٹ پھوٹ جائے اور اس کا ملبہ مالک کو واپس مل جائے، اور اس مدت کے اندر حاصل شدہ کرایہ مالک عمارت اور وقف دونوں پر اس کے اپنے اپنے حصے کے لحاظ سے تقسیم ہوگا۔ (مجموعہ قوانین اسلامی:۳۶۶-۳۶۸، دفعہ ۴۰).

درمختار میں ہے:

فـفي المنية حانوت لرجل في أرض وقف فأبى صاحبه أن يستاجر الأرض بأجر المثل أن العمارة لو رفعت تستاجر بأكثر مما استأجره أمر برفع العمارة ، و توجر لغيره ، و إلا تترك في يده بذلك الأجر. وفي الشامية: والحاصل أن مستأجر أرض الوقف إذا بنى فيها ثم زادت أجرة المثل زيادة فاحشة فأما أن تكون الزيادة بسبب العمارة والبناء أوبسبب زيادة أجرة الأرض في نفسها ففي الأول لا تلزمه الزيادة لأنها أجرة عمارته و بنائه و هذا لو كانت العمارة ملكه ... قوله إلا تترك في يده بذلك الأجر لأن فيها ضرورة بحر عن المحيط وظاهر التعليل تركها بيده ولو بعد فراغ مدة الإجارة، لأنه لو أمر برفعها لتوجر من غيره يلزم ضرره، وحيث كان يدفع أجرة مثلها لم يوجد ضرر على الوقف، فتترك في يده لعدم الضرر على الجانبين فلو مات المستاجر كان لورثته الاستبقاء أيضاً إلا إذا كان فيه ضرر على الوقف بوجه ما. (الدر المختار مع رد المحتار:٤/ ٣٩١،سعيد) . واللہ ﷻ اعلم۔

## آمدنی وقف کے مصارف کا حکم:

**سوال:** ہمارے شہر میں ایک آدمی نے کسی اسلامی ادارہ (اسلامی اسکول) کے لیے ایک گھر وقف کیا تھا، گھر کی آمدنی اسلامی اسکول کے منافع میں تقسیم کی جاتی تھی، گزشتہ چار سالوں سے گھر ادارہ کے منتظمین کے قبضہ میں ہے، اب گھر کی آمدنی کے مصارف کیا ہیں؟ یعنی آمدنی کہاں استعمال کرنی چاہئے؟

**الجواب:** واقف کی شرائط کے مطابق وقف کی آمدنی صرف کی جائیگی، ہاں متولی مصالح وقف کے پیش نظر وقف کے انتظامات اور اس کے مصارف میں ایسی تبدیلی کرسکتا ہے جس سے مقاصد وقف فوت نہ ہوں، اور اگر واقف کی طرف سے کوئی شرط نہیں ہے، تو سب سے پہلے مکان کی آمدنی مکان اور زمین کی اصلاح اور مرمت میں صرف کی جائیگی، بعدازاں اہم اہم مصالح میں خرچ کی جائیگی، پھر مستحقین مثلاً اسکول کے اساتذہ اور کارکنوں کی تنخواہوں میں صرف کی جاسکتی ہے، الغرض حسب ضرورت ومصلحت صرف کرنا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**ويبدأ من غلته بعمارته ثم ما هو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح وتمامه في البحر. وفي الشامية: قوله يبدأ من غلته بعمارته أي قبل الصرف إلى المستحقين...وذكر في البحر أن كون التعمير من غلة الوقف إذا لم يكن الخراب بصنع أحد...قوله ثم ما هو أقرب لعمارته أي فإن انتهت عمارته وفضل من الغلة شيء يبدأ بما هو أقرب للعمارة وهو عمارته المعنوية التي هي قيام شعائره...والحاصل أن الوجه يقتضي أن ماكان قريباً من العمارة يلحق بها في التقديم على بقية المستحقين...** (الدرالمختارمع ردالمحتار: ٤/٣٦٧-٣٦٨).

قانون العدل والانصاف میں ہے:

**إذا جعل وقفه على مسجد معين، أوعلى مدرسة معينة وشرط أنه إن ضاق ريعه، واحتاج المسجد أوالمدرسة لعمارة ضرورية فتقدم ما هو أقرب لها وأهم للمصلحة من**

أرباب الشعائر على غيره من المستحقين، صح شرطه ، ووجب العمل به سواء عين قدراً معلوماً لهم أولم يعين، وإذا شرط الواقف أن يسوى بين جميع المستحقين من أرباب الشعائر وأصحاب الوظائف وضاق ريع الوقف، واحتاج المسجد أوالمدرسة للعمارة الضرورية، فلا يعتبر شرطه بل يقدم بعد العمارة الأهم فالأهم، من أرباب الشعائر الذين يترتب على انقطاعهم ضرر، وتعطيل لإقامة الشعائر بالمسجد والمدرسة وكذلك إذا شرط الاستواء بين أرباب الشعائر والعمارة وضاق ريع الوقف فلايراعى شرطه، وتقدم العمارة على سائر الجهات والضرورية لانتظام مصالح المسجد أوالمدرسة . (قانون العدل والانصاف،٨٥،تقديم عمارة المسجدعلى مصالح الاخرى).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

واقف کی شرائط کی حیثیت نص جیسی ہے،اس لیے وقف سے استفادہ اوروقف کے انتظامات واقف کی شرطوں کے مطابق انجام پائیں گے،لیکن قاضی مصالح کے پیش نظر وقف کے انتظامات اوراس کے مصارف میں ایسی تبدیلی لاسکتا ہے جس سے مقاصد وقف فوت نہ ہوں،وقف کی آمدنی سے خریدی ہوئی جائداد کی آمدنی مصارف وقف پرخرچ ہوگی،اورمصالح وقف کے پیش نظر وقف کی آمدنی سے خریدکردہ جائدادکوفروخت کیا جاسکتا ہے۔(مجموعہ قوانین اسلامی:۳۵۴،دفعہ۱۱،۱۳) . واللہ ﷻ اعلم۔

## واقف کا شرائطِ وقف میں تبدیلی کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک عورت نے وقف نامہ تحریر کیااوراس میں چند شرائط درج کیے،مثلاً یہ لکھا کہ جب تک میں زندہ رہوں اس مکان میں رہوں گی،میرے مرنے کے بعد یہ مکان اللہ تعالیٰ کے لیے وقف ہوگا،اور چار افراد فائدہ اٹھائیں گے،پھران کے انتقال کے بعد مسجد کے لیے وقف ہوگا،اس وقف نامہ کے بعد وہ عورت اس میں کچھ تبدیلی کرنا چاہتی ہے،مثلاً چار افراد کی جگہ صرف ایک شخص کا نام لکھنا چاہتی ہے اس تبدیلی کا اختیار ہے یانہیں؟ جب کہ وقف نامہ میں تبدیلی کی کوئی شرط موجود نہیں ہے؟

**الجواب:** واقف نے جب ایک مرتبہ وقف نامہ لکھ کر وقف کر دیا اور اپنے لیے تبدیلی وغیرہ کا کوئی اختیار نہیں رکھا تو بعد میں وقف نامہ میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی، لہذا صورتِ مسئولہ میں بھی اب تغیر وتبدل کا اختیار حاصل نہیں ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی الشامی میں ہے:

**وفي الإسعاف: ولايجوز له أن يفعل إلا ما شرط وقت العقد، وفيه: لو شرط في وقفه أن يزيد في وظيفة من يرى زيادته أوينقص من وظيفة من يرى نقصانه أو يدخل معهم من يرى إدخاله أو يخرج من يرى إخراجه جاز، ثم إذا فعل ذلک ليس له أن يغيره لأن شرطه وقع على فعل يراه، فإذا رآه وأمضاه فقد انتهىٰ ما رآه، وفي فتاوى الشيخ قاسم: وماكان من شرط معتبر في الوقف فليس للواقف تغييره ولاتخصيصه بعد تقرره، ولاسيما بعد الحكم، فقد ثبت أن الرجوع عن الشروط لايصح إلا التولية مالم يشرط ذلک لنفسه فله تغيير المشروط مدة واحدة، إلا أن ينص على أنه يفعل ذلک كلما بدا له و إلا إذا كانت المصلحة اقتضته فاغتنم هذا التحرير.** (فتاوی الشامی:٤/٤٥٩،مطلب لايجوزالرجوع عن الشراط، سعيد).

البحر الرائق میں ہے:

**وفيه (منظومة ابن وهبان) أيضاً فرع مهم وقع السوال بالقاهرة بعد سبعين أن الواقف إذا جعل لنفسه التبديل والتغيير والإدخال والإخراج والزيادة والنقصان هل يكون صحيحاً وهل تكون له ولاية الاستبدال، والشيخ الإمام الوالد سقى الله عهده صوب الرضوان، أفتى بصحة ذلک.** (البحرالرائق:٥/٢٢٤، كوئته).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (قانون العدل والانصاف ،ص٨٩۔وفتاوی محموديه:١٤/٢٣٥) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تنخواہ دار شخص کی تولیت کا حکم:

**سوال:** کیافرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ ایک اسلامی اسکول کی کمیٹی میں ایک عالم دین کو صدر مقرر کرنے پر بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ عالم صاحب اسکول سے تنخواہ لیں گے، جب کہ چیئر مین ایسا آدمی ہونا چاہیے جو تنخواہ نہ لیتا ہو، کیا شریعت میں تنخواہ دار آدمی کو سربراہ مقرر کرنا جائز ہے؟

**الجواب:** اسلامی اسکول چلانے اور انتظام کرنے کے لیے وہ شخص زیادہ مناسب ہے جو دینی علوم میں ماہر ہوتا کہ اسکول میں اسلامی روح جاری وساری کرادے، اور نظام تعلیم کو دین وشریعت کے موافق بنادے، پھر اس عالم دین کے گزارے کے لیے تنخواہ مقرر کرنا چاہیے تاکہ فارغ البال ہوکر اسکول کے نظام کو بہتر بنانے کی طرف متوجہ رہے، یادرہے کہ سربراہ بننے کے ساتھ تنخواہ لینا متصادم نہیں ، بلکہ خلفائے راشدین باوجود سربراہ ہونے کے بیت المال سے تنخواہ لیتے تھے۔

علامہ سیوطیؒ نے تاریخ الخلفاء میں لکھا ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو صبح کے وقت کپڑے کی گٹھڑی اٹھائے ہوئے بازار کی طرف جارہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہاں جارہے ہو؟ فرمایا مسلمانوں کا خلیفہ بنایا گیا ہوں مگر اہل وعیال کے خرچ کا انتظام کیسے ہوگا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا چلئے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے پاس چلتے ہیں وہ آپ کے لیے وظیفہ یا تنخواہ مقرر فرمادیں گے، دونوں وہاں چلے گئے ، ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ کے لیے ایک مہاجر کے خرچے کے برابر خرچہ مقرر کرتا ہوں، اور گرمی سردی کا لباس بھی۔

تاریخ الخلفاء کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

**وأخرج ابن سعد عن عطاء ،السائب قال لما بويع أبوبكر رضي الله عنه أصبح وعلى ساعده ابراد و هو ذاهب إلى السوق فقال عمر رضي الله عنه: أين تريد قال إلى السوق قال: تصنع ماذا وقد وليت أمر المسلمين قال فمن أين أطعم عيالي فقال: انطلق يفرض لک أبوعبيدة فانطلق إلى أبي عبيدة فقال : أفرض لک قوت رجل من المهاجرين ليس بأفضلهم ولا أوكسهم وكسوة الشتاء والصيف.** (تاريخ الخلفاء:۷۸).

اس کے بعد مرقوم ہے کہ دو ہزار ''غالباً سالانہ'' مقرر فرمائے جس پر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اہل وعیال کے پیش نظر یہ کم ہیں تو پانچ سو مزید بڑھائے گئے۔

**وأخرج ابن سعد عن ميمون قال: لما استخلف أبوبكر رضي الله عنه جعلوا له ألفين، فقال: زيدوني فإن لي عيالاً وقد شغلتموني عن التجارة، فزاده خمس مائة.** (تاريخ الخلفاء:٧٨).

مشکوٰۃ شریف میں ہے:

**وعن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: لما استخلف أبوبكر رضي الله عنه قال: لقد علم قومي أن حرفتي لم تكن تعجز عن مؤنة أهلي وشغلت بأمر المسلمين فسيأكل آل أبي بكر رضي الله عنه من هذا المال ويحترف للمسلمين فيه.** (رواه البخاری). **وعن عمر رضي الله عنه قال: عملت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فعملني.** رواه ابوداود، وقال التوربيشتي: أى أعطانى عمالتى وأجرة عملى. (حاشية مشكوٰة بحواله مرقات). **وعن المستورد بن شداد قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: من كان لنا عاملاً فليكتسب زوجة فإن لم يكن له خادم فليكتسب خادماً فإن لم يكن له مسكن فليكتسب مسكناً.** رواه ابوداود۔ (مشکوٰۃ شریف:٢/٣٢٦، باب رزق الولاۃ وہدایاہم).

واللہ تعالیٰ اعلم۔

## متولی وقف کی ذمہ داریاں:

**سوال:** متولی وقف کی شرائط اور ذمہ داریاں کیا ہیں؟

**الجواب:** متولی وقف کی شرائط، ذمہ داریاں اور اوصاف درج ذیل ملاحظہ فرمائیں:

☆ متولی کا عاقل، بالغ ہونا، امین و دیانت دار ہونا، خائن شخص کو متولی بنانا جائز نہیں ہے۔

☆ وقف سے متعلق حفاظت اور مفوضہ فرائض کو بذاتِ خود انجام دینا، یا کسی نائب کے واسطہ سے انجام دینا۔

☆ موقوفہ املاک کی حفاظت اور حتی المقدور مقاصد وقف کی تکمیل کی کوشش کرنا۔

☆ واقف کی جائز شرائط یا متولیان قدیم کے دستور العمل کے مطابق اوقاف کے تمام انتظامی امور کو انجام دینا۔

☆ جائداد وغیرہ کو اجارہ پر دینا اور ماہانہ آمدنی کو صحیح مصارف میں صرف کرنا۔

☆ جو اوقاف کسی مفاد یا رفاہِ عام میں مخصوص ہوں، مثلاً مسافر خانے، سرائے، مقبرہ، سقایہ، کتب خانے، انجمنیں، وغیرہ ان کے ناجائز استعمال سے روکنا اور جائز استعمال کی اجازت دینا۔

☆ ایسے اسباب وذرائع اختیار کرنا جن سے اوقاف ویرانی کے خطروں سے محفوظ رہ سکے۔

☆ آمدنی میں حسب ضرورت خرید وفروخت کرنا۔

☆ آمدنی وصول کر کے اس کے مصارف پر خرچ کرنا۔

☆ مخصوص صورتوں کے علاوہ وقف کی جائداد کو فروخت کرنے یا کسی غیر منقولہ جائداد کے ساتھ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں۔

☆ اراضی وقف زیادہ سے زیادہ تین سال اور رہائشی مکانات زیادہ سے زیادہ ایک سال کے لیے کرایہ پر دینا، اس سے زیادہ میں تحفظِ وقف کے خطرہ میں پڑنے کا اندیشہ ہے۔ ہاں اگر مصلحت متقاضی ہو تو اسی کو اختیار کیا جائیگا۔

☆ وقف کی جائداد کو رہن رکھ کر قرض حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔

☆ متولی کے لیے مصالح وقف کے بغیر قرض لینا جائز نہیں ہے، اگر متولی نے بغیر مصلحتِ وقف کے ایسا کیا تو اس قرض کی ذمہ داری متولی کی ذات پر ہوگی۔

☆ اشیاء موقوفہ کو اجرتِ مثل میں کرایہ پر دینا متولی پر لازم ہے، اگر اس نے اجرتِ مثل میں کوئی قابل لحاظ کمی کردی تو بھی کرایہ دار پر اجرتِ مثل ہی لازم ہوگی۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

و ينزع وجوباً لو الواقف( فغيره بالأولىٰ) غيرمأمون أوعاجزاً أوظهر به فسق كشرب خمر ونحوه فتح، أو كان يصرف ماله في الكيمياء، نهر. وفي الشامية: قوله غير مأمون قال في الإسعاف: ولا يولى إلا أمين قادر بنفسه أو بنائبه لأن الولاية مقيدة بشرط النظر وليس من النظر تولية الخائن لأنه يخل بالمقصود، وكذا تولية العاجز لأن المقصود لايحصل به ،

**ویستوی فیه الذکر والأنثی وکذا الأعمی والبصیر وکذا المحدود في قذف إذا تاب لأنه أمین، وقالوا: من طلب التولیة علی الوقف لایعطی له وهو کمن طلب القضاء لا یقلد، والظاهر: أنها شرائط الأولویة لاشرائط الصحة وأن الناظر إذا فسق استحق العزل ولاینعزل کالقاضي إذا فسق لاینعزل علی الصحیح المفتی به، ویشترط لصحته بلوغه وعقله لاحریته وإسلامه لما فی الإسعاف لو أوصی إلی الصبي تبطل فی القیاس مطلقاً وفی الاستحسان هي باطلة مادام صغیراً، فإذاکبر تکون الولایة له ولوکان عبداً یجوز قیاساً واستحساناً لأهلیته في ذاته بدلیل أن تصرفه الموقوف لحق المولی ینفذ علیه بعد العتق لزوال المانع بخلاف الصبي.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:٤/ ٣٨٠،مطلب فی شروط المتولی،سعید).

وکذا فی قانون العدل والانصاف،ص١٠٧،الفصل الأول فی ولایة الوقف،بیروت).

فتاوی شامی میں ہے:

**شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع.** (فتاوی الشامی:٤/٣٤٣،مطلب شرائط الواقف).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**.إذا وقف داره علی الفقراء فالقیم یؤاجرها ویبدأ من غلتها بعمارتها ولیس للقیم أن یسکن فیها أحداً بغیر أجر کذا فی التاتارخانیة .** (الفتاوی الهندیة:٤/٤١٨).

**وفی الدرالمختار: یراعی شرط الواقف في إجارته فلو أهمل الواقف مدتها قیل تطلق ... وقیل تقید بسنة مطلقاً وبها أی بالسنة یفتی فی الدار وبثلاث سنین فی الأرض إلا إذاکانت المصلحة بخلاف ذلک وهذا مما یختلف زماناً وموضعاً، وفي فتاوی الشامیة: قوله وقیل تقید بسنة لأن المدة إذا طالت تؤدی إلی إبطال الوقف، فإن من رآه یتصرف بها تصرف الملاک علی طول الزمان یظنه مالکاً إسعاف. (قوله وبثلاث سنین فی الأرض) أی إذا کان لایتمکن المستأجر من الزراعة فیها إلا فی الثلاث کما قیده المصنف تبعاً للدرر حیث قال: إن الأرض إن کانت مما تزرع في کل سنتین مرة، أوفي کل ثلاث کان له**

**أن يؤاجرها مدة يتمكن فيها من الزراعة ، و مثله في الإسعاف، و كذا في الخانية لكن ذكر فيها بعد ذلك قوله وعن الإمام أبي حفص البخاري أنه كان يجيز إجارة الصباغ ثلاث سنين ، فإن آجر أكثر اختلفوا فيه وأكثر مشايخ بلخ لايجوز... وظاهره جواز الثلاث بلاتفصيل تأمل. وأن مختار الفقيه جواز الأكثر...واعلم أن المسألة فيها ثمانية أقوال ذكرها العلامة قنالي زاده في رسالته أحدها: قول المتقدمين عدم تقدير الإجارة بمدة ورجحه في أنفع الوسائل ، والمفتى به ماذكره المصنف خوفاً من ضياع الوقف كماعلمت.**
(الدرالمختار مع ردالمحتار:٤/ ٤٠٠،كتاب الوقف).

فتح القدیر میں ہے:

**ليس على الناظر أن يفعل إلا ما يفعله أمثاله من الأمر والنهي، لمصالح... والأخذ والإعطاء .** (فتح القدير:٦/ ٢٤٢،دارالفكر).

عالمگیری میں ہے:

**وإن كان في الأرض الموقوفة نخل وخاف القيم هلاكها كان للقيم أن يشتري من غلة الوقف فصيلاً فيغرسه كيلا ينقطع كذا في فتاوى قاضيخان.** (الفتاوى الهندية:٢/ ٤١٣).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (مجموعہ قوانین اسلامی مع الحاشیۃ:۳۵۷،۳۶۵۔وقاموس الفقہ:۵/۳۰۳۔وفتاوی محمودیہ:۱۴/۳۴۲، باب ولایۃ الوقف) ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ :

﴿وأن المسجد للہ فلا تدعو مع اللہ احداً﴾

عن عثمان بن عفان ﷺ قال :

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول :

"من بنی للہ مسجداً بنی اللہ لہ مثلہ فی الجنة"

(رواہ الترمذی).

# باب ...... ﴿۲﴾

# ما یتعلق بالمساجد

# فصل اول

# احکامِ مساجد کا بیان

## مسجد کی ذاتی ملک اور قانون شخصی کا حکم:

**سوال:** کیا مساجد اور مدارس مالک بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں، یا نہیں؟ یعنی اگر کسی نے مسجد کو قالین وغیرہ دیدی اور وقف نہیں کی یا مدرسہ میں کتابیں وغیرہ بھیج دیں اور وقف نہیں کیں، تو یہ اشیاء وقف ہیں یا مدرسہ کی ذاتی ملک ہیں، اسی طرح چرمِ قربانی اگر کسی مسجد یا مدرسہ کو دیدی تو مسجد یا مدرسہ اس کے مالک بنے یا نہیں؟ اگر چرمِ قربانی کی قیمت اساتذہ کی تنخواہوں میں خرچ کرنا چاہیں تو خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** مساجد اور مدارس ذاتی ملک اور قانون شخصی کی حیثیت رکھتے ہیں، لہذا اگر کسی نے کوئی چیز مسجد یا مدرسہ کو دیدی اور وقف نہیں کی تو مسجد یا مدرسہ اس چیز کا مالک بن گیا اور متولی کو اس چیز میں تصرف کرنے کا حق حاصل ہوگیا، بایں وجہ چرمِ قربانی بھی اگر کوئی شخص مسجد یا مدرسہ کو دیدے تو مسجد یا مدرسہ اس کا مالک بن جائیگا، اور اس کو بیچ کر اس کی قیمت اساتذہ کی تنخواہوں میں صرف کی جاسکتی ہے۔

اس مسئلہ کو باصطلاحِ فقہاء قانون شخصی سے موسوم کیا جاتا ہے، اور اس کی واضح اور بے غبار نظیر بیت المال کا نظام ہے، کہ بیت المال میں موقوفہ اموال نہیں ہوتے بلکہ بیت المال کی ذاتی ملک ہوتے ہیں اس سے لینا دینا ہوتا ہے، لہذا مساجد و مدارس بھی بیت المال کے حکم میں ہونے کی وجہ سے ذاتی ملک کی صلاحیت رکھتے

ہیں۔ورنہ جن لوگوں نے مساجد ومدارس کو اپنے اموال دئے ہیں جو موقوفہ نہیں ہیں، وہ اموال دہندگان کے انتقال کے بعد ان کی میراث میں تقسیم ہونا چاہئے، حالانکہ ان میں میراث جاری نہیں ہوتی۔

نیز یہ بات بھی ملحوظ نظر رہے کہ وقف کے لیے خاص الفاظ ہیں ان کے بغیر وقف نہیں ہوتا۔

ملاحظہ ہو طحطاوی میں ہے:

**قوله وركنه الألفاظ الخاصة قال في الشرح الملتقى ناقلاً عن القهستاني: إنما قيد بالقول لأنه لو كتب صورة القضية مع الشرائط بلا تلفظ لم يصر وقفاً بالاتفاق ثم قال: إنه لم يصر وقفاً عند الطرفين إلا إذا كتب بيده وقال للشهود أشهدوا بمضمونه فإنه إقرار بأني وقفت كما ذكرت فيه أو كلاماً نحوه فحينئذٍ يصير وقفاً.** (كذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۲/۵۲۹).

مساجد اور مدارس کی ملکیت کے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

اعلاء السنن میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها، قالت: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: لولا أن قومک حديثو عهد بجاهلية أوقال: بكفر لأنفقت كنز الكعبة في سبيل الله ولجعلت بابها بالأرض، ولأدخلت فيها من الحجر.** (رواه مسلم، نيل الاوطار: ۵/۲۷۴).

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ فرماتے ہیں:

**التمليک للمسجد صحيح: ـ قلت: وفي الحديث دليل لما قاله علماؤنا من أن التمليک للمسجد صحيح ففي الهندية: رجل أعطى درهماً في عمارة المسجد أو نفقة المسجد، أو مصالح المسجد صح، لأنه إن كان لايمكن تصحيحه وقفاً يمكن تصحيحه تمليكاً بالهبة للمسجد وإثبات الملک للمسجد على هذا الوجه صحيح، فيتم بالقبض كذا في الواقعات، وقال: وهبت داري للمسجد أو أعطيتها له صح و يكون تمليكاً، ويشترط التسليم كما لو قال: وقفت هذه المائة للمسجد يصح بطريق التمليک إذا سلمه**

**للقيم كذا في الفتاوى العتابية،** (۳/ ۲٤۰) ، (إعلاء السنن:۱۳/ ۲۰۰، باب الوقف على مصالح المسجد،ادارة القرآن).

فتاویٰ تاتارکانیہ میں ہے:

**ولو قال : وهبت داری للمسجد أو أعطيتها له صح ويكون تمليكاً فيشترط التسليم كما لو قال: وقفت هذه المائة للمسجد، يصح بطريق التمليك إذا سلم للقيم .** (الفتاوى التاتارکانية:۵/ ۸۵۳،کتاب الوقف ، مسائل وقف المساجد،ادارة القرآن).

عالمگیری میں ہے:

**ذكر الصدر الشهيدؒ في باب الواو إذا تصدق بداره على مسجد أو على طريق المسلمين تكلموا فيه والمختار أنه يجوز كالوقف كذا فى الذخيرة.** (الفتاوى الهندية:۲/ ٤٦۰).

یعنی جس طرح مسجد اور دیگر کارِخیر کے لیے وقف کیا جاتا ہے اسی طرح بطورِ صدقہ دینا بھی درست ہے۔

دوسری جگہ مرقوم ہے:

**رجل أعطى درهماً في عمارة المسجد أو نفقة المسجد، أو مصالح المسجد صح ، لأنه إن كان لايمكن تصحيحه وقفاً يمكن تصحيحه تمليكاً بالهبة للمسجد وإثبات الملك للمسجد على هذا الوجه صحيح ، فيتم بالقبض كذا فى الواقعات، وقال: وهبت داري للمسجد أو أعطيتها له صح ويكون تمليكاً ، ويشترط التسليم كما لو قال : وقفت هذه المائة للمسجد يصح بطريق التمليك إذا سلمه للقيم كذا فى الفتاوى العتابية.**

(الفتاوى الهندية:۲/ ٤٦۰،الفصل الثاني فى الوقف على المسجد۔وكذا فى الفتاوى الولوالجية:۳/ ۹۰،الفصل الاول في المسجد).

عالمگیری کی درجِ ذیل عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ بیت المال قانون شخصی ہے۔ملاحظہ ہو:

**فعلى الإمام أن يجعل بيت المال أربعة لكل نوع بيتاً لأن لكل نوع حكماً يختص به لايشاركه مال آخر فيه فإن لم يكن في بعضها شيء فللإمام أن يستقرض عليه مما فيه مال فإن استقرض من بيت مال الصدقة على بيت مال الخراج فإذا أخذ الخراج يقضى**

**المستقرض من الخراج إلا أن يكون المقاتلة فقراء لأن لهم حظاً فيها فلايصير قرضاً.**

(الفتاوی الهندية: ۱/ ۱۹۱، فصل فيمايوضع فی بيت المال اربعة انواع).

یعنی امام کے لیے ضروری ہے کہ بیت المال چار حصوں پر تقسیم کرے اس لیے کہ ہر حصہ کا حکم الگ ہے جو اس کے ساتھ خاص ہے دوسرا مال اس میں شریک نہیں ہے، پس اگر بعض حصوں میں کچھ مال نہ ہو تو دوسرے سے قرض لے مثلاً صدقہ کے اموال سے اموالِ خراج کو کچھ قرضہ دیا تو جب خراج حاصل ہو تو اس سے قرضہ وصول کرلے، یعنی بیت المال دائن اور مدیون بن سکتا ہے، جو کہ قانونِ شخصی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ غلافِ کعبہ کو حاجیوں میں تقسیم کرتے تھے کیونکہ وقف نہیں ہوتا تھا۔

ملاحظہ فرمائیں علامہ ابوالولید محمد بن عبداللہ بن احمد ازرقی فرماتے ہیں:

**حدثنا أبو الوليد قال: حدثنا جدي وإبراهيم بن محمد الشافعي، عن مسلم بن خالد، عن ابن أبي نجيح، عن أبيه، أن عمر بن الخطاب رضي الله عنه كان ينزع كسوة البيت في كل سنة فيقسمها على الحاج، فيستظلون بها على السمر بمكة.** (اخبار مكة، وماجاء فيها من الآثار للازرقی: ۱/ ۲۱۷، باب ماجاء فی تجريد الكعبة، واول من جردها، مكتبة الثقافة الدينية).

عمدۃ القاری میں علامہ عینیؒ فرماتے ہیں:

**وقال ابن صلاح: الأمر فيها إلى الإمام يصرفه في مصارف بيت المال بيعاً عطاءً واحتج بما ذكره الأزرقي أن عمر رضي الله عنه كان ينزع كسوة البيت كل السنة ... الخ، وعن الأزرقي عن ابن عباس رضي الله عنه وعائشة رضي الله تعالىٰ عنها أنهما قالا: ولابأس أن يلبس كسوتها من صارت إليه من حائض وجنب وغيرهما، وكذا قالته أم سلمة رضي الله تعالىٰ عنها، وذكر ابن أبي شيبة عن ابن أبي ليلىٰ، وسئل عن رجل سرق من الكعبة، فقال: ليس عليه قطع، ويقال: الظاهر جواز قسمة الكسوة عتيقة إذ بقاؤها تعريض لفسادها بخلاف النقدين.** (عمدة القاری: ۷/ ۱۶۲، وكذا فی شرح اللباب: ص ۵۴۵).

نیز حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خانہ کعبہ کو دئے گئے ہدایا کی تقسیم کا ارادہ فرمایا تھا، اس کے ذیل میں علامہ عینیؒ لکھتے

ہیں: **وإنما أراد الكنز الذي بها وهو ما كان يهدى إليها فيدخر ما يزيد على الحاجة.** (عمدة القاری:۷/۱٦۱).

اس سے معلوم ہوا کہ وہ چیزیں خانہ کعبہ کی ملک ہیں۔

**وأما الحلي فمحبسة عليها كالقناديل فلا يجوز صرفها إلى غيرها.** (عمدة القاری:۷/۱٦۱).

کفایت المفتی میں ہے:

**رجل وقف أرضاً له على مسجد ولم يجعل آخره للمساكين تكلم المشايخ فيه والمختار أنه يجوز في قولهم جميعاً كذا في الواقعات الحساميه.** (فتاوی عالمگیری:۲/٤٤۷). **إذا غرس شجراً في المسجد فالشجر للمسجد.** (فتاوی عالمگیری:۲/٤٥٥). **رجل غرس تالة في مسجد فكبرت بعد سنين فأراد متولي المسجد أن يصرف هذه الشجرة إلى عمارة بئر في هذه السكة والغارس يقول هي لي فأت ما وقفتها على المسجد قال الظاهر أن الغارس جعلها للمسجد فلايجوز صرفها إلى البئر ولايجوز للغارس صرفها إلى حاجة نفسه كذا في المحيط.** (فتاوی عالمگیری:ص٤٥٦). **مسجد فيه شجرة تفاح يباح للقوم أن يفطروا بهذا التفاح قال الصدر الشهيد المختار أنه لايباح كذا في الذخيرة.** (عالمگیری،ص٤٥٦). **مسجد له أوقاف مختلفة لابأس للقيم أن يخلط غلته كلها إن خرب حانوت منها فلا باس بعمارته من غلة حانوت آخر لأن الكل للمسجد ولو كان مختلفاً لأن المعنى يجمعها،** (شامية ،كتاب الوقف:مطلب في نقل انقاض المسجد ونحوه،٤/٣٦١،ط، سعيد۔مثله في البزازية كتاب الوقف الفصل الرابع،٣/٢٦٩،٢٧٠،ط ماجديه).

ہر وہ چیز جو موقوف علیہ بن سکے اور متعین ہو وہ قانونی شخص ہے اور مسجد موقوف علیہ بن سکتی ہے۔

ہر وہ چیز جو مالک بن سکے وہ قانونی شخص ہے۔اور اس کی ملک کی حفاظت گورمنٹ کا فرض ہے،اور اس کو اپنی ملک کی حفاظت کے لیے دعوی دائر کرنے کا حق ہے۔

شخصی ملک قبل زوال وانتقال ہے،مالکانہ حیثیت جو قابل زوال وانتقال ہے جب یہ اپنے مالک کو قانونی شخص کی

حیثیت دیدتی ہے،تو مسجد کی ملک جونا قابل زوال وانتقال ہے،اپنے مالک (مسجد) کوقانونی شخص کا مرتبہ بدرجہ اولیٰ دیگی۔(کفایت المفتی:۷/۹۸) ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

**اشکال**: لیکن اس پرایک اشکال پیدا ہوتا ہے کہ مساجد ومدارس ذاتی ملکیت کی حیثیت رکھتے ہیں تو پھر زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوجانی چاہئے ،حالانکہ علماء کا اتفاق ہے کہ مساجد یامدارس کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی ہے۔اس کا کیا جواب ہے؟

**الجواب**: اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ مصارفِ زکوٰۃ متعین ہیں،وران مصارف میں مدارس ومساجد کا تذکرہ نہیں ہے،لہذا زکوٰۃ ادانہ ہوگی۔واللہ ﷻ اعلم۔

## خانہ کعبہ کی ذاتی ملک اور قانونِ شخصی کا حکم:

**سوال**: اگرکسی نے کوئی چیز کعبۃ اللہ کو ہبہ کردی تو وہ چیز کعبہ کی ملکیت میں آجائیگی یانہیں؟

**الجواب**: بصورتِ مسئولہ بیت اللہ شریف کو ہبہ کی ہوئی چیز بیت اللہ کی ملکیت میں آجاتی ہے۔

ملاحظہ فرمائیں عالمگیری میں ہے:

**ولو قال وهبت داري للمسجد أو أعطيتها له صح ويكون تمليكاً فيشترط التسليم.**
(الفتاوى الهندية:٢/٤٦٠)

اعلاء السنن میں ہے:

**التمليك للمسجد صحيح : ــ قلت: وفى الحديث دليل لماقاله علماؤنا من أن التمليك للمسجد صحيح ففى الهندية : رجل أعطى درهماً في عمارة المسجد أونفقة المسجد، أو مصالح المسجد صح ، لأنه إن كان لايمكن تصحيحه وقفاً يمكن تصحيحه تمليكاً بالهبة للمسجد وإثبات الملك للمسجد على هذا الوجه صحيح ،فيتم بالقبض كذا فى الواقعات.** (إعلاء السنن:١٣/٢٠٠، باب الوقف على مصالح المسجد،ادارة القرآن).

**مزید ملاحظہ فرمائیں:** (عمدة القاري:٧/١٦٢، وكذا في شرح اللباب:ص٥٤٥).

محیط برہانی میں ہے:

**وفي مجموع النوازل سئل شيخ الإمام أبو الحسن عن رجل قال: وقفت داري على مسجد كذا ولم يزد على هذا وسلمها إلى المتولي صح، ولم يشترط التأبيد، يجعل آخره للفقراء، قال: وهذا يكون تمليكاً للمسجد هبة فيتم بالقبض.** (المحيط البرهاني:٣/١٥٢).

**واثبات الملك على هذا الوجه يصح فإن المتولي إذا اشترى من غلة دار المسجد يصح وكذا من أعطى درهماً في عمارة المسجد ونفقة المسجد أومصالح المسجد يصح، وكذا إذا اشترى المتولي عبداً لخدمة المسجد صح كل ذلك، فيصح هذا بطريق التمليك بالهبة وإن كان لايصح بطريق الوقف ...الخ.** (المحيط البرهاني:٧/١٣٧).

خلاصہ یہ ہے کہ جب کسی میں وقف بننے کی صلاحیت نہیں ہوتی تو وہ بطورِ ہبہ تملیک ہو جاتی ہے۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد کی توسیع کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی زمین وقف کردی وہ زمین مسجد سے بالکل متصل ہے مقامی لوگوں کی تعداد بڑھنے کی وجہ سے مسجد کو تنگ دامنی کا شکوہ ہے توسیع کی ضرورت ہے، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ مسجد سے متصل وقف شدہ زمین مسجد میں شامل کرکے توسیع کی گنجائش ہے یا نہیں؟ جب کہ واقف کی نیت کارِ خیر، اور مسجد و مدرسہ وغیرہ میں صرف کرنے کی تھی۔

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ وقف زدہ زمین کو مسجد میں شامل کرکے توسیع کی گنجائش ہے اگر چہ زمین کارِ خیر کے لیے وقف کی گئی تھی پھر بھی مسجد میں شامل کرنا درست ہے، توسیع مسجد بھی کارِ خیر اور اہم امورِ شریعت اور شعائرِ اسلام میں سے ہے۔

فتاوی شامی میں ہے:

**قوله توخذ أرض في الفتح لو ضاق المسجد وبجنبه أرض وقف عليه أو حانوت جاز أن يوخذ ويدخل فيه زاد في البحر عن الخانية بأمر القاضي وتقييده بقوله وقف عليه أي على المسجد يفيد أنها لو كانت وقفاً على غيره لم تجز ولكن جواز أخذ المملوكة كرهاً يفيد الجواز بالأولىٰ لأن المسجد لله تعالىٰ.** (فتاوى الشامي:٣٧٩/٤، وكذا في قانون العدل والانصاف،٨٥،تقديم عمارة المسجدعلى مصالح الاخرى،بيروت).

فتاویٰ بزازیہ میں ہے:

**وإن ضاق المسجد عن أهله جاز للمتولي أن يدخل بعض منازل الوقف .** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية:٢٨٥/٦).

**وفيه : أرض وقف على مسجد وبجنبه أرض فأرادوا إلحاق شيء من الأرض بالمسجد جاز ولكن يرفع إلى الحاكم ليأذن له في ذلك.** (الفتاوى البزازية:٢٦٨/٦،الرابع في المسجدومايتصل به) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## تہ خانہ مسجد سے علیحدہ کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص مسجد کے لیے ایک زمین خریدنا چاہتا ہے اور شراء سے قبل ہی نیت کرتا ہے کہ اس کے تہ خانہ یا تحتانی منزل میں پارکنگ یا کوئی اور چیز ہوگی اور مسجد فوقانی منزل میں ہوگی کیا اس طرح کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ خریدنے سے قبل تحتانی منزل کو مستثنیٰ کرنے کی نیت مقبول ہے اور اس کے مطابق مسجد سے استثناء کرنا صحیح اور درست ہے، لہٰذا التعمیر کے بعد فوقانی منزلہ مسجد کے لیے ہوگا اور تحتانی منزلہ دیگر مصالح مسجد استعمال کرنے کی گنجائش ہوگی۔

ملاحظہ ہو درمختار میں ہے:

**إذا جعل تحته سرداباً لمصالحه أي المسجد جاز كمسجد القدس. وفي الشامية:**

قوله إذا جعل تحته سرداباً جمعه سراديب بيت يتخذ تحت الأرض لغرض تبريد الماء وغيره، قال في البحر: وحاصله إن شرط كونه مسجداً أن يكون سفله وعلوه مسجداً لينقطع حق العبد عنه لقوله تعالىٰ: وأن المسٰجد لله (تعالىٰ) بخلاف ما إذا كان السرداب والعلو موقوفاً لمصالح المسجد فهو كسرداب بيت المقدس هذا هو ظاهر الرواية وهناك روايات ضعيفة، فرع: لو بنى فوقه بيتاً للإمام لايضر لأنه من المصالح أما لو تمت المسجدية ثم أراد البناء منع و لو قال عنيت ذلک لم يصدق. (الدر المختار مع فتاوى الشامي: ۴/۳۵۷ـ والبحر الرائق: ۵/۲۵۱).

تقریرات رافعی میں ہے:

قول المصنفؒ لمصالحه ليس بقيد بل الحكم كذلک إذا كان ينتفع به عامة المسلمين على ما أفاده في غاية البيان حيث قال: أورد الفقيه أبو الليث سوالاً جواباً فقال: فإن قيل أليس مسجد بيت المقدس تحته مجتمع الماء والناس ينتفعون به قيل إذا كان تحته شيء ينتفع به عامة المسلمين يجوز لأنه إذا انتفع به عامتهم صار ذلک لله تعالىٰ. (التحرير المختار: ۴/۸۰). واللہ ﷻ اعلم۔

## عمارتِ مسجد کی تبدیلی کا حکم:

**سوال:** مسجد کے اردگرد آبادی ختم ہوجائے اور مسجد ویران ہوجائے تو اس کو فروخت کرکے دوسری جگہ مسجد بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ مثلاً ایک شہر میں ایک مسجد ہے جہاں پر مسلمانوں کی آبادی ہے کچھ عرصہ گزرنے کے بعد اربابِ حکومت کے امر پر عمل کرتے ہوئے وہ حضرات دوسری جگہ منتقل ہوجائیں اور وہاں پر صرف ایک گھرانہ یا چند مسلمان رہ جائیں، یا مسجد غیر آباد رہے، تو اس صورت میں مسجد کے ساتھ کیا کیا جائیگا؟ کیا اس مسجد کو شہید کرکے زمین بیچ کر حاصل شدہ رقم کے ساتھ دوسری جگہ مسجد تعمیر کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ مسجد کے پنکھے، مصاحف، قالین وغیرہ کو دوسری مسجد میں منتقل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے کہاں منتقل کریں، کیا مدارس

دینیہ میں اس کو استعمال کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

**الجواب:** مسجد کو شہید کرنا یا اس کی زمین کو فروخت کرنا مفتیٰ بہ قول کے مطابق جائز اور درست نہیں ہے، بلکہ اس کو مسجد ہی رہنے دیا جائے اور قرب وجوار میں جو افراد رہ رہے ہیں وہ اس مسجد کو آباد رکھیں، البتہ اگر اس کے قرب وجوار میں کوئی مسلمان نہ رہے تو ضرورتاً مسجد کے جملہ سامان بلکہ دیوار تک دوسری جگہ منتقل کر کے مسجد تعمیر کی جائے اور مسجد کی زمین فروخت نہ کی جائے، کیونکہ راجح قول کے مطابق وہ جگہ خواہ کچھ بھی ہو مسجد کے حکم میں رہے گی۔

فی الدرالمختار: ولوخرب ما حوله واستغنی عنه يبقى مسجداً عند الإمام والثاني، أبداً إلى قيام الساعة وبه يفتي. (الدرالمختار: ٤/٣٥٨، سعيد).

وفيه: وعن الثاني ينقل إلى مسجد آخر جزم به في الإسعاف حيث قال: ولوخرب المسجد وما حوله وتفرق الناس عنه لايعود إلى ملك الواقف عند أبي يوسفؒ فيباع بإذن القاضي ويصرف ثمنه إلى بعض المساجد. (الدرالمختار مع ردالمحتار: ٤/٣٥٩، مطلب فيمالوخرب المسجد، سعيد).

وفيه: قال الشاميؒ: قلت: ...والذي ينبغي متابعة المشايخ المذكورين في جواز النقل بلا فرق بين مسجد أوحوض كما أفتى به الإمام أبوالشجاع والإمام الحلواني وكفى بهما قدوة ولا سيما في زماننا، فإن المسجد أوغيره من رباط، أوحوض إذا لم ينقل يأخذ أنقاضه اللصوص والمتغلبون كما هو مشاهد وكذا أوقافه يأكله النظار أوغيرهم ويلزم من عدم النقل خراب المسجد الآخر المحتاج إلى النقل إليه وقد وقعت حادثة سئلت عنها في أمير أراد أن ينقل بعض أحجار مسجد خراب في صفح قاسيون بدمشق ليبلط بها صحن الجامع الأموي فأفتيت بعدم الجواز متابعة للشرنبلالي، ثم بلغني أن بعض المتغلبين أخذ تلك الأحجار لنفسه فندمت على ما أفتيت به ثم رأيت الآن الذخيرة، قال وفي الفتاوى النسفي: سئل شيخ الإسلام عن أهل قرية رحلوا وتداعى مسجدها إلى الخراب وبعض

المتغلبه يستولون على خشبه وينقلونه إلى دورهم هل لواحد لأهل المحلة أن يبيع الخشب بأمر القاضي ويمسک الثمن ليصرفه إلى بعض المساجد أو إلى هذا المسجد قال: نعم. وحكى أنه وقع مثله في زمن سيدنا الإمام الأجل في رباط في بعض الطرق الخرب ولاينتفع المارة به وله أوقاف عامرة فسئل هل يجوز نقلها إلى رباط آخر ينتفع الناس به قال: نعم، لأن الواقف غرضه انتفاع المارة ويحصل ذلک بالثاني. (فتاوى الشامي: ٤/ ٣٦٠، مطلب في نقل انقاض المسجد، ط سعيد).

وانظر للمزيد: (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ٦/ ٢٧٠، الرابع في المسجد... نوع آخر).

امدادالفتاویٰ میں ہے:

اصل اور راجح تو عدم جواز نقل ہے لیکن بعض علماء ضرور میں جواز کے قائل ہوئے ہیں، سو بلا ضرورتِ شدیدہ تو اصل مذہب کو چھوڑنا جائز نہیں اور ضرورتِ شدیدہ میں گنجائش ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جب ایک مسجد مستغنی ہو جائے تو اس کا وقف دوسری مسجد میں صرف کرنا جائز ہے۔ (امدادالفتاوی: ۲/ ۶۹۹) . واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد کی پارینہ قالین کا حکم:

**سوال:** ایک مسجد میں نئی قالین بچھائی گئی پرانی قالین کے ساتھ کیا کیا جائے؟ اس بارے میں متولی حضرات کی چند آراء ہیں۔ (۱) مصلی حضرات میں تقسیم کر دیا جائے۔ (۲) مصلی حضرات کو بیچ کر قرم مسجد میں استعمال کر لی جائے۔ (۳) کسی اور مسجد میں یہ قالین دے دی جائے۔ ان میں سے کیا صحیح ہے؟

**الجواب:** قالینِ پارینہ کے بارے میں (۱) مصلی حضرات کے درمیان تقسیم کرنا صحیح اور درست نہیں ہے، اس لیے کہ یہ وقف کا مال ہے۔

(۲) قالینِ پارینہ کو فروخت کر کے اس کی قیمت مسجد میں استعمال کرنا جائز اور درست ہے۔

(۳) دوسری مسجد ضرورت مند اور محتاج ہو تو وہاں دینا بھی جائز ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی عالمگیری میں ہے:

**متولی المسجد ليس له أن يحمل سراج المسجد إلى بيته وله أن يحمله من البيت إلى المسجد.** (الفتاوى الهندية:٢/٤٦٢،كتاب الوقف-وفتاوى قاضيخان :٣/٢٩٤-والفتاوه البزازية:٦/٢٧٠).

درمختار میں ہے:

**حشيش المسجد وحصيره مع الاستغناء عنهما، وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب المساجد أو رباط أو حوض إليه.** (الدرالمختار:٤/٣٥٩،سعيد).

کفایت المفتی میں ہے:

مسجد کا پرانا سامان اور ملبہ جو اسی مسجد جدید کی تعمیر جدید میں کام نہ آسکتا ہو فروخت کر دینا جائز ہے، بہتر یہ ہے کہ مسلمان کے ہاتھ فروخت کیا جائے اور اس کی قیمت کو اسی مسجد کی ضروریات تعمیر میں یا جس قسم کا سامان تھا اسی کے مثل میں صرف کیا جائے۔ (کفایت المفتی:٧/٦٧).

عزیز الفتاوی میں ہے:

مسجد کا سامان اقرب مسجد ہی میں صرف کرنا چاہئے اگر اس وقت ضرورت نہیں ہے تو اس کے لیے اس سامان کو محفوظ رکھا جائے کہ وقت ضرورت کام آوے یا فروخت کر کے اقرب مسجد میں لگایا جاوے۔ (عزیز الفتاوی: جلد اول، ص ٥٦٧).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

اگر مسجد میں زائد چٹائیاں موجود ہیں اور حفاظت کی کوئی صورت نہیں، خراب اور ضائع ہو رہی ہیں تو زائد چٹائیاں ایسی مساجد میں بچھانا درست ہے جہاں ضرورت ہو متولی اور دیگر اہل الرائے حضرات کے مشورہ سے دے سکتے ہیں، بلا مشورہ نہ دے تاکہ فتنہ پیدا نہ ہو۔ (فتاوی محمودیہ:١٤/٥٨٨، فاروقیہ).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (فتاوى الشامي: ٤/٣٥٩،سعيد-وحاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ٢/٥٣٧، كتاب الوقف-وامدادالاحكام :٢/٢٢٢،٢٣٤-وامدادالمفتين:٢/٦٤١-وفتاوى رحيميه:٩/١٢٩).

البتہ مسئلہ بالا میں ایک بات قابل غور یہ ہے کہ علامہ شامی اور علامہ طحطاوی وغیرہ نے پرانہ اثاثہ وسامانِ

مسجد میں یہ فرق بیان کیا ہے کہ امام محمدؒ کے نزدیک بعد استغناءِ مسجد مالک کی ملکیت اس میں عود کرآتی ہے اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دوسری مسجد میں منتقل کردیا جائیگا، پھر فرمایا کہ آلاتِ مسجد میں امام محمدؒ کے قول پر فتویٰ ہے اور انقاضِ مسجد میں امام ابو یوسفؒ کے قول پر فتویٰ ہے۔ مفتی رشید احمد صاحب لدھیانویؒ نے احسن الفتاویٰ میں اسی کو اختیار فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو: (احسن الفتاوی:۶/ ۴۲۵۔۴۲۷).

علامہ شامی کی عبارت حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیں:

**قوله مثله حشيش المسجد أي الحشيش الذي يفرش بدل الحصير، كما يفعل في بعض البلاد كبلاد الصعيد كما أخبرني به بعضهم قال الزيلعيؒ: وعلى هذا حصير المسجد وحشيشه إذا استغنىٰ عنهما يرجع إلى مالكه عند محمدؒ وعند أبي يوسفؒ ينقل إلى مسجد آخر، وعلى الخلاف الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، وصرح في الخانية بأن الفتوىٰ على قول محمدؒ قال في البحر: وبه علم أن الفتوىٰ على قول محمدؒ في آلات المسجد وعلى قول أبي يوسفؒ في تأبيد المسجد، والمراد بآلات المسجد نحو القنديل والحصير، بخلاف أنقاضه لما قدمنا عنه قريباً من أن الفتوىٰ على أن المسجد لايعود ميراثاً ولايجوز نقله ونقل ماله إلى مسجد آخر.** (فتاوى الشامي:٤/ ٣٥٩،مطلب فيمالو خرب المسجداوغيره).

لیکن اکابرؒ کے فتاویٰ سے معلوم ہوتا ہے کہانہوں نے مطلقاً امام ابو یوسفؒ کے قول پر فتویٰ دیا ہے کہ اسباب واثاثہ چاہے آلات کے قبیل سے ہو یا انقاض کے قبیل سے، کسی میں بھی مالک کی ملکیت عود کرنہیں آئیگی، بلکہ اموال وقف کی طرح ہوگا۔

نیز اشیاءِ منقولہ کے وقف کے بارے میں متقدمین عدم جواز کا فتویٰ دیتے تھے، لہذا مالک کی ملک میں عود کرآنے والا مسئلہ بھی اسی پر مبنی ہے۔ لیکن متأخرین فقہاء بالاتفاق اشیاءِ منقولہ کے وقف کے جواز کا فتویٰ دیتے ہیں، لہذا مالک کی ملک میں عود کرآنے کا سوال ہی باقی نہیں رہتا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## محض تعمیر سے مسجدِ شرعی بننے کا حکم:

**سوال:** ایک مسجد کا خاکہ اور صحن تیار ہے یعنی تعمیری سلسلہ ختم ہو چکا ہے، لیکن بعض مصالح کی وجہ سے متولی حضرات نے اس میں نمازِ پنجگانہ با جماعت شروع نہیں کرائی، کچھ دوسرے لوگ نماز پڑھنا چاہتے ہیں تو کیا یہ درست ہے یا نہیں؟ اور فقط تعمیری سلسلہ ختم ہوتے ہی مسجدِ شرعی کے احکام جاری ہو جاتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** مسجدِ شرعی بننے کے لیے تین چیزیں مطلوب ہیں (۱) زمین مسجد کے لیے وقف ہو۔ (۲) موقوفہ زمین کو واقف نے اپنی ملک یا دوسرے کی ملک سے اس طرح علیحدہ کر دیا ہو کہ اس کا یا کسی اور کا حق اس سے متعلق نہ رہا ہو۔ (۳) متولی کی اجازت سے اس میں ایک مرتبہ نماز با جماعت ہو چکی ہو۔ اگر یہ تینوں چیزیں پائی جاتی ہیں تو مسجدِ شرعی کے احکام جاری ہوں گے ورنہ نہیں۔ صورتِ مسئولہ چونکہ نماز با جماعت نہیں پڑھی گئی لہذا مسجدِ شرعی نہیں بنی، اور جو حضرات نماز پڑھنا چاہتے ہیں وہ متولی حضرات کی اجازت سے پڑھ سکتے ہیں۔

ملاحظہ ہو فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

**من بنى مسجداً لم يزل ملكه عنه حتى يفرزه عن ملكه بطريقه ويأذن بالصلاة فيه أما الإفراز فلأنه لايخلص للّٰه تعالىٰ إلا به كذا في الهداية... التسليم في المسجد أن تصلى فيه الجماعة بإذنه وعن أبي حنيفةؒ فيه روايتان في رواية الحسن عنه يشترط أداء الصلاة فيه بالجماعة بإذنه إثنان فصاعداً كما قال محمدؒ والصحيح رواية الحسن كذا في فتاوى قاضيخان، ويشترط مع ذلك أن تكون الصلاة بإذان وإقامة جهراً لا سراً حتى لو صلى جماعة بغير أذان وإقامة سراً لاجهراً لايصير مسجداً عندهما كذا في المحيط والكفاية ... ذكر الصدر الشهيدؒ في الواقعات في باب العين من كتاب الهبة والصدقة : رجل له ساحة لابناء فيها أمر قوماً أن يصلوا فيها بجماعة فهذا على ثلاثة أوجه : أما إن أمرهم بالصلاة فيها أبداً نصاً بأن قال : صلوا فيها أبداً ، أو أمرهم بالصلاة مطلقاً ونوى الأبد، ففي هذين الوجهين صارت الساحة مسجداً لو مات لايورث عنه. وأما إن وقت الأمر باليوم أوالشهر**

أو السنة ففي هذا الوجه لاتصير الساحة مسجداً لو مات يورث عنه كذا في الذخيرة. (الفتاوى الهندية: ٢/ ٤٥٤، ٤٥٥).

کفایت المفتی میں ہے:

(۱) واقف نے جو صحیح طور پر زمین کا مالک تھا اور وقف کرنے کا شرعی اختیار رکھتا تھا اس کو مسجد کے لیے وقف کیا ہو، خواہ وہ زمین خالی عن العمارۃ ہو یا عمارت میں ہو۔ (۲) اس کو اپنی ملک سے اس طرح علیحدہ کردیا ہو کہ کسی دوسرے شخص کا یا خود واقف کا کوئی حق متعلق نہ رہے۔ وقف کرکے اس کو متولی کے سپرد کردیا ہو یا واقف کی اجازت سے اس میں ایک مرتبہ بھی نماز باجماعت ہوگئی ہو۔ (مستفاد از کفایت المفتی: ۷/ ۶۱).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی دارالعلوم زکریا جلد اول ص ۵۵۹، ۵۶۰، بعنوان مسجد اور جماعت خانہ کے احکام)

واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد کی مد سے طریق کی مرمت کا حکم:

**سوال:** ایک مسجد کا راستہ بہت خراب ہو چکا ہے اور عام طور پر مصلی حضرات اسی راستہ سے مسجد آتے جاتے ہیں تو کیا مسجد کی مد سے اس راستہ کی اصلاح اور مرمت کی گنجائش ہے یا نہیں؟

**الجواب:** طریقِ مسجد مصالحِ مسجد میں شمار ہوتا ہے اور مسجد کے مد سے مصالحِ مسجد میں خرچ کرنا جائز اور درست ہے، لہذا راستہ کی اصلاح اور مرمت بھی مسجد کی مد سے بالکل جائز اور درست ہے۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

ويبدأ من غلته بعمارته ثم ما هو أقرب لعمارته...وفي الشامية: أي فإن انتهت عمارته وفضل من الغلة شيء يبدأ بما هو أقرب للعمارة. (الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٤/ ٣٦٧، سعيد).

عالمگیری میں ہے:

والأصح ما قال الإمام ظهير الدين إن الوقف على عمارة المسجد وعلى مصالح

**المسجد سواء ، كذا في فتح القدير** .(الفتاوى الهندية:٢/٤٦٢ـوفتح القدير:٦/٢٤١،دارالفكر).

**وفي السراجية : مسجد بابه على مهب الريح فيصيب المطر باب المسجد فيفسد الباب ويشق على الناس الدخول في المسجد كان للقيم أن يتخذ ظلة على باب المسجد من غلة الوقف إذا لم يكن في ذلك ضرر لأهل الطريق.** (الفتاوى السراجية:باب العمارة،ص٣٥٤ـوكذا في البزازية:٦/٢٦٠).

**وفي البزازية: وفي الصغرى أنفق المتولي على قناديل المسجد من مال المسجد جاز.** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية:٦/٢٦٩) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## توسیعِ مسجد کے لیے قرب وجوار کی زمین شامل کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک مسجد کے قریب زمین ہے اور مسجد تنگ دامنی کا شکار ہے مصلی حضرات مالکِ زمین سے قیمۃً طلب کررہے ہیں لیکن مالک دینے سے انکار کرتا ہے کیا زبردستی وہ زمین خریدی جاسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر فتنہ وفساد کا اندیشہ نہ ہو اور مسجد کو شدید ضرورت ہو اس طور پر کہ قرب وجوار میں کوئی وسیع مسجد موجود نہ ہو تو پھر بدرجہ مجبوری قیمۃً لے سکتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

**وكذا إذا ضاق المسجد على الناس وبجنبه أرض لرجل تؤخذ أرضه بالقيمة كرهاً لما روي عن الصحابة ﷺ لما ضاق المسجد الحرام أخذوا أرضين بكره من أصحابها بالقيمة و زادوا في المسجد الحرام** . (البحرالرائق:٥/٢٥٥،كوئته ـوكذا في الفتاوى البزازية على هامش الهندية:٦/٢٦٨ـوردالمحتار:٤/٣٧٩،سعيد).

**وفي الشامية: قال في نور العين ولعل الأخذ كرهاً ليس في كل مسجد ضاق بل الظاهر أن يختص بما لم يكن في البلد مسجد آخر إذ لو كان فيه مسجد آخر يمكن دفع الضرورة بالذهاب إليه نعم فيه حرج لكن الأخذ كرهاً أشد حرجاً منه ويؤيد ما ذكرنا فعل**

**الصحابة ﷺ إذ لامسجد في مكة سوى المسجد الحرام** . (فتاوی الشامی: ٤/ ٣٧٩، سعید).

تاریخ مکہ میں ہے:

**حدثني أبو الوليد عن ابن جريج قال: كان المسجدالحرام ليس عليه جدرات محاطة إنما كانت الدور ممدقة من كل جانب ...فضاق على الناس فاشترى عمربن الخطاب ﷺ دوراً فهدمها وهدم على من قرب المسجد وأبى بعضهم أن يأخذ الثمن وتمنع عن البيع فوضعت أثمانها في خزانة الكعبة حتى أخذوها بعد...ثم كثر الناس في زمان عثمان بن عفان ﷺ فوسع المسجد فاشترى من قوم وأبى آخرون أن يبيعوها فهدم عليهم فصيحوا به فقال: إنما جرأكم على حلمي عنكم.** (تاریخ مکة للازرقی: ٤/ ٤٥٠).

لیکن اس پر علامہ رافعیؒ نے اشکال کیا ہے کہ اراضی مکہ کی بیع صحیح نہیں ہے؟

ملاحظہ فرمائیں تقریراتِ رافعی میں ہے:

**في شرح الوهبانية : في الاستدلال بما ذكر على قول أبي حنيفةؒ نظرفإنه لايجيز بيع أراضي مكة في الصحيح ولا إجارتها أيضاً عنده فالباني أما غاصب أومستعير فيؤمر بأخذ عمارته وتضاف إلى المسجد لعدم تملكه.** (التحریر المختار: ٤/ ٨٤، سعید).

لیکن چونکہ اراضی مکہ کی بیع کے بارے میں فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے اس لیے علامہ رافعیؒ کا یہ اشکال صحیح نہیں ہے۔

**قال في الدرالمختار: وصح بيع دور مكة فتجب الشفعة فيها وعليه الفتوىٰ أشباه قال الشامي: أفاد أن وجوبها فرع عن جواز أرضها على قولهما المفتىٰ به وإلا فمجرد البناء لا يوجب الشفعة.** (الدرالمختار مع فتاوی الشامی: ٦/ ٢٢٢، سعید).

**وأيضاً فيه : وجاز بيع بناء بيوت مكة وأرضها بلاكراهة وبه قال الشافعيؒ وبه يفتىٰ عيني. قال الشامي: قوله وأرضها، جزم به في الكنز وهوقولهما وإحدى الروايتين عن الإمام لأنها مملوكة لأهلها بظهور آثار الملكة فيها وهوالاختصاص بها شرعاً** . (الدرالمختار مع فتاوی

الشامی:٦/٣٩٢،سعید) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مسجد کے ایک حصہ کو راستہ یا چبوترے میں تبدیل کرنے کا حکم:

**سوال:** کیا مسجد کے کسی حصہ کو مسجد سے خارج کر کے راستہ یا چبوترے میں تبدیل کر سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** مفتیٰ بہ قول کے مطابق جب ایک مرتبہ مسجد شرعی بن جاتی ہے تو پھر قیامت تک اس کی مسجدیت ختم نہیں ہوسکتی اور نہ کوئی ختم کرسکتا ہے، لہذا صورتِ مسئولہ میں بھی مسجد سے کوئی حصہ خارج نہیں کیا جاسکتا۔

ملاحظہ فرمائیں درمختار میں ہے:

**لو بنى فوقه بيتاً للإمام لايضر لأنه من المصالح أما لو تمت المسجدية ثم أراد البناء منع ولو قال عنيت ذلك لم يصدق تاتر خانية، فإذا كان هذا في الواقف فكيف بغيره...** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:٤/٨..).

**وأيضاً فيه: ولو خرب ماحوله واستغنى عنه يبقى مسجداً عند الإمام والثاني أبداً إلى قيام الساعة وبه يفتى.** (الدرالمختارمع فتاوى الشامي:٤/٣٥٨،سعيد).

احسن الفتاوی میں ہے:

جو زمین ایک دفعہ مسجد میں داخل ہو چکی ہے وہ قیامت تک مسجد ہی رہے گی کسی بھی ضرورت کے لیے اسے مسجد سے خارج نہیں کیا جاسکتا۔ (احسن الفتاوی:٦/ ).

جدید فقہی مسائل میں ہے:

چوتھا اہم اور اساسی فرق مساجد اور دوسری موقوفہ اراضی کے درمیان یہ ہے کہ مسجد ہمیشہ کے لیے مسجد بن جاتی ہے خواہ مسجد ویران اور ناقابل استعمال ہوگئی ہو یا اس پر ظلماً قبضہ کرلیا گیا ہو بہرصورت وہ قیامت تک مسجد ہی رہے گی۔ (جدید فقہی مسائل:٢/).

حضرت مفتی محمد شفیع صاحب ؒ تحریر فرماتے ہیں:

جو جگہ مسجد بن گئی اب قیامت تک وہ مسجد ہی رہے گی کسی طرح اس جگہ کو دوسرے کام میں لگانا حلال نہیں خواہ ایک مسجد کے بدلے میں کوئی دس مسجدیں بنانا چاہے تب بھی یہ مسجد مسجدیت سے خارج نہیں ہوسکتی۔ (امداد المفتین:۲/۶۳۶) ۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد میں پائپ لگانے کا حکم:

**سوال:** ایک گاؤں میں بارش کا پانی اور گھروں کا پانی ایک شخص کی زمین سے بہہ کر بڑے نالے میں گرتا تھا، اس شخص نے اپنی زمین میں دیوار اور کمرہ بنا کر پانی بند کر دیا، اور شخص مقدمہ بھی جیت گیا، اب اس زمین کے ساتھ مسجد کا حصہ ہے وہاں نماز باجماعت پڑھی جاتی ہے، بعض لوگوں کی درخواست ہے کہ مسجد کے تحتانی حصہ میں پائپ وغیرہ لگا دیں اور اوپر سے فرش بنالیں تو زمین کے اندر سے پانی نکلتا رہیگا اور اوپر مسجد میں کوئی نقصان نہیں آئیگا اور پانی کے نکلنے کا راستہ بھی مہیا ہو جائیگا، اس سلسلہ میں شرعاً کیا فتویٰ ہے؟

**الجواب:** مسجد کے تحتانی حصہ میں پائپ لگانا اور اوپر سے فرش بنالینا بالکل جائز نہیں ہے، جب ایک مرتبہ مسجد بن جاتی ہے تو قیامت تک مسجدیت ختم نہیں ہوتی، اور مسجد نیچے تحت الثری تک اور اوپر فوق السماء تک ہوتی ہے، لہذا مسجد کے احترام کے منافی کوئی کام کرنے کی شرعاً اجازت نہیں ہے۔

ملاحظہ ہو عالمگیری میں ہے:

**قيم المسجد لايجوز له أن يبني حوانيت في حد المسجد أو في فناء ه لأن المسجد إذا جعل حانوتاً ومكاناً تسقط حرمته وهذا لايجوز والفناء تبع المسجد فيكون حكمه حكم المسجد كذا في محيط السرخسي.** (الفتاوى الهندية:٢/٤٦٢).

درمختار میں ہے:

**لو تمت المسجدية ثم أراد البناء منع ولوقال عنيت ذلک لم يصدق تاترخانية ، فإذا كان هذا في الواقف فكيف بغيره فيجب هدمه ولوعلى جدار المسجد، ولايجوز أخذ الأجرة منه ولا أن يجعل شيئاً منه مستغلاً ولا سكنى ، بزازية.** (الدرالمحتار:٤/٣٥٨،سعيد۔وفتاوى

قاضیخان:علی هامش الهندية:۳/۲۹۳).

کفایت المفتی میں ہے:

صحن مسجد کا اطلاق دو معنوں پر کیا جاتا ہے اول مسجد کے اس غیر مسقف حصے کو صحن کہتے ہیں جو مہیا للصلاۃ تو ہوتا ہے یعنی نماز باجماعت ادا کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے لیکن بغیر چھت کے کھلا چھوڑ دیا جاتا ہے، دوم اس حصے کو بھی صحن کہہ دیتے ہیں جو موضع مہیا للصلاۃ کے مسقّف اور غیر مسقف حصے کے بعد خالی زمین یا فرش کی صورت میں چھوڑ دیا جاتا ہے مگر وہ نماز و جماعت ادا کرنے کے لیے نہیں بنایا جاتا۔

پہلے معنی کے لحاظ سے صحن تو مسجد کا ہی حصہ ہے اور اس کے احکام مسجد کے احکام ہیں اس میں حوض اور وضو کی نالی وغیرہ بنانا جائز نہیں کیونکہ جو جگہ ایک مرتبہ مسجد ہو جائے اور اس کو نماز کے لیے مخصوص کر دیا جائے پھر اس کو کسی دوسرے کام میں نہیں لا سکتے...(کفایت المفتی:۱۸۲/۳، کتاب الصلاۃ، دار الاشاعت) . واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد کے احاطہ میں پھل دار درخت لگانے کا حکم:

**سوال:** مسجد کے احاطہ میں پھل دار درخت اس نیت سے لگانا کہ پھلوں کو بیچ کر اس کی رقم مسجد کے اخراجات میں صرف کی جائیگی، درست ہے یا نہیں؟ نیز فی الحال جو درخت مسجد کے احاطہ میں موجود ہیں ان کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** مسجد کا فارغ احاطہ جس میں لوگ نماز نہیں پڑھتے لیکن وہ جگہ مسجد کی ہے، اس جگہ میں دکانیں، مارکیٹ، پھل دار درخت، کھانے کے ہوٹل، مسجد کے کرائے اور فائدہ کے لیے بنا سکتے ہیں، اس لیے درختوں کا لگانا یا موجودہ درختوں سے پھل حاصل کرنا اور فروخت کرنا جائز اور درست ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتح القدیر میں ہے:

**وأن يبني بيوتاً يستغلها إذا كانت الأرض متصلة ببيوت المصر ليست للزراعة ، فإن كان زراعتها أصلح من الاستغلال لا يبنى.** (فتح القدير:كتاب الوقف ،۲۴۱/٦،دار الفكر).

**قال في البحر الرائق : مسجد فيه شجرة التفاح قال بعضهم : يباح للقوم أن يفطروا**

**بهذا التفاح والصحيح أنه لايباح لأن ذلك صار وقفاً للمسجد يصرف إلى عمارته .**

(البحرالرائق ،كتاب الوقف،٥/٢٠٤،كوئته۔ و كذا في الفتاوى الهندية:٢/٤٦٠) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مدرسہ سے ملحق مسجد بنانے کا حکم:

**سوال:** کیا مدرسہ سے ملحق مسجد بنانے کی اجازت ہے یا نہیں بعض حضرات اس کو مسجد ضرار کہتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مدرسہ کے ساتھ ملحق مسجد بنانا بہتر اور کارِ خیر ہے، پھر جب اس کے قریب کوئی مسجد بھی نہ ہوتو مسجد کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے، مدرسہ کا اپنا ایک مزاج اور نظام ہوتا ہے، اس نظام کو سامنے رکھتے ہوئے مدرسہ کے ساتھ مسجد کی تعمیر کی صورت ست انکار نہیں کیا جا سکتا مثلاً مغرب کے بعد پڑھائی اور کھانے وغیرہ کی وجہ سے عشاء کی نماز مدرسہ کی مسجد میں کافی دیر سے ہوتی ہے طلبہ کے اوقات اور چلت پھرت پر پابندی کی وجہ سے بھی مسجد کا ہونا ضروری ہو جاتا ہے لہذا اس مدرسہ کے ساتھ ملحق مسجد کی تعمیر قابل اعتراض نہیں بلکہ قابل صد تحسین اور لائق شکر ہے، جولوگ اس مسجد کو مسجدِ ضرار کہتے ہیں ،وہ سخت غلطی پر ہیں، ان کوتو بہ کرنا چاہئے ،حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ نے ایک فتویٰ میں تحریر فرمایا ہے ،اورحسن ظن مامور بہ ہے ،لہذا کسی مسلمان کی بنا کردہ مسجد کو مسجدِ ضرار کا حکم نہیں دیا جا سکتا، کیونکہ ایسا یقین نہیں ہوسکتا کہ بانی نے یہ مسجد بغرض اضرارِ مسجدِ ثانی ریاء وسمعہ بنائی ہے، بخلاف مسجدِ ضرار کے کہ اس کی بنا فساد اور بانیین کی نیت کا فساد وحی قطعی سے معلوم ہو چکا ہے۔ (عزیز الفتاوی:۱/۶۰۹)۔

جب کہ صورتِ مسئولہ میں نیت کا فساد نہیں بلکہ ضرورت کے پیش نظر مسجدِ ثانی بنائی جارہی ہے نیز اس مسجد کے منہدم کرنے کا ارادہ بہت برا ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## محراب مسجد کا حصہ ہے:

**سوال:** کیا محراب مسجد کا جزء ہے یا نہیں؟ منشأ سوال یہ ہے کہ امام صاحب اگر معتکف ہے تو ان کے لیے محراب میں کھڑے ہو کر امامت کرانا کیسا ہے، چونکہ وہ باہر کی طرف نکلا ہوا ہے، اس لیے بعض حضرات کو تأمل ہے، امید ہے کہ فقہی عبارات کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں گے۔

**الجواب:** محراب مسجد کا ایک حصہ اور جزء ہے اس میں کھڑا ہونے والا مسجد میں کھڑا ہونے والے کے مترادف ہے، نیز عرف میں بھی اسے مسجد ہی میں شمار کیا جاتا ہے۔

فقہی عبارات ملاحظہ فرمائیں:

**قال في البحر الرائق: وإن لم يضق المسجد بمن خلف الإمام لاينبغي للإمام أن يقوم في الطاق ... وإن كان المحراب من المسجد كما هى العادة المستمرة.** (البحر الرائق: ۲/ ۲٦، کوئٹہ).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**لأن المحراب إنما بني علامة لمحل قيام الإمام ليكون قيامه وسط الصف كما هو السنة، لا لأن يقوم في داخله فهو وإن كان من بقاع المسجد، لكن أشبه مكاناً آخر فورثت الكراهة.** (فتاوى الشامي: ۱/ ٦٤٦، سعيد). مزید ملاحظہ ہو: (فتاویٰ محمودیہ: ۱۴/ ۴۵۰، فاروقیہ) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مکانِ منبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحقیق:

**سوال:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے گھر اور منبر کے درمیان جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے مسجد نبوی میں ہم دیکھتے ہیں کہ منبر شریف محراب نبوی یا مصلیٰ نبوی سے کافی فاصلہ پر ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مصلیٰ یا محراب تو مسجد کے وسط میں ہوگا، تو اسی کے ساتھ ہی منبر ہونا چاہئے، کیونکہ منبر بھی مسجد کے درمیان میں ہوتا ہے، جب کہ موجودہ منبر مصلیٰ سے کافی فاصلے پر ہے، یہ بات بھی بعید ہے کہ منبر کو

بعد میں ہٹا کر موجودہ جگہ پر رکھا گیا ہو کیونکہ منبر کے ساتھ ریاض الجنہ کے حدود کا تعلق ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مصلیٰ کے ساتھ کھجور کے تنے کا نشان لگایا گیا ہے، پھر منبر بھی وہی ہونا چاہئے، اس اشکال کا کیا جواب ہے؟

**الجواب:** شروحاتِ کتبِ احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مصلیٰ سے متصل وقریب تھا، اس سے بحث نہیں کہ محراب تھی یا نہیں، حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

**قال الكرماني: من حيث أنه صلى الله عليه وسلم كان يقوم بجنب المنبر... وأوضح من ذلک ماذكره ابن رشيد أن البخارى أشار بهذا الترجمة إلى حديث سهل بن سعد رضي الله عنه الذي تقوم في باب الصلاة على المنبر و الخشب فإن فيه أنه عليه الصلاة والسلام قام على المنبر حين عمل فصلى عليه، فاقتضى ذلک أن ذكر المنبر يوخذ منه موضع قيام المصلى.** (فتح البارى للعسقلانى: ١/٥٧٥).

علامہ ابن رجب الحنبلیؒ تحریر فرماتے ہیں:

**وأما حديث سلمة بن الأكوع رضي الله عنه فتخريج البخاري له في هذا الباب يدل على أنه فهم منه أن المنبر كان بإزاء موقف النبي صلى الله عليه وسلم في صلاته أومتقدماً عليه متنحياً عن جدار قبلة المسجد.** (فتح البارى: لابن رجب الحنبلى: ٢/٦٢٣).

**وقال العلامة العيني: مطابقة للترجمة ظاهرة من حديث أنه صلى الله عليه وسلم كان يقوم بجنب المنبر.** (عمدة القارى شرح صحيح البخارى: ٣/٥٧٥).

سنن ابن ماجہ میں حدیث ہے:

**كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي إلى جذع إذ كان المسجد عريشاً وكان يخطب إلى ذلک الجذع... فلما وضع المنبر وضعوه في موضعه الذى هو فيه فلما أراد رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يقوم إلى المنبر مر إلى الجذع الذي كان يخطب إليه فلما جاوز الجذع خار حتى تصدع وانشق، فنزل رسول الله صلى الله عليه وسلم لما سمع**

**صوت الجذع فمسحه بيده حتى سكن ثم رجع إلى المنبر فكان إذا صلى صلى إليه.** (سنن ابن ماجه:١٠٢).

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے تنے کے پاس نماز پڑھتے تھے جس وقت مسجد چھپر تھی اوراس کے پاس خطبہ دیا کرتے تھے پس جب صحابہ ﷺ نے منبر رکھا تو کھجور کے تنے کی جگہ رکھا پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر کا ارادہ فرمایا اور کھجور کے اس تنے کے پاس گزرے جس پر خطبہ دیا کرتے تھے، تو وہ چیخنے لگا یہاں تک کہ پھٹ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تنے کی آواز سنی تو اترے اوراس پر دستِ مبارک پھیرا پھر منبر کے پاس تشریف لائے پس جب نماز پڑھتے تھے تو منبر کے پاس پڑھتے تھے۔

نیز مسلمانوں کی مساجد میں امام کے مصلّٰی کے پاس بجانبِ راست منبر رکھنے کا رواج ہے، اگر منبر اتنا دور ہوتا جو مسجدِ نبوی میں ہے، تو پھر منبر کو دور رکھنا ہی سنت یا مستحب ہوتا، نیز منبر درمیان میں رکھنا معقول ہے، تا کہ امام منبر پر بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر خطبہ یا بیان کے وقت سب مصلیوں کے درمیان ہو۔

ہاں حافظ ابن القیم نے زاد المعاد میں لکھا ہے:

**ولم يوضع المنبر في وسط المسجد وإنما وضع في جانبه الغربي قريباً من الحائط وكان بينه وبين الحائط قدر ممر الشاة وكان إذا جلس عليه النبي صلى الله عليه وسلم في غير الجمعة أوخطب قائماً فى الجمعة استدار أصحابه إليه بوجوههم وكان وجهه صلى الله عليه وسلم قبلهم في وقت الخطبة .** (زادالمعادفی هدی خيرالعباد:١/٤٣٠).

یہ قول ان اقوال کے خلاف ہے جو پہلے ذکر کیے گئے۔ علامہ شنقیطیؒ نے الدر الثمین میں تحریر فرمایا ہے:

**فلما تحول النبي صلى الله عليه وسلم إلى المنبر عن الجذع قام الجذع بحنين إلى النبي صلى الله عليه وسلم ...فاختار الجذع أن يكون من غراس الجنة وسكت عن الحنين ودفن هذا الجذع فيما بعد تحت المنبر من جهة القبلة .** (الدرالثمين للشنقيطی،ص ٣٥).

یہ مضمون وفاء الوفاء میں بھی،۲/۳۹۴ پر مذکور ہے۔

اور مولانا عبدالحی صاحبؒ نے مجموعۃ الفتاوی میں وفاء الوفاء سے نقل فرمایا:

موضع المنبر لم يغير و يبعد كل البعد أن يجعل النبي صلى الله عليه وسلم موضع منبره في طرف مسجده ولايتوسط أصحابه .

منبر کی جگہ نہیں بدلی گئی اور یہ بات بہت بعید ہے کہ حضور سرورِ کائنات علیہ التحیۃ والصلوات منبر کی جگہ اپنی مسجد کے کنارے میں مقرر فرمائیں اور وسطِ اصحاب میں اسے نہ رکھوائیں۔ (مجموعۃ الفتاوی: مترجم، ۲۰۵).

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

وهو موافق لما روي أنه كان مائة ذراع كما سنبينه ويرجحه عندي أن المنبر الشريف يكون حينئذٍ متوسطاً للمسجد. (وفاء الوفاء: ۱/۳٤۸) وبين المنبر والدرجة التي ننزل عنها إلى الحفرة التي هو مصلىٰ رسول الله صلى الله عليه وسلم عن يمين الإمام تسعة أذرع وقيراط وسعة الحفرة ذراع و حرر السمهودي أن المسافة بين المنبر ومكان صلاته أربعة عشر ذرعاً هكذا حرره في (۱/۳۷٤)۔(والبحرالعميق الى بيت العتيق: ٥/۲۸۰۸).

مذکورہ بالاعبارات سے معلوم ہوا کہ منبرِ نبوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مصلیٰ کے ساتھ تھا، لیکن حافظ ابن القیم اور وفاء الوفاء وغیرہ اور مشاہدہ سے پتہ چلتا ہے کہ منبر محراب سے دور واقع تھا، اور وہاں تک ریاض الجنۃ ہے۔ جس کی فضیلت کسی مسلمان پر مخفی نہیں تطبیق یہ سمجھ میں آتی ہے کہ خطبہ کے وقت تو منبر مصلیٰ کے پاس ہوتا تھا اور کبھی کبھی وہاں رکھا جاتا تھا جہاں پر اب موجود ہے، تاکہ مصلیٰ اور محراب کے پاس کی جگہ کھلی رہے، اور جب صحابہ رضی اللہ عنہم حلقہ کی شکل میں تشریف فرما ہوں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال جہاں آرا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان کوئی حائل نہ ہو جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مصلیٰ پر تشریف فرما ہوں، اور " مابين بيتي ومنبري روضة من رياض الجنة " منبر کی موجودہ جگہ کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

## مساجد میں مینار کی تحقیق:

**سوال:** مساجد میں مینار کب سے ہیں، اور ان کا کیا مقصد ہے، کیا یہ بدعت تو نہیں؟

**الجواب:** استاذِ محترم حضرت مولانا سرفراز خان صاحبؒ نے راہِ سنت میں تحریر فرمایا جس کا خلاصہ یہ

ہے کہ مینار دراصل اس لیے بنائے جاتے ہیں کہ ان پر اذان ہو اور دور تک لوگ اذان کی آواز سنیں۔

امام ابوداؤدؒ نے مستقل ایک باب قائم فرمایا ہے: " **باب الأذان فوق المنارة** ". (ابو داؤد شریف: ۱/۷۷).

اور حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ المتوفی ۶۵، وغیرہ فرماتے ہیں کہ

" **من السنة الأذان في المنارة والإقامة في المسجد**". (نصب الراية للعلامة الزيلعي: ۱/۲۹۳، كتاب الصلاة، بيروت، ومصنف ابن أبي شيبة: ۱/۲۲٤).

اصولِ حدیث کا مسئلہ کہ مطلق سنت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مراد ہوتی ہے۔ (راہِ سنت، ص ۳۰۵).

الاصابہ فی تمیز الصحابہ میں حافظ ابن حجرؒ ایک صحابی مسلمہ بن مخلد کے حالات میں تحریر فرماتے ہیں:

**وقال ابن السكن: وهو أول من جعل على أهل مصر بنيان المنار**. (الإصابة في تمييز الصحابة: ٦/٩٢، حرف الميم).

چونکہ مینار مقصود نہیں بلکہ مسجد کی معرفت کی علامت اور پرانے زمانہ میں اذان کی آواز دور تک پہنچانے کا ذریعہ تھا، اس لیے یہ بدعت بھی نہیں خصوصاً جو چیز صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## مسجد میں مؤذن کی جگہ متعین کرنے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں امام کے پیچھے مؤذن کے لیے مصلیٰ بچھا کر جگہ مقرر کرنا یا مصلیٰ بچھانا سرعاً جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ اس کو درست نہیں سمجھتے۔

احسن الفتاویٰ میں ہے:

یہی حکم مؤذن کا ہے اس کے لیے جگہ مخصوص کرنے اور الگ مصلیٰ بچھانے کی رسم صحیح نہیں مسجد میں پہنچ کر جو شخص جس جگہ بیٹھ جائے وہی حقدار ہے۔ (احسن الفتاویٰ: ۶/۴۵۷).

جبکہ مولانا فتح محمد صاحب تلمیذ مولانا عبدالحی لکھنویؒ اس کو صحیح سمجھتے ہیں۔

حلال حرام کے احکام المعروف بعطر الہدایہ میں ہے:

(۲) مباح الانتفاع یہ مال وقف کے حکم میں ہے جیسے مساجد، بعض کنویں، پل، راستے وغیرہ ان میں بعض ضروری چیزوں کے لحاظ کے ساتھ عام لوگوں کا حق ہوتا ہے، مثلاً مسجد میں ہر شخص کو صفِ اول میں نماز پڑھنے کا حق ہے مگر امام خطیب یا مکبر یا مؤذن کی خصوصیات کا لحاظ ضروری ہے۔ (حلال حرام کے احکام، ص۳۱۶، مباحات کا بیان).

نیز "لیلنی منکم أولوا الأحلام" سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ امام کے قرب میں بعض خاص لوگ بیٹھنے کے زیادہ حقدار ہیں۔ واللہ ﷻ اعلم۔

# فصل دوم

# آدابِ مساجد کا بیان

## مسجد میں تعزیت کے لیے بیٹھنے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں تعزیت کے لیے بیٹھنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ کیا یہ مسجد کے آداب کے خلاف ہے؟

**الجواب:** اکثر لوگ مسجد میں تعزیت کے لیے جمع ہو کر گپ شپ لگاتے ہیں، اور غیبتیں کرتے ہیں، فضول گوئی اور بدگوئی کرتے ہیں، یہ آدابِ مسجد اور مزاجِ شریعت کے خلاف ہے، ہاں اگر مسجد میں تعزیت کرنے والوں میں وعظ ونصیحت اور دعوت وتبلیغ کا سلسلہ چلایا جائے اور آدابِ مسجد کا خیال رکھا جائے تو پھر تعزیت فی المسجد میں کوئی حرج نہیں ہے، نیز تعزیت کے لیے آنے والوں کو تحیۃ المسجد کی ترغیب دی جائے اور لوگ مسجد میں آکر تحیۃ المسجد پڑھا کریں تو ایک مزید فائدہ ہوگا، اس لیے کہ تحیۃ المسجد ایک قول کے مطابق سنتِ مؤکدہ ہے۔

کتبِ فقہیہ میں سے بعض میں جواز اور بعض میں عدم جواز مرقوم ہے۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

**وأما الجلوس في المسجد للمصيبة فمكروه، لأنه لم يبن له وعن الفقيه أبي الليث أنه لا بأس به لأن النبي صلى الله عليه وسلم حين بلغه قتل جعفر رضي الله عنه و زيد بن حارثة رضي الله عنه جلس في المسجد والناس يأتونه ويعزونه.** (البحر الرائق: ۲/ ۳٦)۔

خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے:

**والجلوس فی المسجد لغیر الصلاة جائز وللمصیبة.** (خلاصة الفتاوی:۱/۲۳۰).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**( في غير مسجد) أما فيه فيكره كما في البحر عن المجتبى، وجزم به في شرح المنية والفتح ، لكن في الظهيرية : لا بأس به لأهل الميت في البيت أو المسجد والناس يأتونهم ويعزونهم ، قلت: وما في البحر من أنه صلى الله عليه وسلم جلس لما قتل جعفر ﷺ وزيد بن حارثة ﷺ والناس يأتونه ويعزونه، يجاب عنه بأن جلوسه صلى الله عليه وسلم لم يكن مقصوداً للتعزية ،... قلت: وهل تنتفي الكراهة بالجلوس في المسجد وقراءة القرآن حتى إذا فرغوا قام ولي الميت وعزاه الناس كما يفعل في زماننا، الظاهر، لا، لكون الجلوس مقصوداً للتعزية لا للقراءة ولا سيما إذا كان هذا الاجتماع والجلوس في المقبرة فوق القبور المدثورة ، ولاحول ولا قوة إلا بالله.** (فتاوی الشامی:۲/۲۴۱، سعید).

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

**( قوله في غير مسجد) اعلم أن صاحب البحر تضارب كلامه فأفاد أولاً جوازه في المسجد وآخراً كراهته وعبارته قال البقالي: ولا بأس بالجلوس للعزاء ثلاثة أيام في بيت أومسجد وقد جلس رسول الله صلى الله عليه وسلم أي في المسجد لما قتل جعفر ﷺ وزيد بن حارثة ﷺ والناس يأتونه ويعزونه والتعزية في اليوم الأول أفضل والجلوس في المسجد ثلاثة أيام للتعزية مكروه.** (حاشية الطحطاوی علی الدرالمختار:۱/۳۸۳، کوئٹہ).

**وللاستزادة انظر:** (شرح الحموی علی الاشباه والنظائر:۳/۱۸۸۔وفتح باب العناية في شرح النقاية:۲/۶۴۔والفتاوی التاتارخانية:۲/۱۸۳) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## عقدِ نکاح مسجد میں رکھنے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں نکاح خوانی مباح ہے یا مستحب؟ بعض علاقوں میں لوگ گھروں میں نکاح پڑھاتے ہیں، اس کا کیا حکم ہے؟ اس لیے کہ بعض حضرات بغیر مسجد نکاح پر نکیر کرتے ہیں اور اس کو بہت معیوب سمجھتے ہیں۔

**الجواب:** مسجد میں نکاح خوانی افضل اور بہتر ہے، لیکن نہ کرنے والوں پر ملامت نہیں کرنا چاہئے۔
ملاحظہ فرمائیں حدیث شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي اللّٰه تعالیٰ عنها قالت: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه و سلم: اعلنوا هذا النكاح واجعلوه في المساجد واضربوا عليه بالدفوف . هذا حديث حسن غريب، وعيسى بن ميمون الأنصاري يضعف في الحديث** . (ترمذی شریف: ۱/۲۰۷).

تحفۃ الاحوذی میں ہے:

**(هذا حديث حسن غريب) كذا في النسخ الحاضرة وأورد هذا الحديث الشيخ ولي الدين في المشكوٰة وقال: رواه الترمذي وقال : هذا حديث غريب ولم يذكر لفظ حسن، وكذلك أورد الشوكاني هذا الحديث في النيل وقال: قال الترمذي : هذا حديث غريب ولم يذكر هو أيضاً لفظ حسن، فالظاهر أن النسخة التي كانت عند صاحب المشكاة وعند الشوكاني هي الصحيحة ويدل على صحتها تضعيف الترمذي عيسى بن ميمون أحد رواة هذا الحديث، وقد صرح الحافظ في الفتح بضعف هذا الحديث... قال البخاري: منكر الحديث، وقال ابن حبان :يروي أحاديث كلها موضوعات.** (تحفة الاحوذی:۸/۲۱۹)

البحر الرائق میں ہے:

**قوله وهو سنة ...)... وأشار المصنفؒ بكونه سنة أوواجباً إلى استحباب مباشرة عقد النكاح في المسجد لكونه عبادة** . (البحر الرائق:۳/۸۰، کتاب النکاح، کوئٹہ).

فتح القدیر میں ہے:

**ویستحب مباشرة عقد النكاح فی المسجد لأنه عبادة .** (فتح القدیر:۳/۱۸۹،دارالفکر).

درمختار میں ہے:

**ویندب إعلانه وتقدیم خطبة وكونه فی مسجد یوم جمعة. وفی الشامی: قوله فی مسجد للأمر به فی الحدیث.** (الدرالمختارمع ردالمحتار:۳/۸،کتاب النکاح،سعید).

مسجد کے علاوہ میں نکاح جائز ہونے کے چند دلائل ملاحظہ فرمائیں:

بخاری شریف میں ہے:

**عن أنس بن مالک رضی اللہ عنہ أن عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ جاء إلی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم وبه أثر صفرة فسأله رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم فأخبره أنه تزوج امرأة من الأنصار .** (بخاری شریف:۲/۷۷٤، باب الصفرة للمتزوج).

**وفی روایة له عن جابر بن عبد اللّٰہ رضی اللہ عنہ قال: کنا مع النبي صلی اللّٰہ علیه وسلم في غزوة فلما قفلنا کنا قریباً من المدینة تعجلت علی بعیر لي قطوف...فالتفت فإذا أنا برسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم، فقلت: یارسول اللّٰہ انی حدیث عهد بعرس، قال: أتزوجت؟ قلت: نعم ...**(بخاری شریف: ۲/۷۸۹).

بخاری شریف کی مذکورہ بالا دونوں روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اورحضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا نکاح بظاہر مسجد میں نہیں ہوا تھا، ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مخفی نہ رہتا، اگر چہ یہ بات بھی ممکن ہے کہ مدینہ منورہ کی کسی اور مسجد میں ہوا ہو۔

ایک مرسل روایت سے پتہ چلتا ہے کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کا نکاح مسجد میں ہوا تھا۔

ملاحظہ ہو مصنف عبدالرزاق میں ہے:

**عبد الرزاق عن ابن جریج وإبراهیم بن محمد عن صالح مولی التوأمة قال: رأی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم جماعة فی المسجد فقال: ما هذا؟ قالوا: نکاح ، قال: هذا النکاح لیس بالسفاح.** (مصنف عبدالرزاق : ٦/١٨٧، باب النکاح فی المسجد).

حضرت مفتی محمود حسن صاحبؒ نے (ایک سائل کے سوال پر کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام صحابہ کرام کا نکاح مسجد میں کیا ہے) ارشاد فرمایا: مجھے اس کی تحقیق نہیں، البتہ فقہاء نے لکھا ہے کہ عقد نکاح مسجد میں کرنا مستحب ہے، پھر فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اس کا اہتمام نہ ہوتا تھا (کہ نکاح مسجد میں ہو) کتبِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا نکاح حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پڑھایا بلکہ آپ کو اس کا علم بھی بعد میں ہوا، اسی طرح حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے نکاح کا علم بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جہاد سے واپسی پر ہوا، پس اگر مسجد میں نکاح کا اہتمام ہوتا تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور ان نکاحوں کا علم ہوتا۔ (ملفوظاتِ حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہیؒ، ص ۳۰)۔

مولانا خالد سیف اللہ لکھتے ہیں: جہاں تک خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کی بات ہے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح مکی زندگی میں ہوا، جس کے مسجد میں ہونے کا سوال ہی نہیں تھا۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح حبش میں حضرت خالد بن سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کی وکالت سے ہوا، اس لیے اس میں بھی اس کا امکان نہیں تھا۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح غزوۂ خیبر سے واپسی میں ہوا، حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت زینب بن خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح مدینہ میں ہوا، ان حضرات کے نکاح کی بابت حدیث وسیرت کی کتابوں میں تفصیل نہیں ملتی، کہ کہاں نکاح ہوا تھا؟ یہی حال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بناتِ طاہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کے واقعاتِ نکاح کا ہے، میں نے اصابہ، اسد الغابہ، طبقات ابن سعد اور اکثر اہم کتب سیرت ورجال سے رجوع کیا مگر مجلس نکاح کی بابت پتہ نہ چل سکا، کہ یہ مسجد میں ہوا، یا مسجد سے باہر ہوا۔ (کتاب الفتاوی: ۴/۲۷۴)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد میں سونے اور اشیاءِ مسجد استعمال کرنے کا حکم:

**سوال:** بعض لوگ مسجد میں سوتے ہیں اور مسجد کے پنکھے اور ائیر کنڈیشن چلاتے ہیں کیا شرعاً یہ جائز

ہے یا نہیں؟

**الجواب:** احادیث اور عباراتِ فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بلاضرورت مسجد میں سونا مکروہ ہے ہاں بضرورت سونے کی گنجائش ہے نیز معتکف اور مسافر جس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو اس کے لیے بھی آدابِ مسجد کا لحاظ رکھتے ہوئے سونے کی اجازت ہے، جیسا کہ بعض صحابہ کرام ﷺ کا مسجد میں سونا ثابت ہے۔

اور بجلی پنکھے وغیرہ نماز کے اوقات میں استعمال کر سکتے ہیں، پوری رات استعمال کرنے سے گریز کیا جائے اگر ضرورت پڑ جائے تو صرفہ اربابِ مسجد کو دیدیا جائے۔

ملاحظہ فرمائیں سنن دارمی میں ہے:

**عن أبي ذر ﷺ قال: أتاني نبي اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم وأنا نائم في المسجد، فضربني برجله، قال: ألا أراك نائماً فيه؟ قلت: يا نبي اللّٰه غلبتني عيني.** (سنن دارمی: ۱/۳۷۹/۱۳۹۹، باب النوم فی المسجد).

ترمذی شریف میں ہے:

**وقال ابن عباس ﷺ: لا يتخذه (المسجد) مبيتاً ومقيلاً.** (ترمذی شریف: ۱/۷۳، باب ماجاء فی النوم فی المسجد).

درمختار میں ہے:

**ويكره الإعطاء مطلقاً وأكل ونوم إلا لمعتكف وغريب. قال الشامي: وإذا أراد ذلك ينبغي أن ينوي الاعتكاف فيدخل ويذكر اللّٰه تعالىٰ بقدر ما نوى ثم يفعل ما شاء.**

(الدر المختار مع فتاوی الشامی: ۱/۶۶۱، سعید).

شرح منیۃ المصلی میں ہے:

**والنوم فيه لغير المعتكف مكروه وقيل: لا بأس للغريب أن ينام فيه والأولىٰ أن ينوي الاعتكاف ليخرج عن الخلاف.** (شرح منية المصلی: ص ۶۱۲).

بعض روایات سے مسافر کے لیے جواز معلوم ہوتا ہے:

ملاحظہ ہو ترمذی شریف میں ہے:

**عن ابن عمر ﷺ قال: كنا ننام على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم في المسجد ونحن شبان. قال أبو عيسىٰ حديث ابن عمر ﷺ حديث حسن صحيح.**
(ترمذی شریف: ۱/۷۳).

**وفي رواية البخاري: عن عبد الله بن عمر ﷺ أنه كان ينام وهو شاب أعزب لا أهل له في مسجد النبي صلى الله عليه وسلم** .(بخاری شریف: ۱/۶۳).

**وأيضاً رواه ابن ماجة في باب النوم في المسجد** (ص ٥٤).

**وقال الشيخ عبد الغني المجددي الدهلوي في إنجاح الحاجة: وهذه رخصة لابن السبيل والمسافر فإن ابن عمر ﷺ ماكان له حينئذٍ أهل وأما لغيره فيكره الاعتياد بالنوم فيه ولو دخل أحد للصلاة فنام هنا فلا بأس به لأن الصحابة ﷺ كانوا يفعلون ذلك.** (انجاح الحاجة: ٥٤).

عالمگیری میں ہے:

**ولو وقف على دهن السراج للمسجد لايجوز وضعه جميع الليل بل بقدر حاجة المصلين و يجوز إلى ثلث الليل أو نصفه إذا احتيج إليه للصلاة فيه كذا في السراج الوهاج ولايجوز أن يترك فيه كل الليل إلا في موضع جرت العادة فيه بذلك كمسجد بيت المقدس ومسجد النبي صلى الله عليه وسلم والمسجد الحرام أوشرط الواقف تركه فيه كل الليل كما جرت العادة به في زماننا كذا في البحر الرائق.** (الفتاوى الهندية: ٢/٤٥٩، الباب الحادي عشر في المسجد ومايتعلق به).

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ فرماتے ہیں:

مسجد کی بجلی وغیرہ نماز کے اوقات میں استعمال کرنی چاہئے دیگر اوقات میں اہل چندہ منع کر سکتے ہیں، مسجد میں سونا معتکف اور مسافر کے لیے جائز ہے دوسروں کے لیے مکروہ ہے، جو لوگ مسجد میں نیند کریں ان کو چٹائیوں پر کپڑا اچھا لینا چاہئے تاکہ پسینہ سے فرش خراب نہ ہو اور نیند کی حالت میں ناپاک ہوجانے کا خطرہ نہ رہے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۲/۱۴۱)۔

فتاوی محمودیہ میں ہے:

جو شخص معتکف ہو، یا مسافر ہو اور اس کا کہیں ٹھکانہ نہ ہو اس کو مسجد میں ٹھہرنے کی اجازت ہے، اور جو شخص نماز تہجد و فجر کی خاطر مسجد میں رہے اس کے لیے بھی اجازت ہے، لیکن اپنے لیے مسجد کو آرام گاہ نہ بنایا جائے، مسجد کا پنکھا اور مسجد کی روشنی اصالۃً نماز کے لیے ہے، جب تک نمازی عامۃً نماز پڑھتے ہیں اس وقت تک استعمال کریں، اگر علاوہ نماز کے دیگر مقاصد کے لیے استعمال کریں تو اس کے معاوضہ میں مسجد کی خدمت بھی کر دیا کریں، فتاوی عالمگیری میں چراغِ مسجد کے متعلق مسئلہ مذکور ہے۔ (فتاوی محمودیہ: ۱۵/ ۲۳۸، فاروقیہ).

مزید ملاحظہ فرمائیں: (فتاوی محمودیہ: ۶۴۳، فاروقیہ۔ واحسن الفتاوی: ۶/ ۴۴۷۔ وکتاب الفتاوی: ۴/ ۲۶۱-۲۶۳).

واللہ ﷻ اعلم۔

## نا سمجھ بچوں کو مسجد میں لانے کا حکم:

**سوال:** بعض لوگ کہتے ہیں کہ نا سمجھ بچوں کو مسجد میں لانا درست ہے اس لیے کہ حضراتِ حسنین مسجد میں آتے تھے اور اچھی طرح چل بھی نہیں سکتے تھے؟

**الجواب:** بچوں کے شور وغل اور پیشاب پاخانہ کا اندیشہ نہ ہو تو ان کو مسجد میں لانے کی اجازت ہے، ورنہ اجتناب کرنا چاہئے۔

حدیث شریف میں ہے:

**عن واثلة بن الأسقع أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم وشراء كم وبيعكم وخصوماتكم ورفع أصواتكم وإقامة حدودكم وسل سيوفكم واتخذوا على أبوابها المطاهر وجمروها في الجمع.** (رواه ابن ماجة: ٥٤).

مذکورہ بالا چیزوں کا اندیشہ نہ ہو تو نفس جواز میں کلام نہیں ہے، حدیث شریف میں ہے:

**أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إني لأقوم في الصلاة أريد أن أطول فيها فأسمع بكاء الصبي فأتجوز في صلاتي كراهية أن أشق على أمه.** (صحيح البخاري: ١/ ٩٨).

درمختار میں ہے:

**ویحرم إدخال صبیان ومجانین حیث غلب تنجیسهم وإلا فیکره. وفی الشامیة: والمراد بالحرمة کراهة التحریم لظنیة الدلیل ...وإلا فیکره أی تنزیهاً.** (الدرالمختار مع فتاوی الشامی: ۶۵۶/۱،مطلب فی احکام المسجد، سعید) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنے کا حکم:

**سوال:** جب لوگ نماز سے پہلے مسجد میں داخل ہوتے ہیں تو بعض لوگ سلام کرتے ہیں اور بعض لوگ نہیں کرتے، کیا سلام کرنا چاہئے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر مسجد میں مصلی حضرات ذکر وتلاوت میں مشغول ہوں تو سلام نہ کرے اور اگر نماز کے انتظار میں بیٹھے ہوں تو پھر بھی سلام نہ کرنا بہتر ہے، ہاں اگر نماز ہوچکی ہو یا لوگ بات چیت میں مشغول ہوں تو سلام کرنا چاہئے۔

ملاحظہ فرمائیں، عالمگیری میں ہے:

**السلام تحیة الزائرین والذین جلسوا فی المسجد للقراءة والتسبیح أو لانتظار الصلاة ما جلسوا فیه لدخول الزائرین علیهم، فلیس هذا أوان السلام ، فلا یسلم علیهم .** (الفتاوی الهندیة :۳۲۵/۵، الباب السابع فی السلام،وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار: ۲۰۶/۴).

**وفی الشامیة: قال: وإذا جلس القاضي ناحیة من المسجد للحکم لا یسلم علی الخصوم ، ولایسلمون علیه ، لأنه جلس للحکم والسلام تحیة الزائرین .** (فتاوی الشامی:۴۱۵/۶،کتاب الحظر والاباحة، سعید).

فتاوی سراجیہ میں ہے:

**إذا دخل المسجد بعضهم في غیر الصلاة یسلم قال السید الإمام أبوالقاسم رحمه اللّٰه ولترک السلام لایکون تارکاً للسنة أشار إلیه في أدب القاضي .** (الفتاوی السراجیة:ص۲۸۳،

وکذا فی فتاوی الشامی: ٦/٤١٣، کتاب الحظر والاباحة، سعید).

کتاب الفتاوی میں ہے:

مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا یا مسجد میں بیٹھے ہوئے لوگوں کا آنے والوں کو سلام کرنا درست ہے، البتہ اتنی آواز سے نہ کیا جائے کہ اگر کوئی شخص نماز میں ہو تو اسے خلل ہو جائے۔ (کتاب الفتاوی:۴/۲۵۴، وفتاوی رحیمیہ:۹/٦٨).

لہٰذا اسلام کرنے والے اور نہ کرنے والے دونوں میں سے کسی پر بھی ملامت نہیں کرنا چاہئے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد میں اشعار پڑھنے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں اشعار پڑھنا جائز ہے یا مکروہ؟ ایک حدیث میں مسجد میں اشعار پڑھنے کی ممانعت آئی ہے۔

**الجواب:** اسلام اور شریعتِ مطہرہ کے خلاف اور فاحشہ اشعار کا پڑھنا مسجد میں یا خارجِ مسجد بہر صورت ممنوع اور ناجائز ہے، ہاں حمد وثنا اور نعت وغیرہ کے اچھے اشعار مسجد میں پڑھنا جائز اور درست ہے۔

بخاری شریف میں ہے:

**عن الزهري، قال: أخبرني أبوسلمة بن عبد الرحمن بن عوف أنه سمع حسان بن ثابت الأنصاری ﷺ يستشهد أباهريرة ﷺ أنشدک اللّه هل سمعت النبي صلى اللّه عليه وسلم يقول: يا حسان أجب عن رسول اللّه صلى اللّه عليه وسلم، اللّهم أيده بروح القدس قال أبوهريرة ﷺ : نعم** . (صحيح البخاری:١/٦٤، باب الشعر فی المسجد).

ترمذی شریف میں ہے:

**عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة رضي اللّه تعالىٰ عنها قالت: إن النبي صلى اللّه عليه وسلم يضع لحسان منبراً فی المسجد يقوم عليه قائماً يفاخر عن رسول اللّه صلى اللّه عليه وسلم... ويقول رسول اللّه صلى اللّه عليه وسلم: إن اللّه يؤيد حسان بروح القدس ما**

**یفاخر أوينافح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم** . (جامع الترمذی:۲/۱۱۱، باب ماجاء فی انشاد الشعر، وکذا فی سنن ابی داود:۲/۲۳۸).

لیکن ترمذی شریف کی دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں اشعار پڑھنے سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔ملاحظہ فرمائیں:

**عن عمروبن شعيب عن أبيه عن جده عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه نهى عن تناشد الأشعار فى المسجد....** (ترمذی شریف: ۱/۷۳۔ وکذا فی سنن النسائی :۱/۱۱۷۔وابن ماجۃ:۵۴).

دونوں روایتوں میں تطبیق ملاحظہ فرمائیں:

علامہ عینیؒ عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں:

**إن الشعر الحق لايحرم فى المسجد، والذي يحرم فيه مافيه الخنا والزور والكلام الساقط، يدل عليه ما رواه الترمذي مصححاً من حديث عائشة رضي الله تعالىٰ عنها** (کمامر آنفاً) **...فإن قلت: روى ابن خزيمة في صحيحه...عن عمروبن شعيب عن أبيه عن جده: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن تناشد الأشعارفى المساجد وحسنه الحافظان: الطوسي والترمذي،....قلت:....وقد جمع ابن خزيمة في صحيحه بين الشعر الجائز إنشاده فى المسجد وبين الممنوع من إنشاده فيه. وقال أبونعيم الأصبهاني في كتاب التوحيد: نهى عن تناشد أشعار الجاهلية والمبطلين فيه، فأما أشعارالإسلام والمحقين فواسع غير محظور**. (عمدۃ القاری: ۳/۴۸۹،باب الشعرفی المسجد،ملتان۔ وکذا فی فتح الباری:۱/۴۵۹).

شاہ صاحب کشمیریؒ فرماتے ہیں:

**وأما الأشعار ففي كتاب الطحاوي: جوازها فى المسجد أى لتحصيل الأدب واللغة بشرط أن لايتخذ لجة ويفصل شيء فى الأشعار الأدبية في فتح القدير أيضاً.** (العرف الشذی علی ھامش الترمذی:۱/۸۰).

**وفي حاشية الترمذي للمحدث أحمد على السهارنبوريؒ: والمراد المذمومة الباطلة**

**وإلا فلا منع** . (حاشية الترمذی:۷۳).

درس ترمذی میں ہے:

دونوں میں تطبیق یہ ہے کہ اگر اشعار حمد وثناء اور دفاع اسلام کے خاطر ہو تو اس کا پڑھنا جائز ہے بصورتِ دیگر مکروہ ہے۔ (درس ترمذی:۲/۱۰۸) . واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد میں عورتوں کے اعتکاف کا حکم:

**سوال:** احناف کے نزدیک عورتیں اپنے گھروں میں اعتکاف کرتی ہیں حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسجد میں اعتکاف ہوتا تھا، تو عورتوں کو اعتکاف کہاں کرنا چاہئے؟

**الجواب:** روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں عورتوں کے اعتکاف کو ناپسند فرما کر مسجد سے ختم کروادیا تھا، اس لیے عورتوں نے گھر میں اعتکاف شروع کردیا تھا، لہذا اب مسجد کا اعتکاف ختم ہوگیا اور نفس اعتکاف گھر میں باقی رہ گیا، جس کو ائمہ احناف نے اختیار فرمایا۔

ملاحظہ فرمائیں بخاری شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها أن النبي صلى الله عليه وسلم أراد أن يعتكف فلما انصرف إلى المكان الذي أراد أن يعتكف فيه إذا أخبية خباء عائشة رضي الله تعالىٰ عنها وخباء حفصة رضي الله تعالىٰ عنها وخباء زينب رضي الله تعالىٰ عنها، فقال: آلبر تقولون بهن ثم انصرف فلم يعتكف حتى اعتكف عشراً من شوال** . (بخاری شریف :۱/۲۷۲).

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں:

**وفي رواية أبي معاوية : فأمر بخبائه فقوض أى نقض، وقال القاضي عياض: إنما قال صلى الله عليه وسلم هذا الكلام إنكاراً لفعلهن ...لأن المسجد يجمع الناس ويحضره الأعراب والمنافقون وهن محتاجات إلى الدخول والخروج فيبتذلن بذلك...وقال إبراهيم بن عبلة فى قوله: آلبر يردن ؟ دلالة على أنه ليس لهن الاعتكاف فى المسجد، إذ**

**مفهومه ليس ببرلهن، وقال بعضهم: وليس ما قاله بواضح. قلت: بلى، هو واضح لأنه إذا لم يكن براً لهن يكون فعله غيربر، أى غيرطاعة، وارتكاب غيرالطاعة حرام، ويلزم من ذلك عدم الجواز.** (عمدة القارى:٨/٢٧٦، ٢٧٧،باب اعتكاف النساء،ملتان).

علامہ سرخسیؒ مبسوط میں فرماتے ہیں:

**ولنا أن موضع أداء الاعتكاف في حقها الموضع تكون صلاتها فيه أفضل كما في حق الرجال وصلاتها في مسجد بيتها أفضل فإن النبي صلى الله عليه وسلم لما سئل عن أفضل صلاة المرأة، فقال في أشد مكان من بيتها ظلمة.** (المبسوط للسرخسي:٢٤/٢٣٥).

بدائع الصنائع میں ہے:

**ونحن نقول بل هذه قربة خصت بالمسجد لكن مسجد بيتها له حكم المسجد في حقها في حق الاعتكاف لأن له حكم المسجد في حقها في حق الصلاة .... لأن كل واحد منهما في اختصاصه بالمسجد سواء.** (بدائع الصنائع:٢/١١٣،كتاب الاعتكاف، سعيد).

تحفۃ الاخیار میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: لو رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحدث النساء بعده لمنعهن المساجد كما منعت نساء بني إسرائيل. قال أبو جعفر: ...وإذا كن كذلك في حياة عائشة رضي الله تعالىٰ عنها كن بعد موتها من ذلك أبعد فإذا كان ذلك كذلك عقلنا أنه إن كان لهن أن يعتكفن فإنما يكون ذلك منهن في خلاف المساجد لا فى المساجد.** (تحفة الاخيار:٣/٨١/١٤٩٩،كتاب الصوم).

بخاری شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها زوج النبي صلى الله عليه وسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يعتكف العشر الأواخر من رمضان حتى توفاه الله ثم اعتكف أزواجه من بعده.** (بخارى شريف:١/٢٧١).

ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں:

(قوله ثم اعتكف أزواجه) أى في بيوتهن لما سبق من عدم رضاء ه عليه الصلاة والسلام لفعلهن، ولذا قال الفقهاء: يستحب للنساء أن يعتكفن في مكانهن. (مرقات: ۴/۳۲۶).

واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد میں سائل کو کچھ دینے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں سائل کو مستحق سمجھ کر کچھ دینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** آدابِ مسجد کا لحاظ رکھتے ہوئے اتفاقاً کسی نے سوال کیا اور کچھ دیدیا تو جائز ہے، ہاں اگر سائل نے مسجد میں سوال کرنے کی عادت بنالی ہے تو نہیں دینا چاہئے، کہ یہ آدابِ مسجد کے خلاف ہے۔

ملاحظہ فرمائیں سنن ابی داود میں ہے:

عن عبد الرحمن بن أبي بكر ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: هل فيكم أحد أطعم اليوم مسكيناً، فقال أبوبكر ﷺ: دخلت المسجد فأنا بسائل يسأل فوجدت كسرة خبز في يد عبد الرحمن فأخذتها فدفعتها إليه. (سنن ابی داود: ۱/۲۳۵).

فتح الملہم میں ہے:

قلت: ...وقد قال بعض السلف: لايحل إعطاء ه فيه لما في بعض الآثار" ينادى يوم القيامة ليقم بغيض الله فيقوم سوّال المسجد" وفصل بعضهم بين من يوذى الناس بالمرور ونحوه فيكره إعطاء ه لأنه إعانة له على ممنوع وبين من لايوذى فيسن إعطاء ه لأن السوال كانوا يسالون على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فى المسجد. (فتح الملهم: ۴/۱۶۱).

فتاوی شامی میں ہے:

قال فى النهر: المختار أن السائل إن كان لا يمر بين يدى المصلى ولايتخطى الرقاب ولايسال إلحافاً بل لأمر لابد منه فلا بأس بالسوال والإعطاء ومثله فى البزازية وفيها

**ولایجوز الإعطاء إذا لم یکونوا علی تلک الصفة المذکورة.** (فتاوی الشامی: ۲/۱۶٤،سعید۔وکذا فی بذل المجهود:۸/۲۱۸۔والفتاوی البزازیة:۱/۷٦۔والفتاوی الحمادیة:٤/٧٦).

الدرالمنضود میں ہے:

جمہور کے نزدیک سوال فی المسجد جائز اوراعطاء بھی جائز ہے مگر یہ کہ سائل کوئی بدعنوانی کرے...تو پھر سوال واعطاء دونوں ناجائز ہیں یہ مسلک تو ہے جمہور کا اورحنفیہ کے نزدیک سوال فی المسجد مطلقاً حرام ہے اور اعطاء میں دوقول ہیں: (۱) مطلقاً کراہت۔(۲) اعطاء میں کراہت اس وقت ہے جب کہ سائل تخطی رقاب کرے ورنہ نہیں اوراصح یہی ہے۔(الدرالمنضود:۳/۱۲۶) . واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجدِ کبیر میں بلااتصالِ صفوف نماز کا حکم:

**سوال:** بڑی مساجد میں بہت سی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ اتصالِ صفوف کے بغیر لوگ نماز پڑھتے ہیں،یعنی درمیان میں بہت خلا رہتا ہے،اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے؟ حرمین میں اکثر ایسا ہوتا ہے۔

**الجواب:** مسئلہ بالا کے بارے میں فتاوی میں مختلف عبارتیں ملتی ہیں،بعض فتاوی میں مرقوم ہے کہ مسجدکبیر میں فصل کثیر مانع اقتداء ہے،اوردیگر بعض میں یہ قید مذکورنہیں ہے،فی زماننا حالات پر مدِنظر رکھتے ہوئے مسجدِ کبیر میں بلاقید نماز درست ہوجانی چاہئے ، کیونکہ حرمین کی مساجد،مسجدِحرام اورمسجدِ نبوی کافی وسیع ہیں،اورعام دنوں میں صفوف میں اتصال نہیں ہوتا،توہزاروں آدمیوں کی نمازخراب ہوجائیگی ، پھرعلامہ طحطاویؒ نے اس کی اچھی توجیہ فرمائی ہے کہ جب امام کی حالت مقتدیوں پرواضح ہوتواتحادِمکان کی وجہ سے اقتداءصحیح ہے، ملاحظہ ہوفتاوی شامی میں ہے:

**والمسجد وإن کبر لایمنع الفاصل إلا فی الجامع القدیم بخوارزم فإن ربعه کان علی أربعة آلاف أسطوانة ، وجامع القدس الشریف أعني مایشتمل علی المساجد الثلاثة الأقصی والصخرة والبیضاء.** (فتاوی الشامی:۱/٥٨٥،سعید).

فتاوی عالمگیری میں ہے:

**والمسجد وإن كبر لايمنع الفاصل فيه...ولو اقتدى بالإمام في أقصى المسجد والإمام في المحراب فإنه يجوز.** (الفتاوى الهندية:١/٨٨،الباب الخامس في الامامة).

امدادالفتاح میں ہے:

**والمسجد وإن كبر لايمنع الفاصل ...** (امدادالفتاح:ص٣٣٥).

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

**والفضاء الواسع في المسجدلايمنع وإن وسع صفوفاً لأن له حكم بقعة واحدة كذا في الأشباه من الفن الثاني، فلواقتدى بالإمام في أقصى المسجد، والإمام في المحراب جاز كما في الهندية، قال البزازي: المسجد وإن كبر لايمنع الفاصل فيه إلا في الجامع القديم بخوارزم فإن ربعه كان على أربعة آلاف أسطوانة، وجامع القدس الشريف أعني ما يشتمل على المساجد الثلاثة، الأقصى والصخراء، والبيضاء كما في الحلبي والشرح، والظاهر أن ذلك لاشتباه حال الإمام على المأموم لا لاختلاف المكان.** (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح:٢٩٣).

وللاستزادة انظر: (الدرعلى الغرر:١/٩٢-وشرح منية المصلى:ص٥٢٤-والفتاوى البزازية:٤/٥٥).

واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد سے کسی کا جوتا اٹھانے کا حکم:

**سوال:** مساجد یا حرمین میں کسی کا جوتا بدل گیا، دوسرا شخص اس کا جوتا لے گیا اور اس کا جوتا رہ گیا، اب اس دوسرے شخص کا جوتا استعمال کرنا کیسا ہے؟

**الجواب:** اگر اس شخص کے دل میں یہ بات آتی ہے کہ صاحبِ پاپوش کی طرف سے بظاہر استعمال کی اجازت ہوگی تو اس کا استعمال کرنا جائز اور درست ہے ورنہ اجتناب کرنا چاہئے۔

ملاحظہ ہو سراجیہ میں ہے:

**قوم أصابوا مذبوحاً في طريق البادية وقد وقع في قلبه أن صاحبه قد فعل إباحة للناس لابأس بأكله.** (الفتاوى السراجية:۳۰۷) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## ایک مسجد کے امام کا مسئلہ:

**سوال:** ایک صاحب ایک مسجد میں امامت کراتے تھے، اس واقعہ کو کافی مدت گزر چکی ہے، ایک دو مرتبہ ایسا ہوا کہ نماز کے درمیان پیشاب کا قطرہ گرنے کا احتمال ہوا، یا غالب گمان ہوا، ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ رمضان کی پہلی رات چاند کا اعلان اب تک نہیں ہوا تھا اور امام نے اپنی وتر پڑھ لی پھر چاند کے اعلان کے بعد اس نے تراویح کے بعد دوبارہ لوگوں کو وتر پڑھادی، جب کہ تراویح کسی اور صاحب نے پڑھائی تھی، اس وقت پیشاب کے قطرہ کی وجہ سے جو مشکوک یا مظنون تھا، امام نے نماز کے اعادہ کا اعلان نہیں کیا، اب اس مقام کے ساتھ امام کا کوئی رابطہ نہیں ہے، اور اس وقت کے اکثر مصلی یا وفات پا چکے ہوں گے یا کسی اور جگہ منتقل ہو چکے ہیں، یہ واقعہ ۳۰ سال پہلے کا ہے، اب اطلاع کا کوئی فائدہ بھی نہیں ہے، اب امام کی گلوخلاصی کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب امام کے وضو کا ٹوٹنا قطرہ کی وجہ سے مشکوک یا مظنون تھا، تو امام کو اس وقت اعلان کرنا چاہئے تھا، تاکہ نماز کا اعادہ ہو جاتا، احناف کا اصل مذہب تو یہ ہے کہ امام کی نماز مقتدی کی نماز کو متضمن ہے، اس کی تشریح دوسری جلد ص ۲۳۴، پر گزر چکی ہے، لیکن مذکورہ صورت حال میں مشکلات کے پیش نظر فقہاء کے ہاں ایک جزئیہ ملتا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ اعلان ضروری نہیں ہے۔

ملا فرمائیں تحفۃ الملوک میں ہے:

**ولو ظهر حدث الإمام أعاد المأموم لقوله صلى الله عليه وسلم: أيما رجل صلى بقوم ثم تذكر جنابةً أعاد، وأعادوا.** (فصل في الجماعة:۸٤٦/۱)

اس کی شرح میں محمد بن عبداللطیف بن عبدالعزیز بن ملک لکھتے ہیں: **هذا إذا علم المأموم حدث إمامه وإن لم يعلموا لايجب عليهم الإعادة ولا على الإمام الإعلام بأنه صلى على غير طهارة**

**ولا یأثم بترکه الإعلام** . (شرح تحفة الملوك: ١/٨٤٧۔ بتعليق عبد المجيد الدرويش).

درمختار اور شامی نے بھی عدم اخبار کا قول بعض فقہاء سے نقل کیا ہے۔

**وصحح في مجمع الفتاوى عدمه أي الإخبار مطلقاً لكونه عن خطأ معفو عنه لأنه لم يتعمد ذلك** .(ص:١/٥٩١).

متن میں جس حدیث کا حوالہ دیا گیا" **أيما رجل صلى بقوم ثم تذكر جنابةً أعاد، وأعادوا** "۔اس کے متعلق صاحب تعلیق الدکتور عبدالمجید الدرویش نے نصب الرایہ سے نقل کیا کہ یہ روایت غریب ہے اور ابن حجر نے لم اجدہ مرفوعاً فرمایا۔

ہاں سعید بن میتب سے مرسلاً مروی ہے:

" **أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى بالناس وهو جنب وأعاد وأعادوا** " یہ روایت مرسل ہے اور اس کی سند میں ابوجابر البیاض متروک ہے، یحی بن معین نے ان کو کذاب کہا، اس کے بالمقابل دارقطنی میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

**قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيما إمام سها فصلى بالقوم وهو جنب فقد مضت صلاتهم ثم ليغتسل هو ثم ليعد صلاته الخ۔**

مگر یہ روایت بھی ضعیف ہے اس میں جویبر متروک ہے۔(تعليق عبدالمجيدالدرويش على شرح تحفة الملوك:١/٨٤٦).

شرح تحفۃ الملوک کے مصنف محمد بن عبداللطیف المتوفی ۸۵۴، جو ابن ملک کے نام سے معروف ہیں، سائد بکداش مدظلہ العالی منیۃ الصیادین کے مقدمہ میں ان کے حالات لکھتے ہوئے فرماتے ہیں:

" **هو الإمام المحدث الفقيه الحنفي المعتبر محمد بن عز الدين عبد اللطيف بن عبد العزيز بن أمين الدين بن فرشته الرومي** ".

جو صاحبِ تصانیف عالم تھے، جن کی چند تصانیف یہ ہیں: **(١) شرح مصابيح السنة للبغوي، (٢) شرح الوقاية،(٣) شرح تحفة الملوك للرازي،(٤)منية الصيادين في تعلم الاصطياد**

**وأحکامه،(۵) روضة المتقین في مصنوعات رب العلمین فی المواعظ والعبادات.**

ان کے حالات کا حوالہ منیۃ الصیادین کی تعلیقات میں درج ذیل کتابوں سے دیا ہے۔(۱) **کتاب اعلام الاخیار من فقهاء مذهب النعمان المختار للکفویؒ،(۲)الشقائق النعمانیة فی علماء الدولة العثمانیة،(۳)کشف الظنون لحاجی خلیفة،(۴) الفوائدالبهیة فی تراجم الحنفیة لعبدالحي اللکنویؒ،السعایة ،وعمدة الرعایة،(۵) هدیة العارفین لاسماعیل باشا البغدادی،(۶) الاعلام للزرکلی، (۷) معجم المؤلفین لعمررضاکحالة وغیره.** (مقدمة منیة الصیادین لسائد بکداش، ص ۱۱).

ان کے والدعزالدین عبداللطیف بھی صاحب تصانیف محقق عالم گزرے ہیں شرح تحفۃ الملوک کے مقدمہ میں بھی محقق نے ان کے حالات قلمبند کئے ہیں۔

یہ تعارف اس لیے لکھا گیا کہ ایک دفعہ ایک فتویٰ میں بندہ نے شرح تحفۃ الملوک کا حوالہ دیا تو بعض مفتیوں نے اشکال کیا کہ یہ غیرمعروف کتاب حوالہ کے لیے کہاں سے آگئی، مصنفؒ کی بعض تصانیف جیسے منیۃ الصیادین تو شاہکار تصنیف سمجھی جاتی ہے، یادرہے کہ متن تحفۃ الملوک محمد بن ابی بکر الرازی المتوفی ٦٦٦، کی کتاب ہے۔

حاصل یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو مصلیوں کو خبر دیدے اگر بالکل مشکل ہو تو اس قول پر عمل ہوسکتا ہے۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## امام کا مصلیوں کی طرف پھرنے کا حکم:

**سوال:** فتاویٰ دارالعلوم زکریا (۱۷۰/۲) میں یہ مسئلہ تحریر شدہ ہے کہ بہتر یہ ہے کہ امام بجانبِ راست مقتدیوں کی طرف پھر جائے، کیا راست سے مصلیوں کی جانبِ راست مراد ہے یا قبلہ کی جانبِ راست مراد ہے جو فقہاء کے نزدیک مصلیوں کی جانبِ چپ ہے؟

**الجواب:** یادرہے کہ کسی جانب کو اپنے اوپر لازم کرنا درست نہیں، بلکہ دونوں جانب پھرنے کو درست

سمجھنا چاہئے، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں مذکور ہے کہ جس نے ایک جانب کو لازم کردیا یعنی جانبِ راست اس نے اپنی نماز میں شیطان کا حصہ رکھا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم چپ وراست دونوں جانب سے مڑتے اور تشریف لے جاتے تھے، (مسلم شریف :۱/ ۲۴۷، شرح مسلم :۱/ ۲۴۷) بیہقی کی سنن کبریٰ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر جوتے اور جوتوں سمیت اور کھڑے ہوکر اور بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے، اور دائیں اور بائیں جانب سے تشریف لے جاتے تھے، (سنن کبریٰ۔۲/ ۲۹۵) ابن ماجہ شریف (ص ٦٦) میں بھی یہی مضمون ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہی عمل تھا اور جو جانبِ یمین کو بہت زیادہ اہمیت دیتے تھے ان پر اعتراض کرتے تھے۔ (بخاری شریف :۱/ ۱۱۸)، واسع بن حبان کہتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ دیوار سے تکیہ لگائے بیٹھے تھے میں نماز سے فارغ ہوکر بائیں جانب سے مڑ کر ان کے پاس آیا انہوں نے سبب پاچھا کیوں یمین سے نہیں آئے میں نے کہا آپ کی طرف مڑنے کا ارادہ تھا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ٹھیک کیا بعض لوگ دائیں جانب کو لازم سمجھتے ہیں، یہ تو آپ کی مرضی ہے دائیں جانب سے مڑے یا بائیں جانب سے۔ (موطا مالک ۱۵۵) ترمذی میں بھی یہی مذکور ہے۔ (۱/ ٦٦)، لیکن بایں ہمہ بہتر یہ ہے کہ یمین کو ترجیح دے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر جانبِ یمین سے مڑتے تھے، (مسلم ۱/ ۲۴۷) امام نووی رحمہ اللہ نے اس کی شرح میں لکھا ہے کہ یمین بہتر ہے کیونکہ عام احادیث کا یہی مدلول ہے، (شرح مسلم :۱/ ۲۴۷) اوجز میں ہے کہ حسن نماز سے بجانب یمین مڑنے کو پسند کرتے تھے، (اوجز :۳/ ۴۹۷) اب یمین سے کونسی جانب مراد ہے تو شامی کی عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ شرح منیہ میں ہے کہ مصلی کے یمین کا اعتبار ہے:

**في شرح المنية: أن انحرافه عن يمينه أولىٰ وأيده بحديث في صحيح مسلم.** (شامی: ۱/ ۵۳۱).

مسلم میں ہے: **عن البراء رضي الله عنه قال: كنا إذا صلينا خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم أحببنا أن نكون عن يمينه يقبل علينا بوجهه.** (مسلم ۱/ ۲٤۷).

مراقی الفلاح میں ہے:

**وإن شاء انحرف عن يمينه وجعل القبلة عن يساره، وهذا أولىٰ.** (مراقی الفلاح: ص ۱۱۷).

اس کے بعد اگر گھر جانا چاہتا ہے تو کس طرف سے جانا چاہئے تو امام نوویؒ نے لکھا ہے کہ اگر دونوں جانب اس کے لیے برابر ہوں کسی ایک جانب حاجت نہیں تو یمین بہتر ہے اور شامی نے اس کو نقل کر کے تسلیم کیا ہے۔ (۵۳۱/۱)، احسن الفتاوی میں بھی لکھا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جانے میں اور مقتدیوں کی طرف انصراف میں تیامن پسند فرماتے تھے۔ (احسن الفتاوی:۳/ ۳۶۸)۔

مولانا ظفر احمد عثمانیؒ نے یہ فرمایا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم مقتدیوں کی طرف رخ فرماتے وقت جانبِ یمین سے مڑتے تھے، اور گھر تشریف لے جاتے وقت جانبِ یسار یعنی مصلیوں کے یسار کو اختیار فرماتے۔ ''چونکہ مکانات اس طرف تھے''اور یہی یمین قبلہ اور یسارِ مصلی ہے تو حضرت کی رائے یہ ہے کہ اگر کوئی گھر میں سنت پڑھنا چاہتا ہو تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہت اختیار کر کے قبلہ کے یمین جو مصلیوں کا یسار ہے اس کو اختیار کرنا بہتر ہے۔ (اعلاء السنن:۳/ ۱۸۶۔۱۹۱۳) . واللہ ﷻ اعلم۔

## مساجد میں جہری دعا کا حکم:

**سوال:** مساجد میں بعض دفعہ کوئی مقرر یا امام جہر کے ساتھ دعا کرتا ہے دعا میں بہتر کیا ہے اور کبھی کبھی جہری دعا کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** دعا میں اصلاً سر ہی افضل اور بہتر ہے، ہاں گاہے گاہے جہری دعا کرنا بھی جائز اور درست ہے۔ خصوصاً عوام کی مساجد میں جہری دعا کرنا زیادہ مناسب اور موزوں معلوم ہوتا ہے، تاکہ عوام اپنے ائمہ سے دعا کا طریقہ سیکھیں اور قرآن واحادیث کی ادعیہ پر آمین کہنے کی سعادت حاصل کریں۔ لیکن احیاناً سری دعا کرے تاکہ لوگ جہری دعا کو ضروری نہ سمجھیں۔

**قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿ادعو ربکم تضرعاً وخفیة﴾...قال العلامة الآلوسی البغدادی الحنفیؒ: الإخفاء أفضل عند خوف الریا والإظهار أفضل عند عدم خوفه وأولیٰ منه القول بتقدیم الإخفاء علی الجهر فیما إذا خیف الریاء أو کان فی الجهر تشویش علی نحو مصل أو نائم أوقارئ أو مشتغل بعلم شرعي وبتقدیم الجهر علی الإخفاء فیما اذا خلا عن ذلک**

وكان فيه قصد تعليم جاهل أونحو إزالة وحشة عن مستوحش أوطرد نحو نعاس أوكسل عن الداعي نفسه أو إدخال سرور على قلب مؤمن أوتنفير مبتدع عن بدعة أونحو ذلك ومنه الجهر بالترضي عن الصحابة ﷺ والدعاء لإمام المسلمين فى الخطبة. (تفسيرروح المعانی:۸/۱٤۰).

اعلاء السنن میں ہے:

عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم أنه قال: خير الدعاء الخفي. رواه ابن حبان في صحيحه. وعن أنس ﷺ مرفوعاً دعوة فى السر تعدل سبعين دعوة فى العلانية...(اعلاء السنن:٦/١١١).

عمل الیوم واللیلہ میں ہے:

عن صهيب ﷺ أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم كان يحرك شفتيه بعد صلاة الفجر بشيء، فقلت: يارسول اللّٰه إنك تحرك شفتيه بشيء ماكنت تفعل ماهذا الذي تقول: قال: أقول: اللّٰهم بك أحاول وبك أصاول وبك أقاتل. (عمل اليوم والليلة :١/٣٢).

أخرج ابن المبارك ...عن الحسن قال: لقدكان المسلمون يجتهدون فى الدعاء وما يسمع لهم صوت ان كان إلا همساً بينهم وبين ربهم وذلك أنه تعالىٰ يقول: ﴿ادعو ربكم تضرعاً وخفية﴾ وأنه سبحانه ذكرعبداً صالحاً فرضي له فعله فقال تعالىٰ: ﴿إذ نادى ربه نداء خفياً ﴾ وفي رواية عنه أنه قال : بين دعوة السر وبين دعوة العلانية سبعون ضعفاً وجاء من حديث أبي موسىٰ الأشعرى ﷺ أنه صلى اللّٰه عليه وسلم قال لقوم يجهرون: أيها الناس اربعوا على أنفسكيم إنكم لاتدعون أصم ولاغائباً إنكم تدعون سميعاً بصيراً وهو معكم وهو أقرب إلى أحدكم من عنق راحلته والمعنى ارفقوا بأنفسكمْ واقصروا من الصياح فى الدعاء... (روح المعانی:٨/١٣٩).

مولانا ادریس صاحب لکھتے ہیں:

اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو عاجزی سے اور چپکے چپکے یعنی دعا کا ادب یہ ہے کہ عاجزی اور فرتنی کے ساتھ ہو اور آہستہ آہستہ ہو معلوم ہوا کہ دعا میں اخفاء بہ نسبت جہر کے اولیٰ ہے۔ (معارف القرآن: ۳/۱۳۷).

لیکن کبھی مصلحت کی وجہ سے جہر کرنا درست ہے۔

مطلق دعا بالجہر کی احادیث ملاحظہ فرمائیں:

**عن ابن عباس رضي الله عنه قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم وهو في قبة يوم بدر: اللّٰهم إني أنشدک عهدک ووعدک اللّٰهم إن شئت لم تعبد بعد اليوم فأخذ أبوبكر رضي الله عنه بيده، فقال: حسبک يارسول الله، فقد ألححت على ربک وهو فى الدرع فخرج وهو يقول: سيهزم الجمع ويولون الدبر بل الساعة موعدهم والساعة أدهى وأمرّ.** (رواه البخاري: ۱/٤٠٩).

**عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم يدعو فى القنوت اللّٰهم أنج سلمة بن هشام اللّٰهم أنج الوليد بن الوليد اللّٰهم أنج عياش بن أبي ربيعة اللّٰهم أنج المستضعفين من المؤمنين ...الخ.** (رواه البخاري: ۱/٤١١، باب الدعاء على المشركين).

یہ دعا جہراً تھی صحابہ کرام نے سنی۔

**عن حبيب بن مسلمة الفهري وكان مجاب الدعوة أنه أمر على جيش فدرب الدروب فلما أتى العدو قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: لايجتمع ملأ فيدعو بعضهم ويؤمن البعض إلا أجابهم الله ثم أنه حمد الله وأثنى عليه ثم قال: اللّٰهم احقن دماء نا واجعل أجورنا أجور الشهداء ....** (المستدرك على الصحيحين: ٣/٤٢٨/٥٤٧٨).

قال الهيثمي: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح غيرابن لهيعة وهو حسن الحديث. (مجمع الزوائد: ١٠/١٧٠، باب التأمين على الدعاء، دارالفكر).

حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ عنہ مستجاب الدعوات صحابی تھے انہیں ایک لشکر کا امیر بنایا گیا انہوں نے ملک روم جانے کے راستے تیار کرائے، جب دشمن کا سامنا ہوا تو انہوں نے لوگوں سے کہا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو جماعت ایک جگہ جمع ہو اور ان میں سے ایک دعا کرائے اور باقی سب آمین

کہیں، تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا ضرور قبول فرمائیں گے پھر حضرت حبیب ﷺ نے اللہ کی حمد و ثنا بیان کی اور یہ دعا مانگی اے اللہ! ہمارے خون کی حفاظت فرما اور شہداء والا اجر ہمیں عطا فرما...۔ (حیاۃ الصحابہ، مترجم ۳/۳۵۳)۔

حضرت مفتی محمود حسن صاحبؒ نے ارشاد فرمایا...اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اجتماعی دعا مشروع ہی نہیں بلکہ اقرب الی الاجابہ ہے۔ (ملفوظات: ص ۱۷)۔

قوله تعالىٰ: ﴿قد أجيبت دعوتكما﴾ قال أبو العالية وأبو صالح وعكرمة ومحمدبن كعب القرظي والربيع بن أنس: دعا موسىٰ عليه السلام وأمن هارون عليه السلام أى قد أجبنا كما فيما سألتما من تدمير آل فرعون، وقد يحتج بهذه الآية من يقول إن تأمين المأموم على قراء ة الفاتحة ينزل منزلة قراء تها لأن موسىٰ عليه السلام دعا وهارون عليه السلام أمن. (تفسير القرآن العظيم: ٢/ ٤٧٠).

عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم رفع رأسه بعد ما سلم وهو مستقبل القبلة، فقال: اللّٰهم خلص سلمة بن هشام وعياش بن أبي ربيعة والوليد بن الوليد وضعفة المسلمين الذين لايستطيعون حيلة ولايهتدون سبيلاً، قلت: فى الصحيح أنه قنت به رواه البزار وفيه على بن زيد وفيه خلاف وبقية رجاله ثقات. (مجمع الزوائد: ١٠/ ١٥٢).

حیاۃ الصحابہ میں مطلق جہری دعا کی چند احادیث مذکور ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں:

(١) أخرج الطبراني فى الأوسط عن قيس المدني أن رجلاً جاء زيد بن ثابت رضي الله عنه فسأل عن شيء فقال له زيد: عليك بأبي هريرة رضي الله عنه فبينا أناْ وأبوهريرة رضي الله عنه وفلان فى المسجد ندعو ونذكر ربنا عز وجل إذ خرج إلينا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم حتى جلس إلينا فسكتنا فقال: "عودوا للذي كنتم فيه". فقال زيد: فدعوت أناْ وصاحبي قبل أبي هريرة رضي الله عنه وجعل النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يؤمن على دعائنا، ثم دعا أبوهريرة رضي الله عنه فقال: اللّٰهم! إني سائلك بمثل ما سالك صاحباى وأسألك علماً لاينسى، فقال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: "سبقكما بها الغلام الدوسي". قال الهيثمي (٩/ ٣٦١): وقيس هذا كان قاص عمربن عبد العزيز لم يروعنه غيرابنه محمد، ويقية رجاله ثقات. انتهىٰ.

ترجمہ: حضرت قیس مدنیؒ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوکر کسی چیز کے بارے میں پوچھا انہوں نے فرمایا تم جاکر یہ بات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھو کیونکہ ایک مرتبہ میں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور فلاں آدمی ہم تینوں مسجد میں دعا کر رہے تھے اور اپنے رب کا ذکر کر رہے تھے کہ اتنے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمارے پاس بیٹھ گئے تو ہم خاموش ہوگئے پھر فرمایا تم جو کر رہے تھے اسے کرتے رہو، چنانچہ میں نے اور میرے ساتھی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پہلے دعا کی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہماری دعا پر آمین کہتے رہے پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ دعا کی اے اللہ! میرے ان دو ساتھیوں نے جو کچھ تجھ سے مانگا ہے میں وہ بھی تجھ سے مانگتا ہوں اور ایسا علم بھی مانگتا ہوں جو کبھی نہ بھولے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آمین، ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم بھی اللہ سے وہ علم مانگتے ہیں جو کبھی نہ بھولے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دوسی نوجوان (یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) تم دونوں سے آگے نکل گئے۔

**وأخرج ابن سعد (۳/۲۷۵) عن جامع بن شداد عن ذی قرابة له قال: سمعت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ یقول: ثلاث كلمات إذا قلتها فهيمنوا عليها! اللّٰهم إني ضعيف فقوني! اللّٰهم انی غليظ فليني! اللّٰهم إني بخيل فسخني.** (اس میں ذی قرابت معلوم نہیں، لیکن روایت صرف تائید کے لیے پیش کی گئی ہے)۔

جامع بن شدادؒ کے ایک رشتہ دار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ تین دعائیں ایسی ہیں کہ جب میں وہ مانگتا ہوں تو تم ان پر آمین کہنا، اے اللہ! میں کمزور ہوں مجھے قوت عطا فرما، اے اللہ! میں سخت دل ہوں مجھے نرم کردے، اے اللہ! میں کنجوس ہوں مجھے سخی بنادے۔

**وأخرج أيضاً (۳/۳۲۱) عن السائب بن يزيد قال: نظرت إلى عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ يوماً في الرمادة غدا متبذلاً متضرعاً عليه برد لايبلغ ركبتيه يرفع صوته بالاستغفار وعيناه تهرقان على خديه، وعن يمينه العباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فدعا يومئذ وهو مستقبل القبلة رافعاً يديه إلى السماء وعج إلى ربه فدعا ودعا الناس معه ثم أخذ بيد العباس رضی اللہ عنہ فقال: اللّٰهم إنا نستشفع بعم رسولك إليك، فما زال العباس رضی اللہ عنہ قائماً إلى جنبه ملياً والعباس رضی اللہ عنہ يدعو**

**وعيناه تهملان .**

حضرت سائب بن یزیدؒ کہتے ہیں کہ میں نے رمادہ قحط سالی کے زمانے میں حضرت عمر بن خطاب ﷺ کو دیکھا کہ وہ صبح کے وقت عام سادہ سے کپڑے پہنے ہوئے عاجز اور مسکین بن کر جارہے ہیں اور ان کے جسم پر ایک چھوٹی سی چادر پڑی ہوئی ہے جو گھٹنوں تک مشکل سے پہنچ رہی ہے، اونچی آواز سے اللہ سے معافی مانگ رہے ہیں اور ان کی آنکھوں سے رخسار پر آنسو بہہ رہے ہیں اور ان کے دائیں طرف حضرت عباس بن عبدالمطلب ﷺ ہیں، اس دن انہوں نے قبلہ کی طرف منہ کرکے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر بہت گڑگڑا کر دعا مانگی لوگ بھی ان کے ساتھ دعا مانگ رہے تھے پھر حضرت عباس ﷺ کے ہاتھ کو پکڑ کر کہا اے اللہ! ہم تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کو تیرے سامنے سفارشی بناتے ہیں پھر حضرت عباس ﷺ بہت دیر تک حضرت عمر ﷺ کے پہلو میں کھڑے ہوکر دعا مانگتے رہے، ان کی آنکھوں سے بھی آنسو بہہ رہے تھے۔

**و أخرج ابن سعد (۲۹۴/۳) عن أبي سعيد مولى أبي أسيد قال: كان عمر بن الخطاب ﷺ يعس المسجد بعد العشاء فلايرى فيه أحداً إلا أخرجه إلا رجلاً قائماً يصلي، فمر بنفر من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فيهم أبي بن كعب ﷺ فقال: من هؤلاء؟ قال أبي: نفر من أهلك يا أمير المؤمنين! قال: ماخلفكم بعد الصلاة ؟ قال: جلسنا نذكر الله، قال: فجلس معهم ثم قال لأدناهم إليه خذ ! قال فدعا فاستقرأهم رجلاً رجلاً يدعون حتى انتهى إليّ وأنا إلى جنبه فقال: هات! فحضرت وأخذني من الدعاء إفكل حتى جعل يجد مس ذلك مني فقال: ولو أن تقول: اللّهم اغفرلنا! اللّهم ارحمنا! قال: ثم أخذ عمر ﷺ فما كان في القوم أكثر دمعة ولا أشد بكاء منه ثم قال: أيها الناس الآن ! فتفرقوا.**

حضرت ابواسیدؓ کے آزاد کردہ غلام حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں حضرت عمر بن خطاب ﷺ عشاء کے بعد مسجد کا چکر لگاتے ہوئے پہرہ دیتے تھے اور جو آدمی بھی نظر آتا اسے مسجد سے نکال دیتے جسے کھڑا ہوا نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے اسے رہنے دیتے، ایک رات ان کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ ﷺ پر گزر ہوا جن میں حضرت ابی بن کعب ﷺ بھی تھے، حضرت عمر ﷺ نے پوچھا یہ لوگ کون ہیں؟ حضرت ابی نے کہا اے امیر المؤمنین! آپ کے

گھر کے چند آدمی ہیں، فرمایا نماز کے بعد تم لوگ اب تک یہاں کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ حضرت ابی نے فرمایا ہم بیٹھ کر اللہ کا ذکر کر رہے ہیں، اس پر حضرت عمر ﷺ بھی ان کے پاس بیٹھ گئے اور ان میں سے جو ان کے قریب تھا اس سے فرمایا تم دعا کراؤ، اس نے دعا کرائی یہاں تک کہ میری باری آ گئی، میں آپ ﷺ کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا فرمایا اب تم دعا کراؤ تو میری زبان بند ہوگئی اور مجھ پر کپکپی طاری ہوگئی جس کا انہیں بھی اندازہ ہوگیا تو فرمایا اور کچھ نہیں تو اتنی ہی دعا کرادو" اللّٰهم اغفر لنا ، اللّٰهم ارحمنا " اے اللہ! ہماری مغفرت فرما، اے اللہ! ہم پر رحم فرما" پھر حضرت عمر ﷺ نے دعا شروع کی تو ان لوگوں میں سب سے زیادہ آنسوؤں والا اور سب سے زیادہ رونے والا ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا پھر حضرت عمر ﷺ نے فرمایا اب آپ سب لوگ بھی خاموش ہو جائیں اور بکھر جائیں۔

**وأخرج أحمد والطبراني عن عقبة بن عامر ﷺ أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لرجل يقال له ذو البجادين: إنه أواه ، وذلك أنه كثير الذكر لله عزوجل في القرآن، وكان يرفع صوته في الدعاء . قال الهيثمي (٩/ ٣٦٩). وإسنادهما حسن.** (حياة الصحابة: ٤/ ١٣٠، الدعاء في الجماعة ورفع الصوت والتامين، المكتبة التجارية).

حضرت عقبہ بن عامر ﷺ فرماتے ہیں ایک صحابی کو ذوالبجادین کہا جاتا تھا ان کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ آہیں بھر کر رونے والا ہے اور یہ اس وجہ سے فرمایا کہ یہ صحابی بہت زیادہ تلاوت اور اللہ کا ذکر کرنے والے تھے اور اونچی آواز سے دعا کیا کرتے تھے۔ (حیاۃ الصحابہ مترجم: ۳/ ۳۵۲۔۳۵۴).

فقہی عبارات ملاحظہ فرمائیں:

فتاوی بزازیہ میں ہے:

**واعظ يدعو كل أسبوع بدعاء مسنون جهراً لتعليم القوم ويخافته القوم إذا تعلم القوم خافت هو أيضاً .** (الفتاوى البزازية على هامش الهندية: ٤/ ٤٢).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**والسنة أن يخفي صوته بالدعاء كذا في الجوهرة النيرة.** (الفتاوى الهندية: ١/ ٢٢٩۔ والجوهرة النيرة: ١/ ١٩٣۔ وردالمحتار: ٢/ ٥٧، سعيد).

امداد الفتاوی میں ہے:

**اعلم أنه لاخلاف بأن المذاهب الأربعة في ندب الدعاء سراً للإمام والفذ وأجاز المالكية والشافعية جهر الإمام به لتعليم المأمومين أو تأمينهم على دعائه.** (امداد الفتاوی: ١/٥٦٥).

فتاوی رشیدیہ میں ہے:

سوال: فرضوں کے بعد دعا جہر سے مانگنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: بعد فرض نماز کے دعا جہر سے کرنا جائز ہے اگر کوئی مانع عارض نہ ہو۔ (فتاوی رشیدیہ: ٦٠١)۔

فتاوی رحیمیہ میں ہے:

سری دعا افضل ہے، نمازیوں کا حرج نہ ہوتا ہو تو کبھی کبھی ذرا آواز سے دعا کر لے تو جائز ہے ہمیشہ جہری دعا کی عادت بنانا مکروہ ہے۔

دوسری جگہ مرقوم ہے:

آہستہ اور پست آواز سے دعا مانگنا افضل ہے دعا یاد کر لے یا دعائیہ جملہ ختم ہونے پر آمین کہہ سکے اس غرض سے ذرا آواز سے دعا مانگی جائے تو کوئی حرج نہیں وہ بھی اس شرط سے نمازیوں کا حرج نہ ہو...(فتاوی رحیمیہ: ٦/٥٥۔ وکذا فی فتاوی محمودیہ: ٥/٦٩٢)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## دعا میں ہاتھ اٹھانے کا طریقہ:

**سوال:** بعض ائمہ مساجد دعا کرتے وقت دونوں ہاتھوں کو ملاتے ہیں یہ بتلایئے کہ دعا میں ہاتھ اٹھاتے وقت دونوں ہاتھوں کو ملانا چاہئے یا دونوں کے درمیان کچھ فاصلہ رکھنا چاہئے؟

**الجواب:** دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے وقت دونوں ہاتھوں کے درمیان کچھ فاصلہ رکھنا افضل اور بہتر ہے۔

ملاحظہ ہو حدیث شریف میں ہے:

**قال: وسئل أنس ﷺ: هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه فى الدعاء؟**

**قال: نعم، بينا هو ذات يوم جمعة يخطب الناس، فقيل يارسول اللّٰه! قحط المطر، وأجدبت الأرض، وهلك المال، فادع الله، قال: فرفع يديه حتى رأيت بياض إبطيه، فاستسقىٰ وما أرى في السماء سحابة، فما قضينا الصلاة حتى إن الشاب القريب الدار يهمه الرجوع إلى أهله، فدامت جمعة، فلما كانت الجمعة الثانية، قالوا: يارسول اللّٰه! تهدمت البيوت، واحتبس الركبان، وهلك المال، قال: فتبسم رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، ثم قال بيديه ففرج بينهما، ثم قال: اللّٰهم حوالينا ولا علينا، وفرق بين يديه، قال: فكشف عن المدينة.** (مسندابی یعلی: ٣٨٥١/٧١/٤).

درمختار میں ہے:

**فيبسط يديه حذاء صدره نحو السماء لأنها قبلة الدعاء ويكون بينهما فرجة. وفي الشامية: قوله ويكون بينهما فرجة أي وإن قلت، قنية.** (الدرالمختارمع ردالمحتار: ٥٠٧/١،سعید).

عالمگیری میں ہے:

**والأفضل في الدعاء أن يبسط كفيه ويكون بينهما فرجة، وإن قلت.** (الفتاوی الهندية: ٣١٨/٥).

**وللاستزادة انظر:** (نفع المفتي والسائل،ص٤٩٣، بیروت۔وحاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح :ص٣١٧۔وفتاوی محمودیه: ٧١٠/٥، فاروقیه).

لیکن اس پر ایک اشکال وارد ہوتا ہے کہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بوقتِ دعا دونوں ہاتھوں کو ملانا چاہئے۔ ملاحظہ ہو احیاء علوم الدین میں ہے:

**وقال ابن عباس رضي الله عنه: كان صلى اللّٰه عليه وسلم إذا دعا ضم كفيه وجعل بطونهما مما يلي وجهه. وقال العراقي: إسناده ضعيف.** (احیاء علوم الدین مع تخریج العراقی: ٣١٣/١).

مرعات شرح مشکاۃ میں ہے:

**وفي الحديث دلالة على استحباب رفع اليدين في الدعاء ويكونان مضمومتين، لما**

روى الطبراني في الكبير عن ابن عباس رضي الله عنه كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دعا ضم كفيه وجعل بطونهما مما يلي وجهه ذكره ابن رسلان كذا في السراج المنير، وقال في هامش تحفة الذاكرين نقلاً عن عدة الحصن الحصين بعد ذكر حديث ابن عباس رضي الله عنه هذا سنده ضعيف، انتهى. (مرعاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح للمبالكفوري:٧/٣٦٣).

اگرچہ مذکورہ بالا روایت ضعیف ہے، لیکن قوی روایت بھی موجود ہے۔ ملاحظہ ہو عبداللہ بن مبارک کی کتاب الزہد والرقائق میں ہے:

أخبرنا عبد العزيز بن أبي رواد قال: حدثني علقمة بن مرثد وإسماعيل بن أمية أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان إذا فرغ من صلاته رفع يديه وضمهما وقال: رب اغفر لي ما قدمت وما أخرت وما أسررت وما أعلنت وما أسرفت وما أنت اعلم به مني أنت المقدم وأنت المؤخر لا إله إلا أنت لك الملك ولك الحمد. (الزهد والرقائق لابن المبارك :٣/١٨٩/١١٤١، باب فضل ذكر الله عز وجل).

قال محققه أحمد فريد: مرسل وإسناده حسن وورد مرفوعاً عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه. (استحباب الدعاء بعد الفرائض لمولانا عبد الحفيظ المكي، ص١٠٦).

اس کا جواب یہ ہے کہ "ضم" یعنی ملانے کا مطلب فقہاء نے محاذات بیان فرمایا ہے، جیسا کہ ضم العقبین کی روایت کی شرح بھی محاذات ہی سے کرتے ہیں۔

ملاحظہ ہو سعایہ میں ہے:

قلت: لعله أراد من الإلصاق المحاذات وذلك بأن يحاذي كل من كعبيه لآخر فلايتقدم أحدهما على الآخر. (السعاية: ٢/١٨٠).

تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: (فتاوی دار العلوم زکریا، جلد دوم، ص۱۳۴).

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے:

وان أريد بالضم في كلام القرب التام لاينافي وجود الفرجة القليلة وأما قوله جمع

**بین کفیه لاینافیه أیضاً لأن المعنی جمع بینهما فی الرفع ولم یفرد أحدهما به.** (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح: ۳۱۷) . **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مسجد میں ذکر یا تلاوت کے وقت جھومنے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں ذکر یا تلاوت کرتے وقت بعض لوگ جھومتے ہیں، کیا اس طرح جھومنا اور حرکت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر کوئی شخص کسی مصلحت (مثلاً دل کو حاضر رکھنا، شوق وذوق پیدا کرنا، حفظ میں سہولت پیدا کرنا، وغیرہ) کے پیش نظر ذکر یا تلاوت کے وقت جھومتا ہے تو یہ مباح اور جائز ہے، لیکن اگر جھومے بغیر کام چل سکتا ہو تو نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ عبادت سکون ووقار کی خواست گار ہے، اور حرکت سکون وقار کے منافی ہے، البتہ رقص کی شکل بن جائے یا عبادت سمجھ کر کیا جائے تو یہ ناجائز ہے۔

ملاحظہ فرمائیں فتاوی واحدی میں ہے:

سوال: جنبیدن کتابیاں دروقتِ خواندنِ قرآن چنانچہ درمدرسہای متعارف است کہ بدونِ آں تفرح وتشوقِ ایشاں نمی شود جائزاست یاممنوع واصلے دارد یانہ وآنچہ می گویند کہ جنبیدن دروقتِ تلاوت عادت یہودیاں است معتبراست یانہ؟

**جواب: الظاهر أن قراءة القرآن بالسكون والوقار أفضل لأنه أدل على التعظيم والتحرك ينافيه ثم المنع عن التحرك لم يتعرض له فی الكتب المعتبرة المتداولة كالبحر والدر وغيرهما نعم ذكر فی الدر المختار فی الصلاة علی النبي صلی اللہ علیه وسلم وإزعاج الإعضاء برفع الصوت جهل وإنما هي دعاء والدعاء يكون بين الجهر والمخافتة ، انتهیٰ، فقراءة القرآن أولیٰ بأن لايتحقق فيها إزعاج الأعضاء لكن لوعدل عن هذه الأولوية لغرض صحيح كتفريح الخاطر وحصول النشاط فی القراءة الحاصل بالتحريك بالنسبة إلی البعض كالصبيان ونحوهم فالظاهر عدم الذم لأن المقصود الأصلی**

هو التعليم وضبط القرآن بالقراء ة فبأى طريق يحصل ينبغى السعي فيه كما لايخفى على المنصف ألا ترى أن المحدث ممنوع عن مس المصحف وجوزوا للصبي للضرورة وحصول الحفظ فى الصغر قال فى الدرالمختار: ولايكره مس صبي لمصحف ولوح، ولابأس بدفعه إليه وطلبه منه للضرورة إذ الحفظ فى الصغر كالنقش فى الحجر، ولايخفى أن التحرك من الصبي في حالة القراء ة للتعلم أدون من المس حالة الحدث، وأماالقول بتشبيه اليهود فلم يثبت بنقل صحيح ... (فتاوى واحدى:۷ ۱٤ ).

فیض القدیر میں ہے:

فائدة: سئل جدي شيخ الإسلام يحيى المناوی: هل الاهتزاز فى القرآن مكروه أو خلاف الأولى؟ فأجاب بأنه في غير الصلاة غيرمكروه ولكن خلاف الأولى، محله إذا لم يغلب الحال واحتاج إلى نحو النفي فى الذكر إلى جهة اليمين والإثبات إلى جهة القلب، وأما فى الصلاة فمكروه إذا قل من غير حاجة. (فيض القدير:۲/ ٦٢ ).

بریقہ محمودیہ میں ہے:

و أما تحريك الرأس فقط يمنة ويسرة تحقيقاً لمعنى النفي والإثبات في " لا إله إلا اللّٰه " فالظن الغالب جوازه بل استحبابه إذا كان مع النية الحاصلة الصالحة فيخرج عن حد العبث و اللعب، لأن العبث مالا فائدة فيه والتحقيق المذكور من أعظم فوائد. (بريقة محمودية فى شرح طريقة محمدية:٤/ ١٣٩).

بخاری شریف میں ہے:

عن البراء ﷺ قال: كان رجل يقرأ سورة الكهف وإلى جانبه حصان مربوط بشطنين، فتغشته سحابة فجعلت تدنو، وجعل فرسه ينفر، فلما أصبح أتى النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فذكر ذلك له، فقال: تلك السكينة تنزلت بالقرآن. (رواه البخاري: ۲/ ۷٤۹/ ۵۰۱۱).

مجالس ذکر میں ہے:

شاہ عبدالقادر رائے پوریؒ نے فرمایا: ذکر کی تاثیر بڑھانے کے لیے اور طبیعت میں رقت ویکسوئی پیدا کرنے کے لیے ضرب کا طریقہ نکالا ہے تو ان میں سے کسی چیز کو بھی مقصود اور مامور بہ نہیں سمجھا جاتا بلکہ یہ سب کچھ علاج اور تدبیر کے طور پر کیا جاتا ہے اور اسی لیے مقصد حاصل ہو جانے کے بعد یہ سب چیزیں چھڑا دی جاتی ہیں۔ (مجالس ذکر: ص ۱۱۷).

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: (ذکر اجتماعی وجہری شریعت کے آئینہ میں، ص ۱۷۰۔ وبوادر النوادر: ۴۴۶).

لیکن بعض حضرات نے اس پر چند اعتراضات کیے ہیں:

(۱) ذکر وتلاوت کے وقت اس طرح حرکت کرنا اور جھومنا بدعت ہے جو ناجائز ہے؟

**الجواب:** یہ بدعت فی الدین نہیں ہے بلکہ للدین ہے، یعنی وسائل میں ہے نہ کہ مقاصد میں جو کہ شریعت کی نگاہ میں ناجائز نہیں ہے۔

حکیم الامت فرماتے ہیں:

بدعت کی حقیقت تو یہ ہے کہ اس کو دین سمجھ کر اختیار کرے، اگر معالجہ سمجھ کر اختیار کرے تو بدعت کیسے ہوسکتا ہے، پس ایک احداث للدین ہے اور ایک احداث فی الدین ہے، احداث للدین سنت ہے اور احداث فی الدین بدعت ہے۔ (تحفۃ العلماء ۲/ ۱۴۰، فقہ حنفی کے اصول وضوابط، الباب السادس، سنت کی تعریف).

(۲) اس میں تشبہ بالیہود ہے اس لیے کہ یہود کی یہ پرانی عادت ہے کہ وہ تورات پڑھتے وقت یا اپنی عبادت کے وقت جھومتے ہیں، ان کی اصطلاح ''شوکلنگ'' (shokling) کہتے ہیں، جس کے معنی جھومنے کے ہیں۔

علامہ زمخشری لکھتے ہیں:

﴿ وإذ نتقنا الجبل فوقهم﴾ ولما نشر موسىٰ الألواح فيها كتاب الله لم يبق جبل ولا حجر إلا اهتز، فلذلك لا ترى يهودياً تقرأ عليه التوراة إلا اهتز وانخفض لها رأسه. (التفسير الكشاف: ۲/ ۱۲۹).

یہ طریقہ آج تک ان میں جاری ہے، اب سوال یہ ہے کہ جن علاقوں میں دستور بن گیا ہے مثلاً مصر، اندلس وغیرہ

تو بنا بر تشبہ یہ طریقہ ممنوع ہوگا یا نہیں؟

علامہ زمخشری کی عبارت نقل کرنے کے بعد صاحب بحرِ محیط لکھتے ہیں:

**وقد سرت هذه النزعة إلى أولاد المسلمين فيما رأيت بديار مصر تراهم في المكتب إذا قرأوا القرآن يهتزون ويحركون رؤوسهم وأما في بلادنا بالأندلس والعرب فلو تحرك صغير عند قراءة القرآن أدبه مؤدب المكتب وقال له: لاتتحرك فتشبه اليهود في الدراسة.**
(تفسير البحر المحيط: ٤/ ٤٢٠).

**الجواب:** علماء نے لکھا ہے کہ کفار کے ساتھ تشبہ کا حرام ہونا اتنا عام نہیں ہے، بلکہ ان امور میں جوان کی مذہبی خصوصیات اور امتیازی نشانات ہیں، جائز نہیں، مثلاً گلے میں صلیب لٹکانا، ہندو کا زنار پہننا، پیشانی پر قشقہ لگانا وغیرہ، نیز ایسے امور بھی ناجائز ہیں جن میں تشبہ بھی پایا جاتا ہو اور احادیث میں ان کی قباحت وارد ہو جیسے پاجامہ، پتلون ٹخنوں سے نیچے لٹکانا، یا مردوں کو عورتوں کا لباس پہننا۔

لیکن بعض امور ایسے ہوتے ہیں جن میں ایک جانب تشبہ یعنی مشابہت ہوتی ہے اور دوسری جانب کچھ مصلحت بھی ہوتی ہے اس لیے ان کو ناجائز نہیں کہیں گے، اگر کوئی شخص عاشورہ یعنی دس محرم کا ایک ہی روزہ رکھے تو وہ ناجائز نہیں، کیونکہ رکھنے والے کا مقصد یہود کے ساتھ مشابہت نہیں بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع ہے، محرم اور ربیع الاول میں وعظ ونصیحت کی مجالس قائم کرنا اہل بدعت کے ساتھ مشابہت ہے، لیکن چونکہ مقصد خرافات کی تردید اور صحیح مضامین کا بیان ہوتا ہے لہذا علماء اس کو جائز کہتے ہیں بشرطیکہ خرافات و پابندیوں سے خالی ہو۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر کوئی چیز عام ہو جائے اور کسی خاص قوم کے ساتھ مخصوص نہ سمجھی جائے تو تشبہ ختم ہو جائیگا۔ نیز یہ روایت بظاہر کسی حدیث کی روایت نہیں بلکہ ایک تاریخی روایت ہے۔

فقہ حنفی کے اصول وضوابط میں ہے:

تشبہ ختم ہو جانے کی پہچان یہ ہے کہ دیکھنے سے عام لوگوں کے ذہن میں کھٹک نہ ہو کہ یہ موضع تو فلانی لوگوں کی ہے، جیسے انگرکھا یا اچکن پہنا، مگر جب تک یہ خصوصیت ہے اس وقت تک منع کیا جائے گا، جیسے ہمارے

ملک میں کوٹ پتلون پہننا، دھوتی باندھنا، (البتہ جہاں پر کوٹ پتلون عام ہو جائے ذہن میں سے خصوصیت جاتی رہے تو ناجائز نہ ہوگا، مگر) جب تک دل میں کھٹک ہے اس وقت تک تشبہ کی وجہ سے ناجائز رہے گا۔ (فقہ حنفی کے اصول وضوابط: ص ۱۵۴، از افادات حکیم الامت)۔

تکملہ فتح الملہم میں ہے:

**اعلم أن التشبه بأهل الكتاب لايكره في كل شيء ، فإنا نأكل ونشرب كما يفعلون إنما الحرام هو التشبه فيما كان مذموماً وفيما يقصد به التشبه كذا ذكره قاضي خان في شرح الجامع الصغير فعلى هذا لولم يقصد التشبه لايكره عندهما،وقال هشام في نوادره : رأيت على أبي يوسفؒ نعلين محفوفين بمسامير الحديد، فقلت له: أترى بهذا الحديد باساً؟ فقال: لا، فقلت له: إن سفيان وثور بن يزيد كرها ذلك لأنه تشبه بالرهبان، فقال أبويوسفؒ: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يلبس النعال التي لها شعور وإنها من لباس الرهبان، فقد أشار إلى أن صورة المشابهة فيما يتعلق به صلاح العباد لاتضر وقد تعلق بهذا النوع من الأحكام صلاح العباد...** (تكملةفتح الملهم: ٤/٨٨).

مزید ملاحظہ ہو: (تقریر ترمذی: ۳۳۱)۔

مسلم شریف میں روایت ہے:

**عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسير في طريق مكة فمر على جبل يقال له جمدان، فقال: سيروا هذا جمدان سبق المفردون، قالوا: وما المفردون يارسول الله قال: الذاكرون الله كثيراً والذاكرات . قال الإمام النوويؒ: وجاء في رواية هم الذين اهتزوا في ذكرالله أى لهجوا به.** (الصحيح لمسلم مع شرح النووي: ٢/٣٤١،٣٤٢).

"هز" کے اصل معنی حرکت کرنے یا حرکت دینے کے ہیں۔

لسان العرب میں ہے: **واهتز إذا تحرك .** (لسان العرب: ٥/٤٢٤).

لغات الحدیث میں ہے:

اهتزوا في ذكر الله ، اللہ کی یاد میں جھومے اور خوش ہوئے۔(لغات الحدیث:۴/۲۹)۔

مزید ملاحظہ فرمائیں: (ذکر اجتماعی وجہری شریعت کے آئینہ میں،ص۱۷۰) . واللہ ﷻ اعلم۔

## نجاست آلود کپڑا پہن کر مسجد میں آنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص کا پاجامہ یا شلوار ناپاک ہے اور ناپاکی خشک ہے مثلاً پیشاب یا منی خشک ہوگئی ہے، تو اسی شلوار یا پاجامہ پہن کر مسجد میں آنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب:** اگر نجاست آلودہ کپڑوں سے مسجد کے ملوث ہونے کا اندیشہ ہو تو ناجائز ہے ورنہ خلافِ اولیٰ ہوگا۔ کیونکہ فقہاء نے ناپاک تیل مسجد میں جلانے اور اس سے چراغ روشن کرنے کو مکروہ لکھا ہے، لیکن دوسری طرف مستحاضہ کے مسجد میں داخل ہونے کا بھی تذکرہ ملتا ہے، لہٰذا مسجد کے ملوث ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو مکروہِ تحریمی نہیں کہیں گے۔ ہاں بہتر نہیں۔

**قال الله تعالىٰ : ﴿ وطهر بيتي للطائفين ﴾.** (سورة الحج،الآية:٢٦)

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں:

اس میں بیت اللہ پاک کرنے کا حکم ہے جس میں ظاہری نجاسات اور گندگی سے طہارت بھی داخل ہے...اور اس حکم طہارت کے لیے " بیتی " میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ حکم تمام مساجد کے لیے عام ہے، کیونکہ ساری مساجد بیوت اللہ ہیں، جیسا کہ ارشاد ہے: " **في بيوت أذن الله أن ترفع** "۔(معارف القرآن:۱/۳۲۳) حدیث شریف میں ہے۔ ملاحظہ ہو مسلم شریف میں ہے:

**إن هذه المساجد لاتصلح لشيء من هذا البول و لا القذر .** (مسلم شريف: ١/١٣٨).

**جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم وبيعكم ...** (ابن ماجه شريف: ٥٤).

بخاری شریف میں ہے:

**عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: اعتكفت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم امرأة من أزواجه مستحاضة فكانت ترى الحمرة والصفرة فربما وضعنا الطست تحتها**

**وهي تصلي** . (رواه البخاری: ۱/۲۷۳/۱۹۹۱،باب اعتکاف المستحاضة).

اس حدیث کی شرح میں علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ کپڑے یا مسجد ملوث نہ ہوتو ٹھیک ہے اسی طرح جو مستحاضہ کے معنی میں ہے یعنی معذور وغیرہ ان کے لئے بھی مسجد میں داخل ہونے اوراعتکاف کرنے کی اجازت ہے۔

ملاحظہ ہو عمدۃ القاری میں ہے:

**ومما يستنبط منه: جواز اعتكاف المستحاضة، وجواز صلاتها لأن حالها حال الطاهرات وإنها تضع الطست لئلا يصيب ثوبها أو المسجد وأن دم الاستحاضة رقيق ليس كدم الحيض، ويلحق بالمستحاضة ما في معناها كمن به سلس البول والمذى والودى ومن به جرح يسيل في جواز الاعتكاف** . (عمدة القاری:۳/۱۳۰، کتاب الحیض،باب الاعتکاف للمستحاضة ،دارالحدیث،ملتان).

**وفي البحر الرائق مع الكنز: كره استقبال القبلة ...والبول والتخلي... والمراد بالكراهة كراهة التحريم ...وأشار المصنفؒ إلى أنه لايجوز إدخال النجاسة المسجد وهو مصرح به.** (البحرالرائق مع الکنز: ۲/۳٤،کوئٹہ).

شامی میں ہے:

**ولايدخله (المسجد) من على بدنه نجاسة.** (ردالمحتار: ۱/۱۷۲،سعید).

**وفيه : ( قوله وإدخال نجاسة فيه )عبارة الأشباه : وإدخال نجاسة فيه يخاف منها التلويث، ومفاده الجواز لو جافه.** (شامی:۱/٦٥٦،سعید).

وکذا في حاشية الطحطاوی علی الدرالمختار: ۱/۲۷۷۔والفتاوی الهندية: ٥/۳۲۱۔والفقه الحنفي في ثوبه الجديد: ۱/۲۷۷).

**وفي التجنيس والمزيد: لمن أراد دخول المسجد أن يتعاهد النعل والخف عن النجاسة ثم يدخل فيه، احترازاً عن تلويث المسجد.** (التجنيس والمزيد:۱/۳۷۰۔وکذا في شرح منية المصلي : ٦۱۱).

بحر میں ہے:

**ذکر العلامة قاسم في بعض فتاويه أن قولهم : إن الدهن المتنجس يجوز الاستصباح به مقيد بغير المساجد فإنه لايجوز الاستصباح به.** (البحرالرائق: ۲/ ۳٤ـو كذا في الدرالمختارمع فتاوى الشامي: ۱/ ۳۳۰،سعيد).

فتاوی محمودیہ میں ہے:

نجس کپڑا مسجد میں نہ رکھے اگر اس وقت کسی معرفت باہر بھیجنا یا خود رکھنا دشوار ہو تو مجبوراً مسجد میں اس طرح رکھنا کہ تلویث نہ ہو درست ہے۔ (فتاوی محمودیہ:۱۵/۱۹۳، فاروقیہ).

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ فرماتے ہیں:

جوتے خشک ہوں تو مسجد ناپاک نہیں ہوتی۔ (آپ کے مسائل اوران کا حل:۲/ ۱۳۸) . واللہ تعالیٰ اعلم۔

## غیر مسلم کا مسجد میں عبادت کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی مسجد میں عیسائیوں کا پادری آ کر عبادت کر لے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ اور اس کی اجازت دی جائیگی یا نہیں؟ جن روایات میں وفد نجران کا مسجد میں آنا اور وہاں عبادت کرنا مذکور ہے ان کی کیا حیثیت ہے؟

**الجواب:** کفار کے مساجد میں داخل ہونے کے بارے میں مجتہدین کا اختلاف ہے، لیکن مسجد میں عبادت کرنے کی اجازت کس کے ہاں مروی نہیں ہے بلکہ ان کی عبادت عبادت ہی نہیں حقیقت میں شرک وخرافات ہیں، عبادت کے لیے نیت ضروری ہے جب کہ کفار میں نیت کی صلاحیت ہی نہیں اور جو روایت اس سلسلہ میں مروی ہے وہ متکلم فیہ ہے ایک تو محمد بن اسحٰق پر کلام ہے، دوسرے ان کے استاذ محمد بن جعفر کی روایت معضل ہے کیونکہ اس میں تابعی اور صحابی کا ذکر نہیں ہے، احناف کے ہاں اگر چہ خیر القرون میں انقطاع مضر نہیں، لیکن یہ روایت تو اصول (قرآن کریم کی آیات) کے خلاف ہے، ملاعلی قاریؒ نے فرمایا ہے:

**ومنها: مخالفة الحديث لصريح القرآن كحديث مقدار الدنيا.** (موضوعات كبيرص ۱٦۲).

یعنی جو حدیث قرآن کے مخالف ہو اور سند میں بھی کلام ہو وہ حدیث قبول نہیں ہوگی، بلکہ اس کے موضوع

ہونے کی علامت ہے اس حدیث میں یہ حصہ کہ نصاری نے مسجد میں عبادت کی قابل قبول نہیں، نیز یہ حدیث اصول کے بھی خلاف ہے، ملاعلی قاریؒ فرماتے ہیں:

**ومنها: أن يكون الحديث مما تقوم الشواهد الصحيحة على بطلانه كحديث عوج بن عنق.** (موضوعات كبير، ص ۱٦٠).

اس حدیث کے صحیح نہ ہونے پر بھی صحیح شواہد دلالت کرتے ہیں، لہذا اس روایت کا اتنا حصہ کہ انہوں نے مشرق کی طرف مسجد میں نماز پڑھی واجب الرد ہے یا اس میں تاویل کی جائیگی کہ مسجد سے مسجد کا وہ ملحقہ حصہ مراد ہے جو حقیقت میں مسجد نہیں بلکہ وہ حصہ ہے جس میں حبشی کھیلتے تھے، اور بعض لوگ کبھی کبھی اس میں اونٹ بھی باندھتے تھے اور مسجد سے ملحقہ میدان پر بکثرت مسجد کا اطلاق ہوتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں تفسیر قرطبی میں ہے:

**صدر هذه السورة (أى سورة آل عمران) نزل بسبب وفد نجران فيما ذكر محمد بن إسحق عن محمد بن جعفر بن الزبير وكانوا نصارى وفدوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم بالمدينة في ستين راكباً فيهم من أشرافهم أربعة عشر رجلاً في الأربعة عشر ثلاثة نفر إليهم يرجع أمرهم العاقب أمير القوم وذو آرائهم واسمه عبد المسيح والسيد ثمالهم وصاحب مجتمعهم واسمه الأيهم وأبوحارثة بن علقمة أحد بكر بن وائل أسقفهم وعالمهم، فدخلوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم أثر صلاة العصر، عليهم ثياب الحبرات جبب وأردية، فقال أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم مارأينا وفداً مثلهم جمالاً وجلالة، وحانت صلاتهم فقاموا فصلوا في مسجد النبي صلى الله عليه وسلم إلى المشرق، فقال النبي صلى الله عليه وسلم دعوهم...الخ.** (تفسيرالقرطبي: ٤/٥).

**وللاستزادة انظر:** (السيرة النبوية لابن هشام: ٢/٢٢٤).

**وفي فتح القدير للشوكاني: ماكان للمشركين أن يعمروا مساجد الله، والمراد بالعمارة إماالمعنى الحقيقي أو المعنى المجازي وهو ملازمته والتعبد فيه وكلاهما ليس**

**للمشركين أما الأول فلأنه يستلزم المنة على المسلمين بعمارة مساجدهم، وأما الثاني فلكون الكفار لاعبادة لهم مع نهيهم عن قربان المسجد الحرام.** (فتح القدير: ٢/٦٦٢، الرياض).

**وفي تفسير الكريم الرحمن : أن الله تعالىٰ إنما جعل بيته الحرام ليقام فيه دينه ، وتخلص له العبادة ، فالمؤمنون هم الذين قاموا بهذا الأمر ، وأما هؤلاء المشركون الذين يصدون عنه، فما كانت صلاتهم فيه التي هي أكبر أنواع العبادات ﴿إلا مكاء وتصدية﴾أى صفيراً وتصفيقاً ، فعل الجهلة الأغبياء ، الذين ليس في قلوبهم تعظيم لربهم، ولا معرفة بحقوقه، ولا احترام لأفضل البقاع وأشرفها ، فإذا كانت هذه صلاتهم فيه ، فكيف ببقية العبادات ؟ ! !** (تيسير الكريم الرحمن فی تفسیر كلام المنان،ص ٢٨٢).

**وللاستزادة انظر:** (التفسير المظهری: ١٤٦/٤. وفتح القدير للشوكانیؒ: ١٠٤/٤، الرياض، وكذا فی تفسير المنار: ٢٠٦/١٠ والتفسير المنير: ١٣٧/١٠). **واللہ ﷻ اعلم۔**

## مسجد چھوڑ کر میدان میں جماعت کا حکم:

**سوال:** بعض حضرات تبلیغی جماعت پر اعتراض کرتے ہیں کہ یہ لوگ مسجد چھوڑ کر باہر اجتماع گاہ میں جماعت کرتے ہیں معترضین یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ مسجد میں جماعت سنتِ مؤکدہ ہے باہر کی جماعت میں کوئی فضیلت نہیں ہے کیا ان کی یہ بات درست ہے یا نہیں؟ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک روایت پیش کرتے ہیں جس میں مسجد کی جماعت کو سنن ہدیٰ فرمایا گیا ہے۔

**الجواب:** اگر مسجد سے باہر جماعت کر لی جائے تو جماعت کا ثواب مل جاتا ہے ہاں مسجد میں جماعت کا ثواب اس سے زیادہ ہے۔

فتاویٰ سراجیہ میں مرقوم ہے:

**قوم تخلفوا عن المسجد وصلوا فی البيت بجماعة فإنهم ينالون فضل الجماعة لكن دون ما ينالون فی المسجد .** (الفتاوى السراجية:قبيل باب الامامة، ص٧٨).

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

**حتى لو صلى في بيته بزوجته أوجاريته أو ولده فقد أتى بفضيلة الجماعة ، كذا في الشرح ، لكن فضيلة المسجد أتم** . (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح: ص۲۸۷، باب الامامة ).

فتاویٰ قاضیخان میں مذکور ہے:

**والصحيح أن للجماعة في البيت فضيلة وللجماعة في المسجد فضيلة أخرى فإذا صلى في البيت بجماعة فقد حاز فضيلة أدائها بالجماعة وترك الفضيلة الأخرى** . یہ بات انہوں نے تراویح کے بارے میں لکھی ہے پھر بعد میں فرماتے ہیں: **وكذلك في المكتوبات**. (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ۱/ ۲۳۳، باب التراويح).

شرح منیۃ المصلی میں ہے:

**لو صلى جماعة في البيت على هيئة الجماعة في المسجد نالوا فضيلة الجماعة وهي المضاعفة بسبع وعشرين درجة لكن لم ينالوا فضيلة الجماعة الكائنة في المسجد فالحاصل أن كل ما شرع فيه الجماعة فالمسجد فيه أفضل لما اشتمل عليه من شرف المكان وإظهار الشعائر وتكثير سواد المسلمين** . (یہ کلام انہوں نے تراویح کے بارے میں فرمایا ہے لیکن اس سے قبل لکھا ہے ) **وهكذا في المكتوبات أي الفرائض**. (شرح منية المصلى ،ص ۴۰۲، ابواب التراويح، سهيل).

مذکورہ بالا عباراتِ فقہیہ سے بخوبی واضح ہوا کہ تبلیغی حضرات کو اجتماع گاہ میں جماعت کا ثواب ملتا ہے اور سنت ادا ہو جاتی ہے ہاں مسجد بہتر ہے لیکن بعض مصالح کی وجہ سے سب مسجد نہیں جا سکتے ، اور اجتماع والے لوگ مسجدوں میں سما بھی نہیں سکتے ۔ باقی یہ بات کہ مسجد کے کیا فضائل ہیں تو وہ آپ مساجد کے فضائل میں بآسانی دیکھ سکتے ہیں ، مثلاً سات آدمی عرش کے سایہ میں ہوں گے ، ان میں وہ لوگ بھی ہیں جن کا دل مسجد کے ساتھ اٹکا ہوا ہو جب نکلتے ہیں تو واپس آنے کا سوچتے ہیں ، اور ان دو صحابہ کا واقعہ تو مشہور ہے کہ مسجد میں نماز پڑھنے کے بعد سخت اندھیرے میں ان کی لاٹھیوں سے روشنی نکلتی تھی ، اور جو صبح و شام مسجد میں جاتا ہو اللہ تعالیٰ اس کے لیے

جنت میں مہمانی کا انتظام فرمائیں گے،اور جب صرف نماز کی نیت سے مسجد کی طرف نکلتا ہے تو اس کا درجہ بلند ہوتا ہے اور گناہ مٹایا جاتا ہے پھر جب نماز پڑھ کر فارغ ہوجاتا ہے تو فرشتے اس کے لیے رحمت کی دعا مانگتے ہیں، یہ سب فضائل کتبِ احادیث میں مذکور ومشہور ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ کی روایت کا بھی یہی مطلب ہے کہ جماعت سنت ہے اس کو چھوڑنا نفاق کی علامت ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: "من سره أن يلقى الله غداً مسلماً فيلحافظ على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن فإن الله شرع لنبيكم صلى الله عليه وسلم سنن الهدى وأنهن " أى الصلوات الخمس بالجماعة " (فتح المهلم) من سنن الهدى " أى من طريق الهدى" (فتح الملهم) ولو أنكم صليتم في بيوتكم كما يصلى هذا المتخلف في بيته لتركتم سنة نبيكم ولو تركتم سنة نبيكم لضللتم. (رواه مسلم: ۱/ ۲۳۲).

اس روایت میں " كمايصلى هذا المتخلف" سے پتہ چلتا ہے کہ ابن مسعود ﷺ منفرد متخلف کو قابل وعید سمجھتے ہیں جس کے مقابلہ میں جماعت سے نماز پڑھنا قابل مدح وستائش ہے، ہاں دوسری روایت جو مسلم شریف میں مذکور ہے اس میں یہ الفاظ مذکور ہیں:

لقد رأيتنا وما يتخلف عن الصلاة إلا منافق قد علم نفاقه أومريض ان كان المريض ليمشي بين رجلين حتى يأتى الصلاة وقال: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم علمنا سنن الهدى وإن من سنن الهدى الصلاة فى المسجد الذي يؤذن فيه. (رواه مسلم: ۱/ ۲۳۲).

اس روایت کی ابتداء میں بھی متخلف منافق کا ذکر ہے جو جماعت کو چھوڑتا ہے تو اس کے مقابلہ میں نماز باجماعت ہی قابل مدح ولائق ثواب ہے، ہاں چونکہ جماعت شہروں اور آبادی میں عموماً مسجد میں ہوتی ہے اس لیے بنابر غالب مسجد کا ذکر فرمایا، لہذا بظاہر یہ قید احترازی نہیں دوسری روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت کی نماز کو منفرد کی نماز سے ۲۷ درجہ فضیلت والی بتلایا ہے، اس میں مسجد کا ذکر نہیں ہے، نیز حدیث میں ہے: " الصلاة مع الإمام أفضل من خمس وعشرين صلاة يصليها وحده . (مسلم ۱/ ۲۳۱) . یہاں منفرد کے مقابلہ میں جماعت کی فضیلت وارد ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مساجد میں ذکر جہری کا حکم:

**سوال:** آج کل بعض حضرات مساجد میں ذکر جہری پر تنقید کرتے ہیں اور اس کو بدعت کہتے ہیں شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** ذکر جہری واجتماعی مسجد میں شرعاً جائز ہے اور ہمارے اکابر کا اس پر عمل درآمد ہے۔
چند احادیثِ مرفوعہ کا ترجمہ اور خلاصہ پیش خدمت ہے:

**(۱) قال النبي صلى الله عليه وسلم: أناْ عند ظن عبدي بي وأناْ معه إذا ذكرني فإن ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي وإن ذكرني في ملأ ذكرته في ملأ خير منهم، الحديث.**
(رواه البخاري برقم ٦٨٥٦).

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہ ارشاد فرماتے ہیں میں بندہ کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں جیسا کہ وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے، اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں، جب وہ مجھے اکیلا یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے اکیلا یاد کرتا ہوں، اور اگر وہ مجھے جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اس کو اس کی جماعت سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔ جماعت میں یاد کرنا جہری اور سری دونوں کو شامل ہے بلکہ بقول علامہ سیوطی کے جماعت کا فائدہ جہر میں ظاہر ہوتا ہے۔

یہاں فی نفسہ کا مطلب اکیلا ہے کیونکہ اس کے مقابلہ میں جماعت ہے، اور فی نفسہ اکیلے کے معنی میں آتا ہے۔ علامہ نوویؒ شرحِ مسلم میں مذکورہ بالا حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**مراد الحديث أى إذا ذكرني خالياً أثابه الله وجازاه عما عمل بما لايطلع عليه أحد.**
(شرح النووي: ٢/٣٤١).

علم نحو میں اسم کی تعریف یوں کرتے ہیں: "**كلمة تدل على معنى في نفسه غير مقترن بأحد الأزمنة الثلاثة**"، یعنی اسم وہ کلمہ ہے جو اکیلے اپنے معنی پر دلالت کرے، بخلاف حرف کے کہ اس کو معاون کی ضرورت ہے، مثلاً من ابتدائے جزئی پر مدخول کے بغیر دلالت نہیں کرتی اور ابتدائے کلی اسم کے معنی ہیں۔

صاحبِ کشاف علامہ زمخشریؒ نے ﴿قل لهم في أنفسهم قولاً بليغاً﴾ کی تفسیر ”خالياً بهم“ سے فرمائی ہے۔

” قال النبي صلى الله عليه وسلم : إذا صلى أحدكم لنفسه فليطل ماشاء“ یعنی جب کوئی اکیلے نماز پڑھے تو جتنی تطویل چاہے کرلے۔ اسی طرح آیتِ کریمہ ﴿واذكر ربك في نفسك تضرعاً وخيفة ودون الجهر من القول بالغدو والآصال﴾ (سورة الاعراف:۲۰۵) کا ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جب اکیلے ہو تو خالی بیٹھنے سے کیا فائدہ اس لیے اللہ تعالیٰ کا ذکر عاجزی اور خوف کے ساتھ کیا کرو۔ وہاں اور تو کوئی نہیں لیکن اللہ تعالیٰ ہے ہاں اگر جہر کرنا ہو تو بہت زیادہ جہر سے کم جہر کیا کریں، کیونکہ دوسرے ساتھ موجود نہیں کہ ان کی ترغیب مقصود ہو لہذا ہلکا جہر کافی ہے۔ دوسرے معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو دل میں عاجزی اور خوف کے ساتھ یاد کریں۔ یا تلفظ کرکے بہت جہر سے کم جہر کے ساتھ کیا ذکر یں۔

**قال الإمام: المراد أن يقع الذكر متوسطاً بين الجهر والمخافتة والمراد بالجهر رفع الصوت المفرط وبما دونه نوع آخر من الجهر.** (روح المعاني:۱۵٤/۹).

**وقال الشيخ عبد الرحمن السعدى المتوفى ۱۳۷٦ : في نفسه أى مخلصاً خالياً.** (تيسير الكريم الرحمن فى تفسير كلام المنان،ص ۲۷٦).

**وقال ابن عطية الأندلسى: الجمهور على أن الذكر لايكون فى النفس ولايراعى إلا بحركة اللسان.** (تفسيرابن عطية،ص ۷۷۳).

(۲) جب تم جنت کے باغیچوں سے گزرو تو وہاں چرلیا کرو، صحابہ نے دریافت کیا ریاض الجنہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مساجد، چرنا کیا ہے یارسول اللہ؟ فرمایا سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔

(۳) جولوگ ذکراللہ کے لیے جمع ہوتے ہیں تو آسمان سے ایک منادی اعلان کرتا ہے کھڑے ہوجاؤ تمہاری مغفرت ہوچکی اور تمہارے سیئات حسنات میں بدل دئے گئے۔ (مجمع الزوائد: ۷٦/۱۰، ومسنداحمد: ۱٤۲/۳، وغيره وفى اسناده ميمون المرائى وثقه جماعة وفيه ضعف).

(۴) عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مجالس ذکر کا ثمرہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جنت ہے جنت۔ (مجمع الزوائد: ۱۰/۷٦، واسناده حسن).

(۵) قیامت میں بعض لوگوں کے چہروں پر نور چمکتا ہوگا وہ موتیوں کے منبر پر ہوں گے لوگ ان پر رشک کرتے ہوں گے، کسی نے کہا یا رسول اللہ ان کا حال بیان کیجئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی محبت میں مختلف خاندانوں سے ایک جگہ جمع ہوں گے اور ذکر اللہ میں مشغول ہوں گے۔ (مجمع الزوائد: ۱۰/۷٦).

(٦) اللہ تعالیٰ کے کچھ بہترین فرشتے مجالس ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں جب ایسی مجلس میں پہونچتے ہیں تو ان کے ساتھ بیٹھتے ہیں اوران کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں مجلس کے ختم ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ جاننے کے باوجود پوچھتے ہیں تم کہاں سے آئے ہو وہ کہتے ہیں اس جماعت کے پاس سے آئے ہیں، جو تیری بڑائی میں مشغول تھی۔ (بخاری شریف: ۲/۲۴۸).

(۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ایک حلقہ کے پاس تشریف لائے، فرمایا کس بات نے تم کو بٹھایا؟ کہنے لگے ذکر کی مجلس میں بیٹھے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل امین میرے پاس آئے اور یہ خبر سنا گئے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے فرشتوں پر فخر فرمارہے ہیں۔

(۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کچھ لوگوں نے مقبرہ میں روشنی اور آگ دیکھی جب وہاں آئے تو دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقبرہ میں ہیں اور فرمارہے ہیں اس صحابی کا جسد میرے ہاتھوں میں دیدو یہ وہ صحابی رضی اللہ عنہ تھے جو بلند آواز سے ذکر کررہے تھے۔ (ابوداود: ۲/۴۵۱).

مذکورہ بالا روایات اوران جیسی دیگر بہت ساری روایات سے اجتماعی اور جہری ذکر کا ثبوت ملتا ہے فقہ کی کتابوں میں جہری ذکر کا جواز اور کہیں استحباب مرقوم ہے۔

حضرت مفتی محمود الحسن گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ سے ایک سائل نے جہری ذکر کے بارے میں سوال کیا، سوال اختصار کے پیش نظر حذف کیا جاتا ہے، تو انہوں نے تحریر فرمایا آپ اپنے دوستوں سے کہاں لڑائی کریں گے آپ ہلکی آواز سے تنہائی میں ذکر کرلیا کریں جس سے کسی سونے والے نماز پڑھنے والے وغیرہ کو تشویش نہ ہو باقی

ذکر جہری کا ثبوت خود اذان خطبہ اور تکبیر تشریق سے ہے۔

**أجمع العلماء سلفاً وخلفاً على استحباب ذكر الله تعالىٰ في المساجد وغيرها من غير نكير إلا أن يشوش جهرهم على نائم أومصل أوقارئ كما هو مقرر في كتب الفقه.**

(الحموي على الاشباه: ٢/٢٣٤، وكذا في الشامي: ١/٦٦٠، سعيد).

دوسرا یہ ذکر بطورِ علاج ہے اس کے لیے اتنا کافی ہے کہ اصول شرع کے خلاف نہ ہو جیسے طبیب و ڈاکٹر کے معالجات میں۔ (تربیت الطالبین ص ۵۹)۔

ایک اور سوال کے جواب میں فرماتے ہیں حضرت شاہ عبدالرحیم ولایتی رحمۃ اللہ علیہ ایک پہاڑی پر بیٹھ کر ذکر کیا کرتے تھے دور دور تک ان کی آواز جاتی تھی حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اپنی اخیر حیات تک ذکر جہری کرتے تھے حجرے کا کواڑ بند کر دیتے تھے کوئی شخص باہر دروازہ پر ہوتا تو اس کو آواز سنائی دیتی تھی حضرت مولانا محمد الیاس صاحب جب تک صاحبِ فراش نہیں ہوئے تھے اس وقت تک ذکر جہری کرتے تھے، ذکر جہری سری انفرادی اجتماعی سب جائز ہے۔ (سلوک واحسان ارشادات فقیہ الامت، ص ۳۴۳، مرتب مولانا مفتی فاروق صاحب)۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے حالات میں تذکرۃ الرشید میں مذکور ہے: آخر خود ہی اٹھے وضو کیا اور مسجد میں تشریف لائے ایک گوشہ میں آنحضرت یعنی حاجی امداد اللہ رحمہ اللہ اپنے کام میں مشغول تھے دوسرے گوشہ میں آپ جا کر کھڑے ہوئے بنیت تہجد نوافل ادا کی اور ذکر نفی واثبات بالجہر شروع کر دیا، پھر فرماتے ہیں آخر کار میں نے ذکر بالجہر شروع کیا گلا اچھا تھا، بدن میں قوت تھی صبح کو جب حاضر خدمت ہوا تو حضرت فرمانے لگے کہ تم نے تو ایسا ذکر کیا جیسے کوئی بڑا مشاق کرنے والا ہو اس دن سے جہر بالذکر کے ساتھ مجھے محبت ہوگئی پھر کبھی چھوڑنے کو جی نہیں چاہا اور نہ کوئی وجہ شرعی اس کی ممانعت کی معلوم ہوئی۔ (تذکرۃ الرشید: ۴۸، ۴۹)۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے امداد الفتاوی جلد پنجم میں ذکر جہری واجتماعی کے بارے میں ایک مفصل فتویٰ تحریر فرمایا ہے اس میں حضرت تحریر فرماتے ہیں: راقم کی رائے ناقص میں قول مجوزین'' جو جہر کو جائز سمجھتے ہیں'' صحیح اور ان میں مفصلین'' یعنی جو موقع کے لحاظ سے بعض مواقع میں جہر کو افضل کہتے ہیں اور بعض مواقع میں خفی کو بہتر کہتے ہیں'' راجح معلوم ہوتا ہے، کہ سب آیات واحادیث واقوال علماء کے جمع ہو جاتے ہیں''

ان خير الأمور أعدلها'' پس بعد ثبوتِ مشروعیتِ جہر کسی طور وہیئت کے ساتھ مقید نہیں بلکہ بوجہ اطلاق ادلہ مطلق ہے خواہ منفرد ہو یا مجتمع حلقہ باندھ کر ہو یا صف باندھ کر یا کسی اور صورت سے کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر ہر طور سے جائز ہے، اس کے بعد بعض عربی عبارات نقل فرمانے کے بعد تحریر فرمایا پس ثابت ہوا کہ ذکر جہر ہر طور سے جائز ہے کسی کو کسی طور سے منع نہ کریں یہی ارجح واصح ہے۔ (امداد الفتاوی: ۵/ ۱۵۱ تا ۱۵۴).

نیز حضرت کے نزدیک یہ ذکر جہری اجتماعی مسجد میں بھی جائز ہے کیونکہ اسی فتویٰ میں حضرت نے مجوزین کے دلائل میں نقل فرمایا: **قال الله تعالیٰ: ﴿ ومن أظلم ممن منع مسٰجد الله أن يذكر فيها اسمه وسعى في خرابها﴾** ظاہر ہے کہ منع ذکر بدون اطلاع ذکر ممکن نہیں اور اطلاع بدون جہر غیر متصور ہے، (امداد الفتاوی: ۵/ ۱۵۲).

حاصل یہ ہے کہ جب مسجد میں ذکر جہری جائز ہے اور حضرت کے یہاں ذکر جہری اجتماعی انفرادی حلقہ اور صف میں ہر طرح جائز ہے تو مسجد میں ذکر جہری اجتماعی لامحالہ جائز ہوا۔

حضرت مولانا شیخ محمد یونس شیخ الحدیث مظاہر العلوم سہارنپور جو علم حدیث و دیگر علوم میں اعلیٰ مقام کے حامل ہیں، وہ الیواقیت الغالیۃ میں تحریر فرماتے ہیں: اجتماعی ذکر میں صورتِ اجتماعیہ مطلوب نہیں ہے، بلکہ اجتماع کی وجہ سے ایک دوسرے کو دیکھ کر رغبت وشوق پیدا ہونا مقصود ہے اور مزید یہ ہے کہ بعض مشائخ ذکر کے وقت قلب مرید کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تاکہ طبیعت لگ جاوے، اور مرشد کی معیت میں سب کا ایک ساتھ ذکر کرنا مرشد کی توجہ کی تحصیل میں معین ہے پھر چند سطور کے بعد تحریر فرماتے ہیں حضرت ابن مسعودؓ کی نکیر ممکن ہے کسی خاص امر کی بناپر ہو، مثلاً وہ لوگ اس کو ضروری سمجھتے ہو۔ (اليواقيت الغالية: ۲/ ٤١٨).

حضرت ابن مسعودؓ کی روایت جس میں حلقہ ذکر پر نکیر وارد ہے ایک موقوف روایت ہے جو مرفوع روایت کے مقابلہ میں مرجوح ہے، مثلاً ایک حدیث لکھ لیتا ہوں۔

**لا يقعد قوم يذكرون الله إلا حفت هم الملائكة وغشيت هم الرحمة ونزلت عليهم السكينة وذكر الله فيمن عنده.** (رواه مسلم، باب فضل الاجتماع على تلاوة القرآن وعلى الذكر.

نیز ابن مسعودؓ کی روایت مضطرب ہے، دارمی کی روایت میں نماز فجر سے پہلے کا واقعہ ہے اور طبرانی کی

معجم کبیر میں مغرب سے عشاء تک کا واقعہ ہے دارمی کی روایت میں مسجد کا واقعہ اور مصنف عبد الرزاق میں الی البریۃ صحراء کا ذکر ہے، دارمی کی روایت میں ہے کہ ایک شخص پڑھتا ہے اور دوسرے اس کی اتباع میں پڑھتے تھے، اور طبرانی کی روایت میں کہ سب ایک ساتھ پڑھ رہے تھے بعض روایات میں ہے کہ ان کو نکال دیا کما فی الطبرانی اور دوسری روایت میں ہے کہ دو جماعتوں کو ایک بنادیا یہ سب اضطرابات حدیث کے ضعف کے دلائل ہیں، نیز دارمی کے علاوہ تمام طرق ضعیف ہیں، باقی رہی دارمی کی سند تو اس میں عمرو بن یحی ہے اگر چہ ابن معین نے ابتداء میں اس کی توثیق کی لیکن بعد میں جب دیکھ لیا تو تضعیف فرمائی اور کہا" لیس حدیثه بشيء، قد رأیته ، وقال مرة:لم یکن یرضی "اگر چہ ابن معین کبھی کبھی "لیس بشيء، قلیل الحدیث" کو کہتے ہیں: " کما فی الرفع والتکمیل ،ص ۱۵۳ ، وقواعد في علوم الحدیث ،ص ۲۶۳ ، وتعلیق الرفع والتکمیل ،ص ۲۱۵، و مقدمة التحقیق لسنن ابن ماجة للدکتور بشار عواد" لیکن یہاں لیس بمرضی کے الفاظ ہیں نیز جب راوی پر جرح وتعدیل دونوں مذکور ہو اور تقدیم وتاخیر معلوم نہ ہو تو وہ روایت مقبول نہیں بلکہ اس میں توقف کیا جائے، حوالوں کی تفصیل ہماری کتاب۔ "ذکر جہری واجتماعی شریعت کے آئینہ" ازص ۱۲۵ تا ۱۳۱، میں ملاحظہ کیجئے۔

بعض حضرات یہ اشکال کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جہر بالذکر منصوص جگہوں کے علاوہ بدعت ہے، لیکن شامیؒ نے شرح المنیۃ الصغیر سے نقل فرمایا کہ اختلاف افضلیت میں ہے۔

**وفی شرح المنیة الصغیر: ویوم الفطر لایجهر به عنده وعندهما یجهر وهو روایة عنه والخلاف فی الأفضلیة أما الکراهة فمنتفیة عن الطرفین.** (شامی:۲/ ۱۷۰، سعید).

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

**قال الحلبي: والذي ینبغي أن یکون الخلاف في استحباب الجهر وعدمه لا في کراهیة وعدمها فعندهما یستحب وعنده الإخفاء أفضل وذلک لأن الجهر قد نقل عن کثیر من السلف کابن عمر رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ وأبي أمامة الباهلي رضی اللہ عنہ والنخعیؒ وابن جبیرؒ وعمر بن عبد العزیزؒ وأبي لیلیؒ وأبان بن عثمانؒ والحکمؒ وحمادؒ ومالکؒ وأحمدؒ وأبو ثورؒ ومثله عن الشافعیؒ ذکره ابن المنذرؒ فی الاشراف.** (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح،ص ۵۳۱۔وشرح منیة

المصلی، الکبیر، ص ٥٦٧، سهيل).

اور جو حضرات جہر کو افضل کہتے ہیں وہ اس وجہ سے کہ اس میں مزہ آتا ہے اور دل لگتا ہے اور دوسرے فوائد حاصل ہوتے ہیں تو اس کی افضلیت دوسری وجوہات کی وجہ سے ہے، ورنہ فی نفسہ اکثر حضرات کے ہاں ذکر سری بہتر ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مسجد میں کرسی پر بیٹھنے کا حکم:

**سوال:** مسجد میں وعظ کے لیے کرسی پر بیٹھنے کا کیا حکم ہے؟ یا ویسے ہی کرسی پر بیٹھنے کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** مسجد میں وعظ کے لیے یا ویسے ہی کرسی پر بیٹھنا فی نفسہ جائز اور درست ہے۔

ملاحظہ ہو مجمع الزوائد میں ہے:

**وعن أبي سعيد ﷺ قال: كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم خشبة يقوم إليها فجاء ه رجل فأمره أن يجعل له كرسياً، فقام النبي صلى الله عليه وسلم يخطب عليه...رواه البزار من رواية محمد بن أبي ليلى عن عطية وكلاهما مخلتف في الاحتجاج به.** (مجمع الزوائد: ٢/١٨١).

یہ روایت ضعیف ہے اور کرسی سے منبر مراد ہے کیونکہ عام صحیح روایات میں منبر کا ذکر ہے۔ ہاں جواز کی حد تک کرسی کو منبر پر قیاس کیا جا سکتا ہے۔

مسلم شریف میں ہے:

**قال أبو رفاعة ﷺ انتهيت إلى النبي صلى الله عليه وسلم وهو يخطب ...فأقبل على رسول الله صلى الله عليه وسلم وترك خطبته حتى انتهى إليّ فأتى بكرسي حسبت قوائمه حديداً قال: فقعد عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم وجعل يعلمني مما علمه الله.** (مسلم شريف: ١/٢٨٧).

**قال القاضي عياض: وفيه جواز الجلوس على الكراسي ولاسيما في مثل ذلك ...**

**وارتفع على الكرسي ليسمع كلامه غيره ويشاهدوا محاورته إياه.** (اکمال المعلم:۳/۲۸۱).

**مزید ملاحظہ ہو:** (دلائل النبوۃ:۲/۵٦۳، وجامع الاحادیث ۲۰/۲۳۱۔ومسنداحمد:۱/۵۳۳).

بخاری شریف کی روایت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کا کرسی پر بیٹھنا ثابت ہے۔

**...فرفعت بصري فإذا الملک الذي جاء ني بحراء جالس على كرسي بين السماء والأرض.** (رواہ البخاری:۱/۳).

قرآن کریم میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے قصہ میں کرسی کا ذکر موجود ہے۔

**قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿ولقد فتنا سليمان وألقينا على كرسيه جسداً ثم أناب﴾.** (سورۃ ص:۳٤).

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی کرسی کا استعمال کرنا ثابت ہے۔

دلائل النبوۃ میں ہے:

**عن زيد بن صوحان أن رجلين من أهل الكوفة كانا صديقين لزيد بن صوحان أتياه...فأقبلا معه حتى لقوا سلمان رضي الله عنه...وإذا هو على كرسي قاعد...فقال له زيد...ان هذين لي صديقان ...وقد أحبا أن يسمعا حديثک...**(دلائل النبوۃ:۲/۸۲).

نسائی شریف میں ہے:

**عن علي رضي الله عنه أنه أتى بكرسي فقعد عليه ثم دعا بتور فيه ماء ...**(نسائی:۱/۲۷).

جب وضو کے لیے کرسی پر بیٹھنا ثابت ہوا تو وعظ کے لیے بھی جائز ہوگا اور کھانے کے لیے بھی جائز ہے۔

ہدایہ میں ہے:

**ويجوز...والجلوس على الكرسى المفضض ...إذا كان يتقى موضع الفضة ...وقال أبويوسفؒ يكره ذلک.** (الهداية:٤/٤٥٣).

مفتی کفایت اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں: کرسی پر بیٹھ کر وعظ کہنا فی نفسہ جائز ہے۔(کفایت المفتی:۹/۷۲، وفتاوی محمودیہ:۱۵/۲۷۹،فاروقیہ). واللہ ﷻ اعلم۔

# باب.....(۳)

# ما یتعلق بالمدارس

# باب ......﴿۳﴾

# احکامِ مدارس کا بیان

## ایک مدرسہ کی مد کی رقم دوسری مد میں خرچ کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی مدرسہ میں ایک مد میں رقم آئی تو اس کو دوسری مد میں خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ مثلاً کوئی رقم کتابوں کی مد میں آئی ہو تو اس کو تعمیر کی مد میں یا بالعکس خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ دونوں مد صدقہ نافلہ کی ہوں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ مدرسہ کی ایک مد کی رقم دوسری مد میں خرچ کرنا صحیح اور درست نہیں، اس لیے کہ مؤکل کی وکالت کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے، اور اس پر عمل پیرا ہونا لازم ہے، لہذا جب آدمی نے کتابوں کے لیے رقم دی تو اس کو دوسری مد میں خرچ کرنا درست نہیں۔

فتاوی شامی کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

**الوكيل إنما يستفيد التصرف من الموكل وقد أمره بالدفع إلى فلان فلا يملك الدفع إلى غيره ،كما لو أوصى لزيد بكذا ليس للوصي الدفع إلى غيره فتأمل.** (فتاوى الشامي: ۲/ ۲٦٦، سعيد).

مدرسہ میں جب کسی نے ایک رقم ایک مد میں دی تو چونکہ مہتمم مدرسہ معطی کا وکیل ہے اور مؤکل نے جس

مد میں خرچ کرنے کے لیے کہا ہے، اس میں وکیل کو خرچ کرنا ضروری ہے تو جب اس نے کتابوں کی مد میں رقم دی تو اس کو تعمیر میں خرچ کرنا خیانت اور وعدہ خلافی ہے۔

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

جس جگہ خرچ کرنے کے لیے وہ روپیہ دیا ہے اسی جگہ خرچ کرنا لازم ہے اگر دوسری جگہ خرچ کر دیا تو ضمان لازم ہوگا اس لیے کہ متولی امین اور وکیل ہے معطی کی تصریح کے خلاف خرچ کرنے کا اس کو حق نہیں۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۵/۴۷۴، فاروقیہ۔ امداد الفتاویٰ: ۳/ ۳۱۵، ۳۱۶).

نیز مرقوم ہے چندہ دینے والوں کو اگر یہ منظور ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں تو ایسا کرنا شرعاً درست ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ: ۱۵/۴۷۴، فاروقیہ)۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## ایک مدرسہ کا چندہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک صاحب نے ایک مدرسہ کے لیے کسی سے چندہ لیا اب دوسرا مدرسہ حاجتمند ہے تو وہ چندہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کر سکتا ہے یا نہیں؟ خیال رہے کہ رسید نہیں کٹی۔

**الجواب:** اگر چندہ کرنے والے نے چندہ کرتے وقت صراحۃً یہ بتلا دیا کہ فلاں مدرسہ کے لیے چندہ کرتا ہوں تو پھر جب تک اس مدرسہ کو چندہ کی ضرورت ہے یا قریبی زمانہ میں ضرورت ہوگی اس وقت تک دوسرے مدرسہ میں دینا صحیح نہیں ہے۔ ہاں اگر اس مدرسہ کو نہ فی الحال رقم کی ضرورت ہے اور نہ آئندہ قریبی زمانہ میں ضرورت ہوگی اور دوسرا مدرسہ سخت حاجتمند ہے تو بایں صورت بعض فقہاء نے دوسرے مدرسہ میں صرف کرنے کی اجازت دی ہے۔ البتہ احوط طریقہ یہ ہے کہ معطی کے ساتھ رابطہ ہو سکتا ہے تو اس سے اجازت حاصل کر لے پھر دوسرے مدرسہ میں خرچ کرے۔

فتاویٰ محمودیہ میں ہے:

جس جگہ خرچ کرنے کے لیے وہ روپیہ دیا ہے اسی جگہ خرچ کرنا لازم ہے اگر دوسری جگہ خرچ کر دیا تو ضمان لازم ہوگا اس لیے کہ متولی امین اور وکیل ہے معطی کی تصریح کے خلاف خرچ کرنے کا اس کو حق

نہیں۔(فتاوی محمودیہ:۱۵/۴۷۴،فاروقیہ)۔

نیز مرقوم ہے چندہ دینے والوں کو اگر یہ منظور ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں تو ایسا کرنا شرعاً درست ہے۔(فتاوی محمودیہ:۱۵/۴۷۴،فاروقیہ)۔

فتاوی دار العلوم دیوبند میں ہے:

جن لوگوں نے اپنی جائداد یا روپیہ نقد مسجد کو دیا ہے اگر وقف کے وقت انہوں نے یہ شرط لگائی تھی کہ جو روپیہ مسجد کے خرچ سے زائد ہو وہ کسی اسلامی مدرسہ میں یا اور کسی مصرفِ خیر میں صرف کیا جائے تب تو یہ زائد روپیہ مدرسہ پر صرف ہوسکتا ہے خواہ اس وقت وقف کرنے والے اس پر آمادہ بھی نہ ہوں یا اگر وقف کرنے والوں نے بوقتِ وقف یہ شرط کرلی ہو کہ ہمیں اس جائداد اور روپیہ میں مصرف بدلنے کا اختیار حاصل رہے گا تب بھی واقفین اپنے اختیار سے دوسری جگہ خواہ مدرسہ میں یا کسی اور جگہ صرف کرسکتے ہیں،اور اگر بوقت وقف ان دونوں شرطوں میں سے کوئی شرط نہیں کی گئی تو پھر مسجد کا فاضل روپیہ کسی مدرسہ پر خرچ کرنا کسی طرح جائز نہیں۔البتہ کوئی دوسری مسجد اگر محتاج چندہ ہو اس میں بوجہ شدتِ ضرورت جواز کا فتویٰ علی رأی المتأخرین دیا جاسکتا ہے وہ اس وقت کہ جس مسجد کا روپیہ ہے اس کو نہ اس وقت حاجت ہو اور نہ آئندہ ایسی حاجت بنظر ظاہر مظنون ہو اور روپیہ جو فاضل جمع ہیں اس کے ضائع ہوجانے کا خطرہ ہو۔(امداد المفتین:۲/۷۶۸،دار الشاعت)۔

واللہ ﷻ اعلم۔

## اساتذۂ مدرسہ کا شرائطِ مدرسہ کے خلاف کرنے کا حکم:

**سوال:** بعض متولی حضرات نے دو اساتذہ کا اپنے مدرسہ میں تقرر کیا اور شرط لگائی کہ صرف دوپہر میں ہمارے مدرسہ میں پڑھائیں گے اور صبح میں کوئی کام نہیں کریں گے،تاکہ دوپہر کے وقت پوری توجہ سے پڑھاسکیں،اوران اساتذہ نے شرط منظور کرلی اس پر متولی حضرات نے ان کی تنخواہ میں ۳۵٪ اضافہ کردیا اس کے بعد وہ اساتذہ بوقت صبح کسی اور جگہ پڑھاتے ہیں،آیا ان کا یہ فعل درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ شرائط مدرسہ منظور کرنے کے بعد اس کی خلاف ورزی کرنا ناجائز ہے حتی

الامکان شرائط مدرسہ کی پابندی کرنی چاہئے اس لیے دونوں اساتذہ خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے مجرم ٹھہرے اب متولی حضرات کوحق ہے کہ ان کو بوقت صبح پڑھانے سے روکدے یا تنخواہ میں کمی کردے، ہاں اگر دوپہر کے وقت پڑھانے میں کوئی کوتاہی وغیرہ نہیں ہوتی بڑی دلچسپی اور جانفشانی کیساتھ تعلیم میں توجہ دیتے ہیں تو پھر متولی حضرات کو بوقت صبح پڑھانے کی اجازت دینی چاہئے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿**يا أيها الذين آمنوا أوفوا بالعقود**﴾. (سورة المائدة، الآية: ۱).

اے ایمان والوں وعدوں کو پورا کرو۔

امام ابوبکر جصاص رازیؒ نے اس آیت کے ذیل میں حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ مجاہد ابن جریج ابوعبیدہ اور متعدد لوگوں سے نقل کیا ہے کہ عقود سے مراد عہود یعنی معاہدات اور وعدے ہیں، ظاہر ہے کہ جائز شرطیں بھی عہد کے قبیل سے ہیں، خود جصاص نے آگے چل کر لکھا ہے کہ۔ **وكذلك كل شرط شرطه إنسان على نفسه في شيء يعمله في المستقبل فهو عقد.**

مستقبل میں کیے جانے والے افعال کی بابت اپنے آپ پر انسان جو بھی شرط عائد کرلے وہ عقد ہے پھر آگے اس بات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہ اس آیت کا تقاضہ کیا ہے فرماتے ہیں:

**وهو عموم في إيجاب الوفاء بجميع مايشترط الإنسان على نفسه مالم تقم دلالة تخصصه.** انسان اپنے آپ پر جو شرطیں عائد کرلے یہ آیت ان تمام کی بابت ایفاء اور تکمیل کو واجب قرار دیتی ہے سوائے اس کے کہ کوئی ایسی دلیل موجود ہو جو اس میں تخصیص کا تقاضہ کرتی ہو۔

اسی طرح کا مضمون قرآن مجید نے دوسری جگہ اس طرح ارشاد فرمایا ہے۔ **وأوفوا بالعهد.** اللہ کے عہد کو پورا کرو۔

مفسر قرطبیؒ اس کے ذیل میں لکھتے ہیں: **لفظ عام لجميع ما يعقد باللسان ويلتزمه الإنسان من بيع أو صلة أو مواثقة في أمر موافق للديانة.** عقد ان تمام باتوں کو عام ہے جو زبان سے طے کی جائیں اور جسے انسان اپنے اوپر لازم کرلے خرید وفروخت ہو یا صلہ رحمی یا کسی بھی ایسے معاملہ میں معاہدہ ہو جو دین کے موافق ہو۔ (مستفاد از جدید فقہی مسائل: ۳/ ۳۷).

نیز شرط قبول کرنے کی وجہ سے اساتذہ اجیر خاص ہیں اور اجیر خاص کے لیے دوسری جگہ کام کرنا درست نہیں۔

درمختار میں ہے:

والثاني وهو الأجير الخاص ويسمى أجير وحد وهو يعمل لواحد عملاً موقتاً بالتخصيص ويستحق الأجر بتسليم نفسه في المدة وإن لم يعمل كمن استوجر شهراً للخدمة أو شهراً لرعي الغنم المسمى بأجر مسمى، بخلاف ما لو آجر المدة بأن استاجره للرعي شهراً حيث يكون مشتركاً إلا إذا شرط أن لايخدم غيره ولايرعى لغيره فيكون خاصاً وتحقيقه في الدرر: وليس للخاص أن يعمل لغيره ولو عمل نقص من أجرته بقدر ما عمل.(قوله وتحقيقه في الدرر) ونصه اعلم أن الأجير للخدمة أولرعي الغنم إنما يكون أجيراً خاصاً إذا شرط عليه إلا يخدم غيره أولايرعى لغيره أوذكر المدة أولا.(قوله وليس للخاص أن يعمل لغيره) بل ولا أن يصلي النافلة . (الدرالمختارمع الشامي: ٦/٦٩، ٧٠). واللہ ﷻ اعلم۔

## مدرسہ کے لیے مکان وقف کرنے کا حکم:

**سوال:** ایک شخص نے اپنی زمین میں برائے وقف مکان بنایا اور یہ شرط لگائی کہ میرے بعد یہ مکان برائے مدرسہ وقف ہے فلان استاذ اس میں رہیگا، اب اگر اس مکان میں کوئی اور استاذ رہے تو شرعاً درست ہے یا نہیں؟ اور واقف کو شرعاً اعتراض کا حق ہے یا نہیں؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ بنگاہِ شریعت واقف کی شرائط کا اعتبار کیا جائیگا، لہذا جس استاذ کے متعلق واقف نے تصریح کی ہے اسی استاذ کو مکان میں ٹھہرانا ضروری ہے اور اگر کسی دوسرے استاذ کو اس مکان میں ٹھہرایا تو واقف اس پر اعتراض کرسکتا ہے، ہاں اگر واقف نے بعد میں عام اجازت دیدی ہو تو پھر دوسرے کو ٹھہرانا بھی جائز اور درست ہے۔

قانون العدل والانصاف میں ہے:

**کل شرط لایخل بحکم الوقف ولایوجب فساده فهوجائز معتبر... شرط الواقف المعتبر کنص الشارع فی الفهم والدلالة ووجوب العمل به .** (قانون العدل والانصاف،۷٤۔۷۵،الفصل الاول فی الشرط علی العموم ).

**وفی الدرالمختار: شرط الواقف کنص الشارع أی فی المفهوم والدلالة ووجوب العمل به فیجب علیه خدمة وظیفته أوترکها لمن یعمل وإلا أثم لا سیما فیما یلزم بترکها تعطیل الکل، وفی الشامیة: وبه صرح فی الخیریة أیضاً أی فإذا قال وقفت علی أولادی الذکور یصرف إلی الذکورمنهم بحکم المنطوق .** (الدرالمختارمع فتاوی الشامی:٤/٤٣٣،سعید).

فتاویٰ شامی میں ہے:

**شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع وهومالک فله أی یجعله ماله حیث شاء مالم یکن معصیة وله أن یخص صنفاً من الفقراء .** (فتاوی الشامی:٤/٣٤٣).

مجموعہ قوانین اسلامی میں ہے:

واقف کی شرائط کی حیثیت نص جلی کی ہے اس لیے وقف سے استفادہ اوروقف کے انتظامات واقف کی شرطوں کے مطابق انجام پائیں گے۔ (مجموعہ قوانین اسلامی۔ص۳۵۴). واللہ ﷻ اعلم۔

## بعد تکمیل وقف شرط لگانے کا حکم:

**سوال:** اگر واقف نے وقف کرتے وقت کوئی شرط نہیں لگائی بعد میں اس نے زبانی کہا کہ موقوفہ مکان میں فلاں استاذ صاحب رہیں گے، تو یہ شرط لازم ہوگی یانہیں؟ یامشورہ کے درجہ میں ہوگی؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ واقف کا بعد میں شرط لگانا مشورہ کے درجہ میں ہے جس پر عمل پیرا ہونا اربابِ مدرسہ پر لازم اور ضروری نہیں ہے، واقف کو تبدیلِ شرائط کا اختیار اسی وقت ہوتا ہے جب اس نے اپنے لیے شرائط نامہ وقف میں اختیار باقی رکھا ہو ورنہ تبدیلی واضافہ کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

قال فی الدرالمختار: ولکن یجوز الرجوع عن الموقوف علیه المشروط ...وفی الشامیة: وفی الإسعاف لا یجوزله أن یفعل إلا ما شرط وقت العقد، وفیه لوشرط في وقفه أن یزید في وظیفة من یری زیادته أوینقص من وظیفته من یری نقصانه أویدخل معهم من یری إدخاله أویخرج من یری إخراجه جاز ثم إذا فعل ذلک لیس له أن یغیره لأن شرطه وقع علی فعل یراه فإذا رآه وأمضاه فقد انتهی مارآه، وفی الفتاوی الشیخ قاسم وماکان من شرط معتبر فی الوقف فلیس للواقف تغییره ولاتخصیصه بعد تقرره ولا سیما بعد الحکم.

(الدرالمختار مع الشامی: ٤/٤٥٩، سعید).

عالمگیری میں ہے:

وإذا قال أرضي صدقة موقوفة للّٰه تعالیٰ أبداً علی أن أضع غلتهاحیث شئت جاز وله أن یضع غلتها حیث شاء فإن وضع فی المساکین أوفی الحج أوفي إنسان بعینه فلیس له أن یرجع عنه. (الفتاوی الهندیة: ٢/٤٠٢).

قانون العدل والانصاف میں ہے:

إذاکان الوقف مرسلاً لم یشترط الواقف فیه الاستبدال لنفسه ولا لغیره فلیس له بیعه واستبداله. (قانون العدل، ٩٨، مادة ١٣٣). واللہ ﷻ اعلم۔

## موقوفہ زمین پر تعمیر مکان کا حکم:

**سوال:** اگر زمین مدرسہ کی ہے اور کسی شخص نے بنیت وقف مکان بنایا تو یہ مکان وقف ہوگا یا نہیں؟ اگر واقف بعد میں کسی استاذ کو اس مکان میں ٹھہرانا چاہے تو واقف اولیٰ ہوگا یا مدرسہ کے ذمہ دار زیادہ حقدار ہوں گے؟

**الجواب:** بصورتِ مسئولہ جب زمین مدرسہ کی ہے تو مکان زمین کا تابع ہوا اور اس میں مدرسہ کے متولی کی بات چلیگی، عمارت کے واقف کی بات نہیں چلیگی۔

ملاحظہ فرمائیں البحر الرائق میں ہے:

وفي المجتبى لايجوز وقف البناء بدون الأصل هو المختار وفي الفتاوى السراجية : سئل هل يجوز وقف البناء والغرس دون الأرض؟ أجاب، الفتوىٰ على صحة ذلك، وظاهره أنه لافرق بين أن يكون الأرض ملكاً أو وقفاً...قال في الظهرية:... وإن كانت(الشجرة) في أرض موقوفة فوقفها على تلك الجهة جاز كما في البناء .(البحرالرائق:٥/٢٠٤).

معین الحکام میں ہے:

وإذا كان أصل القرية وقفاً على جهة قرية فبنى عليها رجل بناء ووقف بنائها على جهة قرية أخرى اختلفوا فيه فأما إذا وقف البناء على جهة القرية التي كانت البقعة وقفاً عليها فيجوز بالإجماع ويصير وقفاً تبعاً للقرية هذا هو الذي استقرعليه فتاوى أئمة خوارزم. (معين الحكام مع لسان الحكام: ٢٩٤، الفصل العاشرفي الوقف).

امدادالفتاوی میں ایک سوال کے جواب فرماتے ہیں: سوال کاعنوان یہ ہے ''وقف شدن بناتبعاً للارض وتابع شدنش در جمیع احکام''

صورتِ مسئولہ میں یہ سب مکانات وقف ہوگئے البتہ اگران کا استثناء ہوتا تو وقف نہ ہوتے لیکن اب وقف ہونے میں کوئی اور جب تبعاً للارض وقف ہیں تو شرائط مصارف میں بھی ارض کے تابع ہیں مثلاً ارض موقوفہ کے منافع اگر کسی مدرسہ یا مسجد یا مساکین وغیرہم کے متعلق ہوں تو ان مکانات کو بھی کرایہ پر دیکران کی آمدنی ان ہی مصارف میں صرف کی جاوے گی۔(امدادالفتاوی:۲/۶۰۷).

معلوم ہوا کہ مدرسہ کی موقوفہ زمین اربابِ مدرسہ کی تحویل میں ہے اس میں ان کی مرضی چلتی ہے، لہذا موقوفہ مکان میں بھی ان کی مرضی چلیگی، اس وجہ سے مکان اربابِ مدرسہ کی تحویل میں دیدیا جائے، کیونکہ مکان زمین کے تابع ہے بایں وجہ واقف کی یہ شرط معتبر نہیں ہوگی کہ اس مکان میں فلان آدمی رہیگا، چنانچہ اگر زمین مدرسہ کے طلبہ کے لیے وقف ہواور اس میں کوئی درخت لگا کر مسافریں کے لیے وقف کردے تو یہ درست نہیں

ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## وقتی ضرورت ختم ہونے پر واپسی کا حکم:

**سوال:** ایک صاحب نے لڑکیوں کے مدرسہ کے لیے ایک زمین وقف کی، پھر اس مدرسہ کے راستے کی ضروت کی وجہ سے اور ایک پلاٹ دیدیا بعد میں معلوم ہوا کہ مدرسہ کے لیے وہ دوسرا پلاٹ ضروری نہیں، یہ معلوم کرنا ہے کہ وہ دوسرا پلاٹ ''جس کا نمبر اور حدود الگ تھی'' وقف ہوگیا یا نہیں؟ اور اب اس کو واپس کر سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب:** مدرسہ کی ضرورت کی وجہ سے اگر پلاٹ مدرسہ کو سپرد کر کے دیدیا اور یہ الفاظ کہے کہ میں نے یہ پلاٹ مدرسہ کو دیدیا تو مدرسہ کی تملیک ہوگئی اب اس کو واپس نہیں لے سکتا: **ولو قال: وهبت داري لمسجد أو أعطيتها له صح ويكون تمليكاً فيشترط التسليم كما لوقال:وقفت الخ.** (الفتاوى الهندية:٢/ ٤٦٠، وكذا في الفتاوى التاتارخانية:٥/ ٨٥٣).

اور اگر اس نے وقف کے الفاظ کہے ہوتو پھر بھی اس پلاٹ کو واپس نہیں لے سکتا۔

علامہ شامیؒ تحریر فرماتے ہیں:

**وجعله أبويوسفؒ كالإعتاق فلذلك لم يشترط القبض والإفراز أى فيلزم عنده بمجرد القول كالإعتاق بجامع إسقاط الملك.** (فتاوى الشامي : ٤/ ٣٤٩).

**والأخذ بقول الثاني أحوط وأسهل بحر، وفى الدرر وصدرالشريعة وبه يفتىٰ وأقره المصنفؒ.** (الدرالمختار:٤/ ٣٥١، كتاب الوقف، سعيد).

ان عبارات سے روزِ روشن کی طرح واضح ہوگیا کہ وقف میں مفتیٰ بہ قول کے موافق متولی کو قبضہ دینا اور وقف کی زمین کو علیحدہ کرنا ضروری نہیں، وقف مکمل ہونے کے بعد اس کو قیمۃً بیچنا تو بالکل ممنوع ہے، ہاں زمین کو زمین سے تبدیل کرنے کی گنجائش بعض صورتوں میں نکلتی ہے، صورتِ مسئولہ میں گنجائش والی صورت نہیں پائی جاتی۔

**اعلم أن الاستبدال على ثلاثة وجوه:ـ الأول أن يشترطه الواقف لنفسه أولغيره أولنفسه وغيره فالاستبدال فيه جائزعلى الصحيح، وقيل اتفاقاً. والثاني: أن لا يشترطه سواء شرط عدمه أوسكت لكن صار بحيث لاينتفع به بالكلية بأن لايحصل منه شيء أصلاً أولايفي مؤنته فهو أيضاً جائزعلى الأصح إذا كان بإذن القاضي ورأيه المصلحة فيه. والثالث: أن لايشترطه أيضاً ولكن فيه نفع في الجملة وبدله خيرمنه ريعاً ونفعاً وهذا لايجوزاستبداله على الأصح المختار.** (فتاوی الشامی: ٤/ ٣٨٤، سعید).

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ وقف کو تبدیل کرنے کی تین صورتیں ہیں:

(۱) واقف پہلے سے اپنے لیے یا کسی اور کے لیے یہ شرط لگادے کہ اس کو فلاں وقف کی تبدیلی کا اختیار ہوگا۔

(۲) یا وقف بالکل بیکار ہوگیا جس سے کسی قسم کا فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا، یا وہ اپنا خرچہ بھی پورا نہیں کرسکتا، تو وہ قاضی کے حکم سے تبدیل ہوسکتا ہے۔

(۳) تبدیلی کی شرط تو نہیں لگائی لیکن اس کا بدل اس سے بہتر ہے، یعنی بدل کا فائدہ زیادہ ہے تو اس صورت میں تبدیل کرنا جائز نہیں۔ گزشتہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ اس وقف شدہ پلاٹ کو واپس کرنا یا تبدیل کرنا یا فروخت کرنا جائز نہیں بلکہ یہ بدستور مدرسہ کی ملکیت میں رہیگا۔

یادرہے کہ وقتی ضرورت ختم ہونے سے وقف ختم نہیں ہوتا۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مدرسہ کی زمین کو دوسرے کام میں استعمال کرنے کا حکم:

**سوال:** اگر کسی نے زمین مدرسہ کے لیے وقف کردی تو اس کے ایک حصہ پر مسجد یا قبرستان بنانا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب:** زمین موقوفہ برائے مدرسہ میں واقف کی نیت پہلے ہی سے تعمیر مسجد کی ہوتی ہے، کیونکہ مدرسہ میں عام طور پر مسجد ہوتی ہے، بلکہ مسجد کا ہونا ضروری ہوتا ہے، لہذا مسجد بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ہاں

قبرستان بنانا ہوتو اس میں علماء کے تین اقوال ہیں: (۱) عدم جواز (۲) جواز (۳) جواز بصورتِ کرایہ یعنی قبرستان کی طرف سے مدرسہ کو کچھ ماہانہ کرایہ دیدیا جائے، اور یہ صورت بہتر ہے۔

جدید فقہی مباحث جلد ۱۲ میں یہ مسئلہ بعنوان ''مسجد یا قبرستان کی زائد اراضی میں درسگاہ کا قیام'' بالتفصیل مذکور ہے۔

مختصر خلاصہ حسب ذیل ہے:

اس مسئلہ میں علماء کے تین اقوال ہیں: عدم جواز، جواز، جواز بصورتِ کرایہ یعنی مدرسہ پر کچھ کرایہ لازم کیا جائے اور اس کو مسجد کی ضروریات میں صرف کرلے۔ (قائلین جواز نے بھی کرایہ والی صورت کو بہتر قرار دیا ہے)۔

قائلین عدم جواز کے دلائل ملاحظہ ہو:

(۱) **شرط الواقف كنص الشارع**. (شامی).

(۲) **الصرف هو إلى ما هو أقرب إلى العمارة كالإمام ونحوه إنما هو فيما إذا لم يكن الوقف معيناً على جماعة معلومين كالمسجد والمدرسة**. (شامی).

(۳) **وظاهره أنه لايجوز صرف وقف مسجد خرب إلى حوض وعكسه وفي شرح الملتقى يصرف وقفها لأقرب مجانس لها**. (شامی).

مزید ملاحظہ ہو: (عالمگیری: ۲/ ۳٦٤).

قائلین جواز کے دلائل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) **لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم عليها مسجداً لم أر بذلک بأساً وذلک لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين ...فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد لأن المسجد أيضاً وقف من أوقاف المسلمين**. (عمدة القاری: ۳/ ٤۳٥، باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد، ملتان).

معارف السنن میں ہے:

**قال الراقم: ومما تبين لي بعد فحص وبحث كثير أنه إذا اجتمعت أموال كثيرة تزيد على إعادة بناء المسجد إن احتيج إليه فيجوز صرف الزائد إلى إنشاء مدرسة ونشر علم وإن لم يكن من شرط الواقف.** (معارف السنن: ۳/۳۰۱).

مزید ملاحظہ ہو: (فتاوی رحیمیہ: ۲/۱۸۷، وامداد الفتاوی: ۲/۵۷۹، واحسن الفتاوی: ۶/۴۰۹، وکفایت المفتی: ۷/۱۰۰).

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے:

**ليس للقيم أن يسكن فيها أحد بغير أجر.** (الفتاوى التاتارخانية: ۵/۷۴۹).

مزید دیکھو: (جدید فقہی مباحث: ج ۱۲، وفتاوی محمودیہ: ۱۷/۲۳۱، و۱۸/۲۲۰). واللہ ﷻ اعلم۔

## مدارس میں سالانہ جلسہ کرنے کا حکم:

**سوال:** مدارس یا مکاتب میں سالانہ جلسہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اس میں طلبہ کو انعام وغیرہ دینے کا کیا حکم ہے؟

**الجواب:** مدارس یا مکاتب میں سالانہ جلسہ کرنا جائز ہے، لیکن یہ شرط ہے کہ اس میں خلافِ شریعت افعال نہ ہو، اور عورتوں مردوں کا اختلاط نہ ہو، اور بالغ لڑکیاں یا مراہق لڑکیاں مردوں کے سامنے نظمیں وغیرہ نہ پڑھیں، اگر حدودِ شریعت کی رعایت کی جائے تو یہ سلسلہ مفید ہے اس کی وجہ سے بچوں میں شوق پیدا ہوتا ہے اور ان کے والدین میں بچوں کو دین کی طرف لانے کی رغبت ہوتی ہے، اور بچوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے، مدارس کے سالانہ جلسوں کا بھی یہی مقصد ہوتا ہے، جو آج تک ہمارے مدارس میں ہوتے رہتے ہیں، نیز ختم بخاری شریف وغیرہ بھی مدارس میں لوگوں کو دین کے قریب لانے کے لیے ہوتا ہے، الغرض اس مجلس میں لوگوں کے کانوں میں بچوں کی حسن کارکردگی کے علاوہ دین کی باتیں بھی پڑ جائیں گی۔

(۲) اگر بچوں کو انعام میں کوئی ایسی چیز نہ دی جائے جو باتصویر ہو یعنی اس میں ذی روح کی تصویر نہ ہو تو انعام دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مطبخِ مدرسہ سے کھانا لے جانے کا حکم:

**سوال:** (الف) ایک طالب علم نے مطبخ میں کھانا کھالیا اس کے باوجود روٹی کمرے میں لے گیا یہ درست ہے یا نہیں؟ (باء) مطبخ میں کھانا نہ کھائے تو روٹی کمرے میں لے جانا درست ہے یا نہیں؟

(ج) مطبخ سے مکھن وغیرہ کمرے میں لانا درست ہے؟ جب کہ کمرے میں کھانے والوں میں بعض وہ ہیں جنہوں نے مطبخ میں ناشتہ نہیں کیا اور بعض نے کیا ہے۔

**الجواب:** ان تمام کا تعلق امورِ انتظامیہ کے ساتھ ہے اور مدرسہ کا نظام یہ ہے کہ طلبہ ایک ساتھ بیٹھ کر مطبخ میں کھانا کھالیں اور عام طور پر دفترِ اہتمام کی طرف سے کمروں میں لے جانے کی اجازت نہیں ہوتی، ہاں اگر بیمار ہے یا کوئی اور عذر ہے تو دفترِ اہتمام سے پرچی حاصل کر کے کمرے میں کھانا لا سکتے ہیں، لیکن اگر پرچی لینا مشکل ہے مثلاً دفتر بند ہے یا کوئی اور عذر ہے تو مطبخ کے ذمہ دار حضرات کی اجازت سے لے جا سکتے ہیں، نیز اگر کسی طالب علم نے کھانا نہیں کھایا اور مطبخ والوں کی اجازت سے صرف بریڈ اپنے حصہ کے بقدر لے لی جائے تو گنجائش ہے۔ بہر حال حتی الامکان قوانین مدرسہ کی پابندی ہر طالبِ علم کے لیے بے حد ضروری ہے کیونکہ قوانین پر دستخط کر کے خود اس نے عہد و پیمان لیا ہے، اور عہد و پیمان وشروط کی رعایت احادیثِ طیبہ سے ثابت ہے بخاری شریف کی روایت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "**المسلمون عند شروطهم**" نیز عملی لائن میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح حدیبیہ کے موقع پر پابندی فرمائی اور صحابہ ﷺ کو بھی اس کی تلقین فرمائی۔ واللہ ﷻ اعلم۔

## مدارس میں گھنٹی بجانے کا حکم:

**سوال:** مدارسِ اسلامیہ میں طلبہ کے لیے گھنٹوں کی تبدیلی اور ابتدائے وقت وانتہاء کے لیے گھنٹی بجانا درست ہے یا نہیں؟ بعض حضرات اشکال کرتے ہیں کہ بموائے حدیث یہ جائز نہیں ہے؟

**الجواب:** بغرضِ صحیح گھنٹی کا استعمال جائز اور درست ہے، چنانچہ مدارسِ دینیہ اسلامیہ میں طلبہ کے اوقات اور گھنٹوں کی تبدیلی اور دیگر امور کے لیے بجانا غرضِ صحیح میں داخل ہے۔ جیسے آلہ مکبر الصوت مساجد وغیرہ میں محض آواز پہنچانے کی خاطر برابر استعمال ہوتا ہے۔

اور حدیث میں ممانعت آئی ہے، علماء نے اس کی مختلف توجیہات بیان فرمائی ہیں۔

ملاحظہ ہو حدیث شریف میں ہے:

**عن أبی هريرة ﷺ قال : إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لاتصحب الملائكة رفقة فيها كلب ولاجرس . وفي رواية له عن أبي هريرة ﷺ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: الجرس مزامير الشيطان.** (رواهما مسلم:۲/۲۰۲).

مفتی محمد تقی صاحب فرماتے ہیں:

**وقال شيخ مشايخنا السهارنبوريؒ فی بذل المجهود: (۱۲/۵۳) "وهذا (أی كراهة الكلب والجرس ) إذا خليا عن المنفعة وأما ما احتيج إليه منهما فمرخص فيه" والذي يظهر لهذا العبد الضعيف عفا الله عنه أن الكراهة المذكورة فی الحديث إنما تنصرف إلى كلب وجرس قصد منهما اللهو والغنا كما كان يعتاده بعض أهل القوافل ويدل عليه قوله عليه الصلاة والسلام فی الرواية الآتية "الجرس مزامير الشيطان" أما الكلب إذا كان للحراسة والتحرز من اللصوص فهو مرخص فيه ككلب زرع وماشية وكذلک الجرس إذا كان لمقصود مباح فلا بأس به.** (تكملة فتح الملهم:٤/٤٧٩).

عالمگیری میں ہے:

**اختلف العلماء في كراهة تعليق الجرس على الدواب فمنهم من قال بكراهته فی الأسفار كلها الغزو وغيره في ذلک سواء...قال محمدؒ: فأما ما كان فيه منفعة لصاحب الراحلة فلا بأس به، قال وفی الجرس منافع جمة منها: إذا ضل واحد من القافلة يلحق بها بصوت الجرس ومنها: أن صوت الجرس يبعد هوام الليل عن القافلة كالذئب وغيره ومنها:**

أن صوت الجرس يزيد في نشاط الدواب فهو نظير الحداء كذا فی المحيط. (الفتاوی الهندية: ٥/٣٥٤).

نفع المفتی والسائل میں ہے:

الاستفسار: تعليق القلادة التي فيها الأجراس، الجلاجل في عنق الفرس، كما تروج في بلادنا هل يجوز؟

الاستبشار: لايجوز. في "مطالب المؤمنين" قال محمدؒ: إذا كان في دار الإسلام منفعة لصاحب الراحلة فلا بأس بالجرس.

وفی الجرس منافع:

منها: إذا ضل واحد من القافلة يلتحق بصوت الجرس.

ومنها: أن صوت الجرس يبعد هوام الليل.

ومنها: أنه يزيد في نشاط الدواب. كذا فی "متفرقات استحسان المحيط"

وان جعل الأجراس في غير الإبل، والحمار الذی يحمل عليه الأثقال لا أحب أن يفعل ذلك؛ لمكان النهی.

سئل علی بن أحمد عن القلادة التی فيها الأجراس تجعل على عنق الفرس، هل يجوز، كما هو العادة فی بلادنا؟

قال: نعم؛ كذا أجاب أبو حامد.

وسألت والدی عن هذا فقال: لايجوز؛ لأنه لامنفعة فيه، كذا فی "اليتيمية". انتهى.

(نفع المفتی والسائل، ص ٩٤١، ٩٤٢، بيروت).

حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں فرماتے ہیں:

(قوله مثل صلصلة الجرس) وفي رواية مسلم "في مثل صلصلة الجرس" والصلصلة في الأصل صوت وقوع الحديد بعضه على بعض، ثم أطلق على كل صوت له

**طنين، ... والجرس الجلجل الذي يعلق في رؤس الدواب، ...فإن قيل المحمود لايشبه بالمذموم ، إذ حقيقة التشبيه إلحاق ناقص بكامل، والمشبه الوحي وهومحمود، والمشبه به صوت الجرس وهو مذموم لصحة النهي عنه ، والتنفيرمن مرافقة ماهو معلق فيه والإعلام بأنه لاتصحبهم الملائكة ،كما أخرجه مسلم وأبو داؤد وغيرهما، فكيف يشبه مافعله الملك بأمر تنفر منه الملائكة ؟ والجواب : أنه لايلزم في التشبيه تساوی المشبه بالمشبه به في الصفات كلها، بل ولا في أخص وصف له ، بل يكفي اشتراكهما في صفة ما، فالمقصود هنا بيان الجنس ، فذكر ما ألف السامعون سماعه تقريباً لافهامهم ، والحاصل أن الصوت له جهتان: جهة قوة وجهة طنين، فمن حيث القوة وقع التشبيه به، ومن حيث الطرب وقع التنفير عنه وعلل بكونه مزمار الشيطان.** (فتح الباری:۱/ ۲۰).

امداد الفتاوی میں ہے:

سوال: مساجد میں گھنٹہ دار گھڑی لگانا جیسا کہ عموماً رواج ہوتا جاتا ہے، بوجہ عدم نقل سلف وفی الجملہ مشابہت آوازِ جرس کچھ مکروہ نہیں؟

الجواب: خلافِ اولیٰ کہنے کی تو گنجائش ہے لیکن ناجائز نہیں کہہ سکتے ہیں کیونکہ یہ وہ جرس ممنوع نہیں بلکہ آلہ مفیدہ معرفت وقت کا ہے فقہاء نے خود طبل سحر کی اجازت لکھی ہے اور مسجد میں ہونا اس لیے مصلحت ہے کہ وہاں معرفت اوقات نماز کی زیادہ حاجت ہے۔ (امداد الفتاوی:۲/ ۷۱۸). واللہ ﷻ اعلم۔

# مصادر و مراجع
# فتاوی دار العلوم زکریا جلد چہارم


قرآن کریم تنزیل من رب العلمین

## الف

| | | |
|---|---|---|
| إکمال المعلم بفوائدمسلم | ابوالفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض | الریاض |
| اضواء البیان | الشیخ محمد امین الشنقیطی | |
| اتحاف الخیرة المهرة | علامه بوصیری | الریاض |
| اخبارمكة وما جاء فیها من الآثار | علامه محمدبن عبدالله الازرقی | الثقافة الدینیة |
| ازالة الخفاء | الشاه ولی الله المحدث الدهلوی | |
| اکفارالملحدین | مولانا انور شاه کشمیری | |
| اغاثة اللهفان | علامه ابن القیم الجوزیه | |
| اسلامی عدالت | قاضی مجاهد الاسلام | |
| اسلامی فقه | مولانامجیب الله ندوی | |
| امداد الفتاح شرح نور الإیضاح | علامه شرنبلالی | بیروت |
| آپ کے مسائل اور ان کا حل | مولانا محمد یوسف لدهیانویؒ شهادت ۱۴۲۱ | مکتبه لدهیانوی |
| الأبواب والتراجم | حضرت شیخ محمد زکریاؒ | سعید کمپنی |
| الاختیار لتعلیل المختار | عبد الله بن محمود الموصلی | بیروت |
| الاستذکار | ابن عبد البر | |
| اسنی المطالب | ابو یحیی زکریا الأنصاری | بیروت |
| آلاتِ جدیده کے شرعی احکام | حضرت مفتی محمد شفیع صاحب | کراچی |
| إعانة الطالبین | ابوبکر عثمان بن محمد | التوفیقیة |
| ابوداود شریف | حافظ سلیمان بن اشعث ابو داود سجستانیؒ و ۲۰۲ ت ۲۷۵ | کتب خانه مرکز علم کراچی |
| احسن الفتاوی | حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب | ایچ ایم سعید کمپنی |

احکام الاوقاف امام ابی بکر احمد بن عمرو الشیبانی المعروف بالخصاف ت ۲٦۱ھ، دار الکتب العلمیة بیروت
احکام القرآن ابو بکر محمد بن عبد اللّٰہ ابن عربی دار الفکر
اوجز المسالك شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا المهاجر المدنیؒ مکتبہ امدادیہ ملتان
الاصابة فی تمییز الصحابہ حافظ ابن حجرؒ
امداد الفتاوی حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی مکتبہ دار العلوم کراچی
الاذکار ابو زکریا محی الدین بن شرف النووی و ٦۳۱ت ٦۷٦ دار العربیہ بیروت
احیاء علوم الدین امام ابو حامد محمد بن محمد الغزالی ت ۵۰۵ دار الفکر
ابن ماجہ شریف ابو عبد اللّٰہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینیؒ و ۲۰۹ ت ۲۷۳ قدیمی کتب خانہ
امداد الاحکام حضرت مولانا ظفر أحمد عثمانی و مفتی عبد الکریم گمتھلویؒ مکتبة دار العلوم کراچی
اسلامی فقہ مولانا مجیب اللّٰہ ندوی لاھور
اعلاء السنن مولانا ظفر احمد عثمانی التھانویؒ ادارة القرآن کراچی
الأشباہ و النظائر زین الدین بن ابراھیم ابن نجیم الحنفی ت ۹۷۰ ادارة القرآن کراچی
امداد المفتین حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ و ۱۳۱٤ ت ۱۳۹٦ دار الاشاعت
انجاح الحاجة حاشیة ابن ماجہ الشیخ عبد الغنی المجددی الدھلوی ۱۲۹۵ قدیمی کتب خانہ
ارشاد الساری الی مناسك الملا علی القاری حسین بن محمد المکی الحنفی بیروت
ارواء الغلیل فی تخریج احادیث بناء السبیل ناصر الدین الالبانی الکمتب الاسلامی
احکام القرآن حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ
احادیث لاتصح سلمان بن صالح الخراشی
اوزان شرعیة حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ
اھم فقھی فیصلے مجاھد الاسلام قاسمی ادارة القرآن
ایضاح المسائل مفتی شبیر مرادآبادی
ایضاح النوادر مفتی شبیر مرادآبادی
اشعة اللمعات شیخ عبدالحق محدث دھلوی مجددیة
احکام القرآن ابوبکر جصاص الرازی سھیل
احکام القرآن علامہ عثمانی ادارة القرآن
استحباب الدعاء بعد الفرائض مولانا عبدالحفیظ مکی صاحب

| | | |
|---|---|---|
| الاشفاق علی احکام الطلاق | علامہ محمد زاہد کوثری م ۱۳۷۱ | سعیدایچ ایم |
| اصول الشاسی | نظام الدین الشاسی | |
| آپ بیتی | حضرت شیخ مولانامحمدزکریا | |
| اسلامی قانون نکاح وطلاق | مولانا یعقوب قاسمی | جامعہ علوم القرآن، گجرات |
| انوارالباری | مولانا سید احمد رضا بجنوری | |

## باء

| | | |
|---|---|---|
| البنایة شرح الهدایة | علامہ عینیؒ | فیصل آباد |
| بخاری شریف | ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل البخاریؒ و ۱۹٤ت ۲۵٦ | فیصل پبلیکیشنز، دیوبند |
| البحرالمحیط | ابو حیان الاندلسی | دارالفکر |
| البحرالعمیق | ابوالبقاء محمدبن احمدالمکی م ۸۵٤ | بیروت |
| بذل المجهود | محدث خلیل احمد سهارنپوریؒ ت ۱۳٤٦ | ندوة العلماء لکھنؤ |
| البدایة و النهایة | حافظ اسماعیل ابن کثیر القرشی الدمشقیؒ ت ۷۷٤ | دار المعرفة |
| بستان العارفین | فقیه ابو اللیث السمرقندی | |
| بهشتی زیور | حکیم الامت مولانا اشرف علی تهانوی | دار الاشاعت |
| بیان القرآن | حکیم الامت مولانا اشرف علی تهانوی | |
| بدایة المجتهد | ابو الولید محمد بن احمد القرطبی | دار نشر الکتب |
| البجیرمی علی الخطیب | شیخ سلیمان بن محمد | التوفیقیة |
| البحر الرائق | شیخ زین الدین ابن نجیم مصری | المکتبة الماجدیة |
| بلوغ المرام | حافظ ابن حجر العسقلانیؒ | |
| بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع | علاء الدین أبوبکر بن مسعود الکاسانی ت۵۸۷ | سعید کمپنی |
| بریقة محمودیة فی شرح طریقة المحمدیة | عبد الغنی بن اسماعیل النابلسی | |
| بوادر النوادر | حکیم الامت مولانا اشرف علی تهانویؒ | اداره اسلامیات |
| بغیة الالمعی فی تخریج الزیلعی | الشیخ محمد عوامة | |

## تاء

| | | |
|---|---|---|
| تیسیرالکریم الرحمن فی تفسیرکلام المنان | الشیخ عبدالرحمن بن ناصرالسعدی | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تفسیر الکشاف | علامہ زمخشریؒ | | |
| تفسیر قرطبی | محمد بن احمد الانصاری القرطبیؒ | | دار الکتب العلمیة |
| تهذیب التهذیب | ابو الفضل احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ ت ۸۵۲ | | دار الکتب العلمیة بیروت |
| تحفة الأحوذی | ابو العلی محمد بن عبد الرحمن مبارکپوریؒ و ۱۲۸۳ ت ۱۲۵۳ | | دار الفکر |
| ترمذی شریف | ابو عیسی محمد بن عیسی بن سورة الترمذیؒ و ۲۰۹ ت ۲۷۹ | | فیصل پبلیکیشنز،دیوبند |
| التاج والإکلیل لمختصر الخلیل | محمدبن یوسف المالکی الغرناطی م ۸۹۷ | | موقع الإسلام |
| تعلیق الألبانی علی الترمذی و ابی داؤد وابن ماجه و صحیح ابن خزیمه | محمد ناصر الدین الألبانی | | المکتب الاسلامی |
| التعلیق الممجد | علامه عبد الحی لکهنوی بتحقیق الدکتور تقی الدین ندوی | | دمشق |
| تهذیب الکمال | حافظ جمال الدین ابو الحجاج یوسف المزّی و ٦٥٤ ت ٧٤٢ | | مؤسسة الرسالة |
| تقریب التهذیب | احمد بن علی بن حجر العسقلانی و ۷۷۳ ت ۸۵۲ | | دار نشر الکتب الاسلامیة |
| تحریر تقریب التهذیب | الدکتور بشار عواد معروف والشیخ شعیب الرنؤوط | | موسسة الرسالة بیروت |
| تحفة الاخیاربترتیب مشکل الآثار | امام طحاوی | | |
| التصحیح والترجیح | علامه قاسم بن قطلوبغا | | بیروت |
| التفسیر المنار | السیدمحمد رشید رضا | | |
| تنویر الابصار | علامه شمس الدین محمد بن عبد اللّٰه تمرتاشیؒ ۹۳۹ ت ۱۰۰٤ | | سعید کمپنی |
| تفسیر مظهری (عربی) | قاضی محمد ثناء الله پانی پتیؒ ت ۱۲۲۵ | | بلو چستان بك ڈپو |
| التمهید | ابو عمر یوسف بن عبد الله بن عبد البر النمری و ۳٦۸ ت ٤٦۳ | | مکتبة المؤید |
| تفسیر عثمانی | شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ | | مدینه منوّرة |
| تفسیرحقانی | علامه عبدالحق حقانی | | |
| تفسیرالسمرقندی | فقیه ابو اللیث السمرقندی | | |
| تفسیرابن عطیة | ابن عطیة الاندلسی | | |
| الترغیب و الترهیب | حافظ ذکی الدین عبد العلیم بن عبد القوی المنذری ت ٦٥٦ | | دار احیاء التراث |
| تکملة فتح الملهم | مفتی محمد تقی عثمانی صاحب | | مکتبة دار العلوم کراچی |
| تعلیق الشیخ محمد عوامة علی نصب الرایة | شیخ محمد عوامة | | المکتبة المکیة |
| تعلیق الدکتور بشار عواد علی ابن ماجه | الدکتور بشار عواد معروف | | دار الجیل بیروت |
| تنقیح الفتاوی الحامدیة | سید محمد امین ابن عابدین الشامی | | دار الاشاعة العربیة |

| | | |
|---|---|---|
| تألیفات رشیدیه | حضرت مولانا رشید أحمد گنگوهیؒ ت۱۳۲۳ | اداره اسلامیات لاهور |
| تذکرة الموضاعات | أبو الفضل محمد بن طاهر بن علی المقدسی ت۵۰۷ | میر محمد کتب خانه کراچی |
| تبیین الحقائق | علامه فخر الدین عثمان بن علی الزیلعی | مکتبه امدادیه ملتان |
| تذکرة الرشید | حضرت مولوی محمد عاشق الٰهیؒ | مکتبه عاشقیة |
| تعلیق الألبانی علی مشکوٰة | شیخ ألبانی | المکتبة الاسلامی |
| تعلیق الشیخ محمد عوامه علی المصنف | الشیخ محمد عوامه حفظه اللّٰه و رعاه | المجلس العلمی |
| تقریرات الرافعی | علامه رافعی | سعید کمپنی |
| تفسیر ابن کثیر | حافظ اسماعیل ابن کثیر القرشی الدمشقی ت ۷۷٤ | دارالسلام |
| التحریر فی اصول الفقه | علامه شیخ ابن همام | دار الکتب العلمیة بیروت |
| تحفة الفقهاء | علاء الدین السمرقندی | |
| تاریخ الخلفاء | علامه سیوطی | |
| تحفة الملوك | محمد بن ابی بکر الرازی م ٦٦٦ | |
| تعلیق علی شرح تحفة الملوك | عبدالمجید الدرویش | |
| التجنیس و المزید | صاحب هدایه | بیروت |
| التقریر و التحبیر | شیخ ابن امیر الحاج الحلبی | بیروت |
| تعلیق علی المستدرك | صالح اللحام | |
| تعلیق علی مسند احمد | شعیب الارنؤوط | القاهرة |
| تعلیق علی سنن ابن ماجه | محمد فؤاد عبد الباقی | |
| تلخیص الحبیر | الحافظ ابن حجر عسقلانی | |
| ترتیب المدارك | قاضی عیاض | |
| تلخیص الحاکم | امام ذهبی | |
| التفسیرالمنیر | الدکتور وحبة الزحیلی | |
| تقریرترمذی | مولانامحمدتقی عثمانی | |
| تحفة العلماء | حکیم الامت حضرت مولاناتهانویؒ | |
| تربیت الطالبین | ملفوظات حضرت مفتی محمودصاحبؒ | |
| تین طلاق کاثبوت اسلامی شریعت میں | مولانامحمدشهاب الدین ندوی | |

## ثاء

الثمر الدانی صالح عبد السميع الأزهری دار الفكر
الثقات ابو حاتم محمدابن حبان البستی ت ۳٥٤ـ

## جيم

جواهر الفقه حضرت مفتی محمد شفیع صاحب و ۱۳۱٤،ت۱۳۹٦، مکتبه دار العلوم کراچی
الجامع الصغير جلال الدين بن أبی بكر السيوطی و ۸٤۹ ت ۹۱۱ دار الكتب العلمية بيروت
الجوهر النقی علی هامش السنن الكبرى علاء الدين بن علی بن عثمان الماردينی ابن التركمانی ت٧٤٥ دار المعرفة
جامع الأحاديث جلال الدين عبد الرحمن السيوطی ت۹۱۱ دار الفكر
جامع المسانيد محمدبن محمودالخوارزمی مكة المكرمة
الجوهرة النيرة أبو بكر بن علی بن محمد الحدادی ت ۸۰۰ مکتبة امدادية
جدید فقہی مسائل مولانا خالد سیف اللّٰہ رحمانی کتب خانہ نعیمیہ دیوبند
جدید فقہی مباحث قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ
جواہر الفتاوی مفتی عبدالسلام چاٹگامی، اسلامی کتب خانہ کراچی،
جلالین علامہ سیوطی اورعلامہ محلی
جامع الرموز شمس الدين محمد خراسانی قهستانی المطبعة الكريمة
جامع احكام الصغار علی هامش الفصولين علامه الاستروشنی اسلامی کتب خانہ

## حاء

حاشية مؤطا امام مالك مولانا اشفاق الرحمن كاندهلوی آرام باغ کراچی
حاشية الدسوقی شمس الدين محمد عرفه الدسوقی دار الفكر
حاشية تبيين الحقائق شيخ شبلی امدادیه
حواشی الشيروانی الشروانی وابن قاسم العبادی دار الفكر
حلية الأولياء حافظ أبو نعيم أحمد بن عبد الله الأصفهانی ت ٤۳۰ دار الفكر
حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح علامه السيد أحمد طحطاوی میر محمد کتب خانہ کراچی
حاشية لامع الدراری حضرت شيخ محمد زكرياؒ سعید کمپنی

حاشیة الشرنبلالی علی درر الحکام علامہ شرنبلالی الحنفی و ۹۹۴،ت۱۰۶۹،
حاشیة الهدایة علامہ عبدالحی اللکھنوی و ۱۲۶۴،ت ۱۳۰۴،
حاشیة صحیح البخاری شیخ محدث احمد علی سہارنپوری
حاشیة السندی علی ابن ماجه محمد بن عبد الهادی السندی
حاشیة الترمذی شیخ محدث احمد علی سہارنپوری
حاشیة کنز الدقائق از ملامسکین وعلامہ عینی
حاشیة فیض القدیر احمدعبدالسلام بیروت
حاشیة کتاب الفسخ و التفریق قاضی مجاهد الاسلام قاسمی صاحبؒ
حلال و حرام مولانا خالد سیف اللّٰہ رحمانی
حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار علامہ سید أحمد الطحطاوی و ۱۲۳۱ مکتبة العربیة کوئٹه
حاشیة سنن الدارمی فواز احمد وخالد السبع العلمی قدیمی کتب خانه
الحیلة الناجزة حضرت تھانویؒ
حیاة الصحابه حضرت مولانامحمدیوسفؒ المکتبة التجاریة
حیاة الصحابه (مترجم) حضرت مولانامحمداحسان صاحب
حلال حرام کے احکام (عطرهدایه) حضرت مولانافتح محمدصاحب

## خاء

خیر الفتاوی مولا ناخیر محمدجالندهری و دیگر مفتیانِ خیر المدارس شرکت پرنٹنگ لاهور
خلاصة الفتاوی شیخ طاهربن عبد الرشید البخاری مکتبه رشیدیه کوئٹه
خزانة الفقه فقیه ابو اللیث السمرقندیؒ

## دال

الدرّ المنثور عبد الرحمن جلال الدّین السیوطیؒ و ۸۴۹ت ۹۱۱ دار الفکر
الدر المختار علامه علاء الدین محمد بن علی حصکفیؒ و ۱۰۲۵ت۱۰۸۸ ایچ ایم سعید کمپنی
درر الحکام فی شرح غرر الأحکام قاضی ملا خسرو معارف نظارت جلیلة
درس ترمذی مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کراچی
دین کی باتیں (خلاصه بهشتی زیور) مولانا اشرف علی تھانوی

دلائل النبوة　امام بیهقی　دار الكتب العلمية
دررالحكام شرح مجلة الاحكام　علی حیدر　بیروت
الدرالمنضودفی شرح ابی داؤد　مولانا محمدعاقل صاحب
الدرالثمین　محمدالامین الشنقیطی ت۱۳۹۳　جدة

## راء

روح المعانی　شهاب الدين السيد محمود الآلوسی البغدادیؒ ت۱۲۷　التراث القاهرة
رد المحتار المعروف بالشامی　خاتمة المحققين محمد امين (ابن عابدين الشامی) ت ۱۲۵۲　ایچ ایم سعید کمپنی
رسائل ابن عابدین　علامہ شامیؒ　سهیل اکیڈمی
راہِ سنت　مولانا سرفراز خان صاحب صفدرؒ　مکتبہ صفدریہ
رجم کی شرعی حیثیت　حضرت مفتی محمدشفیع صاحب

## زاء

الزهدوالرقائق　عبدالله بن مباركؒ
زاد المعاد فی هدی خير العباد　شمس الدين أبو عبد الله الزرعی و ۶۹۱ ت۷۵۱　مؤسسه الرسالة

## سین

سلسلة الاحاديث الضعيفة　شيخ محمد ناصر الدين الالبانیؒ　المكتب الاسلامی
سنن الكبرى للنسائی　أحمد بن شعيب النسائی
سير اعلام النبلاء　شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبی و۷۴۸ ت۱۳۷۴　مؤسسة الرسالة
سنن دارمی　عبدالله بن عبد الرحمن الدارمی السمرقندی و ۱۸۱ ت۲۵۵　قدیمی کتب خانه
سنن دارقطنی　حافظ علی بن أبی بكر الدارقطنی و۳۰۶ ت۳۸۵　مكتبة المتبنی القاهرة
السنن الصغرى للبيهقی　امام بیهقی
سنن سعيد بن منصور　سعيد بن منصور الخراسانی ت۲۲۷　الدار السلفية الهند
سنن كبرىٰ　حافظ ابو بكر احمد بن الحسين بن علی البيهقی　دار المعرفة

سعایه علامه لکھنوی سہیل اکیڈمی
سیرتِ مصطفیٰ مولاناادریس صاحبؒ
سلوك واحسان ارشاداتِ فقیه الامت مرتب مفتی فاروق صاحب
السیرة النبویة ابن هشام
سبل السلام محمد بن اسماعیل الصغانی

## شین

شرح النقایة حافظ علی بن محمد سلطان القاری الحنفی ت ۱۰۱٤ سعید کمپنی
شرح الطیبی شرف الدین حسین بن محمد بن عبد الله الطیبی ت ۷٤۳ ادارة القرآن
شرح المجلة محمد خالد الاتالسی رشیدیه
شرح وقایه عبید اللّٰه بن مسعود بن تاج الشریعة مطبع مجیدی
شرح عقود رسم المفتی فقیه العصر ابن عابدین المعروف بالشامی مکتبه اسعدی
شعب الایمان الامام ابو بکر احمد بن الحسین البیهقی و ۳۸٤ت٤٥٨ الدار السلفیة الهند
شرح معانی الآثار ابو جعفر احمد بن محمد بن سلمة بن سلامة الطحاویؒ ایچ ایم سعید کمپنی
شرح مشکل الآثار ابو جعفر احمد بن محمد بن سلمة بن سلامة الطحاویؒ بتعلیق شعیب الارناؤط
شرح المسلم للنووی ابو زکریا یحیی بن شرف الدین النووی و ٦۳۱ت ٦۷۲ دار احیاء التراث
الشرح الکبیر شیخ ابن قدامه المقدسی بیروت
شرح ریاض الصالحین شیخ محمدبن صالح عثیمین
شرح السیرالکبیر علامه سرخسیؒ
شرح مختصر الخلیل شیخ محمد علیش دار الفکر
شرح الهدایة سعدی چلپی
الشرح الکبیر علی هامش الدسوقی ابو البرکات سید احمد الدردیرالمالکی
شرح النقایة الشیخ الیاس زاده سعید
شرح المهذب علامه نووی دار الفکر
شرح تحفة الملوك محمدبن عبداللطیف بن ملك ت ٨٥٤،

## صاد


صحیح ابن حبان　محمد بن حبان بن احمد ابو حاتم التمیمی　موسسة الرسالة بیروت

صحیح ابن خزیمہ　ابوبکر محمدبن اسحاق ابن خزیمہ

صفوۃ التفاسیر　شیخ محمد علی الصابونی


## طاء


الطبقات الکبری　محمدابن سعدؒ　دار صادر بیروت

الطرائف و الظرائف　حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ


## عین


عرف الشذی علیٰ هامش سنن الترمذی　علامه المحدث الکبیر انور شاہ الکشمیری　فیصل دیوبند دهلی

عمدة الرعاية على شرح الوقاية　مولانا عبد الحی لکھنوی　المجیدی کانفوری

عصر حاضر کے پیچیدہ مسائل کا شرعی حل　مولانا مجاہدالاسلام قاسمی

عصر حاضر کے فقہی مسائل　مولانا بدرالحسن القاسمی　حیدرآباد

عصر حاضر کے پیچیدہ مسائل اوران کاحل　مولانا موسیٰ کرماڈی

عارضة الأحوذی　الإمام ابن العربی المالکی　دار الکتاب العربی

عمل الیوم و اللیلة　أبو عبد الله أحمد بن شعیب النسائی ت۳۰۳　دار الفکر

عجالة الراغب المتمنی فی تخریج ابن السنی　أبو اسامه بن سلیم بن عبد الهلالی　دار ابن حزم

عمدة الفقه　حضرت مولانا زوار حسین صاحب　مجددیه

عمل الیوم و اللیلة　أبوبکرأحمدبن محمدبن اسحاق ابن السنی　دائرة المعارف العثمانية

عون المعبود　محمد شمس الحق العظیم آبادی　دار الکتب العلمية

عناية شرح هداية　أکمل الدّین محمد بن محمود البابرتیؒ ت ۷۸۶

عمدة القاری فی شرح البخاری　بدر الدین محمد محمود بن احمد العینیؒ　دار الحدیث ملتان

عزیز الفتاوی　مفتی عزیزالرحمن صاحبؒ

عمدة الثلاث فی حکم الطلقات الثلاث　حضرت مولانامحمدسرفرازخان صفدرؒ

عدت کے شرعی احکام　مفتی محمدریاض جمیل صاحب

## غین


غمز عیون البصائر شیخ احمد بن محمد الحموی ادارة القرآن

غنیه المتملی فی شرح منیة المصلی شیخ ابراهیم الحلبی ت۹۵٦ سهیل اکیڈیمی لاهور


## فاء


فتح باب العنایة ملاعلی قاریؒ

فتح القدیر علامه شوکانی

فتاوی حقانیة مفتیانِ کرام دار العلوم حقانیة دار العلوم حقانیه

فتاوی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی و۱۲۹٦ھ ت ۱٤۷۷ھ مکتبة دینیه دیوبند

فتاوی مفتی محمود مولانا مفتی محمود صاحب ملتان لاهور

فتح الباری شرح صحیح البخاری ابن رجب الحنبلی دار ابن جوزی

فتاوی واحدی علامه عبد الواحد سیوستانی سندهی کوئٹه ،پاکستان

الفتاوی السراجیة (مجرد) ابو محمد سراج الدین علی بن عثمان آرام باغ کراچی

الفتاوی السراجیة علی هامش قاضی خان ابو محمد سراج الدین علی بن عثمان کوئٹه

فتاوی خلیلیة حضرت مولانا خلیل احمد سهارنپوریؒ

فتاوی عثمانی مفتی تقی عثمانی صاحب کراچی

فتاوی محمودیه مفتی محمود حسن گنگوهیؒ کتب خانه مظهری کراچی

فتح الباری فی شرح البخاری حافظ ابن حجر عسقلانیؒ و۷۷۳ت۸۵۲ دار نشر الکتب الاسلامیة

فتاوی دار العلوم دیوبند(کبیر) حضرت مولٰنا مفتی عزیز الرحمن صاحبؒ کتب خانه امدادیة دیوبند

فتح الملهم حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ مکتبه دار العلوم کراچی

فیض القدیر حافظ محمد المدعو بعبد الرؤف المناویؒ دار الفکر

فتاوی هندیه شیخ نظام الدین وجماعة من علماء الهند الاعلام بلوچستان بك ڈپو

فتاوی ابن تیمیه الشیخ احمد بن تیمیه دار العربیة بیروت

فتاوی رحیمیه مفتی سید عبد الرحیم لاجپوریؒ مکتبه رحیمیه

فتح القدیر کمال الدین محمد بن عبد الواحد السیواسی ابن همام ت٦۸۱ دار الفکر

| | | | |
|---|---|---|---|
| فیض الباری | حضرت مولانا انور شاہ کشمیری ت ۱۳۵۲ | مطبعہ حجازی القاهرة |
| فتاوی رشیدیہ | حضرت مولانا رشید أحمد گنگوهیؒ ت ۱۳۲۳ | مکتبة رحمانیہ لاهور |
| فتاوی قاضی خان | فخر الدین حسن بن منصور اوزجندی الفرغانی ت ۲۹۵ | بلوچستان بك ڈپو |
| الفقه الاسلامی و أدلته | الدکتور وهبة الزحیلی | دار الفکر |
| فتاوی دار العلوم دیوبند (مع امداد المفتین) | مولانامفتی عزیز الرحمن صاحب و ۱۲۷۵ ت ۱۳٤٤ | دار الاشاعت |
| فتاوی تاتارخانیة | عالم بن علاء انصاری اندرپتی دهلوی ت ۸۷٦ | ادارة القرآن |
| فتاوی اللکهنوی | أبو الحسنات عبد الحی اللکهنوی و ۱۲٦٤ ت ۱۳۰٤ | دار ابن حزم کراچی |
| فتاوی بزازیه | حافظ الدین محمد بن محمد بن شهاب البزاز الکردی ۸۲۷ | بوچستان بك ڈپو |
| الفقه علی مذاهب الأربعة | شیخ عبد الرحمن الجزائری | دار الفکر |
| فضل الباری | مولاناشبیراحمدعثمانی صاحبؒ | |
| فتاوی فریدیه | حضرت مفتی فرید صاحب | اکوڑا کھٹك |
| الفتاوی الولوالجیة | ظهیر الدین عبد الرشید بن ابی حنیفة الولوالجی | دار الکتب العلمیة |
| الفقه الحنفی و ادلته | الشیخ اسعد محمد سعید الصاغرجی | دار الکلم الطیب دمشق |
| الفقه الحنفی فی ثوبه الجدید | عبد الحمید محمود طهماز | دار القلم دمشق |
| فتح المعین | محمدابو السعود المصری | |
| فضائل اعمال | شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ | |
| فتاویٰ دار العلوم زکریا | مفتی رضاء الحق صاحب اول دوم سوم | زمزم |
| فتح الوهاب | ابو زکریا الانصاری الشافعی | |
| فتاوی علماء البلد الحرام | مرتب خالد بن عبدالرحمن | |
| فتاوی الشبکة | فقیه عبدالله | |
| فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمیة والافتاء | مرتب شیخ احمد بن عبد الرزاق الدویش | |
| فتاوی الأزهر | فتاوی اعلام المفتین لدار الافتاء المصریة | |
| فتاوی بینات | مجلس دعوت وتحقیق اسلامی | مکتبه بینات کراچی |
| فتح المنان (المسند الجامع) | ابوعاصم نبیل بن هاشم الغمری | |
| فقه حنفی کے اصول وضوابط | افادات حکیم الامت مرتب مولانا محمد زید ندوی | |

## قاف

القاموس الوحید مولانا وحیدالزمان کیرانوی حسینیہ دیوبند

قانون العدل و الانصاف للقضاء علی مشکلات الاوقاف، محمد قدری باشا و ۱۸۲۱م ت۱۳۰۶ھ، المکتبۃ المکیۃ

قواعد الفقہ مولانا عمیم الاحسان دار الکتاب دیوبند

## کاف

کنز العمّال علاء الدین علی المتقی بن حسام الدین الھندی ت۹۷۵ مؤسسۃ الرسالۃ

کفایت المفتی مفتی اعظم حضرت مولانا محمد کفایت اللّٰہ دہلویؒ دار الاشاعت کراچی

کشف الخفاء شیخ اسماعیل بن محمد العجلونی ت۱۱۶۲ دار احیاء التراث بیروت

کشاف القناع عن متن الاقناع منصور بن یونس بن ادریس البہوتی دار الفکر

کتاب الفتاوی مولانا خالد سیف اللّٰہ رحمانی زمزم

کنز الدقائق ابو البرکات النسفی امدادیۃ ملتان

کتان الحجۃ علی اھل المدینۃ امام محمد بن حسن

کشف الاسرار عبد العزیز البخاری

کتاب الآثار امام ابو حنیفہ

کشف الباری مولاناسلیم اللہ صاحب

کتاب الفسخ والتفریق مولانا عبدالصمد رحمانی

## لام

لسان العرب علامہ ابن منظورؒ و ۶۳۰ت۷۱۱ مکتبۃ دار الباز مکۃ المکرمۃ

لامع الدراری حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی سعید کمپنی

لسان المیزان ابو الفضل احمد بن علی بن حجر العسقلانی ت۸۵۲ ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان

لغات الحدیث حضرت علامہ وحید الزمان

## میم

مشکوٰۃ شریف ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ خطیب طبریزیؒ قدیمی کتب خانہ کراچی

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ملا علی القاریؒ مکتبہ امدادیہ ملتان

مسلم شریف ابو الحسن مسلم بن حجاج القشیریؒ و۲۰۶ ت۲۶۱ مکتبۃ الاشرفیۃ دیوبند

مختصر التحفۃ المرغوبۃ فی أفضلیۃ الدعاء بعد المکتوبۃ للشیخ محمد قاسم السندی حلب

مختصر القدوری ابوالحسن احمد بن محمد البغدادی سعید

المحیط البرهانی محمود صدر الشریعۃ ابن مازۃ البخاری الریاض

منحۃ الخالق حاشیۃ البحر الرائق علامہ شامی کوئٹہ

منظومہ ابن وهبان عبد البر بن محمد ابن الشحنۃ الوقف المدنی دیوبند

منتخبات نظام الفتاوی مفتی نظام الدین اعظمی

المقاییس والمقادیر عند العرب الشهیدۃ نسیبۃ محمد فتحی الحریری دار المعارف دیوبند

مغنی المحتاج محمد بن محمد الخطیب الشربینی التوفیقیۃ

معرفۃ السنن والآثار الإمام البیهقی جامع الحدیث

مطالب اولی النهی فی شرح غایۃ المنتهی مصطفی السیوطی الرحیبانی موقع الإسلام

مستدرك حاکم ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ المعروف بالحاکم ت٤٠٥ دار الباز للنشر والتوزیع۔ مکۃ المکرمۃ

مجمع الزوائد حافظ نور الدین علی بن أبی بکر الهیثمیؒ ت٨٠٧ دار الفکر

مجمع الضمانات العلامۃ ابی محمد بن غانم بن محمد البغدادی ت١٠٣٠ دار السلام بیروت لبنان

مسند امام احمد بن حنبل اما م احمد بن حنبل الشیبانیؒ و١٦٤ ت٢٤١ دار الفکر

معارف القرآن حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ ت ١٣٩٦ ادارۃ المعارف کراچی

مصنف ابن ابی شیبۃ حافظ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن أبی شیبۃ العبسی ت٢٣٥ ادارۃ القرآن کراچی

المجموع شرح المهذب ابو زکریا یحی بن شرف الدین النووی و ٦٣١ ت٦٧٢ دار الفکر

میزان الاعتدال حافظ محمد بن أحمد بن عثمان الذهبی ت٧٤٨ دار الفکر العربی

المعجم الکبیر حافظ ابو القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی و ٢٦٠ ت٣٦٠ مکتبہ ابن تیمیہ

مجموعۃ الفتاویٰ مولانا عبد الحی لکهنوی میر محمد کتب خانہ

المحلیٰ ابو محمد علی بن احمد سعید بن حزم الاندلسی دار الباز مکۃ المکرمہ

مسند ابی عوانہ ابو عوانہ یعقوب بن اسحاق الاسفرائنی دار المعرفۃ

مغنی عن حمل الأسفار علیٰ هامش احیاء العلوم علامہ زین الدین أبو الفضل عبد الرحیم العراقی ت٨٠٦ دار الفکر

مسند أبی داؤد طیالسی أبو داود سلیمان بن داود الفارسی الطیالسی ت٢٠٤ دار المعرفۃ

| | | |
|---|---|---|
| المعجم الأوسط | أبو القاسم سليمان بن احمد الطبرانی ت ۳۶۰ | مكتبة المعارف |
| مسند أبی يعلی | شيخ الاسلام أبو يعلی أحمد بن علی الموصلی و ۲۱۰ ت ۳۰۷ | مؤسسة علوم القرآن |
| المعجم الصغير | ابو القاسم سليمان بن أحمد الطبرانی و ۲۶۰ ت ۳۶۰ | المكتب الاسلامی |
| المبسوط | شمس الائمة ابو بكر محمد احمد السرخسی | دار المعرفة بيروت |
| مصنف عبد الرزاق | أبو بكر عبد الرزاق بن همام الصنعانی و ۱۲۶ ت ۲۱۱ | ادارة القرآن كراچی |
| مؤطا امام مالك | امام مالك بن انسؒ | |
| مراقی الفلاح | شيخ حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی ت ۱۰۶۹ | مصطفی البانی الحلبی |
| المغنی | ابن قدامة الحنبلی | دار الكتب العلمية |
| معارف السنن | علامه بنوریؒ | |
| مجمع الأنهر شرح ملتقی الأبحر | عبد الله بن شيخ محمد دامادافندی | دار إحياء التراث |
| مسند حميدی | ابوبكر عبد الله بن الزبير الحميدی | سملك ڈابهيل الهند |
| ماهنامه البينات ۱۳۸۷ | از حضرت مولانا محمد يوسف بنوریؒ | |
| مقالات ابو المآثر | حضرت مولانا حبيب الرحمان الاعظمی و ۱۳۱۹ھ ت ۱۴۱۲ھ | المجمع العلمی مؤ الهند |
| المقالات الفقهية | مفتی رفيع عثمانی صاحب | مكتبه دار العلوم كراچی |
| مجلة المجمع الفقهی الاسلامی | رابطة العلم الاسلامی مكة المكرمة | |
| مجله المآثر بيادگار محدث جليل حضرت مولانا حبيب الرحمٰن الاعظمی | | |
| معلم الفقه ترجمه مجموعة الفتاوی | حضرت مولانا عبد الحی لكهنوی | |
| المسلك المتقسّط فی منسك المتوسّط (شرح لباب) | ملا علی القاری | بيروت |
| المعجم الوسيط | ابراهيم مصطفی مع اخوانه | |
| الموضوعات | علامه ابن الجوزی | |
| معرفة الصحابة | ابو نعيم الاصبهانی | دار الكتب العلمية |
| مسند عبد ابن حميد | عبد بن حميد بن نصر | |
| مجموعه قوانين اسلامی | قاضی مجاهد الاسلام قاسمیؒ | |
| المفهم لما اشكل من تلخيص كتاب مسلم | الامام القرطبی | بيروت |
| المنتظم | علامه ابن الجوزی | |
| مختصر تفسير ابن كثير | محمد علی صابونی | |

منتقی الاخبار علامہ ابن تیمیہ
مجلة البحوث الاسلامیة مکة المکرمة
ملفوظات حضرت مولانامفتی محمودحسن صاحبؒ کتب خانہ مظہری
الموسوعة الفقھیہ الکویتیة مع التلیقات وزارة الاوقاف بالکویت
المفردات فی غرائب القرآن امام راغب اصفہانی
مجموعہ قوانین اسلام ڈاکٹر تنزیل الرحمن صاحب پالستانی
الموفقات امام شاطبی
مسند الامام ابی حنیفة سراج الائمہ ابوحنیفہؒ
المعتصرمن المختصر امام طحاویؒ
مدارك التنزیل ابوالبرکات النسفی
المسوی شاہ ولی اللہ صاحبؒ
مراتب الاجماع ابن حزم الاندلسی بیروت
المغرب ناصر الدین المطرزی
معین الحکام فیما یترددبین الخصمین من الاحکام علامہ طرابلسیؒ دارالفکر
مشکل الآثار امام طحاویؒ
معین القضاة والمفتین مولاناشمس الحق افغانیؒ
مرعاة المفاتیح شرح مشکاة المصابیح عبدالسلام المبارکپوری
منیة الصیادین محمدبن عبداللطیف بن ملك
مقدمة منیة الصیادین سائدبکداش
مجموعہ قونین اسلامی قاضی مجاھد الاسلام
معارف القرآن حضرت مولانامحمدادریس صاحبؒ

## نون

نصب الرایہ جمال الدین ابو محمد عبد اللّٰہ بن یوسف الزیلعی الحنفی المکتبہ المکیة ١٥٦
نیل الاوطار شیخ محمد بن علی بن محمد الشوکانیؒ ادارة القرآن کراچی
نہایة المحتاج الی شرح المنہاج شمس الدین محمد بن أبی العباس دار الفکرؒ

| | | |
|---|---|---|
| نسائی شریف | ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب النسائیؒ و ۲۱۵ ت ۳۰۳ | قدیمی کتب خانہ |
| نور الایضاح | علامہ حسن بن علی الشرنبلالی | مجیدیہ |
| نظام الفتاوی | مفتی نظام الدین اعظمی | |
| النہر الفائق | سراج الدین المصری | قدیمی |
| نئے مسائل اور علماء ہند کے فیصلے | قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ | |
| نتائج الافکار | شمس الدین قاضی زادہ آفندی | دار الفکر |
| نفع المفتی والسائل | مولاناعبدالحیی لکھنویؒ | |

## واو

| | | |
|---|---|---|
| وفاء الوفاء باخبار دارالمصطفیٰ | علامہ سمہودیؒ | |

## ھاء

| | | |
|---|---|---|
| الھدایة | ابو الحسن علی بن ابی بکر المرغینانیؒ و ۵۱۱ ت ۵۹۳ | مکتبة شرکة علمیة |

## یاء

| | |
|---|---|
| الیواقیت الغالیة فی تحقیق الاحادیث العالیة | شیخ محمد یونس سہارنپوری |


تمت بحمد اللہ

# یادداشت